۱۰۶۶
۶۷۷
قرابادین ذکائی
(طب - در اردو)

بعون صانع مکین و مکان فضل خلاق زمین و زمن
ترجمہ اردو [illegible] کا
در مطبع نامی منشی نولکشور بہ طبع مزین و مقبول جہان شد

بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان
ترجمہ اردو قرابادین کا
در مطبع نامی منشی نولکشور بطبع مزین مقبول جہان شد

فہرست ابواب وفصول قرابادین قادری اُردو

تمت

به عون صانع بیچون و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

ترجمہ اردو قرابادین ذکائی

در مطبع نامی منشی نولکشور به طبع زین مقبول جهان شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

موتی آبدار تعریف کے نثار ہین اوس یکتا کی بارگاہ پر کہ جسنے افعال قدرت کاملہ سے اربعہ عناصر متضادۃ الکیفیتہ کو باہم امتزاج دیکر اعضا اور ارواح اور قوی انسان کو پیدا کیے اور بعطای نفس ناطقہ اور مدرکات ظاہری و باطنی اخلاط فاسدہ بتغیر دی سے تنقیہ اوسکا فرمایا کر اشرف العلوم طب العلم علمان علم الابدان و علم الادیان بمجوای تعلیم فرمایا اور لعل بے بہا درود و سلام کے قربان جناب عالم علم لدنی سر دفتر مخلوقات شیرازہ صحیفہ ممکنات تخت نشین ایوان شریعت سفینہ دریای طریقت نباض مطب اہتدا حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ جسکی تنقیہ جد و جہد سے بطون مومنین کے امتلاء جہل سے خالی ہین اور نسخہ حال پیروان شرح اسباب ہدایت اوسکی سے عاری ہین اور تحایف تسلیم مع التعظیم اور صلوات زاکیات پیشکش ہین خدمات مین اولاد طاہرین اور ذریات مقدسین اوس ممدوح کے کہ وہ جانشین ہین اوس عالی مقام

کے اور مقوم ہین بدن اسلام کے خصوصاً قوت بازوی نبوت قبلہ نماے محراب
امامت قاتل مرحب وانتر شکنندۂ قلعۂ خیبر وصی بلا فصل خلیفہ برحق جناب اسد اللہ الغالب
مطلوب کل طالب علے ابن ابی طالب علیہ السلام کہ معاجین معجزات اوسکی سریع الاثر ہین
واسطے اصلاح عقاید کجبر وان بطی الفہم کی اور سفوفات کرامات اوسکی بالغ النفع ہین واسطے معالجہ
علیلان عوارض ضلالت کے اما بعد بندۂ درگاہ آلہی محمد مہدی حسین خان طبیب مرادآبادی
ولد حاجی محمد ہادیعلیخان بخدمت اطباے کاملین و حکمای حاذقین عرض رسا ہی کہ طبیب عدیم النظیر اعلی
وقت جالینوس دوران حکیم ذکاء اللہ خان دہلوی نی جو نسخے اپنے والد نامدار اور جد بزرگوار
سے مجتمع فرماکر ایک رسالہ نافع انام اور مفید خاص و عام موسوم بہ ملتقطۂ ذکائیہ منتخب
از مجموعۂ بقائیہ معروف و مشہور قرابادین ذکائی تالیف فرمایا اس ہیچمدان نے
حسب فرمایش رئیس با توقیر و امیر باتدبیر قدردان فیض رسان معدن جود و سخا کان
علم و حیا مصباح محفل آفرینش شمع انجمن دانش و بینش اختر تابندہ سپہر ریاست گوہر
قلزم امارت برجیس قدر مشتری مرتبت نگین خاتم مروت دریکتاے صدف اہلیت مدبر
و منتظم جناب منشی نولکشور صاحب مالک مطابع لکھنؤ وغیرہ دام حشمتہ
واسطے اشخاص قلیل الاستعداد کے سنہ ۱۲۸۰ ہجری مطابق سنہ ۱۸۶۳ء مین عبارت فارسی
سے زبان اردو مین ترجمہ اوسکا کیا چشمداشت اطباے عصر سے یہ کہ اس ترجمہ مین
اگر کوئی عیب دیکھین تو نکتہ چینی سے باز آئین اور بے تکلف قرین باصلاح فرمائین
حرف الالف آٹھ باب پر شامل ہے باب پہلا ذکر اسہال گوشتی اور غیر گوشتی
مین باب دوسرا آبزن اور اطیبہ کے نسخون مین باب تیسرا ارگجہ کے بیان مین
باب چوتھا ذکر مین نسخون اغبرۂ سادہ اور لولوی مین باب پانچوان اطریفلات
ذی اسم اور غیر ذی اسم مین باب چھٹا انوشدارو کی قسمون مین اور یہ باب دو فصلپر
مشتمل ہے فصل پہلی انوشدارو ے سادہ کی قسمون مین فصل دوسری
انوشدارو ے قابض اور غیر قابض کے ذکر مین باب ساتوان اکحال کے
نسخون مین باب آٹھوان ایارجات مین باب پہلا آشوب گوشتی اور غیر گوشتی مین

آشوب قند ہی بارد موافق گرم مزاج والون کے سبب تفریح اور نشاط کے لیے
نہایت موثر اور اصحاب خفقان اور مراق اور مالیخولیا اور سوداے محترقہ کو نافع ہی
ص قند سیاہ یعنی گڑ ڈیڑھ من ببول کی چھال ساڑھے سات سیر مٹکہ میں بھرین اس
طرح سے کہ تہائی مٹکہ خالی رہے پس اوس مٹکہ کو گھوڑے کی لید مین دفن کرین
اور اتنے دنون تک رکھین کہ جوش کہا کر ٹھہر جاے بعد اوسکے عرق کھنچین اور
اس عرق مین صندل سفید سوہان کیا ہوا دھنیہ خشک ہر ایک ساڑھے سات تولہ
نیلوفر کے پھول پندرہ تولہ پوست ہڑ کا آملہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا ہر ایک ساڑھے
سینتیس تولہ کاہو کے بیج چھیلے ہوے گاوزبان کے پھول ہر ایک چھٹانک آدہ
سیر کدو کے بیج کی گری چھلی ہوئی چھٹانک کم سیر کاسنی کے بیج چھلے ہوے خرفہ کے
بیج چھیلے ہوے کھیرے ککڑی کے بیج چھلے ہوے ہر ایک آدہ پاو اور ہر ایک سیر
پوست کابلی ہڑ کا برگ بید زرشک ہر ایک آدھی چھٹانک کم ڈیڑہ سیر گلاب کے پھول
ڈیڑھ سیر ایک رات دن بھگو دین اور عرق کھنچین اور دو ماشہ عنبر دہن پر پنچہ کے
لگائین آشوب مسکر درد سر کو مفید ہے اور مقوی دل و دماغ ہے اور عمل اوسکا
بدون خمار کے ہے ص گڑ ایک من پوست ببول کا سات سیر پوست ہڑ کا خس گلاب
کے پھول ہر ایک ایک سیر آملہ چھٹانک کم سیر ملہٹی ساڑھے آٹھ تولہ دودہ گاے
دو سیر عنبر اشہب ساڑھے تین ماشہ بدستور عرق کھنچین آشوب مسکر واسطے استسقا کی
بہت نافع ہے ص مغز گولر چار سیر ادرک دو سیر زردچوب آدھہ پاو سونٹھ گولمرچ آملہ
برادہ لوہے کا پیپل ہر ایک آدہ پاو پرانا گڑ چار سیر گڑ کا شربت کرکے اور باقی دوا
کو کہ قابل کچلنے کے ہین خوب کچلکر اور شربت کے ساتھہ ایک پرانی مٹی کے گھڑے
مین کہ وہ برتن تیل اور گھی کے استعمال مین اکثر رہا ہو رکھکر اوس گھڑے کو
خنک مقام پر دفن کرین کہ جوش کہا کر ٹھہر جاے مگر سر اوسکا دفن نہ کرین اور بیچ
اور گرد اگرد گھڑے کے لید گھوڑے کی ڈالین اور سات روز تک اوسی طرح
رہنے دین لیکن خبر لیتے رہین کہ جوش ہونے سے دوا ضایع نہ ہووے بعد اوسکی

صاف کرکے نگاہ رکہین قدر خوراک اسکی ایک پیالی قہوہ خوری سے اور غذا
اسکے اوپر تین تولہ چار ماشہ دال موشہ کو پانی مین پکائین کہ مہرا ہوجای نمک نہ
ڈالین مانند شوربا تناول کرین اور موافق اشتہا کے دو تین ماشہ غذا
بڑہاوین اور جو غلبہ پیاس کا زیادہ ہو تو ایک پیالہ قہوہ خوری مین عرق سونف کا
اور دو تین قطرہ سرکہ انگوری کے داخل کرکے نوش کرین پیاس دفع ہوجاے گی
آسو دیگر کہ صاحب جمع الجوامع نے بہت تعریف لکہی ہے واسطے استسقا اور
بیماریون کے معدہ اور نوطحرن کی بیماریون اور سب بیماریون بلغمی اور سوداوی
کے مفید ہے صں بالچہڑ ناگیسر کباب چینی گل دو قو فطراساالیون ہر ایک تین تولہ
اگر سیاہ حب بلسان عود بلسان اسطوخودوس بادرنجبویہ بسفایہ فنتلین رومی
مصطگی رومی سونف رومی دارچینی سونٹ دیسی زعفران برگ ناگ برگ ترنج ہر ایک
چار تولہ چوب چینی بسولہ سے تراشی ہوئی گلاب کے پہول کی پتی ہری ٹوہیون سے
صاف کی ہوئی پوست زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا کالی ہڑ پوست بہیڑہ کا آملہ گٹہلی
سے صاف کیا ہوا ہر ایک پانچ تولہ گہیگوار کہ خار اوسکے دور کیے جائین دو سیر
پوست ببول کا پانچ سیر شاہجہانی سب دوائیان کچلکر اور گڑ برابر وزن سب کے
لیکر مجموع کو ایک مٹکہ مین ڈالکر اور پانی اوسمین بہر کر گہوڑے کی لید کے نیچے
دفن کرین کہ جوش کہاکر ٹہہر جاے صاف کرکے اور شیشے مین بہر کر نگاہ رکہین
اور ہر صبح اور شام چار پیالہ قہوہ خوری کے نوش کرین اور اگر چاہین اسکا عرق
کینچکر عمل مین لائین لیکن بغیر عرق کہینچنے کے بہتر ہے آسو دیگر اسی معاملہ مین
نافع ہے اجواین پوست بہیڑہ کا ہر ایک چھتیس تولہ چار ماشہ خبث الحدید یعنی
ریم آہن ساڑہے اونچاس تولہ تینون کو کچلکر لکڑی کے پرانے برتن مین جسمین سے
پانی مترشح نہ ہو ڈالکر خالص پانی دس سیر اضافہ کرین اور مونہہ برتن کا
مضبوط بند کرکے ایک غار مین جسمین گوبر سوکہا ڈالا ہو رکہین اور تمام غار کو
خشک گوبر سے بہرین اور تین ہفتہ رہنے دین پس باہر نکالکر اور صاف کرکے

شیشے مین بہرین اور صبح شام بیس ماشہ یا تیس ماشہ یا زیادہ اوس سے حسب
حال نوش کرین اور بعضے طبیب پرانا گڑ برابر سب دواؤن کے اول داخل
کرتے ہین ص مگر اضافہ کرنا گڑ کا واجب ہی آسو ردیگر مویز منقی پانچ سیر
گڑ ایک من دارچینی چھوٹی الایچی ہر ایک تین تولہ چار ماشہ برگ صندل زعفران
پھول بھنگ کالی مرچ بای بڑنگ پودہ باچھڑ پانچ سیر بہ ولایتی سیب ولایتی
نارنگی گولا اناناس کیلا ہر ایک ایک سیر انار ولایتی ڈھیر وناشپاتی سنگھاڑہ ہر ایک
پانچ سیر صندل سرخ صندل سفید جایفل جاوتری لونگ مصطگی رومی ہر ایک
چھ تولہ آٹھ ماشہ ثعلب مصری مداری کند چھوہارا مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ
چرونجی اخروٹ مغز ناریل ہر ایک ایک سیر خس پانچ سیر دناوہ کے پھول منڈی
ہر ایک اڑہائی سیر ملا کر اگر عرق ناگیسر ناگرموتہ ہر ایک پانچ سیر چھال ببول کی
دس سیر چھال بیری کی پانچسیر پانی خالص دو من آسو دیگر صندل سفید سوہان
کیا ہوا آدہ سیر صندل سرخ پاؤ سیر بنفشہ کے پھول نیلوفر سرخ کے پھول گلاب کے
پھول ہر ایک ایک سیر گاؤزبان کے پھول پاؤ سیر بنسلوچن سفید بیس تولہ دارچینی
چھ تولہ آٹھ ماشہ کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری چھلی ہوئی آدہ پاؤ ہر ایک
سیر کدو کے بیجون کی گری چھلی ہوئی چھٹانک کم سیر دہنیہ خشک سکے بیج ساڑہے
سات تولہ بید کے پھول تازہ چھٹانک کم سیر پانی انار کا دو سیر اناناس چار قطعہ
گلاب دو شیشہ عرق بید مشک ایک شیشہ عرق کاسنی ایک شیشہ عرق بادرنجبویہ ایک شیشہ
عرق گاؤزبان ایک شیشہ عرق الایچی کا ڈیڑہ سیر عود غرقی چار تولہ عنبر اشہب ایکتولہ آسو دیگر واسطے بعضی گرم مزاج
لوگون کے مفید ہے ص گڑ ایکمن پوست ببول کا پانچسیر پوست جھربیری کا پوست زردھڑ کا
پوست بہیڑہ کا ہر ایک دو سیر آملہ اکبرابادی تین سیر بدستور مٹکہ مین ڈالین
پھر عرق کھینچین بعد اوسکے عرق مذکور مین صندل سفید نیلوفر کے پھول بنفشہ کے
پھول گلاب کے پھول ہر ایک دو سیر گاؤزبان کے پھول پاؤ سیر کاسنی کے بیج
چھلے ہوئے دو سیر تخم خرفہ چھیلا ہوا کھیرے ککڑی کے بیج کی گری میٹھے کدو کے

بیج کی گری ہر ایک تین پاو کاہو چھیلے ہوے سب کے بیج چھٹانک کم آدہ سیر عرق
بیدمشک دو شیشہ عرق نیلوفر دو شیشہ گلاب کشمیری دو شیشہ تازہ کدو کا پانی
دو سیر پانی تربوز تازہ کا دو سیر پانی پتی بید کی ایک سیر داخل کرکے ایک رات
بہگو دین بعد اوسکے عنبر اشہب چار ماشہ نبات سفید چار تولہ گلاب بین پیسکر اور
سکہا کر دہین نیچہ پر باندہین اور عرق کہینچین آسو کچھی گڑ ایک من پوست
ببول کا پانچ سیر پوست جہڑبیری کا پوست بڑی ہڑ کا ایک سیر پوست بہیڑہ کا
دو سیر کاسنی کے بیج سب چھلے ہوے آملہ اکبر آبادی منڈی ہر ایک دو سیر گوکہر آدہ سیر
بدستور مٹکہ مین ڈالین بعد اوسکے عرق بیدمشک اور گلاب ہر ایک دو سیر
گوشت حلوان چار سیر دودہ گاے کا پانچ سیر صندل سفید گیارہ تولہ آٹہہ ماشہ
بنسلوچن سفید چہ تولہ آٹہہ ماشہ گاوزبان کے پہول پاو سیر گلاب کے پہول
آدہ سیر بہدانہ چہ تولہ آٹہہ ماشہ شاہترہ سونف دیسی ہر ایک آدہ سیر بنفشہ کے
پہول مویز منقی ہر ایک ایک سیر پانی میٹھی انار کا دو سیر اضافہ کرکے عنبر اشہب چار ماشہ
دہین نیچہ پر باندہکر عرق کہینچین آسو دیگر گڑ ایک من پوست ببول کا پانچ سیر
چہال جہڑبیری کی پوست بڑی ہڑ کا ہر ایک دو سیر کاسنی کے بیج آدہ سیر آملہ اکبر آبادی
منڈی ہر ایک دو سیر گوکہرو ایک سیر کسیرو تین سیر کیلہ اور چہوہارہ ہر ایک دو سیر
مغز ناریل ایک سیر بدستور مٹکہ مین ڈالین جسوقت جوش کہا جاے عرق کہینچین
بعد اوسکے بنفشہ کے پہول صندل سفید ہر ایک ایک سیر چادتری بنسلوچن سفید
ہر ایک چہ تولہ آٹہہ ماشہ گلاب کے پہول شاہترہ سونف دیسی ہر ایک آدہ سیر
کاہو کے بیج دہنیہ خشک ہر ایک ایک سیر دارچینی پانچ تولہ مویز منقی ایک سیر گلاب
اور گوشت حلوان کا ہر ایک دو سیر جایفل پانچ تولہ گوشت مرغ کا ایک سیر لونگ
چہ تولہ آٹہہ ماشہ عنبر اشہب چار ماشہ اضافہ کرکے عرق کہینچین باب دوسرا
آبزن کے نسخون مین جس ظرف مین کہ دوائین جوش کی ہوئی ڈالکر بیمار کو
بٹہائین اوسے آبزن کہتے ہین آبزن فالج کو مفید ہے مگر چاہیے کہ بعد تنقیہ

کے کام مین لائین کہ مواد کو بدن کے اندر سے ظاہر کیطرف کہینچکر لاوے اور باعث زیادتی مرض کا نہو ص برگ غار وودونامروا حرمل بابونہ خطمی کے پہول اکلیل الملک برگ ترنج سداب یعنی تتلی شیح یعنی درمنہ ترکی قیصوم سبہنالو ہر ایک آدہ جند بیدستر آدہا جزو بہت پانی مین پکائین جب آدہا رہ جاوے تو روغن زیتون پانی سے آدہا وزن اوسمین ڈالین اور گرم گرم مین بیمار کو بٹہائین آبزن کہ یہی منفعت رکہتا ہے ص برگ ترنج بابونہ سویا حاشا تمام دونامروا سب کو پانی مین جوش دین اور بیمار کو اوسمین بٹہائین اور جب آبزن سے فراغت پاوین تو مالش عضو اوپر ساتہ روغن کوٹہ یا روغن اخروٹ کے کرین آبزن بیجان حکیم معتمد الملک مرحوم واسطے فالج اور استرخا کے مجرب ہے ص پانی کرنب کا بین تین اگر موجود نہووے تو پانی خالص جوشدین اور اوسمین بابونہ اور اکلیل الملک اور دونامروا اور برگ غار اذخر مکی برگ نارنج بہار نارنج اقاقیا اسطوخودوس سوسن کی جڑ نمام چمیلی کے پہول سفید سجیہ ترکی مجیٹہ پودینہ جنگلی پودینہ پہاڑی برگ صنوبر عشبہ مغربی برگ سداب ہر ایک دو کف جوشدین کہ تہائی پانی جلجاوے پس صاف کرکے تہائی وزن پانی کے روغن زیتون کا داخل کرکے خرگوش یا لومڑی یا جنگلی گدہا جو کوئی ممکن ہو زندہ اوسکو باندہ کر عین جوش مین ڈالین کہ مرا ہو جاوے اوس پانی مین بیمار کو بٹہائین جو گرم ہووے تو صبر کرین کہ سرد ہو جاوے آبزن واسطے وجع مفاصل یعنی گہٹیہ کے بعد تنقیہ بدن کے کام آتا ہے ص بوڑہی کفتار کو پکڑ کے بدون کہال او کہاڑے اور شکم چاک کیے پانی جوش کیے ہوئی مین بدستور ڈالین اور سویا اور نمک اوسپر چھڑکین اور اسقدر جوش دین کہ مرا ہوجاوے پس صاف کرکے آبزن کرین تین دن برابر اول مہینہ مین ہر روز دو مرتبہ ہر بار دو گہنٹہ اوسمین بٹہنا چاہیے پہر جسوقت فارغ ہون بدن کو گرم پانی سے دہوئین اور کپڑے سے ڈہکین اور سرد ہوا سے بچین اور اسیطرح تین دن درمیان مہینہ مین اور تین دن مہینہ کے اخیر مین مگر چاہیئے کہ ہر روز تازہ بنائین اور جو کفتار

ل نہ سکے تو لومڑی اور خرگوش اور گوشت وحشی گدہے کا بدل اوسکے ہے آبزن
گردہ کی پتھری کو باہر نکالتا ہے اور پیڑو اور مثانہ کے درد کو دور کرتا ہے ص
بابونہ اکلیل الملک ہنسراج کلتھی کوٹی ہوئی ہر ایک تین تولہ پوست سونف کی جڑ کا
ہر ایک دو تولہ گوکھرو پونے دو تولہ بنفشہ نیلوفر کی پتی ہر ایک چودہ ماشہ اشنان سا
ساڑھے دس ماشہ سب کو دس من پانی مین جوش دین کہ آدہا رہ جاے صاف کر کر
استعمال فرمائین آبزن مخترع واسطے ورمون رحم کے خطمی کے پہول سفید نیلوفر کے
پہول خطمی کی پتی تازہ جو کٹے ہوے اور چھلے ہوے بہوسی گیہون کی خربوزہ
کے بیج چھلے ہوے اکلیل الملک بابونہ کے پہول خطمی کے بیج کرنب کی تازہ پتی
کاسنی کی تازہ پتی بارتنگ کی تازہ پتی شلجم خشک تیتالیس سیر پانی مین جوش
دین کہ مہرا ہو جاے ہاتہ سے ملین پہر صاف کر کے نیمگرم اوسکے پانی مین بیٹھین
اور اسی پانی سے لوٹہ مین جسمین لونٹی ہو بہر کر فاصلہ دور سے مقام علت پر دہار دین
اور زنانہ مین گستی مرض کے السی اور میتھی اور چقندر اور سویا اوسمین اضافہ کرین
اور جب آبزن سے فارغ ہون تو مالش روغن حنا یا روغن سویا کی بشرطیکہ نہ ہوسے
کوئی امر مانع کے بدن پر کرنی ضرور ہے آبزن گردہ اور مثانہ کے ورمون کو
مفید ہے ص بابونہ السی بہوسی گیہون کے پانی مین جوش کرین اور تل کا تیل ملاکر
آبزن فرمائین آبزن گردہ اور مثانہ کے ورمون کو نافع ہے ص لعاب السی کا لعاب
میتھی کا لعاب کنوچہ کا نیمگرم کو ٹکر آبزن تیار کرین اور بیمار کو اوسمین بٹہائین +
آبزن مثانہ کی پتھری کو پاک کرتا ہے اور بچون کی پیشاب کی دشواری کو آسان
کرتا ہے ص بابونہ اکلیل الملک گلاب کے پہول خطمی کے پہول خشک ہر ایک
تین تولہ پوست خربوزہ خشک کلتھی چھلی ہوئی ہنسراج ہر ایک دو تولہ اشنان سوسن
کی جڑ کوٹی ہوئی پوست سونف کی جڑ کا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کا کنج میتھی ہر ایک
چودہ ماشہ قیصوم بنفشہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ دو قو نیلوفر کے پتے ہر ایک نو ماشہ
سبکو دس من پانی مین جوش دین کہ پانچ من باقی رہے ایک طشت مین ڈالکر

بیمار کو اوس مین بٹھائین جب فارغ ہوون تو دو تین قطرہ روغن عقرب کے سوراخ ذکر مین ٹپکائین آبزن خون کے پیشاب کو مفید ہے ص مورد کے تازہ پتے مازو گلنار جوز السرو پوست انار گلاب کے پھول جوشدیگر اوسمین بٹھائین آبزن جلد جھڑنے کو مفید ہے جو بسبب تیزی اور حرارت منی کے عارض ہو ص برگ مورد عوسج گلنار ثمرۃ الطرفا یعنی ٹری مائین لحیۃ التیس پوست انار جوش دیگر آبزن کرین آبزن گردہ کے ورم کو مفید ہے ص بابونہ اکلیل الملک بھوسی گیہون کی کنک جو کوٹی ہوئی جوشدیگر آبزن کرین آبزن گردہ اور مثانہ کی پتھری کو مفید ہے ص بابونہ درمنہ ترکی تمام دونا مروا برگ کرنب کبوتر کی بیٹ برابر وزن سب کو جوش دیگر اوسمین بیٹھین اور بھوکا وسکا پیڑو پر اور گرد ناف کے باندھین آبزن خروج مقعد کو مفید ہے ص مسور دھوئی ہوئی گلاب کے پھول پوست انار جفت بلوط جوش دیگر اور صاف کرکے اوس پانی مین بیٹھین اور بھوکا وسکا روغن گل مین ملا کر ضماد کرین آبزن ایضاً لوہے کا ٹکڑا کہ زنگ سے صاف کیا ہو ایک رات دن شراب مین بھگو کر ایک گھنٹے تک اوس ہی پانی مین بیٹھین اور مقعد کو روغن مزبانی یا آڑو یا روغن بیضہ کے ساتھ چرب کرکے قرص دوغ سوختہ اوسکے اوپر چھڑکین دیگر گلنار جفت بلوط مازو برگ مورد بقدر حاجت جوش کرین اور اوسمین بیٹھین آبزن درد بواسیر اور جلن کو مفید ہے ص خرفہ کی پتی خبازی کے پتے خطمی کی پتی بنفشہ کی پتی بارتنگ کی پتی ہر ایک ایک دستہ پونے آٹھ سیر پانی مین جوش دین اور ایک بڑے اور گہرے برتن مین وہ پانی ڈالکر بیمار کو بٹھائین آبزن حیض کو جاری کرتا ہے ص نعناع خشک تلی مشکطرامشیع قنطوریون بالچھڑ دونا مروا ہوہ بیر ہر ایک چھ تولہ کوٹنے کی چیزین کوٹکر اور پانی مین جوش دیگر بیٹھین تا بناف آبزن حیض کے جاری کرنے کے لیے نہایت مفید ہے ص مرزنجوش بول سلیخہ دونا مروا نوذ اذخر کوٹھہ اکلیل الملک کلونجی کرنب تلی پودینہ اجمود عاشا برنجاسف قردمانا

ہر ایک ایکخبز و جوشندہ بکیر اوسمین بٹھین آبزن خون حیض کے بند کرنے مین بالغ النفع ہے ص جوز السرو ٹری مائین پوست انار کچلاہوا گلنار ہر ایک ساڑہے ستر ہ ماشہ گلاب کے پہول مورد کے پتے ہر ایک تین تولہ دس من پانی مین جوشدین کہ پانی پانچ من باقی رہے ایک طشت مین بہر کر اوسکے اندر بیٹھین اور پیڑو کے اوپر کبھی مرتبہ وہ پانی دہارین اور شاخین خالی عورت کی چہاتیون کے نیچے کہچوائین کہ مواد اوسطرف کو کہچے لیکن پہلے اس آبزن سے قرص کہربا اور رب مورد تناول کرین آبزن مددگار حمل ہے اور بچہ کو رحم مین باخیاط تمام نگاہ رکہتا ہے ص مازو پوست انار ہر ایک ساڑہے دس ماشہ مورد کے پتے خشک چودہ ماشہ گلنار ٹری مائین ہر ایک ساڑہے دس ماشہ گلاب کے پہول دو دو تولہ دس من پانی مین جوش کرین کہ آدہا رہ جاے پس صاف کرکے اور طشت مین ڈالکر بیمار کو اوسمین بٹہائین آبزن واسطے عورتون حاملہ کے مفید ہے ص مسور پوست انار گلنار مازو حبنت بلوط پانی مین پکاکر اوسمین بٹہائین آبزن قابض حیض اگر ایک رات دن دو من خون حیض کا نکلگیا ہو تو یہ آبزن فوراً بند کرتا ہے اول قرص کہربا اور رب مورد کہائین بعد اوسکے حاصل کرین ٹری مائین اور جوز السرو پوست انار کچلا ہوا ہر ایک ساڑہے دس ماشہ شب یمانی مازو کچلا ہوا گلنار ہر ایک ساڑہے ستر ہ ماشہ گلاب کے پہول مورد کے پتے ہر ایک ساڑہے دس ماشہ دس من پانی مین جوش کرین کہ پانچ من باقی رہے ایک طشت مین ڈالکر اوسمین بٹھین اور پیڑو پر کبھی مرتبہ اوسی پانی سے دہارین اور شاخین خالی عورت کی چہاتیون کے نیچے کہچوائین آبزن واسطے چڑہ جانی خصیہ کے اوپر مراق اور پیڑو کے ص بابونہ دو نام واحا شا نام زوفای خشک تکوہ خشک زیتون کے پتے اکلیل الملک السی جوشندہ بکیر اور روغن گلاب اور روغن نارد مین داخل کرکے ایک طشت مین ڈالین اور بیمار کو اوسمین بٹہاکر کبھی مرتبہ لوٹہ مین پانی اوسکا لیکر پیڑو اور پشت پر فاصلہ دور سے دہارین اور اوپر سے نیچے تک ترڑادیوین

آنبرن گردہ اور مثانہ کی پتہری کو پیشاب کی راہ بہاتا ہے ص بابونہ گلاب کے پہول اکلیل الملک خطمی گوکہرو خشک ہنسراج کلتھی ہر ایک چہ دہ ماشہ بنفشہ پرسیاوشان ہر ایک سات ماشہ دو من پانی مین جوش دین اور حمام مین جاکر اوراس پانی کو ایک طشت مین ڈالکر بیٹھین پہر جب فراغت پائین وقت نکلنے کے حمام کے اندر سے دو قطرہ روغن عقرب کے سوراخ ذکر مین ٹپکائین فصل دوسری اٹبنہ کے نسخون مین اٹبنہ واسطے مرگی کے ص سرسون زرد ملہٹی تخم کرنجوہ دیودار مجیٹہہ ترپہلہ کہٹو مرچ سندہی مرچ پیپل پہول پہرنگ پوست سرس ہلد دارہلد کوٹکر چہانکر پیشاب مین بکری سبز رنگ یا سیاہ رنگ یا گاے کی بچہڑی کے موت مین ترکر کے اندام پر ملین اٹبنہ واسطے دور کرنے نشان آبلہ اور روشن اور صاف کرنے رخسار کے مجربات حکیم گیلانی سے ہے ص آٹا جو کا ہڈیان پرانی تج آٹا چاول کا خربوزہ کے بیجون کی گری پہل کاہن کا لوٹہہ شیرین کوٹکر چہانکر اورالسی کے لعاب مین گوندہ کر طلا کرین اور صبحکو اوس پانی سے جسمین بابونہ بنفشہ جوش کیا ہووے دہووین اٹبنہ واسطے مہاسہ کے کہ عالم جوانی مین چہرہ پر ظاہر ہوتے ہین ص نیم کے پتے سوسن کی جڑ پوست سرس باہم پیسکر طلا کرین ایضاً مغز گہونگچی سفید نمک سنگ پیسکر رات کو منہ پر ملین اور صبحکو دہووین اٹبنہ واسطے مہاسہ کے مجرب ہے ص زراوند مدحرج مولی کے بیج ہر ایک ایک تولہ ہوہ بیر ایکتولہ افستین چہہ ماشہ نیلی سوسن کی جڑ چہہ ماشہ کوٹکر چہانکر پانی مین قرص تیار کرین اور پانی مین گہسکر ہر روز ملین اٹبنہ دیگر واسطے مہاسہ کے ص سمندر جہاگ ایک جزو بادام تلخ چہیلے ہوے دو جزو نرم کوٹکر رات کے وقت منہ پر ملین اور صبحکو گرم پانی سے دہووین اٹبنہ جہائی اور برش اور نمش کو دور کرتا ہے اور رنگ کو جلا دیتا ہے اور صاف کرتا ہے آزمایا ہوا ہے ص سرسون زرد دانہ کلان چہہ تولہ پچاس تولہ گاے کے دودہ مین ملایم آگ پر جوش دین کہ سب دودہ جذب ہو جاے سرسون کو ادہسین

ہے لیکے سونگھا ئین اور پیسکر نگاہ رکھین اور وقت حاجت کے قدر سے پانی مین
گھولکر مونہہ پر ملین اور ایک گھنٹہ نگاہ رکھین پس اسی طرح خشک ملکر دور
کرین اور پھر ریٹھہ بھی ملکر ین اور خالص نیمگرم پانی سے دہونا بھی جایز ہے اور
اگر گیہون کی بھوسی جوش کی ہوئی سے دہووین تو بہتر ہے ابٹنہ واسطے
جہائی کے مولی کے بیج خربوزہ کے بیج آٹا باقلا کا سر کہ مین تر کر کے مغز بادام
اکلیل الملک کتیرا برابر وزن کوٹکر اور بھینس کے دودہ مین ملاکر جہائی پر ملین
ابٹنہ واسطے جہائی اور روشن کرنے رخسار کے بنفشہ کی جڑ مینی سفید آدہ پاو
حسن یوسف تربوز کے بیجون کی گری انزروت سفید ککڑی کے بیج کی گری
تنکوک موتی بے سوراخ خربوزہ کے بیجون کی گری ہر ایک ساڑہے دس ماشہ
سہندر جہاگ آدہ پاو جہالیہ ریوند چینی ایک تولہ آٹہہ ماشہ چہوٹی الایچی ایکتولہ
آٹہہ ماشہ کوٹکر اور باریک پیسکر اور گلاب مین حل کر کے قدرے روغن چمیلی
ملاکر استعمال کرین باب تیسرا رگجہ مین ارگجہ یہ نسخہ سب سے بہتر ہے ٭
ص عنبر اگر مشک اگر کو گلاب مین پیسکر اور اون دونون دواؤن کو بعد منشی کے
اوسمین ملاکر استعمال کرین ارگجہ کہ بہت تحفہ ہے ص صندل سفید ایک تولہ
بادبالانکہ ایکماشہ کہیلہ ایک ماشہ بنفشہ کی جڑ ایکماشہ جو قسم اول دو ماشہ کافور
ایک رتی اگر غرقی تین ماشہ شاخ سنبر ایکماشہ تیل چمیلی کا اعلی پانچماشہ مشک دو ماشہ
عنبر اشہب اگر یہ ہر ایک دو ماشہ عرق چہار پاو سیر گلاب ایک شیشہ جاوتری تین رتی
الایچی تین رتی ارگجہ واسطے تقویت رحم اور خوشبو کرنے اور تحلیل کرنے ورمون
اور کہولنے سُدّون کے کام آتا ہے اور رحم کی اکثر بیماریون کو مفید ہے ص
لونگ دارچینی گلاب کے پہول ہر ایک ایک جزو بالچہڑ جاوتری اگر غرقی ہر ایک
آدہا جزو نکہہ ڈیڑہ جزو کوٹکر اور باریک پیسکر ساتہہ دس وزن دواؤن کے گلاب
مین بہگو کر تین روز کے بعد پانی مورد کا جوش کرین کہ چہارم رہ جاے ہموزن
دواؤن کے اس پانی سے اضافہ کر کے ملایم آگ پر سب کو جوش کرین کہ چہارم

نیلا ریزہ اور سفید خشخاش سے بڑا ہوتا ہے ہندی مین تخم کرہلی کہتی ہین ۱۲
۲ از زردنت گوند ایکمدرخت خاردار کا ہے سرخ اور سفید یابل بزردی ہوتا ہے ۱۲

رہ جاوے صاف کرکے برابر اوسکے روغن بکاین ملاکر اور شیشے مین بھر کر ایک ہفتہ
گھوڑے کی لید مین دفن کرین کہ گاڑھا ہو جاوے مانند شہد کے پس ساڑھے
تین ماشہ اوسمین سے ساتھ مشک برابر دو جو اور عنبر برابر دو جو کے ملاکر کام
مین لائین باب چوتھا اغبرے کے نسخون مین اغبر لولوی واسطے قروح چشم
کے مفید ہے ص سیپ جلی ہوئی موتی بے سوراخ جھاگ اور گاد چاندی
گلائی ہوئی کی جھاگ اور گاد سونے گلائی ہوے کی ہر ایک سوا پانچ ماشہ توتیا
سرمہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹکر چھانکر اور باریک پیسکر آنکھہ مین لگائین ✣
اغبر سادہ آنکھون کو قوت دیتا ہے اور بینائی کو از سر نو تیز کرتا ہے اور جرب اور
سبل اور ظفرہ اور قروح چشم کو مفید ہے ص نیلا تھوتھہ پلا ہوا مینہ کے پانی مین
اور دھویا ہوا اوسمین اور سیپ جلی ہوئی ہر ایک تین تولہ شکر طبرزد سفید ساڑھے
ستر ماشہ سب کو باریک پیسکر اور مثل غبار تیار کرکے سرمہ دان مین نگاہ رکھین
باب پانچوان اطریفلات مین اطریفل اسطوخودوس مالیخولیا اور مرگی اور سب
بیماریون بلغمی اور سوداوی کو مفید ہے اور دماغ اور معدہ کو خلطون غلیظ سے
پاک کرتا ہے اور جھیب اور برص کو نافع ہے اور ہمیشگی اوسکی بالون کی سفیدی کو
مانع ہے اور رطوبتون کو دفع کرتا ہے ص پوست زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا
پوست کالی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا اسطوخودوس آملہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا شاہترے کی
نسوت سفید بسفایج فستقی مصطگی افتیمون کشمش مونیز منقی ہر ایک ایک تولہ ساڑھے
دس ماشہ کوٹکر چھانکر اور نو تولہ ساڑھے چار ماشہ روغن بادام مین چرب کرکے
شہد خالص مین تین وزن دواؤن کے گوندھین اور بعد چالیس روز کے
استعمال کرین قدر خوراک ڈیڑھ تولہ اطریفل اسطوخودوس فراموشی کو جو بسبب سردی کے
ہو مفید ہے اور مقوی دماغ سرد کا ہے اور حافظہ کو بہت طاقت بخشتا ہے
ص عاقر قرحا لونگ پودینہ جنگلی ہر ایک سوا دو ماشہ عود صلیب سونٹھہ تگر بابونہ کے
پھول اذخر دارچینی مرچ سعد کوفی کندر سنبل ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ پوست زرد

ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا بچہ ترکی اسطوخودوس ناگرموتہ بادرنجبویہ
ہر ایک ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ کالی ہڑ آملہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا پوست
چینی ہڑ کا ہر ایک پونے چار تولہ مویز منقی گلقند بڑا ہر ایک تینتیس تولہ نو ماشہ شہد سفید
چہٹانک تین پاو مویز منقی گٹھلی دور کرکے رات کو عرق اگر قماری سترہ تولہ اور
عرق گل مشکی کہ سیوتی کی پہول سے مراد ہے سترہ تولہ عرق صعتر سترہ تولہ عرق اذخر سترہ تولہ عرق
بیاز سترہ تولہ عرق فرنجمشک سترہ تولہ مین بہگو دین صبح کو گلقند کے ساتھ دیگ
مین جوش کرین کہ نرم ہو جاے پھر آگ پر سے نیچے اوتار کر صبر کرین کہ سرد ہو جاے
قوام دیکر اور دواون کو کوٹکر چہانکر اور روغن بادام مین چرب کرکے اوس مین گوندہین
اور بعد چالیس روز کے استعمال کرین قدر خوراک نو ماشہ اطریفل افتیمون نمک
ہندی سات ماشہ غاریقون نرم سفید ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ پوست کابلی ہڑ کا
پوست زرد ہڑ کا پوست کالی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا آملہ چھیلا ہوا اسطوخودوس بسفایج
فستقی تربد سفید ہر ایک دو تولہ ایارج فیقرا تین تولہ کوٹکر چہانکر اور روغن بادام
شیرین مین چکنا کرکے شہد تین وزن مین گوندہین قدر خوراک ساڑہے دس ماشہ
ساڑہے سترہ ماشہ تک اطریفل افتیمون مالیخولیا کو نافع ہے اور سب بیماریون
سوداوی کو مفید دماغ کو پاک کرتا ہے اور بیماریون سر و دماغی کو فائدہ بخشتا ہے
قدر خوراک نو ماشہ سے ساڑہے سترہ ماشہ تک صن کابلی ہڑ آملہ پاک کیا ہوا بہیڑہ
ہر ایک نو ماشہ تربد سفید ایکتولہ ساڑہے دس ماشہ افتیمون سنار کی ہر ایک ایکتولہ
ساڑہے دس ماشہ جلیتہ بسفایج اسطوخودوس گلاب کے پہول ہر ایک ساڑہے تیرہ
ماشہ سونف رومی نمک ہندی ہر ایک نو ماشہ روغن بادام ایک تولہ شہد
تین وزن سب دواون کا بدستور گوندہین اطریفل واسطے جرب اور برص
اور خارش کے نافع ہے صن پوست کابلی ہڑ کا بہیڑہ آملہ گٹھلی دور کیا ہوا افتیمون
ولایتی ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ عاقرقرحا جلیتہ ہر ایک سات ماشہ سنبل ہر ایک
نو ماشہ دواون کو کوٹکر چہانکر ساتھ تین حصہ شہد خالص کے ملاکر گوندہین قدر

خوراک سات ماشہ سے ساڑہی دس ماشہ تک مجربات حکیم علی سے اطریفل مسہل
واسطے برص اور چھیپ اور جذام اور داء الفیل وغیرہ بیماریوں بلغمی کے مفید ہے
ص سورنجان رومی ساڑہی تین ماشہ کابلی ہڑ بہیڑہ آملہ صاف کیا ہوا افتیمون تربد تقویون
ایلیا ایارج فیقرا اشاہترہ ہر ایک سات ماشہ حاشا ساڑہے دس ماشہ سقمونیا بھونی
ہوئی اسطوخودوس ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ بسفائج سنا مکی ہر ایک دو تولہ
تسوت سفید چار تولہ ساڑہے چار ماشہ ساتھہ شہد کے معجون کریں قدر خوراک ساڑہے
سترہ ماشہ سے ایکتولہ ساڑہے دس ماشہ تک اطریفل خبث الحدید دماغ کو طاقت
دیتا ہی اور سودا کی اصلاح کرتا ہی اور ریاح بواسیری کو دفع کرتا ہے اور برص اور
چھیپ کو مفید ہے ص نوسادر پونے دو ماشہ دارچینی سات ماشہ بالچہڑ حماما
چھوٹی الایچی بہمن ہر ایک ساڑہی دس ماشہ مرچ سفید مرچ سیاہ ناگیسر نمک
ہندی ہر ایک سترہ ماشہ پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا آملہ چھیلا ہوا اجمود کے
بیج سہاڑہی ہر ایک پونے دو تولہ رائی دو تولہ دس ماشہ کوٹکر چھانکر اور روغن
بادام میں چرب کرکے شہد تین وزن دواؤن میں گوندہیں منقول تحفۃ المومنین
سے اطریفل دیگر واسطے بیماری طحال اور تقویت معدہ کے نافع ہی اور فائدے
بہت رکھتا ہے ص پیپل کالی مرچ چھوٹی الایچی کے دانے ہر ایک پندرہ ماشہ
کشتہ لوہے کا اڑہائی تولہ دھنیہ کی بیج چھیلے ہوے پانچتولہ آملہ چھیلا ہوا دس تولہ
دارچینی ساڑہے بارہ تولہ ملہٹی چھیلی ہوئی پانچتولہ ستاور پانچتولہ کابلی ہڑ
پانچتولہ بنسلوچن سفید پندرہ ماشہ نمک لاہوری پندرہ ماشہ نبات مصری
ایک پاؤ شہد صاف کیا ہوا ایک سیر سب دواؤن کو گاے کے گھی میں چکنا کرین
اور واسطے گرمی ہوا کی ایک سیر شہد کی جگہ ایک پاؤ نبات مصری ڈالنی چاہیے اطریفل دیدان
کدو دانہ اور بڑے اور چھوٹے کیڑون کو مارتا ہی ص بابڑنگ پوست کابلی ہڑ کا
پوست بہیڑہ کا آملہ گٹھلی سمیت صاف کیا ہوا ہر ایک تین تولہ تسوت سفید حب النیل کوفتہ
تلخ ہر ایک پونے دو ماشہ کمیلہ ترمس افسنتین رومی درمنہ ترکی

افیتمون شامی نمک نفطی راتی اندرائن کا پھل ناگرموتھ بامٹی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹکر
چھانکر اور روغن سے چرب کر کے ساتھ دو وزن شہد صاف کئے ہوے یا زیادہ
مین گوندھین قدر خوراک نو ماشہ سے ڈیڑہ تولہ تک **اطریفل زمانی** واسطے سب
قسمون مالیخولیا خصوصاً مراقی کے بہت نافع ہے اور قولنج کو مفید ہے اور تینون
خلطون کو نکالتا ہے اور معدہ اور دماغ کو مواد سے پاک کرتا ہے اور ابخرون کو اوپر چڑھنے
نہین دیتا اور ہمیشگی اوسکی نزلہ کو قطع کرتی ہے اور سب مزاج والون کو موافق ہے
اور قوت اوسکی دو برس تک باقی رہتی ہے اور قدر خوراک اوسکی واسطے دستون کے
ڈیڑہ تولہ سوا دو تولہ تک اور واسطے ہمیشگی کے ہر روز ساڑھے چار ماشہ نو ماشہ تک
کافی ہے اور یہ اطریفل صاحب تحفۃ المومنین کے مولفات سے ہے کہ اپنے
باپ کے نام پر منسوب کیا ہے ص صندل سفید کتیرا ہر ایک ساڑھے تیرہ
ماشہ پوست بہیڑہ کا آملہ چھلا ہوا گلاب کے پھول نبسلوعین نیلوفر کے پھول ہر ایک
ایکتولہ ساڑھے دس ماشہ پوست کابلی ہڑ کا پوست زرد ہڑ کا کالی ہڑ بنفشہ کے پھول
سقمونیا بھونی ہوئی ہر ایک تین تولہ نسوت سفید چھلی ہوئی دھنیا خشک ہر ایک
ساڑھے سات تولہ روغن میٹھے بادام کا سوا گیارہ تولہ دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور
بادام کے روغن مین چکنی کر کے بنفشہ کے پھول پونے چار تولہ عناب لسوڑہ
ہر ایک سو عدد جوش دیکر اور صاف کر کے ساتھ ایک وزن شہد جھاگ لیے ہوے
اور ڈیڑہ وزن مربے ہڑ کے شیرہ کے قوام دیکر دوائین کوٹی پیسی ہوئین اسمین
گوندھین **اطریفل سنائکی** واسطے خارش اور گنج کے مفید ہے ص ریوند چینی ایک
تولہ ساڑھے دس ماشہ پوست ہڑ کا آملہ گٹھلی سے پاک کیا ہوا سنائکی ہر ایک پونے
چار تولہ پوست زرد ہڑ کا پانچ تولہ ساڑھے سات ماشہ کوٹکر چھانکر روغن بادام شیرین
مین چرب کر کے ساتھ شہد صاف کئے ہوے تین وزن دواؤن کے معجون تیار
کرین **اطریفل شاہترہ** واسطے خارش خشک اور تراوش گنج کے نافع ہے اور آبلہ
فرنگ کو بھی دور کرتا ہے ص گلاب کے پھول پونے دو تولہ سنائکی سات ماشہ

پوست ہڑ کا آملہ گٹھلی سے پاک کیا ہوا ہر ایک چھ تولہ کابلی ہڑ پونے نو تولہ شاہترہ تین چھٹانک کوٹکر چھانکر مویز منقی کوٹی ہوئی مین گوندہین دیگر ریوند چینی کیوڑہ کی لکڑی ہر ایک سات ماشہ کالی ہڑ آملہ سنارکی ہر ایک تین تولہ کابلی ہڑ شاہترہ ہر ایک پونے نو تولہ ہڑ زرد گیارہ تولہ آٹھ ماشہ کوٹکر چھانکر اور روغن بادام مین چکنی کرکے کوٹی ہوئی کشمش مین گوندہین قدر خوراک سات ماشہ سے چودہ ماشہ تک ہمراہ جوشاندہ عناب کی نوش کرین اطریفل شاہترہ جاوتری سونف رومی مصطگی سونف دلیسی ہر ایک ساڑہے تین ماشہ دھنیہ خشک کے بیج گلاب کے پھول بنفشہ ہر ایک سات ماشہ اور بعضون نے پونے نو ماشہ بھی لکھا ہے کاسنی کے بیج ساڑہے دس ماشہ زرد ہڑ کابلی ہڑ بہیڑہ آملہ نسوت ہر ایک تین تولہ بادام کا تیل یا تل کا تیل تین تولہ چار ماشہ شاہترہ چھ تولہ شہد بقدر حاجت قدر خوراک نو ماشہ دیگر خارش اور گنج سر کو مفید ہے

ص زرد ہڑ گیارہ تولہ آٹھ ماشہ کابلی ہڑ پونے نو تولہ بہیڑہ آملہ گٹھلی دور کیا ہوا چھ تولہ سنارکی چھ تولہ شاہترہ نو تولہ ریوند چینی تین تولہ سب کو کوٹکر چھانکر اور روغن بادام مین چرب کرکے کشمش مین گوندہین قدر خوراک چودہ ماشہ ساڑہے سترہ ماشہ تک اطریفل عرق مدنی یعنے بیماری رشتہ کو نافع ہے اور اس علت کے مواد کو نکالتا ہے جو کوئی دس دن یہ اطریفل کھاوے رشتہ کے مرض سے سالم رہے ص پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا آملہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا نسوت سفید چھیلی ہوی سونٹھ کمیلہ سب کو برابر وزن کوٹکر چھانکر اور روغن بادام مین چکنی کرکے شہد مین گوندہین قدر خوراک ساڑہے دس ماشہ اطریفل صغیر واسطے تقویت دماغ اور حواس اور منع بخار معدی کے نافع ہے اور نسیان کو دور کرتا ہے اور ذہن اور رنگ کو صاف کرتا ہے اور معدہ کے استرخا کو مفید اور بواسیر کو بھی فائدہ بخشتا ہے ص پوست کابلی ہڑ کا پوست زرد ہڑ کا پوست بہیڑہ کا کالی ہڑ آملہ چھیلا ہوا برابر وزن کوٹکر چھانکر اور روغن بادام مین چرب کرکے ساتھ شہد قند سفوم یا مویز منقی یا کشمش کوٹی ہوی کے گوندہین قدر خوراک اگر دو خند

ہو تو فعل دوا کا کامل ہو گا اور جو سہ چند ہو تو کم ہو گا اور جو کچھ مویز کے ساتھ تیار کیا
جاتے تو واسطے تقویت جگر کے مخصوص ہے اطریفل مزعفر واسطے تقویت دماغ
اور درد سر گرم اور منع بخار اور سدّے اور دوار کے مجرب ہے ص کافور قیصوری
ایک ماشہ زعفران دو ماشہ بادام شیرین چار دانہ ترنج آٹھ تولہ چار ماشہ پوست زرد ہڑ کا
تین تولہ پوست کابلی ہڑ کا کالی ہڑ بہیڑہ آملہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا ہر ایک سولہ تولہ آٹھ
ماشہ نبات سفید ایک وزن سب دواؤن کے شہد صاف کیا ہوا دو وزن سب کو
بطریق مشہور اطریفل تیار کرین اطریفل کشمش واسطے جلد اوترنے منی کے مفید
ہے اور پیشاب کے راستہ کو کھولتا ہے ص پوست زرد ہڑ کا کالی ہڑ پوست
بہیڑہ کا آملہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا ہر ایک سات ماشہ دھنیا خشک چودہ ماشہ کوٹکر
چھانکر اور بادام کے روغن مین چرب کرکے کشمش ساڑھے تین تولہ نبات مصری
سات تولہ مین قوام دیکر قدر خوراک ساڑھے دس ماشہ اطریفل مقل واسطے بند
کرنے خون بواسیر کے مجرب ہے ص پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا آملہ گٹھلی سے
صاف کیا ہوا ہر ایک نو ماشہ کہربای شمعی مونگے کی جڑ جلی ہوئی ہر ایک ایک تولہ ساڑھے
دس ماشہ پھٹکری سفید اجواین دلیسی ہر ایک نو ماشہ گوگل ساڑھے سات تولہ گوگل کو
گندنا کے پانی یا لہسن مین حل کرکے باقی دواؤن کو کوٹکر چھانکر سوا چھبیس تولہ شہد کے
قوام مین گوندھین قدر خوراک نو ماشہ اطریفل کشنیز تالیف مولف خفقان گرم کو دفع کرتا ہے
اور معدہ سے طرف دماغ کے ابخرہ چڑھنے کو مانع ہے اور دل اور معدہ کو
قوت بخشتا ہے اور مجرب ہے ص پوست زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا کالی ہڑ آملہ
گٹھلی سے صاف کیا ہوا گلاب کے پھول کی کلیان خشخاش سفید کے بیج گاؤزبان
کے پھول ہر ایک دو تولہ دھنیا کے بیج چھلے ہوے برابر سبکی ہڑون کو کوٹکر چھانکر
اور میٹھے بادام کے تیل مین چکنی کرکے ساتھ قند سفید دو وزن اور ترنجبین ایک وزن
کے قوام دیکر مشک اور زعفران گلاب مین حل کرکے ملاتین اور بقدر تین ماشہ ایک تولہ
تک گاؤزبان کے عرق کے ساتھ اکثر آخر نہار اور کبھی اول نہار تناول کرین +

اطریفل کبیر مشہور واسطے استرخا اور رطوبت معدہ اور ہضم طعام کو نافع ہے
اور معدہ سے دماغ کی طرف ابخرہ چڑھنے نہین دیتا اور معدہ کو گرمی پہونچاتا ہے اور
قوت دیتا ہے اور مثانہ اور آنتون اور حواس کو طاقت بخشتا ہے اور خون کو صاف
کرتا ہے اور فہم اور ذکا کو تیز کرتا ہے اور پٹھون کو قوی کرتا ہے اور شہوت جماع کو
بڑہاتا ہے اور کندی حواس اور فراموشی اور سب بیماریون دماغی کو جو بسبب سردی
اور تری کے عارض ہون دور کرتا ہے اور جلد بڑھاپا نہین آنے دیتا اور بواسیر
ریحی کو فائدہ دیتا ہے اور رنگ کو نیک اور صاف کرتا ہے اور بدن کو موٹا کرتا ہے
مگر گرم مزاج والونکو موافق نہین ہے اور سوائے جاڑے کے موسم کے استعمال
نکرنا چاہیے مگر بضرورت صں شقاقل سونٹھ تودری سرخ تودری زرد اندر جو بہمن
سرخ بہمن سفید حب القلقل تل دھوے ہوے شکر طبرز خشخاش سفید ہر ایک ساتھ
ماشہ پوست کابلی ہڑ کالی ہڑ پوست بہیڑہ آملہ چھلا ہوا کالی مرچ پیپل ہر ایک پونے
دو تولہ کوٹین اور ساتھ روغن بادام یا گای کے گھی کے کہ چہارم حصہ دوا کے ہو
چکنی کرکے تین وزن شہد جھاگ اوتارے ہوے ہین گوندھین اور بعد تین مہینے
کے استعمال کرین اور قوت اسکی تین برس تک باقی رہتی ہے اطریفل کشنیزی
ضر عنصر درد سر اور دوار اور خفقان گرم کو نافع ہے اور آزمایا ہوا صں پوست زرد
ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا پوست کالی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا پوست آملہ کا ہر ایک تین تولہ
برنج دھنیا خشک ساڑھے سترہ ماشہ میٹھے بادام کا تیل سات ماشہ مشک ایک
ماشہ کافور تین ماشہ زعفران خوشبودار دو ماشہ شہد دو وزن نبات مصری ایک وزن
گلاب چار شیشہ موافق دستور کے تیار کرین اطریفل مقل واسطے بواسیر کے
بہت نافع ہے صں گوگل پونے نو تولہ پوست زرد ہڑ کا آملہ پوست بہیڑہ کا ہر ایک
تین تولہ گوگل کو گندنا کے پانی مین حل کرین اور ساڑھے بائیس تولہ شہد خالص
کرکے قوام دیوین اور دوائیونکو کوٹکر چھانکر اوسمین گوندھین اطریفل مقل مجرب
واسطے بواسیر کے مجرب ہے اور گرم ہے دوسرے درجے کے درمیان

مین اور خشک ہے تیسرے درجہ کے پہلے مین شکم کو نرم کرتا ہے اور بواسیر کو فایدہ بخشا ہے **ص** پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا کالی ہڑ آملہ چھلا ہوا اسطوخودوس افتیمون ہر ایک سات ماشہ اور بعضے نسخون مین بسفایج بھی تین تولہ داخل ہے اور املتاس گوگل ہر ایک پونے نو تولہ گوگل اور املتاس کو پانی مین حل کر کے شہد کے ساتھ قوام دیز اور دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور میٹھے بادام کے روغن مین چکنی کر کے گوندھین **اطریفل فولادی** کہ بطریق حلوا تیار کیا جاتا ہے واسطے دردسر اور آدھاسیسی اور ورم ملتحمہ کے نافع ہے اور سبل اور نزول الماء اور اکثر آنکھ کی بیماریون کو مفید ہے **ص** نمک سنگ مویز منقے پیپل ہر ایک ایک تولہ آٹھ ماشہ پوست زرد ہڑ کا فولاد کشتہ ہر ایک تین تولہ چار ماشہ ستاور پانچ تولہ ملٹھی چھ تولہ آٹھ ماشہ آملہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا آدھ پاؤ گائے کا گھی نبات سفید شہد خالص ہر ایک چھٹانک آدھ سیر بطریق حلوا بنا کر نگاہ رکھین قدر خوراک ایک تولہ آٹھ ماشہ صبح اور ایک تولہ آٹھ ماشہ رات کو سوتے وقت کھاتین **اطریفل** کہ وسواس اور مالیخولیا کو مفید ہے **ص** مصطگی بالچھڑ جابفل ہر ایک سات ماشہ اجمود کے بیج سونف رومی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گاوزبان درنجبک حجر لاجورد حجر ارمنی دھویا ہوا بادرنجبویہ ہر ایک چودہ ماشہ افسنتین سنا مکی جنطیانا افتیمون بسفایج تسوت سفید چھلی ہوی اسطوخودوس ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا آملہ چھلا ہوا ہر ایک تین تولہ کوٹکر چھانکر اور روغن بادام مین چکنی کر کے شہد خالص یا مویز منقے مین گوندھین **اطریفل** معمول واسطے قسمون مالیخولیا کے پوست کابلی ہڑ کا پوست زرد ہڑ کا کالی ہڑ پوست بہیڑہ کا آملہ چھلا ہوا ہر ایک چودھ ماشہ ابریشم کترا ہوا ساڑھے دس ماشہ شاہترہ سات ماشہ گاوزبان کے پھول بادرنجبویہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ برگ سنا مکی سات تولہ اسطوخودوس بسفایج فستقی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مصطگی رومی تین تولہ لاجورد دھویا ہوا سات ماشہ دھنیا خشک سات تولہ شہد صاف کیا ہوا تین وزن سب کی سنا مکی کو پانی مین جوش دین اور ساتھ شہد کے قوام دیکر دوائین کوٹی چھانی ہوئین روغن بادام مین

چکنی کرکے گوندھین قدر خوراک ایک تولہ اطریفل یہ نسخہ شاہ محمد اکبر آبادی کے اکثر عمل مین رہاہے جنون کی سب قسمون کو نافع ہے اور فساد خون کی اصلاح کرتاہے اور نزلہ اور فضول کو دور کرتاہے اور ابخرون کو معدہ سے طرف دماغ کی چڑہنے نہین دیتا ص تخم شاہترہ چھوٹی الایچی مصطگی ہر ایک ساڑہے تین تولہ گلاب کے پھول ملٹھی ہر ایک نو ماشہ کالی ہڑ پوست بہیڑہ کا آملہ ہر ایک ڈیڑہ تولہ پوست زرد ہڑ کا نسوت سفید چھلی ہوی ہر ایک تین تولہ کوٹکر چھانکر اور گاے کی گھی مین چرب کرکے آدہ سیر شہد کے قوام مین گوندھین قدر خوراک ایک تولہ دو تولہ تک

باب چھٹا انوشدارو مین

اور یہ باب دو فصل پر شامل ہے فصل پہلی انوشدارو ی سادہ قابض اور غیر قابض مین انوشدارو ی سادہ گلاب کے پھول دو تولہ دو ماشہ ناگرموتھ دو تولہ سیحنک ایک تولہ نگر زعفران ہر ایک یکتولہ چھوٹی الایچی کی دانہ اور بڑی الایچی ہر ایک اڑہائی ماشہ جائفل ایک ماشہ مصطگی رومی یکتولہ جاوتری تخم بالچھڑ زرنب یعنی تالیس پتر ہر ایک نو ماشہ آملہ سبز آدہ سیر اور چھ تولہ آٹھ ماشہ اول آملہ کو آدہ سیر گاے کے دودھ مین ایک رات دن ترکرین بعد اوسکے لوہے کی چھلنی مین ملکہ مغز اوسکا نکل آوے ثفل اوسکا دور کرین بعد اوسکے مغز آملہ کو ٹاٹ کی تھیلی مین ڈالکر لٹکائین کہ پانی دور ہوجاوے بعد اوسکے دو سیر قند کا قوام دیکر جبکہ آملہ کو عین جوش مین داخل قند کرین اور کفچہ مارین کہ قوام ہوجاوے بعد اوسکے تیار کرا ور دواون کو کوٹکر تھوڑی تھوری ڈالین اور اولٹ پلٹ کرین کہ معجون بنجاوے دیگر گلاب کے پھول پونے دو تولہ ناگرموتھ ساڑہی سترہ ماشہ لونگ ساڑہے دس ماشہ مصطگی بالچھڑ نگر ہر ایک ساڑہے دس ماشہ تخم زرنب یعنی تالیس پتر زعفران بڑی الایچی چھوٹی الایچی جائفل جاوتری دارچینی ہر ایک سات ماشہ آملہ چھلاہوا چھٹانک کم آدہ سیر چار سیر پانی مین جوش دین کہ سوا سیر باقی رہجاے ہاتھ سے ملکر صاف کرین اور آدہ پاو کم سیر قند سفید کے ساتھ جوش دین

اور دوائین نرم کوٹکر اوسمین گوندھین اور جو قند موجود نہووے چھٹانک کم آدھ سیر بتاسہ اور چھٹانک کم آدھ سیر شہد خالص اوسمین ڈالین اور جو آملہ کا وزن سترہ تولہ کرین تو بہت خوش مزہ ہوگی **انوش داروی سادہ قلیل الاجزا معمول مولف** آملہ دس تولہ دودھ مین پالکر اور کپڑے مین چھانکر ساتھ گلاب آدھ سیر اور قند سفید چھٹانک کم آدھ سیر کے قوام دیکر بالچھڑ گلاب کے پھول ہر ایک چھ ماشہ ناگرموتھ تر ببی مصطگی دانہ چھوٹی الائچی کے ہر ایک ساڑھے تین ماشہ نبسلوچن سفید پوست ترنج ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کاسنی کے بیج خرفہ کے بیج زرشک بے دانہ کوٹکر ہر ایک سات ماشہ شیرہ زرشک کا تھوڑے گلاب مین نکالکر داخل کرین اور جو چاہین قدرے عنبر اور زعفران بھی ڈالین پس یہ نسخہ معدہ اور جگر کو قوت بخشتا ہے **فصل دوسری انوش داروی لولوی قابض اور غیر قابض مین انوش داروی لولو منقول حکیم گیلانی سے** واسطے خفقان گرم کے نافع ہے اور صفراوی مزاج کے لیے موافق اور فرحت بخشتی ہے او دل کو قوت بخشتی ہے اور رنگ کو صاف کرتی ہے اور معدہ کو طاقت بخشتی ہے ص گلاب کے پھول ناگرموتھ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ لونگ تالیس تیز مصطگی گزخرفہ کے بیج زعفران ہر ایک ساڑھے دس ماشہ دانہ چھوٹی الائچی کے جاوتری جانفل تج بالچھڑ کاسنی کے بیج صندل سفید موتی بے سوراخ بنسلوچن گاوزبان مشک ہر ایک سات ماشہ چاندی کے ورق ساڑھے تین ماشہ آملہ ایک سیر جہانگیری قند سفید ایک سیر شہد سفید ایک سیر اور بعضے نسخہ مین فرنجمشک دو ماشہ نیلوفر چھڑیلا بڑی الائچی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اضافہ کیا جاتا ہے آملہ کو ایک رات دن پانچ سیر گائے کے دودھ مین بھگوکر بکرہ دھووین بعد اوسکے آٹھ سیر پانی مین جوش دین کہ مہرا ہو جاوے کپڑے مین چھانکر پانی اوسکا حاصل کرین اسطرح کہ جرم اوسکا نہ ملنے پائے بعد اوسکے اوس پانی کو قند اور شہد مین قوام دیکر اور دوائین کوٹکر چھانکر اور اوسمین ڈالکر گوندھین قدر خوراک ایک تولہ دیگر منقول تحفہ سے اور معمول ہے واسطے تقویت معدہ اور زیادہ کرنے بھونک اور تقویت اعضا بتیسیر

اور بدن کے مفید ہے اور نقاہت کو دور کرتی ہے اور مجرب ہے صں یاقوت ریوند چینی
تگر ناگرموتھ اگر خام اذخر صندل سفید پوست ترنج تیج پات مونگے کی جڑ یشب سبز بادرنجبویہ
کے بیج درونج چھوٹی الائچی زرشک بیدانہ عنبر اشہب سونے کے ورق چاندی کے
ورق ہر ایک نو ماشہ نبسلوچن سفید ابریشم کترا ہوا مصطگی زعفران بالچھڑ موتی بےسوراخ
کہربا گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ آملہ کو مہر ابکا کر برابر وزن مین سبکی
مصری سفید اور اوسکے برابر شہد جھاگ اوتاری ہوی مین گوندھین **انوشداروی لولو**
واسطے تقویت معدہ اور دل کے مجرب ہے صں عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ
ناگرموتھ تالیس تیر چھوٹی الائچی تگر درونج بالچھڑ بہمن سرخ بہمن سفید لونگ موتی
بے سوراخ چاندی کے ورق ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ گلاب کے پھولون کی
پتی دھنیہ کے بیج ہر ایک یکتولہ ساڑھے دس ماشہ شیر آملہ سواگیارہ تولہ شربت فواکہ
پندرہ تولہ اور قند سفید بالمناصفہ تین وزن سب دواؤن کے اور بعضون نے ساڑھے
تیرہ ماشہ پوست بیرون پستہ بھی داخل کیا ہے **انوشداروی معتدل**
لولوی بابت ملاجلال صں نج بالچھڑ جائفل تالیس تیر جاوتری زعفران ہر ایک
سات ماشہ ناگرموتھ لونگ پوست بیرون پستہ بڑی الائچی چھوٹی الائچی زرشک
سنلے دانہ مصطگی رومی تگر خرفہ کے بیج کاسنی کے بیج گاوزبان کے پھول دھنیہ خشک
بھونا ہوا بنسلوچن نیلوفر کے پھول چھڑیلا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب کے
پھول صندل سفید چھیلا ہوا ہر ایک پونے دو تولہ موتی بے سوراخ تیج پات قر
ہر ایک سات ماشہ شیر آملہ چھٹانک کم آدھ سیر چار سیر پانی مین جوش کرین کہ سوا سیر رہجائے
آگ پر سے اوتار کر صاف کرین اور ساتھ آدھ پاؤ کم سیر قند کے قوام دیکر اور دوائین تمام
کو نکر چھانکر بدستور معجون بناتین اور قدرے مشک خالص اضافہ کرین قدر خوراک
نو ماشہ **انوشداروی لولو** عجیب النفع اور اکثر مزاجون کے واسطے موافق
ہے اور بارہا آزمائی ہوئی تالیفات مولف سے ہے اور دوستون مین استعمال کر سکتے
ہین صں ماشیرہ آملہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا پونے چار تولہ ساتھ قند سفید دوچند شہد

زرشک یکچند گلاب آدھ سیر کے قوام دیگر اگر ہندی پوست بیرون پستہ مصطگی رومی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گلاب کے پھول گاوزبان کے پھول پوست ترنج بنسلوچن سفید کہربا شمعی سنگ یشم سفید ہر ایک ساڑھے چار ماشہ خرفہ کے بیج چھیلے ہوے سات ماشہ موتی بے سوراخ ساڑھے چار ماشہ صندل سفید گلاب مین پیسا ہوا ساڑھے تین ماشہ پانی سماق کا پانی لیمو کا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ عنبر اشہب پاو کم دو ماشہ چاندی کے ورق ساڑھے چار ماشہ بطریق معلوم اضافہ کرین اور چینی کی برتن مین نگاہ رکھکر ساڑھے دس ماشہ چودہ ماشہ تک مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال فرمائین **انوشدارو ی قابض** ناگرموتھ دو تولہ چھ ماشہ پوست بیرون پستہ زرشک نلے دانہ تگر صندل سفید خرفہ کے بیج گاوزبان گیلانی دھنیہ خشک نبسلوچن سفید لونگ ہر ایک ڈیڑہ تولہ گلاب کے پھول مصطگی ہر ایک تین تولہ دارچینی بالچھڑ تالیس پتر چھوٹی الائچی چھڑیلا مشک زعفران عنبر اشہب گلنار فارسی اقاقیا ہر ایک ایکتولہ سیب ترنج یات فرنجمشک مغز بیل رال گوند ببول کا نشاستہ دانہ مویز ہر ایک پانچ تولہ آملہ صاف کیا ہوا چالیس تولہ مونگے کی جڑ ڈیڑہ تولہ جائفل زراوند جاوتری بڑی الائچی ہر ایک دو ماشہ شہد سفید ڈیڑہ سیر گلاب خوشبو ایک شیشہ نبات سفید ڈیڑہ سیر +

باب ساتوان انکباب مین

انکباب وہ ہے کہ دواؤن کو جوش دیکر اور اوسکے ابخرون پر سر نیوڑا کر بپھارا لیوین **انکباب** لقوہ امتلائیہ کو نافع ہے مگر بعد تنقیہ خاص و عام کے اور بعد استعمال غرغرون اور چھینک لانی والی چیزون کے واسطے تحلیل اور تلطیف باقی فضول دماغی اور پٹھون کے مفید ہے اور ایجاد کیا ہوا حکیم معتمد الملوک کا ہے اکلیل الملک درمنہ ترکی جھاؤ کی شاخین درجڑ اور پتی اور پھل اور تپی تتلی کی قیصوم دونا مروا مرماخوز[۱] عاقرقرحا صعتر فارسی کہ ایک قسم پودنیہ کی ہے تپی غار کی حب الغار عشبہ مغربی ہر ایک ایک کف جو دوائین کوٹنے کی ہین کوٹکر سبکو آفتابہ سربستہ مین پکائین کہ مہرا

[۱] مرماخوز بفتح میم و سکون را و [illegible] میم والف و واو و زا [illegible] ... ۱۲

ہوجاسے جند بیدستر ساڑہے چار ماشہ داخل کرکے روغن یاسمین روغن ناردین حل کرکے اوسکے انخرون پر سر نہوڑائین اور پانی سے اوسکے تر پڑا دیوین اور بہوک اوسکا مقام علت پر لیپ کرین دیگر ابو سہیل مسیح سے عاقرقرحا تسیح ارمنی یعنے درمنہ ترکی غار کی پتی بابونہ حرمل اکلیل الملک بادرنجبویہ دونا مروا ہر ایک برابر وزن پانی مین جوش دیکر اور صاف کرکے بہپارا لیوین **انکباب** واسطے خناق کے جو بسبب غلبہ خون کے عارض ہو نزدیک زمانہ انتہا کے کہ مادہ اوسکا اصلاح پر آگیا ہو مفید ہے ص خبازی کی پتی ہرا دہنیا بنفشہ کی پتی اکلیل الملک بکوہ خشک ہر ایک برابر وزن لوٹہ مین پکاکر موہنہ اوسکا مقابل بیمار کے موہنہ کے کہولدین کہ اجزا اوسکے حلق کی اندر پہونچین اور ورم تحلیل ہووے دیگر اسی مقدمہ کے لیے مخصوص ہے بعد مالش گردن کے اون روغنون سے جو اس مقدمہ کے واسطے لکہے ہوے ہین ص پتی خبازی کی پتی بنفشہ کی پہول بنفشہ کے جوش دیکر بطریق معمول استعمال فرماتین

باب آٹھوان ایارجات مین

ایارج انطاکی تشنج اور درد سر پرانے کو نافع ہے اور ہاتھ پاون کی گانٹھون کے درد کو مفید ہے ص جعدہ بالچہڑ زعفران دارچینی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ زراوند طویل فطراسالیون مرچ سفید سکبینج جاوشیر ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ کمادریوس فراسیون غاریقون اسطوخودوس ہر ایک پانچ تولہ گیارہ ماشہ اندراین کے پہل کا گودا پانچ تولہ دس ماشہ شہد بقدر کفایت بدستور معمول تیار کرکے بعد چہہ مہینے کے استعمال کرین ایارج جالینوس نسخہ بن سرافیون ایارج لودنا کی منفعت کے مثل ہے کہ بیان کیا جاتا ہے آیندہ ص ہرسہ فلفل یعنی کالی مرچ سفید مرچ پیپل اور مر کی یعنی بول دارچینی زعفران جاوشیر سکبینج جند بیدستر فطراسالیون زراوند مدحرج بکہان بید فرفیون ہر ایک بونے دو ماشہ اقتیمون جعدہ گوگل امانا

فراسیون سلیخہ بسفایج ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اور بعضون نے سوا پانچ ماشہ بھی لکھا ہے کما دریوس پیاز جنگلی بھونی ہوی غاریقون سقمونیا گنگی سیاہ اسطوخودوس اشق ہوفاریقون ہر ایک پانچ ماشہ ڈیڑہ چانول اندراین کے پھل کا گودا چودہ ماشہ شہد بقدر کفایت قدر خوراک اسکی مثل خوراک لوغاذیا کے ہے **ایارج فیقرا** واسطے دردسر اور آدھاسیسی اور فالج اور استرخا اور لقوہ اور ثقل زبان اور ہاتھ پاون کے گانٹھون کے درد اور نکالنے فضول دماغ اور طبقات معدی کو نافع ہے اور قولنج اور قے قولنجی کو دفع کرتا ہے اور غرغرہ کرنا اس ایارج کی ساتھ بعد دستون کے واسطے کھینچنے رطوبتون اور دور کرنے لقوہ کے مفید اور اگر مرغ کا پر روغن مین چرب کرکے اور شہد مین لتھیڑ کر اور ایارج مین آلودہ کرکے حلق کے اندر ڈالین تو اثر قوی رکھتا ہے واسطے لانے قے کے کہتے ہین کہ گردہ کے لیے ضرر رکھتا ہے اور مصلح اوسکا عناب ہے۔ اور بعض طبیب کہتے ہین کہ حق ایارجات کا یہ ہے کہ افتیمون کے پانی مین حل کرکے استعمال کرین اور جاننا چاہیے کہ بعض اجزا ایارج فیقرا کے ابقراط کی تالیف سے ہین بعد اوسکے اور حکیمون نے اپنا اپنا تصرف کیا ہے چنانچہ ایارج فیقرا تالیف بقراط جو سب فیقرا کی ترکیبون سے مقدم ہے یہ ہے ص دارچینی سلیخہ حب بلسان مصطگی تگر زعفران ہر ایک ایکجزو ایلوا دوچند یا سہ چند قدر خوراک سات ماشہ شہد اور پانی گرم کے سوتے وقت جس حالت مین کہ شکم سیر نہو کھاتین اور طبیبون نے خواہش اور حاجت وقت کے اس نسخہ مین بہت تصرف کیے ہین چنانچہ واسطے دردسر گرم اور متلی اور قے کے گلاب کے پھول کی پتی بدل زعفران کی داخل کی ہے اور نیز حاجت سخت مین واسطے تلطیف کے عوض تگر کے کباب چینی ڈالتے ہین اور واسطے دور کرنے آنتون کے خراش کے کہ لازم ایلوا ہے واسطے دفع غلبہ ایلوا کے آنتون سے اور ضعف آنتون کے بڑھانا دارچینی کا واجب تصور کیا ہے اور بعضون نے واسطے اسی غرض کے گوگل ایک جزو ڈالنا لازم

سمجھا ہے اور واسطے پاک کرنے جگر کے مواد سے عصارہ غافث زیادہ کیا ہے اور بعضے واسطے تلطیف خلط غلیظ کے لونگ اور جائفل اور جاوتری اور واسطے پاک کرنے دماغ کے سودا سے اسطوخودوس اضافہ کرتے ہین اور بعضون نے وقت حاجت کے واسطے خارج کرنے بلغم کثیر کے شحم حنظل یعنے اندراین کے پھل کا گودا داخل کیا ہے اور ایارج شحم نام رکھا ہے اور جاننا چاہیے کہ ایارج بطی العمل ہے یعنی عمل اور اثر اسکا دیر مین ہوتا ہے مگر جب کہ شہد مین ملایا جاتے اور جسمین کہ ایلوا دھوکر ڈالین وہ ضعیف العمل ہے لیکن گرم مزاج کو مفید ہے۔ خصوصاً کاسنی کے پانی کے ساتھ دھویا ہوا اور طریق ایارج کے رکھنے کا تین طرح ہے ایک یہ کہ اوسی طرح خشک مثل سفوف کے رکھہ چھوڑین اور قوت اوسکی تین مہینے سے زیادہ نہین رہتی دوسرے یہ کہ دو وزن شہد مین ملا کر رکھین مگر وہ بہت گرم ہوگا اور دست لانے مین قوی الاثر ہوگا قوت اوسکی چار برس تک باقی رہتی ہے تیسرے یہ کہ گوگل کے پانی مین گوندھین اور قرص بنائین اور سایہ مین سکھائین مختار شیخ یہ ہے یعنے بوعلی سینا نے اسی وضع کو اختیار کیا ہے اور شرعی اسلم ہے اور قوت مقرص کی اوسکے چھہ مہینے تک وفا کرتی ہے ایارج دماغ کو پاک کرتا ہے اور دردسر کی سب قسمون کو جو بسبب بلغم اور صفرا اور سودا کے عارض ہو نفع ہے معتدل المزاج ہے منقول ایضاح سے

صں کتیرا ساڑھے تیرہ ماشہ نمک ہندی سوا پانچ ماشہ گلاب کے پھول سرخ سونٹھ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اندراین کے پھل کا گودا ایک تولہ سقمونیا چودہ ماشہ کابلی ہڑ ساڑھے سترہ ماشہ افتیمون اسطوخودوس ہر ایک پونے دو تولہ زردچوب دو تولہ ایارج فیقرا انسوت ہر ایک تین تولہ قدر خوراک چودہ ماشہ شربت شکر یا قند کے ساتھ

ایارج لوغاذیا صاحب ذخیرہ نے اس ایارج کو مخترعات استاد ابوالفرج سے شمار کیا ہے اور لکھا ہے کہ اوسنے اسمین تصرف خوب کیا ہے صں حاشا ریوند چینی باہت جعدہ فرفیون حماما ہر ایک سات ماشہ جند بیدستر زراوند طویل سونٹھ بکھان بید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کالی مرچ زعفران دارچینی قرنفل یعنی بو

ل غافث ایک گھانس ہے خار دار پھول اوسکا نیلا ہوتا ہے تلخ زیادہ ہوتا ہے مستعمل پھول اوسکا ہے یا عصارہ اوسکا ۲ حاما ایک قسم گھاس کی ہے ...

اطراسالیون ہر ایک چودہ ماشہ اسفوردیون جاوشیر سکبینج عصارہ فنتین اسطوخودوس ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کمادریوس فراسیون ہر ایک دو تولہ جنگلی پیاز بھونی ہوئی گوگل ہو فاربقون سلیخہ بسفایج فستقی ہر ایک پونے دو تولہ غاریقون گنگی سیاہ اشق افتیمون ہر ایک تین تولہ اندراین کے پھل کا گودا اسقمونیا ایلوا ہر ایک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ **ایارج فیقرا بارد** سب گرم بیماریون سر کو مفید ہے مانند درد سر اور کان کے درد اور دانتون کے درد کے ہڑ گٹھلی نکالی ہوئی نسبوت سفید روغن بادام مین چکنی کی ہوئی اور بنفشہ خشک ہر ایک ساڑھے تین تولہ ایارج فیقرا تین تولہ گلاب کے پھول کاسنی کے بیج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کتیرا اسقمونیا بھونی ہوئی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹکر چھانکر شیشہ کے برتن مین نگاہ رکھین قدر خوراک ساڑھے دس ماشہ ساتھ اوس پانی کے کہ ترنجبین جسمین حل کی ہو تناول کرین **حرف الباء** تین باب پر شامل ہے **باب پہلا بخورات مین** بخورات جمع بخور کی ہے اور بخور دھونی کو کہتے ہین دو فصل پر شامل ہے **فصل پہلی** اون بخورات مین جس سے مقصود خوشبو اور فرحت اور تقویت دل اور معطر کرنا مجلس کا ہے **ص** دھونی اوسکی مجلس کو معطر کرتی ہے اور دل اور دماغ کو قوت بخشتی ہے **ص** صندل سفید ساڑھے چار ماشہ عنبر اشہب نو ماشہ اگر ہندی نبات سفید ہر ایک ایکتولہ ساڑھے دس ماشہ اگر غرقی اور صندل کو گلاب مین پیسکر اور نبات مصری کو ٹکر داخل کرکے فتیلہ بنائین اور حاجت کے وقت آگ پر سلگائین کہ آہستہ آہستہ جلیگا اور خوشبو سکو پہونچیگی اور بعضے نسخہ مین عنبر کی جگہہ حصی لبان ہے **بخور دیگر** کافور قیصوری دو تولہ ساڑھے سات ماشہ مشک خالص نو ماشہ عود یعنے اگر خام غرقی اٹھارہ تولہ نو ماشہ عنبر اشہب چوبیس تولہ ساڑھے چار ماشہ دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور گلاب مین گوندھکر خمیر کرین اور چھوٹی چھوٹی ٹکیان بناکر سایہ مین سکھائین اور حاجت کے وقت بخور فرمائین بخور مسمی ممد ہی بفتح وتشدید دال فائدہ اوسکا دیر تک رہنا خوشبو کا ہے

آگ پر جلانے سے اور کبھی فرش اور لباس کو اوس سے معطر کرتے ہین اور اہل مصر
اوسکی قرص بناتے ہین بعضون کے واسطے مقوی حواس ہے اور دل کو طاقت
بخشتا ہے اور شہوت جماع کو حرکت مین لاتا ہے اور روح کو تازگی بخشتا ہے اور فکر
نیک کرتا ہے اور طریق اوسکے تیار کرنے کا یہ ہے کہ مشک اور عنبر اور مصطگی کو گلاب
کہ قدرے گوند اوسمین حل کیا ہو گھولین اور اگر خام کو کوٹکر چھانکر اوسمین ملائین اور خمیر کرکے
فتیلہ پتلی پتلی تیار کرین اور استعمال فرمائین **فصل دوسری بخورات مین** جو اکثر
بیماریون کے لیے استعمال کیے جاتے ہین اور غرض اور مقصود اون سے خوشبو
اور تفریح اور معطر کرنا مجلس کا نہین ہے بخور ذہن کو قوت دیتا ہے اور دماغ اور
حواس کو صاف کرتا ہے اور خفقان اور غشی کو دور کرتا ہے ص اگر خام کو ٹھ شیرین
صندل سفید ہر ایک ایکجز و مشک کافور ہر ایک آدھا جزو کوٹکر چھانکر اور گلاب مین
گوندھ کر گولیان بنائین اور موافق حاجت کے تبخیر کرین دیگر لیسیر غس یعنی ورم
بلغمی کو مفید ہے اور چاہیے کہ تیسرے دن اسکی دھونی لیوین حاشا پودینہ دونون
برابر وزن سرکہ مین پکائین اور ناک کے قریب رکھکر بخور کرین بخور بالخاصیت
طرفہ کو دور کرتا ہے ص پتھر چکی کا آگ پر گرم کرین پھر آگ پر سے اوتار کر پتھر اوپر
جید اوسپر چھڑکین اور آنکھ کھولکر دھونی اوسکی لیوین آنسو جاری ہونگے اور طرفہ
ایکبار یا دوبار کے عمل مین جاتا رہیگا بخور واسطے خشم کے جو بسبب گرمی کی خارج
بنفشہ بابونہ گلاب کے پھول سرخ نیلوفر کے پتے بید کے پتے خطمی کے بیج
خرفہ کے پتے جوش دیکر سر اوسکے ابخرون پر رکھین اور گرم پانی سے اوسکے
نطول کرین یعنے سر پر تریڑا دیوین بخور آنکھ کے درد کو دفع کرتا ہے ایلوا
تتلی صعتر یعنے پودینہ پہاڑی سرکہ مین جوش دیوین اور بخار اوسکا اکثر اوقات
ناک مین پہونچائین بخور واسطے خشم اور ناک کی بدبو کی کہ بسبب مشدہ مصفات کی ہو
نافع ہے ص ہر تال سرخ کلونجی پودینہ پہاڑی تنہا تنہا یا سبکو آگ پر ڈالکر دھونی
لیوین اور شراب مین ترکر کے بھی یہی عمل رکھتا ہے اور تبخیر صندل سفید اور

دھونی گلاب کے پھولون کی بھی ہر واحد مفید ہے بخور واسطے نقصان اور بطلان
شامہ کے کہ سوء مزاج گرم سے ہو مفید ہے ص ایک پتھر گرم کرین اور سرکہ اوسکی
اوپر چھڑکین اور بخار اوسکا ناک مین پہونچائین بہت تکرار عمل سے نفع ظاہر ہوگا بخور
بطلان اور نقصان سم کے لیے کہ سردی کے سبب سے ہو نافع ہے ص صعتر
تلی پودینہ سرکہ مین پکاکر دھونی لیوین بخور زکام اور ناک بہنے کو کہ بسبب گرمی کے
ہو مفید ہے ص کافور سات رتی بھوسی جو کی آٹے کی آٹا جو کا آٹا باقلا کا صندل
بنفشہ خشک گلاب کے پھول بڑی مائین ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر سرکہ مین
بھگو دین اور سکھاکر گلاب مین غلولہ بنائین اور حاجت کے وقت دھونی لیوین
بخور دھونی گندک کی روکتی ہی زکام کو اور دھونی لادن کی بھی نافع ہے زکام کو
اور دھونی دارچینی کی بھی مفید ہے تر زکام کو اور دھونی زوفای تر اور بابونہ کی
نزلہ کو مانع ہے اور دھونی شکر سرخ کی قطع کرتی ہے زکام کو اور دھونی سندروس
کی منع کرتی ہے نزلون کو بخور واسطے جاری کرنے فضول صفراوی کے
علت زکام مین جو بسبب سُدّہ نتھنون کے عارض ہو مفید ہے ص کاغذ مصری
نبات مصری عنبر اشہب دھنیا خشک آگ پر ڈالکر دھونی اوسکی ناک مین پہونچائین
بخور واسطے زکام کے جو بسبب خون کے غلبہ کے ہو ص بالچھڑ سندروس نبات
سفید کاغذ مصری دھنیا خشک عنبر اشہب آگ پر جلاکر دھونی لیوین بخور واسطے
کھولدینے سُدّہ نتھنون کے کہ بسبب زکام بلغمی کے ہو ص شکر سرخ کاغذ خطائی
نیا کپڑے کا چیتھڑا پرانا یا پارچہ صوف نیلا سندروس بالچھڑ سب کو آگ پر ڈالکر دھونی
لیوین بخور واسطے کھولنے سُدّہ نتھنون کے جو بسبب زکام سوداوی کے عارض ہو
ص شکر طبرزد سلارس سندروس سبکو آگ پر ڈالکر دھونی لیوین بہت مفید ہے
بخور دانتون کے کیڑون کو نافع ہے ص کتیر کی تازہ لکڑی کو نل کے اندر رکھکر
ایک سرا اوس لکڑی کا باہر نکالین اور آگ مین جلائین اور دوسرا سر نل کا دانتون پر
رکھین کہ دھونی اوسکی پہونچے بخور دانتون کے درد کو نافع ہے اور کیڑون کو

قتل کرتا ہے اور باہر نکالتا ہے ص گندنا کے بیج کوٹکر اور قطران مین ملاکر آگ پر
ڈالین اور بطریق معلوم بخار اوسکا دانتون پر پہونچاتین بخور دانتون کے کیڑون کو
مارتا ہے ص گندنا کے بیج پیاز کے بیج اجواین خراسانی برابر وزن کوٹکر اور
موم اور بکرے کی چربی مین گوندھکر آگ پر ڈالین اور دھوان اوسکا دانتون پر
پہونچاتین بخور پیشاب بچون کا کھولتا ہے ص تل سرسون بال بلّی کے
گوہ بلّی کا آگ پر ڈالین اور ناک مین دھوان اوسکا پہونچائین بخور واسطے گرادینے
حمل کے بے نظیر ہے اور بچے کی پیدائش کی آسانی کو عجیب ہے ص گوگل
بول ہوہ بیر برابر وزن کوٹکر چھانکر اور پانی مین غلولہ بناکر تبخیر کرین اور جو لادن کی
دھونی لیوین تو یہی عمل رکھتی ہے بخور مردہ اور زندہ بچے کو رحم سے باہر نکالتا ہے
ص لید گھوڑی کی رحم کے نیچے جلاتین اور بخور پوست انار شیرین کا بھی نفع
بخشتا ہے بخور مجرب واسطے عقر یعنے نے اولادی کے ص کا بیھل پشم
خرگوش تتلی خشک برابر وزن کوٹکر چھانکر ساتھ موم کے قرص بناتین اور تبخیر
کرین ص گوگل ہڈیان مچھلی کی بیگن کی جڑ کنیر کے جڑ کوہان شتر سبکو آگ پر
ڈالکر دھونی لیوین بخور واسطے بواسیر کی بہت مجرب ہی ص بھنگ کو گای کے
دودہ مین پکاتین کہ مہرا ہوجائے پس اول دھونی اوسکی لیوین اور بھنگ کو
پیسکر مخرج کے اوپر باندھین بخور واسطے درد بواسیر ریحی اور عمیا کے مجرب ہے
کمال الدین شیرازی سے ص پوست سانپ کا کہ کینچلی اوتارا ہوا ہو اور چمڑا
ہاتھی کا سوہان کیا ہوا اور گوگل اور کنیر سفید کی جڑ اور انڈے کا چھلکا
پوست انار شیرین ٹوپی ہری بیگن کی فرفیون بارہ سنگہ کے سینگ گای کی
سینگ کینچوہ خشک بال آدمی کے سر کے گوکھرو نبولہ سبکو کوٹین اور قدرے
آگ پر رکھکر دھونی لیوین بخور درد بواسیر کو تسکین بخشتا ہے ص خوب کلان
دھنیا خشک کے بیج برابر وزن ایک برتن مین جلاتین اور دھونی اوسکی مقعد
تک پہونچاتین بخور بواسیر کے خون کو بند کرتا ہے ص انزروت رانیج پوست

خرنوب مازو سب برابر وزن کوٹکر چھانکر قرص تیار کرین اور اونٹ کی مینگنیون کی
آگ پر ڈالکر دھونی لیوین بخور واسطے بواسیر کے نفع کامل بخشتا ہے کدو کو بدفعات
اونٹ کی مینگنیون کی آگ پر ڈالکر دھونی لیوین بخور جدری یعنے آبلہ چیچک کو تخفیف
دیتا ہے ص گلاب کے پھول سرخ مورد کے پتے جلائین اگر موسم گرم ہو اور
سردی کے ایام مین جھاؤ کی پتی سلگائین بخور جھاجن کو مفید ہے ص چھال
ببول کی پوست درخت آملہ ہر ایک پانچ سیر دو سیر پانی مین اوس دیگ مین جسکا
منہ مضبوط بند کیا ہو جوش کرین بعد اوسکے لحاف اوڑھ کر ابخرہ اوسکے ہاتھ پاون کو
پہونچائین اور نیمگرم پانی سے اون ہاتھ پاون کو دھووین پھر مسکہ گائے کا طلیہ
بخور واسطے زخم آتشک و بواسیر اور نواصیر کے نہایت مجرب ہے اور بے نظیر
ص اسبند آٹھ ماشہ اجواین خراسانی چار ماشہ اجواین دیسی چار ماشہ شنگرف
دس ماشہ زغال یعنی کوئلہ دس ماشہ برابر وزن کوٹکر چھانکر سفوف بنائین اور
اسکی چودہ پوڑیان باندھین واسطے زخم کے کرسی پر بیٹھکر اور چادر اوڑھ کر ایک پڑیا
سفوف کی آگ پر رکھکر زخم کے اوپر پہونچائین اور جو بواسیر اور نواصیر ہووے
تو ایک گڑہا چھوٹا کھودین اور اس سفوف سے آگ پر ڈالکر اور اوس گڑھے
مین رکھکر مقعد اوسکے اوپر رکھین اور دھونی لیوین اور جو بسبب بیماری
آتشک کی تالو مین سوراخ ہو گیا ہو تو چاہیے کہ دھوان اس سفوف کا بطرح
تمباکو کے کھینچین نافع ہوگا بخور برشعثا موافق نسخہ معمول کالی مرچ سفید مرچ
اجواین خراسانی ہر ایک ساڑھے سات تولہ افیون خالص پونے چار تولہ
زعفران ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ بالچھڑ عاقرقرحا فرفیون ہر ایک یکجزو شہد
تین جزو بدستور مفرح مرتب کرین جسقدر پرانا ہو گا بہتر ہوگا باب دوسرا حرف الباے
بروداتمین برود آنکھونکی حفاظت کرتا ہے اور نگاہ کو قوت بخشتا ہے اور
آنسو بہنے کے مرض کو دفع کرتا ہے ص مشک خالص چار رتی ڈیڑہ چاول
کافور ایکماشہ تین چاول زعفران تیبج پات برگ تج ہر ایک ساڑھے تین ماشہ

موتی بے سوراخ سات ماشہ سونا مکھی دو تولہ چار ماشہ توتیائی سبز لوبل میل سونی گلابی ہر ایک ساڑھے تین تولہ سنگ سرمہ بھگو یا ہوا مہینہ کے پانی یا کوئین کے پانی مقدار چھ تولہ - اول چاہیے کہ نیلہ تھوتھ اور سنگ سرمہ اور موتی اور سونا مکھی کو تین دن تک پیسین اور سکھائین اور اور دوائین کوٹکر اور باریک چھانکر ملائین اور حاجت کے قدر استعمال فرمائین **برود** آنسو بہنے کو مفید ہے **ص** گٹھلی کابلی ہڑ کی جلی ہوئی ساڑھے دس ماشہ مازو نمک اندرانی ہر ایک سوا پانچ ماشہ **برود رمان** آنکھ کو جلا دیتا ہے اور اس امر مین بالغ النفع ہے **ص** پوست انار شیرین اور ترش ہر ایک کو جدا جدا نچوڑین اور دو برتنون مین سربستہ سورج کے نیچے رکھین اور ہر مہینے تفل پاک کرتے ہین پھر برابر وزن دونون کو جمع کر کے ہر چھٹانک کم آدھ سیر پراو ایلوا کالی مرچ پیپل نیلہ تھوتھ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ پیسکر ڈالین جتنا پرانا ہوگا بہتر ہوگا آنکھ مین ٹپکائین یا سلائی سے لگائین حاجی جلال الدین لکھتا ہے کہ اگر قدرے زرد ہڑ کو ٹکر چھانکر تنہا اور اسی طرح نبات مصری تنہا اس پانی مین داخل کرین تو بہت مفید ہوگی **برود کدو** واسطے ورم گرم ملتحمہ کے نہایت نافع ہے **ص** نیلہ تھوتھ کو کوٹکر اور کپڑے مین چھانکر تازہ کدو کے پانی مین آٹھ روز پالکر اور سکھا کر دوبارہ بہت باریک پیسکر استعمال کرین **برود** سفیدی چشم اور آنسو بہنے کو مفید ہے اور مرض تاریکی چشم کو بھی نافع اور ابتداء نزول اور خیالات کو فائدہ بخشتا ہے اور آنکھ کو قوت دیتا ہے اور رطوبت کو آنکھ کی کھینچتا ہے **ص** تیج پات پونے دو ماشہ جوا کھار ساڑھے تین ماشہ نشاستہ سات ماشہ سرمہ اصفہانی پونے دو تولہ سبکو مثل غبار کے پیسکر استعمال کرین **برود** واسطے پھنسیون دہن کے مفید ہے اور قلاع گرم کو نافع **ص** گلاب کے پھول سرخ مسور دھوئی ہوئی دھنیا کے بیج ہر ایک ساڑھے تین ماشہ باقلا شیاف مامیثا گل قیمولیا یعنی مٹی کٹھالی کی ہر ایک پونے دو ماشہ کافور زعفران ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول **برود** منہ کے پرانے زخمون کو نفع بخشتا ہے اور قلاع کو نافع ہے تیزی کے وقت کام آتا ہے اور

بچی پہونچاتا ہے حص کافور چہارم جزو پتی نکوہ خشک کی دھنیے خشک کے بیج جلے ہوئے سماق سنبل دانہ ہر ایک ایکجزو گلاب کے پھول سرخ بنسلوچن تخم باقلا مٹر نشاستہ ہر ایک دو جزو مغز بادام شیرین چھلے ہوئے تین جزو رات اور دن اکثر چھڑکین بَرُود واسطے خناق کے حص گلاب کے پھول سرخ مازو مسور دھوئی ہوئی سماق گلنار بڑی ماتین شکر طبرزد پودنیہ ہر ایک ایکجزو عاقرقرحا کبابچینی بڑی الایچی زعفران ہر ایک نصف جزو کوٹکر چھانکر حلق مین پھونکین ✤

باب تیسرا بنادق مین اور یہہ باب دو فصل پر شامل ہے فصل پہلی اقسام بنادق مین کہ بیماریون سے گردہ اور مثانہ اور اعضاء تناسل کے علاقہ رکھتے ہین فصل دوسری اون مرکب نسخو نمین جو بلفظ بندقہ لکھا جاتا ہے اور اعضاء مذکورہ کے سوائے اور بیماریون مین مستعمل ہوتے ہین فصل پہلی —

بنادق البزور — مین پرانے زخمون کو پیشاب کے راستون کے نافع ہے حص کدو کے بیجون کی گری سات ماشہ خربوزہ کے بیج چار تولہ آٹھ ماشہ کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری اجواین خراسانی سفید خرفہ کے بیج چھلے ہوئے ہر ایک سات ماشہ خطمی سفید کے بیج کتیرا نشاستہ ست ملیٹھی کا خشخاش کے بیج سفید گیرو اجمود کے بیج ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر بنادق بنائین دیگر مجرب میرزا باقر ولد حکیم عماد الدین محمود حص کھیرے ککڑی کے بیجونکی گری خرفہ کے بیج چھلے ہوئے ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ خشخاش سفید خشخاش سیاہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اجمود کے بیج چودہ ماشہ نکوہ خشک پونے دو تولہ خربوزہ کے بیجون کی گری تین تولہ کتیرا گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ گیرو دہویا ہوا سات ماشہ نبات سفید تین پاؤ کوٹکر چھانکر اور پانی مین گوندھ کر بنادق کرین دیگر واسطے ورمون آلات بول کے چھلے مواد پکنے سے دیوین حص کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری کدو ی شیرین کے بیجون کا مغز خرفہ کے بیج کاسنی کے بیج خطمی کے بیج اسبغول تخم بارتنگ سب برابر وزن لیکر سوائے اسبغول کے اور سبکو کوٹین اور بنادق بنائین قدر خوراک

ساڑہے دس ماشہ اور گردہ کے ورم مین چاہیے کہ عوض پانی کے ککڑی کا پانی
یا کدو کا پانی پکا کر یا تربوز کا پانی دیوین نفع کلی بخشتا ہے دیگر واسطے پیشاب کی
جلن کے مفید ہے اور جرب گردہ اور مثانہ کو نفع بخشتا ہے اور پیشاب کی دشواری
کو آسان کرتا ہے ص میٹھے کدو کے بیجون کی گری اجواین خراسانی سفید خرفہ کی
بیج خطمی کے بیج بادام چھلے ہوے کی گری کتیرا جاوتری ست ملہٹی کا خشخاش
گیرو اجمود کے بیج ہر ایک سات ماشہ ککڑی کے بیجون کی گری ساڑہے سترہ
ماشہ خربوزہ کے بیجون کی گری ساڑہے تین ماشہ دواؤن کو نرم کوٹکر لعاب بیدانہ
مین بنادق بناتین ہر بندقہ بقدر ساڑہے تین ماشہ کی خوراک تین بندقہ ساتھ شربت
خشخاش یا شربت بنفشہ کے اور جو بنفشہ خشک یا تخم خشخاش سفید یا دونون
پانی مین پیسکر یا نبات مصری مین شیرین کر کے ہمراہ بنادق کے نوش کرین تو روا ہے
اور جو دھنیہ خشک رات کو گلاب مین ترکرین اور صبح کو صاف کر کے شربت بنفشہ
کے ساتھ دیوین تو پرانے اور نئے زخمون کے درد کو بہت تسکین دیگا صاحب
قرابادین قادری لکھتا ہے کہ مین نے اس نسخہ مین نشاستہ سفید ساڑہے دس ماشہ کا بخ
ساڑہے سترہ ماشہ اضافہ کر کے استعمال کیا ہے تو سریع العمل پایا ہے دیگر مثانہ
مین خون کے جمنے کو مفید ہے منقول قانون سے ص ہوہ بیر ہینگ اشق
مجیٹھ سکو برابر وزن کوٹکر چھانکر بنادق تیار کرین قدر خوراک چار بندقہ ساتھ ماء الاصول
کے **فصل دوسری** بندقہ مین **بندقہ** کہانا اوسکا منہ کی بدبو کو کھوتا ہے اور
گندا کھانے کی بدبو کو دور کرتا ہے شاخین مورد کی اور ہموزن اوسکے مویز
منقے کوٹین اور چار بندقہ بنائین ایک ناشتا اور ایک سوتی وقت کھائین نسخہ
بندقہ منقول بیاض علوی خان سے دوا ہندی ہے ص نال مکھانہ اوٹنگن کے
بیج بیج بند تخم سرداہی تخم کونچ جائفل جاوتری دانہ چھوٹی الایچی کے بڑی الایچی
بالچھڑ چھریلا تیج پات نرکچور موصلی سیاہ موصلی سفید بڑی مائین سپیاری کے
پھول لسنہ کی پھول دھاوی کے پھول انڈی برم ڈنڈی کیکر کے پھول کنیر کے پھول

جرب گردہ و مثانہ پھنسیان چھوٹی چھوٹی ہوتی ہین گردہ یا مثانہ مین جسکے سبب سوزش ہوتی ہے اور خارش بھی ہوتی ہے اور خارش اکثر اوسوقت ہوتی ہے جب وہ پھنسیان ٹوٹ جاتی ہین ۱۲

پوست کیکر پوست درخت مولسری سپیاری چھالیہ اندرجو شیرین کالی مرچ پیپل سونٹھ دارچینی سمندرسوکھ صمغ پلاس مازو پھل جوزالسرو سمندر پھل سنگھارہ ثعلب مصری گوند سنبھل کا گوند سنبھنہ کا زعفران مغز نارجیل یعنے ناریل کی گری چھوہارہ اخروٹ کی گری میٹھے بادام کی گری گوند ببول کا چرونجی مغز پستہ مشک خالص چلغوزہ کی گری کھیلی کھیلا ستاور گوکھرو اسگند ناگوری بج کوٹکر چھانکر اگر چاہین اسیطرح استعمال کرین اور جو چاہین تو شہد اور قند سفید کے قوام مین معجون کرین بندقہ کہ عرف مین ساتھ نام کھلوری کے مشہور ہے ص کتھ یا پڑیا خوب جسقدر کہ ہو موافق اوسکے وزن کے اس مصالح مین خمیر کرین ص صندل سفید صاف بنسلوچن سفید دانہ چھوٹی الایچی کے پانی ملٹھی کا شیرہ بادام چھلے ہوئے کا کافور بہمن سرخ بہمن سفید جسقدر کہ خرچ ہو گلاب اور عرق بید مشک مین خرچ کرکے بندق تیار کرین **حرف التا باب التریاق** دو فصل پر شامل ہے فصل پہلی اون تریاقات مین جو اعضا کی بیماریون کے لیے دیتے جاتے ہین فصل دوسری اون تریاقات مین جو زہر کے واسطے کام آتے ہین خواہ زہر کھایا ہو یا کسی جانور زہرناک نے کاٹا ہو **فصل پہلی تریاقات امراض اعضا مین تریاق اربعہ** یعنی تریاق چہار دارو گرم تیسری درجہ مین ہے اور خشک چوتھے مین ہے نفع کرتا ہے سرد بیماریونکو خصوصاً مرگی کو اور سدون کو کھولتا ہے اور خفقان سرد اور دردون جگر اور تلی کو مفید ہے اور ریاح معدہ کو توڑتا ہے اور آنتون کی ریح کو بھی دفع کرتا ہے اور بچھو اور سانپ اور مکڑی اور زمین کے کیڑونکے کاٹنے کو مفید ہے اور جاری کرتا ہے پیشاب کی راہ اون فضول کو جو بسبب سردی کے بند ہوگئے ہون اور بچہ کی پیدایش کو آسان کرتا ہے اور رحم سے باہر نکالتا ہے اور جلد کی بیماریون کے علاج مین جلد یہ دواؤن مین بھی واقع ہے قدر خوراک اسکی ساڑھے چار ماشہ ہے اور دو برس تک قوت باقی رہتی ہے ص حب الغار مرکی بکھان بید زراوند طویل سبکو کوٹکر چھانکر شہد جھاک اوتارے ہوئے بقدر

جوز السرو پھل
درخت سرو کا پھل

کفایت ہین گوندہین اور گرم پانی کے ساتھ دیوین **تریاق الاسنان** قدیمی طبیون کی تالیفات سے ہے اور نہایت مجرب اور دانتون کے درد کو تسکین دیتا ہے **ص** سونٹھ گول مرچ ہینگ جندبیدستر افیون برابر وزن شہد مین گوندھین اور دردناک دانتون پر قدرے رکھین اور مولف شفاء الاسقام نے اور دواتین اوسمین بڑہائی ہین **ص** زراوند مدحرج سلارس ہر ایک نصف اجزاء سابق تحفۃ المومنین سے منقول ہے **تریاق ثمانیہ** یعنے تریاق ہشت دارو نفع اسکا تریاق اربعہ سے زیادہ ہے واسطے مرگی اور لقوہ کے مفید اور ریاح کو توڑتا ہے اور اثر زہر کھائی ہوتے اور جانور زہردار کے کاٹے ہوتے کا دفع کرتا ہے **ص** زراوند طویل ریوندچینی پوست کبر کی جڑ کا حب الغار مُرمکی یعنے بول کو ٹہم تلخ ہلدی بکھان بید رومی کوٹکر چھانکر شہد صاف کیے ہوتے مین گوندھین قدر خوراک ساڑہے چار ماشہ اور دو برس تک قوت اسکی باقی رہتی ہے **تریاق** واسطے ذرب یعنے معدہ کے دستون کے مفید ہے اور ضعف معدہ اور آنتون کا دور کرتا ہے اور اعضاء رئیسہ کو قوت بخشتا ہے **ص** چاندے کے ورق ساڑہے تین ماشہ اگر خام اجواین خراسانی ہر ایک سات ماشہ موتی بے سوراخ کہربا مونگا عقیق سنگ یشم تبسلوچن طراثیث دھنیہ خشک بھونا ہوا صندل سفید بہمن سرخ بہمن سفید چھالیہ ناگرموتھ زیرہ کرمانی نسوت مصطگی گرویا مازوی سبز گیرو پوست بیرون پستہ ہر ایک ساڑہے دس ماشہ خرفہ کے بیج بھونے ہوتے ساڑہے سترہ ماشہ شادنج عدسی دھویا ہوا گوند ببول کا آٹا بیر کا آٹا سنجد کا تخم مورد گٹھلی بھونی ہوتی عناب کی گٹھلی مویز کی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ دانہ انگور کے بڑے بڑے ساڑہے سترہ ماشہ پانی بہی بہ کا پانی میٹھے سیب کا پانی مورد کا برابر وزن دو چند سب دواؤن کے قند سفید سہ چند سبکے **تریاق نزلہ** نام ایک لعوق کا ہے کہ نزلہ کے گرنے کو نافع ہے اور کھانسی کو نافع اور آزمایا ہوا ہی اور جو یہہ دوا سریع النفع ہے اور کثیر المنفعت اسواسطے ساتھ نام تریاق کے

موسوم ہو ہی ص اسطوخودوس ساڑہے سترہ ماشہ گاوزبان گیلانی کے پھول مورد کے بیج دھنیا خشک ہرایک تین تولہ کاہو کے بیج چھ تولہ اجواین خراسانی پوست خشخاش ہرایک ساڑہے دس ماشہ خشخاش کے بیج سفید گیارہ تولہ آٹھ ماشہ بھگو کر جوش کرین اور قند سفید آدھ پاو اوپر سیر اضافہ کرکے قوام دیوین اور آخر قوام مین گلاب کے پھول ست ملہٹی کا نشاستہ گوند ببول کا کتیرا امرکی یعنے ببول ہرایک ساڑہے سترہ ماشہ نرم پیسکر اوسمین ڈالین قدر خوراک ساڑہے تیرہ ماشہ لکھا ہے مگر جسقدر معمول ہے ساڑہے چار ماشہ ہے **فصل دوسری** اون تریاقات مین جو اثر زہر کھائے ہوئے اور جانورون زہرناک کے کاٹے ہوئے کا دور کرتی ہین **تریاق** بلیغ النفع سانپ کے کاٹنے مین طبیبون نے تریاق کبیر کے برابر تصور کیا ہے ص زراوند مدحرج جندبیدستر ہرایک سوا پانچ ماشہ کالی مرچ ساڑہے دس ماشہ سونف رومی تین تولہ کوٹکر چھانکر ساتھ میفختج بالہ کے گوندھین قدر خوراک ساڑہے تیرہ ماشہ **تریاق** حب اترج واسطے دور کرنے اثر زہر کھاتے ہوئے اور جانورون کے کاٹے ہوئے کے مشترک النفع ہے ص کھانے کا نمک تلی کی تیی ہرایک ایکتولہ ساڑہے دس ماشہ ترنج کے بیج چھلے ہوئے پونے چار تولہ اخروٹ کی گری سوا گیارہ تولہ انجیر کوٹے ہوتے اوسقدر کہ دوائین جسمین گوندھ سکین پس سبکو جدا جدا کوٹکر اور وزن کرکے انجیر کوٹے ہوئے مین گوندھین قدر خوراک پونے چار تولہ **تریاق** باولے کتے کے کاٹے ہوئے کو نافع ہے ص پکھان بید کندر ہرایک ساڑہے سترہ ماشہ سرطان جلا ہوا پونے چار تولہ شہد مین گوندھین قدر خوراک ساڑہے چار ماشہ چند روز ہمیشگی کرین **تریاق الطین** واسطے زہر کے نافع ہے اور خواص اسکا یہ ہے کہ جسوقت کھائین جبتک زہر سے پاک نہووین قے نہ تھمے اور جو قے نہ ہووے تو دلیل اس امر کی ہے کہ زہر نہین کھایا ہے ص گل مختوم حب الغار نیلی سوسن کی جڑ برابر وزن کوٹکر چھانکر گاے کے گھی مین چرب کرین اور شہد مین گوندھین قدر خوراک ایک فندقہ

تریاق عقرب بچھو کے کاٹے ہوے کو بہت نفع بخشتا ہے **ص**
پکھان بید زر اوند جب اذخارہ کوٹھ تلخ شہد یعنی گول بیج بھنگ کے تخم سپید جنطیان
عاقرقرحا کلونجی سونٹھ کالی مرچ ہینگ برابر وزن شہد مین گوندھین قدر خوراک
ساڑھے تیرہ ماشہ **دیگر** یہی عمل رکھتا ہے **ص** زراوند مدحرج پوست کنیر
برابر وزن کوٹکر چھانکر ساڑھے تین ماشہ ہمراہ شراب کے کھائین **تریاق دیگر**
مردار سنگ اجمود کے بیج مرکی یعنی بول برابر وزن کوٹکر چھانکر نو ماشہ ساتھ
دو تولہ دس ماشہ شراب اور دو تولہ دس ماشہ جوشاندہ اجمود کے دیوین اور
ساتھ جوشاندہ سویا اور جوا کھار کے مکرر قے فرمائین اور ساتھ جوارش سفرجل
مسہل کے شکم کو نرم رکھین اور حقنہ تند کام مین لائین اور شراب صرف پرانی
اور زنجبیل مربی دیوین اور جو کسی آدمی نے سفیدہ کھایا ہووے ساتھ شہد کے
پانی اور جوشاندہ انجیر کے قے فرمائین اور سات رتی سقمونیا ساتھ شہد کے
پانی مین دیوین اور بعد اوسکے عصارہ افسنتین اور دوائین ادرار کرنے والی
ساتھ شہد کے پانی کے استعمال فرمائین **حرف الجیم** تین باب پر شامل ہے
باب پہلا جوارشات مین **باب** دوسرا جواہر مہرہ مین **باب** تیسرا جلاب
اور گلقند کے نسخو مین دو فصل پر منقسم ہے **باب** پہلا جوارشات مین
جوارش آملہ مقوی معدہ ہے اور گرم مزاج والون کو موافق ہے مجربات
حکیم علوی خانصاحب مرحوم سے **ص** آملہ گٹھلی سے صاف اور پاک کیا ہوا
پندرہ تولہ آدھ سیر گلاب اور آدھ سیر عرق بید مشک مین بھگو وین صبح کو خوب
جوش دیکر مہرا کرین اور کپڑے مین چھانکر بعد اوسکے نبات مصری آدھ سیر اور شہد
خالص پندرہ تولہ داخل کرکے قوام دیوین اور سوتی نلے سوراخ دو تولہ صندل
سفید ابریشم کترا ہوا گلاب کے پھولون کی کلیان گاوزبان کے پھول چھوٹی
الائچی کے دانے ہر ایک ایک تولہ عنبر تین ماشہ سونے کے ورق تین ماشہ
چاندی کے ورق نو ماشہ پوست بیرون پستہ دارچینی ہر ایک ایک تولہ کوٹکر چھانکر

اور اوسمین گوندھکر معجون تیار کرین جوارش آملہ دیگر واسطے عالیجاہ برادر نادر شاہ کے تیار ہوئی تھی کہ اونکو پرانا زخم اور ضعف معدہ اور بواسیر اور ضعف باہ لاحق تھا اس جوارش کے کھانے سے سب بیماریون مذکورہ مین تخفیف حاصل ہوئی صرشبر صندل سفید پانچتولہ ساڑھے ساتماشہ زرشک بے دانہ ایکتولہ ساڑھے دس ماشہ فادزہر کانی کہربای شمعی گل داغستانی گل ارمنی دھوئی ہوئی طباشیر سفید بڑی ماتین گوند ببول کا اجواین خراسانی سفید تخم ہلیون گلاب کے پھولون کی کلیان طراثیث شیر بن عنبر اشہب ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کو کھرو پلا ہوا نو ماشہ دھنیا خشک کی بیج خرفہ چھیلے ہوتے کے بیج کھیرے گگڑی کے بیجون کی گری خربوزہ کی بیجون کی گری ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ مایہ شتر اعرابی سوا دو ماشہ قند سفید آدھ سیر رب میٹھی بہ کا رب میٹھے سیب کا گلاب عرق بید مشک ہر ایک ساڑھے سات تولہ بدستور مرتب کرین جوارش آملہ نسخہ معمولی گو کو قوت دیتی ہے اور بھونک پیدا کرتی ہے اور خوش ذائقہ ہے اور بواسیری دستون کو دفع کرتا ہے صں آملہ گٹھلی سے دور کیا ہوا اور دودھ مین پلا ہوا دس تولہ دھنیا چھلے ہوے کے بیج چھ ماشہ گلاب کے پھولون کی کلیان سیب جلی ہوی ہر ایک چار ماشہ مصطگی طباشیر سفید دانہ چھوٹی الایچی کے اگر ہندی سماق ہر ایک تین ماشہ پانی کاغذی لیمو کا چار تولہ قند سفید آدھ سیر قوام دیگر جوارش تیار کرین جوارش آملہ کہ گرم تر ہے معدہ کو طاقت بخشتی ہے اور بھونک پیدا کرتی ہے اور جگر کی حرارت کو تسکین دیتی ہے اور تفریح اور تقویت دل کی کرتی ہے اور صفراوی دستون کو بہت نافع ہے صں عنبر اشہب سونے کے ورق چاندی کے ورق ہر ایک ایکماشہ تین چاول سونی بے سوراخ دو ماشہ چھ چاول طباشیر سفید صندل سفید سماق بے دانہ زرشک بے دانہ گلاب کے پھولون کی کلیان ہری ٹوپیون سے صاف کی ہوئین بادرنجبویہ پوست بیرون پستہ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ دھنیا خشک چھیلا ہوا خرفہ کے بیج چھیلے ہوے ہر ایک نو ماشہ شیر آملہ ساڑھے چار تولہ نبات مصری سفید رب میٹھی بہ کا ہر ایک وزن جوارش آملہ

آملہ کو سرکہ مین بھگو کر دو تولہ لیوین اور اگر ہندی اور مصطگی ہر ایک ایکتولہ پوست ترنج پوست
بیرون پستہ ہر ایک سات ماشہ قند سفید آدھ پاو کم سیر بدستور معمول مرتب کرین
جوارش قابض معدہ کو قوت دیتی ہے اور خلفہ کی مرض کو مفید ہے ص امرود
پاک سترہ تولہ سیب پاک کیا ہوا بہ پاک کی ہوی چھٹانک کم آدھ سیر سکو سرکہ تند مین
پکائین اور کوٹین پھر آدھ پاو کم سیر شہد مین پکائین کہ گرہ بند ہ جاتے بعد اوسکے آگ
پر سے اوتار کر بنسلوچن دو تولہ دس ماشہ زرشک پانچ تولہ آٹھ ماشہ ڈالین اور ہلائین
کہ بھنجاتے **جوارش مربای آملہ** ہچکی کو نافع ہے اور ابخرہ معدہ سے دماغ
کی طرف اوٹھنے نہین دیتی اور مرض دوران سر اور خفقان کو مفید ہے ص
مربا ہڑ کا مربا آملہ کا ہر ایک آدھ پاو عرق گاوزبان اور گلاب تند مین ڈالکر چھانین
پھر ساتھ قند سفید اڑہائی پاو کے قوام دیکر بنسلوچن صندل سفید موتی نے سوراخ
دانہ چھوٹی الایچی کے پوست بیرون پستہ تیج پات مونگا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
دھنیا خشک چھیلا ہوا گلاب کے پھول ابریشم کترا ہوا گاوزبان کے پھول نیلی
پوست ترنج ہر ایک نو ماشہ عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک سوا دو ماشہ چاندی کے
ورق پچیس عدد اضافہ کرین قدر خوراک سات ماشہ سے ساڑھے دس ماشہ تک
جوارش شاہی نافع علونجان مالیخولیا مراقی کو نے نظیر ہے اور معدہ اور
دل کو قوت دیتی ہے اور فرحت بخشتی ہے آٹا زرشک کا نو تولہ ساڑھے چار ماشہ
آملہ مربا ہڑ کا مربا گٹھلی دور کیا ہوا گلاب اور عرق بید مشک ہر ایک ساڑھے باتیس تولہ
مین پکائین کہ مہرا ہو جاتے صاف کرین بعد اوسکے کھٹے انار کا شربت اور میٹھے
انار کا شربت بنات سفید ہر ایک نو تولہ ساڑھے چار ماشہ سکنجبین سوا گیارہ تولہ شربت
ترنج کا شربت لیمو کا شربت آلو بخارا کا ہر ایک پونے سترہ تولہ داخل کر کے قوام
دلوین اور عنبر اشہب نو ماشہ ابریشم کترا ہوا سونے کے ورق چاندی کے ورق
موتی نے سوراخ ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ گاوزبان گیلانے کے پھول گلاب
کے پھولون کی کلیان ہر ایک ایکتولہ ساڑھے دس ماشہ کو ٹکر چھانکر گوندھین قدر

خوراک سات ماشہ ہے **جوارش آملہ لولوی** معدہ اور دل کو قوت بخشتی ہے
ص شیر آملہ زرشک بنے دانہ پانی خالص اور گلاب اور عرق گاوزبان کا اور پانی
کھٹے اور میٹھے انار کا اور عرق بیدمشک کا عرق بادرنجبویہ کا ملاکر پکائین اور کپڑے مین
چھانین اور ساتھ شیرہ نبات سفید کے قوام دیوین بعد اوسکے سونے کے ورق
چاندی کے ورق عنبر اشہب ہر ایک تین ماشہ موتی بنے سوراخ یاقوت رمانی کہربائی
شمعی دارچینی مصطگی ہر ایک چھہ ماشہ پوست زرد ترنج کا نو ماشہ دانہ چھوٹی الایچی کے نبلو حجر
سفید ابریشم کترا ہوا صندل سفید گاوزبان کے پھول دھنیا خشک چھیلا ہوا ایک ایک تولہ
بدستور اوسمین گوندھین قدرے خوراک چھہ ماشہ **جوارش اترج** لقوہ اور فالج اور استرخا کو
نافع ہے اور دماغ اور معدہ اور پٹھون کو قوت دیتی ہے تالیف حکیم معتمد الملوک
ص شیر آملہ ساڑھے تیرہ ماشہ ایک رات عرق بہار نارنج اور گلاب ہر ایک چھہ چھہ تولہ
مین بھگووین دوسرے دن جوش کرین کہ مہرا ہوجاتے کپڑے مین چھانکر پوست
زرد ترنج کا ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ اذخر مکی تگر سونف رومی اجواین دیسی
بہمن سفید دارچینی ناگرموتھ طالیسفر چھالیہ سلیخہ گلاب کے پھول چھوٹی الایچی
تج قاشم کندر مصطگی رومی ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ جائفل پیپل کالی مرچ بالچھڑ اگر
ہندی لونگ ہر ایک نو ماشہ زعفران عنبر اشہب مشک تبتی ہر ایک ایک تولہ ساڑھے
دس ماشہ دواؤن کو کم کوٹکر چھانکر شہد صاف کیا ہوا چھٹانک کم ڈیڑہ سیر آملہ مذکور مین
داخل کرکے قوام دین اور دوائین بدستور گوندھین قدرے خوراک سات ماشہ اور
کبھی جند بیدستر اور نرلیسی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ داخل کرتی ہین **جوارش**
اسقف بلغم خام کو معدہ اور آنتون سے نکالتی ہے اور قے کو باز رکھتی ہے اور
قولنج کو کھولتی ہے اور ریاح بواسیر اور درد خاصرہ اور درد پشت کو نفع بخشتی ہی
منقول قادری سے **ص** دارچینی آملہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا جاوتری مصطگی
لونگ جائفل ہر ایک سات ماشہ کالی مرچ سونٹھ ہر ایک چودہ ماشہ نسوت مجوف سفید
دو تولہ سوا دو ماشہ قند سفید چھہ تولہ کوٹکر چھانکر شہد مین گوندھین قدرے خوراک واسطے ہضم

کو سات ماشہ اور واسطے دستون کے پونے دو تولہ جوارش اسقف
لقوہ کو نافع ہے اور قولنج کھولتی ہے اور ریاح معدہ اور بواسیر کو دفع کرتی ہے
اور درد خاصرہ اور پشت کو بھی دور کرتی ہے اور قے کو مانع ہے قدر خوراک
واسطے ہضم کے سات ماشہ اور واسطے دستون کے پونے دو تولہ اص
سونٹھ دارچینی آملہ چھیلا ہوا لونگ بسفایج جائفل ہر ایک پونے نو ماشہ کالی مرچ
چھوٹی الایچی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ سقمونیا تربد سفید ہر ایک ساڑھے
سترہ ماشہ قند سفید سوا چھبیس تولہ کو لگر چھانکر شہد مین گوندھین جوارش انارین
معمول واسطے تقویت معدہ اور جگر کے مفید ہے اور جس شخص کی بھونک
بالکلیہ گم ہوگئی ہو اوسکے لیے یہ جوارش عجیب و غریب ہے ص پانی کھٹے
اور میٹھے انار کا قند سفید ہر ایک ایک سیر پانی ہرے پودینے کا گلاب ہر ایک
گیارہ تولہ آٹھ ماشے بالچھڑ مصطگی ہر ایک تین تولہ چار ماشہ بڑی الایچی پوست ترنج
ہر ایک چار ماشہ پوست بیرون پستہ ساڑھے تین ماشہ چھوٹی الایچی تین ماشہ
جوارش انارین قابض معمول قند سفید پاؤ سیر پانی لیمو کا تیرہ تولہ چار ماشہ
شربت حب الآس گیارہ تولہ آٹھ ماشہ پانی کھٹے اور میٹھے انار کا گیارہ تولہ آٹھ
ماشہ شربت لیمو کا پانی ہرے پودینے کا شیرہ مربای آملہ ہر ایک چھ تولہ آٹھ ماشہ
گلاب تین تولہ چار ماشہ مصطگی چھوٹی الایچی کے دانے زہر مہرہ ہر ایک تین ماشہ
گلاب کے پھول زیرہ گلاب کا بیج ترکی جائفل اگر ہندی بنسلوچن ہر ایک
دو ماشہ بدستور معجون کرین جوارش انبر باریس انبر باریس کو فارسی مین زرشک
کہتے ہین معدہ اور جگر اور آنتون کو قوت دیتی ہے اور حرارت معدہ اور جگر کو
تسکین بخشتی ہے اور معدہ پر مواد کے گرنے کو مانع ہے اور صفرا کو نکالتی ہے
اور پیاس کو بجھاتی ہے اور جوش خون کو تسکین دیتی ہے ص پانی زرشک
تازہ کا اگر تازہ نہووے تو پانی زرشک خشک کا جوش دین اور صاف کرین
اور قند کو قوام دیکر جوارش تیار کرین دیگر ضعف معدہ اور آنتون کو مفید ہے

اور دستون کو نافع ہے ص مونگے کی جڑ موتی نے سوراخ ہر ایک سات ماشہ نبسلوجن
کہربا مصطگی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ خرفہ کے بیج ساڑہے سترہ ماشہ زرشک سماق
بے دانہ تخم مورد پوست بیر کا اجواین دیسی سونٹھ کھیرے ککڑی کے بیج ہر ایک پونے
دو تولہ بارتنگ دو تولہ کوٹکر چھانکر ساتھ رُب بہ اور جو کے پانی کے گوندھین قدر
خوراک ساڑہے دس ماشہ تک جوارش تخم مویز دستون کو بند کرتی ہے ص
مصطگی گلنار ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ تخم مورد سماق ہر ایک تین تولہ تخم مویز گوند
ببول کا ہر ایک چھ تولہ شہد مین گوندھین جوارش باردتپون مین اور سوای
تپون کے بھی دے سکتے ہین دستون کو روکتی ہے ص کافور ساڑہے دس ماشہ
نبسلوجن کہربا دقیق خیری چھالیہ ہر ایک چودہ ماشہ شاہ بلوط زعفران نیلوفر ہر ایک
ساڑہے سترہ ماشہ گلاب کے پھول تخم مورد ہر ایک پونے دو تولہ جو کے بیج بھونے
ہوئے دو تولہ سماق دو تولہ چار ماشہ زرشک عنبر اشہب سیب ہر ایک تین تولہ
انار کے دانے چار تولہ ساڑہے چار ماشہ رُب ترنج یا رُب سیب مین گوندھین +
جوارش جاودانی معدہ کو قوت بخشتی ہے اور کھانا ہضم کرتی ہے اور قوت
حافظہ کو بڑہاتی ہے اور بواسیر کو نافع ہے اور رنگ کو صاف کرتی ہے اور منہ کو
خوشبو دیتی ہے ص جائفل جاوتری لونگ دارچینی بالچھڑ ناگرموتھ آملہ پاک کیا ہوا
ہر ایک ایک جزو کوٹکر چھانکر شہد مین گوندھین قدر خوراک سات ماشہ ہے جوارش
جلالی تالیف جلال الدین طبیب معدہ کو قوت دیتی ہے اور بھونک غذا کی بڑہاتی
ہے اور ضعف گردہ کا دور کرتی ہے اور منی کو زیادہ کرتی ہے اور مجامعت کو
قوت دیتی ہے ص مشک چار رتی ڈیڑہ چاول سونف رومی اجمود کے بیج
ہر ایک ساڑہے چار ماشہ سُنبل پونے سات ماشہ کالی مرچ نو ماشہ زیرہ کرمانی مدبر
بسرکہ مصطگی پودینہ خشک اگر ہندی ہر ایک ڈیڑہ تولہ بالچھڑ تج لونگ دارچینی بڑی
الایچی ہر ایک پونے چار تولہ قند سفید سبکے برابر کوٹکر چھانکر شہد جھاگ لیے ہوئے مین
گوندھین قدر خوراک ساڑہے چار ماشہ نو ماشہ تک جوارش جالینوس قفص

سعدہ کو دور کرتی ہے اور ہاضم ہے اور نفخ کو دفع کرتی ہے اور معدہ کو قوت بخشتی ہے
اور جگر اور آنتون کو بھی قوی کرتی ہے اور بالون کی سیاہی کو نگاہ رکھتی ہے اور سودا
اور صفرا کو نافع ہے اور گردہ کو گرم کرتی ہے اور کھانسی بلغمی اور درد سر رطوبی قدیم
اور جدید کو مفید ہے اور روشنی آنکھ کی بڑہاتی ہے اور خلط خام کو اعضا کے جوڑون سے
نکالتی ہے اور عقل کو زیادہ کرتی ہے اور شہوت جماع کی بافراط غالب کرتی ہے
اور آواز کو قوی کرتی ہے اور عورت مرد کو فربہ کرتی ہے اور منہ کو خوشبو دیتی ہے
اور ریاح بواسیر کو توڑتی ہے اور رنگ کو صاف کرتی ہے اور پُرانے زخمون کو
مفید ہے اور واسطے جنون اور داد اور نقرس اور چھیپ اور درد گاو اور کثرت پیشاب
کی جو شب کے وقت بہت جاری رہتا ہے نافع ہے اور گردہ اور مثانہ کی پتھری کو
توڑ کر نکالتی ہے اور جو کوئی اکیس دن ساتھ اوسکے ہمیشگی کرے سب بیماریون سے بیخوف
رہے اور واسطے دملون اور پیچش اور بیماری خلفہ کے مفید ہے اور بمنزلہ تریاق کی ہے
اور نظیر نہین رکھتی اور محتاج پرہیز کی نہین ہے ص بالچھڑ لونگ بڑی الایچی بلیلہ
دارچینی کلیجن سونٹھ زعفران مرچ سفید پیپل کوٹھ دریائی ناگرموتھ عود بلسان تخم مورد
تگر ملیٹھا چرایتہ ہر ایک ایک جزو مصطگی پانچ جزو شکر سبکے برابر شہد دو چند سبکے بدستور
معجون کرین اور بعد سات دن کے استعمال فرمائین جسقدر پُرانی ہوگی بہتر ہوگی قدر
خوراک نو ماشہ ساڑہے تیرہ ماشہ تک پہلے کھانے کے اور بعد کھانے کے غذا
ایک گھنٹہ کے توقف سے نوش کرین اور بعضے نسخہ مین لکھا ہے بید ساڑہے تیرہ ماشہ
اضافہ کیا گیا ہے اور بعضے نسخہ مین لونگ کی جگہ رج داخل ہے اور شکر نہین ہے اور مقدار خوراک کی اس صورت مین
ساڑہے چار ماشہ ہے جوارش جوزی غذا کو ہضم کرتی ہے اور دستونکو باز رکھتی ہے اور تلی کو گھلاتی ہے اور مرض استسقا کو
نافع ہے اور پیشاب کو جاری کرتی ہے ص جاوتری درونج ہر ایک ساڑہے
دس ماشہ بڑی الایچی لونگ سونف رومی اکلیل الملک چیتہ ناگیسر ہر ایک جو دہ
ماشہ ریوند چینی زراوند مدحرج چھڑیلا ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ کوٹھ تج بالچھڑ حب بلسان
سلیخہ ہر ایک تین تولہ کالی ہڑ پوست کابلی ہڑ کا روغن زیتون چھہ تولہ مین بھونین وس

۱۵ نقرس بالکسر وہ درد ہے جو پاؤن کے انگوٹھے سے شروع ہوتا ہے جوڑون مین ہوتا ہے اور زانو تک پہونچتا ہے ۱۲

جائپھل پانچ عدد بہیڑہ دس۱۰ عدد تخم مورد برابر وزن سب دواؤن سے گلاب مین
گھلاکر قوام دیوین بعد اوسکے دواؤن کو کوٹکر چھانکر اوسمین گوندھین اور بعد دو مہینے کے
استعمال کرین **جوارش جوزی** بنسخہ محمد زکریا رازی دستون کو بند کرتی ہے اور
قراقر شکم کو نافع ہے اور ماسکہ کو قوت دیتی ہے **ص** دانہ مویز سرکہ مین بھگوکر
بھونین اور اوسمین سے پونے نو تولہ حاصل کرین بعد اوسکے سود دس کے بیج ساڑہے
سترہ تولہ بھونین اور خرنوب نبطی گلنار بڑی ماتین ہر ایک تین تولہ کندر اجواین
دیسی مصطگی ناگرموتھ بالچھڑ ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر شربت مقوم قند مین
گوندھین **جوارش زیرہ** منہ سے پانی بہنے کو کہ بسبب غلبہ بلغم کے ہوتا ہے
ص جواکھار ساڑہے چار ماشہ کالی مرچ ساڑہے تیرہ ماشہ سونٹھ ڈیڑہ تولہ زیرہ کو
ایک رات دن سرکہ مین بھگوکر اور سایہ مین سکھاکر بھونین اور پونے چار تولہ اوسمین
سے حاصل کرین پھر سب دواؤن کے ساتھ کوٹکر چھانکر قند سفید یا مصری کو پونے
اٹھتیس۳۸ کے قوام مین معجون یا بطریق لوزیات کے تیار کرین **جوارش سفرجلی**
مسہل معمول گرم اور سرد مزاج والون کے واسطے یہان تک کہ تپون مین
بھی دے سکتے ہین دست بخوبی لاتی ہے **ص** دارچینی سونٹھ پیپل زعفران
ہر ایک سات ماشہ نسوت پاو سیر عالمگیری عرق نعناع ٹکڑے بہ کے ہر ایک آدھ سیر
بہ کے ٹکرون کو عرق نعناع مین کہ عبارت سرکہ اور قدرے برگ نعناع سے ہے
کہ اوسکو مقطر کرکے عرق حاصل کرتے ہین پکائین کہ گھرا ہو جاتے پھر کوٹین اور ساتھ
شہد قوام کیے ہوتے کے گوندھین اور اولٹ پلٹ کرین کہ خوب یکسان ہو جاتے
بعد اوسکے اور باقی دوائین سوائے زعفران کے کوٹکر چھانکر ملائین اور زعفران کو
گلاب مین گھسکر کم کم ڈالین اور بدستور معجون تیار کرین قدر خوراک دو تولہ ہے
اور جب موسم بہ کا تازہ نہو تو مربای بہ کے ساتھ تیار کرسکتے ہین **جوارش سفرجلی**
ممسک معمول بہ ولایتی شہد ایک ایک سیر عرق نعناع آدھ سیر لسن سونٹھ
تج لونگ اگر ہندی دارچینی پیپل مرچ سفید ہر ایک ایک تولہ عنبر اشہب مشک

ہر ایک ایکماشہ **جوارش تفاحی** تفاح عربی مین سیب کو کہتے ہین واسطے گرم
ہونے بھونک سے کہ تپون مین عارض ہو مفید ہے **ص** شربت سیب کا شربت
بہ کا آملہ چھیلا ہوا اگر ہندی صندل سفید طباشیر ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ **جوارش**
سماق صفراوی دستون کو باز رکھتی ہے اور احشا کو قوت دیتی ہے **ص**
گلنار گوند ببول کا انار دانہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ مورد کے بیج تین تولہ سماق
چھ تولہ خرنوب پونے نو تولہ کوٹکر چھانکر ساتھ مویز منقے کے دوسری مرتبہ کوٹین
قدر خوراک ساڑھے دس ماشہ **جوارش صندل** واسطے بدہضمی کے نافع
ہے جو بسبب حرارت کے عارض ہو گلاب کے پھول طباشیر سفید ہر ایک
پانچ تولہ مصطگی بالچھڑ اگر ہندی ہر ایک ڈیڑہ تولہ زرشک چار تولہ مشک ایک تولہ
شربت میٹھی بہ کا تین وزن سب دواؤن کے بدستور گوندھین منقول شفاء الاسقام سے
جوارش صندل نسخہ حکیم مہدی اکبرآبادی معدہ اور جگر گرم اور خفقان گرم کو
نافع ہے اور صفراوی دستون کو باز رکھتی ہے **ص** صندل سفید گلاب مین
پیسا ہوا ساڑھے سترہ ماشہ طباشیر سفید خرفہ کے بیج دھنیا بھونا ہوا پوست
بیرون پستہ ہر ایک سات ماشہ مصطگی اگر ہندی لونگ فرنجمشک کے بیج زعفران
موتی مونگے کی جڑ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مشک پونے دو ماشہ پانی ترنج کا
تین چھٹانک گلاب پونے نو تولہ کافور چار رتی ڈیڑہ چاول قند سفید آدھ پاو کم سیر
قدر خوراک سات ماشہ سے ساڑھے سترہ ماشہ تک ہے **جوارش طباشیر**
جاری ہونے منی اور ودی کو مفید ہے اور پیشاب کے ادرار کو بھی نافع جو بسبب
گرمی کے ہو اور گرم تپون کو بہت نفع بخشتی ہے **ص** میٹھا چراتیہ صندل سرخ
صندل سفید زرشک سنے دانہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گوند ببول کا چوگے کی
بیج طباشیر زعفران ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ گلاب کے پھول چھ تولہ کوٹکر چھانکر
ساتھ شہد صاف کیے ہوئے اور شکر طبرزد کے گوندھین قدر خوراک سات ماشہ
ہمراہ پانی زرشک کے نوش کرین **جوارش عنبر** معدہ کو گرم کرتی ہے اور ریاح غلیظ کو

تحلیل اور بلغم کو قطع کرتی ہے اور دل اور دماغ کو قوت دیتی ہے اور حواس کو تیز
کرتی ہے ص عنبر مشک ہر ایک ایکماشہ تین چاول تگر لونگ زعفران ہر ایک
پونے دو ماشہ چھوٹی الایچی دارچینی پیپل سونٹھ جاپفل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
نبات سفید چھٹانک کم آدھ سیر **جوارش عنبر** فالج اور لقوہ اور رعشہ کو مفید ہے
اور عقل اور قوت حافظہ کو زیادہ کرتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور سردی کو
دور کرتی ہے اور شہوت جماع کو قوی کرتی ہے ص نبات مصری سفید کو قوام دیکر
اوتار لیوین بعد اوسکے عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ اوسمین ڈالکر تر بارین اور
درست کر کے پتھر پر ڈالین اور چاقو سے تراشکر اوٹھا رکھین **جوارش شونیز**
شونیز کلونجی کو کہتے ہین یہ جوارش قوت حافظہ کو زیادہ کرتی ہے اور مرض فراموشی
کو دور کرتی ہے آزمائی ہوتی ہے ص کلونجی کابلی ہڑ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
سونٹھ اجواین ہر ایک تین تولہ شہد سفید دو چند سب دواؤن کے قدر خوراک
ساڑھے چار ماشہ **جوارش عنبر** دل اور دماغ کو قوت دیتی ہے اور حواس کو
قایم رکھتی ہے اور بلغم کو قطع کرتی ہے اور معدہ کو گرم اور ریاح سرد غلیظ کو تحلیل کرتی ہے
ص دارچینی پیپل سونٹھ جاپفل ہر ایک چھ ماشہ تگر لونگ زعفران ہر ایک تین
ماشہ مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک دو ماشہ شہد خالص قند سفید ہر ایک پاؤ سیر
بدستور معمول گوندھین شفاء الاسقام سے **جوارش عود** معدہ سرد کو گرم کرتی
ہے اور بھونک پیدا کرتی ہے اور ہاضمہ کو قوت دیتی ہے ص بالچھڑ ساڑھے تین
ماشہ لونگ سات ماشہ اگر خام ساڑھے سترہ ماشہ نبات مصری سفید آدھ پاؤ کم سیر
گلاب مین قوام دیکر اور دوائین کوٹکر چھانکر اوسمین چھڑکین اور تر بارین اور پتھر پر
ڈالکر اوٹھا لیوین **جوارش عود مترش** گرم مزاج کے مناسب ہے اور
خوش مزہ ہے اور صورت مین مطبوع ہے اور معمول ص عنبر اشہب مشک
خالص ہر ایک ایکماشہ مصطگی رومی اگر خام پوست بیرون پستہ ہر ایک سات ماشہ
پانی کاغذی لیمو کا سات عدد نبات مصری آدھ سیر معجون تیار کرین جوارش عود

ترش شربت سیب شربت بہ ہر ایک پاؤسیر پانی کاغذی لیمون کا پانچ تولہ اگر
خام مصطگی ہر ایک چھ ماشہ صندل سفید پوست بیرون پستہ ایکماشہ جوارش
عود ترش مقوی اور مجرب ہے خصوصاً ضعف باہ کے لیے جو بسبب ضعف
قوی طبعی کے ہو ص مشک خالص چھ رتی سواد و چاول بڑی الایچی کندر ساڑھے
چار ماشہ لونگ بالچھڑ جائفل جاوتری اندر جواذخر کی جڑ دارچینی مصطگی اگر ہندی عفران
قند سفید گلاب ہر ایک پونے چار تولہ قند کو گلاب مین حل کرین اور شہد خالص سے جنید
دواؤن کے اضافہ کرین اور قوام دیوین اور باقی دواؤن کو بعد کوٹنے اور چھاننے
کے داخل کرین اور بقدر ساڑھے چار ماشہ کے یا زیادہ استعمال کرین جوارش
طباشیر صندل سفید تین تولہ آملہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا تین تولہ نبسلوچن سفید
تین تولہ دھنیا خشک تین تولہ تخم مورد پوست ترنج سماق بے دانہ ہر ایک ساڑھے
سترہ ماشہ مصطگی رومی ساڑھے سترہ ماشہ کافور قیصوری ساڑھے چار ماشہ پانی
میٹھی بہ کا تین وزن سب دواؤن کے عرق گاؤزبان اور عرق کیوڑہ مین
جوارش تیار کرین جوارش عود ملین کہ مخترع اور معمول مولف ہے واسطے
تقویت معدہ اور پیدا کرنے بھونک کے مفید ہے ریاح کو توڑتی ہے اور
ہاضم اور قبض کو دفع کرتی ہے اور چندان گرمی نہین کرتی ص سونف دیسی
سونف رومی پودینہ خشک رومی دلنے چھوٹی الایچی کے ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ اگر خام بنسلوچن ہر ایک سات ماشہ دارچینی سوا پانچ ماشہ گلاب کے
پھول سنارکی نسوت سفید ہر ایک پونے نو ماشہ شہد سفید آدھ پاؤ نبات سفید
پاؤسیر گلاب پاؤسیر دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور شہد اور مصری مین قوام دیکر بطرز لوزیات
لوزیات کے بناکر نگاہ رکھین پس بقدر دو تین لوز کے ساتھ گلاب کے تناول
کرین اور کبھی نسوت اور سنارکی اور گلاب کے پھولون کو جوش دیکر داخل قوام
کرتے ہین تو لطیف زیادہ ہوتی ہے جوارش عود عود یعنے اگر دس ماشہ
بالچھڑ بڑی الایچی زعفران پوست ترنج لونگ دارچینی بادرنجبویہ مصطگی بنسلوچن

ہر ایک تین ماشہ پانی سیب ترش کا چار تولہ دو ماشہ گلاب پانچ تولہ پانی لیمو کا ساڑہے
سات تولہ قند اور نبات مصری تین وزن سب دواؤن کے بدستور گوندھین جوارش
مقوی بدن ہے اور شہوت جماع کو زیادہ کرتی ہے خصوصاً اگر قوتون طبعی کی طاقتی
سے ہو ص مشک خالص چھ رتی سوا دو چاول بڑی الایچی کندر ساڑہے چار ماشہ
لونگ بالچھڑ جائفل جاوتری اندر جو اصیل اذخر دارچینی مصطگی اگر ہندی زعفران قند
سفید گلاب ہر ایک پونے چار تولہ قند کو گلاب مین حل کرین اور شہد خالص سے چند
دواؤن کے اضافہ کرین اور قوام دیکر باقی دواؤن کو بعد کوٹنے اور چھاننے کے
داخل کرین اور لبقدر ساڑہے چار ماشہ کے یا زیادہ اوس سے استعمال کرین
جوارش طباشیر صندل سفید تین تولہ آملہ گٹھلی سے پاک کیا ہوا اسبغول چین
سفید دھنیا خشک چھیلا ہوا ہر ایک تین تولہ تخم مورد پوست ترنج سماق بیدانہ
ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ مصطگی رومی کافور قیصوری رُب میٹھی بہ کا تین وزن
سب دواؤن کے عرق گاوزبان اور عرق کیوڑہ مین جوارش طیار کرین +
جوارش عود ترش پانی آملہ سبز کا پانی سماق کا گلاب مین بھگو کر ہر ایک تین تولہ
پانی کاغذی لیمو کا تین تولہ قند سفید آدھ سیر قوام دیکر عنبر اشہب ساڑہے چار ماشہ داخل
کرین بعد اوسکے اگر ہندی گلاب مین گھسکر ہر ایک ایکتولہ اضافہ کرین خوراک نو ماشہ
ایک تولہ تک ساتھ ایک ماشہ شیرہ الایچی کے کہ گلاب مین نکالا ہو نوش کرین
جوارش عظامی منی کو بڑہاتی ہے اور شہوت جماع کو قوت دیتی ہے
اور گردہ اور دماغ کو طاقت بخشتی ہے آزمائی ہوئی ہے ص بہمن سرخ بہمن سفید
تودری زرد تودری سرخ تخم اسپست خربوزہ کے بیجون کی گری ہاتون پیاز کے
بیج چوکے کے بیج اوٹنگن کے بیج کتیرہ تخم بلیون شلجم کے بیج اجمود کے بیج ہر ایک
ساڑہے تیرہ ماشہ شقاقل چھوٹی الایچی پیپل کلیجن دارچینی سونٹھ رتج ہر ایک ایکتولہ
ساڑہے دس ماشہ ترنجبین سفید تین وزن سب دواؤن کے ترنجبین کو ایک
رات گائے کے دودھ مین تر رکھین صبح کو ملکر صاف کرین اور آگ پر رکھین کہ گاڑہے

ہوجاوے تب نیچے اوتار کر دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور اوسمین ڈالکر چینی کے پیالہ مین نگاہ رکھین قدر خوراک ساڑہے تیرہ ماشہ ساتھ چھہ تولہ گاے کے تازہ دودہ کے نوش کرین

جوارش کندر بچون کی کثرت پیشاب کو جو بسبب سردی کے ہو نافع ہے اگر ساتھ اوسکے جلن نہو ص دارچینی سات ماشہ کندر کلپجن ہر ایک ساڑہے دس ماشہ تج بڑی الایچی ہر ایک چودہ ماشہ لونگ جائفل چھوٹی الایچی جاوتری بالچھڑ ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ مصطگی ایک تولہ آٹھ ماشہ سبکو کوٹکر چھانکر دو وزن شہد جھاگ اوتاری ہوے مین گوندھین قدر خوراک سات ماشہ ساڑہے دس ماشہ تک

جوارش لولو واسطے حمل کے منقول قانون سے ص سونٹھ چودہ ماشہ موتی نے سوراخ عاقر قرحا ہر ایک ساڑہے تین ماشہ مصطگی چودہ ماشہ نرکچور درونج عقربی اجمود کے بیج جنتیہ بڑی الایچی جائفل جاوتری تج ہر ایک سات ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید بہمن سیاہ پیپل ہر ایک ساڑہے دس ماشہ دارچینی ساڑہے سترہ ماشہ شکر سفید برابر وزن سب دواؤن کے قدر خوراک ڈیڑہ تولہ ہے حاملہ کے معدہ اور رحم کے احوال کی مصلح ہے

جوارش لمولف چھوٹی الایچی بڑی الایچی گاؤزبان ہر ایک چھ ماشہ گاؤزبان کے پھول صندل سفید ہر ایک سات ماشہ صندل سرخ چھ ماشہ گلاب کی پھول نو ماشہ مصطگی رومی چھ ماشہ اگر خالص چھ ماشہ بالچھڑ چار ماشہ پوست ترنج سات ماشہ بادرنجبویہ چھ ماشہ زعفران ایک ماشہ نیلوفر چھ ماشہ لونگ ایک ماشہ دھنیا خشک پانچ ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ شہد خالص ایک وزن اور نبات مصری دو وزن سب دواؤن کو بدستور مقرر مرتب کرین چاندی کے ورق دس عدد

جوارش حضرت سلیمان پیغمبر علی نبینا و علیہ السلام کہتے ہین کہ آنحضرت کی ستر حرم تہین اس جوارش کے سبب سے سبکو خوش رکھتے تھے ص اندرجو پیاز کے بیج شلجم کے بیج کونج کے بیج کباب چینی ترہ تیزک کے بیج عاقر قرحا گاجر کے بیج بڑی ماہین اور بعض نسخہ مین بجاے اوسکے ماہی سقنقور ہے اور جو تینون دوائین ہون تو اور بھی بہتر ہے ہر ایک ساڑہے دس ماشہ کوٹکر چھانکر اکٹھا کرکے

سے تین اونگلی بھر اوٹھائین اور انڈے کی زردی آدھی بھونی ہوئی مین ڈالین
اور انڈے کو نیمگرم کھائین تین دن یا زیادہ فائدہ بہت ظاہر ہوگا نسخہ دیگر
اندرجو پیاز کے بیج شلجم کے بیج کونچ کے بیج گاجر کے بیج عاقرقرحا موصلی سیاہ موصلی سفید
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹکر چھانکر ایک انڈے کا منہ کھولین اور قدرے
اس دوامین سے اوسمین ڈالین اور انڈے کو آگ پر رکھین جسوقت جوش
کھاوے نیمگرم تناول کرین جوارش لولو واسطے حاملہ کے نافع ہے اور
رحم کے ریاح کو دفع کرتی ہے اور بچہ کی حفاظت کرتی ہے آزمائی ہوئی ہے
ص نرکچور درونج عقربی ہر ایک سات ماشہ موتی بے سوراخ مونگے کی جڑ
کہربا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ دارچینی سات ماشہ ابریشم کترا ہوا ساڑھے
تین ماشہ جندبیدستر سوا پانچ ماشہ چھڑیلا بالچھڑ ہر ایک پونے دو ماشہ چھوٹی
الایچی زعفران اگر ہندی لونگ ہر ایک ایکتولہ آٹھ ماشہ شہد سفید تین وزن
سب دواؤن کے بدستور گوندھین جوارش مصطگی سردی معدہ اور جگر کو
نافع ہے اور بلغم کو نکالتی ہے اور منہ سے پانی بہنے کو باز رکھتی ہے ص
مصطگی ساڑھے تیرہ ماشہ کوٹکر ساتھ گلاب پونے نو تولہ اور آدھ پاو کم سیر قند
کے قوام دیوین اور پتھر کے اوپر ڈالین بعد اوسکے کہ پتھر کو روغن بادام یا
روغن کنجد سے چکنا کیا ہوا اور بہتر یہ ہے کہ مصطگی بعد قوام کے ملائین تنہا پیسکر
یا گلاب مین حل کر کے اور بعضون نے دو وزن مصطگی کے گلاب لکھا ہے
جوارش مفرح بارد منقول مرکبات شاہی سے توحش کو نافع ہے اور
فرحت لاتی ہے اور خلط سودا کو کہ غلبہ حرارت سے حاصل ہوئی ہو مفید ہے
دل کو قوت بخشتی ہے اور چہرہ کا رنگ نکھارتی ہے ص مشک خالص تین جو
کافور سات رتی زعفران پونے دو ماشہ برگ ترنج سات ماشہ بہمن سفید ساڑھے
دس ماشہ کہربا ساڑھے تیرہ ماشہ مونگے کی جڑ موتی بے سوراخ تخم فرنجمشک
ہر ایک پونے دو تولہ دانہ زرشک گاوزبان ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ

بادرنجبویہ کے بیج دو تولہ گلاب کے پھول دھنیا خشخاش نیلوفر سفید ہر ایک تین تولہ خرفہ کے
بیج ساڑھے تین تولہ بتاسہ یا شکر طبرزد چھٹانک کم آدھ سیر پانی سیب کا چھٹانک کم آدھ سیر
موافق دستور کے معجون بنائیں قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ سے نو ماشہ تک ❊

باب دوسرا جواہر مہرہ کے نسخوں مین جواہر مہرہ واسطے تقویت اعضاء
رئیسہ اور افزائش روح اور حرارت غریزی اور خفقان اور سب بیماریوں قلب کو
مفید ہے ص فادزہر پوسفی دو تولہ موتی بے سوراخ مونگے کی جڑ لاجورد یاقوت
سرخ یاقوت نیلا یاقوت زرد سنگ یشم زمرد عقیق چاندی کے ورق مصطگی ہر ایک سات
ماشہ سونے کے ورق نرلسبی نارجیل دریائی عنبر اشہب مشک خالص مومیائی ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ سب کو باریک پیسکر پھر گلاب مین کھرل کرکے بقدر جھربیری کی
گولیاں بنائین اور سنگ غوری کے اوپر خوب مہرہ کرین اور سونے کے ورق
ملائین قدر خوراک دو رتی سے چار رتی ڈیڑھ چاول تک **جواہر مہرہ فرنگی** دل
اور دماغ کو قوت دیتا ہے اور روح کو تازگی بخشتا ہے اور قوت باہ اور قوت نگاہ کو
قوی کرتا ہے اور تریاق سب طرح کے زہرون کا ہے اور دافع خفقان ہے
اور بواسیر اور جنون اور تپ وبائی اور جدری اور حصبہ اور رحم کی بیماریون کو مفید
ہے اور ورم کی سختیون کو تحلیل کرتا ہے اور مددگار حمل ہے اور جوانی کو نگاہ رکھتا ہے
اور نعوظ لاتا ہے اور زہرون کے اثر کو مانع ہے قدر خوراک چار رتی ڈیڑھ چاول گلاب مین
پیسکر نوش کرین ص مشک چاندی کے ورق سونے کے ورق ہر ایک تین ماشہ
عنبر اشہب مومیائی دارائی زمرد ہر ایک ڈیڑھ تولہ کہربا ابریشم جلا ہوا موتی بے سوراخ
یاقوت سرخ حجر التیس نرلسبی بنفشی آزمودہ ہر ایک ایک تولہ سنگ یشم ہاتھی کے دانت جلے
ہوئے بارہ سنگہ کے سینگ کا برادہ مرجان سفید ہر ایک دو تولہ نارجیل دریائی
چار تولہ جدا جدا پیسکر خوب باریک پیسین اور عنبر اور مشک پیسکر داخل کرکے کھرل
کرین اور مہرا کرکے سونے چاندی کے ورق ملائین اور بعد خشک ہونے کے
نگاہ رکھین **باب تیسرا جلاب اور جلنجبین کے نسخون مین** دو فصل پر مشتمل ہے

فصل پہلی جلاب مین جاننا چاہیے کہ جلاب طبیبون کی اصطلاح مین شہد یا شکر کو
کہتے ہین کہ سہ چند پانی یا گلاب مین پکاتین اور اگر جوش ندیوین وہ جلاب خام ہے
اور اختلاف ہے اس امر مین کہ وہ گرم ہے یا سرد یا معتدل مگر ہوسکتا ہے کہ بنا بر
اختلاف اقسام کے بموجب مزاج شہد اور شکر کے ہو اور سفیدی اور سرخی اور
شدت شیرینی اور کم شیرینی اوسکی بنا بر اختلاف اقسام گلاب کے ہے کہ اوسمین
ملتا ہے اور یہ اختلاف اس سبب سے ہے کہ اوسکی قسمین بھی بہت ہین جلاب
درد سر گرم کو مفید ہے اور پیاس کو تسکین دیتا ہے اور شکم کو ملایم کرتا ہے اور
حرارت کو بجھاتا ہے ص شکر لطیف سفید چھٹانک کم آدھ سیر لعاب اسپغول کا چھٹانک
کم آدھ سیر پاو کم سیر پانی مین پکاتین اور جھاگ اوتارین اور قوام دیکر استعمال فرماتین
اور جو اسپغول کا لعاب عرق بید مشک اور گلاب مین نکالین تو شکر کی جگہہ مصری
داخل کرین نہایت لطیف اور دل کو نافع ہوگا اور معدہ کو بھی مفید ہوگا جلاب
واسطے صاحب فالج اور لقوہ کے مفید ہے اگر پانی کی جگہہ اسی پر صبر کرین تو بہت
نافع ہوگا خصوصاً اگر فصل گرم یا مزاج گرم ہو اور شکم کو بھی نرم کرتا ہے ص شکر سفید چھٹانک کم
آدھ سیر تین چھٹانک کم ڈیڑہ سیر پانیمین پکاتین اور جھاگ اوتارین جبتک قوام جلاب کا ہوجائے
جلاب معمول مؤلف سب پٹھون کی بیماریون اور دماغی بیماریون اور امراض
بلغمی اور سوداوی کو مفید ہے اور اکثر جگہہ فالج اور لقوہ مین ماء العسل کی جگہہ کام
آتا ہے ص قند سفید چھٹانک کم آدھ سیر عرق بادرنجبویہ کا چھٹانک کم آدھ سیر
گلاب چھٹانک کم آدھ سیر عرق گاوزبان کا چھٹانک کم آدھ سیر اور کبھی عوض گلاب کے
عرق بہار نارنج داخل کرکے ملایم آگ پر پکاتے ہین پھر گاوزبان کے پھول عود
صلیب اسطوخودوس ہر ایک نو ماشہ کسی قدر گلاب یا عرق مین عرقون مناسب
مزاج اور احوال سے جوش دیکر اور صاف کرکے اوسمین ملاتین اور آگ پر رکھین
کہ قوام ہوجاتے شیشہ مین رکھہ چھوڑین اور کبھی فرحت اور خوشبو اور تقویت جو منظور
ہووے تو عنبر اشہب ایکماشہ تین چاول زعفران چھہ رتی سوا دو چاول اضافہ کرکر

استعمال کرین ــ اور کبھی جوگرمی مطلوب ہوتی ہے تو بعض دوائین گرم مانند دارچینی
اور جائفل اور جاوتری اور مصطگی درمیان اوسکے بقدر مناسب زیادہ کیجاتی
ہین **جلاب دیگر** قند سفید آدھ پاو کم سیر گلاب آدھ پاو کم سیر ملاکر جوش دین اور
چھاگ اوتار کر قوام دیوین اور جو گاوزبان اور گاوزبان کے پھول بادرنجبویہ
گلاب کے پھول اضافہ کرین تو واسطے بیماریون سوداوی اور بلغمی
کے نہایت نافع ہے **دیگر** واسطے تپون اور پیاس اور معدہ اور جگر کی جلن اور
حصبہ اور جدری کے کہ اقسام چیچک سے ہین نافع ہے اور اون تپون کو مفید
ہے جنکے ساتھ کھانسی ہو اور طاقت بخشتا ہے بدن کو اور شکم ملایم کرتا ہے
اور مواد کو پکاتا ہے اور پیشاب کو خوب بہاتا ہے اور پسینہ کو جاری کرتا ہے اور
ورم احشا یعنے ورم اعضاء اندرونی شکم کو بھی دافع ہے **ص** شکر سفید ایکجزو
عرق بیدمشک گلاب ہر ایک دو جزو پانی مینہ کا تین جزو بدستور قوام دیوین اور
جو زیادہ سرد اور تر چاہین تو عرق بید اور عرق نیلوفر ہر ایک دو جزو اضافہ کرین ایضاً
منقول قانون اور کامل سے **ص** شکر سفید ایکجزو پانی مینہ کا دو جزو گلاب تین جزو
قوام کرین **فصل دوسری جلنجبین کے نسخون مین جلنجبین ماہتابی**
خفقان گرم کو نافع ہے **ص** چاندنی کے پھولون کی پتی کہ ہند مین مشہور ہے
سو عدد لیکر اور قند سفید ڈیڑھ پاو ڈالکر بدستور تیار کرین اور قدرے گلاب چھڑکر
چاندکے نیچے نگاہ رکھین **جلنجبین نسترن** واسطے خفقان گرم اور تقویت
دل کے بے نظیر ہے **ص** سیوتی کے پھول سو عدد قند سفید ڈیڑھ پاو بدستور
تیار کرکے قدرے گلاب چھڑکین اور سایہ مین نگاہ رکھین **جلنجبین نیلوفر**
دسہر اور کھانسی کو نافع ہے **ص** پتی نیلوفر کی تازہ پھولون کی چھٹانک کم آدھ سیر
قند سفید برابر وزن اوسکے بدستور تیار کرکے دس روز تک نیچے سورج کی
رکھین اور ہر روز ہلاتے رہین **جلنجبین گاوزبانی** دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے
اور غشی اور ضعف دل اور مادہ سوداوی کو دفع کرتا ہے **ص** گاوزبان کے پھول

تازہ آدھ پاؤ کم ایک سیر پونے دو سیر قند مین بدستور تیار کرین اور جو تازہ میسر نہو سکے خشک گاوزبان کے پھول گلاب مین تر کرکے بنا تین جلنجبین ملین قلانسی سے تب چوتھیا کو نافع ہے بلغم کو دفع کرتا ہے ص نسوت سفید سونٹھ بسفایج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر عسلی یا شکری تین تولہ مین ملاکر قوی مزاجون کے واسطے ایک خوراک ہے ایضاً کہ اکثر ورمون معدہ اور جگر مین اوٹنے کے دودہ کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے ص عصارہ ریوند ایکماشہ تین چاول نسوت سفید ساڑھے تین ماشہ سونف رومی پونے دو ماشہ غاریقون سفید سوا پانچ ماشہ گلقند چھ تولہ سب دواؤن کو کوٹکر چھانکر گلقند مین ملاکر اور اولٹ پلٹ کرکے نگاہ رکھین اور بقدر تین تولہ کے چار تولہ تک ہمراہ اونٹنی کے دودہ کے استعمال فرمائین حرف الحاء مہملہ پانچ باب پر شامل ہے باب پہلا اون مرکب نسخون مین ہے جو بلفظ حافظ صحت موسوم ہین مثل حافظ الصحت اور حافظ الروح اور حافظ الجنین اور سوائے اوسکے باب دوسرا حبوبات مین اور یہ باب تین فصل پر شامل ہے فصل پہلی حبوب مسہلہ یعنی دست لانے والی گولیون مین کہ بعض کا نام ہے اور بعض کا نام نہین ہے + فصل دوسری اون گولیون مین جو بیماریون کے ساتھ خصوصیت رکھتی ہین مانند حب نفث الدم اور حب السل اور حب عقر اور حب اسہال اور حب زحیر یعنی پیچش اور اسی طرح اور بیماریون کے ساتھ جو مخصوص ہین فصل تیسری حبوبات افیونیہ جدواریہ اور غیر جدواریہ مین باب تیسرا بیان مین حریرہ کے نسخون کی باب چوتھا حلوات کی قسمون مین باب پانچوان حمولات مین حافظ الصحت جملہ مفرحات سے ہے واسطے خفقان اور مالیخولیا مراقی اور سوء مزاج گرم کی دفع اور نافعین کو مفید ہے جو گرم بیماری کے ہون اور گرم مزاج والون کی صحت کو نگاہ رکھتی ہے اور آزمائی ہوئی ہے ص موتی بنے سوراخ کہربا شمعی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ صندل سفید دھنیا خشک کے بیج چھیلے ہوے نیلوفر کے پھول گاوزبان کدوی شیرین کے بیجون کی گری کھیرے ککڑی کے بیجون کی

گری کاسنی کے بیج خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے گلاب کے پھولون کی کلیان ہر ایک
نو ماشہ سونے کے ورق چاندی کے ورق عنبر اشہب مشک تبتی ہر ایک سوا
دو ماشہ پانی میٹھی سیب کا شربت زرشک کا سادہ نو نو تولہ نبات مصری سفید ڈیڑھ پاو
بدستور تیار کرین **حافظ الصحت دیگر** بدن کو طاقت بخشتی ہے اور بوڑھون کی
صحت کو نگاہ رکھتی ہے اور سرد مزاج والون کو لایق ہے ص مومیائی دارائی
عنبر اشہب ہر ایک چار جو مصطگی رومی چار رتی ڈیڑھ چاول سبکو روغن پستہ نو ماشہ
مین حل کرین بعد اوسکے مشک خالص چار جو فادزہر حیوانی بارہ جو دارچینی لونگ
اگر ہندی جائفل خصیۃ الثعلب جاوتری درونج عقربی عود صلیب سونٹھ زرلبی
ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول سبکو کوٹکر چھانکر اور روغن مذکور مین ملا کر نبات مصری کا
قوام دیکر تین حصہ کرین ہر روز ایک حصہ تناول کرین اوپر اوسکے شہد صاف
کیا ہوا ایکتولہ ساڑھے دس ماشہ تخم فرنجمشک ساڑھے چار ماشہ گلاب پونے
چار تولہ **حافظ الروح** مومیائی اصیل سونے کے ورق حل کیے ہوئے
ساڑھے چار ماشہ روغن پستہ خرفہ کے بیج چھیلے ہوے ہر ایک ایک تولہ ساڑھے
دس ماشہ مشک خالص زرلبی ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول ترنجبین خراسانی سات تولہ
رُب میٹھی سیب کا رُب میٹھی بہ کا رب میٹھے انار کا گلاب عرق بہار نارنج عرق بید مشک
ہر ایک سات تولہ شہد سفید پندرہ تولہ بدستور معجون تیار کرین **حافظ الجنین** حمل گرنے کی
مانع ہے اور جو بعض زمانہ مین بعد پیدایش کے منہ بچہ کا آجاتا ہے اور باعث
ہلاکت کا ہوتا ہے استعمال سے اس معجون کے ایام حمل مین موجب دور ہونے
اوس مرض کا ہوتا ہے آزمائی ہوئی ہے ص موتی سنے سوراخ کہربا موتنگے کی جڑ
جلی ہوئی صندل سفید سنخ بنسلوچن درونج عقربی مازو اوٹنگن کی جڑ گیرو ہر ایک
نو ماشہ تربوز کے بیج خرفہ کے بیج چھیلے ہوتے ہر ایک ایکتولہ ساڑھے دس ماشہ
عنبر اشہب ایک ماشہ اڑہائی رتی شربت غورہ سوا گیارہ تولہ نبات سفید بونے
اونیس تولہ شہد سفید ساڑھے سات تولہ چاندی کے ورق بیس عدد بدستور

معجون تیار کرین اور شروع حمل مین چالیس روز ہر روز ساڑھے چار ماشہ کھاتین
حافظ الصحت البدن والروح مخترع مولف واسطے ناقہین گرم مزاج کے
تالیف ہوتی ہے واسطے تقویت روح اور حرارت غریزی کے نافع اور مزاج کو
حد اعتدال پر لاتی ہے آزمائی ہوئی ہے **ص** موتی آبدار بے سوراخ بنسلوچن یاقوت سرخ
شفاف سنگ یشم سبز ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زہر مہرہ جواہر مہرہ اصیل عنبر
اشہب مشک خالص زعفران ہر ایک پونے دو ماشہ گلاب اور عرق بیدمشک
مین حل کر کے صندل سرخ صندل سفید سوا پانچ ماشہ گلاب مین پیسکر گلاب کے
پھولون کی تہی گاؤزبان کے پھول نیلی میٹھے کدو کے بیجون کی گری کاہو کے
بیج چھیلے ہوے کھیرے کے بیجون کی گری خرفہ کے بیج چھیلے ہوے ہر ایک
سات ماشہ پانی میٹھے سیب کا پانی ناشپاتی کا پانی انار کا بہدانہ پانی بہ تازہ کا ہر ایک
نو تولہ ساڑھے چار ماشہ گلاب بیدمشک ہر ایک اڑہائی چھٹانک قند سفید دو چند
شربت فواکہ یکچند چاندی کے ورق سوا پانچ ماشہ سونے کے ورق پونے دو ماشہ
بدستور مرتب کرین قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ سے ساڑھے دس ماشہ تک
حافظ الاجساد نسخہ صاحب تحفہ واسطے سدہ مارساریقا اور سدہ جگر اور بیماریون
معدہ اور مرض سوء القنیہ کے نافع ہے **ص** دارچینی کبر کی جڑ ہر ایک یکتولہ
ساڑھے دس ماشہ زعفران نو ماشہ فو موٹی ہر ایک ڈیڑہ تولہ بالچھڑ دو تولہ تین ماشہ
سونف رومی ڈیڑہ تولہ دوقو ڈیڑہ تولہ ست ملہٹی کا عصارہ غافث ہر ایک ساڑھے
تیرہ ماشہ مر کی یعنے بول ڈیڑہ تولہ روغن بلسان ڈیڑہ تولہ اور اگر روغن بلسان
یسر نہو سکے تو عوض اوسکے روغن زیتون پرانا قائم مقام اوسکے داخل کریں
پس سبکو شہد مین گوندھین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ **باب دوسرا**
حبوبات مین یعنے گولیون کے نسخون مین **فصل پہلی** مسہلہ گولیون
مین ہے کہ بعض ذی اسم ہین اور بعض غیر ذی اسم یعنے وہ گولیان دست
لانے والی جنکا نام ہے اور بعض گولیان ایسی جو کسی نام سے مخصوص نہین ہین

بیان کی جاتی ہین حب ایارہ موافق نسخہ معمول اکثر درد سر کی قسمون کے مواد کو قطع
کرتی ہے اور دماغ کو پاک کرتی ہے ص گوگل کتیرا ہر ایک چار رتی شحم حنظل یعنے
اندراین کے پھل کا گودا نمک ہندی ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول غاریقون سفید
پونے دو ماشہ ایارج فیقرا نسوت حب النیل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر
سونف کے عرق مین گولیان بنائین سب ایک خوراک ہے حب ایارج واسطے
درد سر کے کام آتی ہے ص ایارج فیقرا ساڑھے تین ماشہ افتیمون پونے دو ماشہ
اندراین کے پھل کا گودا قنطوریون دقیق گوگل ہر ایک ایکماشہ تین چاول نمک
نفطی چار رتی ڈیڑہ چاول سب ایک خوراک ہے حب ایارج واسطے فالج
اور لقوہ اور مرگی اور استرخا اور مالیخولیا اور درد معدہ کے نافع ہے اور نکالتی ہے
بلغم اور سودا اور خلطون غلیظ لزجہ کو دماغ اور معدہ سے اور اصلاح کرتی ہے
پرانے زخمون اور پھنسیون سوداوی کی ص گوگل افتیمون پوست کابلی
ہڑ کا کالی ہڑ سنا رکی عود صلیب سونف رومی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سونٹھ
چار ماشہ چار رتی تین چاول غاریقون سفید بسفایج فستقی گلاب کے سرخ پھولونکی
کلیان اسطوخودوس ہر ایک سات ماشہ نسوت سفید پونے نو ماشہ ایارج فیقرا
ساڑھے دس ماشہ کوٹکر اور روغن بادام شیرین مین چکنی کرکے اور گولیان بناکر
چاندی کے ورق مین لپیٹین اور نو ماشہ او سمین سے گرم پانی کے ساتھ نگلجائین
حب افتیمون اعضا سر اور معدہ کو خلط سوداوی سے پاک کرتی ہے
ص سقمونیا ساڑھے تین ماشہ نسوت سفید پونے دو تولہ ایارج فیقرا اندراین کے
پھل کا گودا غاریقون حجر ارمنی افتیمون گوگل ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر گولیان
بنا تین خوراک پونے نو ماشہ حب افتیمون نسخہ دیگر سر اور بدن کو خلط سودا سے
پاک کرتی ہے اور سب بیماریون سوداوی خصوصاً مالیخولیا اور مانیا اور سرسام
سوداوی کو نہایت نافع ہے ص پوست کابلی ہڑ کا پوست زرد
ہڑ کا آملہ گٹھلی سے پاک کیا ہوا پوست بہیڑہ کا ہر ایک سات ماشہ گلاب کی پھولونکی

پتی سنا مکی اسطوخودوس لاجورد دھویا ہوا ہر ایک پونے نو ماشہ غاریقون سفید پونے دو تولہ افتیمون تین تولہ کوٹکر چھانکر اور روغن بادام مین چکنی کرکے سونف کے پانی مین گولیان بنائین قدر خوراک چودہ ماشہ دو تولہ تک **حب افتیمون** جذام اور مالیخولیا کو مفید ہے اور خلط سودا کو بدن سے نکالتی ہے **ص** گلاب کے پھولون کی پتی نمک ہندی ہر ایک چار رتی ڈیڑہ چاول مصطگی پونے دو ماشہ بسفایج اسطوخودوس افتیمون پوست زرد ہڑ کا ہر ایک ساڑہے تین ماشہ کوٹکر چھانکر کتیرا کے پانی مین گوندھین اور گولیان بنائین **حب اصطمخیقون** تینون خلطون کو سر سے دور کرتی ہے **ص** ایارج فیقرا حب النیل ایلوا ہر ایک تین تولہ پوست زرد ہڑ کا افتیمون بسفایج سقمونیا ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ شحم حنظل یعنے اندراین کے پھل کا گودا ساڑہے دس ماشہ سنا مکی گوگل ہر ایک سات ماشہ سونف کے پانی مین گولیان بنائین قدر خوراک ساڑہے دس ماشہ سے چودہ ماشہ تک سونف رومی کے پانی کے ساتھ **حب ابی فضل** واسطے نقرس[1] کے **ص** نمک ہندی پودینہ پہاڑی ہر ایک سات ماشہ زرد ہڑ بہیڑہ آملہ سونٹھ ہر ایک چودہ ماشہ گوگل دو تولہ ایلوا تین تولہ چتینہ پونے چار تولہ تباسہ چار تولہ ساڑہے چار ماشہ نسوت سورنجان چھ تولہ پانچ ماشہ گوگل کو مکوہ یا کاسنی کے پانی مین حل کرین اور دواؤن کو اوسمین گوندھین اور گولیان بنائین قدر خوراک ساڑہے دس ماشہ **حب قوقایا** درد سر اور آنکھ کے درد کو مفید ہے اور بدن کو فضول سے پاک کرتی ہے **ص** ایارج فیقرا تین تولہ نسوت اسطوخودوس ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ اندراین کے پھل کا گودا ساڑہے دس ماشہ سقمونیا پونے نو ماشہ اور بعض نسخون مین کتیرا ساڑہے تین ماشہ اضافہ کیا گیا ہے ساتھ اوس پانی کے جسمین گوگل حل کیا ہو گولیان بنائین یہ سب دس خوراک ہے **حب** واسطے میر اکبر علی کے تیار ہوئی تھی **ص** ایارج فیقرا ہڑ زرد بجوارہ حب النیل نسوت سفید چھیلی ہوئی اسطوخودوس سنا مکی اندراین کے پھل کا گودا نمک لاہوری سونٹھ کتیرا گوند کوٹکر چھانکر سونف کے عرق مین گولیان بنائین **حب شبیار**

[1] نقرس ایک درد ہے پاون کے انگوٹھے سے ہوتا ہے اور تا بزانو پہنچتا ہے ۱۲

سوداکو نکالتی ہے ص ایارج فیقرا ایکجزو اور نصف پوست کابلی ہڑ کا افتیمون ولایتی
اندراین کے پھل کا گودا ہر ایک ایکجزو اسطوخودوس دو ثلث جزو مصطگی اگر خام ہر ایک
ہر ایک نصف جزو حجر ارمنی دھویا ہوا ثلث جزو کنگی سیاہ چہارم جزو میٹھے سیب کے
پانی مین گولیان بنائین قدر خوراک سات ماشہ حب **قوقایا** فضلات بلغمی اور صفراوی
دماغ سے پاک کرتی ہے اور درد سر کو نافع ہے اور روشنی آنکھ کی بڑہاتی ہے ص
ایلوا سقمونیا بھونی ہوئی اندراین کے پھل کا گودا عصارہ افسنتین مصطگی ہر ایک چھ
رتی سوا دو چاول گوگل چار رتی ڈیڑہ چاول کتیرا دو رتی ایک چاول سب ایک خوراک
ہے حب **ایارہ دیگر** ایارہ فیقرا تین تولہ نسوت اسطوخودوس ہر ایک ساڑہے
ستره ماشہ اندراین کے پھل کا گودا ساڑہے گیارہ ماشہ تین چاول سقمونیا پونے
نو ماشہ کتیرا ساڑہے تین ماشہ گوگر چھانگر گوگل کے پانی مین گولیان بنائین سب دس
خوراک ہے حب **شبیار** درد سر اور تاریکی چشم کو دور کرتی ہے اور باصرہ کو قوت
دیتی ہے اور درد معدہ کو دور کرتی ہے منقول قرابادین شفائی سے ص ایلوا ساڑہے
دس ماشہ گلاب کے پھول زرد ہڑ مصطگی نسوت سفید ہر ایک ایکتولہ آٹھ ماشہ سقمونیا
بھونی ہوتی پونے دو ماشہ اور قرابادین جلالی مین کتیرا بوئے دو ماشہ داخل ہے گو
چھانگر گولیان بنائین قدر خوراک ساڑہے چار ماشہ ساڑہے تیرہ ماشہ تک حب لاجورد
اور بدن کو سودا سے پاک کرتی ہے اور سب سوداوی بیماریون کی قسمون کو نافع
ہے ص ست ملٹھی کا کتیرا چہارم جزو سقمونیا بھونی ہوتی پونے دو ماشہ پوست زرد
ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا کالی ہڑ افتیمون ہر ایک ایکجزو لاجورد دھویا ہوا دو جزو گوگر
پانی مین گولیان بنائین حب مسہل سودا اور صفرا غلیظ اور بلغم رقیق کو بدن سے
نکالتی ہے ص گلاب کے پھول کتیرا ہر ایک پونے دو ماشہ اسطوخودوس ساڑہے
تین ماشہ حجر لاجورد دھویا ہوا مصطگی رومی پوست زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا بنفشہ
پھول بسفائج فستقی غاریقون سفید نسوت سفید چھیلی ہوئی اگر خام سنا مکی افتیمون
ہر ایک سات ماشہ ایلوا ساڑہے تین تولہ گوگر چھانگر ساتھ پانی میٹھے سیب کے

گولیان بنائین قدر خوراک سات ماشہ حب لاجورد بیاض حکیم ارشد مرحوم سے
واسطے نکالنے مواد سوداویہ کے ہمراہ ماءالجبن وغیرہ کے مستعمل ہے ص
ایارج فیقرا نسوت سفید غاریقون لاجورد دھویا ہوا ریوند چینی ہر ایک ایکماشہ تین
چاول اندراین کے پھل کا گودا سقمونیا ہر ایک چار رتی ڈیڑہ چاول نمک ہندی
گوگل پرانا ہر ایک دو رتی ایک چاول کوٹکر چھانکر گلاب مین گولیان باندھین قدر
خوراک تین تولہ چار ماشہ بدرقہ کے ساتھ یا بدون بدرقہ کے تناول کرین حب لاجورد
واسطے پرانے زخمون اور ورمون سوداویہ آتشک اور مفاصل سوداوی کے
نافع ہے ص سونف رومی کتیرا ہر ایک چار رتی ڈیڑہ چاول غاریقون سفید
لاجورد دھویا ہوا پوست زرد ہڑ کا سورنجان مصری ہر ایک پونے دو ماشہ نسوت
سفید ساڑھے تین ماشہ ایارج فیقرا ساڑھے چار ماشہ کوٹکر چھانکر اور روغن بادام
شیرین مین چکنی کرکے اور گلاب مین گوندھ کر گولیان بنائین ہر گولی بقدر ایک نخود کی
چاندی کے ورق مین لپیٹکر گرم پانی کے ساتھ نگلجائین قدر خوراک ساڑھے تیرہ
ماشہ حب بنفشہ مسہل بلغم اور صفرا ہے ص بنفشہ کے پھول پوست زرد ہڑ کا
نسوت سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ ملیٹھی کا ساڑھے تین ماشہ سقمونیا بھونی
ہوئی پونے دو ماشہ کتیرا اسفید ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر گولیان برابر نخود کی
تیار کرین حب صرع یعنے گولی مرگی کی افتیمون اسطوخودوس بسفایج
فستقی غاریقون سفید نمک ہندی ہر ایک دو رتی ایک چاول نسوت سفید
پوست زرد ہڑ کا اندراین کے پھل کا گودا کتیرا اسفید سقمونیا بھونی ہوئی ہر ایک
دو رتی ایکچاول گوگل چار رتی ڈیڑہ چاول گلاب کے پھول ایکماشہ تین چاول
ایلوا دو ماشہ چھ چاول غاریقون پوست کابلی ہڑ کا ہر ایک پونے دو ماشہ نسوت
سفید ساڑھے تین ماشہ پانی مین گولیان تیار کرین سب ایک خوراک ہے
حب لقوہ آزمائی ہوئی ہے ص سقمونیا بھونی ہوئی گوگل ہر ایک چار رتی
ڈیڑہ چاول ماہی زہرہ سونٹھ ہر ایک ایکماشہ تین چاول سورنجان مصری پونے

دو ماشہ ایارج فیقرا افتیمون ہر ایک دو ماشہ چھ چاول نسوت سفید چھیلی ہوئی سوا
پانچ ماشہ کوٹکر چھانکر اور پانی مین گوندھ کر گولیان بنائین برابر نخود کے سب ایک
خوراک ہے **حب عشا** تینون خلطون کو بدن سے نکالتی ہے اور شکم کو نرم
کرتی ہے **ص** سنا رکی ساڑہے سترہ ماشہ پوست زرد ہڑ کا کالی ہڑ ہر ایک سات
ماشہ سونٹھ ساڑہے تین ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ مویز منقے کے گولیان تیار کرین
قدر خوراک سات ماشہ ہے **حب استرخا** ایارج فیقرا نسوت سفید غاریقون
ہر ایک ساڑہے تین ماشہ بوزیدان اسطوخودوس عود صلیب پونے دو ماشہ
اندراین کے پھل کا گودا مصطگی رومی ہر ایک چار رتی ڈیڑہ چاول سقمونیا بھنی
ہوئی دو رتی ایک چاول سونف کے پانی مین گولیان بنائین اور یہ گولی مرگی کو
بھی نافع ہے **حب اختناق** اندراین کے پھل کا گودا گوگل سونف رومی
ہر ایک چار رتی ڈیڑہ چاول عصارہ غافث عصارہ افسنتین ہر ایک چھ رتی سوا
دو چاول افتیمون پونے دو ماشہ نسوت سفید چھیلی ہوتی ساڑہے پانچ ماشہ چھ
چاول گولیان بنائین سب ایک خوراک ہے **حب مبارک** جس آدمی کو کہ مسہل
سے کراہیت اور نفرت ہو اور پاقی کی راہ نکلجایا کرے اوسکے لیے یہ مسہل کی گولی
بہت مفید ہے اور واسطے تدارک قصور عمل مسہلات دیگر کے بھی آزمائی ہوئی ہے
کہ ساتھ سہولت کے مواد غلیظ کو نکالتی ہے اور اور مسہلون کے بعد دینی چاہیے
اور واسطے استعمال ہمیشگی کی نافع ہی اور قبض دوامی کے دور کرنے کے لیے نہایت
نافع ہے **ص** لونگ دو ماشہ سونف دلیسی سونف رومی ہر ایک تین ماشہ بنفشہ
کے پھول چھ ماشہ پوست زرد ہڑ کا کشمش سبز تازہ ہر ایک ایک تولہ سنا رکی ترنجبین
خراسانی گلقند آفتابی ہر ایک دو تولہ کوٹنے کی دوائین کوٹکر چھانکر کشمش اور گلقند
کے ساتھ پھر کوٹین یہانتک کہ گولی بندھ سکے واسطے قبض اور استعمال ہمیشگی
کے نو ماشہ یا ایک تولہ اور دستون کے لیے دو تولہ معمول ہے **حب مبارک**
منقول بیاض حکیم محمد بقا خانصاحب مرحوم سے **ص** پوست زرد ہڑ کا سنا رکی بنفشہ

کے پھول سونف دیسی لونگ سونف رومی کشمش ترنجبین گلقند کوٹکر چھانکر گولیان تیار کرین **حب مبارک** مخترع حکیم معتمد الملوک مسہل صفرا ہے اور خاص صفرا کے نکالنے کے لیے بے نظیر ہے **ص** سقمونیا بھونی ہوئی ساڑھے چار ماشہ کنبرا نو ماشہ پوست زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا کالی ہڑ سنا مکی زرشک بنفشہ کے پھول ہر ایک ڈیڑہ تولہ کوٹکر چھانکر اور روغن بادام شیرین ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ مین چکنی کرکے اور ساڑھے سات ماشہ املتاس کے گوندھ کر گولیان بنائین ہر گولی بقدر ایک نخود کے چاندی کے ورق مین لپیٹکر نگاہ رکھین قدر خوراک سات ماشے سے نو ماشہ تک ہے **حب** واسطے تپون صفراوی کے **ص** کسوم کے بیجون کی گری ساڑھے تین ماشہ نسوت سفید چھیلی ہوئی ساڑھے تین ماشہ غاریقون سفید پونے دو ماشہ اجمود کے بیج سونف رومی پونے دو ماشہ نمک ہندی ایک ماشہ تین چاول کوٹکر چھانکر سونف کے عرق مین گوندھین اور گولیان بنائین سب ایک خوراک ہے **حب مبارک** الیف علو یخان مرحوم **ص** نسوت سفید چھیلی ہوئی ہڑ زرد ہر ایک پندرہ تولہ اندراین کے پھل کا گودا پانچ تولہ بنفشہ کے پھول چھ ماشہ غاریقون چار ماشہ ایلوا زرد تین ماشہ سنا مکی چھ ماشہ کتیرا دو ماشہ لاجورد تین ماشہ املتاس دو تولہ کوٹکر چھانکر سونف کے پانی مین گولیان بنائین قدر خوراک سات ماشہ سے ایک تولہ تک **حب** کہ حکیم محمد جعفر ولد مولا حیدر نے واسطے ایک شخص کے کہ چوتھیا تپ رکھتا تھا یہ نسخہ بنا کر دیا بہت نفع ہوا چاہیے کہ راحت کے پہلے دن سورج نکلنے کے وقت نو ماشہ اس گولی مین سے تناول کرین اور اوپر اوسکے قہوہ دارچینی نوش فرمائین غذا اس دن مین چنہ کا پانی دیوین اور دوسرے دن گلقند دو تولہ ساڑھے سات ماشہ سکنجبین دو تولہ ساڑھے سات ماشہ عرق گاوزبان کے ساتھ دیوین اور غذا اوسدن شوربا گوشت بکری کا تناول کرین اور صاحب تپ چوتھیا کو لازم ہے کہ ہر حال مین واسب

وقتون مین ترشیون اور دوده کی چیزون اور ساگ ترکاریون سے
واجب سمجھین ص بہیڑه پوست زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کالی ہڑ برگ سنا
ہر ایک ایکتولہ ساڑہے دس ماشہ ایارج فیقرا ساڑہے تیره ماشہ عصاره
پونے سات ماشہ سقمونیا بھونی ہوئی شاہتره ہر ایک ساڑہے چار ماشہ نمک
چار رتی ڈیڑه چاول کو ٹکر چھانکر اور روغن بادام مین چکنی کرکے گولیان بانده
اور نو ماشہ ساتھ قہوه مذکور یا گلاب کے کھائین اور نوبت کے دن حب
ذہب ایک عدد صبح اور ایک عدد شام نوش فرمائین حب ذہب
فادزہر کانی نرلیبی خطائی سنگ یشم ہر ایک سوا دو ماشہ جائفل مصطگی
ہر ایک دو ماشہ چھ چاول دارچینی لونگ ہر ایک ساڑہے چار ماشہ گوند
ایک ماشہ تین چاول کتیرا چار رتی ڈیڑه چاول کو ٹکر چھانکر اور گلاب مین
گولیان بقدر نخود کے بنائین حب ہلیلہ نافع ہے واسطے نکلنے
سودا اور صفرا کے سر اور تمام بدن سے اور بکر تجربہ ہوا ہے ص
کابلی ہڑ کالی ہڑ پوست بہیڑه کا آملہ چھیلا ہوا برگ سنا مکی ہر ایک ایکماشہ
تین چاول سقمونیا بھونی ہوئی چار رتی ڈیڑه چاول کو ٹکر چھانکر اور روغن بادام
مین چکنی کرکے مویز منقی کے گوده مین گولیان بنائین اور نیمگرم پانی سے
فاول کرین حب سورنجان ایارج فیقرا نسوت سفید ہر ایک تین
اندراین کے پھل کا گودا قنطوریون سورنجان ماہیزہرج بوزیدان ہر ایک
ساڑہے ستره ماشہ فرفیون سات ماشہ سونٹھ چتیہ کالی مرچ رائی جندبیدستر
ہر ایک ساڑہے تین ماشہ گولیان بنائین قدر خوراک پونے نو ماشہ ساڑہے
دس ماشہ تک اور اس گولی کو مقیم الزمنی بھی کہتے ہین اور کبھی زیاده کرتے
ہین علاج کرنے والے واسطے زیادتی عمل کے اس گولی کے نسخہ مین
سقمونیا ہینگ گنده بیروزه گوگل جاوشیر ہر ایک سات ماشہ اور یہ گولی
سردرد مین عظیم النفع ہے حب ہڑ یوگا یہ گولی درد کو ایکدن مین یا ایک

ٹہ مین لشرط موافق سبب دور کرتی ہے سونف رومی سقمونیا ہر ایک ساڑہے
تین ماشہ گوگل سوا پانچ ماشہ پوست ہڑ کابو زیدان سورنجان ہر ایک ساڑہے
تین ماشہ تسوت سفید ایلوا ہر ایک چہہ تولہ گندنا کے پانی مین گولیان بنائین قدر
خوراک ساڑہے دس ماشہ گرم پانی کے ساتھ **حب سورنجان** ہاتہہ
پاون کی گانٹھون کے درد کو جو بسبب مواد بلغمی اور صفراوی کے عارض ہو
بہت مفید ہے **ص** ایلوا پوست زرد ہڑ کا سوا پانچ ماشہ اندراین کے پھل کا
گودا سوا دو ماشہ سقمونیا چہہ رتی سوا دو چاول زعفران چار رتی ڈیڑہ
چاول قدر خوراک پونے نو ماشہ ساڑہے دس ماشہ تک **حب سورنجان**
درد مفاصل بلغمی کو نافع ہے **ص** سورنجان شیرین ایارج فیقرا پوست زرد
ہڑ کا ہر ایک پونے دو تولہ گوگل ساڑہے سترہ ماشہ تسوت سفید بوزیدان ماہی زہرہ
ہر ایک ساڑہے دس ماشہ گوگل کو گندنا کے پانی مین حل کر کے دوائین اور
اوسمین گوندہکر گولیان بنائین قدر خوراک پونے نو ماشہ ساڑہے دس ماشہ
تک **حب سورنجان** نقرس کو نافع ہے **ص** اجمود کے بیج نمک ہندی
ہر ایک چار رتی ڈیڑہ چاول سقمونیا سورنجان چہہ رتی سوا دو چاول زرد ہڑ
تسوت ہر ایک پونے دو ماشہ ایلوا ساڑہے تین ماشہ سب ایک خوراک
ہے **حب سورنجان** غنی اور منی سے مسمی بحب مقیم الرمن **ص**
ایارج فیقرا تین تولہ فرفیون ساٹھ ساتہ ماشہ تسوت سفید پونے چار تولے سونٹھ
رائی چیتہ کالی مرچ جند بید ستر ہر ایک ساڑہے تین ماشہ کوٹکر چہانکر ہری سونف
کے پانی مین گولیان باندہکر مقدار پونے نو ماشہ کے پانی کے ساتھ تناول
کرین مجرب اور عجیب الفعل ہے **حب عجیب** گانٹھون کے درد کو تسکین
بخشتی ہے اور آزمائی ہوئی ہے ہڈیان آدمی کی جلی ہوئی باریک پیسکر گلاب
مین گولیان بنائین اور قدرے دیوین اور صاحب تحفہ لکھتا ہے کہ آدمی
کی جلی ہوئی ہڈیون کا نوش کرنا تین روز ہر روز ساڑہے چار ماشہ ساتھ ہموزن

نکر کے عرق النسا اور ہاتھ پاؤن کے جوڑون کے درد اور مرگی کو نہایت مجرب ہے **حب مفاصل** کتیرا برابر دو جو کے گلاب کے پھول مصطگی سونف رومی ہر ایک چار رتی ڈیڑہ چاول اندراین کے پھل کا گودا حب النیل نمک ہندی سونٹھ سقمونیا ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول گوگل ایک ماشہ تین چاول سورنجان پونے دو ماشہ ایارج فیقرا ساڑہے تین ماشہ نسوت سفید ساڑہے چار ماشہ ساتھ پانی خالص کے گولیان تیار کرین **حب نقرس** نقرس خونی مین بعد فصد کے اور نقرس صفراوی مین بعد قے کے دینی چاہیے **ص** زعفران چار رتی ڈیڑہ چاول سقمونیا بھونی ہوئی چھ رتی سوا دو چاول اندراین کے پھل کا گودا دو ماشہ چھ چاول سورنجان نسوت سفید زرد ہڑ ہر ایک سوا پانچ ماشہ قدر خوراک ساڑہے دس ماشہ ہے **حب** واسطے نقرس کے ہڑ زرد ساڑہے تین ماشہ ایلوا دو ماشہ چھ چاول ماہیزہرج بوزیدان ہر ایک ایک ماشہ تین چاول سقمونیا چار رتی ڈیڑہ چاول سب ایک خوراک ہے **حب جالینوس** جالینوس کہتا ہے کہ مین نے اسکو اکثر آزمایا ہے سردی معدہ اور خلط فاسد معدہ کو دور کرتی ہے اور دست جاری کرتی ہے ہر وقت دے سکتے ہین گلاب کے پھول ساڑہے دس ماشہ مصطگی چودہ ماشہ ایلوا دو تولہ نسوت سفید تین تولہ کوٹکر چھانکر پانی مین گوندھین اور نخود کی برابر گولیان بنائین یا زیادہ اور گرم پانی کے ساتھ سوتے وقت کھائین **حب برء الساعتہ** مسہل ہے خصوصاً غلیظ خلطون کو جوڑون اور گانٹھون سے نکالتی ہے اور ہاتھ پاؤن کے جوڑون کے درد اور نقرس اور عرق النسا اور وجع الورک کو نافع ہے اور نسخے نظیر ایلوا سورنجان شیرین پوست زرد ہڑ کا سنا مکی مصطگی برابر وزن کوٹکر چھانکر اور روغن بادام مین چکنی کر کے گولیان بنائین قدر خوراک ساتھ ماشہ سوتے وقت نیمگرم پانی کے ساتھ تناول کرین **حب مسہل** بلغم اور صفرا کو نکالتی ہے **ص** سقمونیا بھونی ہوئی

پونے دو ماشہ کتیرا ساڑھے تین ماشہ ست ملہٹی کا پوست زرد ہڑ کا پونے دو ماشہ
ریوند خطائی ساڑھے تین ماشہ نسوت سفید چھیلی ہوئی ساڑھے چار ماشہ نیلوفر کے
پھول نبفشہ کے پھول ہر ایک سات ماشہ گلاب کے پھول سات ماشہ سنا رمکی
نو ماشہ کوٹکر چھانکر اور گلاب مین گوندھکر گولیان برابر نخود کے باندھین اور پانچ ماشہ
سے سات ماشہ تک گرم پانی کے ساتھ تناول کرین **حب مسہل** برگ سنا رمکی
پوست زرد ہڑ کا یا پوست کابلی ہڑ کا ہر ایک ایکتولہ آٹھ ماشہ نبات مصری سفید یکتولہ
آٹھ ماشہ تینون دواؤن کو پیسکر اور مونیز منقے کو پانی مین دھوکر اور کپڑے مین
چھانکر اور تخم دور کرکے گولیان بنائین **حب مسہل** صفرا اور فضول کو
بدن سے نکالتی ہے صفراوی تپون مین بھی دے سکتے ہین اور واسطے
اوس آدمی کے کہ جو شاندہ سے جسکو نفرت ہو یہ گولی بہت مناسب ہے اور
دماغ کو بھی پاک کرتی ہے **ص** سقمونیا بھونی ہوئی دو رتی ایک چاول کتیرا چار رتی
ڈیڑہ چاول ست ملہٹی کا پوست زرد ہڑ کا نبفشہ گلاب کے پھول ہر ایک سات
ماشہ سنا رمکی نو ماشہ اور جو مرض ربو اور ضیق النفس عارض ہو تو غاریقون پونے
دو ماشہ اضافہ کرین اور کوٹکر چھانکر صاف پانی مین گوندھین اور گولیان بنائین
اور شربت نبفشہ مین آلودہ کرکے نگلجائین اور بعد اوسکے نبات مصری گرم
پانی کے ساتھ کھائین **حب** واسطے دوار کے مجرب ہے اسطوخودوس
ایارج فیقرا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ غاریقون سوا دو ماشہ نمک ہندی ایکماشہ
تین چاول اندرائن کے پھل کا گودا چار رتی ڈیڑہ چاول **حب** واسطے طحال
کے مجرب ہے ساتھ شہد کے پانی کے یا سوا اوسکے اور چیزون
مناسب کے ساتھ کھائین **ص** پوست کنیر کی جڑ کا ریوند خطائی ہر ایک
سات ماشہ مرجان جلا ہوا ایلوا زرد اجمود کے بیج غاریقون نمک ہندی
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ عرق بید مین گولیان بنائین قدر خوراک ساڑھے
چار ماشہ **حب** واسطے سختی طحال کے **ص** پوست زرد ہڑ کا سونٹھ چیتہ

ربو وہ مرض ہے کہ آدمی کی سانس کو قرار نہین ہوتا اور جلدی جلدی چلتا ہے سانس اسکا اسطرح جیسے کوئی دوڑ کر آیا ہو ۱۲ ضیق النفس بمعنی تنگی سانس ۱۲

استخار سفید سہاگہ بریان زیرہ سفید نمک سنگ ہرایک برابر وزن کوٹکر چھانکر
تین برسکی پرانی گڑ دوچند مین گوندھکر گولیان چھوٹی چھوٹی بناتین اور دوماشہ
سے چارشہ تک دیوین حب ضیق النفس بیاض حکیم عبدالشافی خان سے
ص میٹھا تلیا کالی مرچ پیپل عاقرقرحا سونٹھ پیپلا مول جاوتری سکو پیسکر بقدر
حاجت کے گڑ لیکر اور گھی مین ملاکر بقدر باجرہ کے گولیان تیار کرین ++

فصل دوسری اون گولیون مین سے جو بیماریون کے نام سے مخصوص ہین

حب سل واسطے مرض سل کے کہ بسبب گرم نزلون کے ہوا ور نفث الدم
یعنے خون تھوکنے کی بیماری بھی ہمراہ ہو مفید ہے ص کافور قیصوری
دو رتی ایک چاول نبسلوچن پوست الخشخاش دم الاخوین کہربا شمعی شادنج عدسی
دھویا ہوا کیر ونشاستہ غبار چکی کا کتیرا ست ملہٹی کا عود صلیب بادام کی گری
چھلی ہوئی خرفہ کے بیج چھلی ہوئی میٹھے کدو کے بیجون کی گری نعی السمک اقاقیا عصارۂ لحیۃ التیس
ہرایک چار رتی ڈیڑہ چاول افیون گلاب کے پھول زعفران برابر دو جو کی اسبغول کے لعاب مین
گولیان بناتین اور ہر روز گدہی کے دودھ کے ساتھ دیوین دیگر دوسرا نسخہ اسی مقدمہ کے لیے
نافع ہے ص کافور قیصوری زعفران دو رتی ایک چاول افیون برابر
دو جو کے ست ملہٹی کا مغز بہدانہ خطمی کے بیج کیرو خشخاش کے بیج میٹھے
کدو کے بیج کھیرے ککڑی کے بیج کی گری خربوزہ کے بیجون کی گری صندل
سفید ترنجبین گاوزبان کے پھول پوست خشخاش ہرایک ساڑھے چار ماشہ
گولیان بناتین حب سل کہ ساتھ حرارت کے ہو ص کافور قیصوری
دو رتی ایک چاول سرطان جلا ہوا گوندببول کا ست ملہٹی کا کتیرا کیرو ہرایک
چار رتی ڈیڑہ چاول میٹھے کدو کے بیجون کی گری کھیرے ککڑی کے بیجون کی
گری ہرایک ایکماشہ تین چاول کوٹکر چھانکر لعاب بہدانہ مین گولیان تیار کرین
اور گدہی کے دودھ کے ساتھ تناول فرمائین یہ ایک خوراک ہے حب
واسطے سل اور کھانسی کے آزمائی ہوئی ہے ص نشاستہ گوندببول کا کتیرا

خشخاش سفید کے بیج بادام کی گری چھیلی ہوئی افیون مصری ہر ایک ایک ماشہ لعاب بہدانہ مین گولیان باندھین حب غری السمک واسطے مسہل اور کھانسی اور نزلات گرم کے نافع ہے اور تفرق اتصال عضو اور نفث الدم اور نفث المدہ کو مفید ہے ص خشخاش سفید کے بیج گوند ببول کا شکر تیغال کتیرا میٹھے کدو کے بیجون کی گری غبار چکی کا غری السمک خطمی کے بیج گاؤزبان کے پھول ست ملہٹی کا دو دو ماشہ کدو کے بیجون کی گری کاہو کے بیج چھیلے ہوئے تین تین ماشہ افیون مصری خالص ایک ماشہ زعفران چار رتی کوٹکر چھانکر لعاب بہدانہ اور لعاب اسپغول مین گولیان برابر مسور کے باندھین اور ایک گولی یا دو گولی وقت رات کے کھائین حب سعال واسطے گرم اور خشک کھانسی اور دق اور سل کے نافع ہے ص گوند ببول کا کتیرا اسفید مغز بہدانہ ست ملہٹی کا خطمی کے بیج خشخاش سفید خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے قند سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ میٹھے بادام کی گری مغز باقلا ککڑی کے بیجون کی گری کدو کے بیجون کی گری ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اسپغول کے پانی مین گولیان بنائین دیگر نشاستہ گوند ببول کا کتیرا میٹھے بادام کی گری مغز باقلا کدو کے بیجون کی گری ککڑی کے بیجون کی گری سب برابر وزن ترنجبین مساوی سبکے لعاب بہدانہ مین گولیان بنائین حب واسطے کھانسی رطوبی اور بلغمی کے نافع ہے اور ضیق النفس کو مفید مجربات اہل ہند سے ص پیپل کو کپڑے مین لپیٹکر نیچے راکھ گرم کے مقدار ایک ساعت رکھین بعد اوسکے اوسکو ہاتھ سے ملکر دانہ جدا کرین اور بقدر ایک تولہ اوسمین سے لیکر اور سہاگہ بھونا ہوا ایک تولہ کلیجن کالی مرچ ہر ایک ایک تولہ عاقرقرحا چھ ماشہ سبکو کوٹکر اور کھرل مین ڈالکر ساتھ شیر گھیگوار کے تین روز پے در پے بہت باریک پیسین جسقدر شیرہ گھیکوار کے ڈالنے اور دوا سبکے باریک پیسنے مین مبالغہ کرین بہتر ہے مقدار چنے کے گولیان بناکر نگاہ

رکھین ایک گولی یا دو گولی کھائین مجرب ہے **حب نزلہ** بابت حکیم ہادی
اجواین خراسانی سفید مصطگی گیرو دھویا ہوا کہربا کتیرا گوند ببول کا ست ملٹھی کا نشاستہ
گاؤزبان کے پھول کھیرے ککڑی کے بیج افیون گاذرونی ہر ایک نو ماشہ نفل
کی جڑ زعفران ہر ایک ساڑھے چار ماشہ ریوند خطائی پونے سات ماشہ کوٹکر چھانکر
پوست خشخاش کے پانی مین گوندھکر گولیان بقدر گول مرچ کے تیار کرین قدر
خوراک ایک گولی سے دو گولی تک **حب بواسیر** مؤلف فرماتے ہین کہ مین نے
اس گولی کو بہت آزمایا ہے اور اکثر میرے عمل مین ہے واسطے دور کرنے
قبض کے کہ موذی طبیعت ہو نافع اور مجرب ہے اور ریاح بواسیر پہ اور مادہ
دافع باوجود اسکے مرض بواسیر کو بالغ النفع ہے **ص** پوست کابلی ہڑ کا پوست
زرد ہڑ کا پوست بہیڑہ کا آملہ ہر ایک نو ماشہ سونف دیسی سونف رومی رسوت
کی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ گندنا کے بیج ساڑھے تیرہ ماشہ گوگل ڈیرہ تولہ شیرہ
املتاس دو تولہ ساڑھے سات ماشہ ہلیلہ چار کو کوٹکر چھانکر روغن بادام مین چکنی کرکے
اور اور دواؤن کی ساتھ دو تین مرتبہ پھر کوٹین اور گوگل کو گندنا کے پانی مین دھوکر
املتاس اوسمین حلکرین باقی اور دوائین پیسی ہوئی داخل کرکے اور ہتیلی کو روغن
بادام سے چکنی کرکے گولیان باندھین پس تین ماشہ سے ایک تولہ تک ہمیشہ
رکھین اور اکثر جگہ جو اس نسخہ مین انجیر اور مویز منقی ڈالکر تجربہ کیا گیا تو عجیب و غریب
اثر مشاہدہ ہوا اور جس کسی کو املتاس سے نفرت ہو تو موقوف کرنا اوسکا باعث
نقصان نفع کا نہوگا **حب مقل** معتمد سید جرجانی امر بواسیر ریحی مین نافع
ہے ایلوا پونے دو تولہ تخم اسبند جاوشیر اشق غاریقون عصارہ غافث حب النیل
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سکبینج گوگل ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر گندنا کی
پانیمین گولیان بنائین قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ تک **حب بواسیر**
بواسیر دمیہ اور ریحیہ کو نافع ہے اور دافع زیرہ سفید کالی ہڑ کتھ سفید صندل
سرخ گیرو رسوت مردار سنگ پھٹکری بھونی ہوئی آملہ چھیلا ہوا پوست بڑی

ہڑکا سبکو کوٹکر چھانکر آٹھ پہر برگ نیم کے پانی مین کھرل کرین پس گولیان باندھکر سایہ مین
خشک کرین اور دو ماشہ اوسمین سے تناول فرمائین حب بواسیر قبض کو دور
کرتی ہے جسمین نہایت ایذا اور تکلیف ہو اور مجرب ہے ص گوگل چار جزو آملہ
چھلا ہوا پوست زرد ہڑ کا کالی ہڑ پوست کابلی ہڑ کا پوست زرد ہڑ کا پوست بہیڑہ کا
تخم گندنا ہر ایک پانچ جزو گوگل کو نیمکوب کرکے گندنا کے پانی مین دہوکر تر کرین
اور تین دن اور کوٹین کہ مثل مرہم ہوجائے پس باقی دواؤن کو اوسمین گوندھکر
بقدر نخود کے گولیان باندھین اور ہر روز خالی معدہ پر نو عدد پندرہ عدد تک
نگلجائین اور سودا پیدا کرنے والی چیزون سے پرہیز رکھین حب بواسیر
سندروس واسطے اوکھاڑنے مواد بواسیر کے نافع ہے اور بھونک اور
ہضم غذا کو مفید ص سندروس پوست بنفیہ پاک کیا ہوا پتلی جھلی نیچے کی سے
اور چینیہ ہندی گندنا کے بیج ہر ایک ساڑہے تین ماشہ نوسادر پونے دو ماشہ
خبث الحدید مدبر ڈیڑہ تولہ گوگل اوسقدر کہ اوسکے پانی مین گولیان بندھ سکین
پس سات عدد گولی تناول کرین حب اسہال دستون کو بند کرتی ہے
اور خون بہنے کو باز رکھتی ہے ص پوست انار پونے دو ماشہ مازو ساڑہے
تین ماشہ سماق ساڑہے تین ماشہ دانہ مونیز ساڑہے دس ماشہ تخم مورد تین تولہ
کوٹکر چھانکر گولیان بنائین اور سایہ مین سکھائین قدر خوراک سات ماشہ ساتھ
پانی کے کھائین اور اوپر سے انڈا آدھا بھونکر اور سرکہ مین آلودہ کرکے
تناول کرین حب واسطے بند کرنے دستون کے مجرب ہے تخم مورد ساڑہے
دس ماشہ گل ارمنی ساڑہے سترہ ماشہ نشاستہ بھونا ہوا انجبار خرفہ کے بیج بھونے
ہوئی خشخاش سفید کی بیج بھونے ہوئی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ کوٹکر چھانکر
اور بقدر نخود کے گولیان باندھکر سات گولی کھائین حب واسطے بند کرنے
خون بواسیر کے مجرب ہے ص گھر باموںگے کی جڑ ودع یعنی گھونگا کہ سیپ کی
قسم سے ہے جلا کر ہر ایک پونے نو ماشہ تخم گندنا ساڑہے دس ماشہ

کالی ہڑ بہیڑہ آملہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ گوگل تین تولہ کوٹکر چھانکر گوگل کو گندنا کے
پانی یا برگ سرو کے پانی مین گھولکر گولیان تیار کرین **حب** واسطے ہر قسم کے
دستون کے بچون کے لئے نافع ہے اور آزمائی ہوئی **ص** انار کی کلی بکاین
جائفل افیون ہر ایک ایک ماشہ چاکسو رسوت نرکچور زیرہ سفید چھیلا ہوا ہلدی چھیلی
اور منو اوسکا کوٹا ہوا کونپل شاخ نیم کونپل بکاین کونپل ببول کوٹکر چھانکر گولیان بقدر
دانہ موٹھ کے باندھین پس ایک گولی یا دو گولی تناول کرین **حب شفا** واسطے
تسکین علتون گرم صفراوی اور قے صفراوی کے مجرب ہے زہر مہرہ دو جزو
موتی ایکجزو دونون کو خوب باریک پیسکر پانی مین گولیان بنائین اور دو ماشہ اوسمین
سے گلاب مین حلکر کے دیوین **حب لبوب** تپون گرم اور کھانسی گرم مین
منہ مین لیوین پیاس کو بجھاتی ہے خصوصاً اگر رب لیمون یا رب انگور خام یا انار کے
پانی اور سوائے اوسکے اور چیزون مین گوندھین **ص** ککڑی کے بیجون کی
گری کدو کے بیجون کی گری خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے ہر ایک ایکجزو کاہو کے
بیج چھیلے ہوئے نصف جزو ست ملہٹی کا چہارم جزو کوٹین اور لعاب اسبغول
مین گوندھین اور برگ خرفہ کے پانی مین گولیان بنائین **حب مسہل** واسطے
شطر الغب کے مجرب ہے **ص** ایلوا مصطگی پوست زرد ہڑ کاریوند چینی عصارہ
غافث افسنتین گلاب کے پھول ہر ایک ایکجزو زعفران نصف جزو ساتھ
پانی کاسنی تازہ کے گولیان بنائین قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ سے سات
ماشہ تک ہمراہ سکنجبین تازہ کے استعمال فرمائین اور اون گولیون کو بعد تنقیہ کے
کھائین اور عصارہ اگر نہو تو غافث اور افسنتین داخل کرین اور ہر شب پرانے
تپون کے اخیر مین سات ماشہ تناول کرین **حب** واسطے شطر الغب کے
ص گوگل چار رتی ڈیڑہ چاول سقمونیا چھ رتی سوا دو چاول کتیرا ایک ماشہ تین
چاول چار رتی اندراین کے پھل کا گودا پونے دو ماشہ ایارج فیقرا ساڑھے تین
ماشہ گولیان بنائین **حب** واسطے تپ دق کے نافع ہے اور سینہ کی گھڑگھڑ

اور کھانسی کو مفید ہے اجواین خراسانی چار رتی افیون ایک ماشہ گیرو نیلوفر
کے پھول کتیرا میٹھے کدو کے بیجون کی گری تربوز کے بیجون کی گری ہر ایک
دو ماشہ بنبسلوچن ست ملٹھی کا تخم خرفہ کافور ہر ایک تین ماشہ گوند ببول کا چار ماشہ
تخم خشخاش سفید کھیرے ککڑی کے بیج ہر ایک چھ ماشہ کوٹکر چھانکر لعاب بہی گو
گولیان باندھین بقدر نخود کے ہر صبح سات عدد گولی ہمراہ شیرہ خرفہ تین تولہ
شیرہ تخم خیارین تین تولہ پانی میٹھے انار تین تولہ کے دیوین **حب کافور** واسطے
تپ دق کے کہ دستون کے ساتھ ہووے نافع ہے اور اور تپون گرم کو کہ
شدید الحرارت ہون مفید ہے **ص** کافور قیصوری سوا دو ماشہ گیرو زہر مہرہ
خطائی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ بنبسلوچن سفید موتی بے سوراخ دھنیہ کے بیج صندل
سفید ہر ایک دو تولہ مغز تخم تربوز کدو کے بیجون کی گری ہر ایک ڈیڑھ تولہ اول
ایک ماشہ تین چاول ببول کے گوند کو عرق صندل مین حل کر کے اور باقی دوا کو
کوٹکر چھانکر اور اوسمین گوندھکر بقدر نخود کے گولیان تیار کرین اور ہر روز ساڑھے
چار ماشہ تناول کرین **دیگر** نسخہ دوسرا اسی مقدمہ مین **ص** کافور قیصوری
سوا دو ماشہ بنبسلوچن سفید نشاستہ صندل سفید میٹھے کدو کے بیجون کی گری کتیرا ہر ایک
ساڑھے چار ماشہ کوٹکر اسپغول کے لعاب مین گولیان تیار کرین قدر خوراک ساڑھے
چار ماشہ **دیگر** نسخہ دوسرا اسی معاملہ مین مجرب ہے **ص** اجواین خراسانی چار رتی
افیون ایکماشہ گیرو نیلوفر کے پھول کتیرا کدو کے بیجون کی گری تربوز کے
بیجون کی گری ہر ایک دو ماشہ بنبسلوچن سفید ست ملٹھی کا خرفہ کے بیج کاہو کے
بیج چھیلے ہوئے کافور قیصوری ہر ایک تین ماشہ گوند ببول کا چار ماشہ خشخاش
سفید کے بیج شیرہ مغز تخم خیارین کھیرے کے بیجون کی گری ہر ایک چھ ماشہ کوٹکر چھانکر
چنے کے برابر گولیان بناوین قدر خوراک سات گولی طباشیر تخم خرفہ تین تولہ شیرہ تخم
خیارین سات ماشہ پانی میٹھے انار کا تین تولہ دیوین **حب خناق** واسطے خناق
خونی اور صفراوی کے شروع مرض مین نیچے زبان کے نگاہ رکھین **ص** کافور

قیصوری چار رتی ڈیڑہ چاول خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے زیرہ گلاب نشاستہ
بنسلوچن سفید سماق کتیرا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر اور لعاب بہنگو مین گوندھکر
گولیان بنائین اور منہ مین رکھین حب خناق منہ مین نگاہ رکھنا اوسکا خناق کو نفع
دیتا ہے اور ورم کے پکانے کو مفید ہے ص سرطان نہری رسوت مکی بنسلوچن
سفید گوند ببول کا کتیرا کنوچہ کے بیج مغز بہدانہ کوٹکر چھانکر پانی مین چپٹی چپٹی گولیان
بنائین اور منہ مین رکھین حب واسطے حلق کے پرانے زخم کے معمول
اور مجربات سے ہے ص زیرہ گلاب کا ساڑھے تین ماشہ موم کافوری سوا
پانچ ماشہ انزروت سات ماشہ روغن گل سوا بارہ ماشہ موم روغن بناکر گولیان
چھوٹی چھوٹی تیار کرین اور ایک ایک کو مرغ کے انڈے کی زردی مین گوندھکر
نگلجائین اور جو بطور لعوق کے چاٹین تو بہتر ہے اور غذا مین بھی آدھی بھونی
ہوئی زردی مرغ کے انڈے کی ہونی چاہیے حب آزمائی ہوئی ہے واسطے
زخم زبان کے منہ مین رکھین ص آٹا سٹر کا آٹا مسور کا جو جلے ہوئے گلنار
برگ گاوزبان گیلانی مہندی کی پتی شاہترہ بنسلوچن سفید نشاستہ نیلوفر کے پھول
ہر ایک ایک ماشہ مونگے کی جڑ پھٹکری جلی ہوئی ہر ایک دو ماشہ زہرمہرہ خطائی
پیسا ہوا گوند ببول کا کتیرا خرفہ کے بیج چھلے ہوئے دم الاخوین ہر ایک دو ماشہ
انزروت مدبر ایک ماشہ چوبچینی دو ماشہ کوٹکر چھانکر گولیان بناکر منہ مین رکھین
حب ممسک بچون کے دستون کی کثرت کو نافع ہے اور پیاس بجھاتی
ہے ص زیرہ سفید بھونا ہوا سونف دیسی چھ ماشہ جائفل دو ماشہ اجواین
دیسی ایک ماشہ افیون چھ رتی سبکو کوٹکر چھانکر کچے انار کو چیر کر اوسمین بھرین اور
انار کو گوندھے ہوئے آٹے مین لپیٹکر گرم راکھ مین دبا دین کہ آٹا پکجاتے پھر اوسمین
سے نکالکر بعد سرد ہونے کے آٹا دور کرین اور دواؤن کو مع انار کے پیسکر
باجرہ کے برابر گولیان بنائین یا بقدر کالی مرچ کے تیار کرین اور موافق سن و سال بچون کے
دیدین دیگر دستون کو بند کرتی ہے اور خون کی دستونکو

بھی روکتی ہے صں سُماق سات ماشہ مازوی سبز ساڑھے تین ماشہ پوست انار
پونے دو ماشہ تخم مورد تین تولہ دانہ مویز بھونا ہوا ساڑھے دس ماشہ کوٹکر چھانکر ببول
کے گوند کو پانی مین حل کرکے اور دواؤن کو باہم گوندھکر گولیان تیار کرین دیگر
اسہال کبدی یعنے جگر کے دستون کو مفید ہے بوعلی سینا سے صں مازو بڑی ہڑ ہر ایک
نو ماشہ افیون ساڑھے چار ماشہ گوند ببول کا نورتی کوٹکر چھانکر برابر نخود کے گولیان
تیار کرین چھوٹی عمر والہ کو ایک گولی اور بڑی عمر والہ کو تین چار گولی اور افیونی کو اس
سے بھی زیادہ اجازت ہے دیگر حکیم مصری نے واسطے ابو الفضل کے ترتیب
دی تھی معدہ کو قوت دیتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور قولنج دور کرتی
ہے اور باہ کو بڑہاتی ہے صں دارچینی دو ماشہ لونگ آٹھ ماشہ کبابچینی بڑی الایچی
سونف دیسی گاجر کے بیج پیپل کی جڑ ہر ایک تین ماشہ مصطگی کندر ہر ایک چار رتی
ڈیڑھ چاول چھوٹی الایچی بالچھڑ ہر ایک ایک تولہ سورنجان شیرین اندر جو کابلی ہڑ
ہر ایک دو تولہ سونٹھ نے ریشہ پیپل بہمن سفید کالی مرچ کالی ہڑ شقاقل مصری
کالا دانہ گوگل ہر ایک تین تولہ ہینگ قسم اول خصیۃ الثعلب جواین دیسی ہر ایک
چار تولہ مویز منقے پونے نو تولہ بادام کی گری آدھ پاؤ چلغوزہ کی گری پاؤ سیر دونون
ہڑون کو روغن زیتون مین اسقدر جوش دین کہ سرخ ہو جائین پس دواؤن کو
جدا جدا کوٹکر چھانکر باہم ملائین اور مویز اور بادام اور چلغوزہ کو علحدہ علحدہ پتھر پر پیسکر
اور ایکجا کرکے پتھر یا چاندی کے ہاون مین دو تین روز برابر کوٹین اور برابر
گول مرچ کی گولیان بنا کر دو گولی سے پانچ گولی تک استعمال فرمائین حب
واسطے ہضم اور تقویت معدہ اور توڑنے ریاح غلیظہ اور دفع ہچکی سخت کے
معمول ہے صں نمک سانبھر نمک سیاہ نمک شور نمک سفیدہ ہر ایک ساڑھے
تیرہ ماشہ نعناع نرکچور ہر ایک ایکتولہ ساڑھے دس ماشہ زرد ہڑ بہیڑہ آملہ چھیلا
ہوا گول مرچ سونٹھ بچھ ترکی ہر ایک تین تولہ ساڑھے چار ماشہ دونون زیرہ نمک
سنگ ہر ایک تین تولہ ساڑھے چار ماشہ دھنیہ کے بیج آدھ پاؤ سونف اجواین

دیسی ہر ایک پاؤسیر کوٹکر چھانکر اور لیمون کے پانی مین گوندھکر سورج کے
نیچے خشک کرین اور ساتھ آملہ سبز کے پانی کے اگر بہم پہونچے گوندھکر اور سکھاکر
پھر لیمون کے پانی مین گوندھکر گولیان برابر اخروٹ کے باندھکر کھلاتین اور
اگر آملہ سبز بہم نہ پہونچے تو خشک آملہ پانی مین تر کرکے اوسی پانی مین خمیر کرین
حب حامض ہاضم ہے اور بھوک پیدا کرتی ہے اور قبض کو دور کرتی ہی
اور مادہ کو دفع کرتی ہے **ص** مازو سونٹھ کالی مرچ آملہ ہر ایک ایکجزو پیپل دوجزو
زرد ہڑ نسوت سفید چھیلے ہوے ہر ایک تین جزو کوٹکر چھانکر لیمون کے پانی
مین پیسین اور بقدر جنگلی بیر کے گولیان بناکر نگاہ رکھین اور موافق حاجت کے
غذا سے پہلے تناول کرین **حب** واسطے ہضم غذا اور درد شکم اور تحلیل
ریاح کے مجرب ہے **ص** پوست ہڑ کا ایک تولہ آٹھ ماشہ پوست آملہ کا ایک
تولہ آٹھ ماشہ سونف دیسی ایک تولہ آٹھ ماشہ جیتہ ہندی ساڑھے پودینہ خشک
ساڑھے ماشہ پودینہ خشک الایچی گجراتی ساتھ ماشہ سونٹھ پیپل تین ماشہ کالی مرچ
تین ماشہ سہاگہ پتلیہ تین ماشہ چوک ترش ایک تولہ نمک سیاہ ایک تولہ نمک لاہوری
سات ماشہ سبکو کوٹکر چھانکر گھیگوار کے رس مین جنگلی بیر کے برابر گولیان بناتین
حب مصطگی کھانسی اور نزلہ اور زکام کو نفع بخشتی ہے اور منی کے بہنے کو نافع
ہے **ص** مصطگی زعفران ہر ایک ایکجزو افیون چار جزو کوٹکر چھانکر گولیان تیار
کرین ہر گولی بقدر سیاہ مرچ کی قدر خوراک ایک گولی دو گولی تک **حب** پرانی کھانسی کو جو بانع
خواب ہو مفید ہی اور بچون اور جوانون کو اور بوڑہونکو سبکو مفید ہی **ص** افیون خالص گوند دو
گوندببول کا ساڑھے تین ماشہ اس کندرست ملٹھی کا ہر ایک سات ماشہ گولیان برابر
دانہ ترمس کے تیار کرین وقت حاجت کے سوائے بچون کے ایک گولی
اور بچون کو آدھی یا چہارم گولی موافق سن و سال کے دیوین **حب نزلہ**
واسطے کھانسی اور نزلہ کے نافع ہے **ص** شکر تیغال تخم خشخاش
آنا باقلا کا اجواین خراسانی ست ملٹھی کا گوندببول کا ہر ایک نو ماشہ کوٹکر چھانکر

ساتھ اوس پانی کے جسمین ترنجبین حل کی ہوئی ہو گوندھکر گولیان تیار کرین
اور دو گولی رات کے وقت منہ مین رکھین **حب اقارومی کثیر النفع** عمادا
اقارومی سے منقول ہے واسطے کھانسی اور نزلہ کے نہایت مفید ہے اور
معدہ اور اعضاء رئیسہ اور باہ کو قوت دیتی ہے اور امساک منی کرتی ہے **صر**
مشک خالص ڈیڑہ ماشہ عنبر اشہب تین ماشہ کہربا مونگے کی جڑ ہر ایک چھ ماشہ
بادام چھیلے ہوے کی گری نشاستہ سفید اگر خام موتی بے سوراخ یاقوت سرخ
ہر ایک ایک تولہ ست ملہٹی کا گوند ببول کا نبات مصری سفید بنفشہ کی جڑ افیون
مصری ہر ایک دو تولہ جواہر کو گلاب مین سنگ سماق پر خوب پیسکر باقی اور دواؤن
کو کوٹکر چھانکر باہم ملاکر اور گلاب مین گوندھکر گولیان بقدر نخود کے باندھین
حب ذہب واسطے نزلہ اور کھانسی اور پاک کرنے دماغ کے مجرب اور نافع ہے
ص یاقوت سرخ مونگے کی جڑ موتی بے سوراخ ہر ایک تین رتی عنبر اشہب سونیکے
ورق چار رتی سقمونیا بھونی ہوئی زعفران مصطگی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
کتیرا ایلوے دو ماشہ گلاب کے پھول ساڑھے سترہ ماشہ پوست کابلی ہڑ کا تین تولہ
ایلوا چھ تولہ دواؤن کو کوٹکر چھانکر ساتھ گلاب اور عرق بید اور پانی اجمود اور
سونف کے گولیان بنائین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ **حب نزلہ** واسطے
اسی فائدہ کے مجرب ہے **ص** اجواین خراسانی کاہو کے بیج چھیلے ہوے
نشاستہ خشخاش کے بیج گوند ببول کا افیون لفاح کی جڑ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ
زعفران ایک ماشہ تین چاول کوٹکر چھانکر اور پوست خشخاش کے پانی مین
گوندھکر بقدر گول مرچ کے گولیان بنائین خوراک دو گولی **حب نزلہ** واسطے نزلہ
اور کھانسی اور مرض خون تھوکنے کے مجرب ہے **ص** مصطگی گیرو کتیرا
کہربا گوند ببول کا ست ملہٹی کا نشاستہ گاوزبان کے پھول خشخاش سفید
کے بیج کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری اجواین خراسانی افیون ہر ایک
نو ماشہ لفاح کی جڑ زعفران ہر ایک ساڑھے چار ماشہ ریوند خطائی ساڑھے

چار ماشہ کوٹکر چھانکر اور پوست خشخاش کے پانی مین گوندھکر بقدر گول مرچ کے گولیان تیار کرین اور ایک عدد سے دو عدد تک تناول کرین **حب نفث الدم** خون تھوکنے کی بیماریکو نافع ہے گیرو چھہ تولہ آٹھ ماشہ کہربا ایک ماشہ تین چاول دم الاخوین گوند ببول کا اقاقیا ہر ایک پانچ تولہ بنسلوچن سفید نشاستہ عصارہ لحیتہ التیس ہر نو ماشہ کتیرا اسفید گلنار فارسی ہر ایک دو ماشہ چھ چاول کوٹکر چھانکر اور بارتنگ کے پانی مین گوندھکر گولیان بنائین **حب** واسطے کھانسی کے مجرب ہے ست ملہٹی کا خوبنٹے دانہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کالی مرچ خشخاش سفید چودہ ماشہ نشاستہ کتیرا گوند ببول کا کھیرے کے بیج ہر ایک ساڑھے چار ماشہ گولیان بنائین اور نیچے زبان کے نگاہ رکھین **نسخہ دیگر** مجرب ہڑ گول مرچ ملہٹی کاکڑا سنگی برابر وزن لیکر گولیان بنائین **حب ہاضم خوش ذائقہ** سونٹھ تین تولہ چار ماشہ کالی مرچ چار ماشہ لونگ چار ماشہ نمک آٹھ تولہ چار ماشہ چوک ترش چار تولہ دو ماشہ دواؤن کو کوٹکر چھانکر چوک کو لیمون کے پانی مین کھرل کرین اور سبکو ملا کر گولیان بنائین برابر نخود کے ایک گولی بعد غذا کے کھالیا کرین **حب ہاضم** ہے اور خوش ذائقہ اور بھونک بڑہاتی ہے آزمائی ہوئی ہے اور معمول چھوٹی الائچی دارچینی ہر ایک پانچ ماشہ سمندر لون سونچر لون سیندھا لون جواکھار دھنیہ پیپل اور پیپل کی جڑ کالا زیرہ سفید زیرہ سونٹھ ترنج ناگیسر تالیس پتر ہر ایک دس ماشہ چوک ترش تین تولہ چار ماشہ انار دانہ تیرہ تولہ چار ماشہ کوٹکر چھانکر اور لیمون کے پانی مین گوندھکر جھربیری کے بیر کے برابر گولیان بنائین ایک گولی دو گولی تک تناول کرین **حب کھار** بہت ہاضم ہے اور تحفہ روزگار ص کھار جاوتری کھار دارچینی کھار کبابچینی جواکھار ہر ایک دو ماشہ دانہ چھوٹی الائچی کے سولہ ماشہ سبکو چھ پہر لیمون کے پانی مین کھرل کرکے بقدر تین رتی کے گولیان بنائین **حب ہاضم** لونگ دارچینی چھوٹی الائچی بڑی الائچی مرچ پیپل دھنیہ بائبڑنگ اجوائین ترپھلہ چوک ترش انار دانہ نمک سونچر نمک سیندھ نمک سانبھر نمک دریا

نمک جو اکھار موچ کبول اجمود سونف تیرج سب برابر وزن کوٹکر چھانکر لیمون
کے پانی مین گولیان بنائین **حب ملذذ** شہوت جماع کو زیادہ کرتی ہے
اور عورت اور مرد دونون کو لذت دیتی ہے بشرطیکہ تیزی دوا کی فراج عضو پر
نہ اثر کرے **ص** عاقرقرحا مونرج دارچینی اور بعضے کبابچینی بھی ملاتے ہین
سبکو برابر وزن کوٹکر چھانکر ساتھ عسل زنجبیل سے گوندھین اور چنہ کے برابر
گولیان بنائین اور جماع سے وقت ایک گولی منہ مین رکھین اور تھوک جو اوس سے
حاصل ہو ذکر یا فرج پر ملین **نسخہ دیگر** افیون زعفران گوند عاقرقرحا سلیخہ الایچی
چھوٹی الایچی بڑی ہر ایک ایک ماشہ اجواین خراسانی دو ماشہ دواؤن کو کوٹکر
چھانکر اور گولیان بناکر وقت حاجت سے ایک گولی کھالیوین **حب ممسک**
معاملہ امساک منی مین نہایت مفید ہے اور عجیب وغریب آزمائی ہوئی ہے
ص جائفل جاوتری افیون مازو اسپند مصطگی رومی زعفران ناگیسر موچرس
تج گوگل چھالیہ دانہ چھوٹی الایچی سے نبسلوچن اجواین خراسانی ہر ایک ایکماشہ
باریک پیسکر اور اسپغول اور بہدانہ کے لعاب مین گولیان جنگلی بیر کے برابر
بناکر نگاہ رکھین اور وقت حاجت کے ایک گولی تازے پانی کے ساتھ کھائین
اور بعد چار گھڑی کے دودھ تازہ گائی کا نوش کرین ہمراہ شیرینی کے اور تریاق
اس گولی کا نمک لاہوری ہے یعنے اگر چاہین کہ اس گولی کا اثر موقوف ہووے
اور امساک جاتا رہے تو نمک لاہوری نوش کرین فوراً انزال ہوگا **حب سیماب** جب تک
منہ مین رکھین انزال نہووے **ص** کالی تیتر کو کہ ایک جانور ہے تین دن بھوکا رکھیں
بعد اوسکے تولہ بھر پارہ اوسکی حلق مین ڈالین کہ نگلجاتے دوسرے دن بھوکا
رکھین چوتھے روز چاول دودھ مین ملاکر اوسکو کھلاتین جسوقت بیخال کریگا
گنکہ باہر آویگا اور تیتر مرجائیگا — **حب ممسک** حکیم معتمد الملک اعتماد کل اپیر
رکھتا تھا **ص** افیون گاذروئی کافور شنگرف جائفل عاقرقرحا بنات سفید ہر ایک
ایک تولہ زعفران جندبیدستر ہر ایک چھ ماشہ بیر بہوٹی دس عدد سبکو باریک پیسکر

بقدر جنگلی بیر کے گولیان بناکر نگاہ رکھین وقت حاجت کے ایک گولی کھائین
بشرطیکہ معدہ خالی ہو اور اگر چاہین کہ انزال ہو جاے ٹھنڈا پانی اوپر سے نوش کرین
انزال ہو جائیگا حب سیماب امر باہ اور تندی شہوت مین عجیب و غریب ہے
کہ اگر ایک ہفتہ اس گولی سے ناشتا ناول کرین اور اوپر سے بکرے کی گوشت کا
شوربا گرم گرم کھائین اور آٹھ دن تک جماع نکرین تو قوت باہ اسقدر ہوگی کہ
نہ دیکھی ہو نہ سُنی یہ نسخہ طب فرشتہ سے کہ ساتھ دستور الاطبا کے موسوم ہے
نقل کیا گیا ہے ص پارہ خالص گندک کتہ سرخ لونگ ہر ایک ایکتولہ آٹھ ماشہ
پہلے پارہ اور گندک کو خوب پیسکر باقی دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور شہد داخل کرکے
اور مرغ کے انڈے کی زردی مین گوندھکر بہت باریک پیسین اور گول مرچ
کے برابر گولیان بنائین اور ایک ایک گولی کھائین حب سیماب صاحب
باد فرنگ کو نافع ہے پارہ تین ماشہ اجواین آٹھ ماشہ اول اجواین کو پیسین کہ خوب
نرم ہو جاتے بعد اوسکے پارہ ڈالکر پیسین کہ حل ہو جاے قدرے گیہون کا آٹا ملاکر
سترہ گولی تیار کرین ہر صبح ایک گولی سرد پانی کے ساتھ کھائین غذا کھچڑی اور
روٹی بے نمک اور تیل بدن اور سر پر نہ ملین کہ بہت مضر ہے اور جو منہ آجاتی
تو شوربا ی گوشت نمکدار ندیوین اور پانی مین جھربیری کی جڑ جوش دیکر کلیان
کرین اور اگر شدت بہت ہو تو فصد چہار بند کھولین اور زخمون پر مرہم سیماب
کہ مرہمون کے باب مین مندرج ہے استعمال کرین حب واسطے تقویت
باہ اور امساک کے مجرب ہے ص کنجشک نر یعنے چڑا پکڑکر اور شکم اوسکا
چاک کرکے پاک کرین اور دھتورہ اوسمین بھرین اور سوئی سے سی کر تل کی
تیل یا گاے کے گھی مین پکائین کہ خوب پکجائے بعد اوسکے دھتورہ کو نکالکر
اور دوسرے چڑے کے پیٹ مین بھرکر اور ٹانکے لگاکر پکائین اسی طرح
تین مرتبہ بعد اوسکے اوس دھتورہ سے ایکجز ولیوین اور چڑے کے سر کا
مغز دو جز اور زعفران ثعلب مصری کالی مرچ ہر ایک نصف جز و سبکو پیسکر

شکر کے قوام مین گوندھین اور بقدر نخود یا کم اوس سے گولیان تیار کرین حب سیماب
آزمائی ہوئی ہے منقول طب یوسفی سے ص کالی مرچ ڈیڑھ تولہ زنگی ہر ساڑھے
تیرہ ماشہ کوٹکر چھانکر پارہ دو تولہ ساڑھے سات ماشہ قند سیاہ یعنے گڑ پانچ تولہ ساڑھے
سات ماشہ آٹا میدہ کا اور روغن گل ہر ایک سوا دو تولہ سکو باہم ملائین اور کھرل
کرین کہ پارہ کشتہ ہو جائے پس چودہ حصہ کرین اور ہر روز دو حصہ صبح اور ایک حصہ
آخر روز غلولہ باندھکر نگلجائین اور غذا جو سفوف مین لکھی گئی ہے کھائین طریق
فادزہر حکیم ماہر حکیم عماد الدین محمود اپنے رسالہ مین بیان کرتا ہے کہ جو حکمائی
سابق نے واسطے کھانے فادزہر کے اشارہ کامل فرمایا ہے اور ہر ایک نے
اپنی طرف سے اجتہاد کیا ہے مگر اکثر ایسا اتفاق پڑا ہے کہ فادزہر کے کھانے سے
بطریق مختلف آزار طرح طرح کے اوٹھائے ہین اسواسطے یہ ترکیب خاطر خواہ
مقرر ہوئی جس کسی کو مین نے اس طریق سے دیا نفع کامل اوسکو پہونچا ص
فادزہر آزمودہ چوبیس جو موتی بے سوراخ یاقوت سرخ لعل بدخشانی سنگ یشم
ہر ایک چھتیس جو وزن جواہر کا زیادہ ہے اگر ہر ایک کو بارہ جو لیوین بہتر ہے
پس ہر ایک کو سنگ سماق پر پیسکر بعد اوسکے مومیائی عنبر اشہب زعفران سونے کے
ورق ہر ایک بیس جو مشک خالص چار جو سکو بدستور معجون کے گوندھکر گولیان
بنائین اور تین حصہ کرین تین دن پے درپے ہر روز ایک حصہ کھائین اور
شربت مصری اور گلاب کا نیمگرم اوپر سے نوش کرین اور چند قدم ٹہلین پھر اور
شربت مصری اور گلاب کا پئین جب خوب بھونک سچی معلوم ہو غذا لطیف
پاکیزہ تناول کرین اور طریق دوسرا کہ دوسرے تیسرے برس استعمال کرتے
یہ ہے ص فادزہر آزمودہ ساڑھے تین ماشہ فیروزہ نیشاپوری یاقوت سرخ
لعل بدخشانی موتی بے سوراخ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ مشک تبتی سونے کے
ورق چاندی کے ورق زعفران نرلسی آزمائی ہوئی مومیائی کانی ہر ایک
ایکماشہ تین چاول سب دوائین جدا جدا سنگ سماق پر پیسین اور مصری کی

قوام مین گوندھکر برابر چنہ کے گولیان بنائین اور سب گولیون کے تین حصہ
کرین اور تین دن ہر روز ایک حصہ کھائین ساتھ شربت مصری اور گلاب کے
حب فادزہر موافق نسخہ حکیم ہادی پادزہر حیوانی مجرب چار رتی ڈیڑہ چاول
مشک خطائی چار رتی ڈیڑہ چاول عنبر اشہب مومیائی دارابی ہر ایک جادو رتی
موتی بے سوراخ کہربا موتنگے کی جڑ جلی ہوئی ہر ایک سوا دو ماشہ یاقوت سرخ
ایک ماشہ تین چاول طبا شیر سفید ساڑہے چار ماشہ سونے کے ورق
چاندی کے ورق ہر ایک تیس عدد صندل سفید ساڑہے چار ماشہ زعفران گوند ببول
کا ہر ایک ایکماشہ تین چاول مومیائی اور عنبر کو روغن بلسان مین پگھلاکر اور جواہر کو
پیسکر اور اوسمین گوندھکر گولیان تیار کرین ہر گولی چنہ کے برابر سات حصہ
کرکے ہر روز ایک حصہ ساتھ گلاب اور عرق گاوزبان کے کہ ہر ایک نو ماشہ ہو
نگلجائین **حب فادزہر معدنی** واسطے تقویت دل اور دفع اثر زہرون
اور دور کرنے ہوائے سمی اور اصلاح اخلاط فاسدہ کے بے نظیر ہے ص
فادزہر کانی یاقوت سرخ موتی بے سوراخ کہربا شمعی گیرو دھویا ہوا درونج
عقربی حب بلسان تشقاقل مصری بہمن سرخ بہمن سفید حب الغار طباشیر
سفید دارچینی ہر ایک ساڑہے چار ماشہ زعفران سوا دو ماشہ عنبر اشہب مشک
خالص سونے کے ورق چاندی کے ورق ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول جواہرات
کو گلاب مین پیسکر اور سونے کے ورقون کو ببول کے گوند کے پانی مین حل کرے
مشک اور زعفران کو گلاب مین پیسکر اور عنبر کو روغن بلسان سوا دو ماشہ مین
حل کرکے اور باقی دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور پانی مین گوندھکر گولیان بنائین ہر گولی
بقدر چار چنے کے اور ہر روز پانچ گولی ہمراہ گلاب پونے چار تولہ کے تناول کرین
حب ممسک امساک منی بخوبی کرتی ہے نسخہ دیگر نزدیک باعتدال مخترع
اور مجرب یوسف طبیب ص مشک اذفر سوا دو ماشہ مصطگی رومی ایک تولہ
ساڑہے دس ماشہ نبات مصری دو تولہ ساڑہے سات ماشہ سبکو جدا جدا

کوٹکر چھانگر باہم ملائین اور گلاب مین کہ کتیرا سفید یا ببول کا گوند بقدر سوا دو ماشہ
کے انکو بھگو کر صبح کو صاف کیا ہو گوندھین اور گولیان بنا کر سایہ مین سکھائین
حب المسک یعنے مشک کی گولی ص مشک ایک ماشہ تین چاول پوست
ترنج برگ ترنج برگ فرنجمشک لونگ جائفل ناگیسر دانہ چھوٹی الایچی کے سونٹھ
کباب چینی جاوتری ناگرموتھ ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانگر ساتھ رب سیب
یا رب بہ یا میبہ کے گوندھکر گولیان تیار کرین حب حمل کو مانع ہے اور منی کو
گرہ بندھنے نہین دیتی ص سونف رومی اجمود کے بیج سونف دیسی پودینہ
پہاڑی مشکطرامشیع کہ ایک قسم پودینہ کی ہے ہر ایک ایکجزو بالچھڑ دارچینی سلیخہ
حب بلسان عود بلسان ہوہ بیر کوٹھ ہر ایک نصف جزو گولیان تیار کرین جسوقت
ارادہ جماع کا ہو ایک گھنٹہ پہلے اوس سے عورت کو کھلائین حب رال منہ سے
بہنے کو نافع ہے جو بسبب سردی ورطوبت معدہ کے ہو ص سونف رومی اجواین دیسی ہر ایک چار رتی
ڈیڑہ چاول نمک ہندی ڈیڑہ ماشہ ایارج فیقرا ساڑہے چار ماشہ بدستور گولیان تیار کرین یہ سب ایک خوراک ہے
ہفتہ مین ایکبار تناول کرین حب نیچے زبان کی رکھین استرخاء زبانکو مفید ہے ص علک البطم سات ماشہ ہینگ ساڑہے
تین ماشہ کوٹکر اور باہم گوندھکر گولیان بناوین حب واسطے گرفتگی آواز کی جو بسبب خشکی اور ماندگی عارض ہو
نافع ہے ص کتیرا نشاستہ گوند ببول کا ست ملہٹی کا میٹھے کدو کے بیجون کی
گری کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری برابر وزن گولیان بنائین اور اگر چاہین
تو قدرے نبات مصری یا بتاسہ بھی داخل کرین حب ہندی تنجے معدے کو
نافع ہے ص مصطگی کباب چینی ناگرموتھ جائفل اگر غرقی لونگ جاوتری برابر
وزن کوٹکر اور قدرے شکر مین ملا کر پانی مین گولیان تیار کرین اور سکھائین
اور منہ مین رکھین اور پانی اوسکا بتدریج نگلین اور اس معاملہ مین ہندوستان کے
طبیبون کے نزدیک دودھ پینا بہت نفع دیتا ہے حب واسطے مرض مالیخولیا
کے درمیان استعمال ماء الجبن کے کبھی کبھی کام آتی ہے منقول منہاج سے
افتیمون ایکماشہ تین چاول پیسکر اور ایارج فیقرا ساڑہے تین ماشہ اطریفل تین صغیر

سات ماشہ باہم گوندھکر تناول کرین بعد اوسکے ماء الجبن نوش کرین اور جو مزاج متحمل ہو تو اندراین کے پھل کا گودا اضافہ کرین **حب** داء الثعلب کو مفید ہے کہ بسبب صفرا اور بلغم کے عارض ہو **ص** اندراین کے پھل کا گودا اسقمونیا نمک ہندی فتنتین ہر ایک نو ماشہ انزروت بسفایج فستقی ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ افتیمون ڈیڑہ تولہ ایلوا نسوت سفید ساڑھے چار تولہ خالص پانی مین گولیان بناتین قدر خوراک سات ماشہ **حب** مرض شری یعنے پتی اوچھلنے کو مفید ہے جو بسبب مادہ خون صفراوی کے عارض ہو بعد طلا کرنے کے ساتھ آب غورہ یعنے پانی انگور خام یا سرکہ اور گلاب یا پانی اجمود اور روغن گل کے اور بعد نوش کرنے انگور خام کے پانی اور فصد اور کھچوانے شاخین خالی اور ملایم کرنے طبیعت کے ساتھ پانی انبلی اور شیر خشت کے استعمال کرنی چاہیے **ص** کتیرا چار رتی ڈیڑہ چاول ایارج فیقرا ساڑھے تین ماشہ پوست زرد ہڑ کا سات ماشہ اجمود کے پانی مین گولیان بناتین **حب ہندی** واسطے خنازیر اور رسولی اور سب قسمون غدود گلو کی معمول اور مجرب ہے **ص** چھوٹی الایچی پانچ دانہ سونٹھ مرچ پیپل ہڑ بہیڑہ آنولہ ہر ایک پاؤ کم پانچ ماشہ کوٹکر چھانکر نگاہ رکھین بعد اوسکے نسوت سفید چھیلی ہوئی دانتون مغز اناس ہر ایک تین تولہ پونے آٹھ ماشہ کچل کر پانچ سیر پانی مین رات کو بھگو اور صبح کو جوش دین جسوقت تہائی باقی رہے ہاتھ سے ملکر پانی گاڑہا اوسکا نکالین اور آدہ سیر گوگل کوٹکر اور اوسمین حل کرکے پھر آگ پر رکھین اور جوش دین جب مثل معجون کے ہو جاے وہ دوا جو اول کوٹی اور چھانی ہوئی نگاہ رکھی ہے داخل کرین اور گولیان بناکر نگاہ رکھین اور ہر روز سات ماشہ یا دس تناول کرین **حب** بواسیر کو قطع کرتی ہے منقول کناش سے کالی ہڑ گاے کے گھی مین بھونی اور آملہ چھیلا ہوا پوست زرد ہڑ کا ہر ایک ایک تولہ گلاب کے پھول رسوت نیلوفر چین بڑی مائین سیب چھلی ہوئی دھنیہ خشک ہر ایک چھ ماشہ کہربا مونگا کی جڑ موتی سیب سوراخ ہر ایک ایک تولہ ریوند چینی چھ ماشہ گوگل حل کیا ہوا گلاب

بدستور گولیان تیار کرین ہر روز پانچ ماشہ ساتھ عرق بید اور عرق بادرنجبویہ کے
نوش کرین اور آخر روز مین ساتھ دو تولہ گلقند اور ایکماشہ مصطگی اور ایک ماشہ طباشیر
کے تناول کرین اور جو ضعف معدہ ہو تو نوشدارو کھائین حب چاہی خطائی
کہ بطریق قہوہ کے استعمال کرتے ہین تقویت باہ اور معدہ اور دماغ کی کرتی ہے
اور ریاح بلغمی کو بدن سے نکالتی ہے اور نزلہ سرد کو قطع کرتی ہے اور گردہ اور
پشت کو قوت دیتی ہے ص چاہے خطائی بادیان خطائی نعناع خشک ہر ایک
ایک تولہ پوست ترنج سات ماشہ رات کو پانی مین تر کرین اور صبح کو چار جوش دیکر
اور صاف کر کے نبات سفید داخل کرین اور قوام دیکر عنبر اشہب ایک ماشہ حل کر کے
بعد اوسکے کہ قریب سرد ہونے کے پہونچے لونگ دارچینی ہر ایک تین ماشہ
بڑی الایچی کے دانہ چھوٹی الایچی کے مصطگی رومی ہر ایک ایکماشہ سبکو پیسکر
داخل کرین اور گولیان بطریق لوز کے باندھکر نگاہ رکھین پس گلاب یا پانی مین
ڈالکر اور بطریق قہوہ کے پکاکر پہلے کھانے اور بعد کھانے کے تناول کرین
حب سرخ بادہ واسطے بچون کے مجرب ہے ص رسوت چاکسو منڈی
برم ڈنڈی نیلکنٹھی نیلوفر سر بھوک صندل سرخ صندل سفید شاہترہ برگ حنا جو انسہ
برگ نیم ہر ایک چھ ماشہ کوٹکر چھانکر شاہترہ کے عرق مین گولیان تیار کرین +
حب سرخ بادہ مجرب ہے ص دھماہا صندل سرخ برم ڈنڈی نیلکنٹھی
ہر ایک ایکماشہ برگ بکاین برگ نیم برگ حنا ہر ایک دو ماشہ دھنیہ خشک کو
بیج تین ماشہ مونیج کچنال کے پھول ہر ایک ایک ماشہ دواؤن کو کوٹکر برگ حنا
کے پانی مین اور دھنیہ خشک مین کہ رات کو بھگویا ہوا ور صبح کو صاف کیا ہوا
گوندھکر بڑی چنہ کے برابر گولیان تیار کرین غذا خشکہ کم نمک اور گوشت اور
مٹھائی اور کھٹائی سے پرہیز کرین حب واسطے خون کے پیشاب اور سیلان
منی اور سلسل البول کے نافع ہے ص بنسلوچن سفید کتیرا سفید زرشک بہدانہ
دھنیہ کے بیج کھیرے کے بیج گیرو صندل سفید گانا۔ گوند ببول کا ہر ایک دو تولہ

گوکھرو سنگھاڑہ خرفہ کے بیج قلعی کشتہ ککڑی کے بیج ہر ایک چھ تولہ کہربا ایک تولہ اسپغول ایک تولہ عرق بیدمشک دو سیر کوٹکر چھانکر اسپغول کو ساتھ عرق بیدمشک مین لعاب نکالکر بدستور گولیان بنائین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ **حب گرجک** واسطے پیدا کرنے بھونک غذا کے قوی التاثیر ہے **صں** گندھک دھوئی ہوئی ایک تولہ گول مرچ چار تولہ کوٹکر چھانکر لیمون کے پانی مین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین اور نوش کرین اور جو قدرے نمک سنگ اضافہ کرین بہتر ہے

حب سوزاک سوزاک اور تیزی پیشاب کی سب قسمون کو مفید ہے اور قرحہ مجاری بول کو نافع ہے **صں** پکھان بید پیپل الائچی ہڑ بہیڑہ آنولہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سلاجیت ساڑھے دس ماشہ سبکو کوٹکر چھانکر ساتھ پانی بکاین کے پھل یا بکاین کی پتی کے خوب پیسین اور گولیان تیار کرین پس اوسمین سے ساڑھے تین ماشہ ہر روز کھائین اور جسوقت سوراخ ذکر سے مانند پردہ نازکی کی کچھ باہر نکلنا شروع ہوا اوسوقت استعمال اس گولی کا ترک کرین ورنہ مضر ہوگی **حب ویگر سست** تکا بھنگڑی ہر ایک دو تولہ شورہ قلمی الائچی ایک تولہ کتھہ سفید چھ ماشہ گڑ مین ملاکر چنے کی برابر گولیان بنائین اور تین گولی سے شروع کرین اور سات گولی تک پہونچائین پس ساتھ پانی ہر روز کھائین

حب اگوتہ مردار سنگ پوست زرد ہڑ کا کمیلہ چونہ آب نرسیدہ کتھہ سفید ہر ایک ایکتولہ نیلہ تھوتھہ چھ ماشہ پانی مین گولیان بنائین اور وقت حاجت کے گائے کے گھی مین پیسکر استعمال کرین **حب آتشک** کالی ہڑ آٹھ تولہ چار ماشہ نیلہ تھوتھہ چار تولہ دو ماشہ کالی مرچ چار تولہ دو ماشہ کوٹکر چھانکر لیموی کاغذی ایک عدد کے پانی مین کھرل کرین اور گولیان جنگلی بیر کے برابر بناکر نگاہ رکھین **حب سم الفار** واسطے آتشک اور مواد سخت ہاتھ پاؤن کی گانٹھون کے مفید ہے اور پرانی زخم خبیث کو نافع ہے **صں** سم الفار الائچی کافور خاک کھری سب برابر وزن کوٹکر چھانکر گلاب اور پانی خالص مین خوب پیسین اور بقدر جو اور ماش کے گولیان بناکر نگاہ رکھین نسخہ **حب آتشک مجرب** اور نہایت مفید **صں**

پارہ بھلاوان اجواین اجمود کوٹکر چھانکر اٹھائیس گولیان بنائین ہرروز ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو استعمال کرین **حب آتشک** نسخہ دیگر **مجرب** بڑی ہڑ چھوٹی ہڑ ہر ایک ایک تولہ آٹھ ماشہ نیلہ تھوتھ دس ماشہ لیمون سو عدد کھرل کرکے گولیان بنائین **حب دیگر** واسطے آتشک کے بہت نافع ہے اور آزمائی ہوی **ص** رسکپور الایچی سفید لونگ عاقرقرحا کوٹکر چھانکر پانی مین گولیان بقدر دانہ مرچ کے باندھکر دلوین اور وزن سب دوا ونکا مساوی ہونا چاہیے **حب آتشک** آزمائی ہوی ہے **ص** سمندر پھل سم الفار سُہاگہ کتھ پاپڑیا چارون برابر وزن لیمون کے پانی مین گولیان بناکر بقدر دانہ مونگ کے نگاہ رکھین روز اول صبح ایک گولی اور شام کو ایک گولی کھائین سات دن تک اس طرح سے تناول کرین کہ پہلے دن ایک گولی کھائین اور ہر روز ایک گولی اضافہ فرمائین غذا دَہی اور خُشکہ نوش کرین اور واسطے دفع حرارت گولی کے اور غذائین مناسب تناول کرین **حب آتشک** دانہ الایچی اکبر سفید کافور چینیہ ہر ایک تین ماشہ سم الفار ایکماشہ اکیس عدد برگ پان میز پیسکر گولیان بنائین بقدر دانہ موٹھ کے یا ماش کے برابر پس ایک گولی صبح اور ایک گولی شام نوش کرین اور اوپر سے گلوری پان کی کھائین پرہیز بدستور ہے جسطرح سابق مذکور ہوا **حب آتشک** آزمائی ہوی ہے **ص** پوست بڑی ہڑ کا پوست چھوٹی ہڑ کا ہر ایک دو ماشہ نیلہ تھوتھ ایکماشہ لیمون اکیسو عدد **حب** واسطے آتشک کے نافع اور آزمائی ہوی ہے **ص** پارہ دو ماشہ بھلانوان دو عدد اجواین اجمود ہر ایک آٹھ ماشہ کوٹکر چھانکر اٹھائیس گولیان بنائین ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو کھائین **حب آتشک** رسکپور الایچی سفید لونگ عاقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ کوٹکر چھانکر برابر کالی مرچ کے گولیان بناکر تناول کرین اور بعد کھانے اس گولی کے بخور کرین اس

دواسے شنگرف اجواین خراسانی انگشت سر بھوکہ حسب واسطے گنٹھیہ اور آتشک
وغیرہ کے ص اجواین جنگلی اجواین خراسانی موصلے سیاہ موصلے سفید کنجد
مصطگی عاقرقرحا بھلانوان بازو قند سیاہ چودہ گولیان بنائین ایک گولی ہی
کی ملائی مین لپیٹکر کھائین اور قریب پاوسیر کے دہی رومال مین باندھکر لٹکائین
پانی جو اوس سے حاصل ہو گولی کی اوپر پیئین حب واسطے نار فارسی
کے اجواین خراسانی اجواین سادہ کھوپڑہ تازہ بھلانوان قند سیاہ کنجد چودہ
گولیان بنائین اور ایک گولی ہر روز ساتھ اچار انبہ یا دہی کے کھائین حب
واسطے آتشک کے انفع اور مجرب ہے رسکپور الایچی سفید لونگ عاقرقرحا
ہر ایک چھ ماشہ کوٹکر چھانکر اور برابر نخود کے پانی مین گولیان بناکر نگاہ رکھین
حب درد پشت اور ریاح افرسہ کو مجرب ہے اور معمول اور ایک خالق اللہ
نے نفع پایا ہے ص اجمود کے بیج پیپل کی جڑ کالی مرچ پیپل سونف نمک
کھانے کا چیتہ ہر ایک ایک تولہ آٹھ ماشہ سونٹھ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ زرد
نسوت سفید ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر پونے نو تولہ گڑ کے قوام مین
ملاکر بقدر ساڑھے تیرہ ماشہ کی گولیان تیار کرین اور گرم پانی کے ساتھ کھائین
حب عقر بانجھ عورت کو مفید ہے اگر ستر برس کی ہو جب بھی قدرت
الٰہی سے استعمال سے اس دوا کے حاملہ ہو جائیگی ص مشک خالص دو
افیون زعفران جائفل ہر ایک ایکماشہ جزو اعظم یعنے بھنگ دو ماشہ جائفل
گجراتی تین عدد لونگ چار عدد قند سیاہ ساڑھے تین ماشہ سب دواؤن کو کوٹ
چھانکر جنگلی بیر کی برابر گولیان بنائین بعد ایام حیض کے روز اول شروع کر
تین دن تک کھائین انشاءاللہ تعالیٰ حاملہ ہو جائیگی فصل تیسری حبوب
افیونیہ جدواریہ اور غیر جدواریہ مین حب جدوار مجرب مولفات علوی خان
سے اور یہ حب بدل افیون کے ہے اور نیز باہ کو قوت دیتی ہے جنانچہ
جس شخص کے واسطے یہ نسخہ تالیف کیا گیا تھا اوسنے بعد استعمال

نکاح جدید کیا صں افیون کا ذرونی خالص صاف کی ہوئی ساتھ دسوان حصہ اوسکے زعفران اور پانچوان وزن جدوار یعنی نربسی درمیان ناریل کے کہ سر اوسکا سوراخ دار ہو بھرین اور سوراخ کو محکم کرکے ناریل کو گوندھے ہوے آٹے مین لپیٹکر ساڑہے سات سیر گاے کے دودھ مین جوشدین یہان تک کہ تمام دودھ جذب ہو جاوے اور جلنے کی نوبت نہ پہونچے بعد اوسکے گاے کا گھی اوسپر ڈالین اسقدر کہ گھی ناریل کے اوپر چڑھ جاوے ملائم آگ پر بھونین یہان تک کہ آٹا جو ناریل پر لپیٹا ہوا ہے جلجاوے پھر روغن مین سے نکالکر اور آٹا اوسکے اوپر سے چھڑاکر اور کالا چھلکا اوسکے اوپر سے چھیلکر اوس ناریل کو ساتھ اوس افیون کے کہ درمیان مین ہے پیسین کہ مثل مرہم کے ہو جاوے بعد اوسکے تین تولہ اوسمین سے لیکر اور جاوتری اور بہمن سرخ اور بہمن سفید بادرنجبویہ ہر ایک ساڑہے چار ماشہ بادام چھیلے ہوئے کی گری چلغوزہ کی گری خرفہ کے بیج چھیلے ہوے ہر ایک پونے سات ماشہ بسلوچن سفید گوند ببول کا کتیرا اجواین خراسانی تفاح جایفل ہر ایک دو ماشہ تین چاول زعفران مشک خالص نبات مصری سفید ہر ایک نو ماشہ کوٹکر چھانکر اور روغن بلسان مین چرب کرکے اور سبکو گلاب مین گوندھکر پتھر کے ہاون مین دو پہر تک کوٹین کہ خوب ملجاوے گولیان بقدر نخود کے بناکر اور سونے چاندی کے ورق مین لپیٹکر اور سایہ مین سکھاکر نگاہ رکھین ایک گولی دو گولی تک استعمال کرین حب جدوار دیگر دل کو فرحت بخشتی ہے اور باہ کو قوت دیتی ہے اور امساک منی کرتی ہے اور پرانے نزلہ کو مفید ہے صں نربسی بجز مایہ شتر اعرابی مصطگی رومی بہمن سفید بہمن سرخ بسلوچن جاوتری تفاح کی جڑ ہر ایک دو ماشہ چھ چاول شقاقل مصری دارچینی ہر ایک پونے سات ماشہ زعفران گوند ببول کا ہر ایک دو ماشہ ساڑہے چار رتی نبات سفید افیون کا ذرونی ہر ایک ساڑہے چودہ ماشہ تین چاول سونے کے ورق پچیس عدد

چنہ کے برابر گولیان بنائین قدر خوراک دو گولی دیگر زکام اور نزلہ اور کھانسی کو مفید ہے اور پیچش اور دستون کو نافع ہے اور درد کو تسکین دیتی ہے ص مرچ سفید ایکماشہ دارچینی پیپل دو ماشہ لونگ تین ماشہ نربسی جائفل زعفران کباب چینی مصطگی خصیۃ الثعلب ہر ایک پانچ ماشہ افیون خالص دو ماشہ کوٹکر چھانکر اور ببول کے گوند کے پانی مین گوندھکر چنہ کے برابر گولیان بنائین اور سایہ مین سکھائین اور ایک گولی سے چار گولی تک سوتے وقت استعمال کرین دیگر واسطے تقویت مادہ اور دل اور دماغ اور باہ کے بے نظیر ہے ص نربسی عنبر اشہب زعفران برابر وزن کالی مرچ کے برابر گولیان تیار کرین اور دو گولی سے پانچ گولی تک کھائین حب جدوار مجرب مولف باہ کو قوت دیتی ہے اور بھونک غذا کی بڑہاتی ہے اور امساک منی بخوبی کرتی ہے ص مشک خالص ایکماشہ تین چاول عنبر اشہب پونے دو ماشہ کہربا شمعی نربسی زعفران کشمیری دارچینی قلمی صورنجی جائفل مصطگی رومی گوند ببول کا ابریشم کترا ہوا ہمین سفید اگر ہندی ست ملہٹی کا ہر ایک ساڑہے تین ماشہ مایہ شتر اعرابی سوا پانچ ماشہ خصیۃ الثعلب میٹھے بادام کی گری چھیلی ہوئی کاہو کے بیج چھیلے ہوئے خشخاش سفید کے بیج کدو کے بیجون کی گری کلیجن ہر ایک سات ماشہ افیون مصری خالص مقطر مصفی چہارم وزن دواؤن کے کوٹکر چھانکر اور روغن بادام مین چرب کرکے پوست خشخاش کے پانی مین برابر دانہ مونگ کے گولیان بنائین اور چاندی کے ورق مین لپیٹین اور بتدریج برابر نخود کے تیار کرین حب افیون باہ بشدت بڑہاتی ہے اور منی کا امساک بخوبی کرتی ہے شاہجہان بادشاہ دہلی اسی گولی کو نوش فرماتے تھے ص افیون مصری صاف کی ہوئی ساڑہے بیالیس تولہ مصطگی رومی تین تولہ ساڑہے چھ ماشہ عنبر اشہب سوا دو تولہ پوست بیرون پستہ ایک تولہ ساڑہے نو ماشہ اگر غرقی تین تولہ ساڑہے چھ ماشہ پوست ترنج سات تولہ دارچینی تین تولہ ساڑہے چھ ماشہ بدستور گولیان بنائین حب افیون اعظم شاہی گاؤزبان کے پھول بادرنجبویہ ابریشم خام کترا ہوا

دس تولہ ریوند چینی پانچ تولہ افیون مصری گیارہ تولہ سبکو جدا جدا کوٹکر گلاب تین کرین
اور بعد دو روز کے صاف کر کے ایک مکان مین جہان گرد و غبار نہ پہونچے
رکھکر ہوا دیتے رہین کہ قوام ہو جاتے بعد اوسکے چاندی کے ورق سونے کے
ورق عنبر اشہب ہر ایک ایک تولہ پیسکر اور اوسمین ملاکر اسقدر ملین اور لت
کرین کہ مثل قوام خمیر کے ہو جاے بعد اوسکے بقدر گولی مرچ کے گولیان
بنائین حب افیون امساک منی کا کرتی ہے اور قوت باہ کو بڑہاتی ہے
بابت اعتماد الدولہ مرحوم ص مصطگی ایک تولہ آٹھ ماشہ زعفران پانچ تولہ
جند بید ستر دس ماشہ گول مرچ ایک تولہ آٹھ ماشہ اگر خام ایک تولہ آٹھ ماشہ
پوست ترنج تین تولہ چار ماشہ دارچینی ایک تولہ آٹھ ماشہ افیون صاف کی ہوئی
ہموزن سب دواؤن کے کوٹکر چھانکر اور گلاب مین گوندھکر گولیان بنائین اور
طریق صاف کرنے افیون کا یہ ہے کہ افیون کو کچلکر گرم پانی یا گلاب مین ترکر کے
ایک رات نگاہ رکھین صبح کو پاتیلہ مین کر کے آگ پر رکھین اور ہاتھ سے ملین
خوب حل ہو جاتے پھر چھوڑ دین کہ چند جوش کھاتے بعد اوسکے آہستہ
آہستہ چمچہ سے لیکر صافی مین نکالین کہ تمام افیون صافی مین آجاتے بعد اوسکے
آہستہ آہستہ صافی کو ہلائین اور گاد کو آہستہ آہستہ اکھٹی کرتے جائین یہان تک
جو کچھ خلاصہ اوسکا ہے جدا ہو کر گاد رہ جاتے پھر اوسکی گاد کو پانی مین ڈالکر جوش دین
اور اسی طرح جب تک گاد رہے پانی چھانتے رہین اور گاد کو جدا کرین پھر اوس
صاف کیے ہوتے کو جوش دین جب تک گاڑہا ہووے پھر اوسکو کسی برتن زرین
نگاہ رکھین اور روغن بادام اوس برتن پر ملین کہ چپٹ جاتے طریق صاف کرنے
افیون کا یہی تھا جو مذکور ہوا حب خوش کیف معاملہ امساک منی مین نظیر نہین رکھتی ہے
عاقرقرحا فلفل کلیجن ثعلب ہر ایک سات ماشہ جاوتری نرلسی افیون دارچینی زعفران ہر ایک
ساڑہے تین ماشہ جزو اعظم یعنے ورق الخیال جسکو ہندی مین بھنگ کہتے
ہین برابر وزن کوٹکر چھانکر گولیان بنائین اور بقدر استعداد کے نوش کرین

حب جدوار واسطے معدہ اور دل اور دماغ اور باہ کے مفید ہے ص
نرلسبی عنبر اشہب زعفران سبکو برابر وزن کوٹکر چھانکر اور گلاب مین گوندھکر
گولیان بقدر گول مرچ کے تیار کرین اور دو گولی سے پانچ گولی تک تناول کرین
حب واسطے قوت باہ اور امساک منی کے مجرب ہے اور تعب جماع سے
ماندگی نہین ہونے پاتی اور اکثر آدمیون نے اس گولی کا امتحان کیا ہے
ص اسپند سفید ساڑھے سترہ ماشہ پوست خشخاش سات ماشہ کنجد سیاہ یعنی
کالے تل سات ماشہ گڑ پرانا دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور پرانے گڑ مین دوبارہ کوٹکر
باہم ملائین اور اوسکے سات حصہ کرین ہر حصہ کا ایک بندقہ بنا کر نگاہ رکھین
وقت حاجت کے ایک حب نگلجایا کرین **باب تیسرا حسو یعنی حریرہ کے**
بیان مین حریرہ واسطے نزلات کے نافع ہے خربوزہ کے بیج خشخاش کے
بیجون کی گری دھنیہ خشک کے بیج چھیلے ہوئے میٹھے بادام کی گری ہر ایک
ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ سبکا عرق بید مشک اور عرق گاوزبان مین خیسہ
بنا کر نشاستہ گوند ببول کا کتیرا کیسر تخم ریحان ہر ایک دو ماشہ چھ چاول تخم کنو
ساڑھے چار ماشہ شربت دیاقوذا شربت نیلوفر ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ
نبات سفید دو تولہ پونے دس ماشہ داخل کرکے پکائین کہ قوام حریرہ کا ہو جاتے
دو حصہ کرین ہر روز ایک حصہ کھائین **حریرہ لوز یعنی بادام** واسطے
زکام اور نزلہ گرم کے بہت مفید ہے ص نشاستہ آٹا باقلا کا جو چھیلے ہوئے
کوٹکر چھانکر اور پانی مین پکا کر قدرے کتیرا گوند ببول کا فانیذ سنجری اور روغن بادام
شیرین داخل کرکے گرم گرم نوش کرین **حریرہ بادام** زیادتی دودھ
کی کرتا ہے اور آزمایا ہوا ہے آٹا میدہ کا آٹا چنے کا آٹا باقلا کا ہر ایک ایک تولہ
بادام چھیلے ہوئے چھ ماشہ سونف دیسی سونٹھ کے بیج ہالون تین ماشہ شکر
مین پکا کر حریرہ بنائین حریرہ واسطے خون کے دستون کے مجرب ہے
ص گوند ببول کا ساڑھے چار ماشہ اسپغول تخم بارتنگ ہر ایک نو ماشہ

نشاستہ ساڑھے تیرہ ماشہ بدستور حریرہ تیار کرین اور شربت صندل کے ساتھ تناول کرین دیگر
واسطے پیچش یا خون اور نے خون کے مفید ہے اور بواسیر کو نافع معمول اور مجرب
ص گوند ببول کا تین ماشہ نشاستہ روغن بادام ہر ایک چھ ماشہ بارتنگ بوداده یکنوا
ساتھ قدرے نبات مصری کے حریرہ بنائین اور جو پیچش بہت ہووے تو بعوض نبات
مصری کے عمل مین لائین حریرہ رطوبت کو زیادہ کرتا ہے ص بادام شیرین
کی گری چھیلی ہوی ساڑہے سترہ ماشہ ماش چھیلی ہوئی خشخاش سفید کے بیج ہر ایک دو تولہ
باقلا چھیلا ہوا ساڑھے تین ماشہ کشنک جو نیکوفتہ سات تولہ سبکو ڈیڑہ چھٹانک کم
ڈیڑہ سیر کدو کے پانی مین پکائین اور صاف کرین اور چھ تولہ میٹھے انار کا پانی اور
چودہ ماشہ روغن بادام اور بارہ تولہ اوس کشکاب مین سے ڈالین اور مقدار تمر تولہ
مغز پکائین اوسمین ملاکر کھائین اور ایک گھنٹہ صبر کرین پھر بدستور مقرر آبزن مین
بیٹھین **باب چوتھا حلویات کے اقسام مین** — **حلوا** نافع ہے
واسطے سب قسمون مالیخولیا اور خشکی بدن اور مدقوق اور صاحب سل کے
اور فربہ کرتا ہے جسم کو ص شکر سفید مسکہ تازہ روغن بادام شیرین خشخاش
سفید کے بیج خرفہ کے بیج چھیلے ہوتے میٹھے کدو کے بیجون کی گری نشاستہ
بدستور حلوا بنائین اور اگر کوئی امر مانع نہو تو واسطے خوشبو کے مشک اور عنبر
اور زعفران بھی داخل کرین **حلوای گزر** قوت شہوت جماع کو زیادہ کرتا ہے
اور منی کو بڑہاتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے ص آدھ پاؤ کم سیر گاجرین چھیلین
اور پکائین اور لکڑی کے ہاون مین نرم کرین بعد اوسکے پستہ کی گری بادام
کی گری اخروٹ کی گری ناریل کی گری فندق کی گری چلغوزہ کی گری حب الزلم
کی گری حب القلقل کی گری تل دھوتے ہوتے خشخاش سفید ہر ایک ایکتولہ
اٹھ ماشہ کبابچینی سونٹھ پیپل دارچینی ثعلب مصری جایفل جاوتری نرکچور ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ سبکو نرم کوٹکر ہمراہ چھٹانک کم آدھ سیر شہد اور چھٹانک کم
آدھ سیر قند سفید اور سترہ تولہ گاے کے گھی اور پچاس عدد مرغ کے انڈونکی

زردی سکے دھیمی آگ پر پکائین دیگر انتخاب کیا ہوا صاحب قادری کا واسطے
تقویت شہوت جماع اور پیدا کرنے منی اور گرم کرنے بدن کے نے نظیر ہی
اور واسطے درد کمر اور ضعف گردہ اور مثانہ کے آزمایا ہوا ہے صں گاجرین
میٹھی سرخ رنگ ہڈون اور چھلکون سے پاک اور صاف کرین آدھ پاؤ کم سیر
اوسمین سے لیکر اور چھٹانک کم آدھ سیر خرما فربہ پُر مغز گٹھلی دور کی ہوئی سے
گاے کے دودھ مین ڈالکر پکائین کہ مھرا ہو جاتے بعد اوسکے نکالکر لکڑی کے
ہاون مین کوٹین کہ مثل مرہم کے ہو جاتے بعد اوسکے آٹا چنے کا بھونا ہوا اور
میدہ بھونا ہوا ہر ایک چار تولہ ساڑہے چار ماشہ قدرے گاے کے گھی مین بھونین
اور قند سفید آدھ پاؤ کم سیر اور شہد چھٹانک کم آدھ سیر پانی مین حل کرین اور صاف
کرکے اوسمین ملائین اور جوش دین کہ قوام ہو جاتے پس گاجرین اور خرما وغیرہ کو
مخلوط کرکے اور تین جوش دیکر آگ پر سے اوتارین اور بیس عدد انڈون کی زردی
پانی مین جوش دیکر ملائین اور سبکو خوب لت کرین بعد اوسکے فندق کی گری بادام
کی گری پستہ کی گری اخروٹ کی گری ناریل کی گری ہر ایک تین تولہ خصیتہ الثعلب
کشش خرما گوکھرو پالا ہوا دارچینی سونٹھ کلیجن ہر ایک ساڑہے دس ماشہ زعفران مشک
ہر ایک ساڑہے تین ماشہ باریک کرکے ملائین اور ہر صبح تین تولہ تناول کرین

حلواے خرما چھوہارہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا دو سیر پانی مین جوش دین کہ حل ہوجاے
پھر ہاتھ سے ملین اور صاف کرین اور بعد اوسکے ساتھ آدھ سیر قند اور برابر اوسکی
شہد اور ساڑہے تین ماشہ زعفران کے جوش دین اور چھانین اور روغن کنجد
ایک سیر مین بھونین اور جالفل اور بادام کی گری اور پستہ کی گری چھیلی ہوئی
داخل کرین **حلواے چلغوزہ** مقوی ہے اور فرحت بخشتا ہے صں خربوزہ
کے بیجون کی گری ترو تیزک کے بیج یعنے ہالون ہر ایک ایکجزو مغز چلغوزہ
دو جزو کو ناریل گاے کے گھی مین بھونین یہان تک کہ سرخ ہو جاتے پس قدرے
سونٹھ اور پیپل بھی ڈالین اور شہد کا قوام دیوین اور بعضے اوقات تنقاقل

ہی داخل کرین حلوای کوکنار ہندی طبیبون کی تالیفات سے ہے فرحت
پیدا کرتا ہے اور جلد منزل ہونے منی کو مانع ہے صں پوست خشخاش مع تخم
کوٹین اور ایک رات پانی مین تر کرین بعد اوسکے نچوڑین اور پھوک اوسکا دور
کرین اور دو سیر گیہون اوس پانی مین بھگو دین کہ سب پانی جذب ہو جائے پس
سایہ مین سکھا کر آٹا کرین اور اوس آٹے کو گھی مین بھونکر دو سیر قند سفید اور ایک
سیر شہد خالص پانی مین گھولکر جوشدین اور جھاگ اوسکی اوتار کر داخل کرین اور ملایم
آگ پر پکائین کہ گھی چھوڑ دے بعد اوسکے بادام شیرین کی گری تین تولہ سونٹھ
سات ماشہ زعفران پونے دو ماشہ نرم کوٹکر ملائین اور آگ پر سے اوتارین اور
خوان یا طباق چینی مین پھیلا کر بطریق حلوائے لوز کے چھری سے کاٹین ہر شخص
کو بقدر برداشت طبیعت کے جسقدر چاہے کہائے حلوا شہوت جماع کو قوت
دیتا ہے اور منی کو روکتا ہے اور استرخاء رحم اور رطوبت رحم کو دفع کرتا ہے
اور درد کمر کو تسکین بخشتا ہے اور رحم کو گرمی پہونچاتا ہے صں آٹا گیہون کا سوا
چھبیس ۲۶ تولہ گاے کا گھی تیس ۳۰ تولہ لیکر بھونین اور نبات مصری ساڑھے سینتیس ۳۷ تولہ
ملکے ملایم آگ پر جوش دین کہ مثل تر حلوا کے ہو جائے بعد اوسکے میٹھے
بادام کی گری چھیلی ہوئی فندق کی گری پستہ کی گری چلغوزہ کی گری ناریل کی گری
اخروٹ کی گری حبۃ الخضرا یعنے بن کی گری سبکو چھیلکر ہر ایک نو ماشہ لیکر ادر
کچلکر اور اوسمین اضافہ کرکے پکائین کہ گھی چھوڑ دے اوسکے پیچھے زعفران
مشک تبتی عنبر اشہب گلاب مین پیسکر اور اوسمین داخل کرکے اولٹ پلٹ
کرین اور لمحہ صبر کرین کہ عنبر گھلجائے پھر دارچینی جاوتری لونگ دانہ چھوٹی الائچی
کے بڑی مائین پوست بیرون پستہ بھنگ کے گول بیج جسکو شاہدانہ کہتے
ہین اندرجو شیرین تخم ہور خصیۃ الثعلب سونٹھ شقاقل صندل سفید کوٹکر
چھانکر اور اوسمین ملاکر اولٹ پلٹ کرین پھر آگ پر سے نیچے اوتار کر لنگری چینی
مین پھیلائین اور ہر روز بقدر ایک اخروٹ کے تناول کرین حلوا واسطے

بیماریون گردہ اور فربہی بدن اور تغذیہ گردہ اور تمام جسم اور تقویت باہ کے بعض
نے بہت تعریف اس نسخہ کی کی ہے اور لکھا ہے کہ ہمنے مثل اسکے کوئی نسخہ
ایسی منفعتون میں نہین دیکھا ہے اور نہ اورون نے دیکھا ہے بہتر اس سے
تودری سرخ تودری سفید خشخاش کے بیج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ حب
بوزیدان جوز جندم حب القلقل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زعفران تین تو
بادام کی گری آدھ پاو کم سیر فندق کی گری چھٹانک کم آدھ سیر ناریل ستولہ تو
آٹھ ماشہ آٹا چاول کا آدھ پاو کم سیر شہد صاف کیا ہوا چار سیر قند ق سفید چھٹانک
آدھ سیر تلی کا تیل سولہ تولہ آٹھ ماشہ آٹا باقلا کا سولہ تولہ آٹھ ماشہ آٹا چنہ کا سولہ
آٹھ ماشہ قند اور شہد کا ملایم آگ پر قوام کرین پھر اور دوائین مع مغزیات
ملائین مگر زعفران کو گلاب مین پیسکر داخل کرین اور اگر چاہین سب آٹون کو
گاے کے گھی مین بھونین اور ساتھ شہد اور شکر کے بطریق حلوا پکائین اور
مغزیات کو باریک پیسکر اضافہ کرین پھر زعفران اور مشک اور اور دوائین
ملائین اور بقدر ساڑھے سترہ ماشہ کے ہمراہ دودھ یا بدون دودھ کے تناول
حلوا کہ سپیاری پاک مشہور ہے قوت باہ بہت کرتا ہے اور مرد اور عورت کی
نے اولادی کو نافع ہے اور حمل کو نگاہ رکھتا ہے اور خاص عورتون کو نہا
مفید ہے فرج کو تنگ کرتا ہے مانند کواری لڑکی کے اور ہاضمہ کو قوت کا
بخشتا ہے اور چہرہ کو روشن اور نرم کرتا ہے اور اندام نہانی کو خوشبو دیتا ہے
بند کشاد اور پریو عورتون اور مردونکا دفع کرتا ہے آزمایا ہوا ہے اور معمول اور بلونگی کا تھوڑن کے کو نہی نافع ہے
خالص پو دو تج پترج ناگیسر ناگرموتہ پیپل بنسلوچن مارسر تج خراسانی چھوٹی الائچی
ہر ایک سات ماشہ تالیس پتر جاوتری صندل سفید گول مرچ بیر کی گری
ساڑھے دس ماشہ جایفل چودہ ماشہ زیرہ سفید پونے دو تولہ آرنڈی کی جڑ
نیلوفر کے پھول مغز بنولہ مغز تخم نیلوفر لونگ دھنیہ ہر ایک دو تولہ چار ماشہ
سنگھاڑہ ستاور ہر ایک ساڑھے تین تولہ ناگیلا تخم کرہٹی ہر ایک چودہ ماشہ

عوض اوسکے بادام آٹھ تولہ چار ماشہ مغز پستہ بارہ تولہ سات ماشہ موبز منقے
دو تولہ سپیاری دکھنی چھ تولہ سات ماشہ جو دوائین کوٹنے کی ہین علحدہ علحدہ
کوٹکر کپڑے مین چھانین اور بادام اور پستہ چھیلکر باریک کاٹکر نگاہ رکھین اور موبز
منقے کو پتھر پر پیسکر شہد مین تر کرین اور ہر ایک سپیاری کو پارہ پارہ کرین اور دس سیر
گاے کے دودھ مین یا بھینس کے دودھ مین جو بہم پہونچے جوش دین کہ
سب دودھ جذب ہوجاتے پھر خشک کرکے اور کوٹکر چھانکر علحدہ رکھین بعد اوسکے نبات
مصری ایک سیر شیرہ پنج ستاور دو سیر گاے کا دودھ یا بھینس کا دودھ سات سیر
شکر سفید بارہ سیر بوزن اکبری ایکجا کرکے جلاب کرین اور قوام دیکر گاے کا گھی
یا بھینس کا گھی آدھ سیر گرم کرین اور سپیاریان پیسی ہوئی اور اور دوائین پیسی
ہوئین ایکجا کرکے بھونین پھر جلاب مذکور اوسپر ڈالین اور مثل حلوا تیار کرین اور
بعضے کہتے ہین کہ چھالیہ اور دواؤن کو جو پیسی ہوئی ہون گاے کے گھی مین بھونین
پھر شکر تری داخل کرکے نیچے اوتارین اور سرد کرین اور آٹھ پل شہد ملائین اور
اوتارین اور چکنی ہانڈی مین یا اور برتن چرب مین رکھین پس ہر روز پونے تولہ ماشہ
زیادہ یا کم تناول کرین اوپر سے گاے کا دودھ پئین اور بکری کے گوشت کا شوربا گاے کا
گھی پڑا ہوا یا گوشت پرندہ جسقدر مناسب جانین دیوین اور غذا مقوی اور سبک
ہونی چاہیے حلواے دیگر مسمی بہ حلواء موچرس معروف بد ہوفنی دہمال
مقوی باہ ہے اور پشت اور گردہ اور دماغ کو بھی طاقت بخشتا ہے اور آنکھون کو
روشنی دیتا ہے اور دل اور اعضاء رئیسہ کو قوت بخشتا ہے اور سیلان منی اور
سلسل البول اور سستی کو نافع ہے اور رنگ چہرہ کا سرخ کرتا ہے اور بدن کو
فربہ کرتا ہے اور بالون کو روشن اور سیاہ کرتا ہے اور عورتون کے لیے بھی مفید ہے
نسخہ اوسکا زعفران جائفل جاوتری ہر ایک ایک تولہ آٹھ ماشہ دارچینی دانہ چھوٹی الائچی کے
لونگ ہر ایک تین تولہ چار ماشہ سونٹھ پیپل ہر ایک چار تولہ دو ماشہ پوست اونٹ
کٹارہ کی جڑ کا تال مکھانہ موصلے مینا گوند ڈھاک مجیٹھ مغز تخم اونٹنگن ہر ایک آدھ پاو

مغز ناریل مغز چلغوزہ پستہ کی گری بادام کی گری ہر ایک پاؤ سیر آٹا موچرس کا آٹا
سنگھاڑے کا آٹا دال ماش چھیلے ہوتے کا آٹا ببول کے گوند کا آٹا گونچ کی گری
نشاستہ گیہون کا شہد ہر ایک آدھ سیر گاے کا گھی سیر بھر گاے کا دودھ
نبات مصری ہر ایک پانچ سیر سونے کے ورق چاندی کے ورق جسقدر
ہون سب دواؤن کو کوٹکر چھانکر ہمراہ دودھ اور شکر اور گھی کے ایکجا کر
مثل حلوا پکاوین پس اوتار کر اور سرد کر کے پاکیزہ برتن مین باحتیاط نگاہ رکھین
اور ہر صبح اور شام بقدر طاقت اور توانائی کے تناول کرین اور جو اوسکے
گرم گرم دودھ میٹھا کر کے پیوین تو بہتر ہے دیگر کہ انبہ پاگ اوسکو کہتے ہین قوت
زیادہ کرتا ہے اور جس عورت کی کہ اکثر اولاد مرجاتی ہو اس دوا کے کھانے
چار مہینے یا چھ مہینے تک فرزند اوسکے دراز عمر اور خوش رنگ اور نیک شکل
ہونگے اور جس عورت کے شکم مین بعد بچہ پیدا ہونے کے گھر یائی رہجاتے
دوا سے فوراً برطرف ہو جائیگی اور جس عورت کے حمل قرار نپاتا ہو اس دوا
ہو جائیگی اور بچے اوسکے دراز عمر ہونگے اور یہ انبہ پاگ حافظہ کو قوت دیتا
اور بوی اندام کو خوش کرتا ہے اور مرض بند کشاد کو دفع کرتا ہے اور بدن کو
کرتا ہے اور وسواس اور خشکی اور زکام اور تلی اور پنڈ روگ اور کنول باو کو
کرتا ہے اور گٹی روگ کو دفع کرتا ہے صں شیرین اور پختہ آنب لیکر رس
چار سیر اور شکر سفید سولہ سیر اور گاے کا گھی ساڑھے بارہ سیر اور سندھی
اور گول مرچ اور پیپل ہر ایک پاؤ سیر اول آنب کے رس کو ساتھ شکر تری
ایکجا کر کے پانچ سیر پانی مین ڈالکر جلاب کرین اور بارہ سیر گاے کا دودھ ملاوین
اور نرم آگ پر پکاوین بعد اوسکے سندھی اور گول مرچ اور پیپل کہ پیسی ہوئی
بوزن مذکور اور بدھارا پیسی ہوئی پونے دو تولہ فسوت ساڑھے تین تولہ
ساڑھے چھ تولہ روغن مین پکاوین بعد اوسکے جلاب مذکور کہ اوسمین دودھ
اور رس آنب کا ہو ڈالین اور سرد کرین بعد اوسکے ناگرموتھ پیسا ہوا سات

ج پیسا ہوا الایچی چھوٹی ناگیسر ہر ایک ساڑہے دس ماشہ پیپل کی جڑ چیتہ ہر ایک
دہ ماشہ دھنیہ دارچینی تالیس تیز ہر ایک دو تولہ زیرہ کالا دو تولہ چار ماشہ چوبچینی دو تولہ
ساڑہے سات ماشہ اوسمین داخل کرین اور شہد ڈیڑہ سیر ڈالکر گوندھین اور مانند
تواوام دیگر نگاہ رکھین اور بقدر چھ تولہ کے نہار کے وقت کھاتین باب پانچوان
بیان مین حمولات کے ۔ حمول واسطے حیض کے مجرب ہے فرغ
کے انڈے کی زردی روغن گل مین ملاکر مردار سنگ دھویا ہوا گوند ببول کا
شغری باریک کر کے اوسمین ملائین اور کپڑا اوسمین آلودہ کر کے حمول فرمائین
حمول مستقیم آنت مین جو کیڑے چھوٹے چھوٹے پڑجاتین خصوصًا بچون کے
واسطے نہایت مفید ہے ص کیڑا گاے کے پتہ یا نفط سیاہ یا قطران مین آلودہ
کر کے مقعد مین پہونچائین اور آڑو کے پتون کا پانی بھی یہی عمل رکھتا ہے اور
ابہیکر اور سرکہ مین ملاکر اور کپڑا اوسمین آلودہ کر کے حمول کرنا یہی اثر رکھتا ہے
اور سب سے بہتر اس معاملہ مین نربسی تحفہ ہے کہ سرکہ مین ملاکر اور روئی اوسمین
آلودہ کر حمول کرین دیگر درد بواسیر کو تسکین دیتا ہے اور سختی اور ورم اور درد
کو نفع پہونچاتا ہے ص چربی بط کی بابونہ افیون برابر وزن سات ماشہ
سات ماشہ موم روغن بناکر روئی ساتھ حمول کرین دیگر مجربات مولف سے
واسطے تسکین درد بواسیر کے بے نظیر ہے ص مغز دانہ آلو کھیلی مغز دانہ آلوی
مغز دانہ آلو کرد مغز دانہ آڑو ہر ایک تین عدد کوزہ مین بھونکر ساتھ گوگل ساڑہے
شہد کے پیسین اور کپڑا ابڑا نا تھیر کر حمول کرین حرف الخاء تین باب
پر مشتمل ہے ۔ باب پہلا بیان مین خمیرہ کے نسخون کے تین فصل پر
منقسم ہے فصل پہلی خمیرہ صندلی او مرواریدی کے قسمون مین ۔
فصل دوسری خمیرہ ابریشم کے اقسام مین فصل تیسری خمیرہ
خشخاش وغیرہ کے نسخون مین باب دوسرا خضاب کی ترکیبون مین
باب تیسرا ذکر مین اون مرکبات کے جو بلفظ خبز موسوم ہین فصل پہلی

باب اول سے خمیرہ صندل اور مروارید کے بیان مین خمیرہ صندل خفقان
گرم اور سینہ کی جلن کو جو بیقرار کرے دفع کرتا ہے ص صندل سفید طباشیر
نشاستہ خرفہ کے بیج چھیلے ہوتے ہر ایک نو ماشہ کافور چار جو نبات سفید نو
شربت فواکہ شیرین ساڑہے چار تولہ بطریق مقررہ ترتیب دیوین خمیرہ صندل
حامض اوکائی اورسے قے صفراوی اور دستون گرمی ا ور تپون صفراوی
سوء مزاج گرم دل اور خفقان کو نافع ہے ص دھنیہ خشک چھیلا
ساڑہے سترہ ماشہ صندل سفید پیسا ہوا پونے نو تولہ سرکہ انگوری تین تولہ
انگور خام کا ڈیڑہ پاو گلاب بیدمشک ہر ایک چھٹانک کم آدہ سیر اور مینہ
پانی آدہ پاو کم سیر مین ایک رات دن تر رکھین پھر جوش کرین کہ آدھا رہجا
ہاتھ سے ملین اور پارچہ کتان مین چھانین اور ساتھ قند سفید آدہ پاو کم سیر
قوام دین بعد اوسکے چاندی کے ورق سونے کے ورق ہر ایک پونے
دو ماشہ کافور قیصوری سوا دو ماشہ موتی بنے سوراخ سنگ یشم سنبر بار
پیسکر زعفران ہر ایک ساڑہے تین ماشہ نبسلوچن اور صندل سفید پیسا
ہر ایک تین تولہ کو ٹکر چھانکر اوس قوام مین گوندھین قدر خوراک ساڑہے
ماشہ خمیرہ مروارید واسطے تقویت معدہ اور دل اور دفع خفقان
وسواس کے آزمایا ہوا ہے ص کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری
دو تولہ موتی بے سوراخ پونے نو ماشہ کدو کے بیجون کی گری
دس ماشہ صندل سفید گلاب مین پیسکر خرفہ کے بیج چھیلے ہوتے بنفشہ
پھول گاوزبان کے پھول نبسلوچن سفید ہر ایک سات ماشہ زعفران
تین ماشہ مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ دوا
کوٹکر چھانکر شربت میٹھے انار کا شربت زرشک کا ہر ایک پانچ تولہ دس
قند سفید تین چھٹانک عرق بیدمشک گلاب عرق بہار ہر ایک تین
بطریق معمول مرتب کرین اور جو گرمی مزاج مین غالب ہو تو قدر

بانہ کرین خمیرہ مروارید موتی بنے سوراخ آبدار سنگ یشم سبز ہر ایک نو ماشہ زہر مہرہ
خطائی چار ماشہ قند سفید پاو سیر شربت میٹھے سیب کا آدھ پاو عرق بید مشک گلاب ہر ایک آدھ سیر
صندل عرق گاوزبان پاو سیر سونے کے ورق تین ماشہ چاندی کے ورق
تولہ خمیرہ مروارید خفقان اور ضعف دل اور اعضاء رئیسہ کو قوت دیتا ہے او
تین بہت رکھتا ہے ص موتی بے سوراخ آٹھ ماشہ یاقوت سرخ مونگے کی جڑ
ہوئی اور دھوئی ہوئی ہر ایک چار ماشہ سونے کے ورق چاندی کے ورق
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ لعل بدخشی عقیق یمنی سنگ یشم سبز تیج پات نرکچور درونج
خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے ابریشم کترا ہوا ہر ایک تین ماشہ افتیمون افریطی چھ ماشہ
ورد دھویا ہوا کافور قیصوری عنبر اشہب سوا دو ماشہ صندل سفید ہر ایک پانچ ماشہ
شمعی زرشک بنے دانہ دھنیہ کے بیج چھیلے ہوئے صندل سرخ گلاب
کے پھولون کی کلیان پوست ترنج گیرو گل مختوم اگر ہندی گاوزبان کے پھول
ایک دو ماشہ مشک خالص پانچ ماشہ نبات سفید گلاب ہر ایک پاو سیر پانی میٹھے انار کا
بہ کا ہر ایک تین تولہ بدستور مفرح خمیرہ بنا کر بعد چالیس دن کے استعمال کریں
خوراک ساڑھے چار ماشہ خمیرہ مروارید معدہ اور دل کو قوت بخشتا ہے
فرحت دیتا ہے اور سب قسمون کو خفقان کے دفع کرتا ہے اور فزع سوداوی
اکثر بیماریون قلبی کو نافع ہے اور واسطے دستون مراری اور خونی اور ضعف
اور گردہ اور سوزش بول اور پتھری گردہ اور مثانہ کے مفید ہے ص نبات
قند سفید پاو سیر کو عرق گلاب بقدر کفایت مین قوام دیوین اور موتی مثل
کے پیسین اور ایک تولہ اوسمین حل کرین اور خمیرہ بنائین اور کبھی واسطے
رکھنے قوام کے پانچ تولہ مصری کے وزن سے کم کرتی ہین اور اوسی قدر
سفید ولایتی داخل کرتے ہین اور کبھی واسطے دستون کے رعایت کے
مصری کو عرق بارتنگ مین قوام دیکر بنسلوچن سفید بوزن موتی کے بھی
کرتے ہین اور جگر کی بیماریون مین صندل بھی زیادہ کیا جاتا ہے خمیرہ مروارید

بنسلوچن سفید موتی نے سوراخ صندل سفید ابریشم کترا ہوا بہمن سفید ہر ایک ایکتو
ساڑھے دس ماشہ عنبر اشہب سونے کے ورق چاندی کے ورق ہر ایک
پانچ ماشہ ڈیڑہ چاول مشک خالص سواد و ماشہ چار جو شکر سفید گلاب عرق بید مشک
ہر ایک چھٹانک کم سیر شہد صاف کیا ہوا نو تولہ ساڑھے چار ماشہ بدستور خمیرہ تیار
کرین **خمیرۂ صندل** موتی نے سوراخ صندل سفید گلاب مین پیسکر بنسلوچن
ہر ایک ایکتولہ گاوزبان کے پھول دھنیے کے بیج چھیلے ہوئے دو تولہ زرشک
سنلے دانہ تین تولہ خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے چار تولہ دانہ چھوٹی الایچی کے چھ
چاندی کے ورق چھ ماشہ سونے کے ورق دو ماشہ عنبر اشہب دو ماشہ اول
موتی کو گلاب مین پیسکر اور باقی اور دواؤن کو کوٹکر چھانکر ساتھ نبات سفید
عرق صندل عرق گاوزبان عرق نیلوفر ہر ایک پندرہ تولہ کے قوام دیکر اور
اور ورق چاندی سونے کے آگ پر سے اوتارنے کو وقت آہستہ آہستہ
خمیرۂ صندل دل کو طاقت بخشتا ہے اور دماغ کو قوی کرتا ہے اور واسطے
خفقان گرم کے نہایت مفید ہے صندل سفید گلاب مین پیسا ہوا ساڑھے
قند سفید تین پاو مشک خالص چھ رتی سواد و چاول چاندی کے ورق سو
ورق ہر ایک سواد و ماشہ عرق بید مشک تیئیس تولہ حلکر کے قوام کرین
اور دواؤن کو ڈالکر مثل خمیرہ کے تیار کرین **فصل دوسری** بیان
خمیرہ ہای ابریشمی کے قسمون مین **خمیرۂ ابریشم** واسطے توحش سوداوی
قسمون مالیخولیا اور خفقان سرد اور بواسیر ریحی کے مفید ہے دل اور
قوت دیتا ہے **صں** اگر خام مصطگی مشک خالص ہر ایک سواد و ماشہ
کہربا موتگے کی جڑ سنگ یشم سبز ہر ایک ساڑھے چار ماشہ موتی نے سو
عنبر اشہب ہر ایک نو ماشہ برگ بادرنجبویہ برگ فرنجمشک ہر ایک ساڑھے
ابریشم زرد خام ساڑھے چھبیس تولہ نبات مصری ایک سیر شاہجہانی ابریشم
پانی پاؤ بھر کے پانی مین تر کر کے جوشدین کہ چہارم رہجاتے خوب ملکر اور

بادرنجبویہ اور فرنجمشک کو علحدہ ایک کانسہ پانی مین جوش دین کہ آدھا رہجائے صاف کر کے آب مذکور مین ملاتین اور نبات مصری داخل کر کے خمیرہ کا قوام تیار کرین اور اول عنبر پھر جواہر بعد اوسکے اور دوائین بدستور معمول حلکرین خمیرۂ ابریشم کہ حکیم مسیح الزمان نے واسطے بندگان اعلیٰ حضرت کے ترتیب دیا تھا خاص کہربا کہ مثل سفید اگر خام عنبر مصطگی ہر ایک سوا دو ماشہ فرنجمشک ابریشم کترا ہوا موتی بے سوراخ ہر ایک ساڑہے چار ماشہ گاوزبان کے پھول نو ماشہ ان سبکو کوٹین اور چھانین پھر ابریشم کترا ہوا تین تولہ شہد سوا گیارہ تولہ نبات مصری سوا چھبیس تولہ گلاب دو سیر لیکر ابریشم کو گلاب مین ایک رات دن تر کرین اور جوش دین کہ آدھا باقی رہے صاف کر کے ساڑہے چار ماشہ گاوزبان اور ساڑہے چار ماشہ بادرنجبویہ علحدہ قدرے پانی مین جوش دیکر اور صاف کر کے ملاتین اور شہد اور نبات مصری داخل کر کے قوام دیوین اول عنبر کو داخل کر کے خوب لت کرین کہ سفید ہو جاتے بعد اوسکے اور دوائین کو ٹکر کفچہ سے حلکرین خمیرۂ ابریشم ابریشم سات ماشہ دار چینی زرنجوبر صندل سفید اگر خام بادرنجبویہ کے پتے گاوزبان اور گاوزبان کے پھول تیج پات زرنجمشک کے پتے پوست بیرون پستہ چھلکے ترنج کے بالچھڑ چھوٹی الایچی کے دانے مصطگی ہر ایک چھ ماشہ یاقوت موتی سنگ یشم کہربا مونگے کی جڑ ہر ایک چار ماشہ گلاب عرق بید مشک عرق گاوزبان عرق بادرنجبویہ ہر ایک آدہ سیر مشک عنبر چاندی کے ورق ہر ایک دو ماشہ شہد سفید پاو سیر شربت فواکہ پاو سیر نبات سفید آدھ سیر بدستور معمول خمیرہ تیار کرین خمیرۂ ابریشم ابریشم ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ گلاب آدھ سیر عرق بید مشک آدھ سیر عرق نیلوفر آدھ سیر عرق الایچی کا پاو سیر ابریشم کو عرقیات مذکورہ مین ایک رات دن بھگو کر جوش دین جسوقت آدھا باقی رہے صاف کر کے قند سفید تین پاو شربت سیب کا شربت میٹھے انار کا ہر ایک تین چھٹانک داخل کر کے قوام دیوین بعد اوسکے موتی بے سوراخ کہربا شمعی مونگے کی جڑ لعل بدخشی ہر ایک ساڑہے چار ماشہ گلاب اور بید مشک مین

پیسکر داخل کرین بعد اوسکے میٹھے کدو کے بیجون کی گری تربوز کے بیجون کی گری کاہو کے بیج چھیلے ہوئے کھیرے اور ککڑی کے بیجون کی گری خربوزہ کے بیجون کی گری میٹھے بادام کی گری خشخاش سفید کے بیج صندل سفید گلاب مین پیسا ہوا ہر ایک نو ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید بوزیدان ساڑھے چار ماشہ شقاقل مصری نو ماشہ سورنجان ساڑھے چار ماشہ گلاب کے پھول ساڑھے چار ماشہ گاوزبان گیلانی کے پھول نو ماشہ مغز حبتہ الخضرا یعنے بُن کی گری حب الزلم کی گری ہر ایک ساڑھے چار ماشہ دماغ چڑون کا نو ماشہ عنبر اشہب ساڑھے تین ماشہ مشک خالص پونے دو ماشہ سونے کے ورق ساڑھے تین ماشہ چاندی کے ورق سات ماشہ اضافہ کرین اور بدستور متقرر خمیرہ بنائین اور مزاج گرم مین کافور قیصوری پونے دو ماشہ اضافہ کیا جاتا ہے

خمیرہ ابریشم گرم مزاج والون کی صحت کو نگاہ رکھتا ہے بعد بیماریون گرم کے واسطے تقویت کے کام آتا ہے ص ابریشم خام ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ کو عرق گاوزبان پندرہ تولہ گلاب ساڑھے سات تولہ عرق بید مشک نو تولہ ساڑھے چار ماشہ عرق کاسنی پونے انیس۱۹ تولہ مین ترکرکے جوش دین جبسوقت آدھا رہجائے صاف کرکے شربت میٹھے سیب کا شربت میٹھے انار کا ہر ایک سوا گیارہ تولہ نبات مصری سفید چھٹانک کم آدھ سیر شربت چوکی کا ساڑھے سات تولہ داخل کرکے قوام دیوین بعد اوسکے موتی بے سوراخ پونے سات ماشہ یاقوت سرخ مونگے کی جڑ عقیق کہربا شمعی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ بنسلوچن سفید صندل سفید گلاب مین پیسا ہوا اور صندل سرخ پیسا ہوا ہر ایک پونے سات ماشہ عنبر اشہب ساڑھے تین ماشہ مشک خالص پونے دو ماشہ چاندی کے ورق تیس عدد کاسنی کے بیج چھیلے ہوئے میٹھے کدو کے بیجون کی گری کاہو کے بیج چھیلے ہوئے دھینہ خشک کے بیج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گاوزبان گیلانی کے پھول نو ماشہ کافور قیصوری ڈیڑھ ماشہ ساڑھے چار چاول بدستور معمول خمیرہ بناکر استعمال کرین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ سے نو ماشہ تک ہے

خمیرۂ ابریشم منقول ریاض عالمگیری سے ص چاندی کے ورق مصطگی
کہربا مرجان ہر ایک ساڑھے چار ماشہ ابریشم کترا ہوا گاوزبان کے پھول نبسلوچن
گلاب کے پھول ناریل تازہ صندل سفید موتی بے سوراخ مشک خالص ہر ایک
نو ماشہ سونے کے ورق ساڑھے تیرہ ماشہ عنبر اشہب ڈیڑھ تولہ ابریشم خام پونے
اونیس تولہ شہد صاف چھٹانک کم آدھ سیر عرق بید مشک نبات مصری ہر ایک
آدھ پاؤ کم سیر گلاب پونے دو سیر ابریشم کو عرقون مین تین رات دن بھگو کر جوہر
کو گلاب مین پیسکر اور باقی دوائین اور کو تکر چھانکر بدستور معمول مرتب کرین
خمیرۂ ابریشم ابخرون کو معدہ سے دماغ کی طرف چڑھنے نہین دیتا اور دل اور
معدہ کو قوت بخشتا ہے منقول علاج الامراض سے ص نبسلوچن سفید بہمن
سرخ بہمن سفید دھنیہ خشک پوست بیرون پستہ موتی بے سوراخ کہربا شمعی
نیلوفر کے پھول گاوزبان کے پھول ابریشم کترا ہوا ہر ایک سات ماشہ یاقوت سرخ دو ماشہ چھہ چاول
گاوزبان کے پتے تین تولہ کافور قیصوری ایکماشہ تین چاول عصارۂ زرشک ساڑھے
تیرہ ماشہ صندل سفید ساڑھے دس ماشہ شیرہ آملہ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ سونا
حل کیا ہوا ایک ماشہ تین چاول چاندی کے ورق ڈیڑھ ماشہ ساڑھے چار چاول
سنگ تیتی دو رتی سیب شیرین پانی میٹھے انار کا ہر ایک سوا گیارہ تولہ گلاب بید مشک
عرق گاوزبان ہر ایک تین چھٹانک قند سفید پونے دو سیر بدستور مشہور مرتب
کرین خمیرۂ ابریشم حکیم محمد ارشد سے واسطے سب قسمون بیماریون سوداوی
اور تقویت اعضاء رئیسہ کے بے نظیر ہے اور مزہ مین بہت لذیذ ص اگر خام چار ماشہ
ابریشم خام کترا ہوا بائیس تولہ صندل سفید پیسا ہوا چھ ماشہ بالچھڑ پوست بیرون پستہ
پوست بیرون ترنج مصطگی لونگ دانہ چھوٹی الائچی کے تیج پات ہر ایک پانچ ماشہ
دواؤنکو پارچہ کتان مین مع ابریشم عرق گاوزبان بید مشک گلاب پانی میٹھی سیب پانی میٹھے انار پانی میٹھی ہر ایک
ساڑھے تین تولہ اور آب باران یعنی مینہ کا پانی دو سیر مین جوش دین کہ وزن تہائی پانی کا جل جائے
اور وزن میوون کے پانی کا باقی رہے بعد اسکے شہد سفید پاؤ سیر

قند سفید اور نبات مصری سفید ہر ایک آدھ پاو کو قوام دیوین اور آخر قوام مین عنبر اشہب
داخل کرکے بعد اوسکے جب قوام سرد ہوجاتے تو سونے کے ورق اور چاندی کے
ورق ہر ایک چھ ماشہ حل کرکے موتی بے سوراخ ایک تولہ یاقوت سرخ نو ماشہ
کہربا شمعی مرجان ہر ایک چھ ماشہ سنگ یشم سبز نو ماشہ مشک خالص چار ماشہ داخل کرکے
خوب مخلوط کرین اور چینی کے برتن مین نگاہ رکھین قدر خوراک تین ماشہ سے چھ ماشہ تک

باب تیسرا خمیرہ ہای خشخاش وغیرہ کی قسمون مین ہے

خمیرہ خشخاش
واسطے نزلہ اور زکام بلغمی کے نافع ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور قبض تھوڑا
کرتا خشخاش کے بیج پوست خشخاش میٹھے بادام کی گری ہر ایک آٹھ تولہ لونگ ایک تولہ
بالچھڑ دارچینی مصطگی جائفل ہر ایک چھ ماشہ زعفران دو ماشہ پوست خشخاش اور
تخم خشخاش اور بادام کی گری کو پیسکر اور پوست خشخاش کے پانی مین خمیرہ نکالکر
اور باقی اور دواون کو کچلکر ساتھ پوست خشخاش کے جوش دین اور صاف کرکے
ہمراہ نبات مصری کے قوام دیوین اور آخر قوام مین زعفران کو گلاب مین پیسکر
داخل کرین اور جو مزاج مین قبض زیادہ ہو تو دو تولہ بنفشہ ہمراہ دواون کے
جوشاندہ کرین اور جو اخیر مین ایکماشہ مشک اور عنبر داخل کرین بہتر ہوگا اور بعد تیار
کے خمیرہ خشخاش سادہ شامل کیا جاتے نسخہ خمیرۂ زرد گوکناری واسطے
اور کھانسی اور دردسر اور آدھا سیسی کے نافع ہے اور الجزون کو نافع ہے اور
دماغی نزلون کے اوترنے کو منع کرتا ہے اور دل کو قوت دیتا ہے اور نہایت
مجرب ہے اور بسبب خوش رنگی اور خوش ذائقگی کے لذیذ اور مرغوب طبع
بار ہا واسطے جناب اقدس حضرت قدر قدرت ارفع اعلی محمد شاہ عالم بادشاہ
غازی کے تیار کیا گیا اور استعمال ہوا نہایت نافع پایا ایجاد اور تالیف مولف
ہے صں پوست خشخاش تین چھٹانک کم ڈیڑہ سیر کو بینہ کے پانی مین رات تک
بھگکر نگاہ رکھین اور صبح کو جوش دیکر ملین اور نچوڑین اور نبات مصری سفید چھ
کم آدھ سیر ڈالکر قوام کرین بعد قوام کے میٹھے کدو کے بیجون کی گری چھٹانک

اوسکے تربوز کے بیجون کی گری خشخاش کے بیج سفید بقدر دو تولہ باریک کرکے گوند ببول کا نبسلوچن کتیرا ہر ایک چہ ماشہ علحدہ خوب پیسکر اور اوسمین ملاکر زعفران سات ماشہ مشک خالص ایکماشہ مشک کو عرق کیوڑہ یا عرق بیدمشک مین سنگ سماق پر حلکرکے ملائین اور چاندی کے ورق ایک ایک ڈالکر تر معجون کش سے درہم کرین اور نگاہ رکھین اور بقدر ایک تولہ ساتھ عرق گاوزبان گیلانی یا قہوہ گاوزبان اور نبات مصری سفید اور دانہ الایچی سفید کے دیتے رہین **خمیرۂ خشخاش زرد** کہ ہمیشہ معمول ہے اور دماغ کو تری اور قوت بخشتا ہے اور نیند اور آرام بخوبی لاتا ہے **صں** زعفران چار رتی پوست خشخاش خشخاش کے بیج بادام کی گری چھیلی ہوئی ہر ایک چار تولہ دو ماشہ گلاب آدھ پاو نبات سفید ڈیڑہ پاو پوست خشخاش کو کچلکر دو سیر پانی مین تر کرین بعد ایک رات دن کے جوش دین جسوقت آدھ سیر پانی باقی رہے صاف کرکے خشخاش کے بیج اور بادام کی گری کو علحدہ قدرے پانی مین شیرہ نکالین اور پوست خشخاش کے پانی مین ملاکر نبات اور گلاب داخل کرکے قوام دیوین اور زعفران کو قدرے گلاب مین حل کرکے قریب گرہ بندھنے کے داخل کرین اور تبر بارین کہ سب رنگین ہو جاتے **خمیرۂ خشخاش** واسطے سرسام اور بیخوابی اور دردسر اور منع نزلات گرم اور اصلاح زخم سینہ اور پھیپڑہ اور دفع درد سینہ اور تعدیل خلطون محرقہ اور تسکین حرارت مزاج کے نافع ہے اور جو ساتھ شربت وردمکرر کے ملاکر بعد فصد اور نکالنے خون بکثرت کے دیوین تو ضعف کو دور کردیگا اور دردمندی کو قوت دیتا ہے اور دو برس تک قوت اسکی باقی رہتی ہے اگر ہوا سے تر و تازہ مین تعفن کو نہ قبول کیا ہووے **صں** پوست خشخاش کلان مع تخم ستو عدد کو کچلین یا پوست کو جدا کرکے تخم اوسکے نرم پیسین اور آب باران یعنی مینہ کے پانی سوا دو سیر مین پکائین اور صاف کرین اور ڈیڑہ چھٹانک کم ڈیڑہ سیر قند ڈالکر قوام دیوین **خمیرۂ گاوزبان عنبری** گاوزبان گیلانی کے پتّے گاوزبان کے پھول بادرنجبویہ ہر ایک نو تولہ ساڑہے چار ماشہ گلاب اور عرق بیدمشک ہر ایک پونی

جوتیس تولہ عرق گاوزبان پوسٹے انوتیس تولہ مین ایک رات دن بھگووین پھر
جوش دین جسوقت آدھا باقی رہے صاف کرکے قند سفید ایک سیر داخل کرکے
قوام دیوین بعد اوسکے عنبر اشہب مشک ہر ایک دو ماشہ اضافہ کرین **خمیرہ گاوزبان**
سادہ واسطے دور کرنے توحش سوداوی اور تقویت دل اور دفع خفقان کی
نافع ہے پانی گاوزبان تازہ کا اور قند سفید ہر ایک آدھ پاؤ کم سیر گلاب ساڑھے
سات تولہ سبکو جوش دین اور جھاگ اوتارین اور قوام خمیرہ کا تیار کرین اور جو چاہین
کہ قوام شربت کا بنائین تو اس صورت مین گلاب کو پیچھے سے ڈالین اور جوش
سبک دیکر اوتار لین اور جو گاوزبان کا پانی مقطر کرین اور ساتھ قند کے قوام دیوین
لطیف اور لذیذ زیادہ ہوگا۔ اور جو کبھی گاوزبان تازہ میسر نہو تو خشک گاوزبان گلاب مین
تر کرکے اور خالص پانی مین بھگوکر ساتھ قند کے کہ وزن قند کا تین وزن دوائے
ہو قوام دیوین اور اگر گاوزبان کے پھولون سے تیار کرین تو اولی اور قوی زیادہ
ہوگا اور بعضے طبیب ملانا بادرنجبویہ کا گاوزبان کے ساتھ نافع زیادہ جانتے ہین
دو حصہ گاوزبان اور ایک حصہ بادرنجبویہ بطریق معمول بھگوکر اور جوش دیکر سہ چند
قند مین قوام دیتے ہین **مؤلف** فرماتے ہین کہ حق یہ ہے کہ اگر مزاج مین گرمی ہو
تو گاوزبان خالص صرف سے تیار کرین **خمیرہ عنبر اشہب** دل کو طاقت
بخشتا ہے اور بوڑہون کو موافق ہے **ص** شکر سفید آدھ پاؤ کم سیر کو گاوزبان کے
عرق مین قوام دیکر عنبر اشہب ڈیڑھ تولہ ساتھ نبات مصری کے حل کرکے
تھوڑا تھوڑا داخل کرکے مرتب کرین **خمیرہ عود ترش** معمول متقدمین معدہ کو
قوت دیتا ہے اور اعضاء رئیسہ کو طاقت بخشتا ہے اور واسطے دفع خفقان
اور متلی اور بدی ہاضمہ اور بخارات محترقہ کے نافع ہے **ص** اگر قماری پانچ ماشہ
صندل سفید تین ماشہ گلاب کے پھول دو ماشہ مصطکی دو ماشہ بالچھڑ تگر جاوتری
ہر ایک ایک ماشہ بادرنجبویہ دو ماشہ تیجپات ایک ماشہ مشک عنبر سونے کے
ورق ہر ایک نو ماشہ شربت میٹھے سیب کا شربت کھٹے سیب کا شربت میٹھے انار کا

شربت کھٹے انار کا ہر ایک چھ تولہ اور جو مزاج صفراوی ہو بقدر چھ تولہ لیمون کا پانی داخل کرین

باب دوسرا خضاب کی ترکیبون مین

خضاب وسمہ کہ بال سیاہ کرتا ہے اور مشہور ہے ص وسمہ گیارہ تولہ آٹھ ماشہ مہندی ساڑہے ستر ہ ماشہ کوٹکر چھانکر روغن گل مین چرب کرین اور گرم پانی مین گوندھکر بالون پر لگائین اور صبح کو دھووین **خضاب دیگر** شیخ بوعلی سینا فرماتے ہین کہ یہ خضاب بال نہایت سیاہ کرتا ہے مہندی روئی[له] سوختہ شب یمانی کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے نمک اندرانی مازو بے سوراخ بھونے ہوتے خبث الحدید یعنی ریم آہن ہر ایک ایکجزو وسمہ دوجزو سبکو خوب کوٹین اور سرکہ مین بھیین اور ایک رات اوسی طرح چھوڑدین پھر استعمال فرمائین **خضاب** ماسرجویہ کہتا ہی کہ مین نے اِس خضاب کو آزمایا ہے بہت نیک پایا ہے چونہ مازو بھونے ہوئے روی سوختہ شب یمانی گل سرو کتیرا لونگ ہر ایک نصف جزو مہدی کی پتّی وسمہ مردارسنگ ہر ایک ایکجزو سبکو کوٹکر چھانکر پانی مین گوندھین اور بعد تین گھنٹہ کی لگائین **خضاب** مولف فرماتے ہین ٥ نظر له ولم یری مثله یعنی ایسا خضاب مثل اپنا نہین رکھتا اور نہین دیکھا گیا ہے مانند اوسکے اور کوئی ص لوہ چون چھ تولہ آٹھ ماشہ آٹا میدہ کا تیرہ تولہ چار ماشہ دونون کو پانی مین حلکر کے سورج کے نیچے رکھین کہ تمام دن دھوپ مین رکھا ہے اور رات کو گرم مقام پر جہان سردی ہوا کی اثر نکرے نگاہ رکھین جسوقت پھولجاتے اور مدت پھولنے کی سردی مین دو دن اور دو رات ہے اور گرمی مین ایکدن اور ایک رات اوسکے بعد بالون کو پانی سے دھوکر مثل وسمہ کے باندھین دو پہر بعد اوسکے گرم پانی سے دھووین اوسکے بعد کالی ہڑون کو باریک پیسکر رات کو پانی مین بھگو رکھین اور صبح کو پھر پیسکر مانند وسمہ کے لگائین ایک پہر اور اوپر سے ارنڈ کے پتے باندھین ؞ **خضاب** بہت آسان اور بے مشقت اور بہت سیاہ کرتا ہے بالون کو اور نسخہ عجیب و غریب ہے ص سنگجراحت چونہ سنگ مرمر ہر ایک آدھ پاؤ

[له] روی عربی مین جلاتیون کہتے ہین اور تانبہ کی کان مین پیدا ہوتا ہے وہ بھی ایک قسم تانبہ کی ہے زرد رنگ پیتل کے مانند

مردار سنگ تین تولہ چار ماشہ تینون چیزون کو باریک سرمہ کے مانند پیسین اور بقدر حاجت کے پانی مین حلکر کے بالون پر استعمال کرین اور اوپر اوسکے برگ پان باندھین کہ تھوڑے عرصہ مین ایک گھنٹہ بلکہ کم اوسے نگذریگا کہ بال خوب سیاہ ہوجاینگے **خضاب** وسمہ پارہ نیلہ تھوتھہ پارہ کو کچی انار مین سوراخ کرکے بھرین اور موم سے سوراخ انار کا بند کردین کہ پارہ نہ نکلنے پائے لیکن انار درخت پر لگا رہے بعد بیس دن کی درخت سے وہ انار توڑکر ساتھ وسمہ اور نیلہ تھوتھہ کے کھرل مین خوب رگڑین بعد اوسکے روغن سیاہ پانچ سیر اور پانی انار پانچ سیر مین مع اور دواؤن کے ڈالین اور کسی برتن مین رکھکر نیچے زمین کے دفن کرین جب تک جوش کھاوے بعد اوسکے زمین کے نیچے سے نکالکر عرق اوسکا مثل گلاب کے کھینچین اوسکے بعد سر اور داڑہی کے بالون پر لگائین **خضاب** بالون کے بڑھانے اور سیاہ کرنے مین عجیب ہے صفت آملہ خشک تین تولہ چار ماشہ مازوی سبز خورد دس ماشہ چھالیہ پوست انار زنگی ہڑ پوست نندوہڑ کا برگ مورد چھوٹی ماتین زرنب ہر ایک ایکتولہ آٹھ ماشہ لوہ چون آدھ پاو اجواین خراسانی تین تولہ چار ماشہ اول لوہ چون کو نیلہ تھوتھ کے پانی مین نرم کرکے کوٹین پھر اور دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور ساتھ لوہ چون کی ایکجا کرکے ہمرلہ پانی اجمود اور اجواین خراسانی کے کہ جوشاندہ اوسکا کیا ہوا آٹھ پہر کھرل کرین بفاصلہ پانی فاصلہ بعد اوسکے قرص بناکر نگاہ رکھین اور بھینس کے دودھ یا بکری کے دودھ مین بھی کھرل کرسکتے ہین پس وقت حاجت کے اجواین خراسانی اور اجمود کے پانی مین پیسکر سر اور ڈاڑہی پر طلا کرین **خضاب** نوسادر ایکماشہ سنگ راسخ مازوی تازہ نوماشہ مازو کو اسطرح بھونین کہ نہ کچا رہے اور نہ جلجاوے پھر سبکو علحدہ پیسکر وزن کرین اور ایکجا کرکے جسوقت استعمال کرین اسطور سے عمل مین لاوین کہ اول داڑہی یا سر کو گرم پانی اور چنے کے آٹے سے دھووین کہ چکنائی سب دور ہوجاوے اور بعد دھونے کے سنہ کپڑے سے پاک کرین اور سکھائین بعد اوسکے چینی کے برتن مین موافق خمیر کرنے دوا کے

زرنب اوسکو تالیسپر کہتے ہین پہاڑ پر ایک گہاس ہے برگ صنوبر کی سے و بعض نے بادہ ہیل لکہا ہے و بعض نے بید سادہ ... نہ ہونا ہے ۱۲

پانی سرد ڈالکین اور اوپر اوسکے دوائی مذکور ڈالکر مثل مہندی کے حلکرین اور
بالون کے جڑون پر ضماد کرین جسوقت خوب خشک ہوجاتے دوا کو جھاڑکر گرم
پانی سے دہووین اور جو جلد پر سیاہی اثر کرے تو بعد دہونے کے تیل خوشبودار
ملین اور کپڑے سے پاک کرین اوبٹن اور گرم پانی سے دہووین **خضاب**
مازوی سبز اسی طرح بھونین کہ نہ کچے رہین اور نہ جلجائین برادہ تانبہ کا چھہ تولہ
آٹھ ماشہ مگسیس چھہ ماشہ کالی ہڑ تین تولہ چار ماشہ نیلہ تھوتھہ تین ماشہ نوسادر ایک تولہ
آٹھ ماشہ کالی ہڑون کو کوٹکر رات کو پانی مین تر کرین اور صبح دواؤن کو باریک
کوٹکر اور چھانکر ہڑون کے پانی مین گوندھکر گولیان بنائین **خضاب** مازوی سبز
نے سوراخ پاؤسیر کو تل کے تیل مین بھونین کہ سرخ ہوجائین پھر ایک کپڑے مین
رکھکر ملین کہ تیل جذب ہوجاتے بعد اوسکے زنگی ہڑ سولہ تولہ آٹھ ماشہ برادہ
تانبہ کا آدھ پاؤ پھٹکری بھونی ہوئی تین تولہ چار ماشہ نوسادر ایک تولہ آٹھ ماشہ سبکو
کوٹکر چھانکر آملہ خوب آدھا بھونا ہوا پانی مین تر کرکے اور صبح کو ملکر اور صاف کرکے
دواؤن مذکورہ کو اوس پانی مین کھرل کرین کہ برادہ تانبہ کا حل ہوجاتے گولیان
باندھکر نگاہ رکھین اور وقت حاجت کے آملہ کے پانی مین پیسکر طلا کرین اور
اوپر اوسکے ارنڈ کے پتے باندھین آزمایا ہوا ہے **خضاب عجیب**
طوطیای سبز پھٹکری سفید شورہ ہر ایک پاؤسیر تینون کو خشک قرع انبیق مین
ڈالکر ملائم آگ پر عرق کھینچین کہ سات آٹھ پہر مین سب عرق نکل آئیگا بعد اوسکے
تین تولہ چاندی کے ورق اوس عرق مین ڈالکر اور شیشہ مین بھرکر نگاہ رکھین
جب تک سب ورق حل ہوجائین پس چھہ تولہ آٹھ ماشہ اس عرق مین سے
لیکر سیر بھر گلاب مین ڈالکر رنگ دیوین اور طریق رنگ دینے کا یہ ہے کہ مسواک کو
تر کرکے سفید بالون پر ملین جسوقت خشک ہوجاتے اور ملین تین دفعہ مین بہت
خوب بال ہوجاوینگے اور بعضے نسخہ مین مازوی پاؤسیر لکھے ہوتے ہین شاید
یہ ترکیب بہتر ہو اور بعضے نسخہ مین چاندی کے ورقون کی جگہہ سونے کے ورق

نظر سے گذرے ہین واللہ اعلم بالصواب **خضاب** بالون کو سیاہ کرتا ہے اور
سب نسخون سے بہتر ہے کہ حاجت باندھنے کی اسمین کچھ نہین ہوتی اور ایک گھنٹہ مین
بخوبی اثر کرتا ہے **ص** مازو چار حصہ سنگ رانسخ دو حصہ نوسادر ایک حصہ شب یمانی
کہ ایک قسم کی پھٹکری کی ہے **نصف** حصہ مازو کو گرم راکھ مین بھونین کہ جل نجاتے
پھر ہر ایک کو جدا جدا پیسین اور لوہے کے برتن مین ڈالین بعد اوسکے جوشاندہ
آملہ کا ملا کر لوہے کے دستہ سے خوب پیسین پھر بالون کو آملہ کے پانی سے دھووین
اور چاہیے کہ آملہ کو پانی مین جوش دین پس پانی اوسکا داخل دوا کرین اور بعد دھونے
کے بالون پر لگائین **خضاب مروارید** واسطے سیاہ کرنے سفیدی برص کے
اور دور کرنے داغون سفید کے عجیب نسخہ ہے اور سعوط اوسکا واسطے رطوبت
کے جو پیدا ہوتی ہو آنکھ مین کہ بسبب برص کے انتشار العین حادث ہوا ہو
غریب الفعل ہے یہان تک کہ ارسطاطالیس شان مین اس نسخہ کے
کہتا ہے من وقف علی حل الدر صغارہ وکبارہ حتی یصیر ماء ثم طلی البیاض
الذی یکون فی الابدان من البرص اذہبہ فی اول طلائہ واسعاطہ ینفع من رطوبت
العین الحادثہ من الانتشار قال بعض العلماء قد یکون بان لیسحق وبلت بماء
حامض الاترج ویجعل فی اناء ویغمر بماء حامض الاترج ویعلق فی دن فیہ خل و
یدفن الدن فی ذبل رطب اربعۃ عشر یوما فانہ ینحل یعنے جو شخص واقف ہوا اوپر
حل کرنے موتیون کے چھوٹے ہون یا بڑے یہان تک کہ ہوجاتین وہ پانی
پھر لیپ کرے اوسکا سفیدی برص پر تو دور ہوجائیگی سفیدی اول ہی
لیپ مین اور پانی اوسکا آنکھ مین ٹپکانا نفع کرتا ہے آنکھ کی رطوبت کو جو بسبب
مرض انتشار کے حادث ہوتی ہو اور بعض علمانے کہا ہے کہ کبھی پیسے جاتے
ہین وہ موتی اور تر کیے جاتے ہین چوکے پانی مین اور رکھے جاتے ہین ایک
برتن مین اور بھگوتے جاتے ہین لیموی ترش کے پانی مین اور لٹکاتے
جاتے ہین ایک بڑے مٹکہ مین جسمین سرکہ ہو اور دفن کیا جاتا ہے وہ مٹکہ

سرگین تازہ مین چودہ روز تک پس حل ہوجاتی ہین بخوبی وہ موتی باب تیسرا خبز
یعنے روٹی کی ترکیبونمین خبز فارسی مین نان اور ہندی مین روٹی کہتے ہین یہ نسخہ روٹی
کا جن شخصون کو دست آتے ہون اونکے لیے تجربہ کرنے والون سے سُنا گیا ہے
ص پوست خشخاش ایک عدد ٹوپی اوسکی دور کرین اور تنگاف دیگر مع ایک تولہ
سونف کے کسی برتن مین بھونین اور دونون کو پیسین اور بعد پیسنے کے پانی مین
حل کرین اور ایک گھنٹہ توقف کرین کہ پانی اوسکا علحدہ ہو اور گاد نیچے بیٹھے پس اوسی
پانی مین آرد خشکار گو گوندھین اور گوندھے ہوتے آٹے کو سفت کپڑے مین باندھکر
ایک برتن مین کہ پانی سے بھرا ہوا ہو لٹکائین اسطرح کہ گوندھا ہوا آٹا درمیان
پانی کے ہوا اور تہ مین نہ بیٹھی بعد ایک پہر کے اوسمین سے نکالکر توے پر ہلکی روٹی پکائین
تنہا یا خورش مناسب کے ساتھ تناول کرین خبز منقول علویخان مرحوم سے
واسطے سرسم کے یعنے جسکو برسام کی بیماری ہو بعد فصد اور تنقیہ کے مفید ہے
ص آٹا جو کا آٹا باقلا کا بھوسی گیہون کی ہر ایک دو کف گاے کے دودھ اور
لعاب بہدانہ اور خطمی کے پھولون کے لعاب اور ہری مکوہ کے پانی اور پوست
خشخاش کے پانی اور بابونہ کے پانی اور روغن گل مین گوندھکر اور دو انگل موٹی
روٹی بناکر توے پر نیم پخت کرین یعنے ایک طرف کچی اور ایک طرف پکی اور گرم
گرم مقام درد پر کماد کرین خبز یعنے روٹی درد معدہ اور قولنج ریحی کے لیے مجرب ہے
ص کھرنج یا برنگ سونٹھہ سونف تخم سودہ بنک نمک سیندھ کوٹکر چھانکر اور
اون کے آٹے مین ملاکر روٹی دو انگل کی موٹی پکائین لیکن ایک طرف سے
پکی رکھین اودہ طرف خام کو روغن سویا مین چکنی کرین اور گرم گرم شکم کے اوپر باندھین
قولنج بسول کا درد دور کرتی ہے ص ماش کا آٹا ایک سیر چپل یا دو سیر کھانے کا نمک
سیر ہینگ یکتولہ آٹھ ماشہ سبکو گوندھکر دو روٹیان بنائین ایک روٹی توے پر
ڈالین جب ایک طرف سے پکجاتے توے پر سے اوتار کر کچے طرف سے شکم پر
رکھین اور دوسری روٹی کو توے پر رکھین جسوقت پہلی روٹی سرد ہوجاتے

جدا کرکے دوسری روئی باندھین اسی طرح عمل مین لائین جب تک درد موقوف
ہووے **حرف الدال** چار باب پر شامل ہے **باب پہلا** دواء المسک
گرم اور سرد اور معتدل کی قسمون مین **باب دوسرا** دیافوذا کے نسخون کے
بیان مین **باب تیسرا** دواء الکرکم اور دبیدالورد کے نسخون کے بیان مین دو فصل
پر شامل ہے **باب چوتھا** ذکر مین اون مرکب نسخون کے جو بلفظ دوا موسوم
ہین منقسم اوپر چند فصل کے **فصل پہلی** اون نسخون مین جو دماغی بیماریون سے
علاقہ رکھتے ہین **فصل دوسری** اون دواؤن کی تفصیل مین جو آنکھ اور ناک
اور حلق اور تالو اور دہن کی بیماریون سے متعلق ہین **فصل تیسری** اون
دواؤن کے اقسام مین جو سینہ اور مری اور معدہ اور دل کو مفید ہین **فصل
چوتھی** اون دواؤن کے بیان مین جو مقعد اور آنتون وغیرہ کے امراض کو نافع
ہین **فصل پانچوین** تذکرہ مین اون دواؤن کے جو زہر کھائے اور پیئے
ہوے کو مفید ہین یا اون زہرون کے اثر کو نافع ہین جو کسی جانور موذی نے
کاٹا ہو **باب پہلا** دواء المسک کی قسمون مین **دواء المسک حار**
یعنی دواء المسک گرم درد سر سردریحی کو مفید ہے اور مرگی اور فالج اور لقوہ
اور تنگی سانس اور ضعف معدہ اور ضعف دل اور خفقان اور تپ چوتھیا کو نافع
ہے اور حاملہ عورتون کی ریاح کو دفع کرتی ہے اور رنگ چہرہ کا نکھارتی ہے
ص مشک چھ رتی سواد و چاول سونٹھ پیپل ہر ایک ایکماشہ تین چاول موتی
بے سوراخ کہربا ہو سنگے کی جڑ ابریشم کترا ہوا ہر ایک پونے دو ماشہ بہمن سفید
بہمن سرخ تیج پات بالچھڑ بڑی الائچی لونگ جند بیدستر چھڑبلا ہر ایک دو ماشہ چھ
چاول نرکچور درونج عقربی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھانکر اور شہد آتش
ندیدہ مین گوندھکر نگاہ رکھین اور بعد چھ مہینے کے استعمال فرماتین قدر خوراک
ساڑھے تین ماشہ سے سات ماشہ تک **دواء المسک حلو** یعنی دواء المسک
شیرین موافق نسخہ ابن الیاس ص موتی بے سوراخ کہربا شمعی ابریشم خام

کترا ہوا ہر ایک سات ماشہ مشک تبتی پونے سات ماشہ تخم فرنجمشک تخم کہ ایک قسم
پودینہ کی ہے تخم مرزنجوش یعنے دونا مروا کے بیج مصطگی رومی جائفل کالی مرچ پیپل دار چینی
چھوٹی الائچی تیج پات پوست زرد ترنج بہمن سفید تخم بادرنجبویہ ہر ایک سوا پانچ ماشہ
دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور تین وزن شہد مین گوندھکر تیار کرین قدر خوراک ساڑہے
چار ماشہ **دواء المسک حلو** مشک خالص تین ماشہ جند بید ستر ساڑہے
تین ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید بالچھڑ بڑی الائچی لونگ تیج پلیت ہر ایک سات ماشہ
موتی بے سوراخ کہربا مونگے کی جڑ ابریشم کترا ہوا نرکچور ہر ایک نو ماشہ نبات
مصری تین وزن سب دواؤن کے مرگی اور فالج اور لقوہ اور خفقان سرد
اور تنگی سانس اور ورمون حلق اور سب بیماریون سرد کو مفید ہے ایضاً واسطے مرگی
اور فالج اور لقوہ اور خفقان سرد اور تنگی سانس اور رطوبت معدہ اور ریح احشا
کے نافع ہے جند بید ستر سوا پانچ ماشہ بالچھڑ تیج پات مرکی ہر ایک پونے نو ماشہ
اجواین دیسی زعفران اجمود کے بیج ہر ایک چودھ ماشہ ریوند چینی پونے دو تولہ
افسنتین رومی صبر سقوطری یعنی ایلوا ہر ایک چھ تولہ شہد خام تین وزن سب
دواؤن کے قدر خوراک ساڑہے چار ماشہ **دواء المسک بارد عنبری**
تالیف میر ہادی پدر علویخان موتی بے سوراخ کہربا شمعی ہر ایک ساڑہے چار ماشہ
ابریشم کترا ہو بنسلوچن سفید صندل سفید صندل سرخ گلاب کے پھولون کی کلیان
ہری ٹونٹیون سے صاف کی ہو تین دھنیہ خشک چھیلا ہوا میٹھے کدو کے بیجونکی
گری گاوزبان گیلانی کے پھول ہر ایک نو ماشہ خرفہ کے بیج چھیلے ہوتے ڈیڑھ
تولہ مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک سوا دو ماشہ رُب میٹھی سیب کا نو تولہ ساڑہے
چار ماشہ قند سفید اٹھارہ تولہ نو ماشہ بدستور مقرر معجون تیار کرین قدر خوراک ساڑہے چار ماشہ
دواء المسک بارد یعنے دواء المسک سرد گلاب کے پھول ساڑہے سترہ
ماشہ ابریشم خام کترا ہوا چودھ ماشہ مونگے کی جڑ ساڑہے دس ماشہ موتی بے سوراخ
ساڑہے دس ماشہ کہربا سات ماشہ دھنیہ خشک ساڑہے سترہ ماشہ مشک خالص

ایک تولہ اور ساڑھے تین ماشہ نبات سفید چالیس تولہ پانی کھٹے سیب کا اسّی تولہ
موافق معمول کے گوندھین قدر خوراک چھ ماشہ **دواء المسک بارد** ہمیشہ
معمول ہے اور فوائد عجیب رکھتی ہے مشک عنبر گاوزبان کے پھول ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ ابریشم کترا ہوا چاندی کے ورق ہر ایک سات ماشہ بنسلوچن سفید گلاب کے
پھول دھنیہ کے بیج صندل سفید ہر ایک چودہ ماشہ شربت سیب ولایتی کا چھٹانک
کم آدھ سیر نبات مصری اور گلاب ہر ایک آدھ پاؤ کم سیر معجون تیار کرین اور چھ عدد مرغی کے
انڈونکی سفیدی وقت حل کرنے کے کم کم ڈالکر سفید کرین **دواء المسک سرد**
اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے اور گرم مزاج والون کو موافق ہے اور واسطے خفقان
گرم اور ناقہین کے بہت نافع ہے ابریشم کترا ہوا چھ ماشہ گاوزبان کے پھول دھنیہ
خشک کے بیج ہر ایک ایکتولہ بنسلوچن چھ ماشہ موتی بے سوراخ کہربا مونگے کی جڑ
ہر ایک چار ماشہ چاندی کے ورق بیس عدد مشک دو ماشہ زرشک بیدانہ چھ ماشہ
شربت سیب کا تین وزن سب دواؤن کو بدستور گوندھین **دواء المسک معتدل**
دارچینی نو ماشہ چاندی کے ورق ایکماشہ موتی بے سوراخ زہر مہرہ خطائی یاقوت
رمانی مونگے کی جڑ کہربا شمعی عنبر اشہب مشک سونے کے ورق ہر ایک ڈیڑہ ماشہ
زعفران چھوٹی الائچی ہر ایک دو ماشہ ابریشم جلا ہوا تین ماشہ صندل سفید پیسا ہوا
گلاب کے پھول گاوزبان گیلانی گاوزبان کے پھول جاوتری ہر ایک چار ماشہ
دھنیہ خشک چھیلا ہوا بنسلوچن ہر ایک چھ ماشہ عقیق سنگ یشم ہر ایک چھ ماشہ درونج
خرفہ چھیلا ہوا نو ماشہ رُب میٹھے سیب کا رب میٹھے انار کا رب میٹھی بہ کا ہر ایک دو ماشہ
چم چاول گلاب اور عرق بید مشک کا ہر ایک آدھ پاؤ شہد ایک وزن نبات مصری
دو وزن سب دواؤن کے بدستور معجون بنائین **دیگر** کافور دو رتی ایک چاول
عنبر اشہب سات رتی مشک خالص پسے دو ماشہ چاندی کے ورق زعفران
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ دارچینی ساڑھے چار ماشہ کاہو کے بیج سوا پانچ ماشہ
مونگے کی جڑ ابریشم کترا ہوا ہر ایک سات ماشہ موتی بے سوراخ گاوزبان کے

پھول جادتری خرفہ کے بیج صندل سفید ہر ایک پونے نو ماشہ گلاب کے پھولکی
پتی گاوزبان ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کہربا بنسلوچن دھنیہ خشک کے بیج ہر ایک
ایک تولہ آملہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا زرشک کا شیرہ گلاب مین نکالا ہوا ہر ایک
پونے دو تولہ شہد برابر وزن سب کے نبات مصری سفید دو وزن سب دواؤن
کے عرق بید مشک گلاب عرق گاوزبان اٹھائیس تولہ **دواء المسک حامض**
عنبری واسطے خفقان اور ضعف دل اور تقویت معدہ اور جگر اور دفع توحش
اور بہم پہونچانے بھونک غذا کے آزمائی ہوتی ہے موتی بے سوراخ کہربا شمعی
گلاب کے پھول کی پتی صندل سفید گلاب مین گھسا ہوا بنسلوچن سفید ابریشم کترا
ہوا دھنیہ خشک کے بیج گاوزبان کے پھول خرفہ کے بیج چھیلے ہوے ہر ایک
ساڑھے تیرہ ماشہ مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک ایکماشہ تین چاول شربت
ریباس قند سفید ہر ایک دو وزن جملہ دواؤن کی حسب دستور مقوم کرین اور جب
حرارت زیادہ ہووے تو ایک ماشہ تین چاول کافور قیصوری داخل کرین ++
باب دوسرا دیاقوذا کے نسخون مین **دیاقوذا** آزمایا ہوا ہے واسطے
بیماریون سینہ اور پھیپڑہ اور کھانسی کے خشخاش سفید مع پردہ با تخم تیس عدد بنفشہ
کے پھول نیلوفر کے پھول گاوزبان کے پھول ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ ملٹھی
چھیلی ہوئی ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ عناب لسوڑہ ہر ایک دس دانہ دوا کو
جوش دیکر اور صاف کرکے نبات مصری سفید سوا سات تولہ داخل کرکے قوام
دین قدر خوراک دو تولہ دس ماشہ **دیاقوذا** واسطے نزلہ گرم اور کھانسی کے
کہ ساتھ تپ اور دستون کے ہو اور خون تھوکنے کی بیماری بھی ہمراہ ہو مفید ہے
پوست خشخاش سفید مع تخم پوست خشخاش سیاہ با تخم ہر ایک پندرہ عدد دو تولہ
بجلگر بہدانہ شیرین خطمی سفید کے بیج ست ملٹھی کا خبازی کے بیج ہر ایک ایکتولہ
ساڑھے دس ماشہ سرطان نہری پانچ عدد کہ ہاتھ پاؤن اوسکے جدا کیے ہون
اور شکم چاک کرکے اول مرتبہ اوسکو جاو کی لکڑی کی راکھ اور نمک مین ہو کر

بعد اوسکے پانی خالص مین دھویا ہو پھر سبکو آدھ پاؤ کم سیر بکری کے دودھ یا منیہ
کے پانی مین بھگو دین اور دوسرے دن جوش دین کہ آدھا پانی رہ جاوے بعد
اوسکے خوب ملکر لعاب اسپغول پونے چار تولہ قند سفید چھٹانک کم آدھ سیر داخل
کرکے قوام دیوین اوسکے بعد اقاقیا عصارہ لحیۃ التیس نبسلوچن گیرو ہر ایک ساڑھے
چار ماشہ زعفران اجواین خراسانی ہر ایک سوا دو ماشہ کہربا موتی بے سوراخ پیسے
ہوے ہر ایک دو ماشہ چھ چاول ڈالکر مرتب کرین قدر خوراک ساڑھے تیرہ ماشہ
دیاقوذا منقول حکیم احمد سے چنانچہ فرماتے ہین کہ یہ نسخہ واسطے اپنے فرزند کے
تیار کیا تھا بہت نافع ہوا اور ایجاد بندہ ہے پوست خشخاش سبز بنفشہ گلاب کے
پھول ملٹھی چھیلی ہوئی ہر ایک نو ماشہ عناب ولایتی بیس دانہ لسوڑہ تیس دانہ خطمی
کے پھول زوفای خشک ہر ایک ساڑھے چار ماشہ خبازی کے بیج سوا دو ماشہ
مویز منقے ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ خشخاش سفید کے بیج ڈیڑھ تولہ جوش دیکر
اور صاف کرکے ساتھ قند سفید کے قوام دیوین اور جو ضرورت بہت ہو تو کتیرا
اور گوند ببول کا ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر اوسمین چھڑک کر نوش کرین
دیاقوذا دیگر خشخاش سفید ملٹھی چھیلی ہوئی ہر ایک چھ تولہ خشخاش سیاہ خطمی کے بیج کتیرا
گوند ببول کا خبازی اسپغول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سبکو سوا دو سیر مینہ کے پانی مین جوش کرین
کہ آدھا پانی رہ جاوے صاف کرکے پانی نچوڑا ہوا انگور پختہ کا آدھ پاؤ کم سیر بتاشہ چھٹانک
کم آدھ سیر داخل کرکے قوام دین **باب تیسرا** ادواء الکرم اور دبید الورد کے
نسخون مین دو فصل پر شامل ہے **فصل پہلی** دواء الکرم کے نسخون مین *
دواء الکرم صغیر بارد تالیف قدوۃ الحکما سید السند والد ماجد علوی خان نافع
ہے جسوقت کہ بیمار کے مزاج پر گرمی غالب ہو زعفران سلیخہ بالچھڑ گلاب کے
پھولون کی کلیان نبسلوچن سفید زرشک منقے زرشک کی جڑ کوٹھ مرکی یعنے
بول شگوفہ اذخر ہر ایک سات ماشہ دارچینی ساڑھے تین ماشہ پوست کاسنی کے
جڑ کا چودہ ماشہ مرکی کو ایک رات دن سرکہ انگوری مین بھگو دین پھر حل کر

دواؤن کو کوٹکر چھانکر شہد خالص مین گوندھین مقدار خوراک کی ساڑھے چار ماشہ تجویز
کی گئی ہے دواء الکرکم خورد واسطے ضعف جگر اور معدہ اور تلی اور سختی جگر اور
معدہ اور تلی اور مرض استسقا کے نافع ہے اور سب پرانی بیماریون کو مفید اور
رنگ صاف کرتی ہے بالچھڑ مرکی یعنے بول سلیخہ کوٹھ شگوفہ اذخر دارچینی زعفران
ہر ایک ایکجزو اور بعضے نسخہ مین مرکی شگوفہ اذخر کوٹھ دارچینی ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ اور باقی اجزا سات ماشہ لکھی ہوئی ہین کوٹکر چھانکر اور بول کو ایک رات دن
شراب مثلث مین تر کرکے مع سب دواؤن کے شہد مین گوندھین قدر خوراک
ساڑھے چار ماشہ سات ماشہ تک دبید الورد معنی اوسکے یہ ہین کہ مثل سب
داؤن کے گلاب کے پھول ہین پس یہ معجون استسقا کے سب قسمون کو
نافع ہے اور ضعف جگر اور معدہ اور کھولنے سدہ جگر اور تحلیل کرنے سب ورمون
اور سب طرح کی سختیون کو مفید ہے اور درد سر سرد اور ودی اور طنین کو بہت
فائدہ بخشتی ہے اور ابخرون کو دماغ کی طرف چڑھنے نہین دیتی ظاہر اگرم ہے
پہلے درجہ مین اور قدر خوراک اوسکی نو ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک ہے ص
بالچھڑ مصطگی زعفران بنسلوچن دارچینی اذخر تگر کوٹھ شیرین عصارۂ غافث تخم
کشوث مغز تخم کاسنی اجمود زراوند طویل حب بلسان لونگ دانہ چھوٹی الایچی کی
اگر خام ہر ایک ایکجزو گلاب کے پھول ہری ٹونٹیون سے صاف کیے ہوئے
برابر وزن سب دواؤن کے شہد تین وزن سب کی بدستور معجون بنائین

فصل دوسری دُہن کے نسخون مین

دُہن واسطے کان
کی گرانی کے نہایت مفید ہے افسنتین رومی کو تازہ مولی کے پانی مین
جوش دین کہ آدھا پانی باقی رہے صاف کرکے روغن گل روغن بادام تلخ
ہر ایک چھ ماشہ داخل کرکے پھر جوش دین کہ روغن باقی رہے پس مع میانی
کافی اصیل ایک رتی حل کرکے نگاہ رکھین اور وقت حاجت کے کان میں
ٹپکائین دُہن الرائب کہ اوسکو روغن ثوم بھی کہتے ہین اور بعضون نے

ح ل
یعنی جہان نشان ح
ہے اسکا مرض کہی ہے
بیان کے اقسام سات قسمین اوسکی
تیسری فصل مین چار
بابانصرح اوسکی
کی گئی ہے ۱۲

کہا ہے کہ یہ ترکیب رہبان صالح سے ہے مجرب ہے واسطے ہر مرض سرد کے
اور جو کوئی شہوت جماع سے مایوس مطلق ہوگیا ہو اوسکے لیے یہ روغن بہت
نافع ہے اور پٹھون کی گرہون کو دور کرتا ہے اور درد پشت قدیم اور جدید اور
بواسیر اور تقطیر البول یعنے چنک پیشاب اور مرض برڈہ کو مفید ہے اور سدونکو
کھولتا ہے اور رنگ چہرہ کا سُرخ کرتا ہے اور جو کوئی سردی کی موسم مین اس
روغن کو استعمال کرے محتاج آگ سے تاپنی اور پوستین پہنی کا نہ ہے **لھ** ثوم
مقشر یعنے لہسن چھیلا ہوا ایک جزو فرفیون عاقرقرحا ہر ایک تہائی جزو کالی مرچ اور
سداب یعنے تتلی ہر ایک چہارم جزو سبکو کچلکر اور سبکے برابر وزن روغن زیتون
ڈالکر پکاتین کہ تہائی باقی رہے صاف کرکے شیشہ مین بہر رکھین **باب چوتھا**
اون مرکب نسخون مین سے ہے جو بلفظ دوا لکھے جاتے ہین چند فصل پر شامل ہے

فصل پہلی ذکر مین دواؤن کے جو دماغ کی بیماریون سے علاقہ رکھتی ہین **دوا**
نافع ہے فالج اور لقوہ کو دوار المسک معتدل یا حلوا اول کھاکر اوپر اوسکے بادیان
خطائی اگر خام مصطگی کلیجن لونگ سونف رومی ہر ایک دو ماشہ چھوٹی الائچی دارچینی
ہر ایک چار ماشہ چاے خطائی آٹھ ماشہ پانی مین جوش دیکر اور صاف کرکے نبات
مصری سفید پانچ تولہ آٹھ ماشہ ڈالکر نوش کرین **دوا واسطے فالج کے** معجون
سورنجان اول کھاکر اوپر سے سونف اور سونف کی جڑ سورنجان مصری بوزیدان
ہر ایک ساڑھے چار ماشہ جوش دیکر اور صاف کرکے شربت اصول گھولکر تناول
کرین **دوا** واسطے لقوہ اور فالج کے تریاق فاروق ایک ماشہ تین چاول
یا شرودیطوس یا تریاق اربعہ اول تناول کرکے بعد اوسکے لونگ دارچینی
اگر ہندی عود صلیب ہر ایک ساڑھے چار ماشہ گلاب مین جوش دیکر شیرہ دھنیہ
خشک کا اور بالنگو اور شربت اسطوخودوس داخل کرکے نوش فرمائین **دوا**
مرض نسیان کو مفید ہے روغن مالکنگنی برگ کے اوپر ملین اور برابر دو جو کے
سیماب یعنے پارہ اوسپر رکھکر ملین کہ مضمحل ہوجاتے پھر اوس برگ کو بیڑہ بناکے

ساتھ نوش کرین اور ہمیشگی اسکی ضرور ہے فراموشی کی بیماری کو واسطے بہت مفید اور
آزمائی ہوئی یہ دوا ہے اور جو کفایت نکرے تو مسہل قوی دینا چاہیے **دوا**
واسطے فراموشی کے نافع ہے پیپل ہلدی کوٹھ شیرین تج ملٹھی سندھی زیرہ
نمک سنگ اجمود ہر ایک ساڑھے تین ماشہ باریک پیسکر اور ہر روز ایک تولہ
آٹھ ماشہ ساتھ شہد اور روغن کے تناول کرین **دیگر** نافع ہے مرض مذکور کو
فلونیا کو اول کھاکر بعد اوسکے دارچینی بادیان خطائی اگر ہندی عود صلیب ہر ایک
ساڑھے چار ماشہ گلاب مین جوش دیکر اور صاف کرکے شیرہ دھنیہ خشک کا
ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ شیرہ زنجبیل مربے کا ساڑھے تیرہ ماشہ ملاکر نوش
کرین **دیگر** واسطے فالج کے تریاق فاروق برابر نخود کے تناول کرکے اوپر
اوسکے عود صلیب عود بلسان دو ماشہ عرق گاوزبان عرق بادرنجبویہ عرق دارچینی
ہر ایک چار تولہ جوش دیکر اور صاف کرکے گلقند عسلی گھولکر نوش کرین غذا شوربا
کبوتر بچہ اور شولہ اور گوشت تیتر کا کھائین **ایضاً** لقوہ کی آخر علت مین یہ دوا
کام آتی ہے اذخر سلیخہ تگر عود صلیب عود بلسان دارچینی بالچھڑ زیرہ گلاب کا لونگ
کوٹکر چھانکر نگاہ رکھین اور ہر روز ساڑھے چار ماشہ اوسمین سے لیکر اور گلقند مین
گوندھکر سوتے وقت تناول کرین **دیگر** سونٹھ بچھ برابر وزن کوٹکر اور شہد مین ملاکر
اخروٹ کے برابر ہر روز دو تولہ دس ماشہ کھانا واسطے لقوے کے بہت
فائدہ رکھتا ہے اور ماء العسل کی ہمیشگی اس دوا کی استعمال مین لازم ہے
دوا واسطے بچون کے مرگی اور خفقان سرد اور ورم حلق اور رطوبت معدہ
اور ریح احشا کے نافع ہے جند بیدستر پونے سات ماشہ بالچھڑ مشک خالص
بیخ بات مرکی یعنے بول ہر ایک سات ماشہ اجواین دیسی زعفران اجمود کی بیخ
ہر ایک چودھ ماشہ ریوند چینی پونے دو تولہ افسنتین رومی ایلوا ہر ایک دو تولہ
چار ماشہ شہد خام سہ چند سبکے **دوا** کہ بالخاصیت مفید ہے مرگی کو انسان کی
ہڈیان مرگی والے کو کھلانا اور اسی طرح جعدہ دور کرتا ہے اوس علت کو اور نوشادر کا

جعدہ ایک گھاس ہے سفید رنگ پھول اوسکا مائل بزردی ہوتا ہے اور قسم بائی کو جعدہ کہتے ہین اور عنبر بیدی مشہور ہے ۱۲

سمندر جھاگ کا دن مین دو مرتبہ یہی عمل رکھتا ہے ۔ اور گلے مین لٹکانا الماس
اسی قبیل سے ہے اور گردن مین لٹکانا عود صلیب کا شروع مرگی کے لیے مجرب
ہے اور لٹکانا ہینگ کا بھی مفید ہے ۔ اور پہننا انگوٹھی کا جسپر گدہے کے سم کا
نگینہ رکھا ہو اور ساعت نیک مین جڑی گئی ہو مرگی کو نافع ہے **دوا** ماشرا کو نافع
ہے کافور قیصوری دو رتی الیچادل نبسلوچن سفید میٹھے کدو کے بیجون کی گری
تربوز کے بیجون کی گری گیرو صندل سفید دھنیہ خشک کے بیج پیسکر ایک ماشہ
سبکی گولیان بناکر نگلجاتین بعد اوسکے لعاب اسبغول شیرہ تخم خرفہ شیرہ کاہو شیرہ
تخم خیار جو چھیلے ہوئے ہر ایک نو ماشہ سکنجبین سادہ ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ
داخل کرکے نوش کرین **فصل دوسری** اون دواؤن کی تفصیل مین ہے
جو آنکھ اور ناک اور کان اور حلق اور تالو اور دہن اور زبان کی بیماریون سے
تعلق رکھتی ہین **دوا** ناخنہ کو نافع ہے آدمی کے کان کا میل شہد مین ملاکر ہر روز
آنکھ مین کھینچین اگر ضعیف اور تنگ ہو تو برطرف ہو جائیگا اور جو ناخنہ موٹا اور
پرانا ہووے تو بڑہنے سے باز رہیگا اور موٹے ناخنہ کا علاج سوای قطع کے
اور کچھ نہین ہے **دوا** پھلی اور ناخنہ کو کاٹتی ہے اور دھند اور جالہ کو برطرف
کرتی ہے ۔ نبات مصری دس ماشہ مرچ سفید سرمہ چھوٹی الایچی کے دانہ
سنگ بصری مغز تخم سرس پھٹکری دھوئی ہوئی ہر ایک ساڑہے تین ماشہ زرد
کوڑی آٹھ عدد مثل سرمہ کے باریک کھرل کرکے آنکھ مین لگاتین **دوا**
آدمی اور ہاتھی اور گھوڑے کی آنکھ کی پھلی کو نافع ہے سونٹھ پھٹکری نمک سنگ
سبکو برابر وزن کوٹکر چھانکر ہر روز دو تین مرتبہ آنکھ مین لگائین **دوا** آنکھ کے ناسور
مین پھلی ٹوٹنے اور بعد ٹوٹنے کے کام آتی ہے نکھہ ایلوا بول برابر وزن پیسکر استعمال
کرین **دوا** واسطے نزول الماء یعنے آنکھ سے پانی اوترنے کو نافع ہے شیرہ
برگ انبلی بوزن دس فلوس کو بھول کے کٹورے مین رکھکر اور نیم کی لکڑی کے
دستہ سے کہ فلوس اوسمین وصل کیے گئے ہون حل کرکے یہان تک کہ گاڑہا

ماشرا لغت سریانی ہے نام ورم عام کا ہے جو حادث ہو خون اور صفرا مجموعہ سے کسی عضو مین کہ ہو اور عرف طب مین متاخرین کے نزدیک ماشرا نام ہے اوس ورم کا جو خاص چہرہ پر ہو بسبب غلبہ خون اور صفرا کے ۱۲

ہوجائین بعد اوسکے عورت کے دودھ مین جو فرزند نرینہ رکھتی ہو چالیس بہر کاحل کھرل کرین اور استعمال فرمائین **دوا** بیاض چشم کو نافع ہے اگر جدید ہو اول تنقیہ کرین اور سر گرم انجرون پر رکھین اور حمام کرین بعد اوسکے کسی کو حکم دین کہ اورک چباکر آنکھ کو زبان سے چاٹے اور جو پرانا اور موٹا ہو تو بنبہ دلنہ یعنے بنولہ کو کوٹکر مغز نکالین اور روغن اوسکا کھینچین پس ایکتولہ آٹھ ماشہ اوس روغن مین سے ساتھ ایکماشہ تین چاول سمندر جھاگ کے کوٹکر چھانکر آنکھ مین لگائین اور ہمیشہ استعمال رکھین دیگر شعر زاید یعنے پروال کو نافع ہے اور فوراً بالون کو قطع کرتی ہے روغن کچلہ یا اونٹ کا خون اوسپر ملین اور کئی دفعہ استعمال کرین اور مینڈک کا خون بھی یہی حکم رکھتا ہے ہفتہ مین کئی دفع ملتے رہین کہ پھر عود نکرے **دوا** واسطے بیاض اور دفع پھلی کے کہ بسبب چینچک کے بھی ہو مفید ہے کانچ چوڑی سبز ایک تولہ آٹھ ماشہ سفیدی مرغ کی گوہ کی چھلکا مرغ کے انڈے کا موتی بے سوراخ مامیران چینی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ ہلدی دو ماشہ اول کانچ کو تین دن تک کھرل کے اندر پانی مین پیسین بعد اوسکے اور دوائین ڈالکر ایک روز خشک کھرل کرین اور نگاہ رکھین ایک دن مین دو دفعہ آنکھ مین لگائین اور رات کے وقت ترس کے تپے جوش دیکر باندھین انشاءاللہ تعالیٰ پھلی آنکھ کی بالکلیہ برطرف ہوجائیگی **دوا** رمد یعنے ورم طبقہ ملتحمہ اور ضعف نگاہ کی سب قسمون کو نافع ہے اور سرخی آنکھ کی دور کرتی ہے اور آنسو بہنے کی بیماری کو مفید ہے اور بیاض اور ناخنہ کو دور کرتی ہے شکر سفید شورہ قلمی ہر ایک چودہ ماشہ لونگ چھوٹی الائچی ہر ایک دس عدد جست کشتہ ایک تولہ آٹھ ماشہ مشک خالص ایکماشہ برگ نیم برگ بکاین ہر ایک پانچ ماشہ مکھی کا گوہ سات ماشہ گلاب مین بھگوکر اور صاف کرکے اور سب دوائین کوٹکر چھانکر پیتل کی تھالی یا پیتل کے کٹورہ مین دو رات گھسین اور جست کو لوہے کے برتن مین آگ پر رکھین کہ پانی ہوجائے بعد اوسکے بڑی ہڑ ساڑھے سترہ ماشہ دانہ اور پوست جدا کرکے

قدرے قدرے داخل کرین اور لوہے کی سلائی سے پھرائین کہ گشتہ ہو جائے دوا
اِس دوا کو اگر آنکھ کے باہر طلا کرین جدری کی مضرت کو نافع ہوگی زعفران دو رتی
ایک چاول رسوت ایلوا شیاف مامیثا اقاقیا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ نرم کوٹکر شیاف
تیار کرین اور دھنیہ کے پانی مین پیسکر طلا کرین دوا جسوقت آنکھ مین آبلہ نکل آئے سرمہ
اصفہانی کافور ہرے دھنیہ کے پانی مین حل کر کے ہر ساعت ٹپکائین اور اگر سرمہ
گلاب مین گھسکر لگانا فائدہ بخشتا ہے اور آنکھ پر ایک گدی بناکر رکھین اور سیسہ کا ٹکڑا آنکھ
کے اندازہ کے موافق تراشکر اوپر آنکھ کے باندھین دوا دمعہ یعنی ڈھلکہ کو نافع ہے
اور کدورت کو آنکھ کی دور کرتی ہے اور اکثر بیماریون کو آنکھ کی مفید ہے سنگ بصری
ایک تولہ مرچ سیاہ چھ عدد دونون کو پیسکر اور کپڑے مین چھانکر پھول کی تھالی مین
ڈالین اور پھول کی کٹوری کی پیٹ سے چندروز خوب رگڑین کہ مثل غبار کے
ہوجاتے بعد اوسکے کسی برتن مین اوٹھا رکھین دوا رتوندہ کو دور کرتی ہے اور
خیرگی آنکھ کی دفع کرتی ہے سونٹھ مرچ پیپل تخم کرنجوہ ہلدی دارچوبہ نمک سنگ
آرنڈ کی جڑ کی چھال سنکھ یعنے بوق کوٹکر چھانکر بکری کی دودھ مین پیسین اور آنکھ
مین لگائین دوا چمگادڑ کا مغز شہد مین ملاکر آنکھ مین لگانا بینائی کو نہتی سرسے صاف
اور تیز کرتا ہے اور شروع نزول کو نافع ہے اور ورم طبقہ ملتحمہ کو بھی مفید ہے
دوا مرض انتشار ہدب کو نافع ہے اور آنکھ سے پانی اوترنے کو جو شروع علت ہو
بہت مفید ہے مگر بعد تنقیہ خلط موجب کے استخوان حربا سوختہ ساڑھے دس ماشہ
بالچھڑ رومی سات ماشہ نرم پیسکر آنکھ مین کھنیچین دوا جون کو بالون سے صاف
کرتی ہے اول پلکون کو بہ اور نمک کے پانی سے دھوکر بعد اوسکے شب یمانی کو
کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے پیسکر پلکون پر ملین دوا جرب چشم کو یعنے پھنسیونکو
جو آنکھ مین ہون ساتھ خارش کے نہایت مفید ہے ایلوا سوختہ ایک جزو نوسادر
نصف جزو کوٹکر چھانکر اور شہد مین گوندھکر استعمال کرین دوائی ڈھلکہ سنگ بصری
زرد ہڑ ہر ایک سات ماشہ ایلوا گول مرچ ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹکر چھانکر آنکھ مین

۱۷ انتشار و سبج ہوئے سوراخ عنبیہ کا ہے

کھنیجین **دوائی ناخنہ** قلقند نوسادر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گوند ببول کا بونڈ دو ماشہ کوٹکر چھانکر اور پرانی شراب مین گوندھکر بطور شیاف بناکر استعمال فرماتین **دوا** واسطے نقصان اور بطلان شم کی پیشاب اعرابی اونٹ کا سورج کے نیچے خشک کرین اور حاجت کے وقت دو نام دوا کے پانی یا چقندر کے پتون کے پانی مین حل کرکے ٹپکاتین ناک مین **دوا** ناک کی بدبو کو نافع ہے سلیخہ حماما ترابک چار ماشہ ایک رتی مرمکی یعنی بول سولہ ماشہ دو رتی شہد مین گوندھین اور ناک کے اندر لتھڑین **دوا** واسطے نکسیر کے مجرب ہے پھٹکری جلی ہوئی دم الاخوین گلنار سفیدہ رانگ کا قشار کندر ادھوری جلی ہوئی غبار چکی کا بارہ سنگھ کے سینگ جلے ہوئے بکری کے سینگ جلے ہوئے قیمولیا یعنے گھٹالی سنار کی جسکو گل بوٹہ بھی کہتے ہین گل شاموش گل نغرہ برادہ آبنوس آقاقیا انجبار کی جڑ گوند ببول کاکہربا سرپتش موسنگے کی جڑ جلی ہوئی نشاستہ کوٹکر چھانکر قدرے انبوبہ مین رکھکر ناک کے اندر زور سے پھونکین اور تھوڑی دوا کو بارتنگ اور خرفہ کے پانی مین گوندھکر ماتھے پر طلا کرین اور بکری کے سفید جالہ کا فتیلہ بناکر اور گو تبازہ گھولکر اور قدرے اوسپر چھڑک کر ناکمین رکھین **دوا** آبلہ چیچک سے ناک کو بچاتی ہے صندل سرخ شیاف مامیثا انگور خام موافق دستور کے شیاف تیار کرین اور وقت حاجت کے سرکہ اور گلاب مین پیسکر ناک مین ٹپکاتین اور جو سرکہ اور گلاب کو ناکمین ڈالین نافع ہوگا اور اگر روغن گل یا روغن مورد ساتھ قدرے کافور کے ٹپکاتین مفید ہوگا **دوا** بچون کی کان کے ثقل کو دور کرتی ہے عورت کا دودھ پلانے والی صعتر اور نمک چبائی اور لعاب دہن قدرے ایک قطرہ کان مین بچہ کے ٹپکاتے **دوا** ادوی اور طنین کو نافع ہے ہر روز سوا دو ماشہ نسرین سے پے در پے چند روز کھاتین **دوا** نافع ہے واسطے بہنے خون کے کان سے اور ثقل کو بھی کان کے مفید ہے ص گردہ کی چربی گاے کی نکالکر اور نمک ملاکر بھونین اور پانی اوسکا نچوڑکر کان مین ٹپکاتین **دوا** کان کے ورم سرد کو

پکاکر توڑ دیتی ہے برگ بلہل کو کہ ایک گھاس ہندوستان مین مشہور ہے کوٹین
اور چند قطرہ ٹپکائین چند مرتبہ ایسی ہی کرین پیپ نکالکر سب صاف کردیگی ۔
اور پانی پیاز سفید پختہ کا لعاب میتھی یا السی یا اسپغول مین ملاکر یہی عمل رکھتا ہی
دوا واسطے کان کے میل کے مجرب ہے سہاگہ بھونکر پیسین اور کانمین ٹپکائین
اور اوپر اوسکے چند قطرہ لیمون کے پانی کے ٹپکائین اور ہمیشگی کرین کان صاف
ہوجائیگا دوا کان کے کیڑون کو قتل کرکے نکالتی ہے بادام کی گری کدوے
تلخ کے بیجون کی گری ہر ایک ایک تولہ آٹھ ماشہ تج آدھ پاؤ ادرک پاوسیر سبکو
کچلکر پانی مین جوش دین اور صاف کرکے تل کا تیل آدھ سیر حل کرکے پھر جوش کرین
کہ پانی جذب ہوجاتے اور روغن باقی رہے چند قطرہ گرم کرکے ٹپکائین دوا
واسطے ثقل زبان کے کہ بسبب خلط بلغم کے عارض ہوا یا رج فیقرا عاقرقرحا
رائی سب برابر وزن کوٹکر چھانکر زبان پر مالش کرین دوا واسطے استرخاو
ثقل زبان کی نوسادر کو زبان پر ملین کہ لعاب بہت اوسمین سے جاری ہو اور
جو یہ مرض سخت ہو اور ایسا تتلاتے کہ کلام کرنا مریض کو دشوار گذرے تو فرفیون
اور کندش زبان پر ملنی چاہیے دوا آڑو تازہ ورم گرم زبان کے لیے مجرب ہے
دوا ضفدع لسان کو مرض کو مفید ہے نوسادر تازہ وباریک پیسکر خوب ملین
اور جو کفایت نکرے گرم دوائین کہ لثہ دامیہ اور اکلہ فم کی بیماریون مین مستعمل
ہین استعمال کرین اور سرکہ نمک ملاکر منہ مین رکھین اور جو غلبہ خون کا ہو تو اول
خون کے اخراج کی تدبیر کرین اور جس صورت مین کہ دوا کفایت نکرے لوہے سے
قطع کرین مگر کاٹتے وقت احتیاط رکھین کہ رگین زبان کے نیچے کی نہ کٹین
دوا ضفدع کو مجرب ہے پھٹکری جلی ہوئی سورنجان دونون دواؤن کو انڈے کی
سفیدی مین ملاکر نیچے زبان کے نگاہ رکھین دوا واسطے ضفدع کے
صعتر بونے دو ماشہ زوفای خشک ساڑھے تین ماشہ جوا کھار سیپ دریائی
تین تولہ سبکو پیسکر شکر طبرزد کہ برابر وزن سب دواؤن کی ہو ملاکر مقام ضفدع پر

ملین بعد اوسکے کُلّیان کرین ساتھ سرکہ کے جسمین قدرے مورد اور گلنار اور قشار کندر
جوش دیا ہو **دوا** مرضؓ قلاع کو مفید ہے گلاب کے پھول سُماق تنبلو چین نشاستہ
خرفہ کے بیج مسور دھوئی ہوئی صندل سفید دھنیہ کے بیج ہر ایک یکجز واور قدرے
کافور ملاکر مُنہ مین رکھین بعد اوسکے گلاب اور سرکہ سے دھووین اوسکے بعد گلاب
صرف سے دھووین **دوا** منہ سے لُعاب بہنے کو گرمی سے ہو خواہ سردی سے
بہت نافع ہے ملح جریش یعنے نمک ساڑھے تین ماشہ ساتھ پانی ہری کاسنی کے
ہر روز تناول کرین **دوا** بچون کے کوّے کو اوٹھاتی ہے مازو سرکہ مین پیسکر اور
پشت کفچہ خورد پر ڈالکر کوّے کو اوس کے ذریعہ سے اوٹھائین اور جو یہ دوا سر کے
تالو پر رکھین یہی عمل رکھتی ہے اور جو سر دھونے کی مٹی جلاکر اور سرکہ مین گوندھکر
رکھین یہی اثر رکھتی ہے **دوا** لہاۃ مسترخیہ یعنے کوّے لٹکے ہوئے کو جو بسبب
حرارت کے ہو مفید ہے نوسادر مازو کو ٹکر ساتھ اوسکے کاگ اوٹھائین **دوا** کوّے کو
اوٹھاتی ہے اور آزمائی ہوئی ہے چولہ کی مٹی کہ آگ سے نہایت سُرخ ہوگئی ہو
پیسین اور ایک عدد گول مرچ بھی پیسکر اور اوسمین ملاکر اوسکے ذریعہ سے اوٹھائین
دوا حلق کو چیچک کے آبلون کی آفت سے نگاہ رکھتی ہے سماق گلاب کے
پھول مسور سُرخ دھوئی ہوئی گلاب مین جوش دیکر غرغرہ کرین یا شہتوت کی
رُب کا غرغرہ فرمائین اور یا پانی سرد کا غرغرہ کرنا مفید ہے **فصل تیسری** اون
دواؤن کے بیان مین ہے جو سینہ اور مُری اور جگر اور معدہ اور دل اور آنتون
کو مفید ہین **دوا** استسقا کو مفید ہے - پیشاب آدمی کا اور پیشاب اونٹ کا اونٹنی
کے دودھ کے ساتھ اور اسی طرح بارہ عدد ملخ یعنے ٹڈی کہ سر اور ہاتھ پاؤن اور
پر اوسکے جدا کیے ہون اور ساتھ ساڑھے تین ماشہ مرچ سیاہ کی پیسی ہون کھانا
واسطے استسقا کے بہت آزمودہ تصور کیا ہے - اور کھانا نیل کا کہ وسمہ مشہور ہے
ہمراہ املتاس کے واسطے استسقا کے چار جو سے بیس جو تک اور واسطے بچون کی
ساڑھے دس ماشہ تک مجرب ہے **دوا** واسطے استسقاء زِقّی کے کہ پیٹ میں اونکی

کے دودھ سے دست زیادہ ہوتے ہین کام آتی ہے ـ خبث الحدید مدبر کوٹکر
چھانکر چھ تولہ قرظ[۱] طراثیث[۲] نیمکوفتہ ساڑھے ستره ماشہ اجمود کے بیج ساڑھے دس ماشہ
سب دواؤن کو دودھ مین ڈالین اور دو گھنٹہ رہنے دین پس صاف کرکے
تناول کرین **دوا** عورت کی چھاتیون مین دودھ بندھے ہوئے کو کھولتی ہے
شیره سونف دیسی کا یا پانی ہری سونف کا نوش کرین **دوا** عورت کی چھاتیونکا دودھ
بڑہاتی ہے تخم ہلیون کو پانی مین جوش دین اور پانی صاف اوسکا ہمراه کسی شربت
کے پیئین یا ہلیون کو کوٹکر چھانکر اور شکر مین ملاکر سفوف کرین قدر خوراک اسکی
سات ماشہ ہے **دیگر** پنیر کے ٹکڑے کو پانی مین جوش کرین اور کھائین دودھ
زیاده کرتی ہے **دیگر** برگ لالہ مع شاخ ہمراه صعتر کے پکاکر پلائین دودھ بہت پیدا
ہوگا **دوا** چھاتیون کے درد کو تسکین دیتی ہے کاہو باغی کو سرکہ اور روغن مین
پکاکر تناول کرین بہت نفع پہونچاتی ہے **دوا** دودھ کو بڑہاتی ہے تخم ریحان
تخم بادروج[۳] تودری سرخ شقاقل تخم اڈنگن تخم تره تیزک کدو کے بیجون کی گری
تربوز کے بیج خربوزه کے بیج ہر ایک یکتولہ کوٹکر چھانکر ہر روز ایک تولہ ساڑھے
دس ماشہ تناول کرین اور دودھ اوسکے اوپر پیئین **دیگر** دودھ بکثرت پیدا
کرتی ہے نخود سیاه کابلی گائے کے دودھ مین ترکرکے نوش کرین **دوا**
خفقان گرم اور سرد کو نافع ہے عنبر مشک زہر مہره پیسکر عطر صندل ہر ایک
ایکماشہ مرجان کھرل کیا ہوا سونے کے ورق ہر ایک اڑہائی ماشہ روغن بادام
آٹھ تولہ چار ماشہ شہد خالص تیره تولہ آٹھ ماشہ سبکو ایکجا کرکے ایک دن اور ایک
رات پے در پے پیئین اور ایک ماشہ سے بڑہائین سات دن تک سات
ماشہ زیاده کرین **دوا** سب طرح کی خفقان کو نافع ہے اور ضعف دل کو
مفید ہے کشمش تازه سبز کلان چالیس عدد کو رات کے وقت گلاب عرق
یا عرق بید مشک سے ملے ہوئے مین ایک چھوٹی پیالہ گھرے مین ترکرین اور
صبح کے وقت کشمش کو سوئی کی نوک سے آہستہ آہستہ ایک ایک اوٹھائین

[۱] قرظ ہیں ایک قسم ببول کا ہے کہ اقاقیا عصاره اوسکا ہے اور صمغ عربی گوند اوسکا اور درخت اوسکا خاردار ہوتا ہے ۱۲
[۲] طراثیث ایک گیاہ ہے سرخ اور سفید ہوتی ہے شیرین اور قابض ہے ۱۲
[۳] بادروج ایک قسم ریحان کی ہے اوسکا سرخی مائل ہوتا ہے ہندی مین بابری جنگلی کہتے ہین ۱۲

کہ گلاب مکدر نہونے پاے پھر گلاب کو اسی طرح باہستگی اوٹھاتین کہ گاد اوسمین نہ ملے کشمش کو کھاتین اور گلاب نوش کرین ایک ہفتہ تک استعمال اسکا رکھین اور ہمیشہ سونگھنا نسرین کا مقوی قلب ہے دیگر واسطے خفقان کے لاجورد دھویا ہوا دورتی ابریشم کترا ہوا چار رتی موتی پیسے ہوے تین رتی کہربا پیسا ہوا دو رتی آملہ مربے ایک عدد تناول کرین اور اوپر اوسکے عرق بید مشک اور گلاب اور عرق گاوزبان اور عرق نیلوفر تخم فرنجمشک شربت سیب شیرین نوش کرین **دوا** خفقان کو نافع ہے کہ صاحب خلاصۃ التجارب نے اپنی مجربات مین لکھی ہے چقندر کو گرم راکھ مین پکا کر اور پوست اوتار کر ایسی ہی گرم گرم کے ورق اوتار کر اور مصری پیسی ہوئی اون سب ورقون پر چھڑک کر رکھدین بعد چند ساعت کے پانی اوسمین سے نہایت شیرین نکلیگا وہ پانی ناشتا تناول کرین اور چند روز ہمیشگی اوسکی ضرور ہے انشاء اللہ تعالے یہ دوا نہایت نافع ہوگی **دوا** سب قسم کے بدن کے ورمون کو مفید ہی پوست درخت سرش جوش دیکر نوش کرین بہت نفع بخشتا ہے چنانچہ اکبر نامہ مین لکھا ہوا ہے کہ بھکر کی قلعہ مین بسبب کھانے پرانے غلہ کے اکثر آدمیون کے بدن پر ورم شروع ہوگیا تھا پھر جس کسی نے اس دوا کو استعمال کیا فوراً شفا ہوئی اور غرائب اتفاقات سے یہ ہے کہ بسبب کثرت نفع کے پوست درخت مذکور بقیمت طلا فروخت ہونے لگا اور اپنی غرض کو اکثر لوگ نہایت گران قیمت سے خریدتے تھے بہرکیف پوست درخت سرش ورم کے حق مین حکم اکسیر کا رکھتا ہے **دوا** واسطے دست بند کرنے بچون کے مجرب ہے ہیلکری خس موتھ دھنیہ برابر وزن کوٹکر چھانکر سرخ چاول کے پانیکے ساتھ دیوین **دوا** واسطے ڈبہ اطفال اور نفخ شکم اور قبض اور مرگی اور اکثر بچون کی بیماریون کے لیے آزمائی ہوئی ہے نسخہ بارہ ماشہ پودینہ خشک چار ماشہ تخم خراسانی چار ماشہ کوٹکر چھانکر نگاہ رکھین اور موافق سن و سال کے استعمال کرین **دوا** واسطے ڈبہ اطفال کے ایلوا مغز جمالگوٹہ ہر ایک ایکتولہ لوہے کی کڑاہی مین ڈالکر اور پیشاب گاے کا کہ ناز اتیدہ ہو ملا کر لوہے کے

دستہ سے خوب پیسین اور گولیان مقدار تخم خشخاش یا ماش کی باندھین اور موافق
سن اور عمر کے عورت کے دودھ مین گھولکر دیوین **دوا** دودھ پیتے بچون کی
کھانسی بلغمی اور تنگی سانس اور دم اوکھڑنے کو نہایت مفید ہے مویز منقی تین تولہ
چار ماشہ شہد خالص پانچ تولہ کالی مرچ تین ماشہ بھارنگی کاکرا سینگی موتھ ہر ایک
چھ ماشہ انیس[۱۹] تخم خراسانی چار چار ماشہ کوٹکر چھانکر اور شہد مین ملاکر نگاہ رکھین
اور وقت حاجت کے موافق سن وسال اطفال کے ہمراہ دائی کے دودھ
یا مان کے دودھ کے حل کرکے پلاتین **دوا** بچون کی گرم کھانسی کو نافع ہے
مغز بہدانہ بیٹھی کدو کی بیجون کی گری میٹھے بادام کی گری ملٹھی کتیرا کوٹکر چھانکر نگاہ رکھین **دیگر** مغز
بہدانہ گوند ببول کا کتیرا قند سفید برابر وزن **دوا** واسطے قے اور اوکائی کے
کہ کسی دوا سے نہ تھمتی ہو مجرب مولف اور والد مولف ہے اور حملہ اسرار اطبا سے ہے
پیپل لونگ بیر کی گٹھلی کی گری آملہ کی گٹھلی کی گری دانہ الائچی سفید مرچ سفید صندل
سفید دھنیہ کے بیج بنسلوچن سفید پوست درخت پیپل کہ ہند مین مشہور ہے
اور پھول پرنگ کہ یہی دوائی ہندی ہے اور ساٹھی کے چاول اور مارقیصر
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مشک خالص سات ماشہ انار دانہ چودھ ماشہ
اور بعضے اوقات موافق حاجت کے زیادہ بھی کیا جاتا ہے اور بعضے اوقات
گرمی کی رعایت سے مشک مطروح کیا جاتا ہے کوٹکر چھانکر کبھی ہمراہ سرد
پانی کے اور کبھی سات شربت انار منعنع کے اور کبھی رب بہ اور کا ہے
اور مناسب چیزون کے ساتھ دی جاتی ہے قدر خوراک دو ماشہ سے چھ
ماشہ تک ہے **دیگر** واسطے قے اور متلی اور اوکائی اور پیدا کرنے بھوک
اور نکالنے پیٹ کے کیڑون کے مجربات سے ہے طالیسفر عاقرقرحا ہندی
نمک مارقیصر ہر ایک بونے دو ماشہ پیپل زیرہ سیاہ صعتر چیتہ سماق دارچینی
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ناگرموتھا پہل تخم کشنیز یعنے دھنیہ کے بیج ہلیلہ ابلیلہ
سونٹھ ہر ایک سوا پانچ ماشہ انار دانہ دو تولہ ساڑھے سات ماشہ نبات مصری

چودہ ماشہ کوٹکر چھانکر قدر خوراک سات ماشہ تنہا یا کسی شئے مناسب کے ساتھ دیوین
دیگر قے صفراوی کو مفید ہے بنسلوچن گلاب کے پھول غورہ خشک ہر ایک نصف جزو
زرشک بے دانہ انار ترش سماق پوست بیرون پستہ ہر ایک ایک جزو کوٹکر چھانکر
سات ماشہ سے ساڑھے تیرہ ماشہ تک ساتھ پانی کھٹے میٹھے انار یا شربت بہ یا مانند
اوسکے اور چیزون مناسب کے ساتھ دینا چاہیے دیگر زیرہ کرمانی ساڑھے تین ماشہ
انار دانہ ترش مویز دانہ ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ کوٹکر چھانکر بقدر ساڑھے
چار ماشہ کے تناول کرین دیگر قے سوداوی اور بلغمی کو روکتی ہے زرشک بی دانہ
ساڑھے تیرہ ماشہ گلاب کے پھول ڈیڑھ تولہ نعناع پوست بیرون پستہ مصطگی
اکر جامہ بالچھڑ لونگ فرنجمشک زیرہ کرمانی مدبر ہر ایک تین تولہ کوٹکر چھانکر نو ماشہ ساتھ
سکنجبین سفرجلی وغیرہ کے دیوین دیگر سوزش معدہ اور پیاس اور قے صفراوی
اور دستون صفراوی کو مفید ہے خمیر جو کے آٹے کا رکھ چھوڑین کہ ترش ہوجاے
پھر چھہ مین دہی کے ڈالکر بعد ایک شب کے دو تولہ دس ماشہ سے شروع
کرین دیگر اوکائی کو نافع ہے طاؤس یعنے مور کے پرون کو جلاتین اور راکھ
اوسکی شہد مین ملاکر دو تین اونگلی چاٹین دیگر خون کی قے کو باز رکھتی ہے
برگ بانسہ کو شہد مین ملاکر کھائین دیگر ناگرموتھ اندرجو ملہٹی صندل سفید ہر ایک سات
ماشہ کوٹکر چھانکر ساڑھے دس ماشہ اوسمین سے شہد مین گوندھکر تناول کرین
دیگر کثرت قی کی کہ بسبب پینے شراب کے عارض ہو اس دوا سے موقوف
ہوجاتی ہے پانی بھگوئی ہوئی ساٹھی کا نوش کرین دیگر واسطے بند کرنے
قے کے کہ کسی دوا سے نہ تھمے سماق کو زیرہ کے ساتھ کچلکر ساتھ پانی سرد کے
کھلاتین اور جو اطراف انگور کے پانی کے ساتھ دین تو نفع اوسکا بے نظیر ہے
دیگر واسطے قے اطفال کے آزمائی ہوئی ہے کھیل دھان تخم مورد بھو بھلی
انمنی برابر وزن کوٹکر چھانکر اور شہد مین گوندھکر قدرے عورت کی چھاتیون پر
طلا کرین اور جو طفل گلاون ہو تو ایک ماشہ یا زیادہ اوسے چٹاتین دیگر ہچکی رہتی کو دفع کرے

چھانگو یہ مثل تمباکو کے کھینچین دیگر بکھی عورت کے دودھ مین گھولکر ناک مین ٹپکائین

دیگر واسطے ہچکی کے اگر قماری کو جلاکر اور پیسکر اور شہد سفید مین حل کرکے چاٹین تین ملعقہ

یا چار ملعقہ دیگر قے اور متلی کو نافع ہے کپور کچری قسم خورد کو کہ کرم خوردہ نہو پیسین اور

بقدر دانہ مونگ کے گولیان بنائین دو تین گولی اوسمین سے دیوین دیگر سفراوی

وغیرہ دستون کو نافع ہے جسکے علاج سے طبیب عاجز ہون یہ دوا فوراً دستونکو

بند کرتی ہے برگ درخت گولر ساڑھے تین ماشہ مانند غبار کے پیسکر اور پانی مین حل کرکے

اور چھانکر نوش کرین تین دن مین بہت اثر ظاہر ہوتا ہے اور یہ دوا اسرار اطبا سے

ہے دیگر بچون کے دستون کو روکتی ہے جو دانت نکلنے کے زمانہ مین جاری

ہون پنیر مایہ خرگوش کا یا پنیر مایہ بکری کا یا پنیر مایہ ہرنی کا جو کوئی میسر ہوسکے نیم جزو

دانہ مویز بیبیا ہوا گٹھلی شاہ بلوط کی دھنیہ بھونا ہوا سماق خرنوب احمود کے بیج زیرہ

مدبر کرمانی قِطر کو کھرو اجواین ہر ایک ایکجزو کوٹکر چھانکر ہر ساعت قدرے کھلائین

چھ گھنٹہ مین دو تولہ چار ماشہ دیوین دیگر درد شکم کو مجرب ہے اور کدو دانون کو مفید

ہے بابے برنگ چھلی ہوئی چھوہارہ دانہ باہر نکالا ہوا مغز اخروٹ ہر ایک تین تولہ

کوٹکر چھانکر اور باہم گوندھکر سوتے وقت کھائین دیگر نمک ہندی چار رتی ڈیڑھ

چاول کمیلہ خرش حب النیل تربش ہر ایک پونے دو ماشہ نسوت سفید بابی رنگ

چھلی ہوئی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ درمنہ ترکی سات ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ شہد

شکر کے ملائین اور نوش کرین دیگر کیڑون کو شکم سے باہر نکالتی ہے بابے برنگ

چھلی ہوئی زرد ہڑ الہ چھیلا ہوا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ نسوت سفید پونے چار تولہ قند سفید برابر

وزن سب دواؤن کے قدر خوراک پونے دو تولہ پانی گرم کے ساتھ استعمال

کرین دیگر واسطے نکلنے کیڑون کے عمل اہل ہند مویز منقے کو لیکر دانے نکالین

اور بعد ہر دانہ کے کہ مویز سے نکلے بابے برنگ اوسمین بھرکر شخص کلان

سال کو گیارہ منقے اور خورد سال کو پانچ یا دس دیوین اور بہتر یہ ہے کہ منقے کو

نگلجاسکے کہ درست معدہ مین پہونچے اور کیڑے بابے برنگ کے ضرر سے

ں جس نکرنے پائین اور شوق طبعی سے منقے کو باعتبار شیرینی کے کھاجائین
پکر صفراوی دستون کو مفید ہے مرغ کا انڈا پُرانے سرکہ مین بگاکر ساتھ
ں اور ماز داور دانہ مویز اور انگور کے استعمال کرین اور مصطگی وغیرہ کے ہمراہ
بنا در دشکم کو دور کرتا ہے **دوا** واسطے آنتون کے خراش اور آنتون کے درد
اور پیچش اور دست اور ضعف معدہ کے نافع ہے سونف بھونی ہوئی چھ ماشہ
بھنگ مدبر دو تولہ کوٹکر چھانکر ساڑھے تین ماشہ ساتھ پانی سرد کے دیوین اور
ق مدبر کرنے بھنگ کا یہ ہے کہ بھنگ تحفہ قسم اول چیدہ حاصل کرین اور
ک صاف کرکے روغن بادام یا روغن بنفشہ یا گائے کے گھی مین چکنی کرین
پھر دوب گھاس کا شیرہ نکالکر اور قدرے اجواین کا شیرہ بھی ملاکر دونون کو
اس مین شامل کرین اور ہاتھ سے خوب ملین اور کوری رکابی مین رکھکر نرم
آگ پر بھونین اور بعد سرد ہونے کے پھر شیرہ مسطور ملاکر بھونین اسی طرح
سات مرتبہ بھونین بعد اوسکے استعمال کرین دیگر یہی عمل رکھتی ہے گوند ببول کا
ایک ماشہ سونٹھ چار رتی چھوٹی الائچی دھنیہ کے بیج بھونے ہوتے ایک ماشہ
مصطگی انار دانہ پوست خشخاش آدھا بھونا ہوا چھ ماشہ نمک مدبر ایک تولہ چار
ماشہ کوٹکر چھانکر ہر صبح تناول کرین **دوا** بچون کے دستون کو مفید ہے جو
دانت نکلتے مین آتے ہین اور زلق الامعا کی بیماری کو بھی نافع ہے خشخاش
سفید کے بیج کندر موتھا تخم مورد ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ زردی
بیضہ یا شربت مورد کے تناول کرین **دوا** کیڑون کو مارتی ہے اور کدو دانون
اور کیچوؤن کو قتل کرتی ہے مجربات حکیم کمال الدین شیرازی سے ہے خس کملہ
دارچینی پیپل سونٹھ کالی مرچ ناگرموتھ بابے برنگ نسوت سفید ساڑھے
چار ماشہ سبکو کوٹکر اور گلقند آفتابی مین گوندھکر بقدر ایک تولہ نگلجائین دیگر
کیچوون کو نکالتی ہے آزاد درخت کی جڑ کی چھال اوسقدر پانی مین جوش دیکر
کہ آدھ سیر مین سیر بھر باقی رہے اول دودھ مین قند ملاکر نوش کرین پھر یہ دوا

۵ رتی ملاکر ایک
دفعہ ہے کہ نہین ٹھہرتی
ہمیشہ غذا آنتون مین

پیکر سورہین دیگر چھوٹے کیرون کو دفع کرتی ہے شیرہ باسے برنگ
بھنگرہ سیاہ شیرہ برگ دھتورہ سیاہ شیرہ برگ پان سکو ملاکر ہر روز دو بار
لیکر مقعد کے اندر پھرائین یا فتیلہ کپڑے کا بناکر اوراوس دوا مین لتھیڑ کر مقعد
رکھین تین دن مین انشاءاللہ تعالی سب کیڑے مرجائین گے دوائی بھی
ساڑھے تین ماشہ اجواین خراسانی کو پانی مین دھوکر اور ساڑھے تین ماشے
شربت قند ڈالکر تناول کرین کیڑے پیٹ کے سب دور ہوجائین کے دیگر
دانون کو مارتی ہے اول شب کنجد یعنے تل قدرے قند مین ملاکر کھائین
صبح کو بقدر چودہ ماشہ کمیلہ اور ساڑھے تین ماشہ صابون ایکجا کرکے تین
گرم پانی کے ساتھ نگلجائین اور اوپر اوسکے بھی گرم پانی پیئین سب کدو
دستون مین نکلجائینگے مجرب ہے دوا اسم بیل کے جلائین اور شہد مین
ملاکر کھائین سب کدو دانہ شکم سے باہر نکل آئینگے دیگر دافع کرم شکم درمنہ
انار دانہ کچلکر ہر صبح مقدار ساڑھے تیرہ ماشہ کے کھالیا کرین صاحب خلاصۃ
نے بہت مجرب اس نسخہ کو لکھا ہے دوا واسطے ڈبہ الطفال کے ایلوا
جائکوٹہ ہر ایک ایک تولہ لوہے کے برتن امین لوہی کے دستہ سے خوب
اور گولیان مقدار تخم خشخاش یا ماش کے باندھین اور موافق عمر اور سن
مان یا دائی کے دودھ مین گھولکر دیگر بچون کے دستون کے لیے مجرب
دھاوہ پھل گری اندرجو تلخ خس برابر وزن کوٹکر چھانکر بقدر سن و سال
طفل کے شہد مین ملاکر چٹائین اور اگر دھاوہ کے عوض آملہ داخل کرین
اور پیٹ کو بھی نافع ہوگا دیگر قبض اور سدہ کو جو بچون کے پیٹ مین ہو دور
ہے سونف چوہے کی مینگنی دونون کو برابر وزن پیسکر ساتھ پانی نیم گرم
ناف کے نیچے طلا کرین اور اوپر اوسکے مولی کے پتے باندھین دیگر
معدہ شیرخوار کے حق مین حاضر النفع ہے اور عدیل اور سہیم اپنا نہین رکھتی
نہایت مجرب ہے اور بہتر ہے جدوار یعنے نربسی ساتھ عرق گاؤزبان

سونف اور گلاب اور عرق بہار کے پیسکر تناول کرین دیگر معدہ کے دستون کو
[dot]کرتی ہے اور پرانے دستون کو بھی نافع ہے سنگ بصری زرد پشت کو بھونکر
جادتری برابر وزن باریک کرکے چار رتی سے شروع کرین اور بتدریج چار ماشہ
تک پہونچاوین اور سب بعضے وزن جادتری کا نصف سنگ بصری کی تجویز کرتے ہین اور بعضے
برنگ دونون کے برابر ملاتے ہین پس اس دوا کو سات روز تک دینا چاہیے
جو حاجت باقی رہے تو پھر دیوین اور طریق بریان کرنے سنگ بصری کا یہ ہے
مین سرخ کرکے گلاب مین سرد کرین اکیس مرتبہ یا ایک سو ایک مرتبہ اور بعضے
اور بعضے لیمون کے پانی اور انار کے پانی اور انار کی تیون کے پانی مین دس دس بار
اسکو بجھاتے ہین اور آخر بار گلاب مین سرد کرتے ہین دیگر مجرب واسطے پیچش اور
آنتون کی آنتون کے درد کے ساڑھے تین ماشہ مولی کے بیج کو ٹکر اور شہد مین
چٹاتین ایک دو دفعہ چٹانے مین انشاء اللہ تعالے مرض دور ہو جائیگا اور حاجت
تیسری مرتبہ کی نہوگی دیگر پوست درخت اندرجو کو پانی مین جوش دیکر اور صاف کرکے
استعمال فرماتین

فصل چوتھی اون دواؤن کے بیان مین ہے جو مقعد اور گردہ

اور مثانہ اور رحم وغیرہ کی بیماریون سے مناسبت رکھتی ہین **دوا** گردہ اور مثانہ سے
پتھری کو توڑکر باہر نکالتی ہے سنگ سرماہی حجر الیہود گلتھی گوکھرو مولی کے بیج ہر ایک
دو ماشہ کوٹکر چھانکر اور رہری مکوہ کے پانی مین گوندھکر اور گولیان بناکر اول کھلاتین بعد
اوسکے شیرہ کسوم کے بیجون کا شیرہ مغز خستہ آلو بالو ہر ایک ایک تولہ شیرہ خربوزہ کے
بیجون کا دو تولہ عرق گوکھرو کا دس تولہ شربت کشوث کا دو تولہ حل کرکے نوش کرین دیگر
پتھریونکو ریزہ ریزہ کرتی ہے اور بخشات غلیظ کو چھانٹی اور رستونکو بول کی صاف کرتی ہے گلتھی حب الصنوبر بوست
کبر کی جڑ کا ہر ایک چہارم جزو اجمود کے بیج نصف جزو خربوزہ کے بیج ایکجزو قدر خوراک نو ماشہ دیگر
پتھری کو توڑتی ہے گرم مزاج والے کو موافق ہے راکھ کرنب نبطی کی راکھ مرغ
کے انڈون کے چھلکون کی حجر الیہود سب وزن مین برابر ہمراہ شراب پرانی کی
کھاتین دیگر جو اکھار تھا گہ ہر ایک آٹھ ماشہ دہی مین ملاکر نوش کرین مثانہ کی پتھری

صنوبر دو قسم ہوتا ہے نر اور
مادہ نر کی بھی دو قسم ہین باغی
اور پہاڑی گو نرباغی کا ثمر
اوسکا تخم ہے حب الصنوبر
کہتے ہین درخت اوسکا
درخت سرو کے مشابہ ہوتا ہے
لکڑی اوسکی بجائے شمع اور
چراغ کے جلاتے ہین ۱۲

اور باو گولہ کو نافع ہے دیگر جوا کھار ہمراہ شکر تری کے کھائین دونون قسم
کو دفع کریگی دیگر واسطے جلن پیشاب اور پرمیو کے مفید ہے اور قضیب
خون آنے کو نافع ہے شورہ قلمی جوا کھار مہندی کی پتی دھینہ سنبر بڑی الائچی
ہر ایک دس ماشہ قند سفید دو وزن سبکے اٹھ حصہ کرین ہر روز ایک حصہ تناول
دیگر کہ حکیم عابد سرہندی بحث ذیابیطس مین اندر شرح اسباب و علامات کہ تصنیف
کی ہوئی اوسکی ہے لکھتا ہے کہ میرے اوستاد نے فتح پائی ہے مفرد دوا
ذریعے سے اس مرض پر کہ اوسکو بالکلیہ زایل کرتی ہے حب الطوط کہ پنبہ دانہ
بنولہ کو کہتے ہین اور صاحب داراشکوہی لکھتا ہے کہ حب قطن و کرفس
وطوط پنبہ دانہ کے یہ سب نام ہین کہ ہندی اوسکی بنولہ ہے پس چاہیے کہ بنولہ
پانی مین تر کرین اور لت کرکے نچوڑین اور شکر طبرزد اوس پانی مین گھولین اور
پاکیزہ مین وہ پانی نچوڑین اور ساتھ شکر کے پکائین ملائم آگ پر اور ہر صبح نہار
نوش کرین وہ لکھتا ہے کہ مین نے ذیابیطس کے مرض مین اس دوا کو بارہا آزمایا
ہے کبھی خطا نہین پائی دیگر واسطے دشواری بول کے کرم شب تاب کو کہ عربی
مین حباحب کہتے ہین اور ہندی مین جگنو مشہور ہے پکڑ کر اور سر اوسکا دور کر
اور سکھا کر ساتھ ساڑھے چار تولہ پانی ہینگ بھگوئی ہوئی کے جو تین دن باہم نوش کرین
واسطے بند ہونے پیشاب ور نکالنے پتھری گردہ کے از حد مفید ہے دیگر واسطے
بند ہونے پیشاب کے مجرب ہے شکر سفید سترہ ماشہ گاے کا گھی تازہ دو تولہ
دس ماشہ کو باہم ملا کر بیمار کو چند روز کھلائین عجیب اثر رکھتی ہے دیگر اسی مقدمہ کے
لیے مفید ہے شاخین باریک شلغم تازہ یا خشک کی پیسکر اور شہد مین ملا کر
چٹائین دیگر حالہ کا پیشاب جاری کرتی ہے شورہ ساڑھے چار ماشہ یا نو ماشہ شکر
برابر وزن سفوف کرین اور شورہ تنہا پانی مین گھولکر بدفعات دینا مجربات سے
تصور کیا ہے اور استعمال شورہ کا اس معاملہ مین تین تولہ تک بھی مفید ٹھرا ہے
دیگر پیشاب کی جلن کو نہایت نفع پہونچاتی ہے درخت موز کہنہ کہ ہندی مین

لیکہ کہنے ہین قدرے درمیان سے چاک کرکے اوس جگہہ کوئی برتن وصل کرین اور
پانی اوسکا حاصل کرکے حسب حاجت دیوین دیگر بالخاصیت پیشاب کو کھولتی
ہے زعفران ناسودہ ایک شاخ سوراخ بول مین رکھین اور جون مری ہوتی سوراخ
ذکر مین رکھنا بہی اثر رکھتا ہے اور جو مثانہ گوسفند یا کیس جلاتین اور پیسین اور شراب
انجیر کو ساتھ دیوین بہت فائدہ رکھتا ہے اور ساڑھے تین ماشہ سرطان نہری بھونکر اور کوٹکر ساتھ شکر یا شہد کے
دیوین بہی عمل رکھتا ہے اور جو کبوتر بچہ کو ذبح کرین اور خون اوسکا پیڑو پر ٹپکائین قوت مثانہ کی حرکت مین
اویگی اور پیشاب فی الفور جاری ہوگا۔ اور شیاف نمک طرز دہ پیشاب کو جلدی
جاری کرتا ہے دیگر بھینس کے کان کا میل ناف پر ملنا فوراً پیشاب کو جاری
کرتا ہے اور کافور ریاحی سوراخ بول مین رکھنا اور نر بکرے کا مغز پیسکر ناف پر ملنا
اور شورہ قلمی پیسکر ناف پر اور پیڑو پر رکھنا اور قدرے پانی اوس پر چھڑکنا اور ٹھنڈی
عرصہ تک اوندھا پڑی رہنا پیشاب باسانی لاتا ہے اور سونے کے ورق چار
رتی ڈیڑھ چاول کھانا بہی عمل رکھتا ہے دیگر بستر پر پیشاب کرنے کے مرض کو
مفید ہے اور آزمائی ہوتی ہے تخم شاہسفرم کو کہ فارسی مین نازبو کہتے ہین ہمراہ
الیدانہ بازوی سبز کے کوٹکر چھانکر دیوین دیگر پوست بالای سنگدانہ مرغ کا دہوکر
اور بھونکر اگر کسی کو دیوین تو پیشاب بستر پر کرنے سے محفوظ رہے دیگر اسی مقدمہ
کے لیے مجرب ہے اور ادرار منی اور مذی کو بھی مانع ہے بلوط کو ہموزن اوسکے
کندر لیکر اور روغن زیتون مین گوندھکر ہمیشگی کرین دیگر مجرب ہے اوس آدمی کو
جو بستر پر موت رہے گردہ خرگوش کا خشک کرکے سوتی کے بیج ہر ایک ایک جزو
اقاقیا اجمود کے بیج ہر ایک نصف جزو کوٹکر چھانکر پونے نو ماشہ اوسمین سے
ہمراہ دو تولہ دس ماشہ جھاؤ کے پانی کے دیوین اور اسی طرح دماغ خرگوش کا
شراب کے ساتھ دینا نافع ہے اور سب چیزون سے بہتر ہے دیگر بالخاصیت
جلد تنزل ہونے کو نافع ہے ماندگی کو دور کرتی ہے جو اکثر جماع کیوقت
ہوتی ہے استخوان دم سگ یعنی کتے کی دم کی ہڈیان جسوقت کہ باہو ...

جفت ہووین اور لینڈی جوڑ جائے اوسی وقت سگ نرکی دم کاٹ لیوین اور چالیس
دن تک نیچے زمین کے دفن کرین کہ بوسیدہ ہو جائے اور گرہ ہڈیون کی باقی رہین پس
اون ہڈیون کو ڈورے مین باندھکر کولہ پر جماع کرنے والے کے باندھین اور عجائبات
مشاہدہ کرین دیگر اس دوا سے حمل نہین رہ سکتا ہے تتلی خشک نطرون کہ قسم
جوا کھار کی ہے ہر ایک ایکجز و کوٹکر چھانکر اور تتلی کے پانی مین گوندھکر عورت حمول
اوسکا کرے ہرگز حمل نہین ٹھہریگا اور ہوگا تو گر جائیگا اور یہ دوا مشیمہ کو بھی نکالتی ہے
دیگر مانع حمل ہے مرد کو استعمال کرنا چاہیے لگڑے کے بیج پانی نچوڑا ہوا تتلی کا پانی
دھینہ باریک پیسکر ذکر پر لیپ کرین اور جماع کی طرف مصروف ہون دیگر قوی تر اثر
ہوہ ہے یہ ساڑھے چار ماشہ تتلی خشک پونے سات ماشہ سقمونیا جوا کھار ساڑھے
چار ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی ہری تتلی یا اوس پانی مین جو لوہے سے بجھا ہوا ہو
سرد کرکے مرد اپنے آلت پر بھی لیپ کرے بعد اوسکے مجامعت فرمائے
حمل گرا دینے مین بھی اثر قوی رکھتا ہے اور سپیاری پر قضیب کی ملنا روغن قطران
بلکہ جو روغن وقت پر موجود ہو مانع حمل مین دخل کلی رکھتا ہے اور اسمعیلیہ مین جو جز عجیب
ہے اور اوسکو بہت موثر لکھا ہے عرق بغلہ ہے یعنے پسینہ خچر کا اور قدرے کا
میل خچر کا ذکر پر طلا کرنا جماع کے وقت مانع حمل ہے اور وہ بہت موثر اور عجیب ہے
دیگر امساک منی کا از حد کرتی ہے کسونڈی کی جڑ کی چھال کو سکھا کر باریک پیسکر اور
شہد خالص کے غلولہ باندھین اور بقدر سات ماشہ کے وقت نماز عصر تناول کرے
اور ایک پیالہ گائے کے دودھ کا اوسکے اوپر پئین جب وقت شب ہووے
تو اوسی غلولہ مین سے منہ مین لیکر جماع کرین دیگر سقمونیا ہری تتلی کے پانی مین
پیسین اور ذکر پر طلا کرین اور سقمونیا اور انجیر عورت کو کھلانا بہت مجرب لکھا ہے
اور پیشاب خچر کا لوہے کے بجھے ہوئے پانی مین ملاکر دینا اور کھانا روشت فیل کا
ہمراہ قدرے شہد کے مانع حمل ہے اور بازو بیسکر جسوقت عورت نوش کرے
اوسکو کبھی ہمیشہ تک حمل نرہیگا دیگر مونگے کی جڑ سات رتی پیسکر اور شراب تر

ملاکر اگر عورت چاٹے تو ہمیشہ حاملہ نہووے اور اوٹنی مست کی منہ کی جھاگ کھانا مانع
حمل ہے سات برس تک اولاد اوسکے نہوگی دیگر مانع حمل ہے اور حمل کو گراتی
ہے حنظ قوقی کے بیج ہاتھی کے لید کالی مرچ راتی سرخ صعتر کہ ایک قسم پودینہ
کی ہے کوٹکر چھانکر اور سلارس مین ملاکر اور کپڑے مین آلودہ کرکے فرج کے اندر
رکھین دیگر ذکر کو سفیدہ کاشغری سے آلودہ کرنا مانع حمل ہے دیگر ہاتھی کی لید کا
حمول کرنا اور دھونی اوسکی لینا یہ ہی اثر رکھتا ہے۔ اور کالی مرچ بعد جماع کے
اگر عورت فرج مین رکھ لیوے تو نطفہ ہرگز قرار نپاویگا۔ اور خون نفاس جو اول
فرزند سے جاری ہو تمام بدن پر اگر کسی عورت کے ملین تو ساری عمر اوسکے
اولاد نہوگی مجرب ہے۔ اور پکھان بید شہد ہی کے ساتھ ملاکر ایام حیض مین آبدست
اوس سے لیوین تو حیض کو بند کر دیگا اور حمل کو بھی مانع ہوگا۔ اور چوہے کی مینگنی
شہد مین ملاکر دینا بھی مانع حمل ہے دیگر پیشاب اونٹ کا اور پانی لوہا بجھایا ہوا
اگر عورت نوش کرے تو کبھی حمل نرہیگا دیگر مجرب کہ مانع حمل ہے اور درد کو
جو جماع کے بعد تلون مین عورت کے ہوا کرتا ہے دفع کرتی ہے مازو باریک پیسیں
اور روئی اوسمین آلودہ کرکے اور غلولہ بناکر فم رحم مین رکھین جماع سے پہلے یہ عمل
ضرور ہے دیگر حیض کو جاری کرتی ہے اور درد رحم اور درد پشت کو کہ پہلے حیض
سے عارض ہو دور کرتی ہے اجمود کے بیج ساڑھے چار ماشہ سونف نیمکوفتہ
سونف رومی تخم سویا روباس ہر ایک نو ماشہ کھیرے ککڑی کے بیج نیمکوفتہ ڈیڑہ
تولہ ملیٹھی دو تولہ ساڑھے سات ماشہ جوش کرین اور ساڑھے بائیس تولہ قند مین
قوام دیکر سات روز کھلاتین دیگر درد رحم کو دور کرتی ہے اذخر کا پانی جوش کیا
ہوا نوش کرین اور صعتر بھی پینا یہی اثر رکھتا ہے اور نسوت پینا اور اوسکے
جوشاندہ سے حقنہ کرنا درد کو جو پہلے حیض کے عارض ہو دفع کرتا ہے اور سلیخہ کا
جوشاندہ پینا یہی عمل رکھتا ہے اور السی کو جوش دیکر اوسکے پانی سے حقنہ کرنا
زندگی رحم کو تسکین دیتا ہے اور ستو جو کے کھانا درد رحم کو کہ بسبب گرمی کے ہو

۴
حنظ قوقی قسم اونچے کی کہ جنگلی ہوتا ہے
باغی اور جنگلی ہوتا ہے اور فارسی
عربی مین حبالقا اور
ہندی مین ... کہتے ہین

۵
روباس اور ریباس ایک
گھاس ہے ... سکا
سفید رنگ پھول سرخ
... پہاڑون پر ہوتی
ہے اور ... اوسکی ریوند
... ہے ۱۲

ساکن کرتا ہے۔ اور گدہی کا دودھ کا حمول رحم کے درد شدید کو موقوف کرتا ہے
اور بط کے سر کا مغز اگر سونف تر کے پانی مین جوش دیکر صاف کرین اور نہار
نوش کرین تو درد رحم کو جو بسبب قوت مباشرت کے عارض ہو تسکین بخشتا ہے
۔ اور دھونی آدمی کے سر کے بالون کی رحم کو دینا درد کو تسکین دیتا ہے ۔ اور
خبازی جوش کرین اور اوسکے پانی سے حمول فرمائین اور روغن نسرین کا حمول
کرنا اور ملنا بھی اثر رکھتا ہے **دواے معین حمل** ہاتھی کا پیشاب پینا اور
ہاتھی دانت کا برادہ عجیب الفعل ہے اور وزن برادہ ہاتھی دانت کا سات ماشہ
تک مقرر کیا ہے نبات مصری کے ساتھ سفوف بناکر پھانکین **دیگر** حاملہ عورتونکی
جھوٹی اور خراب بھونک کو دفع کرتی ہے بڑی الائچی کے دانہ تین تولہ ہمراہ
چھ وزن قند یا نبات سفید کے پیسکر اور ملاکر تین ماشہ اوسمین سے کھلائین **دیگر** واسطے
عقیمہ[۱] کرنے کے پنیر مایہ بارہ سنگہ کا بعد پاکیزگی کے حیض سے تین دن
عورت حمول کرے عقیمہ ہوجائے گی **دیگر** بچہ کی پیدائیش کو آسان کرتی ہے
بارہ سنگہ کا سینگ باندھنے سے دشواری اور درد کے بچہ باہر آئیگا **دیگر** واسطے
سیلان رحم کے نافع ہے قشور کندر جفت بلوط زیرہ سیاہ بڑی مائین چھوٹی مائین
جھاؤ کی لکڑی کی راکھ بالچھڑ ہر ایک کو یا سبکو ملاکر حمول کرین **دوا** واسطے بہت
جاری ہونے کے رحم سے جا یقل چھالیہ ہر ایک تین عدد لادن[۲] نو ماشہ کوکر
اور چھانکر اور ساتھ پانی مورد تازہ اور گلاب کے پیسکر نیمگرم کر کے ملین **دیگر** بہنے
رطوبت رحم کو نافع ہے خواہ جماع کے وقت جاری ہو یا اور وقتون مین ہو
سنگ راسخ مولسری کسیس کالی ہڑ لیتہ کے پھول دارچینی سمندر جھاگ ہر ایک
ایک تولہ سبکو نرم پیسکر اور ایکجا کر کے نگاہ رکھین اور جماع سے دو گھنٹہ پہلے
بقدر دو ماشہ اندام نہانی مین ملین **دیگر** واسطے جاری ہونے خون حیض کے
گل عباسی شکر تری ہر ایک چھ ماشہ باہم ملاکر کھائین **دیگر** درد رحم کو جو حیض کے
زمانہ مین عارض ہو دور کرتی ہے ریوند خطائی کو ٹکر چھانکر اور برابر وزن نبات مصری

[۱] عقیمہ زن نازائیدہ ۱۲

[۲] لادن رطوبت [illegible] ۱۲

پیسکر اور ملاکر بقدر چھ ماشہ شروع حیض سے دو روز پہلے شروع کرین اور تین دن تک
تناول فرمائین درد رحم کو جو بعد جماع کے ہو دفع کرتی ہے دیگر مانع حمل ہے مازو
پیسکر اور روئی اوسمین آلودہ کرکے فرج کے اندر رکھین دیگر یہی عمل رکھتی ہے
نمک باریک پیسکر اور روئی اوسمین بھر کر فرج کے اندر رکھین دیگر اوس درد کو موقوف
کرتی ہے جو بعد نفاس کے عارض ہوا اور بشدت ہو کہ اور کسی دوا سے اچھا نہوتا ہو
پوست خشخاش قدرے پانی مین ترکرین جسوقت قوت اوسکی پانی مین آجائے
قدرے اوسمین سے سرد یا گرم نوش کرین اور جو چاہین قدرے شکر بھی داخل
کرین دیگر مرض رجا اور دشواری پیدائش کو نافع ہے اور اسقاط مشیمہ کا کرتی ہے
کندر بول گندہ بیروزہ جاوشیر برابر وزن قدر خوراک سات ماشہ ساتھ پانی اجمود
یا پانی سونف کے دیگر بالخاصیت بچہ کی پیدائش کو آسان کرتی ہے سنگ مقناطیس
دست چپ یعنے بائین ہاتھ مین لینا اور گدہی کے سم کی راکھ طلا کرنا اور مونگے
کی جڑ ران پر باندھنا اور سنگ یشم ران پر لٹکانا اور گدہے کے سم اور گھوڑے کے
سم کی دھونی دینا نافع ہے دیگر پوست املتاس دیڑہ تولہ باریک پیسکر پانی مین
جوش کرین اور صاف کرکے پانی اوسکا ساتھ شربت کے نوش کرین یا جوشاندہ
بن گوکھرو اور ہنسراج اور خطمی کی جڑ اور تخم بلیون اور ہوہ بیر اور مشکطرامشیع کہ
ایک قسم پودینہ کی ہے دیوین اور بعضے ہمراہ شکر اور شہد کے گھولکر دیتے ہین
دیگر بالخاصیت مشیمہ کو باہر نکالتی ہے زعفران تین تولہ پیسکر گوندھین اور مہرہ بناکر
ران پر باندھین دیگر بواسیر کے خون کو بند کرتی ہے اخروٹ مع پوست کی جلاکر
ساڑھے چار ماشہ ساتھ پانی مورد وغیرہ کے دیوین اور جو اخروٹ کے جڑ کی چھال کو
روغن زیتون مین جوش کرین کہ مہرا ہو جائے واسطے بواسیر اور بیماریون مقعد کی
نہایت موثر ہے دیگر خون بواسیر کو بند کرتی ہے کہربا گل مختوم اتیس ہر ایک
سوا دو ماشہ باریک پیسین اور سفوف تیار کرین سب ایک خوراک سے ہے تین روز
پے در پے تناول کرین دیگر واسطے بواسیر خونی اور بادی اور دستون بواسیر کے

ارن کی امید رکھتی ہے حمل صادق کی

مجرب ہے پوست کوڑا دو ماشہ کوٹکر اور دہی مین ملاکر کھلاوین اور غذا چاول اور دہی
تناول فرماوین دیگر واسطے بواسیر کے مجرب ہے ہالون گاے کا گھی شکر تری ایک ایک
چھ ماشہ تینون کو مخلوط کرکے ہمراہ دودھ کے نوش کرین تین دن نمک سے پرہیز
تین مہینے متواتر عمل کرین دیگر خون بواسیر کے بند کرنے مین مثل اپنا نہین رکھتی
تیوانج خطائی بقدر تین ماشہ لیکر اور چکنہ دہی مین ملاکر کھلاوین اور جسجگہ تیوانج
میسر نہووے پوست درخت کوڑہ کہ قائم مقام اوسکے ہے بلکہ نافع زیادہ
اوس سے ہے بدستور استعمال کرین دیگر اخروٹ مع پوست جلاکر سارہی چار ماشہ
اوسمین سے ساتھ عرق بارتنگ اور شربت حب الاس کے دیوین دیگر خون
بواسیر اور خون حیض کو بند کرتی ہے اور دستون کو خون کے روکتی ہے اور
کچ لہو جس قسم کے زخم سے کہ جاری ہو اور زردپانی کو اور اور علتون کو جو فرج کے
اندر ہوتی ہین نفع دیتی ہے جامون کی گٹھلی کی گری آنب کے گٹھلی کی گری
ہاتھا جوڑی رسوت موچرس مجیٹھ اتیس موتھا مغز بیل لودہ کسیرو کا پھل گوار
مرچ موبز منقی سنارکی صندل سرخ مازو بڑی مائین دھماہا گل دھاوہ ملتی پوست
درخت سال برابر وزن پیسکر اور باہم ملاکر اور شہد اضافہ فرماکر تین تولہ اوسمین سے
ہمراہ پانی برنج ساٹھی کے تناول کرین عجیب نسخہ ہے دیگر خون بواسیر کو بند کرتی
ہے گل مچکند کہ دوائی ہندی مشہور ہے باریک کوٹین اور بقدر تین چار ماشہ
لیکر گھی اور شکر مین کہ ہر ایک بقدر ایک تولہ یا دو دو تولہ کے ہو مانند حلوا پکاوین
اور چند روز اوسمین سے کھاوین نفع کامل ظاہر ہوگا ادویہ خروج مقعد
دوا واسطے نکلنے مقعد اور استرخاء شرج کے مفید ہے حیض کالتہ جلاکر
اوسکی گاے کی گھی کے ساتھ دیوین اور قدرے مقعد کو دھونی اوسکی دیوین
دیگر اول چاہیے کہ مقعد کو روغن السی مین چکنی کرین بعد اوسکے سفیدہ کاشغری
اور مازو برابر وزن کوٹکر چھانکر اور مقعد پر چھڑک کر اور مقعد کو اندر لیجاکر ایک ساعت
اوسے لٹے پڑے رہین اور چند روز ہمیشگی اس دوا کی کرین انشاءاللہ تعالے بہت

سلہ تیوانج پوست انگور جنگلی کا ہے شیخ بوست گگرونی سے اور بعضون نے کہا ہے کہ تیوانج پوست درخت اندرجو ہے خطائی کا ہے اور ایک نسخہ مین کالاکوڑہ بھی اوسکو کہتے ہین ۱۲

سلہ استرخاء شرج ایک زنا ہے کہ ڈھیلا ہونا شرج کا یعنی مقعد کے پٹھون کا اور باہر نکلنا ہو مقعد کا اور ۱۲

نفع حاصل ہوگا اور اس دوا کا آبزن کرین پوست انار ماز و پوست خرنوب برگ مورد
سبکو بکثرت پانی مین جوش دین اور اوس پانی مین صاحب درد کو بٹھائین فصل
پانچوین بیان مین اون دواؤن کے ہے جو عام بیماریون سے
متعلق ہین مانند حمیات یعنی تپون کے اور حصبہ اور جدری کہ اقسام چیچک
سے ہے اور مثل جذام اور آتشک وغیرہ کے دوائی سرخ بادہ
جس کسی کے فرزند علت سرخ بادہ مین ہمیشہ مبتلا رہتے ہون چاہیے کہ
مان باپ اونکے قبل حمل کے چند روز مداومت اِس دوا سے کرین
انشاء اللہ تعالے پھر اوس علت سے نہ خوف رہینگے عناب، دانہ صندل تین ماشہ
شاہترہ سات ماشہ مہندی کی پتی تین ماشہ پوست درخت کچنال چار ماشہ
برم ڈنڈی نیلکنٹھی ہر ایک تین ماشہ منڈی چار ماشہ سر پھوکہ پانچ ماشہ شکر سفید
دو تولہ دیگر املتاس گلاب کے پھول عناب لسوڑہ چاکسو نر کچور صندل سرخ
زردہڑ کالی ہڑ سونف جوش دیکر استعمال کرین دیگر شری یعنے پتی اوچھلنے کو
نافع ہے خوب کلان سبغول ساڑہے دس ماشہ ہمراہ جلاب کے نوش کرین دیگر پتی
بلغمی کو مفید ہے کباب چینی ساڑہے تین ماشہ شکر سفید ساڑھے دس ماشہ
بیلکر کئی مرتبہ کھائین دیگر گل صدبرگ زرد یا و سیر کیلہ کی جڑ کے پانی مین تر کرین
اور رات کو نگاہ رکھین صبح عرق کھینچین پس ایک تولہ آٹھ ماشہ اوس عرق مین
سے صبح اور ایک تولہ آٹھ ماشہ شام کے وقت تناول کرین — اور قرص
کافوری اوس پتی کو مفید ہے جسمین سوزش اور جلن بشدت ہو دوائی
خارش نسخہ حکیم علویخان بہادر کہ اون کے عمل مین اکثر رہا ہے
اور واسطے داد اور تر خارش کے بہت نفع دیتا ہے لوبیا، کرپانی تیوار ہر ایک
ایک تولہ خربوزہ کے بیجون کی گری کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری کالی زیری
ہر ایک دو تولہ سرکہ اور روغن گل ہر ایک پانچ تولہ آٹھ ماشہ مین کھرل کرین کہ
مثل مرہم کے ہو جاتے بدستور مالش کرکے غسل فرمائین دیگر دو عجیب الاثر

ہے کہ اوسکی نفع پرواسطے کھجلی تر اور خشک کے شاہد خلق کثیر ہے گندھک چوکیا
مردار سنگ سوہاگہ کمیلہ کتھ سفید پھٹکری مینسل ہر ایک چھ ماشہ نیلہ تھوتھ تین ماشہ
اول دواؤن کو باریک پیسکر روغن سرسون مین حل کرکے مالش کرین اور بعد از
کے سرد پانی سے نہاوین **ایضاً** آنبہ ہلدی گندھک آملہ سار کمیلہ باجی پارہ
ہر ایک چھ ماشہ توتیاے سبز تین ماشہ روغن چنبیلی آدھ پاو دواؤن کو کوٹکر چھانکر
ساتھ پارہ کے کھرل کرین یہان تک کہ رنگ دوا کا آسمانی ہوجاتے بعد اوسکے
روغن چنبیلی ڈالکر بہت باریک گھوٹین کہ مثل مرہم کے ہوجاتے **دیگر** گندھک
پارہ اجواین خراسانی شنگرف ہر ایک ایک ماشہ کوٹکر چھانکر چار حصہ کرین ہر روز
ایک حصہ گاے کے گھی مین کہ ایک سو ایک مرتبہ دھویا ہو ملاکر نگاہ رکھین اور
وقت حاجت کے مالش کرین **دوا** نافع ہے واسطے خارش بدن اور خصیہ
قضیب کے انار ترش ایک عدد قلعی دار تانبے کے برتن مین سرکہ انگوری ڈالکر
پکائین کہ مہرا ہوجاتے بعد اوسکے ہاون مین ڈالکر گندھک زرد پوست زرد ہلیلہ
توتیاے کرمانی خربوزہ کے بیجون کی گری کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری
کدو کے بیجون کی گری پوست کدو جلا ہوا رسوت مکی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ
کوٹکر چھانکر حل کرین کہ مثل مرہم کے ہوجاتے تمام بدن پر ملین **دوائی** خارش
پارہ تین تولہ مینسل گندھک آملہ سار نیلہ تھوتھ ہر ایک ایک تولہ آٹھ ماشہ گاے کا
گھی پاو سیر دواؤنکو کوٹکر چھانکر کٹورہ مین کانسے کے نیم کی لکڑی سے جسمین پتے
چڑے ہوتے ہون حل کرکے نگاہ رکھین اور وقت حاجت کے بدن پر ملین
دیگر گاے کا گھی دو تولہ ایک سو ایک مرتبہ پانی مین دھووین مرچ سیاہ مردار سنگ
نیلہ تھوتھ بھونا ہوا پارہ ہر ایک چھ ماشہ کوٹکر چھانکر اور روغن مذکور مین ملاکر مالش
فرمائین اور بعد اوسکے ملتانی مٹی ملکر نہاوین **دیگر** خارش ذقن کو مفید ہے اندرائن
کے پھل کا گودا ساڑھے تین ماشہ جوا کھار ساڑھے تین ماشہ صندل سرخ سات ماشہ
سنار کی ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر روغن گل اور سرکہ مین حل کرین اور ذقن پر

طلا فرمائین **دیگر** موم کافوری روغن گل روغن چنبیلی مردار سنگ گلاب خالص اول
موم کو آگ پر رکھین جسوقت مثل روغن کے ہوجائے مردار سنگ کو سرمہ کی
طرح پیسکر داخل کرین جسوقت چارون چیزین یکسان ہوجائین تو اوسکے بعد
گلاب ڈالین پھر ہاتھ مارین کہ مثل موم روغن کے ہوجائے کسی برتن مین نگاہ
رکھین اور کبھی اس نسخہ مین کافور اور سفیدہ کاشغری اضافہ کرتے ہین تو بہت
نفع دیتا ہے **دیگر** سفیدہ کاشغری چھ ماشہ شاہترہ سات ماشہ مردار سنگ زنگار
ہر ایک چار ماشہ چوک دو ماشہ کافور ایک ماشہ سب دواؤنکو پیسکر اور روغن چنبیلی
مین حل کرکے مالش فرمائین اور عرق شاہترہ اور معجون شاہترہ کھاتے رہین
غذا کم نمک دینی چاہیے **نسخہ خارش بدن** رال سفید تین تولہ چار ماشہ
نیلا تھوتھ تین ماشہ اول روغن کنجد یعنے تل کے تیل کو لوہے کے برتن مین
پکا کر اوتارین اور رال پیسکر روغن مذکور مین حل کرین بعد اوسکے پانی مین
ہزبار دھو کر نیلہ تھوتھ بھونا ہوا پیسکر داخل کرین **دیگر** واسطے خارش کے مفید ہے
خشخاش کے بیج ایک تولہ آٹھ ماشہ کاغذی لیموکے پانی مین خوب کھرل کرین
اور مثل مرہم کے بناکر تمام بدن ملین **دیگر** افیون ایک تولہ آٹھ ماشہ سہاگہ تین تولہ
چار ماشہ نصف سہاگہ بھونا ہوا اور نصف سہاگہ خام تینون کو خوب حل کرکے
جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین اور وقت حاجت کے ایک گولی پانی مین حل کرکے
مقام خارش پر ملین دو تین دن ملنے سے فائدہ کامل ہوگا **دوائی تنجور** واسطے
نفع خارش کے علو یخان سے منقول ہے شنگرف چھ ماشہ جوکوب کرکے
اوسکا ایک برتن مین لیکر نگاہ رکھین جس جگہ آبلہ وغیرہ موجود ہو شنگرف
جلائین اور چادر سر پر ڈالکر دھونی اوسکی اچھی طرح آبلہ کو پہونچائین تین چار دن اسی طور پر
کرین مجرب ہے **دوائی کلف** یعنے جھائی مولی کے بیج سفید آنا باقلا کا
ہر ایک تین ماشہ دوائین خوب پیسکر اور سرمہ کے مانند باریک کرکے پانی مین
حل کرین اور رات کے وقت استعمال فرمائین **دوائی بہق** یعنے چھیپ

سوہاگہ خام ساڑھے تین ماشہ کاغذی لیموں کے پانی مین حل کرکے ملین اور سورج کے تلے بیٹھین **دوائی جذام** مجرب بعد تنقیہ کے ہمیشگی اس دوا کی کرین فائدہ کلی بخشیگی شاہترہ برم ڈنڈی نگند پوست زرد ہڑ کا ہر ایک دو تولہ مین ترکرکے اور صبح کو ملکر چھانکر نوش کرین **ایضاً** کابلی ہڑ چالیس عدد افتیمون دو تولہ کوٹکر چھانکر ساتھ کشمش یا مویز اور شکر طبرزد کے کہ قوام کیا ہو گوندھین اور ہر روز اوسمین سے بقدر ڈیڑہ تولہ کے تناول کرین **ایضاً** وقت استحکام جذام کے کام آتی ہے کالی ہڑ زرد افتیمون ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ مویز چار تولہ ساڑھے چار ماشہ کے گوندھین اور ہر روز ایک تولہ اوسمین سے کھائین اور یہ دوا لگائین چیتہ بھنگری سرخ ہر ایک سوا پانچ ماشہ سرمہ مازوی سبز روسناس اور روہو مچھلی کی ہڈیان گنگی سیاہ اطریلال مصری ہر ایک سات ماشہ پیاز جنگلی ساڑھے دس ماشہ کوٹکر چھانکر سرکہ انگوری مین قرص بنائین اور ہر روز سرکہ مین پیسکر طلا کرین دیگر واسطے برص وچھیپ کے پوست کابلی ہڑ کا آملہ چھیلا ہوا ہر ایک دو تولہ دس ماشہ نسوت ساڑھے آٹھ تولہ قند سفید سترہ تولہ مین گوندھین اور ساڑھے دس ماشہ سے ساڑھے سترہ ماشہ تک ہر روز کھائین دیگر واسطے برص کے آزمایا ہوا نسخہ ہے اجمود قسم دل تازہ اول روز چار ماشہ تناول کرین دوسرے دن چھ ماشہ تیسرے دن آٹھ ماشہ پھر زیادہ آٹھ ماشہ سے نہ کھائین پچاس دن تک غذا روٹی چنہ کی بے نمک یا چنہ بھونے ہوئے **دوائی آتشک** حقہ کی چلم مین ڈالکر کھینچین ایک مرتبہ صبح ایک مرتبہ دوپہر کو ایک مرتبہ شام کو اسی طرح تین دن استعمال فرمائین مؤلف لکھتے ہین کہ اگرچہ یہ ترکیب ہمارے تجربہ سے باہر ہے لیکن کسی بیاض مجرب مین جو دیکھا ہے بعینہ نقل کردیا ہے لونگ چھوٹی الائچی دارچینی جوز بجنبہ ماجو پھل جاتفل موصلے سیاہ عاقرقرحا ہر ایک تین ماشہ کوٹکر چھانکر اور چلم مین رکھکر کھینچین **دوائی حصبہ وجاری** واسطے چیچک کے اقسام کے

جسوقت طبع خشک ہو کام آتی ہے ہڑزرد چھیلین اور پکا کر چھانین اور تھوڑی سی
شکر طبرزد ملا کر پیئین **دیگر** دوائی مجرب بالخاصیت نافع ہے ہر سال بمقدار قلیل وسمین
سے اگر بچون کو دیوین تو اوس سال مین دانہ جدری یعنی آبلہ چیچک کے ظاہر
نہونگے اور اگر نکلینگے تو زیادہ چند عدد سے نہونگے شیر مادیان اسپ یعنی گھوڑیکا
دودھ کہ اوسکو عربی مین لبن الرماک کہتے ہین موافق سن وسال کے چیچک کے
نکلنے کے دنون مین اگر بچون کو پلائین تو بہت فائدہ بخشیگا آزمایا ہوا ہے **دیگر**
واسطے چیچک عدسی کے جسمین خارش ہو اور جوشش بدن کو بھی مفید ہے
بانسہ ببول موتھ پوست کنیر گلو برگ نیم ہلد شہد مین ملا کر چٹائین **دیگر** واسطے نکلنے
آبلہ چیچک کے جسوقت علامات ردیہ ظاہر ہون مفید ہے بابونہ اکلیل الملک
بنفشہ خطمی بھوسی گیہون کی سبکو یا ہر ایک کو پانی مین جوش دیکر موافق دستور
کے بخور کرین **دیگر** واسطے خشک کرنے آبلہ چیچک کے جسوقت کہ بدیر خشک
ہون کام آتی ہے بعد اوسکے جو دانہ بزرگ ہون سر اوسکا سوئی سے چھیدین
اور آہستگی سے کپڑا چپٹائین **ص** گلاب کے پتے یا مورد کے پتے یا صندل یا
جھاؤ کی لکڑی یا انار ترش کی لکڑی صاحب چیچک کے دامن کے تلے دھونی اوسکی
دوین جاڑے کے موسم مین جھاؤ یا انگور کی لکڑی کی آگ ہونی چاہیے اور گرمی
کے فصل مین بید کی لکڑی کی آگ ضرور ہے **دوا** چیچک کے آبلہ سے
ناک کو بچاتی ہے شیاف مامیسا صندل سرخ اگر ہندی حسب دستور سرکہ مین
اور گلاب مین رگڑ کر ناک مین ٹپکائین اور جو سرکہ اور گلاب ٹپکائین تو بہت نافع
ہوگا اور اگر روغن گل یا روغن مورد یا قدرے کافور ٹپکائین اور طلا کرین تب بھی بہتر
ہے **دیگر** آبلہ چیچک کے اوپر چھڑکین گلاب کے پھول کندر ایلوا انزروت
دم الاخوین پیسکر اوس موضع پر چھڑکین **فائدہ گلو کے منافع مین**
معلوم کرین کہ گلو خاصتہً کہ تر اور ہری ہو اور نیم کے درخت پر لپٹی ہوئی ہو
سب ہتون کی قسمون کو یہان تک کہ دق کو بھی مفید ہے اور تجربہ کی ہوئی

اور معمول اطبا سے ہے دستون مین یا بدون دستون کے ہر حال مین وے سکتے ہیں
کھانسی کو بھی نافع ہے اور ست اوسکا نہایت لطیف اور سریع الاثر ہے مگر جو
ست کہ مشمش ہے یعنے دھوپ مین رکھا ہوا ہے اور غیر مطبوخ یعنے جوش
کرکے نہین بنایا ہے مزاج اوسکا سرد اور تر ہے اور گلو ہر چند تلخ ہے لیکن بعضون کی
راے مین میلان سردی کا رکھتی ہے مانند افیون اور ریسوت کے اور نفع
اوسکا یعنے گلو کا مختلف بیماریون مین بخوبی ظاہر ہوا ہے اور تپ دق کے بھی
کثیر النفع ہے خواہ تنہا دین یا اور چیزون مین شامل کرکے اور گرم تپون مین بھگو
دیوین اور مرکب تپون مین جو بلغم اور صفرا سے ہون جوش دیکر اور ترکیب حسب
حاجت کبھی ہمراہ ملٹھی کے اور کبھی مویز کے ساتھ اور گاہے مع چرایتہ کے
اور مثل اوسکے اور چیزون مناسب کے ساتھ عمل مین لاتین مگر اصل سبکی گلو ہے
اور طریق نکالنے گلو کے ست کا یہ ہے کہ ہری گلو لیکر دھووین اور کوٹین اور
پانی خصوصاً مینہ کا قدرے اوسپر چھڑکین اور پھر نچوڑین کہ پانی گاڑھا نکلے بس
اوس پانی گاڑھے کو کسی برتن مٹی یا چینی مین پھیلا کر اور اوس برتن پر کپڑا باندھ کر
سورج کے نیچے رکھین کہ گرد و غبار سے محفوظ رہے اور دھوپ مین سوکھ جاے
اور جو شیرہ نچوڑا ہوا گلو کا جوش دین کہ گاڑھا ہو جاے تب بھی روا ہے اور ست
جوش کیا ہوا سرد تپون مین اور آفتابی گرم تپون مین لازم ہے ۔ اور جو چاہے
کہ ست گلو کا نہایت لطافت سے حاصل ہووے تو چاہیے کہ گلو کو بعد دھونے کے
دو پارہ کرین اوپر کا لے اور سکے بنا کر بقدر دو تین اونگل کے رات کو آب
باران مین تر کرین اور صبح کو ہاتھ سے ملین جو کچھ اجزا اوسکے پانی مین جدا
ہو وین ٹکرے تو اوسکے پانی سے نکالکر پھینک دیوین اور پانی اوسکا دیر تک
ایک جگہ رکھین کہ اجزا اوسکے تہ مین بیٹھ جائین اور مراد ست اوسی سے ہے
بس اوس پانی کو پھینک دیوین اور ست کو جو نیچے بیٹھا ہے سکھا کر استعمال فرماوین
دوا نشان آبلہ کا مٹا دیتی ہے نسخہ یعنے نل کی جڑ خشک چھ تولہ ہڈیان جلی

ہوتین بابوسیدہ اور بکرے کی سینگیان اور کوری رکابی مٹی کی خربوزہ کے بیج مقشر
آٹا چنے کا ہر ایک سات ماشہ کوٹھہ تخم کاین زراوند طویل ہر ایک ساڑھے سترہ
ماشہ کوٹکر چھانکر خربوزہ کے پانی یا باقلا کے پانی مین گوندھکر رات کو نشان پر
لیپ کرین اور صبح کو بنفشہ خشک پکاکر اوسکے پانی سے منہ دھووین **دوائی**
دیگر قوی زیادہ اوس سے ہے سفیدہ کاشغری مردار سنگ دھویا ہوا برادہ
ہاتھی دانت کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ نل کی جڑ خشک آٹا چنے کا ہڈیان
بوسیدہ آٹا چاول کا خربوزہ کی بیج تخم بکاین چھیلے ہوئے کوٹھ شیرین ہر ایک
دھ ماشہ کوٹکر چھانکر اسی کے لعاب مین گوندھکر رات کو مکرر طلا کرین اور
صبح کے وقت اوس پانی سے جسمین بنفشہ اور بابونہ پکایا ہو دھووین **دوائی**
معمول واسطے مدقوق کے یعنے جس کو تپ دق عارض ہو تخم گاوزبان
وادہ کوٹکر چھانکر اور ہمراہ قند ہموزن کے ملاکر تین وقت بقدر حاجت دیوین
اور بعضے اوقات اس دوا مین نبسلوچن اور ست گلو بھی اضافہ کی جاتی ہے
ون فرماتے ہین کہ اس ترکیب کا ہمنے بہت فائدہ دیکھا ہے **دوائے ہندی**
می اور خونی اور صفراوی اور بسیط اور مرکب تپون کو نافع ہے گلو نبسلوچن
دانہ الایچی سفید ہر ایک چھ ماشہ نبات مصری ڈیڑھ تولہ قدر خوراک چار ماشہ
سے چھ ماشہ تک **دیگر** تپ ولرزہ کو مفید ہے مہدی کی پتی پوست خشخاش
دونون کو برابر وزن لیکر اور کوٹکر چھانکر جسقدر کہ دواونگلیونمین آتے تناول
کرین **دوائے ہندی** واسطے تپ ولرزہ کے مرچ پیپل کلونجی چرایتہ
ہر ایک نصف جزو بھنگ ایکجزو کوٹکر چھانکر ایک ماشہ بطریق سفوف
ہمراہ پانی سرد کے نوش کرین **دیگر** معمول و مجرب ریوند چینی ایک ماشہ تخم
دھتورہ ڈیڑھ ماشہ سونٹھ تین ماشہ کوٹکر ادرک کے پانی مین ایک پہر کھرل
کرین اور گولیان ماش کے برابر بنائین ایک گولی یا دو گولی دیوین **دیگر** واسطے
تپ لرزہ کے نافع اور مجرب ہے برگ دھتورہ سیاہ برگ پان کنگری

گول مرچ ہر ایک اڑہائی عدد باریک کرکے کالی مرچ کے برابر گولیان تیار
کرین ایک صبح اور ایک شام گرم پانی کے ساتھ دیوین **دوا** برانے ہونٹون
کو مفید ہے بر آسپ کہ عبارت ہے ایک چیز خشک سے کہ اگلے پاؤن
مین گھوڑے کے ہوتی ہے بقدر ایک نخود کے اور افیون ایک رتی برگ
نیم اڑہائی عدد سبکو باہم ملاکر اور گڑ مین گوندھکر تین گولی بنائین تین گھری پہلے
تپ کے آنے سے ایک گولی نگلجائین اور جسوقت تپ شروع ہو تو دوسری
گولی کھائین یقین ہے کہ تیسری گولی کی حاجت نہو گی اور جو بیمار قوی ہو تو تینون
مین سے دو گولی دیوین اور افیون اوس صورت مین دو رتی یا زیادہ ڈالین
اور اسی طرح برگ نیم **دوا** واسطے فربہ کرنے جسم کے اسرار مجرب سے
کتیرا مغز بادام نشاستہ شکر سفید سب برابر وزن بقدر لایق تناول کرین اور
ہمیشگی فرمائین **دیگر** بدن کو لاغر کرتی ہے اجواین دیسی سونف دیسی کل
بیج تتلی کے زیرہ کرمانی ہر ایک چودہ ماشہ چوب لاکھ یا لاکھ دھوئی ہوئی
سات ماشہ دونا مروا جوا کھار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر ہر روز
چار ماشہ دیوین **دیگر** منزل بدن ہے یعنے جسم کو لاغر کرتی ہے ہر روز دو
پانچ رتی سندروس پانی اور سکنجبین مین گھولکر تین ہفتہ تک کھائین بدن کو
لاغر کرتی ہے دوا بدن کو لاغر کرتی ہے لاکھ دھوئی ہوئی ساڑھے تین ماشہ تخم کاسنی کے چند روز
ناشتا کرین **دیگر** زیرہ سیاہ کو اگر چالیس دن ناشتا کھائین بدن کو دبلا کرتا ہے
اور ربار المقطرار بکون قوی التہزیل ہے اور عجیب الفعل ہے **دوا** ایتون
پسینہ کو دور کرتی ہے برگ مورد گلنار کہربا پیسکر بدن پر چھڑکین **دیگر** پسینہ
کو روکتی ہے اور زیادتی عرق مین کام آتی ہے لعاب بنگو لعاب بہدانہ
گوند ببول کا اوسمین حل کرکے مالش کرین **دیگر** پسینہ کو روکتی ہے تباشیر
پانی مین حل کرکے مالش کرین اور اسی طرح ساتھ برگ سوسن اور برگ
مورد اور برگ جھاؤ کی مالش بدن کرین **دوائی دیگر** پسینہ لاتی ہے بابونہ

اجھود کا اور گلاب اور قدرے سرکہ اور روغن گل باہم ملاکر جسم پر ملین اوراسی طرح
روغن بابونہ تنہا یا جو اکہار ملاکر ملنا اور پسینہ لانے والی چیزین ہمراہ سکنجبین سادہ
یا بزوری کے نوش کرین یا کاسنی کا پانی اور مثل اوسکے پسینہ لاتا ہے اور
شربت گل بنفشہ اور نخود اب اور قلیہ گاجر بھی پسینہ لاتا ہے **دیگر** واسطے مرض
عرق مدنی یعنے رشتہ کے نافع ہے اول ظہور رشتہ مین بونے دو ماشہ ایلوا
کھلائین اور دوسرے دن ساڑھے تین ماشہ اور تیسرے دن سوا پانچ ماشہ
اور اوس مقام پر ایلوا طلا کرین اور جسوقت رشتہ ظاہر ہووے ایک تولہ آٹھ ماشہ
سرب یعنے سیسہ مین باندھین اور باہستگی نکالین اور ٹوٹنے سے پرہیز کرین
دیگر بیماری رشتہ کو مفید ہے گھوڑے کے پر گڑ مین ملا کر کھائین **دوا** خبیث
زخمون کو نافع ہے مثل اکوتہ اور سوائے اوسکے کھل کنجد کے ایک سیر
لودھ سفید پھٹکری ہر ایک تین تولہ چار ماشہ نیلہ تھوتھ سبز دس ماشہ برگ نیم پاؤ سیر
سب دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور قرص بنا کر تیل مین ڈالین کہ قرص خوب
بھنجائین صاف کرکے نگاہ رکھین پس وقت حاجت کے پرانی روئی مین
آلودہ کرکے مقام مرض پر رکھین **دوا** اوکوتے کے لیے مجرب ہے سپاری
چھالیہ چار عدد بھلاوان چار عدد کتھ دس ماشہ نیلہ تھوتھ ڈیڑہ ماشہ آدمی کے
سر کی ہڈی ایک قطعہ تین چار اونگل کا سپیاری اور بھلانوان اور ہڈی کو
گدھے کی سوکھی لید مین جلائین جدا جدا اور سبکو باریک پیسین جدا جدا
اور آدھ پاؤ خالص گائے کے گھی مین ملاکر اکوتہ پر لگائین اگر کسی دوا سے نہ اچھا
ہوتا ہو تو اس سے اچھا ہو جائیگا **دیگر** کچلہ سوختہ ساڑھے بارہ تولہ پھٹکری
چھہ تولہ گائے کے گھی مین ملاکر لگائین **دیگر** اکوتہ سخت کو مفید ہے سپاری
سوختہ ہلدی جلی ہوئی بابچی جلائی ہوئی ہر ایک ایک تولہ آٹھ ماشہ رال مہندی
کتھ پاپڑیا سہاگہ بھونا ہوا ایلوا پھٹکری بھونی ہوئی ہر ایک دس ماشہ دال مسور
جلائی ہوئی پانچ تولہ گول مرچ پانچ ماشہ سبکو باریک کرکے سرسون کے تیل مین

ملائین مگر پہلے ڈھاک کے پتے گرم کرکے اوکوتہ پہ باندھین صبح اور بعد
آٹھ پہر کے کھولین اور پھر ڈھاک کے پتے باندھین اور بعد تین دن کے
روغن مذکور جسمین دوا شامل ہے استعمال فرمائین کہ نافع اور نہایت مجرب ہے
دیگر اوکوتہ کو مفید ہے کھل کنجد کی ریگ دریا دونون کو باریک پیسکر پانی مین
گوندھین اور موٹی ٹکری بناکر اوکوتہ پر رکھین صبح سے شام تک اور شام سے
صبح تک تین دن کے استعمال مین دفع ہوجائیگا اور موٹی ٹکری اسلیے باندھتے
ہین کہ خشک نہو جائے تر رہے یہ نسخہ مجربات اکبری سے نقل کیا گیا ہے
دیگر اوکوتہ اور چھاجن کو مفید ہے سیندور باریک کرکے لیمون کے پانی مین
تر کرین اور رات کو رکھین اور صبح کو ملین مگر پہلے درشتی اوکوتہ کی اوپلے سے
کھجلا کر صاف کرلیوین بعد اوسکے وہ دوا لگائین دیگر اوکوتہ کو مفید ہے
سفیدہ کاشغری کتھ سیندور مردار سنگ پھٹکری ہر ایک کو برابر وزن لیکر
باریک پیسین اور پھر سرکہ اور لیمون کے پانی مین ایک گھڑی تک کھرل
کرین یہان تک کہ سرکہ لیمون کے پانی مین جذب ہوجاتے بعد اوسکے قدرے
روغن زیتون ملاکر شہد مین گوندھین اور جو اس دوا مین مردہ کے سر کی راکھ
بھی داخل کرین تو بہتر عمل ہوگا دیگر واسطے اوکوتے کے چونہ صابون ہم
پیسکر طلا کرین دیگر واسطے اوکوتے کے مجرب ہے بھلانوان کو تل کر
تیل مین جلائین اور لکڑی سے ملین اور قدرے نیلہ تھوتھہ بھونکر اور راکھ
سر مردہ کی باریک پیسکر اوسمین ملائین اور طلا کرین مجرب ہے دیگر اسی معالجہ
کے سلیے مجرب ہے چوہ گندم ملین گرما گرم اور طریق چوہ نکالنے کا یہ ہے
کہ گیہونکو دھوکر ہوا مین رکھین اور صبح اون گیہوؤن کو صاف پتھر پر رکھین اور
لوہے کا ٹکڑا صاف آگ مین سرخ کرکے اوسپر رکھین اور زور سے دبائین کہ
کچھ اوسمین سے سیاہ سیاہ نکلے گا اوسی سے مراد چوہ گندم ہے پس اوسکو
گرما گرم ملین دیگر اگر کسی دولے سے اوکوتہ اچھا نہووے تو چاہیے کہ آدمی کا

کو وہ تازہ باندھین اور تین دن تک باندھے رہین جلد نفع ہوگا اگرچہ پرانا ہوا در جو صبح
اور شام تازہ تازہ باندھین تب بھی بہتر ہے **دیگر** واسطے اوکوتے کے کھٹمل کو
دو تین عدد دیکر گر مقام مرض پر کئی مرتبہ ملین نفع بین ہوگا **دوائی عجیب** اگر کوئی
ورم پختہ ہووے مانند کھکیاری بغل وغیرہ کے اور مریض خوف کرے کہ اوسکو نشتر
سے نہ چیرنے دے یا مقام ایسا کوئی نہو جسپر نشتر لگا سکین تو چاہیے کہ قدرے دوا
اوسپر رکھین کہ خشک ہو جانے بعد اوسکے سخت کپڑے کی پٹی باندھین کہ ایک پہر یا
نیم پہر مین شگافتہ ہو جائیگا لیکن جسقدر مقام کو کہ چیرنا چاہین اوتنی ہی جگھ دوا رکھین کہ
اسیب اور جگھ نہ پہونچے اور اسی طرح مسّہ بواسیر پر رات کے وقت لگا کر
ملین جب خشک ہو جائے اوٹھا لیوین اسی دستور سے دن مین تین چار
مرتبہ دوا ملین اور احتیاط کرین کہ سوائے دانۂ بواسیر کے اور کسی مقام پر اوسکا
اثر نہ پہونچے اور جو اس دوا کو داغ سفید پر برص کے برابر ایک روپیہ کے ہو
کر خراش دیکر طلا کرین تو انشاء اللہ تعالیٰ برص بھی دفع ہو جائیگا چونہ گلی آب
ندیدہ بوزن ایک بہلولی اور ہموزن چونہ شاخی اور جو چاہین کہ تیز زیادہ
ہووے پوست درخت پیپل جلا کر ایک تولہ آٹھ ماشہ اوس راکھ مین سے
اضافہ کرین اور پانی مین گوندھکر استعمال فرمائین **دوا مرض چھاجن کو مفید**
ہے اور وہ ایک ورم ہے کہ پاون کے تلوے اور ہاتھ کی ہتیلی پر ظاہر ہوتا ہے
اور پوست اوس سے جدا ہوتا ہے حاصل کرین بکری کا دودھ یا گای کا دودھ
آدھ سیر اور جوش کرین بعد اوسکے سات ماشہ سرکہ انگوری اوسمین ملائین
کہ سب دودھ پھٹ جائے کپڑے مین چھانین اور پانی صاف اوسکا لیکر شیشہ
مین بھرین اور بدفعات یہی پانی ملتے رہین **دیگر** دودھ آگھ کا مٹی کے برتن مین
لیکر اور گول مرچ پیسی ہوئی اوسمین ملا کر مقام مرض پر ملین بالکلیہ مرض دفع
ہو جائیگا **دوا داء الثعلب** کی بیماری کو مفید ہے گول مرچ عاقرقرحا برابر
وزن پیسکر بکری کے پتہ کے ساتھ طلا کرین ــــ اور جو کف دریا جلا کر روغن

زیتون یا گاے کی گھی مین ملا کر طلا کرین یا گول مرچ اور مکھی کا گوہ یا ہلدی اور سرسون
اور رائی اور اشخارہ کو ٹکر طلا کرین تو چاہیے کہ پہلے ساتھ اوپلے کے گرمی کے
موضع علت بکوفہ اش دیوین کہ رطوبت اوس جگھہ سے نکلجاتے دیگر داء الثعلب
صفراوی کو نافع ہے کف دریا جلا کر نطرون کہ قسم جو اکھار کی ہے مکھی کا گوہ
حب الرشاد عاقر قرحا درمنہ ترکی سوختہ برابر وزن روغن زیتون مین گوندھکر
طلا کرین اور داء الثعلب سوداوی پر اس دوا کو لگائین کلونجی بھونی ہوئی
ساڑھے دس ماشہ نل جلا ہوا السی جلائی ہوئی مکھی کا گوہ بکری کی مینگنی ہنسراج
نیج یعنے درمنہ ترکی عاقر قرحا ہر ایک سات ماشہ سبکو بھونکر اور کوٹکر اور روغن
بادام مین گوندھکر طلا کرین **فصل چھٹی** اون دواؤن کے بیان مین ہے
جو زہر پی ہوئی اور کھائی ہوئی اور جانوران زہرناک کی کاٹی ہوئے کی اثر
کو دور کرتی ہین اور فائدہ بخشتی ہین دوا واسطے اوس شخص کے جسنے افیون
کھائی ہو چاہیے کہ اول قے ساتھ شہد کے پانی اور تخم سویا اور نمک ہندی کی
فرمائین بعد اوسکے پرانی شراب قدرے دارچینی مثل غبار کے پیسکر اور اوسمین
ملا کر پلائین اور چھینک لانا ساتھ کندش کے اور سونگھنا جندبیدستر کا اور گرم
کرنا سر کا بہت سینکنے سے نافع ہے اور منع خواب سے بھی کرین یعنے سونے
ندین اور جو شے مجرب اور معمول مؤلف ہے ہینگ بقدر دو ماشہ تین دفعہ
کھلانا نفع بہت پہونچاتی ہے اور صاحب ذخیرہ نے اس دوا کو تریاق
افیون سے لکھا ہے اور واقع مین ایسا ہی مشاہدہ ہوا ہے جند بیدستر
اہل یعنے ہوہ بیر ہینگ کالی مرچ چارون برابر وزن کوٹکر چھانکر سہ چند
شہد مین گوندھین اور نو ماشہ اوسمین سے نگلجائین اور اخروٹ اور مغز
اوسکا بھی تریاق افیون سے ہے اور صاحب دار اشکوہی ارنڈ کی جڑ
پیسکر بقدر ایک پیالہ قہوہ خوری کے پینا مجرب لکھتا ہے اور گاے کا گھی
اور مسکہ اور دودھ تازہ مصلحات افیون سے ہے دوا اپنا جندبیدستر کا

داء الثعلب ایک مرض ہے کہ سر کے بال سب گرجاتے ہین البیب مادہ صفراوی یا مرہ سوداء کے جوش مارنے صفرا سے ہو ۲ حب الرشاد فارسی مین تخم اسپندان اور تخم ترہ تیزک اور عربی مین رشاد
سر کے پین کہ سرشتہ
منفصل ہو کر ...

جسقدر افیون کھائی ہو اوسی مقدار دوا سطے دور کرنے اثر زہر افیون کے مجرب ہے
دوائی شارب جوزماثل یعنے دوا واسطے کھانے والے دھتورے کے
علاج اوسکا اول قے ہے اور گاے کا گھی پینا اور ہاتھ پاون گرم پانی مین
رکھنا اور جسم کو گرم کرین کپڑا گرم کر کے اور روغن کوٹھ گرم کر کے ملین اور غذا
چرب کھلائین اور صاحب داراشکوہی اپنے مجربات مین لکھتا ہے کہ مخلصہ ایک
تخم ہے شبیہ تخم کشنیز یعنے دھنیہ کے نافع ہے واسطے زہرون کے پیا ہو یا
کھایا ہو یا کسی جانور نے کاٹا ہو اسکے اثر کو دور کرتا ہے اور طریق اوسکے اختیار کرنیکا
یہ ہے کہ ساڑھے چار ماشہ مازو کچلکر آدھے پیلے پانی مین جوش دین کہ نصف
باقی رہے پونے چار تولہ قند مین شیرین کر کے دو تولہ چار ماشہ روغن زیتون یا گاے کا
گھی اضافہ کرین اور نیمگرم پلائین اور غذا اگر گاے کا دودھ پئین تو بہت نافع ہوگا
انشاء اللہ تعالی اور صاحب داراشکوہی یہہ بھی بیان کرتا ہے کہ اگر کسی نے جڑ یا
پھول دھتورے کے کھائے ہون موافق بیخ پنبہ بجاے گل اور برگ کی چیاب تیز
اور تخم بیسکر بقدر کاسہ انگوری کے پانی اوسکا پئین مجربات سے ہے دوا مرشارب حنبد علاج اوسکا قے ہے ساتھ پانی سویا اور شہد اور نمک اور
اسوڑہ کے اور بعد اوسکے ترش چیزین مانند شربت ترنج اور شربت زرشک
اور انار اور سرکہ انگوری اور دہی ترش اور گدہی کا دودھ استعمال کرنا لازم
ہے دوا شارب بلادر یعنے دوا واسطے پینے والے بھلانوان کے
علاج اوسکا بعد قے کے پینا مسکہ اور گاے کا گھی اور روغن کنجد کا ضرور ہے
گزندگی اوسکی دور ہو جاتے اور اگر فساد گزندگی کا حلق اور شکم مین باقی ہو
واش جو اور دہی ترش گاے کا اور لعاب اسبغول اور انار کا پانی بہت مفید
ہے اور جو شے کہ بالخاصیت بھلانوان کے زہر کو دور کرتی ہے چار مغز ہے
یعنے اخروٹ کہ اوسکو فاد زہر بلادر لکھا ہے اور کالے تل گاے کے دودھ مین
پیکر اور گاے کے مسکہ مین ملاکر اعضا پر ملنا اور قدرے تل کھانا ورم کو دور

کرتا ہے جو بسبب کھانے بھلانوان کے عارض ہو دوا واسطے پینے
فرنگ اور رصاص یعنے رانگ کے اول قے لازم ہے اون دواؤن کو
پیکر جبکہ قے لانے والی ہین اور شکم کو ملایم کرین ساتھ معجون املتاس کے
اور ساتھ دواؤن مفتح کے مانند تخم کاسنی اور تخم خیارین اور سونف دلیبی اور
تخم کشوث اور اجمود ہمراہ معجون شہریاران دو تولہ ساڑھے سات ماشہ کے
پانی گرم مین حل کرکے۔ اور جو کچھ اس مقدمہ مین واسطے تنقیہ کے معمول
مؤلف ہے اور مجرب املتاس ہے کہ کاسنی کے پانی مین حل کرکے اور
روغن بادام یا گاے کے گھی مین ملا کر دیا جاتا ہے دوا واسطے دفع
مضرت پارہ اور شنگرف اور ہرتال کے جاننا چاہیے کہ زندہ
پارہ کھانے سے چندان مضرت نہین ہے مگر پارہ کشتہ اور مصعد قتل
کرتا ہے اور بہت گرم ہے اور درد شکم اور آنتون کا درد اور پیچش پیدا
اور خون شکم سے جاری کرتا ہے علاج اوسکا آش جو ہے کئی دفع بلا
کہ شکم نرم ہووے اور تیزی اور زہر اوسکا دفع ہو بعد اوسکے دوا
کی استعمال کرین۔ اور اگر کسی کی کان مین پارہ پڑ گیا ہو تو تدبیر اوسکے
کی بوسیلہ حجل اور میل رصاص یعنے رانگہ کی سلائی سے لازم ہے کیونکہ
کی شان سے یہ ہے کہ پارہ اوسکے ساتھ متعلق ہوتا ہے اور صاحب
لکھتا ہے کہ سلائی سونے کی رانگ سے بہتر ہے واللہ اعلم دوا واسطے
پینے والے سفیدہ کاشغری اور جست اور مثل اوسکے اول چاہیے کہ
شہد کا پانی ہمراہ پانی خطمی تازہ اور خبازی اور لعاب السی اور روغن بادام
کے نوش کرین اور تدبیر لانے دستون کی ساتھ سقمونیا وغیرہ اور مسہلات
مناسبہ کے لازم ہے اور جسوقت پیشاب بند ہو جاتے تو ساڑھے چار
عصارۂ فننتین یا شہد کا پانی چند بار دیوین اور ادرار کرنے والی چیز
استعمال فرماوین دوا واسطے پینے والے ہرتال اور جوا کھار اور زنگار کی

چاہیے کہ پانی گرم اور روغن اور جلاب دیوین کہ قے بفراغت آئے بعد اوسکے
حریرہ چاول دھوتے ہوئے اور کشک جو اور کشک گندم اور قدرے السی سے
بناکر ہمراہ شہد کے دیوین اور ہمیشہ دودھ تازہ اور مسکہ اور لعابات اور حریرے
مناسب استعمال کرین اور علاج چونہ کا بھی اسی طریق پر ہے اور پیشاب گدہے کا
ساتھ ایک ماشہ ہرن کے پتہ کے دینا چاہیے اور صابون کھانے سے ہرتال اور
جواکھار کے عوارض پیدا ہوتے ہین علاج اوسکا بعینہ وہی ہے جو اوپر بیان ہوا
دوا واسطے پینے والے بھنگری کے سب قسمون کے عوارض اوسکی کھانسی
خشک ہے کہ اوسی سے انجام کو نوبت سل کی پہونچتی ہے علاج اوسکا شیر اور
شکر گرم ہے کہ اوسکو بطریق قہوہ کے نوش کرین اور مسکہ اور شکر اوسکی مضرت
کے دفع کرنے مین عجیب الاثر ہے اور شربت بنفشہ ہمراہ ماءالشعیر یعنے آش جو
اور روغن بادام کے نافع ہے **دوائی تیوعات** جاننا چاہیے کہ تیوعات جمع تیوع
کی ہے اور وہ گھاس ہے کہ جسمین دودھ ہوتا ہے تیز یا مسہل محرق مقطع کہ
اوسمین زہر کی تاثیر ہوتی ہے پس علاج تیوعات کا گاے کا دودھ اور مسکہ اور گاے کا
گھی ہے اور سقمونیا کے دفع ضرر کے لیے دہی کھانا اور اگر اسماق کا غذا کرنا اور
ستو جو کے اور ستو سیب کے کھانا مفید بہت ہین **دوا واسطے
دفع مضرت کثرت پینے شراب کے** کبھی زیاد پینے شراب سے
بیہوشی اور غشی اور متلی عارض ہوتی ہے تدبیر اوسکی قے ہے بعد اوسکے ترش
شربت پینا اور ربوبات سرد نوش کرنا اور سر کے بال تالو کے اوپر سے مونڈنا
اور پانی بہت ٹھنڈا سر پر گرانا اور لخلخہ صندل اور سرکہ اور کافور کا سونگھنا اور
گلاب اور دھنیہ سر پر لگانا اور ضماد سرد کا سینہ پر لیپ کرنا واجب ہے اور وقت
سختی احوال کے قدرے تریاق فاروق پانی مین حل کرکے دیوین اور
صاحب داراشکوہی نورالدین محمود لکھتا ہے کہ جو کچھ میرے تجربہ مین ہے یہ ہے
نمک کو پانی مین گھولکر ہاتھ پاؤن کے بیہوش ناخنون پر طلا کرین اور ناف پر بھی

ملین فوراً ہوشیار کرتا ہے اور جو کچھ مولف کے تجربہ مین ہے شربت لیمو اور
شربت انار ترش ہے کہ گلاب اور عرق بید مشک اور عرق صندل مین گھولکر
اور یخ سے سرد کرکے دیا جاتا ہے اور صرف گلاب سرد کرکے پینا بھی مفید ہے
دوائی غشی بھنگ ادرک اور نمک اور لیمون کا پانی نوش کرین کہ
مجرب ہے اور بیگن خام خوردبھی نفع دیتا ہے اور سب تدبیرون سے بہتر یہ
قے کرنا ہے ساتھ پانی اور نمک کے اور روغن اور پتلا پانی پوست خشخاش کا
اگر قدرے نوش کرین غلبہ اوسکے نشے کا بٹھا دیتا ہے **دوائی غشی تمباکو**
کبھی زیادتی کشش تمباکو سے غشی عارض ہوتی ہے اور متلی پیدا ہوتی ہے
علاج اوسکا لہسن پینا ہے **دوائی مبیش** قے کرین شلجم کے جوشاندہ اور
روغن پیکر اور بعد قے کے جوشاندہ ملوط گیارہ تولہ چار ماشہ ساتھ پونے دو ماشہ
دواء المسک کے نوش کرین اور ادویہ نافع سے گائے کا گھی ہے اور فادزہر
خالص اور ایک قوم کا قول ہے کہ کنبر کی جڑ فادزہر بیش کا ہے اور نربسی بھی
کھانا مفید ہے **دوائی سنکھیا** جس کسی نے سنکھیا کہ عربی مین اوسکو فرون
کہتے ہین کھائی ہووے اوسکے لیے بعد قے کے ایک ماشہ یا زیادہ کافور
چند تولہ گلاب مین گھولکر کھلائین اور کافور اور صندل اور گلاب کا جگہ پر لیپ
کرین غذا ستو جو کے اور آش جو اور شربت قند اور انار ترش اور ماء الرائب اور
پانی مکوہ کا مفید ہے **دوا واسطے دفع ضرر زہر بچھو اور سانپ کے**
اول قے کرین اور وہان افیمی کھلائین یا مثرودیطوس یا دواء المسک اور جسوقت
غشی عارض ہووے تو ماء اللحم نوش کرین اور مشک حلق مین ٹپکائین دیگر
تریاق فاروق اگر میسر ہووے ساڑھے چار ماشہ تریاق دیوین اور تریاق اول
مین مفید ہے اور آخر مین فائدہ نہین بخشتا ہے اور ساڑھے چار ماشہ مخلص
سب زہرون کو دفع کرتی ہے اور کہتے ہین کہ لہسن اور شراب جملہ معالجات
سے بہتر ہے **دیگر** ماہ فرقین یعنے نربسی سوا دو ماشہ پانی مین گھولکر ناشتا پینا

سانپ اور بچھو کے زہر کو دفع کرتی ہے **دیگر مجرب** صاحب دارا شکوہی وہ کہتا ہے کہ
اکثر میرے تجربہ مین آیا ہے اور نے شبہہ ہے نوسادر یا سہاگہ اور چونہ آب ندیدہ
برابر وزن نرم کوٹکر شخص لدغ رسیدہ یعنے جسکو جانور زہر ناک نے کاٹا ہو وہ
آدمی اوس دوا کو اپنے دونون ہاتھون مین لیکر خوب رگڑے اور ہر ساعت
ہاتھون کو سونگھے چند مرتبہ سونگھنے سے انشاء اللہ تعالی اثر گزندگی بچھو وغیرہ کا
جاتا رہیگا **دیگر** مکھی ملنا مقام نیش پر مؤثر ہے **دیگر** پانی نچوڑا ہوا السن کا بچھو کے
کاٹے ہوئے مقام پر طلا کرنا اوسی گھڑی اچھا کر دیتا ہے **دوا** پتے اور جڑ اور
شاخ چرچرہ کے چبانا یا اسکو چابنا سریع النفع ہے اور بچھو کچلکر ضماد کرنا نافع ہے
دوا واسطے کاٹے کنکھجورہ کے اوسی حیوان کو یعنے کنکھجورہ کو کوٹکر
فی الفور اوس مقام پر ملین جلن اور زہر بالکلیہ دور ہو جاویگا اور اسطرح گڑ اور نمک ملنا
اور نمک اور روغن بدستور نافع ہے **دوائی لدغ افعی** یعنے دوا واسطے
دفع ضرر سانپ کے زہر کے **پوست** درخت سرس اور جڑ اور تخم اور پھول
اوسکے چارون چیزون کو ساڑھے تین تین ماشہ کوٹکر چھانکر ہمراہ ایک چمچہ گاؤ کی
موت کے دن مین تین دفعہ پلائین سانپ کا زہر اوسی دم جاتا رہیگا اور اگر بیس
دن مین ایک ہفتہ کھائین تو کوئی زہر کارگر نہووے اور جو کاٹے تو وہ ہی جانور
مرجائے اور درخت پرانا سرس کا کہ پوست اوسکا سیاہ ہووے خواص مین قوی
زیادہ ہے اور بعضے کہتے ہین کہ جسوقت آفتاب برج جوزا مین داخل ہو تو ہر روز
پوست سرس سات ماشہ کوٹکر چھانکر ہمراہ پانی دھوتے ہوئے چاول ساٹھی
کے نوش کرین تو سال تمام سب جانورون کے کاٹنے سے بے خوف رہینگے اور
اگر کوئی جانور کاٹیگا تو فوراً وہ جانور مرجائیگا یہ خواص پوست مذکور کا بہتر سب
تدبیرون سے ہے **دوا بالخاصیت واسطے وبا کے** نافع ہے اوسمین سے
ایلوا ہے کہ نوش کرین اور مقامات پر چھڑکین اور بخور کرین اور قدیم طبیبون کی
کتابون مین مذکور ہے کہ اگر دو جزو ایلوا اور ایک جزو بول یعنے مُر مکی اور ایکجزو

زعفران ہر روز بقدر ا رتہ تا کیش چو کے ساتھ دو تولہ دس ماشہ شراب کے تین دن
پے درپے وبا کے دنون مین نوش کرین تو بہت نفع ہوگا اور جملہ معمولات والد
مولف سے ہینگ کا استعمال ہے اور شربت گل ارمنی خالص کثیر النفع ہے
بالخاصیت والکیفیۃ اور طریق بچنے کا وبا سے اس طور پر بیان کیا ہے کہ پہلے فساد
جوہر ہوا سے بفور ظاہر ہونے آثار تغیر کے جلد کوشش اصلاح ہوا کے کرنی چاہیے
اور بدن کو رطوبات فضلیہ سے بذریعہ قے اور فصد اور مسہل کے پاک کرین اور غذا
مین خفت اور کمی ضرور ہے اور ترش چیزین کہ مانع عفونت ہین یعنے مواد کو ہونے
نہین دیتین استعمال فرمائین اور پیاس پر صبر کرین بلکہ جسوقت غلبہ پیاس کا معلوم
کرین تو قلیل پانی پیکر پیاس بجھائین اور ریاضت اور جماع سے پرہیز کرین دوا
جس شخص کو سانپ نے کاٹا ہووے تو چاہیے کہ جمالگوٹہ کو لیکر پوست سخت
باہر کا اور پوست نازک اوسکا کہ مغز سے متصل ہوتا ہے جدا کرین اور مغز کو بھی
کہ دو پارہ ہے آپس سے جدا کرین اور پردہ کہ درمیان ہر دو نصف کے ہے دور
کرین اور ہر قسم کو جدا گانہ پیسکر اور پانی مین ملاکر دونون آنکھون مین لگائین کہ
پانی بہت اوسکے آنکھون سے جسکو سانپ نے کاٹا ہے جاری ہوگا اور ہلاکت
سے محفوظ رہیگا مجرب اور آزمودہ ہے **نقل** ہے کہ سانپ کا کاٹا ہوا سات دن
تک زندہ رہتا ہے اگرچہ حس و حرکت اوسکی جاتی رہتی ہے اور بظاہر مثل مردہ
رہتا ہے تو اوس صورت مین لازم ہے کہ کچلہ کو پانی مین پیسکر حلق مین اوسکی
ٹپکائین اور پارہ اوپر سر اور بدن کے ملین اوسی گھڑی صحت پائیگا اور اگر دفن
کر دیا ہووے تو اوسکو قبر سے نکالین اور یہی عمل کرین نسخہ کسی معتبر سے مروی
ہے کہ سانپ کا کاٹا ہوا اگر پانچ چھ جمالگوٹہ کھالیوے تو فی الحال اچھا ہو جاتا ہے
مگر جمالگوٹہ بقدر زہر سانپ کے دیوین اگر کالا سانپ ہو تو سات آٹھ یا نو دانہ جمالگوٹہ
کے دیوین مجرب ہے **جذب کرنے سانپ کے زہر کا طریق**
جسوقت معلوم کرین کہ فلان شخص کو سانپ نے کاٹا ہے جلد ایک مرغ کو بگڑ

اوسکے پرون کو جو نزدیک مقعد کے ہوتے ہین ہر طرف سے اوکھاڑین اور مقام
کاٹے ہوئے پر چند کلک مارین کہ خون جاری ہو پھر وہی کلکین عضو کاٹے ہوئے پر
بھی مارین اور مقعد مرغ کی مقام کاٹے ہوئے پر چپٹائین کہ خدای تعالی کے حکم
سے زہر کو سبب جذب کہ کے مرغ مرجائیگا اور سانپ کا کاٹا ہوا آدمی شفا پائیگا +
دوائی گزیدگی سگ دیوانہ جالینوس کہتا ہے کہ مین نے کسیکو نہین دیکھا ہے
کہ یہ دوا کھائی ہو اور نفع سگ دیوانہ کے کاٹنے سے نپایا ہو سرطان نہری سوختہ
دس جزو کندر ایکجزو ہر روز سات ماشہ صبح اور سات ماشہ عشا کے وقت کھائین
ساتھ پانی سرد کے **ایضاً** گجلہ کو گاے کے تازہ دودھ مین جوش دیکر اور پوست
دور کر کے مقدار دو رتی کھلائین فوراً اچھا ہو جائیگا **دیگر** بعد حجامت یعنے پچھنے
لگانے اور جاری کرنے خون بہت سے رائی کو تکر ضماد کرین اور جو ہے کی
مینگنی جلا کر ملین **دیگر** پیاز گھی مین پکا کر لیپ کرنا نافع ہے **دوا واسطے** دفع اثر
زہر زنبور یعنے بھڑ اور مگس یعنے مکھی اور مورچہ پرندہ یعنے چیونٹی کے نافع ہے
گل ارمنی سرکہ مین ملا کر باہم طلا کرین **دیگر** طحلب یعنے کائی تالاب کی اور برگ
خرفہ اور برگ مکوہ سرکہ مین ملا کر ملین **دوا** نافع ہے اوس آدمی کو جسکو سر کے
بال کھلائین ہون تخم کسونڈی اور پھول اوسکے پکا کر چند غلولہ بنائین اور نگلجائین
پھر بعد ایک گھنٹہ کے قے فرمائین اگر بال غلولہ کے ساتھ نکلین تو صحت حاصل
ہوگی **حرف الراء** دو باب پر شامل ہے **باب پہلا** ذکر مین روغنون کی
تین فصل پر منقسم ہے **فصل پہلی** اون روغنون کے بیان مین ہے جو
لقوہ اور فالج اور خدر اور رعشہ اور درد پشت اور درد مفاصل اور بواسیر کو
فائدہ پہونچاتی ہین **فصل دوسری** اون روغنون کے ذکر مین ہے
جو اعضاء تناسل کی بیماریون خصوصاً امر باہ سے مناسبت رکھتی ہین +
فصل تیسری اون روغنون مین ہے جو بالون کے مرض اور جلدی
بیماریون کو مانند خارش اور داد اور زخم ناصور وغیرہ کو نافع ہین

فصل پہلی فالج وغیرہ کے روغنون مین روغن شونیز فالج کو مفید ہے کالا دانہ ساڑہے سات تولہ بادام تلخ کی گری گیارہ تولہ چار ماشہ قند سفید یکتولہ ساڑہے دس ماشہ بدستور روغن بادام کے روغن نکالین **روغن قسط** فالج اور لقوہ کو مفید ہے اور پٹھون کو قوت دیتا ہے اور معدہ اور جگر اور تلی کو نافع ہے اور بالون کی سیاہی کو نگاہ رکھتا ہے مُرکّی یعنے بول جند بیدستر سات ماشہ کالی مرچ فرفیون ہر ایک ساڑہے دس ماشہ عاقرقرحا چودہ ماشہ کوٹھ تین تولہ روغن زیتون تین چھٹانک پرانی شراب ڈیڑہ پاو کالی مرچ عاقرقرحا کچلکر رات کو شراب مین تر کرین اور صبح کو جوش دین جسوقت نصف باقی رہی روغن زیتون ملاکر اسقدر جوش دین کہ شراب جلجائے اور روغن باقی رہے آگ پر اوتارین بعد اوسکے جند بیدستر اور فرفیون کو ٹکر چھانکر ملائین وزن واسطے لقوہ اور فالج اور کزاز اور عرق النسار اور دوالی اور نقرس اور تحلیل ریاح اور تشنج کے نافع ہے اور بھونک کھانے کی بڑہاتا ہے اور کان مین ٹپکانا اوسکا واسطے گرانے گوش اور صمم اور سُدّہ صماخ کے ایک دن مین فائدہ پہونچاتا ہے اور فرزجہ اوسکا واسطے بیماریون رحم کے مفید ہے منتھی اور کلونجی کو برابر وزن کو ٹکر ملایم آگ پر بھونین اور روغن زیتون اسقدر ملائین کہ تین وزن دواؤن کے روغن جذب ہو جائے بعد اوسکے بذریعہ قرع یا اور کسی طریق سے روغن کھینچین **روغن** واسطے فالج کے مجرب ہے ہرتال زرد ہرتال سرخ کہ اوسکو نسل کہتے ہین ہر ایک ایکتولہ دو ماشہ سنبل الطیب ساڑہے تین ماشہ گندک سات ماشہ زہر سنکھیا سات ماشہ چنبیلی کے تیون کی شیرہ مین خوب باریک پیسکر اور قرص بناکر سایہ مین سُکھائین بعد اوسکے پاؤ بھر تل کا تیل قرص مذکور مین ملاکر لوہے کے برتن جوش دین کہ نصف روغن باقی رہے وقت حاجت کے استعمال فرمائین اور اگر واسطے سُستی قضیب کے مطلوب ہو تو چاہیے کہ اول مالش اسی روغن کی کرین بعد اوسکے برگ پان

لپیٹکر کچے ڈورے سے باندھین مگر سپیاری ذکر چھوڑکر استعمال روغن اور باندھنا لازم ہے
روغن تمدد اور کزاز کو نافع ہے چربی گدہے کی گردہ کی چربی شیر کی چربی کفتار
کی چربی پہاڑی گاے کی سبکو پگھلاکر اور قدرے روغن زیتون ملاکر مالش کرین +
روغن جو اصل معمول مؤلف ہے واسطے فالج اور لقوہ اور سب بیماریون سرد
دماغی کے جو اصل ایک عدد بالچھڑ جاوتری سورنجان شیرین بوزیدان کلبجن نرکچور
جائفل زرواند طویل نل کی جڑ زیرہ عود صلیب دارچینی ہر ایک دو ماشہ کوٹھ دریائی
زعفران لونگ ہر ایک تین ماشہ خفاش زندہ یعنے چمگادڑ دس عدد روغن زیتون آدھ سیر
سبکو قلعی دار دیگ مین ڈالکر اور گلاب چھٹانک کم آدھ سیر پانی خالص پونے دو سیر
اوسمین ملاکر پکائین جو روغن کہ اوپر پانی کے آئے اوتار کر نگاہ رکھین اور وقت
حاجت کے استعمال کرین **روغن دیگر** استرخا کو مفید ہے لہسن باغی آدھ پاو
کم سیر فرفیون عاقرقرحا ہر ایک ثلث ایکجزو کالی مرچ سداب یعنے تتلی ہر ایک
چہارم ایک جزو کے سبکو کوٹکر نو حصہ روغن زیتون جوش دین کہ ثلث روغن باقی
رہے صاف کرکے شیشہ مین نگاہ رکھین اور مالش فرمائین اور نوش کرنا بھی اوسکا
مفید ہے اور پٹھون کی گرہ کو دور کرتا ہے اور درد پشت نیچے اور پرانے اور
مرض تقطیر البول کو نافع ہے اور سدہ کھولتا ہے اور رنگ کو سرخ کرتا ہے
استعمال اوسکا جاڑے کے موسم مین لباس سرمائی پوستین وغیرہ اور آگ سے
تاپنے کی حاجت نہین رکھتا **روغن** واسطے فالج اور سب قسم کے ریاح کو نافع ہے
منقول بیاض حکیم علی اکبر سے موم ایک سیر کھاری نمک تین سیر دونون کو دیگ مین
ڈالکر بطریق گلاب کے عرق کھینچین اور برہنہ ہوکر مالش تمام بدن پر کرین و گمرگی
اور اوس مدت تک لباس نہ پہنین بعد گذرنے دو تین گھڑی کے کپڑا پہنین +
روغن جوز ماثل یعنے تیل دھتورہ کا سب قسم کے دردون کو مفید ہے
اور فالج کو نافع ہے درخت دھتورہ کا مع جڑ اور برگ اور پھول اور پھل لیکر اور
ایک پرانے کپڑے مین لپیٹکر مثل فتیلہ بنائین اور تل کے تیل مین تر کرکے اور

سینچ لوہے کی اوسکے عوض مین رکھکر نیچے سے آگ روشن کرین اور نیچے اوسکے کوئی برتن لوہے رکھین اور اوپر سے قدرے قدرے تل کا تیل ٹپکائین جو کچھ نیچے ٹپکے سرد کرکے نگاہ رکھین اور استعمال فرمائین روغن فالج اور رعشہ اور سب برانی جاریون کو مفید ہے مکرر تجربہ مولف مین آیا ہے پارہ دھتورہ کے بیج ہر ایک چار ماشہ تل کا تیل چھ تولہ آٹھ ماشہ اول تل کے تیل کو گرم کرین کہ سرخ ہوجائے پھر آگ پر سے اوتار کر اور دوائین اوسمین ڈالکر لوہے کے دستہ سے حل کرین اور ملین مگر پانی اور ہوا سے بہت بچین روغن لبوب سبعہ بارد درد سر گرم اور خشک اور سرسام سوداوی اور سہر کو مفید ہے میٹھے کدو کے بیجون کی گری کاہو کے بیج کھیرے کے بیج بادام کے گری خشخاش سفید کی بیج تل دھوئے ہوئے برابر وزن مثل روغن بادام کے روغن کھینچین روغن لبوب سبعہ دیگر نہایت مرطب ہے دماغ کی خشک بیماریون کو مفید ہے اور مالیخولیا اور درد سر اور جذام کو نافع ہے پینا اور کان مین ٹپکانا اور مالش کرنا اوسکا فندق کی گری پستہ کی گری میٹھے بادام کی گری تل دھوئے ہوئے چلغوزہ کی گری میٹھے کدو کی بیجون کی گری جالفیل کی گری برابر وزن کوٹکر اور گرم کرکے بدستور معمول نچوڑین کہ روغن جدا ہووے اور نسخہ ابن عیسی مین عوض جالفیل کے بادام تلخ کی گری لکھی ہوئی ہے دیگر خدا تعالی جل وشانہ کے حکم سے دماغ کی خشکی کو دفع کرتا ہے اور دماغ کو تری پہونچاتا ہے معاملہ ترطیب مین یہ نسخہ بے نظیر ہے لعاب اسبغول لعاب بہدانہ خطمی سفید کے پھول سرطان نہری جو چھیلے ہوئے پانی خالص سکو روغن مغز بادام اور روغن کدوے شیرین یا روغن بنفشہ اور مغز بادام اور روغن دنبہ اور بکرے کی چربی کو اسقدر جوش دین کہ پانی جلجائے اور روغن باقی رہے بعد اوسکے مغز قلم گوسالہ دودھ لڑکے کی مان کا دودھ بکری کا داخل کرکے هاون مین دستہ سے گھوٹین کہ یکسان ہوجائے تاکہ اوسکو تھیلیون اور تلوون

سمہ بیاری مغز کا ۱۲

اور ناف پر ملین **روغن خل** یعنے سرکہ کا تیل واسطے درد سر کے کہ بسبب
چڑھنے معدی ابخرون کے عارض ہوتا ہے مفید ہے مگر بعد فصد اور تسکین
معدہ کے ساتھ غذاؤن سرد کے اور کھانا خشخاش تر کا اس معاملہ مین بمنزلہ
آبحیات کے ہے روغن گل تین تولہ سرکہ چھٹانک کم آدھ سیر دونون کو جوش دین
کہ سرکہ جذب ہو جاتے اور روغن باقی رہے اوسکو ایک شیشی مین بھر کر اور
شیشی کو یخ مین سرد کر کے چند قطرہ اوس روغن کے کان مین ٹپکائین +
روغن واسطے کان کے درد کے کہ بسبب سردی کے عارض ہو معمول
مؤلف ہے جند بیدستر حب الغار ہر ایک چار رتی ڈیڑہ چاول مرکی یعنی بول
چھ رتی سواد و چاول مولی کے بیج افسنتین ہر ایک نو ماشہ روغن بادام تلخ
ساڑھے تیرہ ماشہ افسنتین اور مولی کے بیجون کو کچلکر پانی مین جوش دین اور
صاف کر کے روغن بادام تلخ مع دیگر اجزا داخل کر کے نگاہ رکھین **روغن لالہ**
معدہ سرد کو گرم کرتا ہے اور جو اوسمین بط کی چربی یا مرغ کی چربی ملائین تو
ورم کو بھی نفع پہونچاتا ہے برگ لالہ صاف کر کے شیشہ مین رکھین اور روغن
زیتون اوسپر ڈالین اور ایک مہینہ اول دو روز سورج کے نیچے لٹکائین پھر بالنفس
رکھائین اور بعضون نے وزن لالہ کا پانچ تولہ آٹھ ماشہ اور وزن روغن زیتون کا
چونتیس تولہ مقرر کیا ہے اور بعضے وزن لالہ کا سات تولہ تک تجویز کرتے ہین
روغن مصطگی معدہ مسترخیہ کو قوت دیتا ہے اور ورمون کی سختی کو دور
کرتا ہے اور سب قسم کی سختیون کو نرم کرتا ہے اور سردی جگر کو بھی نفع پہونچاتا ہے
مصطگی رومی تین تولہ روغن زیتون یا روغن گل یا روغن کنجد تین چھٹانک مین
ملاکر شیشہ مین بھرین اور دیگ مین جو پانی سے لبریز ہو رکھکر نیچے اوسکے
آگ روشن کرین کہ پانی دیگ کا جوش مین آتے اور مصطگی پگھلجاتے **روغن زعفران**
کہ اوسکو روغن خلوق بھی کہتے ہین زعفران دو تولہ روغن زیتون مغفص چودھ
تولہ دو ماشہ زعفران کو نرم پیسکر نصف روغن مذکور کو اوسپر ڈالین اور شیشہ مین

بھرین اور پانچ روز برابر اوسکو حرکت دین بعد اوسکے صاف کرین اور یہ روغن جدا رکھیں
رکھین بعد اوسکے نصف روغن اور کہ باقی رہا ہے اوس گاؤ زبان زعفران کے
ڈالکر تیرہ دن تک اسی طرح حرکت دین بعد اوسکے صاف کرکے اور دونون
روغنون کو ملاکر مُرکی یعنے بول آٹھ ماشہ نرم پیسکر اور روغن مذکور مین داخل کرکے
کھرل کرین اور طریق تغفیض **روغن زیتون** کا یہ ہے کہ طلب کرین
روغن زیتون چودھ تولہ دو ماشہ اور بول یعنے مُرکی ایک ماشہ میٹھا چرایتہ آٹھ ماشہ
قردمانا ساڑھے چودھ ماشہ میٹھے چرایتہ کو ساتھ مُرکی کے نرم پیسکر اور سرکہ انگوری اکثر
مین خمیر کرکے بعد اوسکے روغن زیتون مین جوش دیوین ملائم آگ پر اسقدر کہ
سرکہ جلجائے بعدہ صاف کرکے قردمانا کو نرم کوٹکر منیہ کے پانی مین نم کرین اور
بعد روغن زیتون اوسپر ڈالین اور دو رات دن صبر کرکے نچوڑین **روغن**
ددفع درد پشت وکمر اندراین کے پھل کا گودا مغاث سورنجان زیرہ کرمانی قرفیون
نیلے سوسن کی جڑ جند بیدستر ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ جدوار یعنی نرلبسی نوشادر
کچلکر سوا سیر پانی خالص مین اور آدھ پاؤ آدھ سیر روغن زیتون اور جو روغن زیتون
میسر نہووے تو اوسی قدر ارنڈے کی تیل مین جوش دین یہان تک کہ پانی جلجائے
صاف کرکے پشت اور کمر اور پیڑو پر ملین **روغن عقرب** یعنے بچھو کا تیل جلبل
یعنے سوراخ ذکر مین ٹپکانا اور مثانہ پر ملنا اور مقعد مین لگانا اوسکا پتھری کو
ٹکڑے ٹکڑے کرکے نکالتا ہے زراوند مدحرج پکھان بید ناگرموتھ پوست کبر کی جڑ کا
ہر ایک سوا چار تولہ کوٹکر اور روغن بادام تلخ چھٹانک کم آدھ سیر ملاکر شیشہ مین
بھرین اور سات دن تک سورج کے نیچے رکھین بعدہ صاف کرکے دس عدد
بچھو زندہ اوسی دم کے پکڑے ہوتے داخل روغن کرین پھر دو ہفتہ اور
سورج کے نیچے رکھکر اور صاف کرکے استعمال فرماوین **روغن بوانسیر**
بجاس عدد کیچوؤن کو تل کے تیل مین بھونکر اور روغن سے باہر نکالکر
تین تولہ بیگن سے ہیبسین اور روغن کو ہمراہ موم سے قیروطی یعنے موم روغن

سب دواؤن کو پیسکر ملائین اور مقام بواسیر پر لگائین اور واسطے بند کرنے
خون کے قدرے مازو شامل کرکے استعمال فرمائین **روغن بواسیر خونی**
وبادی روغن کوہان شتر روغن وزغ یعنے تیل مینڈک کا چربی گردہ کی پانی
شاہترہ کا اگر تازہ ہو ورنہ شیرہ تخم شاہترہ بھی بہتر ہے اور طریق نکالنے روغن وزغ کا
یہ ہے کہ مینڈک کو زندہ پکڑ کر ہاون مین ڈالین اور نرم لکڑی سے کوٹین اور دیگ
مین ڈالکر خوب جوش دین مانند پر طاوس کے پانی کے اوپر آجاتے اوسکو جمع کر
نگاہ رکھین **روغن** مقعد پر ملنے سے اوس عضو کی بیماریون کو دفع کرتا ہے منقول
از بعضے مجربین سے روغن سرسون پاو سیر کورے چراغ مین ڈالکر فتیلہ روشن
کرین اور ہوا سے بچاکر رکھین جسوقت بقدر دو تولہ چار ماشہ کے باقی رہے ہمراہ
گلہائے فتیلہ کے ملاکر استعمال کرین **روغن گندھک** منافع اوسکا جو
اوپر بواسیر کے اندر اور باہر دو تین دفعہ ملین گوشت زاید کو اوکھاڑ دیتا ہے اور
جو دو تین قطرہ اوسمین سے پارہ مین ملاکر ملین یہان تک کہ سیماب یعنے پارہ
حل ہوجاتے پھر اوسکو ساتھ برگ تنبول یعنے پان کے چباکر کھائین بہت فوائد
رکھتا ہے اگر خارش پر گھوڑے کے مالش کرین صحت حاصل ہووے
مولفا ایک شخص کو دیکھا تھا کہ ابتدا مین ہتیلیان اور تلوے پاؤن کے پھٹ گئے
تھے اور بہت خشکی غالب ہوگئی تھی بعد گذرنے چند ایام کے ہتیلیان اور تلوے
اوسکے سفید ہوگئے اور مشابہ مبروص کے ہوالبس چھ تولہ سیماب یعنے پارہ کو
ہمراہ ایک تولہ روغن گندھک کے اکیس دن کھانے کو حکم دیا چنانچہ اوسنے
ایسی ہی کیا اور روٹی گیہون کی بے نمک بموجب فرمانے مولف کے کھاتی جو
سفیدی تازہ کہ عارض ہوتی تھی خدا کے فضل سے سب جاتی رہی اور بیمار نے
شفا پائی پس روز بروز وزن سیماب یعنے پارہ کا بڑہاتا تھا یہان تک کہ اکیس ۲۱ دن
دن کی مدت مین چھ تولہ پارہ کھایا مگر اوس مبروص کو دیکھا کہ دسوین یا بارہوین
ورم گلو کا عارضہ لاحق ہوگیا اور دانتون کی جڑون پر بھی ورم عارض ہوا اور

بھونک غذا کی بالکلیہ جاتی رہی اور ضعف نہایت اوسپر غالب ہوا اٹھارہ دن دوا
کھاکر چھوڑ دی مگر اوس مرض سخت سے نجات پائی **صفت روغن**
گندھک طلب کرین گندھک زرد اعلی جسقدر چاہین اور نرم کرکے تین وزن
گائے کے گھی مین ملاتین اور پارچہ کرباس اوسمین ڈبوکر لوہے کی سیخ کے اوپر
باندھین اور ملایم آگ پر روشن کرکے مقابل ایک برتن کے رکھین پس اوس
پارچہ سے جو روغن ٹپکے جمع کرکے نگاہ رکھین اور وقت حاجت کے استعمال
کرین ایسی ہی لکھا ہے طب فرشتہ مین اور صاحب تحفہ نے طریق روغن گندھک کا
دستورات مین اسطرح بیان کیا ہے کہ گندھک صاف شفاف کو نرم پیسکر
اور پیالہ مطین یعنے کٹوری مین رکھکر نرم آگ پر رکھین اور دودھ تازہ سے
تصفیہ کرین کہ دو حصہ یا تین حصہ اوسکو جذب کرے پھر لوہے کے کفچہ دار
مین رکھکر روشن کرین اور اوسکو کج کرین کہ روغن تولہ کفچہ سے دوسرے
برتن مین داخل ہو مگر چاہیے کہ بعد روشن کرنے گندھک کے کفچہ کو شعلہ
کے اوپر رکھین کہ بآسانی روغن ٹپکے **روغن کراث** یعنے گندنا کا نافع
بواسیر کو نافع ہے پانی گندنا کا آدھ پاو کم سیر تل کا تیل چھٹانک کم آدھ سیر سانبھر
تین تولہ گوگل کے جوش کرین کہ پانی جلجائے اور روغن باقی رہے **روغن**
بادنجان بیگن زرد کو خالی کرین اور اوسکے جوف مین روغن کدو بھر
اور ہری ٹوپی اور پھول بیگن کا کاٹکر پھیکدیوین پس دن بھر تنور گرم مین
اوسکو رکھین واسطے بواسیر کے بے نظیر ہے **روغن وزغ** یعنے مینڈک
کا تیل واسطے ورم مقعد اور درد بواسیر کے نہایت آزمودہ ہے جسوقت
کہ بسبب حرارت کے عارض ہووے مینڈک کو ساتھ بکری کی چربی کے
کوٹکر پانی مین جوش دین کہ مہرا ہو جائے پس روغن کہ پانی کے اوپر بعد سرد
ہونے کے البتہ ہو جائے اوتار لیوین اور جو دنبالہ بادنجان کو پیسکر اضافہ کرین
تو واسطے بواسیر سرد کے نہایت نافع ہے **روغن چوبچینی** ہاتھ پاؤن کے

جوڑون کے درد اور پٹھون کے درد گرم کو مفید ہے — چوبچینی پونے چار تولہ
ورق ورق تراش کر ڈیڑھ پاو کم تین سیر پانی مین جوش دین جسوقت چہارم باقی
رہے صاف کر کے مہندی کی پتی پونے چار تولہ علحدہ پانی مین جوش دیکر اور صبح
صاف کر کے دونون کو ایکجا کرین اور تل کا تیل یا روغن گل اٹھارہ تولہ نو ماشہ
داخل کر کے جوش دیوین کہ پانی جلجائے پس صاف کر کے اوپر ہر ساڑھے
بائیس ماشہ کے سورنجان شیرین پونے چار تولہ رسوت کی ساڑھے چار ماشہ موم
پیکر اوسمین ملائین روغن چہار برگ واسطے ہاتہ پاؤن کے جوڑون کے
درد کی مفید ہے برگ دھتورہ برگ آرنڈ برگ سیند برگ آکھ برابر وزن پیسکر تل کی
تیل مین جلائین کہ پانی جلجائے اور روغن باقی رہے استعمال کرین روغن
سورنجان واسطے جوڑون کے درد یعنے گٹھیہ کے مفید ہے میٹھا چراتیہ
ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ سورنجان شیرین پونے چار تولہ دونون کو کچلکر
ایک رات دن بھگووین پھر جوش دین کہ مہرا ہو جائے صاف کر کے اجمود کا
پانی تازہ نو ماشہ روغن زیتون سوا گیارہ تولہ اضافہ کر کے جوش کرین کہ روغن باقی
رہے روغن زیرہ واسطے اکثر نفخ کی قسمون کی خصوصاً نفخ بواسیر کو مفید ہے
ش اوسکی زیرہ سیاہ ساڑھے دس ماشہ ساڑھے دس تولہ پانی مین بھگو کر
جوش دین اور ساتھ تین تولہ تل کے تیل کی دھیمی آنچ پر لگائین کہ پانی جلجائے
تیل باقی رہے دیگر ہاتھ پاون کی گانٹھون کے درد اور عرق النسا کو نافع ہے
سورنجان شیرین پونے چار تولہ خوب کوٹین اور پانی مین جوش دین اور
صاف کر کے اوس پانی کو سوا دو سیر روغن گل یا تل کے تیل مین جوش دین
کہ روغن باقی رہے روغن مفاصل اکثر خبیث ورمون کو تحلیل کرتا ہی
خصوصاً ہاتھ پاون کی گانٹھون کے ورم کو — سانپ افعی کو مار کر اور سر اور
دم اوسکی دور کر کے شکم اوسکا پاک کرین اور ٹکڑے ٹکڑے کر کے روغن [illegible]
ڈالین اور گرمی کے موسم مین چالیس دن تک سورج کے نیچے رکھین

پس حاجت کے وقت استعمال فرماوین **روغن تمباکو** واسطے درد مفاصل یعنے ہاتھ پاون کی گانٹھون کے درد اور بلغمی بیماریون کو مفید ہے تمباکو کترا ہوا نو تولہ چار ماشہ چھٹانک کم سیر پانی مین رات کو تر کرین پھر صبح کو تل کا تیل سترہ تولہ پاتیلہ مین کرکے تمباکو مع پانی کے اوسمین ڈالکر ملائم آگ پر جوش دوین کہ پانی جذب ہو جاوے اور تمباکو جلجاوے تو صاف کرکے نگاہ رکھین وقت حاجت کے مالش کرین

فصل دوسری باب اول سے

باہیہ دغیرہ کی ہے **روغن** ملنا اوسکا ذکر کو سخت کرتا ہے اور قوی اور دراز کرتا ہے اور مجلوق اور عنین کو فائدہ پہونچاتا ہے نسخہ اوسکا یہ ہے رسکپور سات ماشہ گھونگچی افیون ہر ایک چودہ ماشہ مالکنگنی تخم دھتورہ ہینگ **کنیر سفید** کی جڑ ہر ایک دو تولہ چار ماشہ تل کا تیل بقدر حاجت دوائین کو نکر چھانکر اور تل کے تیل مین چرب کرکے ایک رات نگاہ رکھیں صبح کو آتشی شیشے مین ڈالکر مثل چوبہ کے روغن کھینچین ہر روز قضیب کو اوپر سپاری چھوڑ کر طلا کرین اور اوپر اوسکے برگ پان لپیٹین **روغن** طلا اوسکی زیادہ نسخہ اول سے ہمیشہ معمول اور مجرب ہے ہرتال ورقی ہرتال زرد موصلی سیاہ بیربہوٹی ہر ایک چودہ ماشہ میٹھا تیلیہ گھونگچی سفید لونگ ارجینی تخم کونچ بیج پوست انار کینچوہ چربی شیر نر کی ہر ایک چودہ ماشہ پوست کنیر سفید کی جڑ کا بادیان کالا سانپ کہ تازہ پکڑا ہووے بچھو کالا ہر ایک ایک عدد کیکڑا مینڈک جسکی ہاتھ ریگ ماہی ہر ایک دو عدد دوائین کوٹنی کی کوٹکر اور جانورون کو ریزہ کرکے سکو شراب دوآتشہ مین دو تین رات دن ترکرکے نگاہ رکھین پس مثل چوبہ کے اوپلہ جنگلی کے آگ پر روغن کھینچین **روغن** تالیف محمد جعفر حلیم کنیر سفید کی جڑ چربی شیر کی کینچوہ آدمی کے کان کا میل ہر ایک چودہ ماشہ گاے کا گھی جمع مثل مرہم کے بناکر طلا کرین **روغن قوی الالغاظ** کہ ملنا اوسکا ذکر کو سخت اور قوی کرتا ہے اور کمی شہوت جماع کو تقویت کلی بخشتا ہے اور عنین یعنے مادرزاد نامرد کو اچھا کرتا ہے اور سرد مزاج والون کے مناسب ہے

روغن حب السلاطین جمالگوٹہ چودہ ماشہ بدستور روغن بادام کے
کھینچین لیکن ہاتھ کو اس سے پہلے گاے کے گھی سے چرب کرین کہ سمیت اوسکی
سے مضرت حاصل نہووے بعد اوسکے عاقرقرحا جند بیدستر ہر ایک نو ماشہ کنیر سفید کی
جڑ چودہ ماشہ کوٹکر چھانکر روغن مذکور مین ملائین اور عطر ناگیسر نو ماشہ اضافہ کرکے
گولیان لمبی لمبی تیار کرین اور آتشی شیشے مین بھرکر اوپلہ کی آگ پر روغن کھینچین
دیگر واسطے مجلوق اور عنین کے نفع کامل پہونچاتا ہے — زلو یعنے جونک گدہے کی
خصیون مین چپٹا کر دیکھین جسوقت خون سے بھر جائین چھڑا کر سایہ مین سکھائین
بعد اوسکے چربی سانڈہ کی چودہ ماشہ بیربہوٹی چودہ ماشہ کنیر سفید کی جڑ چودہ ماشہ
سبکو کچلکر اور چربیون مذکور مین ملا کر شیشے آتشی مین ڈالین اور ٹپکائین جسوقت تک
سرخ روغن نہ نکلے ٹپکاتے رہین لیکن جسوقت روغن سیاہ نکلنا شروع ہووے
علحدہ کرین اور برابر مرنج کے ہمیشہ ملتے رہین روغن واسطے قوت باہ کے
مفید ہے اور پٹھون کی سستی اور استرخا کو جو بسبب ضعف باہ کے عارض ہووے
دور کرتا ہے زہر تیلیہ مغز گھونگچی سفید مغز جمالگوٹہ کچلہ ہر ایک سات ماشہ ہرتال
ورقی اکیس ماشہ سبکو بکری کا دودہ تھوڑا تھوڑا ڈالکر پیسین کہ دو سیر دودہ جذب
ہوجاے پس گولیان باندھ کر سورج کے نیچے رکھین کہ خشک ہوجائین آتشی
شیشے مین بھرکر روغن کھینچین مجرب ہے روغن واسطے قوت باہ کے کنیر سفید کی
جڑ کنیر سرخ کی جڑ ہر ایک ڈیڑہ پاو دارچینی گھونگچی سفید ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
مال کنگنی تین چھٹانک مینڈک دریائی ایک عدد خشک کیا ہوا سبکو کوٹکر چھانکر
سفیدی اور زردی بط کے انڈے مین گوندھکر اور شیشہ مین کرکے مثل چوہ
کے کھینچین اور لیپ کرکے اوپر اوسکے برگ پان باندھین روغن واسطے
مجلوق اور عنین کے مفید ہے مینڈک جنگلی ایک عدد ہینگ دو تولہ چار ماشہ کنیچوہ
خشک بیربہوٹی ہر ایک دو تولہ چار ماشہ باریک کوٹکر تل کے تیل مین تر کرین اور
شیشہ مین بھرکر روغن کھینچین اور بقدر ایک رتی ہر روز ملتے رہین ایک ہفتہ مین

تاثیر کامل بخشتا ہے روغن واسطے مجلوق اور عنین کے مفید ہے اور ذکر کے موٹا اور
لنبا کرنے مین عجیب ہے چتیہ سرمہ مازو مچھلی کی ہڈیان جلی ہوئین لاکھ سرخ شنگرف
ہر ایک ایک تولہ کینچوے سات تولہ افیون دو تولہ بیربہوٹی زہر میٹھا دو دو تولہ سبکو
پیسکر اور مثل سرمہ کے باریک کرکے نگاہ رکھین اور مینڈک پانچ تولہ سانڈہ سات تولہ
چربی شیر کی سات تولہ دھتورہ مالکنگنی ہر ایک سات تولہ مولی کے بیج گاجر کے
بیج ہر ایک چار تولہ لونگ جنگلی سات تولہ مرچ جنگلی سات تولہ ان سبکو بطریق جوہر
کے کھینچین حکیم محمد جعفر اکبرآبادی علاج مجلوق کا اسی نسخہ سے کرتا تھا نفع اوسکا
نہایت مشاہدہ ہوا روغن منقول بیاض سے قوت شہوت جماع کی کرتا ہے
اور نعوظ لاتا ہے مجرب اور بے نظیر ہے گھونگچی سفید کچلہ عاقرقرحا کنیر سفید کی جڑ
زہر میٹھہ تیلیہ مغز جمالگوٹہ ہر ایک دو تولہ چار ماشہ اول سوای جمالگوٹہ اور زہر کے سب اجزا کو
کوٹکر سفوف کرین اور دونون اجزا کو پوٹلی باندھ کر بکری کے دودھ مین دو تین
جوش خوب دیوین اور پھر اوس پوٹلی کو باہر نکالین اور جو چاہین قوی ہووے
تو پوٹلی مذکور بھینس کے دودھ مین جوش خوب دیکر پوٹلی باہر نکالین بعد اوسکے
سب دواؤن کو جمع کرکے کھرل کرین ساڑھے تین سیر گاے کے دودھ مین
بعد اوسکے غلولہ مثل جنگلی بیر کے بناکر خشک کرین اور شیشی کپر وٹی کی ہوئی مین
بھر کر جنگلی اوپلون کی آگ مین روغن کھینچین مجرب ہے روغن واسطے قوت
شہوت جماع اور امساک منی کے بے نظیر ہے یادگار شاہ اسمعیل سے کالے
سانپ کا سر اور جنگلی مینڈک کا سر مرغ کا سر مع پا ہر ایک ایک عدد کیکڑا چار عدد
مصطگی رومی کنیر سفید کی جڑ موصلی سیاہ دھتورہ کے بیج جند بید ستر اونٹ
کی جڑ کی چھال ہر ایک چودہ ماشہ تل کا تیل اکیس ماشہ جانورون کی سب قسم
چاقو سے کاٹکر اور ریزہ ریزہ کرکے اور دوائین کچلکر اور باہم ملا کر شیشہ کو دو سہر
شیشہ کے دہن پر وصل کرین کہ دھوان اوسکا باہر نہ نکلے مثل
جوہ کے روغن کھینچین جب سرد ہو جاتے نگاہ رکھین بعد دو تین دن

ملین مع برگ پان مگر زیادہ دو تین گھڑی سے نہ رکھین کہ یہ دوا بہت تیز ہے
برابر برنج کے وقت حاجت کے ملین اگر چوہے غلیظ یعنے گاڑہا ہو جاوے
قدرے گاے کا گھی داخلکرین روغن طلا کرنا اوسکا قضیب کو موٹا اور سخت
کرتا ہے بیٹ کبوتر کی تین پاؤ زردی مرغ کے انڈون کی دو عدد مینڈک خشکی
ایک عدد جھینگا ڈر ایک عدد مینڈک سیاہ ایک عدد جونک پانچ عدد بیر بہوٹی کینچوہ
دھاوہ کے پھول زعفران جائفل ہر ایک ایکتولہ تِل کا تیل آدھ سیر سبکو باہم پیسکر
اور شیشہ مین بھر کر روغن ٹپکائین اور قضیب کے اوپر طلا کرین روغن نکالنیکی ترکیب کو
خوب نرم کوٹکر اور ٹاٹ کی تھیلی مین بھر کر منہ اوسکا سیوین اور تانبہ کے برتن مین
ڈالکر نیچے اوسکے کویلہ کی آگ دھکائین اور تھیلی کے اوپر پتھر بھاری رکھین کہ
اوسکے بوج سے روغن جاری ہوگا یہ عمل نہایت عجیب ہے جس جگہ چاہین
استعمال فرمائین **فصل تیسری** اون روغنون کے نسخون مین ہے جو
بالون کے واسطے مفید ہین اور جلدی بیماریون کو نافع اور وہ روغن جو امراض
خونی اور خارش اور داد اور زخم ناصور وغیرہ سے علاقہ رکھتے ہین **روغن مسمن**
تالیف حکیم عماد الدین محمود مغز حب السمنہ مغز پستہ مغز بنولہ میٹھے بادام کی گری ہر ایک
ساڑہے دس ماشہ بنفشہ کی جڑ سات ماشہ مغز انجلک[1] مغز تخم تربوز فندق کی
گری ہر ایک چودہ ماشہ چلغوزہ کی گری حب الزلم[2] کی گری کھیرے ککڑی کے
بیجون کی گری کدو کے بیجون کی گری کتیرا ہر ایک دو تولہ موم کافوری ڈیڑہ پاؤ
بوبچھینی پتی تولہ روغن دنبہ تین تولہ آڑہائی ماشہ موافق دستور کے مرتب کرین اول
حمام مین جاکر سخت کیسہ سے جسم کی مالش کرین پھر جسوقت حرارت حمام کی
ہوجاتے یہ روغن ملین **روغن** پسینہ بہنے کو مانع ہے اور غشی کو جو گرمی کے
موسم مین زیادتی تحلیل سے عارض ہو نفع پہونچاتا ہے اور تقویت بدن کی
کرتا ہے اور حرارت غریزی کو بھڑکاتا ہے اور مثل اپنا نہین رکھتا ٹکڑے
ککڑی کے ٹکڑے سیب کے گلاب کے پھول ہر ایک پچاس تولہ سوا دو سیر پانیمین

[1] انجلک لفظ فارسی ہے عربی مین وانخ ابروج کہتے ہین اور وہ تخم امرود جنگلی کا ہے ۱۲

[2] حب الزلم تخم ایکدرخت کا ہے جو بزرگی نخود سے ظاہر زرد باطن سفید خوش طعم اور لذیذ ہوتا ہے ۱۲

جوش دین کہ مہرا ہوجاتے اور آدھا پانی باقی رہے صاف کرکے برابر وزن اوسکے
روغن گل ڈالکر پھر جوش دین ملائم آگ پر یہان تک کہ پانی خشک ہوجاتے اور
روغن باقی رہے استعمال فرماتین **روغن** سب پتون کے قسمون مین جسوقت
کہ پسینہ کثرت سے آتے واسطے روکنے پسینہ کے کام آتا ہے برگ مورد خشک
گلنار گلاب کے پھول کسوم کے بیج تازہ پانی مین جوش دین ورچہارم وزن اوسکا
روغن داخل کرین اور اسقدر پکاتین کہ روغن باقی رہے اگر قدرے مازو بھی
ڈالین تو بہتر ہوگا **روغن متقوی** صعتر فارسی برگ حنا برگ مورد برگ نیل ہنسراج
صندل سفید بالچھڑ تیج پات چھڑیلا چوبچینی پوست زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا کاتی
پوست بہیڑہ کا آملہ چھیلا ہوا ہر ایک نو ماشہ ناگر موتھ تخم مورد لونگ اگر ہندی عود صلیب
ہر ایک ساڑھے چار ماشہ جائفل جاوتری ہر ایک سوا دو ماشہ سب داون کو
کچلکر ایک رات گلاب اور پانی چقندر اور پانی پالک اور پانی آملہ تازہ ہر ایک ساڑھے سات تولہ
بھگو دین اور اگر آملہ تازہ نہووے تو ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ آملہ خشک کو
پانیون مذکورہ مین تر کرین پس صاف کرکے اور بوزن اوس پانی کے پانی آملہ
داخل کرکے جوش دین نرم آگ پر کہ آدھا باقی رہے خوب ملکر اور صاف کرکے
روغن گل اور روغن مورد اور روغن زیتون ہر ایک ساڑھے سات تولہ
مغز بن پانچ تولہ ساڑھے سات ماشہ روغن چنبیلی پونے چار تولہ داخل کرکے
دیکچہ قلعی دار مین جوش دین کہ پانی جلجاتے اور روغن باقی رہے بعد اوسکے
عنبر اشہب لادن[١] زفت[٢] رومی عطر صندل عطر خصی لبان عطر عود داخل کرکے
شیشہ مین نگاہ رکھین **روغن لالہ** بالون کو سیاہ کرتا ہے برگ لالہ سایہ مین
خشک کرکے اور کوٹکر چھانکر پانچ تولہ آٹھ ماشہ اوسمین سے مع چھٹانک کم آدھ
تازہ تل کے تیل کے ملاتین اور شیشہ مین بھرین اور قدرے بھنگری
اوسمین ملاکر بیس دن تک سورج کے نیچے رکھین اور صاف کرکے نگاہ رکھین
روغن مخترع حکیم علی بالون کو گرنے سے نگاہ رکھتا ہے اور لمبے بال اگاتا ہے

[١] لادن رطوبت غلیظ چسپندہ ہے ... درخت ... حاصل ہوتی ہے اور وہ درخت درخت انار سے مشابہ ہے ١٢

[٢] زفت ... بیروزہ ... پایا جاتا ہے ... سیال ہوتا ہے ١٢

کرتا ہے اور ہجوم بالون کا بکثرت کرتا ہے ہنسراج نبسلوچن سماق دانہ زیرہ گلاب کا گلنار مصطگی ہر ایک ایک جزو لادن پوست انار چھالیہ پوست ہڑ کا ہر ایک دو جزو پوست بہیڑہ کا مازوی سبز ہر ایک تین جزو آملہ منقی پانچ جزو برگ مورد بارہ جزو دوائین کچلکر ایک رات دن پانی خالص مین جوش دین کہ قوت دوا کی پانی مین آجائے ہاتھ سے خوب ملکر صاف کرین اسطرح کہ جرم دواؤن کا ہمراہ پانی کے ہو بعد اوسکے تل کا تیل پچاس جزو روغن گل پچاس جزو اضافہ کرکے ملائم آگ پر جوش دین اور برہم کرتے رہین کہ آخر جوش مین وہ جرم لبتہ ہوجائیگا اول جرم کو باہر نکالین اور سرد کرکے برتن مین کرین بعد اوسکے روغن کو خشک کرکے اوسکے اوپر ڈالین اور اسی طرح نگاہ رکھین ۞

روغن بالون کے جمنے کو نافع ہے مستعمل علویخان مرحوم چونہ دھویا ہوا چھ تولہ ہرتال پیسا ہوا چھ تولہ تل کا تیل بارہ تولہ سبکو ملاکر تین رات دن سورج کے نیچے رکھین اور ہمیشہ تر کرتے رہین بعد اوسکے تانبہ کے طباق مین ڈالکر نگاہ رکھین کہ روغن جدا ہوجائے وقت حاجت کے استعمال فرمائین روغن مولفات حکیم مہدی اکبرآبادی بالون کو سیاہ کرتا ہے اور ہجوم بکثرت کرتا ہے اور سفید ہونے اور گرنے نہین دیتا پانی آملہ کا پانی مہندی کے پتون کا پانی وسمہ کے پتون کا ہر ایک چھٹانک کم آدھ سیر پانی بھنگرہ کا پانی پوست اخروٹ کا روغن لالہ روغن مورد ہر ایک سترہ تولہ ملائم آگ پر لوہے کی دیگ مین جوش دین کہ پانی جلجائے اور روغن باقی رہے دوسری مرتبہ پانیون مذکورہ مین جوش دین اور صاف کرین تیسری بار مکرر جوش دین بعد اوسکے برادہ لوہے کا خبث الحدید لادن مازوی سبز بھونا ہوا پھٹکری سفید گوند ببول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ پوست انار پوست اخروٹ تازہ جوز السرو نوسادر گل لالہ وسمہ مہندی کی پتی آملہ ہر ایک تین تولہ نمک اندرانی ساڑھے دس ماشہ کوٹکر چھانکر اور روغن مین ملاکر لوہے کے برتن مین چالیس دن تک پانی مین رکھین بعد اوسکے صاف کرین رات کے وقت بالون مین لگائین اور سورہین روغن شقائق یعنے گل لالہ کا تیل بالون کو دراز کرتا ہے اور گرے ہوئے بالونکو نکالتا ہے مورد کے

بیج مورد کے تیے اجمود کے بیج چقندر کے بیج لالہ کے پھول پوست اخروٹ
لادن ہنسراج ہر ایک پونے انیس ۱۹ ماشہ چھٹانک کم آدھ سیر آملہ کے پانی مین ایک
رات بھگو دین اور جوش دین اور سترہ تولہ روغن مورد کے ساتھ پھر جوش دین
کہ روغن باقی رہے **روغن شیخ صنعان** واسطے سب طرح کے زخمون اور
ناصور کے مجرب ہے والد مؤلف ہین اور آنتون کی خراش اور بواسیر اور نواصیر کو
بھی مفید ہے جدوار یعنے نربسی پانچ تولہ شنگرف کتھ سفید جالفیل مردار سنگ
کمیلہ رال تخم ہلیلہ ہرتال سرخ مومیائی ہر ایک چہارم سیر طبی یعنے سوا تولہ
اہیل یعنے ہوہ بیر اڑہائی تولہ اشق پونے چار تولہ دار ہلد جہاو کی لکڑی دیودار
ملہٹی کی جڑ گندہ بیروزہ زرد ہڑ آملہ برادہ آبنوس کا ہر ایک پانچ تولہ پوست درخت
ببول مہندی کی پتی چھالیہ چکنی خانہ عنکبوت یعنے مکڑی کا سفید جالا چوب چینی تخمہ
ہر ایک دس تولہ دھرتہ چھپر کا ہوجوہ ہر ایک پانچ تولہ آٹا جو کا تیس تولہ پانی نیم کے
پتون کا چھٹانک کم آدھ سیر پانی برگ پان کا چھٹانک کم آدھ سیر تل کا تیل سوا
عالمگیری کو بیسکر ساڑہے تین سیر پانی خالص مین پکائین کہ آدھ پاو کم سیر باقی
رہے صاف کر کے نگاہ رکھین اور کتھ سفید اور رال آخر مین ڈالین دیگر قلمی
کہ صاحب تحفہ نے تجربہ اوسکا کیا ہے اور کہا ہے کہ نئے زخمون کے بھرنے کے
لیے یہ نسخہ پہلے نسخہ سے بہتر ہے ملہٹی کی جڑ دیودار ہوہ چوہ پوست درخت
ببول ہلدی برابر وزن آدھ پاو کم دو سیر کوٹکر آدھ پاو کم ڈیڑہ سیر السی کے تیل مین
جوش دین یہانتک کہ پانی جلجائے صاف کر کے استعمال کرین روغن دیودار
مخترع حکیم علی زخمون کے علاج کے واسطے بمنزلہ خرق عادات کے ہے
خصوصاً نئے زخمون کے لیے اگر مقام زخم پر پہلے سرد ہونے سے یہ روغن
ٹپکائین بے خوف رہینگے ورم اور رنج لہو اور پیپ پڑنے اور بدلنے رنگ
سے اور خدا کے فضل سے زخم جلد بھر جاینگے اور جو ایک دن مین دو بار
روئی اس روغن مین تر کر کے زخم پر رکھین گوشت نیا جمتا ہے ہلدی دارو

ملٹھی دارہلدی ہر ایک دو تولہ دس ماشہ ساتھ دھرتہ چھت سے کے جسمین نخود برابان
کرتے ہین ملاکر اور پانی مین کھرل کرکے بعد اوسکے اون سب چیزون کو سوا سیر
پانی مین جوش کرین کہ تہائی پانی باقی رہے اوسکے بھوک کو کفگیر سے اوٹھائین
اور دیگ اوسی طرح آگ پر رہے پھر اوس بھوک کو کپڑے مین باندھکر اوسی
دیگ مین نچوڑین جسوقت رطوبت اوسکی باقی رہے دور کرین بعد اوسکے
تل کا تیل چھٹانک کم سیر داخل کرکے ملائم آگ پر جوش دین کہ پانی بتمامہ جذب
ہو جائے نگاہ رکھین قوت اوسکی برس روز تک باقی رہے واسطے ہاتھ پاؤنکی
گانٹھون کے درد اور پرانے دردون کے لیے اگر پانچ تولہ ساڑہے سات ماشہ
موم چوہ اور ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ گندہ بیروزہ اضافہ کرین بہتر ہوگا اور
واسطے تعفن زخمون چیچک کے قدرے کافور اس روغن مین حلکرکے استعمال
کرین تو بہت نافع ہوگا **روغن** واسطے بہت گہرے زخم کے مفید ہے یہان تک
کہ اونٹ اور گھوڑے کے زخم کو فائدہ پہونچاتا ہے بھلانوان سات دانہ کو آدھ پاو
تل کے تیل مین بھونین کہ جلجائین بھلانوان کو دور کرکے اور سات ماشہ سنگجراحت
پیسکر اور ملاکر نگاہ رکھین وقت حاجت کے قدرے مرغ کے پر سے لگائین
دو تین دن مین اچھا ہو جائیگا **روغن** واسطے چھاجن کے کہ ہاتھ پاؤن پر
ہوتا ہے نکچھکنی دو تولہ سیندور چار تولہ نیلا تھوتھا اعلیٰ آٹھ تولہ تل کا تیل آدھ سیر پہلے
روغن کو جوش دین جسوقت جھاگ موقوف ہو جائین سیندور پیسکر ڈالین بعد
ایک گھنٹہ کے نکچھکنی اور دو گھنٹہ کے بعد بھنگ ڈالکر اوتار لیوین اور نگاہ رکھین
سوتے وقت کہ ہاتھ پانی سے خبردار نہو اور جس جگہہ یہ علت ہو اس روغن سے
چرب کرین اور آگ سے اوس موضع کو گرم کرین دو گھڑی تک مالش کرنی چاہیے
روغن واسطے سب طرح کے اقسام خارش کے گوگل سیندور رسوت نیلا تھوتھا
موم سفید ہر ایک چودہ ماشہ روغن تلخ تیئیس تولہ چار ماشہ گوگل کو قدرے
روغن مذکور مین حل کرین اور رسوت کو قدرے پانی مین حل کرکے اور موم کو

روغن مین پگھلا کر سبکو درہم کرین اور وقت حاجت کے ملین روغن کہ خارش اندام کو
جو بسبب رطوبت کے ہو دفع کرتا ہے روغن گل دس تولہ سرکہ پانی اجمود کا ہر ایک
ملائم آگ پر جوش دیکر حمام کے اندر بعد پسینہ آنے کے ملین اور گرم پانی سے دھو
اور اگر صفرا اور گرمی غالب ہووے اور رطوبت نہو تو روغن ساتھ سرکہ کے بدستور
ملین اور جب تک کھجلی موقوف نہووے قدرے روغن گل اور سرکہ اور تخم خشخاش
ملین روغن بیخ آکھ آکھ کی جڑ جسقدر چاہین روغن سرسون سے تسقیہ دیکر قرابہ میکو
رکھین واسطے خارش اور داد اور چھیپ اور جوڑون کے درد کے مفید ہے یہ نسخہ
طب المساکین سے منقول ہے باب ڈ سر اربوب کی نسخو نمین ہی رُب خشخاش
واسطے نزلات گرم کے نہایت نافع ہے پوست خشخاش کو مع تخم تبعداد دو سو عدد
کوٹین اور ایک رات دن سوا چار سیر پانی مین تر کرین اور جوش دین کہ آدھا پانی
باقی رہے پس صاف کر کے شکر چھٹانک اوپر آدھ سیر یا شہد یا مثلث مین قوام
دیوین کہ مثل لعوق کے گاڑھا ہو جاتے بعد اوسکے اقاقیا زعفران مازو لحیتہ التیس ایک
سا ڑھی تین ماشہ کوٹکر چھانکر گوندھین اور کبھی سادہ رُب تیار کیا جاتا ہی بغیران دواؤنکے رُب تربد محمد ذکریا
کہتا ہی کہ مین نے رُب تربد بنایا تھا قوت اوسکی سقمونیہ کی قوت سی قریب تر تھی بتاسہ مین گوندھ کر مین اگر دیتا
دست بہت آتے تھے اور مزہ دوا کا کچھ نہ معلوم ہوتا تھا پس طریق اوسکے تیار کرنیکا یہ ہے
کہ طلب کرین تربد یعنے نسوت جسقدر چاہین اور کوٹکر شیشہ مین بھرین اور پانی
اوسپر ڈالین اور سورج کے نیچے رکھین اور ہر روز کئی دفعہ بھگووین کہ پانی زرد
ہو جاوے پس پانی اوس سے جدا کرین اور جو چاہین کہ قدرے پانی اور ادھر
ڈالین کہ باقی قوت اور رنگ اور مزہ اوسکا لیوین بعد اوسکے پانیون کو جمع کرین
اور طغار پاکیزہ مین ڈالکر اور ایک کپڑا اوسکے اوپر ڈھک کر اور خاک سی محافظت
کرین اور سورج کے نیچے رکھین اور ہر روز حرکت دیتے رہین کہ مثل شہد کے
ہو جاتے نگاہ رکھین کہ خشک ہو جاتے رُب مرکب بواسیری دستون اور
معدی دستون اور پیچش اور نزف الدم اور خون حیض کو مجرب ہے اور بے نظیر

جامن پختہ نیلی اور پانی نچوڑا ہوا فالسہ کھٹے اور میٹھے کا اور عصارہ خمیر پختہ تینونکو
برابر وزن لیکر ملائم آگ پر قدرے گلاب اور عرق بارتنگ ڈالکر قوام دین اور
اگر خواہش ہو تو چہارم قند داخل کرین اور اگر چاہین اس دوا مین بعضے اجزاء
قابضہ مثل پوست بیرون پستہ اور صندل اور آنجبار بھی اضافہ کر کے استعمال
فرماتین اور صفراوی مزاج مین خمیرہ کے پانی نچوڑا ہوا زرشک کا اور پانی انار
دارمی کا اضافہ کرین **حرف الراء** دو باب پر شامل ہے **باب پہلا**۔
زروقات مین **زروق** یعنے پچکاری نافع ہے مثانہ کے پرانے زخمون کو
اور مفید ہے پیشاب کے راستون کے زخم کو افیون شادنج عدسی نشب یمانی
کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے ہر ایک تین رتی بول کندر ہر ایک چھ رتی گیرو
گل مختوم قیمولیا بارہ سنگہ کی سینگ جلے ہوئے ہر ایک ایکماشہ انزروت سفید
ڈیڑھ ماشہ مرہم سفیدہ کاشغری تین ماشہ روغن گل دو تولہ موم ساڑھے تین ماشہ بدستور
پچکاری دیوین **زروق** دیگر انزروت سفیدہ کاشغری ہر ایک ایک تولہ دم الاخوین
چھ ماشہ گوند ببول کا کتیرا ہر ایک تین ماشہ کوٹکر چھانکر دونون وقت دو دو ماشہ انمین
سے لیکر اور پانچ تولہ گدہی کے دودھ مین گھولکر پچکاری لیوین **زروق** جلن
اور گرمی اور پیشاب کے راستون کے زخم کو نافع ہے تربوز کے بیجون کی
گری لعاب اسپغول شیاف ابیض سفیدی مرغ کے انڈے کی روغن کدو ملاکر
سوراخ ذکر مین ٹپکائین **زروق** سوزاک اور پیشاب کے راستون کے
پرانے زخم کو نافع ہے شیاف ابیض کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری دم الاخوین
شادنج دھویا ہوا مساوی الوزن نرم پیسکر اور انار کے پانی مین ملکر رگڑکر پچکاری
لیوین **زراقہ** پیشاب کی جلن کی بیماری کو جو پرانی ہو مفید ہے اور بے بدل نسخہ
ہے نشب یمانی نیلہ تھوتھہ دونون کو برابر وزن پیسکر اور سوا سیر پانی مین حل کر کے
چار گھنٹہ لکڑی سے حرکت دیوین اور دن مین دو بار تین بار پچکاری دیوین کہ
مثانہ تک قوت اوسکی پہونچے **زروق** سوزش بول کو مفید ہے لعاب اسپغول

لعاب بہدانہ گوندببول کا سفیدہ کاشغری سفیدی انڈے کی باہم ملاکر پچکاری لیوین
زراقہ سوزاک اور قرحہ مجری بول اور سوزش بول کو مفید ہے شیاف ابیض کھیرے
ککڑی کے بیجون کی گری کدو کے بیجون کی گری دم الاخوین شادنج دھویا ہوا برابر
وزن نرم پیسکر عورتون کے دودھ مین ملکر پیسین اور پچکاری لیوین زرروق پوست
خشخاش نشاستہ ست ملٹھی کا پچکاری دیوین اور جو قدرے افیون اور اجوائن
خراسانی ملائین تو بہتر ہے زرروق پرانے زخم مثانہ اور پیشاب کی جلن کو نافع ہے
سفیدہ کاشغری کندر انزروت نشاستہ گوندببول کا دم الاخوین برابر وزن کوٹکر چھانکر
شیاف تیار کرین اور وقت حاجت کے قدرے اوسمین سے لڑکے کی
مان کے دودھ مین پیسکر پہچائین اور جو اور کوئی آفت مثانہ کے اندر ہووے
تو پچکاری کے ذریعہ سے دوا پہونچائین زرروق سوزش بول اور سوزش مثانہ کو
مجرب ہے گوندببول کا کتیرا اسفید نشاستہ اقلیمیا نقرہ ہر ایک ایکماشہ سفیدہ
کاشغری کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری ہر ایک دو ماشہ شیر خشت خوب
باریک پیسکر اور شیاف تیار کرکے نگاہ رکھین وقت حاجت کے دودھ مین
پیسکر پچکاری لیوین زرروق نئے زخم مثانہ کو جناب باری کے حکم سے جلد
اچھا کر دیتا ہے شیاف مامیثا مومیائی قسم اول زربسی ہر ایک چار رتی سبکو پیسکر
روغن بنفشہ بادام ملکر رگڑکر اور اوسی قدر دودھ لڑکے کی مان کا ڈالکر پچکاری
کے وسیلہ سے پہونچائین کہ زخم تک اثر اوسکا پہونچے آزمایا ہوا نسخہ ہے
زرروق واسطے سوزاک نئے اور پرانے کے مجرب ہے تربھلہ پانچ تولہ
سونف دیسی ایک تولہ آٹھ ماشہ دھنیہ کے بیج ایک تولہ آٹھ ماشہ نیلا تھوتھہ
ایک ماشہ مردار سنگ چار ماشہ سفیدہ کاشغری چار ماشہ سبکو کوٹکر رات کو
پانی مین بھگودین اور صبح کو صاف کرکے دو تین پچکاری اوسکی لیوین
اول چاہیے کہ نیلا تھوتھہ کو جلاکر اور پیسکر باریک کرکے پانی مین ملائین بعد
اوسکے اور دوائین ڈالین زرروق واسطے سوزاک نئے اور پرانے

اور بہنے پیپ کے نہایت مفید ہے اور نفع اوسکا اکثر مشاہدہ ہوا ہے کتھ سفید پپڑیا
تین جزو نیلہ تھوتھ ایک جزو دونون کو خوب باریک پیسین منہدی کے پانی یا خالص
پانی یا اسبغول کے لعاب مین ملاکر ایک ساعت بھگو دین کہ اکثر اوسکا پانی مین
سرایت کرے بعد اوسکے بوسیلہ پچکاری کے دو تین دفعہ پہونچائین غالب یہ ہے
کہ حاجت تیسری مرتبہ کی نہووے **زروق جید** واسطے بھرنے زخم مثانہ اور
راستون پیشاب کے نافع ہے منقول بیاض علوی خانصاحب سے گل مختوم
گل قیمولیا بارہ سنگہ کے سینگ جلے ہوتے ہر ایک ایکماشہ شادنج عدسی نشاستہ کانی
ہر ایک چھہ رتی افیون خالص سریش ایک ماشہ سفیدہ کاشغری تین ماشہ انزروت
سفید ڈیڑہ ماشہ مر یعنی بول کندر ہر ایک پانچ رتی سب دواؤن کو نرم پیسکر گدہی کے
دودھ یا اسبغول کے لعاب یا کسی اور شے کے لعاب مین حل کرکے پچکاری
دیوین اور کبھی اس نسخہ مین مومیائی کانی اصیل بقدر ایک ماشہ ملاکر جو استعمال
کیا گیا تو عجایبات غریبہ اصلاح قروح خبیثہ مثانہ مین مشاہدہ ہوے اور ایک خلقت
اوس سے مشکور ہوئی **زروق** تپھری گردہ اور تپھری مثانہ کو کہ سوراخ ذکر مین
اڑگئی ہو ریزہ ریزہ کرکے نکالتی ہے روغن گوکھرو کا روغن مولی کا ہر ایک تین تولہ
روغن عقرب ساڑہے دس ماشہ حجر الیہود کدو کے بیجون کی گری خربوزہ کے
بیجون کی گری حب کا کنج ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ کلتھی سات ماشہ پانی گوکھرو
تازہ کا چار تولہ ساڑہے چار ماشہ بنسراج تربا ہم جوش دیکر صاف کرین اور پھر روغنونکے
ساتھ جوش دین کہ روغن باقی رہے حجر الیہود اوسمین پیسکر سوراخ ذکر مین ٹپکائین
زروق جلیل القدر واسطے کھولنے پیشاب بند کے جو لسبب تپھری کے
اڑنے کے بند ہوگیا ہو فی الفور جاری کرتا ہے پارہ کو بذریعہ پچکاری کے سوراخ
نائزہ مین پیوست کرین اسطرح کہ پارہ بجمیع سوراخ نائزہ کے ہو اس عمل سے
تپھری یکسو ہو جائیگی اور پیشاب اوسی دم جاری ہوگا **باب دوسرا زرعونی**
مین زرعونی گردہ اور پشت کو مضبوط کرتی ہے اور ریگ مثانہ کو باہر نکالتی ہے

اورمنی کو بڑہاتی ہے یہ نسخہ بحرالجواہر کالی مرچ پیپل سونٹھ تج دارچینی لونگ کلیجن
ہرایک ایک جزو تودری سرخ تودری سفید بہمن سفید بوزیدان اندرجو کوٹھ شیر
ناگر موتھ بالچھڑ ہرایک تین جزو کوٹکر چھانکر شہد مین معجون بنائین **حرف الذال معجمہ**
ایک باب پر شامل ہے اور وہ تین فصل پر شامل ہے **فصل پہلی** ذرورات کے بیان
جو آنکھ اور کان کی بیماریون کو نافع ہین **فصل دوسری** ذروات تالو اور دہن
فصل تیسری اون ذرورات کے نسخو مین ہے جو نئے اور پرانے زخمون کے
واسطے مناسب ہین **ذرور سرد** گرمی کو آنکھ کی بٹھا دیتا ہے کافور مشک ہر ایک
دو جو گوند ببول کا سات ماشہ سفیدہ کاشغری شادنج عدسی موتی بے سوراخ سوختہ
ہرایک ساڑہے دس ماشہ راتینج چودہ ماشہ سبکو کوٹکر چھانکر استعمال کرین **ذرور**
بچون کی آنکھ کے درد کو دفع کرتا ہے اور بوجھ اور سختی اور غلظت پلکون کی دور
کرتا ہے معمول ہے اور نفع بین مشاہدہ ہوا ہے انزروت سرخ اگر بدبر بہو بہتر ہے
ورنہ سادہ بھی کافی اور معمول ہے ایک جزو اور سنگ بصری دو جزو چاکسو چھلے
ہوئے چار جزو بدستور ذرور تیار کرین اور پلکین اوٹھا کر بر کرین اور بند کرکے اوپر
آنکھ کے ملکر گیہون کی روٹی اور گھی اور شکر سے درست کرکے گدی رکھکر پٹی باندہین
اور اگر گرمی غالب ہو اور تسکین زیادہ مطلوب ہو تو برگ اور شاخین انار کی پیسکر
آنکھ پر باندھین **ذرور** ورم ملتحمہ اور آنکھ کی سرخی کو نافع ہے اور مجرب نکوہ جلی
ہوئی اور دھوئی ہوئی موتی بے سوراخ ریگ مکہ کہ زرگر چاندی کی جلا اوس سے
کرتے ہین برابر وزن لیکر ذرور کرین **ذرور** بچون کی آنکھ کے درد کو مفید ہے
منقول قادری سے انزروت پلا ہوا چاکسو ہر ایک تین تولہ مامیران دم الاخوین
ہرایک سات ماشہ بدستور ذرور کرین **ذرور** آنسو بہنے کے مرض کو نافع ہے
نیلا تھوتھ چھ تو زردہ ہر ساڑہے سترہ ماشہ رسوت سات ماشہ سونٹھ ساڑہے تین ماشہ
ذرور ہر زرد انزروت برابر وزن پیسکر ذرور کرین یہ بھی آنسو بہنے کے مرض کو
مفید ہے **ذرور سبل** مولفات جد مولف سے آرنڈ کے بیج ایک عدد نبات

مصری ساڑہے چار ماشہ انزروت ساڑہے تیرہ ماشہ سبکو خوب باریک پیسکر چھڑکین
یا سلائی سے لگائین اور وقت استعمال کے یہ گولیان کھائین افیون تازہ جاوتری
ہر ایک ساڑہے چار ماشہ ست ملٹھی کاکنیرا ہر ایک ساڑہے تیرہ ماشہ کو ٹکر چھانکر گولیان
بقدر فندق کے بنائین ہر روز ایک یا کم اوس سے نگلجائین **ذرور کان کی**
تازہ زخمون کو دور کرتا ہے اور پاک اور خشک کرتا ہے دم الاخوین سمندر جھاگ
مُر یعنے بول انزروت جوالکھار کندر شیاف مامیثا کوٹکر چھانکر فتیلہ سلائی پر لپیٹکر اور
شہد مین ڈبوکر اور خشک دوا اوسپر چھڑک کر کان مین رکھین **ذرور** بعد تنقیہ بدن کی
خلطون غلیظ سے واسطے تنقیہ کان کے میل اور کسافت سے حالت زخم
درونی اور بیرونی کان کے نہایت مفید ہے اور مجرب نسخہ ہے ایلوا انزروت
کندر دم الاخوین خبث الحدید زنگار برابر وزن کوٹکر اور چھانکر اگر باہر زخم کان کے
ہے تو اوسی طرح چھڑک دین اور جو کان کے اندر زخم ہے تو سرکہ مین ان
دواؤن کو گھولین اور شہد مین ملاکر بذریعہ فتیلہ کے پہونچائین **فصل دوسری**
اون ذرورات مین سے ہے جو تالو اور دہن کی بیماریون سے علاقہ رکھتے ہین
ذرور اربعہ گوشت جماتا ہے اور زخم سے خون بہنے کو باز رکھتا ہے اور
نکسیر کو بھی نافع ہے انزروت مُر کی یعنے بول کندر دم الاخوین برابر وزن کوٹکر
چھانکر استعمال کرین **ذرور** واسطے قلاع[1] کے مجرب ہے بنسلوچن جلے ہوئے
شیر خشت برابر وزن کوٹکر اور پیسکر چھڑکین **دیگر** واسطے قلاع سرخ کے رسوت سوا
پانچ ماشہ گلاب کے پھول بنسلوچن سماق[2] مسور دھوئی ہوئی ہر ایک ساڑہے
دس ماشہ خرفہ کے بیج چودھ ماشہ پیسکر زبان کے اوپر چھڑکین اور ایک گھنٹہ تلک
رکھین **ایضاً** واسطے قلاع سرخ بچون کے بنفشہ گلاب کے پھول دونون کو
پیسکر چھڑکین **دیگر** واسطے قلاع سرخ بچون کے دھنیہ خشک کے بیج گلاب کے پھول
سماق ہر ایک یکجزو زعفران نصف جزو کوٹکر چھانکر خشک چھڑکین یا موم روغن میں
تقطیر کر طلا کرین **دیگر** واسطے بثور دہن کے کہ بسبب بلغم کے عارض ہو نافع ہے

[1] قلاع پہنسیان ہوتی ہین کہ عارض ہوتی ہین منہ اور زبان کی جلد پر

[2] سماق پھل ایک درخت کا ہے بقدر مسور کے درخت اوسکا بقدر درخت انار کے ہوتا ہے ۱۲

مُرکی یعنے بول مازو فشار کندر۱ سبکو باریک پیسکر چھڑکین یا شہد مین ملاکر دہن اور مسوڑون پر ملین دیگر جوشش دہن کو کہ بسبب گرمی کے ہو نافع ہے گل گلاب گل انار توا کھیر کتھہ سفید سرمہ سفید تخم گل ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کافور ڈیڑہ رتی کوٹکر چھانکر چھڑکین دیگر کافور ایک رتی گگن دھول سرمہ سفید تخم دھنتر چھوٹی الایچی کاکڑا سنگی گل گلاب گل انار تخم انار کاہو کے بیج مُلہٹی ہر ایک ایکماشہ کتھہ سفید تین ماشہ دیگر نافع ہے قلاع سخت کو کہ مثل کانٹون کے زبان پر ہوتا ہے اور اہل دکن کی اصطلاح مین اجھر کہتے ہین معمول اور مجرب ہے خصوصًا بعد چھیلنے کے ساتھ برگ آرنڈ کے نبسلوچن کتھہ سفید کبابچینی سنگجراحت الایچی بڑی توا کھیر سفید شورہ قلمی برابر وزن کوٹکر چھانکر استعمال فرماوین ذرور واسطے قلاع کے مفید ہے خصوصًا واسطے بچون کے گھر بچھ نبسلوچن رسوت ملہٹی کھیل دہان کوٹکر چھانکر استعمال کرین دوا واسطے سب طرح کے قلاع کے معمول اور مجرب ہے گلاب کے پھول انار کے پھول توا کھیر چھوٹی الایچی کے دانہ کتھہ سفید کبابچینی ملہٹی کوٹکر چھانکر چھڑکین اور جو سردی مطلوب ہو تو قدرے کافور بھی بڑہاوین ذرور واسطے آکلہ کے مجرب ہے گلاب کے پھول سفید انار کی کلیان کمیلہ کتھہ ہندی سفید صاف کرکے ہر ایک ساڑھے چار ماشہ سنگ بصری سوا دو تولہ دو تین مرتبہ آگ مین سرخ کرکے سرد کرین کہ زردی اوسکی دور ہو وے سبکو کوٹکر چھانکر ہاون سنگ خارا یا ہاون نقرہ مین دو روز پے در پے سرکہ انگوری ڈالکر پیسین اور کسی برتن چینی مین پھیلاوین اور کپڑے سے موہنہ اوسکا باندھ دیوین اور سایہ مین سکھاوین اور زخم کو سرکہ سے دھوکر اوس دوا کو چھڑکین اور تھوڑی دوا اوسی مین سے لیکر اور گلاب اور سرکہ مین ملاکر تناول کرین غذا آش جو ترش دینی چاہیے اور گوشت اور گھی اور دہی سے پرہیز کرین ذرور قرطاس۲ واسطے آکلہ دہن کے مفید ہے سرب محرق یعنے سیسہ جلایا ہوا ہرتال زرد گندھک زرد ہر ایک ساڑھے تین تولہ بُرادہ تانبہ کا کاغذ جلا ہوا ہر ایک سات تولہ کوٹکر چھانکر برابر انی اور تر

۱ فشار کندر ریزہ ریزہ جو گھسنے سے کندر کے باہم جدا ہوتے ہین ۱۲

۲ قرطاس عربی لغت ہے بمعنی کاغذ کے اسی نام سے فارسی اور ہندی مین مشہور ہے ۱۲

۳ آکلہ عربی مین اوسکو کہتے ہین اور وہ زخم ہے خبیث بڑہتا جاوے زخم مین جابجا جیسے جالا ۱۲

اور سڑے ہوئے زخمون پر خشک استعمال کرین اور خشک پرانے زخم پر روغن گل اور شہد مین ملا کر لگائین **ذرور صعتر** واسطے دور کرنے آکلہ اور خشک کرنے پُرانے زخمون کے آزمایا ہوا ہے کافور چہارم جزو تخم ریحان بوداده نصف جزو پیاز کا پوست جلا ہوا ہر ایک جزو بال جلے ہوئے دو جزو

فصل تیسری ذرورات مین جو سب طرح کے نئے اور پُرانے زخمون کے لیے مناسب ہین **ذرور انزروت** پُرانے زخمون کو پاک کرتا ہے انزروت ساڑھے دس ماشہ انزروت مربی یعنے پلا ہوا اسفیده کاشغری ہر ایک سات ماشہ سفیدی انڈون کی ساتھ شیاف ابیض اور شیاف آبار کے ملا کر استعمال کرین **ذرور انزروت** گوشت زائد اور رطوبت کو دور کرتا ہے کندر مغاث دم الاخوین ہر ایک سات ماشہ تانبہ جلا ہوا ساڑھے سترہ ماشہ انزروت مازو شب یمانی کاغذ نیلگون جلایا ہوا انگور موتھ ہر ایک تین تولہ **ذرور اعظم** ذکر کے زخم کو اصلاح لاتا ہے اور آکلہ اور قروح ساعیہ دہان کو مفید ہے اور گلو اور سب طرح کی جسم کے زخمون کو نافع ہے اور زخمون کے خون کو بند کرتا ہے اور گوشت بہتر نیا جماتا ہے اور ورم ہونے نہین دیتا اور زخمون مین پیپ پڑنے نہین دیتا اور سواد کرنے کو مانع ہے سفیدہ رانگہ کا طوطیا ہی کر پانی دہویا ہوا کندر ہر ایک ایکجزو آدمی کے سر کے بال جلائے ہوئے گلنار پہاڑی گائے کے سینگ جلے ہوئے اگر موجود نہون ہڈیان جلی ہوئین اور برگ عناب گیرو ہر ایک دو جزو کپڑے مین چھانکر استعمال کرین اور اگر غیر گلو مین ہو تو ایلوا زرد ایک جزو مردار سنگ آگ پر رکھکر سرخ کرکے اور سرکہ مین ڈالکر اور دھوکر بمقدار دو جزو اضافہ کرین اور اگر فتیلہ اوسکا بنا کر سوزاک کے مرض مین استعمال کرین تو نہایت نافع ہوگا **ذرور** زخم ذکر کو مفید ہے خصوصاً واسطے ختنہ کے کتھ سفید مُردار سنگ ہڑ بہیڑہ مُرمکی یعنے بول مور ایلوا سب دواؤن کو برابر کوٹکر چھانکر زخم پر چھڑکین یا پُرانے کپڑے پر چھڑک کر باندھین اور زخم پر لپٹین اور بعد تین رات دن کے

حاشیہ: آبار اوسکو رصاص اسود بھی کہتے ہین فارسی اسرب اور ہندی سیسہ ۱۲

حاشیہ: قروح ساعیہ وہ زخم ہین کہ تھوڑا تھوڑا بڑھتے ہین اور ترقی قبول کرتے جاتے ہین اور دم بدم بڑھتے جاتے ہین ۱۲

کھولین انشاء اللہ تعالی مفید ہوگا **ذرور مسمی بحبکند** زخمون کو جلد اچھا کرتا ہے
خصوصًا اوس کے واسطے مجرب ہے اور چاہیے کہ جو ختنہ کرین اول اوسی طرح چھوڑ دین
کہ خون تمام نکلجائے بعد اوسکے یہ ذرور چھڑکین کتھ ہندی مردار سنگ بہیرہ بول ایلوا انزروت
سب دوا آنکو کوٹکر چھانکر زخم پر چھڑکین **دیگر** زخم پر باندھین جلد اچھا ہو جائیگا ہلدی لودھ
ایلوا ہلدی ملٹھی نسوت برابر وزن کو ٹکر چھانکر چھڑکین **ذرور** خصیون کی خارش اور پھنسیونکو
مفید ہے شادنج عدسی گیرو ایلوا برابر وزن کوٹکر چھانکر اول روغن گل سے چرب
کرین بعد اوسکے یہ دوا چھڑکین **ذرور** چڑیون کی بیٹ جسقدر چاہین جمع کرین
اور سرکہ انگوری مین خوب پیسکر زخم پر چھڑکین جلد اچھا ہو جائیگا اور جو اوسی طرح
تر باندھین تب بھی نفع کریگا **دیگر** واسطے پرانے ناصور کے سگ بچہ چشم ناکشودہ
کو جنگلی اوپلہ مین خاکستر کرین اور پیسکر زخم اور ناصور پر چھڑکین جلد اچھا ہو جائیگا +

حرف السین مہملہ چار باب پر شامل ہے **باب اول** سکنجبینات بزوری
اور ریوندی اور افتیمونی وغیرہ مین **باب دوسرا** اسنونات گرم اور سرد مین
باب تیسرا اسعوطات مین **باب چوتھا** سفوفات مین پانچ فصل پر منقسم ہے
فصل پہلی سفوفات مقویہ اعضاء رئیسہ اور شریفہ مین **فصل دوسری**
سفوفات مسہلہ ہر نوع مرض مین **فصل تیسری** اون سفوفات مین جو
قابض ہین اور اون سفوفات مین جو سب قسمون کو خلفہ اور پیچش اور گرم
دستون کے مفید ہین اور جاری ہونے خون اور مرض سل اور کھانسی کو نافع
ہین **فصل چوتھی** اون سفوفات مین جو بیماریون گردہ اور مثانہ اور اعضائے
تناسل کو نافع ہین **فصل پانچوین** سفوفات امراض جلدیہ مین مثل
خارش اور جذام اور چھیپ اور برص کے **باب پہلا** سکنجبینات مین
سکنجبین بزوری معتدل مرکب تپون کو نافع ہے اور تلی اور جگر کا
سدہ کھولتی ہے اور پیشاب کو بخوبی جاری کرتی ہے کاسنی کے بیج سونف
دیسی کے بیج ہر ایک دو تولہ سبکو کچلکر سوا سیر پانی اور چھ تولہ سرکہ مین ایک

رات دن بھگو دین اور جوش کرکے چھانین پھر آدھ پاؤ کم سیر قند سفید مین قوام
دیکر نگاہ رکھین **سکنجبین ریوندی** سُدّون کو کھولتی ہے اور حرارت معدہ اور
دل کو تسکین دیتی ہے اور واسطے کرب معدہ اور تپون صفراویہ اور تپ محرقہ
اور سوزش معدہ اور جاری کرنے پیشاب کے مجرب ہے اور بھونک غذا کی
بڑہاتی ہے کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری سات تولہ خربوزہ کے بیجون کی گری
ساڑہے تین تولہ کاسنی کے بیج پوست کاسنی کی جڑ کا ہر ایک چار تولہ ساڑہے چار ماشہ
سونف پوست سونف کی جڑ کا سونف رومی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ ریوند خطائی
ساڑہے سات تولہ قند سفید آدھ پاؤ کم سیر سرکہ انگوری گلاب ہر ایک چھٹانک کم
آدھ سیر بدستور مرتب کرین **سکنجبین ریوندی** تلی کی سختی کو دور کرتی ہے ریوند عصارہ بقدر
مجیٹھ پوست کبر کی جڑ کا پوست درخت بید کا بڑی مائین افتیمون غافث کشوث کے
بیج کاسنی کے بیج ہر ایک تین تولہ سرکہ اڑہائی پاؤ قند سفید آدھ پاؤ کم سیر پانی
بقدر حاجت دواؤن کو سرکہ اور پانی مین بھگو کر اور جوش دیکر صاف کرین اور
قوام دیکر نگاہ رکھین **سکنجبین فوہ** استسقا کی قسمون کو نافع ہے خصوصاً استسقا
طبلی کو مفید ہے اور ورم سخت جگر اور تلی کے ورم کو فائدہ بخشتی ہے اور سُدّہ
کھولتی ہے کشوث کے بیج اجمود کے بیج جعدہ بالچھڑ ہر ایک دو تولہ سونف کے
بیج پوست سونف کی جڑ کا پوست کبر کی جڑ کا سونف رومی کاسنی کے بیج پوست
کاسنی کی جڑ کا زوفای خشک مجیٹھ غافث افسنتین ہر ایک تین تولہ ڈیڑہ پاؤ
پانی اور تین تولہ سرکہ مین بعد بھگونے کے جوش دین اور صاف کرکے آدھ پاؤ کم سیر
قند مین قوام دیوین **سکنجبین** واسطے اوس آدمی کے جسکے چیچک کھسرا اور
آبلے نکلے ہون نافع ہے اور صفراوی دستون کو باز رکھتی ہے اور حرارت
گرم کو بجھاتی ہے گلنار فارسی تینتیس تولہ چار ماشہ گلاب کے پھولون کی کلیان
چھٹانک کم ڈیڑہ سیر سرکہ انگوری بہتر اور گلاب خوشبو مین ایک رات دن بھگو کر
جوش دیوین اور صاف کرکے آدھ پاؤ کم سیر قند مین قوام دین **سکنجبین** واسطے

جعدہ ایک گھاس ہے سفید رنگ پھول اوس کا پیلا یا زردی ہوتا ہے اور قسم بائی کو جعدہ کبیر کہتے ہین اور عربی مین ... کہتے ہین

جنیچک کے ابلون کے اول ظہور مین کام آتی ہے گلاب کے پھول آدھا جزو سرکہ شراب کا ڈیڑہ جزو دونون کو گلاب قدر حاجت مین ملا کر ایک رات دن نگاہ رکھین پھر جوش دین کہ نصف باقی رہے قند سفید تین جزو سرکہ کے ملا کر قوام دیوین سکنجبین افتیمون سادہ افتیمون اڑھائی چھٹانک دو سیر سرکہ انگوری اور قدرے پانی مین بھگوویں اور جوش دیکر خوب ملین اور نچوڑ کر سوا سیر قند سفید مین پکا کر قوام دیوین اور چار تولہ ساڑھے چار ماشہ اوسمین سے ماء الجبن کے ساتھ دیوین سکنجبین افتیمونی گرم مزاجون مین مستعمل ہے ہمراہ ماء الجبن کے دی جاتی ہے اجمود کے بیج پوست کاسنی کی جڑ کا پوست سونف کی جڑ کا ہر ایک نو ماشہ کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری ساڑھے بائیس ماشہ افتیمون افریطی بسفایج کاسنی کے بیج نیلوفر ہر ایک دو تولہ ساڑھے سات ماشہ سرکہ انگوری اور پانی مین جوش دین اور پوٹلی افتیمون کی آخر جوش مین ڈالین پھر ایک جوش خفیف دیکر حسب وقت مقدار سرکہ کے رہے صاف کر کے ہمراہ قند سفید کے قوام دیوین سکنجبین مالیخولیا اور سوداوی بیماریون کو مفید ہے ہمراہ ماء الجبن کے کام آتی ہے افتیمون کو پوٹلی مین باندھین اور گاوزبان فرنجمشک ہر ایک تین تولہ سبکو ایک رات اڑھائی چھٹانک سرکہ مین تر کرین اور صبح کو جوش دین اور صاف کر کے آدھ سیر قند سفید مین قوام دیوین اور ہمراہ ماء الجبن کے استعمال کرین دیگر قریب المنفعت اول سے اسطوخودوس سونف دیسی شاہترہ کے بیج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ افتیمون بسفایج سنا مکی کابلی ہر ہر ایک تین تولہ جو دوائین کوٹنے کی ہین کوٹین اور اڑھائی چھٹانک سرکہ مین بھگوویں اور چھٹانک کم آدھ سیر قند مین قوام کرین سکنجبین افتیمونی حکیم محمد ہاشم علوی سے منقول ہے نافع ہے واسطے سوداوی بیماریون کے گاوزبان شاہترہ بسفایج بنفشہ کے پھول نیلوفر کے پھول گاوزبان کے پھول ملوخیہ خشک بتسراج بادرنجبویہ کاسنی کے بیج کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری خربوزہ کے

له افتیمون لغت یونانی ہے بمعنی دوائے مجنون ہندی مین اکاس بیل اور اصل مین ... کہتے ہیں

بجون کی گری کشوث کے بیج افتیمون پوست کاسنی کی جڑ کا پوست سونف کی جڑ کا
ماہئی اسطوخودس ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ گلاب کے پھولون کی کلیان دو تولہ
ساڑہے سات ماشہ سنا مکی افتیمون ہلیلہ ہر ایک تین تولہ انجیر زرد بیس دانہ مویز منقے
چالیس دانہ سب دوائین کوٹنے کی کوٹکر اور سب داؤن کو سوائے افتیمون کے
چھٹانک کم آدھ سیر سرکہ انگوری اور سوا سیر خالص پانی مین ایک رات بھگا کر صبح کو
جوش دین اور افتیمون کو علحدہ پوٹلی مین باندھکر نگاہ رکھین پھر اوسکو اوس جوشاندہ
مین جسمین ترنجبین خراسانی اکیس تولہ ساڑہے دس ماشہ اور شکر سلیمانی تین پاو
سیر حل کی ہو جوش کرین اور جھاگ اوتار کر صاف کرین پھر دوسری مرتبہ ملایم
آگ پر جوش دین جسوقت قریب قوام کے پہونچے پوٹلی افتیمون کی اوسمین
ڈالکر دو جوش اور دیوین اور پوٹلی کو خوب اولٹ پلٹ کرین جسوقت قوام
ہو جائے قدرے گلاب سے دھووین اور گلاب کو سکنجبین مین داخل کرین
اور پوٹلی کو دور کرین اور سکنجبین کو شیشہ مین نگاہ رکھین قدر خوراک اوسکی
پونے چار تولہ سے پانچ تولہ ساڑہے سات ماشہ تک ہے اور قوت اوسکی برس
دن تک باقی رہتی ہے باب دوسرا سنونات مین یعنی منجن کے نسخونمین
سنون رنگ مسی کا ظاہر کرتا ہے اگر اوسکے اوپر پان چبائین شنگرف
سونا مکھی نیلہ تھوتھہ ہیرا کسیس کتھہ پاپڑیا ہر ایک ایکتولہ آٹھ ماشہ لیمون کے پانی
مین خوب کھرل کرین اور کپڑمین چھانکر خشک کرین اور حاجت کے وقت
قدری اوسمین سے دانتون پر ملکر اوسکے اوپر برگ پان کھائین فی الفور
دانت رنگین ہو جائینگے اور اگر اس دوا کو منجن کی طرح دانتون پر ملین بھی نفع
بخشیگی سنون بارد واسطے گرم بیماریون کے معمول اور مجرب ہے
اور واسطے جمادینے مسوڑون کے گوشت کے اور دور کرنے عفونت
مسوڑون اور مضبوط کرنے ہلتے ہوئے دانتون کے تجربہ مین آیا ہے
بنسلوچن ساڑہے دس ماشہ گلاب کے پھول ساڑہے دس ماشہ مرلیغی لوبان

حب کا گنج بڑی مائین مامیران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ موتی بے سوراخ
گیرو بھونا ہوا دم الاخوین ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مونگا جلا ہوا صندل سرخ ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ **سنون** دانتون کو سخت کرتا ہے اور مُنہ کو خوشبو دیتا ہے قصب
یعنی نل جلایا ہوا سمندر جھاگ راکھ لوہے کی بڑی مائین نمک جلا ہوا رکابی جینی کی
گلنار عاقر قرحا لونگ تیج پات حماما ناگر موتھ اگر جلا ہوا گلاب کے پھول سماق برابر
وزن لیکر پیسین **سنون** دانتون کے خون کو قطع کرتا ہے سُک بڑی مائین
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ عصارۃ لحیۃ التیس گل مختوم اہل یعنی ہوہ بیر ہر ایک
اکیتولہ آٹھ ماشہ دارچینی دس ماشہ دیگر دانتون سے خون بہنے کو باز رکھتا ہے کتھ
ہندی چھالیہ گلنار گلاب کے پھول دم الاخوین سماق برابر وزن کوٹکر چھانکر
رات کو چھڑکین اور صبح کو ساتھ پانی اور گلاب کی کلیان کرین **سنون** واسطے دانتونکی
درد اور مضبوط کرنے دانتون کی جڑ اور دفع اکثر بیماریون مسوڑھے کے مجرب ہے
نیلا تھوتھ بھونا ہوا دھینہ کے بیج بھونے ہوئے زیرہ سفید سونٹھ کوٹھ شیرین
کالی مرچ کتھ ہندی نمک سیاہ نمک ہندی نمک سونچر کسیس مصطگی رومی سب برابر
وزن کوٹکر سنون کرین **دیگر** مُنہ کو خوشبو دیتا ہے اور دانتون کو سفید کرتا ہے
سمندر جھاگ نمک بھونا ہوا ہر ایک ساٹ ماشہ زراوند طویل سُک تخم مورد
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اگر ہندی جلایا ہوا رکابی جینی کی بڑی مائین گلنار
عاقر قرحا لونگ تیج پات گلاب کے پھول ناگر موتھ سماق ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
کوٹکر چھانکر دانتون پر ملین **سنون** زردی اور سیاہی دانتونکی دور کرتا ہے
بڑی مائین سونٹھ سمندر جھاگ پیپل الایچی ہر ایک سات ماشہ جو جلے ہوئے
دو تولہ نمک بھونا ہوا تین تولہ **سنون** بہت مقوی ہے اور مسی کی جگہ کام
آتا ہے نمک سانبھر اکسیس دھاوہ کے پھول سپیاری چھالیہ جلی ہوئی نیلا
تھوتھ بھونا ہوا پھٹکری مجیٹھ سنگھراحت ماجو پھل بھونا ہوا سب برابر وزن پیسکر
استعمال فرمائین **دیگر** ہمیشہ معمول ہے اور واسطے دانتون کے درد اور

بہنے خون اور مضبوط کرنے دانتون کی جڑ اور دور کرنے اکثر دانتون کی
بیماریون کے مجرب ہے نیلہ تھوتھ جلایا ہوا پھٹکری جلی ہوئی نمک لاہوری
کتھ پاپڑیا مازو جلا ہوا اپڑی الایچی کے دانے سبکو برابر وزن کوٹکر چھانکر استعمال
کرین اور جو دانت ہلتے ہون تو ہیرا کسیس او مصطگی رومی اور مازو ہی سبز بہی
اضافہ کرین دیگر دانتون کے درد کو دور کرتا ہے اور جڑ دانتون کی مضبوط
کرتا ہے موسنگے کی جڑ پیسی ہوئی چھ ماشہ نبسلوچن سفید دھنیہ خشک املی کی بیج
چھالیہ سماق ہر ایک ایکتولہ کہربا چھ ماشہ کتھ ہندی دو ماشہ چھ چاول کوٹکر
چھانکر دانتون پر ملین دیگر دانتون کے درد کو دور اور جڑونکو مضبوط کرتا ہے
اور مسوڑونکا گوشت زاید دفع کرتا ہے نیلہ تھوتھ کتھ ہندی ہر ایک چودھ ماشہ
نمک لاہوری سات ماشہ ریزہ سفید ساڑھے تین ماشہ دھنیہ خشک بھونا ہوا
سات ماشہ سونٹھ پونے دو ماشہ مرچ پونے دو ماشہ مصطگی کسیس کپور کچری کبابچینی
بجر ونتی ہر ایک پونے دو ماشہ سب دواؤن کو کوٹکر اور چھانکر باریک پیسین اور
مصطگی اور کوٹھ اور کسیس کو علحدہ علحدہ پیسین اور نیلہ تھوتھ کو آگ پر بھونین
اور سبکو ایکجا کرکے صبح اور شام مانند مسی کے استعمال کرین مگر بعد استعمال کے
چار گھڑی تک پانی سے بچین اور یہ منجن دانتون کی مضبوطی کے واسطے بے نظیر ہے

باب تیسرا سعوطات مین سعوط مجرب ہے واسطے درد سر اور آدھا سیسی
پرانی کے مشک خالص چار رتی روغن پستہ مین حل کرین اور چند قطرہ ناک
مین ٹپکائین سعوط واسطے درد سر سرد کے نافع چونہ کو قدرے نوشادر کے
ساتھ لیکر ہتیلی پر ملین کہ پانی ہوجاتے نزدیک ناک کے لیجاکر چند مرتبہ سانس
کھینچین مجرب ہے سعوط واسطے درد آدھا سیسی کے بہت نافع ہے جند بیدستر
جاوشیر ریچھ جانور کا پتہ زعفران برابر وزن کوٹکر چھانکر اور دونا مرواکے پانی مین
گوندھ کر نسل مسور کے گولیان بنائین اور ایک گولی اوسمین سے لڑکے کی
مان کے دودھ اور روغن بنفشہ مین گھولکر ناک مین ٹپکائین سعوط واسطے

درد سر دودی سے کے یعنے وہ درد سر جو بسبب کیڑون سے کے ہو مفید ہے اور جس قسم کے
کیڑے مقدم دماغ مین ہون اس سعوط سے بحکم الٰہی سب نکل آتے ہین اور نسخہ
درد سر کو نفع کامل بخشتا ہے پانی نیم کی تپیون کا ہمراہ روغن بادام سے کے اور جو حرارت
مزاج مین ہو تو ہمراہ روغن کدو سے کے ملا کر ناک مین ٹپکائین اور اسی طرح سعوط شاہترہ کے
پانی سے کے ساتھ مفید ہے سعوط بدبو ناک کی دور کرتا ہے مُرکی کو نعناع سے کے
پانی مین حل کرسے کے ناک مین ٹپکائین سعوط نافع ہے اوس آدمی کو کہ بوی نیک
احساس کرے اور بوی بد نہ معلوم ہووے مشک کو ہمیشہ ناک مین ٹپکائین جبتک
بدبو ناک کی دفع ہووے سعوط نافع ہے اوس آدمی کو جو بوی بد ادراک کرے
اور بوی نیک نہ معلوم ہووے یہ ہے کہ ہمیشہ جندبیدستر ناک مین ٹپکائین جب تک
کہ یہ مرض دور ہووے سعوط جنون احتراقی کو مفید ہے نکوکہ کو ٹین اور نچوڑ کر
جوش دین اور صاف کرسے کے ہمراہ روغن نیلوفر اور سفیدی مرغ سے کے انڈے کی
لڑکے سے کے مان کا دودھ ملا کر ناک مین ٹپکائین سعوط حافظہ کو قوی کرتا ہے اور
نسیان بلغمی کو دور کرتا ہے بعد تنقیہ عام بدن اور خاص سر سے کے مشک خالص ہم وزن
دو جو سے کے جندبیدستر برابر ایک جو کے دونون کو روغن یاسمین مین حل کرسے کے
ناک مین ٹپکائین سعوط واسطے مرض دوار اور سدر سے کے مجرب ہے موميائی
مقدار مسور سے کے روغن مین پگھلا کر مشک تبتی کافور قیصوری جندبیدستر ہر ایک بوزن
دو جو سے کے خوب باریک پیسکر اور باہم ملا کر پانی مین سعوط کرین سعوط جو بچہ چار برس
کی عمر سے زیادہ مرض مرگی مین مبتلا ہوا ہوسکے واسطے یہ نسخہ مفید ہے
جندبیدستر چار رتی ڈیڑہ چاول ایلوا مرکی یعنے بول ہر ایک پونے دو ماشہ سب
کو کوٹکر چھانکر ساتھ پانی شاہترہ یا پانی دونا مروا کی گوندھ کر اور گولیان بشکل مسور کے
بنا کر ہمراہ مناسب پانیون سے کے ناک مین ٹپکائین سعوط ہندی واسطے مرگی
کا کہ زمانہ اوسکا بہت گذرا ہو مفید ہے اور آزمودہ بارہا کا ہے کنائی خورد خشک سے کے
کلپھل پھٹکری ہر ایک چھ ماشہ کوٹکر چھانکر ناس تماکو بوزن چار بھلولی سے کے ملا کر ہر روز

دوبار ناس لیوین سعوط شدہ کھولتا ہے اور ریاح دماغی کو تحلیل کرتا ہے مومیائی
جند بید ستر فرفیون برابر وزن کوٹکر چھانکر بقدر دو جو کے ساتھ روغن زیتون یا
روغن چنبیلی یا شل اوسکے ناک مین ٹپکائین سعوط قوی زیادہ واسطے بواسیر کے
نفسب بما فی کہ ایک قسم بھٹکری کی ہے تانبہ جلا ہوا قلقند یعنے سبز بھٹکری
اور قلقطار یعنے زرد بھٹکری سوسن کی جڑ سفید زاج سیاہ یعنے کالی بھٹکری نطرون
کہ ایک قسم جوا کھار کی ہے کوٹکر چھانکر ساتھ پانی انار ترش یا شراب انگوری یا شل
اوسکے ناک مین ٹپکائین اور جو بتی یعنے فتیلہ انار ترش کے پانی یا سرکہ انگوری یا
پودینہ کے پانی مین ترکرین اور یہ دوائی مذکورہ اوسپر چھڑکین اور ناک میں وہ
فتیلہ کو رکھین تب بھی مفید ہے باب چوتھا سفوفات مین پانچ فصل
شامل ہے فصل اول سفوفات مقوی اعضاء رئیسہ اور شریفہ مین +
سفوف عنبر معمول اور مجرب ہے واسطے اکثر بیماریون دل کے اور
غشی اور خفقان سرد کو بے بدل ہے اور فی الفور تقویت عجیب بخشتا ہے
عنبر اشہب مشک خالص عطر گلاب ہر ایک ایکماشہ تج تیج پات اگر غرقی دانہ الائچی
سفید مصطگی تگر پوست زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا لونگ سونٹھ انار دانہ جایفل بڑی الائچی
ہر ایک لیک ماشہ نبات مصری تیرہ تولہ چار ماشہ سبکو جدا جدا کوٹکر چھانکر اور
ایکجا کرکے عطر ملکر نگاہ رکھین بس وقت حاجت کے دو ماشہ تین ماشہ دیوین
سفوف لولوی واسطے ضعف دل اور خفقان سوداوی اور مالیخولیا کو
مفید ہے موتی بے سوراخ کہربای شمعی ابریشم کترا ہوا حجر ارمنی دھویا ہوا ہر ایک
سوا پانچ ماشہ پوست کابلی ہڑ کا کالی ہڑ آملہ پاک کیا ہوا پوست بہیڑہ تخم فرنجمشک
تخم بادرنجبویہ گاوزبان اسطوخودوس افتیمون گیروا گہ ہندی ناگر موتھ لونگ دھنیہ
خشک ہر ایک ساڑھے دس ماشہ خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے کدو کے بیجو کی
گری ہر ایک چودہ ماشہ کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ
ساتھ عرق بادرنجبویہ اور شربت سیب شیرین کے دیگر گاوزبان گیلانی دانہ الائچی تخم

ہر ایک چہارم جزو آملہ مدبر نیم جزو دارچینی دھنیہ خشک چھیلا ہوا گاوزبان کے پھول
ہر ایک ایک جزو کوٹکر چھانکر شکر تری دو وزن اوسمین ملاکر استعمال فرمائین دیگر
واسطے خفقان گرم کے کاسنی کے بیج کاہو کے بیج چھیلے ہوئے خرفہ کے بیج
بنسلوچن صندل سفید گلاب کے پھول دھنیہ خشک گاوزبان مونگے کی جڑ کہربا موتی
بے سوراخ ہر ایک ایک جزو کو ٹکر چھانکر سات ماشہ اوسمین سے استعمال فرمائین
دیگر خرفہ کے بیج میٹھے کدو کے بیجون کی گری دھنیہ خشک گاوزبان گل مختوم
کافور بادرنجبویہ کے بیج بادروج کے بیج کشوث کے بیج کہربا موتی بے سوراخ ابریشم
خام ہلیلہ ہندی آملہ لاجورد اگر بہت باریک پیسکر سفوف بنائین سفوف ہر واسطے
دفع بیماریون قلبی اور دماغی اور وسواس اور خفقان کے نفع عجیب کھتا ہے
اور فرحت لاتا ہے اور حافظ جنین ہے یعنے رحم مین بچہ کو نگاہ رکھتا ہے موتی
بے سوراخ مونگے کی جڑ یاقوت سونا چاندی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ گیرو ابریشم
کترا ہوا حجر ارمنی یا لاجورد ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید درونج عقربی
تخم ریحان بادرنجبویہ زیرہ گلاب کا مصطگی ساڑھے سترہ ماشہ کابلی ہڑ گاوزبان ہر ایک
تین تولہ کوٹکر چھانکر ساڑھے تین ماشہ سے سات ماشہ تک عرق گاوزبان اور
شربت حماض کے ساتھ استعمال کرین سفوف دوار الجزون کو نافع ہے
اور درد سر گرم ریحی کو مفید دھنیہ خشک خشخاش کے بیج کاہو کے بیج نبات سفید کوٹکر چھانکر
سفوف تیار کرین سفوف ارسطاطالیس کہ واسطے اسکندر کے تجویز
کیا گیا تھا وسواس اور مالیخولیا اور ضعف دل اور نسیان کو نافع ہے اور دربے
اور ہضم طعام اور خوشبو کرنے منہ کے مفید ہے اور تذکرہ مین یہ نسخہ نافع
لکھا ہے واسطے دفع ریاح اور بخارات اور حرقت اور قطع عرق فاسد اور بو
بدن کی بھی نافع ہے اور قوت اسکی تین برس تک باقی رہتی ہے عنبر اشہب
مشک خالص ہر ایک ساڑھے تین ماشہ تج تیج پات اگر ہندی چھوٹی الایچی نگر
مصطگی کابلی ہڑ فرنجمشک ناگیسر زرنبرہ کبابہ دارچینی قلمی کالی مرچ سونٹھ لونگ

انار دانہ جائفل کافور بڑی الایچی ہر ایک ساٹ ماشہ نبات سفید شش گونہ سب دوا کی
قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ سے ساڑھے دس ماشہ تک پانی سرد کے ناشتا ناول
کرین اور بعد غذا کے نافع تر ہوگا **سفوف مقوی** شقاقل بوزیدان خصیۃ الثعلب
بہمن سرخ بہمن سفید تخم اوٹنگن بادام کی گری گاؤزبان کے پھول خربوزہ کے
بیج کھیرے ککڑی کے بیج بنفشہ کے پھول گلاب کے پھول خشخاش سفید کے بیج
مایہ ثغر اعرابی کوٹکر چھانکر برابر وزن سفوف کرین اسمین ہر روز چھ ماشہ مناسب چیزون کے ساتھ
دیوین **سفوف** عورت کی چھاتیون مین دودھ بڑھاتا ہے اور منی مردون کی
زیادہ کرتا ہے شلجم کے بیج تخم رطبہ مولی کے بیج تخم گندنا پیاز کے بیج آٹا جو کا ستو
بیج ترہ تیزک کے بیج سب برابر وزن اور بعضے نسخون مین جہگے آٹے کی جگہ
چنے کا آٹا ہے کوٹکر چھانکر صبح اور شام دودھ کے ساتھ تناول کرین **سفوف**
مقوی باہ تج خراسانی موصلے سفید و کھنی ستاور بہمن تال مکھانہ کوکھرو اسگند ناگوری
لسوڑہ بالچھڑ گوند ڈھاک کا گوند سیمبل کا بھوپھلی موچرس اوٹنگن کے بیج کونچ کے بیج
موصلے سیاہ گوند ناگوری سروالی حسن یوسف سمندر سوکھ کوٹکر چھانکر سفوف تیار
کرین دیگر صاحب تحفہ نے تعریف اوسکی بہت لکھی ہے اور کہا ہے کہ واسطے
درد پشت اور رہنے منی اور تقویت اعضا اور سستی آلات بول اور اعضاء تناسل
کے مجرب ہے اور ترجمہ ماہر سے منقول ہے چھالیہ دو تولہ پونے دس ماشہ پار
پیسکر اور دارچینی دو تولہ ساڑھے سات ماشہ کوٹکر چھانکر اضافہ کرین اور مٹی کی کوری
رکابی مین جو خوشبودار ہو رکھکر اور نرم آگ پر چڑھا کر پانچ چار مرغ کے انڈون کی
زردی جسقدر مین معجون ہو سکے ملا کر مغز پستہ سوا گیارہ ماشہ نبات مصری سفید
سوا گیارہ ماشہ اوسپر اضافہ کر کے کل دوا کو ایک ڈن مین تناول کرین دیگر واسطے
خفقان اور دفع نفخ و قراق اور توڑنے ریاح اور ہیجان نہ ہونے اشتہا اور دفع ملامت
شکم کے مجرب ہے سونے کے ورق چاندی کے ورق عنبر اشہب ہر ایک
ساڑھے چار ماشہ اور آٹھ جو موتی نے سوراخ سنگ یشم سبز زہر مہرہ صندل سفید

ابریشم کترا ہوا طباشیر سفید پوست بیرون پستہ دانہ الائچی چھوٹی کے دھنیہ خشک
بھونا ہوا سونف بھونی ہوئی آملہ پاک کیا ہوا کابلی ہڑ کا گودا گھی مین بھونی ہوئی زرشک
بے دانہ سماق انار دانہ دارچینی مصطگی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ بدستور سفوف
بنا کر آٹھ ماشہ اوسمین سے کھاتین دیگر ہتلی کو نافع ہے اور گرم مزاج والونکی قے کو دفع کرتا ہے اگر غرقی ساڑھے تین ماشہ
پوست بیرون پستہ پودینہ خشک سات ماشہ گلاب کے پھول طباشیر سفید ہر ایک ساڑھے ستر ماشہ زرشک
بیدانہ سماق انار دانہ ترش ہر ایک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ سفوف کرین دیگر واسطے ہچکی قسم کی معمول و مجرب ہے
ملہٹی نو ماشہ کو ٹکر اور چھ ماشہ نبات سفید مین ملا کر سفوف تیار کرین اور اوسکے تین حصہ کرین ایک حصہ صبح اور ایک
دو پہر ایک شام ہر پانی کے ساتھ کھاتین اور اگر مواد بلغمی ہو تو شہد مین گوندھ کر دیوین دیگر واسطے قے بلغمی اور صفراوی کے
مجرب ہے سماق زیرہ کرمانی برابر وزن کو ٹکر چھانکر بعضے رب ترش مناسبہ کے ساتھ دیوین دیگر واسطے یرقان کے گل درخت
ببول پیسکر او سکے ہموزن شکر مین ملا کر ہر صبح ایک کفدست دیوین سفوف ہاضم
بھونک غذا کی پیدا کرتا ہے اور گرم مزاجون کے مناسب ہے اور بند آئے
دستون کو نافع نمک اندرانی خورد خورد توڑ کر اور رکابی مین مٹی کی رکھکر لوہے کے
گرم توے پر رکھین اور سرکہ اوسکے اوپر چھڑکین اور حرکت دیوین جب خشک
ہو جائے تو اور چھڑکین اور اسی طرح سرکہ مکرر چھڑکتے رہین بعد اوسکے اوسکے
پونے نو تولہ اگر اوسمین سے ہو تو دھنیہ بھونا ہوا عصارہ زرشک انار دانہ بھونا ہوا
سماق ہر ایک ثلث اوسکے کہ تین تولہ ہوتا ہے اضافہ کرین اور کوٹکر چھانکر بقدر
حاجت تناول کرین سفوف ہندی طبیبون کی تالیفات سے ہے کہ اوسکو
پھلونہ کہتے ہین مقوی معدہ اور ہاضم ہے پوست زرد ہڑ کا گول مرچ ہر ایک
دو تولہ کابلی ہڑ سونٹھ پیپل نمک تلخ ہر ایک چار تولہ نمک لاہوری نمک ہندی نمک طعام
آٹھ تولہ چھوٹی الائچی زیرہ سبز بھونا ہوا سونف آملہ گٹھلی دور کیا ہوا نمک سیاہ
دھنیہ خشک چھیلا ہوا ہر ایک پاؤ سیر انار دانہ اجواین ہر ایک ایک سیر کو ٹکر
چھانکر اور پانچ سیر لیمون کے پانی مین بھگو کر سایہ مین خشک کرین اور پیسکر
شیشہ مین نگاہ رکھین قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ بعد غذا کے تناول کرین

سفوف ہندی بھونک کھانے کی پیدا کرتا ہے اور ہاضم ہے نبسلوچن سات ماشہ مرچ پیپل پیپل کی جڑ نمک سونچر زیرہ سفید جوا کھار چیتہ تالیسر دھنیہ چاب چوک ترش تجریک چھوٹی الائچی تیرج تج ہر ایک اٹھائیس ماشہ سونٹھ چھپن ماشہ انار دانہ دو سو پچاس ماشہ سبکو باریک کرکے اور قند اور مصری مین ملاکر چھ ماشہ سے ایک تولہ تک کھائین

سفوف حب الرمان یعنے انار دانہ کا سفوف ضعف معدہ اور آنتون کے دستونکو مفید ہے اگر خام پونے دو ماشہ آملہ پونے سات ماشہ بلوط سماق زیرہ کرمانی مدبر تخم مورد سنجد دھنیہ خشک بھونا ہوا خرنوب آنا بیر کا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ انار دانہ بھونا ہوا تین تولہ کوٹکر چھانکر رب بہ کے ساتھ استعمال کرین قدر خوراک ساڑھے دس ماشہ **سفوف ذرب** چوکے کے بیج زرشک نے دانہ گٹھلی مویز کی دھنیہ خشک بھونا ہوا گلاب کے پھول خرنوب شاہ بلوط نبسلوچن ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سماق تخم مورد ہر ایک سات ماشہ انار دانہ چودھ ماشہ کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین **سفوف حبالی** واسطے عورتون حاملہ کے نافع ہے خراب بھونک بری بری چیزون کی اور بھونک مٹی کھانے کی دفع کرتا ہے بڑی الائچی چھوٹی الائچی کباب چینی برابر وزن شکر برابر سبکے ملاکر تیار کرین قدر خوراک سات ماشہ گرم پانی کے ساتھ **سفوف گرم** مستی کو دور کرتا ہے اور شراب کے نشہ کا اثر نہین ہونے دیتا اگر پہلے شراب پینے سے تناول کرین مغز تخم کرم مغز تخم بادام تلخ مغز بادام شیرین پودینہ باغی برابر وزن کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین **سفوف** درد سر صفراوی کو نافع ہے مغز تخم مقشر کدو کے بیجون کی گری دھنیہ کے بیج برابر کوٹکر چھانکر ہموزن شکر مین ملاکر ایک کف یا دو کف یا تین کف تناول کرین ✤✤

فصل دوسری سفوفات مسہلہ مین واسطے سب طرح کی بیماریون کے

سفوف ہلیلہ طحال اور یرقان سیاہ کے بیماریون کو مفید ہے جو بعد بالسلیقہ اور اسلیم کے ہمراہ ماء الجبن صرف یا مع سکنجبین افتیمونی کے کھایا جاتے پوست زرد ہڑ کا ساڑھے دس ماشہ پوست کالی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا ہر ایک سات ماشہ

افتیمون افریطی ساڑہے تین ماشہ ایارج فیقرا پونے دو ماشہ نمک ہندی چار رتی
ڈیڑہ چاول کوٹکر چھانکر سفوف بنائین سب ایک خوراک ہے کمی اور بیشی اسکی
طبیب پر لازم ہے **سفوف سودا** کہ مبارک اور نافع ہے واسطے مالیخولیا
اور وسواس اور سب سودا وی بیماریون کے مثل چھیپ سیاہ اور جذام
اور ورمون سوداویہ اور سوکھی کھجلی اور خارش تر اور داد اور سواے اوسکے
سنگ لاجورد سات ماشہ تخم بالنگو ساڑہے دس ماشہ حجر ارمنی دھویا ہوا کالی ہڑ
پوست کابلی ہڑ کا پوست زرد ہڑ کا ہر ایک چودہ ماشہ سنا مکی بنفشہ کے پھول
ساڑہے سترہ ماشہ شاہترہ کے بیج پونے دو تولہ افتیمون روغن بادام مین چکنی کی
ہوئی دو تولہ سبکو کوٹکر چھانکر اور تہوڑی شکر مین ملاکر سفوف تیار کرین روز چہ
ماشہ ساتھ عرق گاوزبان یا ماء الجبن کے تناول کرین **سفوف مسہل** حکیم
علویخان کے مخترعات سے ہے سودا اور بلغم غلیظ کو نکالتا ہے اور آزمایا ہوا
اور کچھ شک و شبہ نہین رکھتا تربد سفید چھیلی ہوئی سوراخ دار اور روغن بادام
مین چرب کی ہوئی پوست زرد ہڑ کا سنا مکی ہر ایک ساڑہے تین ماشہ سونٹھ
چار رتی ڈیڑہ چاول غاریقون بیخ سفید ریوند چینی بسفایج اسطوخودوس افتیمون
گلاب کے پھول کتیرا ہر ایک ایکماشہ تین چاول نبات مصری سفید سات ماشہ
کوٹکر چھانکر اور روغن بادام شیرین مین چرب کرکے قدر خوراک سات ماشہ
یا نو ماشہ ہمراہ پانی نیمگرم کے **سفوف** کہ ماء الجبن کے ساتھ دیا جاتا ہے
نمک نفطی لاجورد دھویا ہوا ہر ایک ساڑہے تین ماشہ پوست کابلی ہڑ کا غاریقون
ساڑہے دس ماشہ بسفایج گاوزبان گیلانی گاوزبان کے پھول اسطوخودوس
افتیمون ہر ایک چودہ ماشہ پوست کابلی ہڑ کا کالی ہڑ ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ
کوٹکر چھانکر نو ماشہ تناول کرین **سفوف سورنجان** اختراع علویخان نافع
ہے واسطے سب طرح کے اقسام مفاصل اور نقرس اور درد پشت اور
عرق النسا اور تشنج کے جو بسبب مواد غلیظ کے ہو مجرب ہے سورنجان

سفید دو تولہ ساڑھے سات ماشہ گلاب کے پھولون کی کلیان سنارکی ہر ایک ایک تولہ
ساڑھے دس ماشہ پوست زرد ہڑ کا نسوت سفید چھیلی ہوئی اور روغن بادام مین
چرب کی ہوئی میٹھے بادام کی گری ہر ایک ڈیڑھ تولہ سقمونیا بھونی ہوئی لاجورد دھویا ہوا
حجر ارمنی دھویا ہوا ہر ایک ساڑھے چار ماشہ بوزیدان بسفائج فستقی تراشیدہ مصطگی ستت
رومی کا ہر ایک نو ماشہ زعفران ایکماشہ تین چاول قند سفید ساڑھے چار ماشہ کو ٹکر چھان
شیشہ مین نگاہ رکھین قدر خوراک سات ماشہ ہمراہ پانی سرد کے نافع ہے سفوف بوزنجات
واسطے مفاصل اور نقرس اور عرق النسا کے نافع ہے زعفران پونے دو ماشہ
سقمونیا ساڑھے تین ماشہ پوست زرد ہڑ کا بادام کی گری ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
سنارکی دو تولہ سورنجان شیرین تین تولہ قند یا مصری پونے نو تولہ اور اگر بلغمی مزاج ہو
نسوت سفید ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ اضافہ کرین اور وزن سقمونیا کا پونے
دو ماشہ کرین قدر خوراک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ ہمراہ سرد پانی کی سفوف
واسطے عرق النسا کے مجربات قدماسے ہے زعفران پونے دو ماشہ جندبیدستر ساڑھے سات ماشہ
سورنجان ساڑھے سترہ ماشہ سنارکی پونے دو تولہ قدر خوراک ساڑھے دس ماشہ
ہمراہ شکر سفید ساڑھے دس ماشہ کے سفوف نقرس واسطے دفع نقرس
اور درد مفاصل کے کہ بسبب مادہ سرد کے عارض ہون مجرب ہے اجواین ولایتی
تخم بیخ کرفس سداب یعنے تتلی کے بیج اجمود کے بیج سونف دو دو ماشہ مجیٹھ بادام تلخ
بھرکو ٹھ شیرین زراوند مدحرج ہر ایک نصف جزو قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ
چند مدت تک جاڑے کی موسم کے شروع مین تابہ موسم بہار تک کھائین دیگر بیماری
نقرس عظیم کے لیے نہایت فائدہ بخشتا ہے زعفران پونے دو ماشہ سونف
بادام کی گری ہر ایک ساڑھے دس ماشہ سورنجان ساڑھے سترہ ماشہ سنارکی
تین تولہ نبات سفید برابر وزن سبکے قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ سفوف
لین یرقان مین بعد مسہل کے کام آتا ہے ہمراہ ماء الجبن کے کہ سکنجبین افتیمونی
سے تیار کیا ہو نمک ہندی چار رتی ڈیڑھ چاول ایارج فیقرا پونے دو ماشہ افتیمون

ساڑہے تین ماشہ کابلی ہڑ سات ماشہ زرد ہڑ ساڑہے دس ماشہ سب ایک خوراک
کمی اور زیادتی رای طبیب پر سفوف عشبہ واسطے آتشک کے مجرب
عشبہ مغربی چار تولہ پوست زرد ہڑ کا صندل سرخ سناء مکی ہر ایک یکتولہ کوٹکر چھانکر
تیار کرین اور ہر روز سات ماشہ نیمگرم پانی کی ساتھ کھائین سفوف واسطے
قسمون استسقا اور اخراج مائیت کے ہے ریوند چینی نسوت سفید ہر ایک چھ ماشہ
پوست زرد ہڑ کا تین ماشہ غاریقون دو ماشہ سونٹھہ دو ماشہ شکر سفید برابر وزن
ملا کر سفوف بنائین اور سات ماشہ اوسمین سے اوٹنی کے دودھ کے ساتھ کھائین
سفوف سناء مکی لائق شنا نفع کا مل بخشتا ہے اور مجرب ہے واسطے
خلطون کے اور درد شکم اور قولنج کو دفع کرتا ہے اور کیڑے شکم کے مارتا
سناء مکی پوست زرد ہڑ کا سونٹھہ کالا نمک برابر وزن کوٹکر چھانکر سات ماشہ
ایکتولہ تک ساتھ پانی گرم کے اور بچون کو اونکے سن و سال کے موافق دیں
چاہیے سفوف سورنجان بارد دیگر درد مفاصل گرم کو نافع ہے ابتدا میں
اور تنقیہ کامل کے کام آتا ہے سورنجان شیرین بوزیدان پوست زرد ہڑ کا
تخم بہدانہ بادام کی گری کہیرے ککڑی کے بیجون کی گری دھنیہ چھیلا ہوا
کے بیج کوٹکر چھانکر شکرتری سفید برابر وزن سبکے ملا کر سفوف تیار کرین ہر روز
چھ ماشہ ساتھ عرق ستر تولہ کے کھلائین فصل تیسری سفوفات قابضہ
پیچش اور خلقہ کی قسمون اور دستون کو نافع ہے اور خون بہنے کو مانع
اور سل اور کھانسی کو مفید ہے سفوف ہلیلہ قابض دستون کو بند کرتا
اور درد معدہ کو نافع ہے اور پیچش کو بعد تنقیہ کے مفید ہے کالی ہڑ روغن زرد
مین بھونکر گوندببول کا زیرہ سیاہ بھونا ہوا سونف رومی بھونی ہوئی ہر ایک ایک جز
اسبغول بھونا ہوا حب الرشاد ہر ایک دو جزو پہلے چارون دواؤن کو کوٹ
چھانکر حب الرشاد و بدستور ملا کر نگاہ رکھین اور ہر روز چودھ ماشہ اوس مین سے
کھائین سفوف ریحان پیچش اور آنتون کے خراش و درد دستون کو نافع ہے

مفید ہے ریحان کی بیج گوندببول کا دونون کو برابر وزن بھونکر کوٹین اور باریک
کپڑے مین چھانکر نگاہ رکھین قدر خوراک سات ماشہ سے ساڑہے دس ماشہ تک
سفوف سہ تخم بجہتِ اور آنتون کی خراش اور دستون صفراوی کو مفید ہے اور
مجرب اور ہمیشہ معمول کنوچہ کے بیج اسبغول بارتنگ کے بیج گوندببول کا سب برابر
وزن بھونکر اور ببول کے گوند کو پیسکر بیجون کے ساتھ ملاتین اور ہر روز ساڑہے
دس ماشہ روغن بادام مین چکنا کرکے سرد پانی کیساتھ کھاوین سفوف شادنج
واسطے دستون صفراوی اور بند کرنے خون حیض اور ناسور کے ہمیشہ معمول ہے
گوندخطائی ساڑہے تین ماشہ کہربا موسنگے کی جڑ ودع سوختہ ہر ایک سات ماشہ
دم الاخوین شادنج عدسی دھویا ہوا عصارہ لحیۃ التیس گوندببول کا بھونا ہوا ہر ایک
ساڑہے دس ماشہ سبکو کوٹکر چھانکر اور تخم بارتنگ بھونا ہوا چھ تولہ ملاکر استعمال کرین
قدر خوراک ساڑہے تین ماشہ سے سات ماشہ تک دیگر واسطے دستون کے
بہت قوی ہے دم الاخوین گوندببول کا اقاقیا نبسلوجن گلنار موسنگے کی جڑ کہربا
بوڑی کے بیج ہر ایک ایک جزو باریک کوٹکر چھانکر شادنج عدسی دھویا ہوا دو جزو
سبکو ساتھ تخم کنوچہ اور تخم بارتنگ اور اسپغول اور تخم ریحان ہر ایک ایک جزو
سب کو ملاکر سفوف تیار کرین سفوف مقلیا سا آنتون کے درد
اور پیس اور پرانے دستونکو نافع ہے اور ضعف معدہ اور بواسیر اور آنتونکی
ضعف کو مفید اور بارہا آزمایا ہوا ہے ترہ تیزک کے بیج دو تولہ چار ماشہ زیرہ کرمانی
ہر ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ السی کے بیج کندنا کے بیج کالی ہڑ روغن زیتون
مین بھونی ہوئی ہر ایک نو ماشہ سب دواونکو سوائے تخم ترہ تیزک کے کوٹکر چھانکر
سفوف بنائین مقدر خوراک سات ماشہ سرد پانی کیساتھ کھائین سفوف نشاستہ
واسطے دستون صفراوی کے معمول و مجرب ہے نشاستہ گوندببول کا کنیعہ کے
بیج بھونے ہوئے خرفہ کے بیج ہر ایک پانچ ماشہ گیرو سات ماشہ اسبغول بھونا
ہوا ایک تولہ تخم ریحان بھونا ہوا جو کے بیج بھونے ہوئے بارتنگ ہر ایک

پندرہ ماشہ بدستور سفوف کرین اور روغن بادام مین چرب کرکے تناول فرمائین
بہبودی واسطے ہیچش کے مجرب ہے ترہ تیزک کے بیج بھونے ہوے
اسبغول ہیرہ بیر بھونا ہوا ہر ایک سات ماشہ زیرہ کرمانی تخم گندنا تخم سویا خشخاش
بیج سونف رومی اجمود کے بیج اجواین خراسانی ہر ایک پونے نو ماشہ افیون
ڈیڑہ چاول کو نکر چھانکر سفوف تیار کرین اور جوانون کو دو ماشہ بلکہ کمتر اوس سے
دیگر واسطے ہیچش کے طب آیمہ علیہم السلام سے منقول ہے اسبغول بھونا ہوا
بھونا ہوا گوند ببول کا بھونا ہوا سفوف کرین دیگر واسطے خون کے دستون اور صفراوی دستون
آنتون کے درد بہترین دواون کا ہے گوند ببول کا ہر روز ساڑہے تیرہ ماشہ
کھائین تین دن تک یا زیادہ سفوف طباشیر بچون کے دستون کے
آزمایا ہوا ہے اور سواے بچون کے اورونکے واسطے بھی نافع ہے نسخہ
انیسون بودادہ بہت نرم پیسکر گوند ببول کا کتیرا مصطگی تخم مورد گلاب کے پھول
کیرو برابر وزن سفوف کرین پس واسطے بچون کے سوا دو ماشہ صبح اور
دو ماشہ شب کو سیب ترش کے شربت کے ساتھ دیوین سفوف طین
سفوف نشا بھی کہتے ہین صفراوی اور خونی دستون کو نافع ہے اسبغول
تخم ریحان نشاستہ جو کے بیج جنگلی بھونے ہوئے کیرو گوند ببول نبسلوچن
برابر وزن لیوین اور سواے سہ تخم کے اور اجزا کو نرم کوٹین اور سبکو
ساڑہے دس ماشہ اوسمین سے روغن گل یا روغن بادام مین چکنا کرکے
گلاب مین تر کرکے کھائین اور جو چاہین دستون کو جلد بند کرین تو پوست
سات رتی یا ساڑہے تین رتی موافق مزاج کے ہر خوراک پر اس سفوف
کے داخل کرین سفوف قنب واسطے دستون کے فائدہ عظیم بخشتا
گوند ببول کا بھونا ہوا چار رتی ڈیڑہ چاول مصطگی رومی انار دانہ بھونا ہوا
بھونا ہوا ہر ایک دو ماشہ چھ چاول برگ بھنگ بھونی ہوئی سونٹھ آدھی
ہلیلہ پیپل ہر ایک یک تولہ ساڑہے دس ماشہ پوست خشخاش بودادہ

ڈیڑھ چاول کوٹکر چھانکر ہر روز ساڑھے چار ماشہ سرد پانی کے ساتھ کھائین +
سفوف گل واسطے دستون صفراوی پرانے کے نافع ہے اور بواسیری
اور نواصیری گرم دستون کو نہایت مجرب ہے مصطگی اگر ہندی ہر ایک ساڑھے
چار ماشہ تبسلوچن گل داغستانی گل مختوم ہر ایک نو ماشہ گلاب کے پھول گوند ببول کا
بھونا ہوا اسماق بہدانہ ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ کیر وانار دانہ بھونا ہوا دانہ انگور سرکہ مین
پلے ہوئے اور بھونے ہوئے ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ سفوف بنائین
قدر خوراک نو ماشہ سات ربوب مناسبہ کے **سفوف خون** بواسیر کو روکتا ہے
تخم گندنا اجواین دیسی ہر ایک سات ماشہ دھنیہ خشک کے بیج چودہ ماشہ
ریم آہن مدبر ساڑھے ستر ماشہ کوٹکر چھانکر قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ ساتھ
پانی گندنا یا پانی گرم کے **سفوف جو** واسطے خون بواسیر کے مجرب اور عجیب الفعل ہے
جوز محرق یعنی اخروٹ جلا ہوا زردی مرغ کے انڈے کی جلی ہوئی ہر ایک
انگبجز و کنجد بو داده تین جزو کوٹکر چھانکر نو ماشہ ساتھ شربت سیب یا ربوب یا زرشک کے
دیوین **سفوف ہلیلہ سیاہ** دستون کے واسطے مجرب ہے کالی ہڑ گائے کے
گھی مین بھونی ہوئی ڈیڑھ ماشہ کوٹکر چھانکر شکر تری تین ماشہ پوست خشخاش ڈیڑھ
ماشہ کوٹکر اور تینون چیزون کو باہم ملاکر سرد پانی کے ساتھ کھائین یہ ایک خوراک ہے
سفوف قابض تالیف حکیم علی گیلانی خرفہ کے بیج بھونے ہوئے تبسلوچن
گل قبرسی گلنار جو کے ستو کے بیج ہر ایک چار تولہ آٹھ ماشہ گلاب کے پھول نشاستہ تخم [illegible]
تخم مورد شادنج دھویا ہوا ہر ایک دو تولہ چار ماشہ کندر چینی مصری ہر ایک ڈیڑھ ماشہ کوٹکر نگاہ رکھین قدر خوراک
چار رتی سے ہکماشہ تک ہے سفوف طین پانچ ماشہ کی استعمال کرین **سفوف حابس البطن** واسطے دستون
جگری منتنے کے مجربات حکیم کمال الدین شیرازی سے گلاب کے پھول جو کے گر
بیج گوند ببول کا نشاستہ زرشک بھونکر لاکھ مجیٹھ صندل سفید ہر ایک ساڑھے
دس ماشہ زعفران ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر سات ماشہ اوسمین سے ساتھ
شیرہ تخم کاسنی کے کہ گلاب و ربید مشک مین نکالا ہو تناول کرین **سفوف لو**

موتی بے سوراخ چار ماشہ مونگے کی جڑ جلی ہوئی تین ماشہ کہربا پیسا ہوا دو ماشہ
گلنار فارسی طباشیر سفید خرنوب شامی گل قبرسی گیرو تخم مورد آٹا بیر کا آٹا سنجد کا
خشک بھونا ہوا ہر ایک تین ماشہ اقاقیا دو ماشہ گل مختوم مصطگی رومی ہر ایک
انار دانہ بھونا ہوا پانچ ماشہ بارتنگ بھونا ہوا اسپغول بھونا ہوا ہر ایک تین ماشہ
اسپغول اور بارتنگ کے سب داؤن کو برابر وزن کوٹکر چھانکر اور بیجون مین
ملاکر نگاہ رکھین سات ماشہ اوسمین سے ہمراہ بدرقہ مناسب کے نوش کرین

سفوف لولوی یہ نسخہ حکیم علوی خان بہادر نے اپنے واسطے تیار کیا
واسطے دستون خونی بواسیری اور حرارت جگر اور بدہضمی اور تہیج پاؤن سے
نافع ہے اور نفخہ اور خفقان کو بھی مفید ہے کہ یہ بیماریان حکیم موصوف کو عارض
ہوئی تھین موتی بے سوراخ سنگ یشم سبز زہر مہرہ خطائی ہر ایک پانچ ماشہ
دورقی سوا دو چاول صندل سفید ابریشم کترا ہوا طباشیر سفید پوست بیرون پستہ
دانہ الایچی بھونے ہوئے دھنیہ خشک بھونا سونف بھونی ہوئی آملہ سماق گائے
گائے کے گھی مین بھونی ہوئی ہر ایک پونے سات ماشہ زرشک انار دانہ
دارچینی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ مصطگی رومی ساڑھے چار ماشہ کوٹکر چھانکر
سفوف تیار کرین **سفوف دیگر** کہ حکیم علوی خان بہادر نے واسطے شاہزادہ
بلند اختر کے تالیف کیا تھا موتی بے سوراخ کہربا ہر ایک چھ ماشہ طباشیر سفید
بہمن سفید پوست زرد ہڑ کا ابریشم کترا ہوا صندل سفید تخم فرنجمشک ہر ایک ایک تولہ
سونے کے ورق بیس عدد چاندی کے ورق ایک تولہ بدستور مرتب کرین

سفوف دستون صفراوی اور بلغمی کو مفید ہے اور ضعف معدہ اور رطوبات
معدہ کو نافع ہے زیرہ سفید بھونا ہوا دھنیہ بھونا ہوا سونف سونٹھ بیل گری ہر ایک
چودہ ماشہ کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین چھ ماشہ صبح اور چھ ماشہ شام استعمال کرین

سفوف بادیان واسطے دستون بلغمی اور تقویت معدہ اور توڑنے ریاح کے
ہمیشہ معمول اور مجرب ہے سونف کو گائے کے گھی مین بھونین

کہ سرخ ہو جاوے بعد اوسکے پاک کرکے کوٹین اور ہموزن اوسکے شکر ملاکر سات ماشہ سرد پانی کے ساتھہ کھائین +

سفوف بنزور واسطے پچیش اسبغول تخم کنوچہ تخم ریحان تینون کو بھونکر درست رکھین اور ترہ تیزک کے بیج السی کے بیج دونون کو بھونکر اور تھلکر گیہو گوندببول کا بھونا ہوا نشاستہ بھونا ہوا گلنار کہربا سکو برابر وزن کوٹکر چھانکر اور تخم ہای مذکورہ مین ملاکر نگاہ رکھین اور سات ماشے چار ماشہ سے سات ماشہ تک موافق حاجت کے استعمال فرمائین **سفوف** بلغمی دستون کے لیے نافع اور مجرب ہے اجواین دیسی کندر گلنار ہر ایک ایک جزو دانہ مویز دو جزو کوٹکر چھانکر ہمراہ میبہ ممسک کے استعمال کرین **سفوف** بچون کے دستون کے لیے مجرب ہے جو وقت نکلنے دانتون کے عارض ہوتے ہین خشخاش تخم سورد کندر ناگرموتھہ ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر دائی کے دودھ یا ان کے دودھ کے ساتھ دیوین **سفوف** واسطے خون بواسیر کے مجرب ہے رسوت نگرکوٹی چودھ ماشہ کوئلہ دیودار کی گلی کہنہ سات ماشہ دونون کو روغن بادام چرب کرکے دو ماشہ اوسمین سے ہمراہ پانی سرد کے نہار کے وقت تناول کرین اور ہاتھی کی کھال قدرے جلاکر اور خوب پیسکر نگاہ رکھین بعد فراغت خانہ مقعد کے اوپر ملین اور قدرے کھال ناسوختہ کی دھونی لیوین دیگر جگر کے دستون کو نافع ہے زعفران ایک ماشہ ریوند خطائی ڈیڑہ ماشہ گوندببول کا بودہ نشاستہ صندل سفید مجیٹھ دو دو ماشہ لاکھ دھوئی ہوئی جو کے بیج زرشک دانہ ہر ایک تین ماشہ گلاب کے پھول چھ ماشہ کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین اور سات ماشے چار ماشہ اوسمین سے ساتھ چھاچھ لوہے سے بجھائی ہوئی کے کھائین **سفوف** معمول اور مجرب ہے زعفران چار رتی ڈیڑہ چاول ریوند چینی چھ رتی سوا دو چاول لاکھ دھوئی ہوئی گلاب کے پھول زرشک سنے دانہ ہر ایک سوا دو ماشہ کوٹکر چھانکر سفوف بنائین قدر خوراک سات ماشہ ساتھ شیرہ کاسنی اور رب بہی کے

سفوف بہدانہ نافع ہے واسطے حرارت جگر اور یرقان زرد اور کھوسی
سدہ جگر اور خون تھوکنے کی بیماری کے مفید ہے مصطگی ایک ماشہ تین چاول
بنسلوچن سفید سات ماشہ گلاب کے پھول گیرو لاگہ دھوئی ہوئی بالچھڑ ملٹھی ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ بہدانہ چھیلا ہوا نشاستہ کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری
ہر ایک چودہ ماشہ قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ سردیانی کے ساتھ کھائین سفوف
خشخاش نافع ہے واسطے سل اور کھانسی اور کھر کھراہٹ سینہ اور نزلہ گرم کے
بنسلوچن سفید ساڑھے چار ماشہ گوند ببول کا نشاستہ خطمی سفید کے بیج کتیرا
خبازی کے بیج ہر ایک سات ماشہ مغز بہدانہ ست ملٹھی کا ہر ایک نو ماشہ خرفہ کے
بیج ساڑھے دس ماشہ خشخاش سفید کے بیج ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر
رکھین قدر خوراک سات ماشہ ساتھ عورتون کے دودھ یا بکری کے دودھ
چند روز متصل استعمال فرمائین سفوف دق اور سل اور خشک پرانی
کھانسی کے کہ ساتھ حرارت مزاج کے ہو مجرب ہے کتیرا اسفید ڈیڑہ تولہ گوند
ببول کا سات ماشہ نشاستہ چودہ ماشہ ملٹھی ساڑھے سات ماشہ کھیرے کے بیجون کی
گری پاؤ کم چار ماشہ تربوز کے بیجون کی گری چار ماشہ پاؤ کم کافور پانچ رتی صندل سرخ
ساڑھے دس ماشہ قند سفید دس تولہ سفوف تیار کرین اور انھین دواؤن سے
معجون بھی بنا سکتے ہین بس نفع کرتی ہے زیادہ حد بیان سے سفوف طباشیر
گاوزبان گیلانی کے بیج گلو ہر ایک دو ماشہ گوند ببول کا سرطان نہری جلایا ہوا
ہر ایک ایکماشہ پوست خشخاش دو رتی دانہ الائچی سفید چار رتی کوٹکر چھانکر سفوف
تیار کرین ساتھ عورت کے دودھ یا گدھی کے دودھ یا بکری کے دودھ کے
چند روز متصل عمل مین لائین سفوف غری السمک حکیم علوی خان بہادر
کی تالیفات سے ہے صاحب سل اور خون تھوکنے والے کے حق مین بیحد مفید ہے
پوست انجبار کی جڑ کا دم الاخوین موتی نے سوراخ کہربائی شمعی غری السمک اعلی
ست ملٹھی کا سونف رومی سرطان جلایا ہوا نشاستہ بھونا ہوا گوند ببول کا کتیرا بادام کی گری

ہر ایک سوا دو ماشہ افیون زعفران ہر ایک برابر بارہ جو کے کافور قیصوری سوا
دو ماشہ کوٹکر چھانکر اور سات حصہ کرکے ہر روز صبح ایک حصہ گدہی کے دودھ
یا بکری کے دودھ کے ساتھ کھائین اور شام کو حصہ دوسرا عرق بارتنگ کے
ساتھ نوش کرین **فصل چوتھی سفوفات مین جو بیماریون گردہ اور مثانہ**
اور اعضاء تناسل وغیرہ سے علاقہ رکھتی ہین **سفوف حجر الیہود** واسطے توڑنے
اور ریزہ ریزہ کرنے اور باہر نکالنے پتھری کے عجیب الفعل ہے حجر الیہود دو ماشہ
چھ چاول نشاستہ کتیرا کلتھی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ خربوزہ کے بیج کدو کے بیج
کھیرے کے بیج ککڑی کے بیج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ خرفہ کے بیج سات ماشہ
شکر سفید ملاکر سفوف بنائین **قدر خوراک** ساڑھے دس ماشہ ہمراہ نخود سیاہ کے
دیگر کہ یہی عمل کرتا ہے سیسالیوس پونے دو تولہ کلتھی چار تولہ ساڑھے چار ماشہ قند سفید
پچیس تولہ اٹھ ماشہ کوٹکر چھانکر قدر خوراک سات ماشہ ساتھ پانی نخود سیاہ کے
سفوف واسطے ریزہ ریزہ کرنے اور نکالنے پتھری کے مجرب ہے کرنب کی
جڑ کی راکھ مرغ کے انڈون کے چھلکون کی راکھ جسمین سے چوزہ نکل آیا ہو حجر الیہود
نر اور مادہ پیسکر اور مثل غبار کے باریک کرکے اور اور خاکسترون چھنی ہوئی مین
ملاکر بقدر ایک ملعقہ کے ساتھ شربت گوکھرو یا پانی گوکھرو تازہ کے تناول کرین
سفوف گردہ اور مثانہ کی پتھری کو نکالتا ہے اور قرحہ مثانہ کو مفید ہے اور
جو پتھری راستون مین پیشاب کے اڑی ہوئی ہو اوسکو پارہ پارہ کرتا ہے چھنی
پیسی ہوئی دو ماشہ چھ چاول کاسنی کے بیج ساڑھے تین ماشہ سونف کلتھی حجر الیہود
ہر ایک سوا پانچ ماشہ کتیرا نشاستہ گوندبیول کا ست ملٹھی کا ہر ایک سات ماشہ خرمکی بیج
خشخاش نبسلوچن ہر ایک ساڑھے دس ماشہ خربوزہ کے بیج تخم گندنا ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ قدر خوراک ساڑھے دس ماشہ ساتھ تین تولہ شربت خشخاش
اور تین تولہ شربت بنفشہ اور چھ تولہ کھیرے ککڑی کے پانی کے تناول کرین
سفوف گردہ اور مثانہ کو بچون کے پاک کرتا ہے کلتھی خربوزہ کی بیجون کی گری

گوند ببول کا صمغ آلو برابر وزن کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ
سفوف واسطے پرانے زخم گردہ اور مثانہ اور سوراخ بول کے مجرب ہے
خربوزہ کے بیجون کی گری ککڑی کے بیجون کی گری میٹھے کدو کے بیجون کی گری
کھیرے کے بیجون کی گری خشخاش سیاہ گوند بادام کاکتیرا سفید نشاستہ خرفہ کے بیج
تخم بازی کے بیج خطمی کے بیج لاکھ دھوئی ہوئی ریوند خطائی ہرایک پانچ پانچ ماشہ گیرو دس ماشہ
چلغوزہ کی گری السی کے بیج کا گنج ہرایک تین ماشہ ست ملٹھی کا اسپغول ہرایک
بیس ماشہ سب دوائین سوائے اسپغول کے کوٹکر اور باہم ملاکر گدہی کے دودھ
یا گھوڑی کے دودھ کے ساتھ دیوین **سفوف** بابت حکیم علوبخان واسطے
پتھری گردہ اور مثانہ اور نکالنے گاڑھے مواد اور پاک کرنے گردہ اور مثانہ کے
خود حکیم موصوف نے اختراع کیا ہے حجر الیہود صمغ آلو گوکھرو حب کا گنج تخم خربوزہ
سونف کے بیج مغز گٹھلی آلو بالو کا ہرایک چار رتی ڈیڑہ چاول خربوزہ کی بیجونکی گری
مولی کے بیج کلتھی ہرایک ایکماشہ تین چاول بچھو کی راکھ کانچ جلایا ہوا ہرایک برابر
چار جو کے گوند ببول کا چار رتی ڈیڑہ چاول نبات مصری سفید ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ
کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین سب ایک خوراک ہے کامل بعد اوسکے سونف کا عرق
مولی کے پتون کا عرق ہرایک تین تولہ نوش کرین **سفوف** لات بول کی پرانے
زخمون کو پتھری کے مواد اور پیپ سے پاک کرتا ہے اور نئے اور پرانے
سوزاک کو نافع ہے اور جو عورتین حیض کے دنون مین عادت درد کی رکھتی ہین
اونکو یہ سفوف بہت مفید ہے شورہ قلمی ریوند خطائی سات سات ماشہ یہ سفوف
اندری جلالت کے نام سے مشہور ہے **سفوف** بزوری واسطے سوزش بول و سوزاک اور گردہ اور مثانہ کی پرانے زخم کو
مفید ہے اجزا تخم خرا سانی سفید سات ماشہ کتیرا ملٹھی کا نشاستہ ہرایک ساڑھے دس ماشہ کھیرے کے بیجون کی
گری میٹھے کدو کے بیج خرفہ کے بیج خشخاش سفید ہرایک تین تولہ خربوزہ کے
بیجونکی گری پونے نو تولہ شکر برابر وزن سبکے قدر خوراک ساڑھے دس ماشہ
صبح اور شام ساتھ شربت بنفشہ اور جلاب کے **سفوف** مدر کثرت سے

پیشاب کو جاری کرتا ہے اور پتھری کے مواد کو پاک کرتا ہے دو قوچیارم جزو
خربوزہ کے بیج اجمود کے بیج ہر ایک دو جزو شکر سفید نصف وزن سبکے بدستور
سفوف کرین قدر خوراک نو ماشہ **سفوف** پیشاب کو جاری کرتا ہے اور پرانے
زخم کو نافع ہے اور معمول اور مجرب ہے یوند خطائی سوا دو ماشہ خربوزہ کے بیجونکی
گری ککڑی کے بیجون کی گری میٹھے کدو کے بیجون کی گری خرفہ چھیلا ہوا
خشخاش کے بیج گوند ببول کا کتیرا اسفید نشاستہ گیرو ہر ایک ساڑہے چار ماشہ کوٹکر
چھانکر ہر روز سات ماشہ شربت بنفشہ مین حل کرکے چاٹین **سفوف** گردہ کی
پیپ کو پاک کرتا ہے نشاستہ گیرو ہر ایک سات ماشہ ککڑی کے بیجون کی گری
کھیرے کے بیجونکی گری السی کے بیج ہر ایک ساڑہے دس ماشہ خشخاش کے بیج
چودہ ماشہ قدر خوراک سات ماشہ **سفوف** واسطے سوزش بول کے کہ ساتھ
اوسکے چرک بھی ہو مجرب صاحب تحفہ گیرو دھنیہ خشک گوند ببول کاچھو کے بیج
بوداده کندر ذکر ہر ایک سات ماشہ بلوط بوداده چار تولہ ساڑہے چار ماشہ قدر
خوراک نو ماشہ ساتھ پانی سرد کے اور پانی سے پرہیز کرین **سفوف** واسطے
سوزاک پرانے اور بہنے پیپ کے مجرب اور معمول ہے سلاجیت گلوی تازہ
بڑی الایچی کتھ سفید لسوڑہ تواکھیر خس سب برابر وزن کوٹکر چھانکر کیلہ کے پانی کے
ساتھ دیوین **سفوف** واسطے جاری کرنے پیشاب کے مجرب ہے شورہ قلمی
رائی ہر ایک سات ماشہ باریک پیسکر ہمراہ پانی کے ناشتا تناول کرین **سفوف**
واسطے پرانے زخم سوزاک کے نسخہ عبد اللطیف جراح سنگجراحت بیجبند تالمکھانا
اکہر و خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے کتیرا گوند چنیا برابر وزن کوٹکر چھانکر اور دودہ اور
پانی مین ملاکر کھائین **سفوف خاکستر عقرب** مولی کے پتون کے پانی مین
پتھری سے بند ہوئی پیشاب کو جاری کرتا ہے اور طریق جلانی بچھو کا یہ ہے کہ
بچھو زندہ پوست بیضہ مرغ مین رکھکر مع بیندرہ دانہ مولی کے بیج کے اوس بیضہ
مین سے بچہ نکل آیا ہو رکھکر سر اوسکا ساتھ پوست کے ڈھکین اور اوسکے اوپر

کپڑ لپیٹ کر گل حکمت کرین یعنے مٹی کپڑمین یا آٹے گوندے ہوتے مین لپیٹکر اوپلو
آگ مین ڈالین کہ جلجاتے برابر دو چاول کے ساتھ پانی مولی کے پتون کے ایک
آبخورہ کے برابر ہو دیوین مثانہ کی پتھری کو بھی جلد نفع بخشتا ہے **سفوف** شاد
خون کے پیشاب کے لیے مجرب ہے شادنج دھویا ہوا دم الاخوین مونگی
کہربا گلنار شب یمانی کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے خرفہ کے بیج گیرو گل قبرسی
وزن کوٹکر چھانکر تیار کرین قدر خوراک سات ماشہ ہمراہ پانی سماق کے **سفوف**
ماسک البول واسطے کرب و سلسل البول بے سوزش کے نافع
اور جو آدمی کہ سوتے مین موت رہتا ہو اسکے لیے بھی نہایت مفید
بڑی مائین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ دھنیہ خشک بھونا ہوا گوند ببول کا
ہر ایک تین تولہ کندر پونے نو تولہ بلوط تین چھٹانک کوٹکر چھانکر سفوف کرین قدر
خوراک ساڑھے دس ماشہ ہمراہ پانی خالص کے **سفوف** ترکیب فوائد
صاعہ المبہی ناگرموتھ ساڑھے تین ماشہ بیر گلنار گلاب کے پھول گیرو ہر ایک
سات ماشہ تخم مورد کلیجن ہر ایک چودہ ماشہ گوند ببول کا ساڑھے سترہ ماشہ
چھانکر سفوف تیار کرین قدر خوراک سات ماشہ **دیگر** مرکی یعنے بول بونی دوا
ناگرموتھ سلارس کندر ہر ایک دو ماشہ چھ چاول کابلی ہڑ بہیڑہ آملہ تینون کو روغن
مین بھونکر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ بلوط سرکہ انگوری بھگویا ہو سات ماشہ سفوف
کرین قدر خوراک ساڑھے دس ماشہ **دیگر** کہ باذن اللہ اگر جریان منی دس
بھی ہو تو دفع کرتا ہے بیجبند موصلے سیاہ موصلے سفید تال مکھانا سمندر سوکھ
سروالہ چھال سینبھل چھال مولسری گوند سینبھل اونٹنگن کے بیج لسوڑہ برم ڈنڈی
بھوبھلی تج میدا لکڑی ہر ایک چودہ ماشہ پھلی ببول گوکھرو ہر ایک چھ تولہ
کوٹکر چھانکر اور ہموزن شکر مین ملاکر ہر صبح ایک کفدست دودھ کے ساتھ
پھانکین اور کھٹائی سے پرہیز کرین **دیگر** واسطے بند کشاد کے چھال ڈھاک
چھال مولسری چھال گولر گوند سینبھل موصلے سینبھل مچبہ گوند ببول گوند ڈھاک کا جنم بھوانی

برابر وزن کوٹکر چھانکر خوراک کامل اوسکی دو تولہ ہے **دیگر** واسطے جریان منی کے مجرب ہے گوند ببول طباشیر صندل سفید کہربا پیسا ہوا کتیرا نشاستہ مصطکی خشخاش سفید کے بیج گیرو ثعلب مصری پودینہ خشک خرفہ چھیلا ہوا موچرس دانہ الایچی سفید کسیرو خام دانہ الایچی بڑی کے سنگھاڑہ خشک کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین اور ساتھ ہموزن نبات مصری کے ملائین اور سات ماشہ اوسمین سے کھائین **سفوف امساک المنی** سیلان منی کو منع کلی کرتا ہے بہمبند گجراتی ستاور تال مکھانہ ستاقل مصری ثعلب مصری موچرس سروالی گل منڈی سنگھاڑہ کمرکس گوند ببول کا گوند سینبھل کا پھول ببول کے پھول دھاوہ کے ہر ایک چھ ماشہ املی کی چھوہر دال ناتش ہر ایک چودہ ماشہ شکر برابر وزن کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین اور چودھ ماشہ اوسمین سے گاے کے دودھ کے ساتھ صبح اور نو ماشہ ساتھ پانی سرد کے شام کو تناول کرین اور ہمیشگی اس سفوف کی لازم ہے **سفوف** واسطے بڑھانے اور گاڑھی کرنے منی کے مجرب ہے اسگندھ ایک تولہ بیج بدھارا کوٹکر اور کپڑے مین چھانکر دو سیر سفید شکر ۵ و ۰ تولہ مین ملاکر بقدر کف دست ہمراہ دودھ یا تازہ پانی کے کھائین **دیگر** واسطے جریان منی اور سرعت انزال کے مجرب ہے تال مکھانہ موصلی سفید موصلی سیاہ تخم کونچ تخم اوٹنگن موچرس پوست اونٹ کٹارہ کی جڑ کابچبند تیج بل بھوپھلی برنج ساٹھی کمرکس کاہو کے بیج اندرجو سمندرسوکھ ستاور ہر ایک چھ ماشہ آٹا سنگھاڑہ کا نو ماشہ سروالی ایک تولہ قند برابر وزن سب دواؤن کے پیس اوسمین سے چھ ماشہ ساتھ پانی یا لسّی بکری کے دودھ کے تناول کرین **سفوف مسمی بسفوف اربع** جریان منی کو نافع ہے اور حق امساک مین بالغ النفع چھال ببول کی گوند ببول کا پھلی ببول کی کونپل ببول کی ہر ایک ایک تولہ سبکو کوٹکر چھانکر اور شکر مین ملاکر ہر روز ایک کف دست کھائین **سفوف قلعی گشتہ** واسطے سوزاک قدیم اور جدید کے مجرب ہے سنگھاڑہ دودھیے خورد گوند ڈھاک سرخ بھوپھلی گوکھرو بڑی الایچی کے دانے

قلعی کشتہ کوٹکر چھانکر نگاہ رکھین نبات مصری چھ ماشہ نو ماشہ تک ملاکے ہمراہ چودہ تولہ گای
دودھ کے کھاتین الضاً واسطے گاڑھی کرنے منی کے مجرب ہے منقول بیاض
اجمل خانصاحب سے گوند ببول چن کتیرا نشاستہ خصیۃ الثعلب دارچینی الائچی
گری ناریل کی گری حب الخضرا چلغوزہ کی گری مصطگی نبات مصری سفید
وزن سفوف کرین اور کبھی انہین دواؤن سے معجون بناتے ہین اور سہ چند
قند ڈالتے ہین سفوف کے نام سے سفوف قلعی کشتہ کے مشہور ہے ہمیشہ
معمول اور مجرب جریان منی اور سوزاک قدیم اور جدید کو فائدہ بہت بخشتا
گلوست سلاجیت چھوٹی الائچی پکھان بید ملہٹی تال مکھانہ قلعی کشتہ ببولچن
ہر ایک چودہ ماشہ نبات مصری برابر وزن سب دوا اُن کے کوٹکر چھانکر
ہر روز ایک تولہ یا نو ماشہ دیوین سفوف واسطے جریان منی کے معمول اور
مخترع والد مؤلف ہے اور سفوف مبارک اوسکا نام ہے بیجبند سیاہ تخم بلبل
ہر ایک بیالیس ماشہ گوکھرو تالمکھانہ اندرجو شیرین ہر ایک سات تولہ لہسوڑہ
اٹھائیس تولہ کوٹکر چھانکر ساتھ ہموزن شکر کے ملاکر ہر روز ایک تولہ سردپانی کے
ساتھ دیوین سفوف خیارین واسطے سوزاک اور حرارت مثانہ کی
مفید ہے خرفہ کے بیج کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری ہر ایک ایک تولہ ببولچن
کتیرا ہر ایک چھ ماشہ باریک کوٹکر چھانکر سرد پانی کے ساتھ کھاتین سفوف صندل
احشا کی اکثر بیماریون کو نافع ہے اور قبض کھولتا ہے اور پیشاب بہاتا ہے
اور گردہ اور مثانہ کے پرانے زخمون کو مفید ہے اور پیشاب کی راستونکی زخم کو فائدہ
پہونچاتا ہے صندل سفید صندل زرد کہ اوسکو ہندی مین ملاگیر کہتے ہین صندل سرخ
نبات مصری سفید گلاب کے پھولون کی کلیان ہر ایک چودہ ماشہ ریوند چینی
نشاستہ ست ملٹھی کا ہر ایک پونے نو ماشہ بارہ سنگہ کے سینگ جلے ہوے
ہر ایک پونے نو ماشہ گوند ببول کا سات ماشہ ککڑی کے بیجون کی گری کھیرے کے
بیجون کی گری ہر ایک چھ ماشہ کدو کے بیجونکی گری سوا پانچ ماشہ کافور قیصوری

کہربا ہر ایک سات رتی کوٹکر چھانکر شیشہ مین نگاہ رکھین ہر روز سات ماشہ سے چوداہم
ماشہ تک کھائین دیگر واسطے شہوت جماع اور امساک منی کے بے نظیر ہے
کھرنی کی جڑ کی چھال میدہ لکڑی ثج ہر ایک ساڑہے چار تولہ شکر سفید برابر وزن
سب دواؤن کے سفوف تیار کرکے دودھ کے ساتھ کھائین دیگر واسطے
جلد منزل ہونے منی کی نافع ہے سرس کے بیج بجنسہ پلاس کے بیج برابر وزن
کوٹکر چھانکر نبات مصری ہموزن مین ملائین اور آدھ سیر گای کی دودہ کی ساتھ سات ماشہ
نو ماشہ ایک تولہ تک کھائین عجائب مشاہدہ فرمائین گے دیگر واسطے سوزاک کی
سُرداله تخم تاج خروس ہر ایک ثوب نے دو تولہ کوٹکر اور شکر تری پرانی برابر وزن مین
ملاکر چوداہ خوراک کرین ایک صبح ایک شام سرد پانی کے ساتہ کھائین دیگر
واسطے بہنے منی اور رطوبات رحم کے نظیر نہین رکھتا اور عورتون کی منی کو
کہ کثرت سے جاری ہو بند کرتا ہے املی کے چیے ایک رات دن پانی مین ترکرین
پھر چھیلین پس ان چھیلے ہوؤن کو اوسی پانی مین بھگودین یہانتک کہ پانی
سب خشک ہوجاتے بعد اوسکے کوٹین اور چہارم وزن اوسکا بیکاین کے
بیجونکی گری اور آٹھوان حصہ اوسکا صندل سفید اور برابر وزن سب دواؤنکی
نبات سفید ملاکر سفوف کرین دیگر واسطے کثرت رطوبتون کے کہ رحم سے
جاری ہون نافع ہے اور کثرت جاری ہونے منی اور مذی اور ودی کو
مفید اور واسطے بہنے رطوبت فرج کے مجرب ہے آنب کے پھول چھالیہ کے
پھول لسبتہ کے پھول اگر موجود نہون تو پوست بیرون لسبتہ عوض اوسکے ڈالکر
گوند ڈہاک کا ہر ایک تین ماشہ شکر سفید ایک تولہ کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین اور
ہر روز گاے کے دودھ یا سرد پانی کے ساتھ کھائین سفوف واسطے بہنے
رطوبت رحم کے بے نظیر ہے تخم مجیٹھ لسبتہ کے پھول گوکھرو گوند دھاک کا
ہر ایک ساڑہے تین ماشہ شکر تری پرانی برابر وزن سب دواؤن کے
کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین اوسی بقدر کفدست کے تناول فرمادین اور اگر حاجت

تو واسطے دور کرنے تلخی دوا کی آٹا مونگ بھونی ہوئی کا اضافہ کرین دیگر
واسطے گرادنے حمل اور جاری کرنے خون حیض و نفاس کے مجربات سے ہے
تلی قروماناہو بیر ہر ایک تین تولہ مرکی یعنی بول ساڑھے ستره ماشہ قدر خور
اوسمین سے ساڑھے دس ماشہ

فصل پانچوین جلدی بیماریون

سفوفاتمین مانند سن بہری اور جذام اور خارش اور چھیپ اور سفید داغ
سفوف خدر مجرب ہے پوست زرد ڈہر کا پوست بہیڑے کا آنولہ بابچی
جنگلی انجیر کی جڑ کا ہر ایک چار تولہ کوٹکر چھانکر ہر روز کھائین سفوف واسطے
جذام مستحکم کے مجرب ہے پوست زرد ڈہر کا پوست بہیڑے کا پوست
آنولہ کا گلاب کے پھول ہر ایک دو تولہ چار ماشہ ست گلو ریوند چینی ملٹھی چھلی
چھوٹی الایچی بڑی لایچی چنیا چینیک گیرو پوست تیواج خطائی یعنی کالا کوڑہ ساٹھی
چاول جنگلی انجیر کی جڑ کا پوست کوٹھ درخت پنواڑ بابچی سر پھوکہ ہلدی نیم کی پتی
نیم کے پھول نیم کی چھال اور نرم کولی پوست تنہ نیم ہر ایک چودہ ماشہ گندھک
صاف کی ہوئی سات ماشہ سبکو باریک پیسکر اور کپڑے مین چھانکر ہر روز
سردیانی کے ساتھ کھائین اور غذا ساٹھی کے چاول اور مونگ کی دال
کم روغن تناول فرمائین سوای اوسکے اور چیزون سے پرہیز لازم ہے

سفوف جذام شاہترہ دھما ہانو نو ماشہ دھنیہ چھہ ماشہ سرخ صندل چار ماشہ
کشمش تازہ ایک تولہ سر پھوکہ نو ماشہ نبات مصری ملاکر سفوف کرین سفوف نیم
واسطے دفع جذام کے جسوقت کہ ناک نہ بیٹھی ہو مفید ہے اور سب علتون
کہ خلط صفرا یا خون کی آمیزش سے ہون نافع ہے چاہیے کہ اس سفوف
ساتھ کھارۂ مجیٹھ کے تین جلسہ کھائین اور گوشت اور نمک اور سوٹی اور
قسم کی کھٹائی سے پرہیز کرین اور اگر پرہیز سے ملول ہون
تو قدرے روٹی گیہون کی اور نمک کھائین نیم کا درخت کہ سو برس سے
تہو پھول اور پتی اور جڑ اور پھل اور چھال اور شاخ ہر ایک دہ سیر ہڑ بہیڑہ آنولہ

بچی گلو ہر ایک پاؤسیر کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین قدر خوراک ایک ماشہ تین چاول
دو ماشہ چھہ چاول تک سات کہارۂ مجیٹھہ کے نوش کرین اور جو اسکو شہد مین معجون
بناوین تو کچھ مضایقہ نہین ہے **سفوف جذام** واسطے جذام کے تجربہ مین آیا ہے
نیم کی تپی کتھائی مع جڑ اور پھل اور پتیون کے آملہ اکبرابادی آنبہ ہلدی ہر پہوا بابچی
سبکو جدا جدا کوٹکر ہر ایک پاؤسیر اکبری سبکے نو حصہ کرین ایک حصہ صبح اور ایک
حصہ شام دیوین غذا چنے کی دال بے نمک میدہ کی روٹی کے ساتھ اور بحسب
قدرت کباب مرغ بے نمک دینا چاہیے **سفوف برص** طبیبون کے
مجربات سے ہے منڈی پاؤسیر سمندرسوکھ آدھ پاؤ دونون کو کوٹکر چھانکر سفوف
تیار کرین ہر روز چھہ ماشہ سے نو ماشہ تک گھی کے ساتھ کھائین اور دودھ اور شیرینی
سے پرہیز کرین اور درمیان کھانے اس سفوف کے ان گولیون کا طلا
استعمال کرین گٹو نیل چیتہ دونون کو کوٹکر چھانکر اور سفوف بناکر اور لیمو کے
پانی مین گوندھکر گولیان بنائین اور وقت حاجت کے لیمون کے پانی مین
پیسکر طلا کرین **سفوف برص** تخم لالہ ساڑھے تین ماشہ کوٹکر ہمراہ پانی کے
ساتھ کھائین خدا کے حکم سے جلد شفا ہوگی **سفوف سرخ بادہ** بچونکے
واسطے معمول اور مجرب ہے نرکچور زیر سیاہ منہدی نیم کی تپی نیل گنٹھی درخت
بلاہ جبری سنس مجیٹھہ پوست انار دھاہکن رکت چندن سفید چندن دھنیہ
دواتی اول ایک جزو دوئم دو جزو اسی طرح آخر دواتک سترہ جزو دوائی ان کو ہم
کوٹکر چھانکر نگاہ رکھین اور وقت حاجت کے طفل کو ایک ماشہ سے نو ماشہ تک
رات کو پانی مین تر کرکے اور صبح کو صاف کرکے موافق قوت اور سن و سال کے
دیوین اور نو ماشہ خوراک طفل کلان قوی المزاج کی ہے اگر اس عارضہ سے
بدن طفل کا ورم قبول کرے اور قرحہ پڑ جاتے تو پھوک اس دوا کا پانی مین
پیسکر اور منہدی کی تپی ملاکر طلا کرین **سفوف عشبہ** واسطے آتشک اور
سب قسم کے پرانے زخمون کے مجرب ہے عشبہ مغربی چار تولہ پوست [illegible]

صندل سرخ سنا مکی ہر ایک یکتولہ کوٹکر چھانکر سفوف تیار کرین اور تین ماشہ سے
نیمگرم پانی یا مناسب عرقون کے ساتھ کھاتین **سفوف** واسطے آتشک اور
بالون کے مجرب ہے تخم عباسی کہ سرخ رنگ کا پھول ہو جسقدر چاہین پھول
اوپر کا پوست جو سیاہ ہوتا ہے دور ہو جاتے بعد اوسکے مغز اوسکا کوٹکر چھانکر اور
برابر وزن مین ملاکر سفوف تیار کرین اور ہر روز چودہ ماشہ ساتھ پانی سرد کے کھلاوین

حرف الشین معجمہ چار باب پر شامل ہے **پہلا باب** شربت کے نسخون مین
چار فصل پر منقسم ہے **فصل پہلی** اون شربتون مین جو داغ کی بیماریون سے
علاقہ رکھتی ہین **فصل دوسری** اون شربتون مین جو دل کی بیماریون مین مستعمل
فصل تیسری ذکر مین اون شربتون کے جو اور اعضا کی بیماریون سے تعلق
فصل چوتھی اون شربتون کے تذکرہ مین جو جلدی بیماریون مانند آتشک
جذام اور پرانے اور نئے زخمون وغیرہ سے متعلق ہین **باب دوسرا** اشیافون
دو فصل پر مشتمل ہے **فصل پہلی** شیافات مطلیہ **فصل دوسری** شیافات مین جو قبل اور دبر
حمول کیے جاتے ہین **باب تیسرا** اون نسخون مین جو بلفظ شراب موسوم ہین **باب چوتھا** مشمومات مین یعنی سونگھنے
فصل پہلی باب اول سے دماغی بیماریون کے شربتون مین **شربت نجیبی** تالیف نجیب الدین
سمرقندی عجیب الفعل ہے واسطے دردسر خونی اور صفراوی کے گلاب کے پھول
ساڑھے سترہ ماشہ زرشک سماق ہر ایک چھہ تولہ آلوی سیاہ بزرگ فربہ بیس دانہ
چالیس دانہ رات کو بھگووین اور صبح کو جوش دیکر اور صاف کرکے ساڑھے آٹھ تولہ
اور چھٹانک کم آدھ سیر قند سفید داخل کرکے قوام دیوین اور ساتھ شیرہ بنفشہ
حسب حاجت نوش کرین **شربت تمر ہندی مسہل** افتیمون نسوت سنبل
سورنجان ہر ایک دو تولہ دس ماشہ بتاسہ سترہ تولہ املی بے ریشہ اور تخم اور عناب
ہر ایک چھٹانک کم آدھ سیر آلوی بخارا آدھ پاو کم سیر شکر سفید آدھ پاو سیر بطریق
معمول قوام دیوین **شربت حماض** واسطے دور کرنے خمار و رفع درد
خماری کے نظیر ہے پانی کھٹے انار کا پانی میٹھے انار کا پانی میٹھے سیب کا پانی لیموں

ایک سترہ تولہ آلوی سیاہ املی تخم اور ریشہ سے پاک کی ہوئی ہر ایک چھٹانک کم آدھ سیر
عناب پچاس دانہ پونے دو سیر پانی مین جوش دیوین کہ تہائی باقی رہے باہم ملا مین
اور آدھ پاو کم سیر قند اضافہ کرکے قوام شربت کا تیار کرین **شربت عناب**
سر کہ مین معمول ہے واسطے بقیہ خونی کے بعد فصد اور تنقیہ کے اور واسطے
سب بیماریون دماغی کے مفید ہے عناب تازہ چھٹانک کم آدھ سیر مسور دھوئی ہوئی
ڈیڑہ پاؤ دھنیہ کے بیج پونے نو تولہ پوست کاسنی کی جڑ کا ایک طاقہ سر کہ مین ترکریز
اور بعد تین دن کے ایک جوش قوی دیکر اور صاف کرکے چھوڑ دین کہ پھٹ جائے
پھر دوبارہ صاف کرکے معتدل قوام لیوین اور ہر روز ایک پیالہ متوسط اوس شربت مین سے
نوش کرین اور جو تین تولہ اوس شربت سے ساتھ پانی بھگوئے ہوئے زرشک کے
کھاتین تو بہتر ہوگا **شربت مسہل** واسطے سوداوی بیماریون اور علتون سردماغی
اور معدی کے نہایت نافع ہے اور بہترین مسہلون کا ہے واسطے لطیف طبیعتون
پاکیزہ مزاج کے بالچھڑ نو ماشہ مصطگی رومی اسطوخودوس کشوث کے بیج ہر ایک ساڑھے
سترہ ماشہ تربد سفید افتیمون رومی غاریقون ہر ایک یکتولہ ساڑھے دس ماشہ سنا مکی
گلاب کے پھول ہر ایک پونے چار تولہ بنفشہ ساڑھے سات تولہ عناب لہسوڑہ
ہر ایک تیس عدد آدھ پاو کم دو سیر پانی مین ایک روز بھگو کر جوش دین کہ چہارم باقی رہے
ساتھ چھپن تولہ ترنجبین اور شکر کے کہ نصفا نصف دونون ہون ملا کر قوام دیوین
اور ایک تولہ دس ماشہ سے پونے چار تولہ تک نوش کرین **شربت اسطوخودوس**
مرض فراموشی اور بیماری سبات اور دماغ کی سب سرد بیماریون کو عظیم المنفعت ہے
ملٹھی چھیلی ہوئی ساڑھے سترہ ماشہ بنفشہ گلاب کے پھول ہر ایک دو تولہ انیسون
اسطوخودوس فاوانیا یعنے عود صلیب گاوزبان گیلانی سونف کے بیج اجمود کے بیج
خطمی کے بیج ہر ایک تین تولہ مویز منقی چھ تولہ لہسوڑہ بیس عدد سب کو جوش دین اور
سوا سیر شکر طبرزد اور شہد خالص مین قوام شربت کا تیار کرین اور تین تولہ سے چار تولہ
ساڑھے چار ماشہ تک گرم پانی کے ساتھ دیوین اور بعضے نسخہ مین فاوانیا اور تخم خطمی

چھہ تولہ کے وزن سے مندرج ہے **شربت کاسنی** مالیخولیا اور سوداوی بیماری
نافع ہے بنفشہ سوسن کی جڑ گاوزبان گیلانی ساڑھے دس ماشہ فرنجمشک گلاب کی
بالچھڑ چھڑیلا ہر ایک سات ماشہ گلاب مین جوش دیکر اور صاف کرکے نبات سفید
حاجت ملاکر قوام کرین اور مشک چار رتی ڈیڑہ چاول اور عنبر ساڑھے تین ماشہ
سنگ یشم سبز ہر ایک کو گلاب مین گھسکر اور صندل سفید ساڑھے دس ماشہ
ملائین قدر خوراک نو ماشہ ساتھ عرق بیدمشک اور عرق گاوزبان اور گلاب کی
اور جو حرارت مزاج مین غالب ہو تو تخم فرنجمشک اور چھڑیلا اور بالچھڑ مطروح کر
نسخہ مین سے نکالڈالین **شربت ابریشم سادہ** نافع ہے واسطے
سوداوی اور بلغمی دل اور اور جو مرض کہ دل کی شرکت سے ہون ابریشم
تین رتی ڈیڑہ پاو کم تین سیر گلاب مین دو رات دن بھگوکر جوش دین کہ تین چھٹانک
ڈیڑہ سیر گلاب باقی رہے ملین اور ابریشم دور کرکے چھٹانک کم ڈیڑہ سیر نبات
داخل کرکے قوام دیوین اور آخر قوام مین نو ماشہ عنبر اور سوا دو ماشہ مشک
پیسکر داخل کرین اور اولٹ پلٹ کرین کہ خوب ملجائے شیشہ یا چینی کے
نگاہ رکھین قدر خوراک دو تولہ دس ماشہ ساتھ عرق گاوزبان اور تخم فرنجمشک
ساڑھے چار ماشہ کے چھڑک کر نوش کرین **شربت ابریشم ربانی** خون
جو کثرت سے جاری ہو اور نوبت غشی کی پہونچے مفید ہے ابریشم خام
پاکیزہ دیگ مین رکھین اور اگر دیگ چاندی کی ہو تو بہت بہتر ہے پھر سر دیگ
مضبوط باندھین کہ ابخرہ اوسکے نہ نکلین اور کبھی اول جو خمیرہ یا درمیان یا آخر
چیزین دل کو قوت دینے والیان مانند گاوزبان اور فرنجمشک اور مثل اوسکے
اوسمین داخل کرتے ہین اور بعد جوش کھانے ابریشم کے ملکر چھانکر شربت
یا شکر سفید یا شہد بہ اور مثل اوسکے اضافہ کرین اور پھر ملایم آگ پر رکھین
چند جوش خفیف دیوین پھر آگ سے نیچے اوتار کر موتی اور مونگے کی جڑ
اور گلاب اور بیدمشک ور سب مقوی اور قابض دوائین مناسب حال

بدستور تیار کرین **شربت گاوزبان عنبری** واسطے تقویت اعضاء رئیسہ کے مجرب ہے گاوزبان گیلانی کے پتے تین تولہ گاوزبان کے پھول پانچ تولہ بادرنجبویہ اڑھائی تولہ صندل سفید گلاب مین پیسا ہوا تخم فرنجمشک ہر ایک ڈیڑھ تولہ دھنیہ چھیلے ہوئے دو تولہ بادرنجبویہ کے بیج ڈیڑھ تولہ زرشک سنے دانہ ڈیڑھ تولہ رات کو گلاب و عرق بیدمشک مین تر کرکے صبح کو جوش دین جسوقت نصف باقی رہے صاف کرکے قند سفید ایک سیر داخل کرکے قوام دیوین بعد اوسکے چاندی کے ورق ایک تولہ سونے کے ورق چھ ماشہ عنبر اشہب چھ ماشہ مشک خالص دو ماشہ داخل کرکے آگ پر سے اوتارین **ایضاً** گاوزبان سادہ واسطے مرہ سوداوی تقویت دل کے گلاب کے پھول ساڑھے سترہ ماشہ نیلوفر کے پھول بادرنجبویہ تخم فرنجمشک ہڑ افتیمون بسفایج فستقی فرنجمشک کے بیج اسطوخودوس ہر ایک تین تولہ بنفشہ تازہ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ گاوزبان گیلانی پونے نو تولہ شکر طبرزد آدھ پاو کم سیر گلاب ڈیڑھ پاو کم تین سیر بدستور قوام شربت کا تیار کرین **شربت اسبغول** خفقان صفراوی اور کھانسی گرم و خشک اور کھرکھراہٹ سینہ کو نافع ہے اسبغول دو تولہ دس ماشہ کو چھٹانک کم آدھ سیر پانی مین تر کرین اور لعاب اوسکا نکالین مصری سفید ڈھائی پاو ملاکر اور دھیمی آنچ پر رکھکر قوام دیوین اور موافق حاجت کے استعمال کرین لعاب اسبغول کے ساتھ خصوصاً اگر لعاب اوسکا بیدمشک اور گلاب مین نکالا ہو **شربت الصالحین** انتخاب کیا ہوا مولف اور والد مولف کا ہے واسطے دفع خفقان سرد و گرم کے نافع ہے اور بخارات ہر قسم کے خواہ معدہ خواہ مراق خواہ رحم سے نکالتا ہے اور دل غمگین اور خاطر حزین کو فرحت بخشتا ہے اور وحشت اور جنون کو دور اور رنگ چہرہ کا سرخ کرتا ہے اور معدہ کو دباغت دیتا ہے اور سب طبعی قوتون کو قوت بخشتا ہے اور بھونک کھانے کی بڑھاتا ہے سگرہل کے پھول کہ ایک پھول ہے ہندوستان مین مشہور اور اکثر ہند کے شہرون مین بکثرت ہوتا ہے سو عدد لیکر اور ڈلکر اور سبزی اونکی دور کرکے پاو سیر کاغذی لیموں مین خوب ملین اور پیالہ

چینی مین رات کو وقت نگاہ رکھین اور صبح کو سات شربت نبات مصری ایک
کر دو سیر مینہ کے پانی مین حل کی ہوا ایکجا کر کے اور شیشہ ضخیم مین ڈالکر اسطرح کہ آدھا
شیشہ باقی رہے بعد اوسکے سر شیشہ کا مضبوط بند کر کے اور شیشہ کو پانی سے
بھرے ہوتے کسی برتن مین رکھکر نگاہ رکھین اور بعضے مزاجون مین اگر خمار اور
حذر مطلوب ہو تو تفاح کی چار ماشہ ہمراہ پھولون کے شیشہ مین اضافہ کی جاتی
اور گرم مزاج والون کے لیے کہ تقویت جگر منظور ہو مینہ کے پانی کی جگہ گلاب اور
اور مشک بڑھانا اوسیر مناسب ہے **شربت صندل ترش** واسطے تسکین اور
جلن اور گرمی دل اور تپ محرقہ کے نافع ہے صندل کا سوہان سے باریک
برادہ کر کے تین چھٹانک لیکر ایک رات دن پانی انگور خام اور سرکہ ہر ایک
سات تولہ اور قدرے پانی مین بھگو دین پھر جوش دین کہ آدھا رہجاتے صاف
کر کے آدھ پاو شکر ملا کر قوام دیوین **ایضاً** نسخہ دیگر ضعف دل کو کہ بسبب حرارت کے
نافع ہے دھنیہ خشک کوٹکر ساڑھے سترہ ماشہ پانی انگور خام کا چار تولہ ساڑھے چار
سرکہ قدرے صندل سفید پیسا ہوا پونے نو تولہ پانی خالص آدھ پاو کم سیر اور
حل کرین اور پونے دو ماشہ زعفران پوٹلی مین باندھکر ڈالین اور پکائین دو جہاگ اتار
اور زعفران کی پوٹلی ملکر باہر نکالین اور نبات مصری آدھ پاو کم سیر اضافہ کرین بعد
اوسکے سوا دو ماشہ کافور اور سات ماشہ طبا شیر اور صندل سفید پیسا ہوا اور
نیم گرم ہو داخل کرین قدر خوراک ساڑھے سترہ ماشہ ساتھ شیرہ تخم خرفہ کے شربت
دل کو قوت دیتا ہے اور خفقان گرم اور معدہ اور جگر گرم کو نافع ہے اور پیاس
بجھاتا ہے اور دستون کو بند کرتا ہے صندل سفید پیسا ہوا ساڑھے سات تولہ
رات دن بھگو دین دوسرے دن جوش خفیف دیکر شیرہ اوسکا نکالین اور آدھ
کم سیر قند سفید ملا کر شربت تیار کرین اسی طور سے لکھا ہے قرابادین شفائی
اور صاحب قادری ترتیب اس نسخہ کی اس طرح بیان کرتا ہے کہ صندل کو
سوہان سے رگڑ کے اور خوب کوٹکر چھٹانک آدھ سیر گلاب مین تر کرین دو رات دن بھگو

صاف کرکے صندل مذکور کو خالص پانی مین جوش دین یہانتک کہ قوت صندل کی کماحقہ نکل آئے اور پانی بقدر مناسب رہجائے پس اس پانی کو صاف کرکے گلاب مصفی مین ملائین اور قند سفید آدہ پاو کم سیر یا کم حسب موافقت ذائقہ جلاکر قوام دیوین اور بہترین صندل یہ ہے کہ زردی مایل ہو **شربت دیگر** دلکو قوت دیتا ہے اور توحش سوداوی کو دور کرتا ہے ملہٹی ساڑہے سترہ ماشہ بسفایج سونف ہر ایک دو تولہ اور بعضے نسخہ مین ملہٹی تین تولہ داخل ہے برگ بادرنجبویہ تخم فرنجمشک ہر ایک دو تولہ چار ماشہ گاوزبان پونے نو تولہ سبکو دوچند بیست کے پانی اور شش گونہ گلاب مین جوش دیوین یہان تک کہ سہ گونہ گلہم پانی باقی رہے صاف کرکے اور شکر ملاکر قوام شربت کا دیوین **شربت فواکہ** واسطے فساد خون اور تپ محرقہ وبائی کو نافع ہے اور گرمی گردہ اور تپ صفراوی اور دستون صفراوی کو نافع ہے عناب ولایتی بیس دانہ سماق اناردانہ ترش دھنیہ خشک کے بیج ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ سبکو گلہ عرق صندل عرق کاسنی ہر ایک آدھی چھٹانک کم آدھ سیر رات کو بھگوکر صبح کو جوش دین جسوقت کہ آدھا پانی باقی رہے صاف کرکے پانی میٹھے انار کا پانی میٹھی بہی کا پانی امرود کا پانی تربوز کا پانی نیشکر کا یعنے رس گنے کا پانی سیب کا عرق بیدمشک کا گلاب ہر ایک چھ تولہ قند سفید دوچند شربت ترنج یکچند داخل کرکے قوام دیوین اور جو پانی انگور اور پانی املی کا بھی اس شربت مین اضافہ کرین تو اثر قوی ہوگا **شربت** کہ قبض کو دور کرتا ہے اور خلط صفرا کو نکالتا ہے اور حرارت کو بجھاتا ہے گاوزبان کے پھول بنفشہ کے پھول شاہترہ ہر ایک پونے چار تولہ املی تیرہ تولہ چار ماشہ زرشک تیرہ تولہ چار ماشہ آلو بخارا آلوی سیاہ ہر ایک سو عدد سبکو آدہ پاو کم سیر پانی مین جوش دین کہ آدھا پانی باقی رہے صاف کرین اور شیر خشت چھٹانک کم آدھ سیر ترنجبین خراسانی پچاس تولہ داخل کرکے قوام دیوین گلہم مخمور آٹھ درم ہین تمام ہفتہ مین ایک خوراک استعمال فرماین **شربت ملین** جس شخص کی آنتون مین کہ خشکی بشدت ہو اور رفع حاجت بفراغت نہوئی ہو جو اس دوا پینے سے تشنگی کرے

توخشکی دفع ہو جائے اور کھانسی اور سینہ کی گھرگھراہٹ اور تپ کو بھی مفید ہے [illegible]
سات ماشہ گاوزبان ساڑھے سترہ ماشہ بنفشہ کے پھول گلاب کے پھول ہر ایک دو تولہ
اسپغول دو تولہ ساڑھے سات ماشہ عناب ولایتی بیس دانہ لسوڑہ ساٹھ دانہ دو [illegible]
جوش دیکر اور بعد صاف کرنے کے دونون چیزون کا لعاب ملاکر چھٹانک کم آدھ سیر
قند سفید یا ترنجبین اضافہ کرکے قوام دیوین اور ہر صبح روغن بادام ڈالکر نوش کرین
شربت بادرنجبویہ گاوزبان خشک پونے نو تولہ بالنگو سے تازہ آدھ پاؤ کم سیر اگر
تازہ میسر نہو سکے تو خشک سوا گیارہ تولہ لیوین اور جوش دیکر صاف کرین اور آدھ پاؤ
کم سیر قند سفید یا شہد جھاگ اوتارے ہوئے مین قوام دیکر شربت تیار کرین **فصل**
تیسری اون شربتون کے بیان مین ہے جو سوا دل اور دماغ کے اور اعضا
بیماریون سے تعلق ہین **شربت نزلہ** واسطے نزلہ گرم کے نافع ہے انجیر زرد
تیس دانہ عناب ولایتی بیس دانہ لسوڑہ پچاس دانہ ہنس راج ساڑھے دس ماشہ
تخم مورد کتیرہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ خطمی دو تولہ ملہٹی خشخاش کے بیج سفید
ہر ایک تین تولہ جو چھیلے ہوئے چار تولہ ساڑھے چار ماشہ بنفشہ ملا ہوا ساڑھے [illegible]
سکنجبین ڈیڑھ پاؤ شربت تیار کرین **شربت فریاد رس** واسطے سب قسم
نزلون گرم اور کھانسی تر اور خشک کی مفید ہے گاوزبان گیلانی صندل سفید [illegible]
خشک خشخاش سفید کے بیج ہر ایک دو تولہ ملہٹی چھیلی ہوئی خطمی سفید کے بیج گلاب کے
پھول ہر ایک یکتولہ مویز منقی پچیس دانہ پوست خشخاش پچیس عدد قند سفید ایک
سیر بھگو پانی مین تر کرین اور صبح کو جوش دین یہانتک کہ آدھا رہجائے قند سفید
قوام دیکر شربت تیار کرین **شربت شفا** ذات الجنب اور صفراوی اور خونی کو
نافع ہے اور درد سینہ اور ذات الریہ کو فائدہ بخشتا ہے نیلوفر کے پھول لسوڑہ
عناب ولایتی برابر وزن پانی مین جوش دیکر صاف کرین اور ساتھ تین وزن قند
سفید کے قوام دیوین قدر خوراک دو تولہ دس ماشہ **شربت اعجاز** ہو لفات
شاہ [illegible] جنت مکانی واسطے کھانسی خشک اور تر اور تپ دق کے مفید

کتیرا گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بہدانہ ساڑھے سترہ ماشہ نیلوفر کے پھول بنفشہ کے پھول خطمی کے بیج ملیٹھی چھیلی ہوئی ہر ایک دو تولہ عناب ولایتی بیس دانہ لسوڑہ ساٹھ دانہ اروسہ کے پتے چھٹانک کم آدھ سیر قند سفید آدھ پاو کم سیر سوائے ببول کے گوند اور کتیرا کے سبکو جوش دین اور بدستور قندمین قوام دیکر اوپر سے ببول کا گوند اور کتیرہ کوٹکر چھانکر داخل کرین اور اروسہ عبارت ہے بانسہ سفید گل سے کہ ہندوستان مین بہت مشہور ہے اور کثیر الوجود **شربت خشخاش** واسطے کھانسی خشک اور سل کے مفید ہے اور خون تھوکنے کی بیماری کو نافع کاہو کے بیج اجواین خراسانی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ خشخاش سفید خشخاش سیاہ ہر ایک ڈیڑھ پاو پانی آدھ پاو کم دو سیر مین جوش دین کہ تین پاو باقی رہے صاف کرکے لعاب اسبغول تین چھٹانک تنبیہ ڈیڑہ پاو داخل کرکے جوش دین کہ گاڑہا ہو جائے **شربت نزلہ** واسطے نزلہ اور کھانسی اور ضعف معدہ اور جگر کے نافع ہے بنفشہ نیلوفر فراسیون ہنسراج ملیٹھی زوفا رخشک سونف کی جڑ جو چھیلے ہوئے خطمی کے بیج خبازی کے بیج السی گاوزبان انجیر زرد عناب ولایتی مویز منقی لسوڑہ جو دوائین کوٹنے کی ہین کچلکر سوا سیر پانی مین رات کو بھگو دین اور صبح کو جوش دیکر ین جب وقت آدھا باقی رہے صاف کرکے ترنجبین خراسانی چھٹانک کم آدھ سیر قند سفید آدھ پاو کم سیر داخل کرکے قوام شربت کا دیوین **شربت زوفا** کھانسی بلغمی کو نافع ہے اور سینہ اور پھیپڑہ کو خلطوں خراب سے پاک کرتا ہے اور مرض ربو اور تنگی سانس کو فائدہ کامل بخشتا ہے بنفشہ کے پھول چودھ ماشہ خطمی کے بیج خبازی کے بیج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ ہنسراج ملیٹھی زوفای خشک ہر ایک دو تولہ انجیر سفید بیس عدد عناب تیس دانہ لسوڑہ مویز منقی ہر ایک پچاس دانہ جوش دین اور صاف کرین بعد اوسکے آدھ پاو کم سیر قند کا قوام دیکر شربت تیار کرین اور بعضے طبیب فراسیون ساڑھے سترہ ماشہ اس نسخہ مین داخل کرتے ہین **شربت دفاعی** معتدل مجرب و معمول حکیم محمد تقی لاہوری بسفائنہ نیلوفر ہر ایک چھ ماشہ تخم

دو تولہ بنفشہ پوست خشخاش السی کے بیج خطمی کے بیج ہر ایک تین تولہ اور
نوفای خشک ہر ایک پانچ تولہ خشخاش کے بیج دس تولہ انجیر زرد پینتیس دانہ عناب
ولایتی لسوڑہ مویز منقی ہر ایک ستو دانہ شہد سفید آدھ سیر عالمگیری قند سفید یا
دو سیر عالمگیری بدستور شربت تیار کرین شربت کریرہ البیر کہ عبارت ہے پرسیاؤشان
یعنے ہنسراج سے ہے نفع بخشتا ہے کھانسی کو اور کھولتا ہی سُدّہ کو جو تلی مین
ہنسراج سبز چھٹانک کم آدھ سیر پانی گرم مین ایک رات دن بھگو دین بعد اوسکے
ملایم آگ پر جوش دین اور صاف کر کے پچاس تولہ شہد اور پونے دو سیر شکر
قوام دیوین **شربت افسنتین** مالیخولیای مراقی کو نافع ہے اور واسطے
ضعف معدہ سرد اور سوء القنیہ کے مفید اور آزمایا ہوا ہے بالچھڑ سات ماشہ
نسوت سفید چھیلی ہوئی غاریقون ہر ایک چودہ ماشہ افسنتین رومی تین تولہ گل
پھول سرخ کی پتی چھ تولہ سبکو پونے دو سیر پانی مین بھگو کر جوش دین کہ تہائی جلجاوے
صاف کر کے چھٹانک کم آدھ سیر قند سفید یا شکر سفید مین قوام دین **شربت** دینار
سوء القنیہ اور استسقا کو نافع ہے اور غلیظ خلطونکو پکاتا ہے اور سُدّہ کو کھولتا
اور ریاح کو توڑتا ہے اور فضول کو براہ بول جاری کرتا ہے مویز منقی گیارہ تولہ
آٹھ ماشہ پوست سونف کی جڑ کا پوست اجمود کی جڑ کا پوست کاسنی کی جڑ کا
پونے نو تولہ انجیر زرد بیس دانہ سونف کے بیج کاسنی کے بیج ہر ایک چھ تولہ تخم
کبر کے جڑ کا چار تولہ ساڑھے چار ماشہ شگوفہ اذخر بالچھڑ تگر سلیخہ ہر ایک سات تولہ
سبکو بھگو کر جوش دین اور صاف کر کے آدھ پاؤ سیر قند مین قوام شربت کا
کرین قدر خوراک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ پانچ تولہ دس ماشہ تک **شربت افسنتین**
واسطے ضعف جگر اور معدہ کے ساتھ خشکی آنتون کے ہو مفید ہے اور حرارت
مزاج کو نہایت نافع ہے اور سُدّہ کھولتا ہے افسنتین نو ماشہ گلاب کے پھول
ڈیڑھ تولہ املی پونے چار تولہ ترنجبین پونے نو تولہ دواؤنکو جوش دیکر اور صاف
کر کے ترنجبین و سکنجبین حل کر لے اور قدرے پکا کر نوش کرے گلقند ایک جز

شربت بزوری بارد یعنے سرد استسقا اور سوء القنیہ کو نافع ہے اور سدہ کھولتا ہے اور پیاس بجھاتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے کاسنی کے بیج خربوزہ کے بیج کھیرے ککڑی کے بیج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ پوست کاسنی کی جڑ کا تین تولہ سبکو کچلکر چھتیس تولہ چار ماشہ پانی مین جوش دین کہ آدھا پانی باقی رہے صاف کر کے ساتھ قند سفید سوایا دو کے قوام دیکر نگاہ رکھین ہر صبح ایک قاشق ہمراہ ساتھ قاشق عرق کاسنی کے نوش فرمائین اور ایک جماعت کا یہ بیان ہے کہ ایک دن بملاحظہ ورم بزوری گرم اور ایک دن بملاحظہ پیاس بزوری سرد نوش کرین اور ایک گروہ کا یہ مقولہ ہے کہ ہر روز بملاحظہ ورم اور پیاس کے بھی ایک قاشق بزوری سرد اور نیم قاشق بزوری گرم ہمراہ تین قاشق عرق کاسنی اور ساڑھے تین قاشق سونف کے عرق کے دیوین

شربت بزوری حار یعنی گرم واسطے استسقاء کے مفید ہے پوست سونف کی جڑ کا پوست اجمود کی جڑ کا ہر ایک نو ماشہ سونف دیسی سونف رومی اجمود کے بیج ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ ایک پیالہ پانی مین جوش دین کہ آدھا رہجاے سوا چھبیس تولہ قند سفید مین قوام شربت کا تیار کرین اور ہر صبح ایک قاشق اسمین سے ساتھ قاشق کاسنی کے عرق مین گھولکر نوش فرمائین اور ایک جماعت کا قول ہے کہ ایک دن بملاحظہ ورم بزوری گرم دین اور ایک فرقہ کی رای ہے کہ ہر روز بملاحظہ ورم اور پیاس کے بھی ایک قاشق بزوری سرد اور آدھا قاشق بزوری گرم ہمراہ ساڑھے تین قاشق عرق کاسنی اور ساڑھے تین قاشق سونف کی عرق کے گھولکر دیوین **شربت دینار** نسخہ معمول شدہ جگر کھولتا ہے اور سوء القنیہ اور استسقا اور حرارت احشا کو نافع ہے کشوث کے بیج ساڑھے دس ماشہ پوٹلی مین باندھکر اور نیلوفر کے پھول اور گاوزبان ہر ایک تین تولہ کاسنی کے بیج کچلے ہوئے ساٹھ ماشہ گلاب کے پھول پانچ تولہ دس ماشہ پوست کاسنی کی جڑ کا گیارہ تولہ آٹھ ماشہ رات کو پانی مین تر کر کے صبح کو جوش دین کہ تہرا ہو جائے صاف کر کے آدھ سیر قند سفید مین قوام دیوین اور ریوند خطائی پونے چار تولہ بعد آگ پر سے اتارنے کے حل کرین

ہو رساتھ ایک قاشق شربت بزوری سرد مع عرقون مناسب کے استعمال کرین بہت
قریب الاعتدال کثیر المنافع واسطے سُدّون جگر اور ماساریقا اور احشا کو مفید ہے
ہمراہ شیرۂ خیارین کے خصوصًا اگر سکنجبین شکری بھی اضافہ کی گئی ہو اور یرقان
حرارت جگر اور معدہ کو نافع ہے اور پیشاب کو جاری کرتا ہے اور قبض کو رفع
اور حصبہ اور جدری کہ چیچک کی قسم سے ہے اور تپون خونی اور صفراوی کو فائدہ
بخشتا ہے ہمراہ شربت عناب کے ریوند چینی ڈیڑہ تولہ کشوث کے بیج ساڑے
سترہ ماشہ گلاب کی پھول چار تولہ ساڑھے چار ماشہ کاسنی کے بیج کچلے ہوئے
سات تولہ پوست کاسنی کی جڑ کا پونے نو تولہ ریوند چینی کو کچلکر اور ایک کپڑے کی
پوٹلی مین باندھ کر اور دواؤن کے ساتھ پانی مین بھگوئین اور صبح کو جوش دین
اور صاف کرکے آدھ پاؤ قند سفید ملا کر قوام شربت کا تیار کرین اور جو ساڑھے چار
ریوند چینی اور اوسکے اوپر بیسکر داخل کرین تو اثر اس نسخہ کا نہایت قوی ہوگا
مقدار خوراک سات ماشہ سے پونے چار تولہ تک یا چار تولہ ساڑھے چار ماشہ تک

شربت ریوند سُدّون کو کھولتا ہے اور یرقان اور حرارت جگر کو نافع ہے
اور پیشاب کو جاری کرتا ہے اور قبض کو دور کرتا ہے کشوث کے بیج پوست
سونف کی جڑ کا پوست کاسنی کی جڑ کا اجمود کی جڑ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
کھیرے ککڑی کے بیج خربوزہ کے بیج سونف کاسنی کے بیج ہر ایک چار تولہ
چار ماشہ سبکو کچلکر جوش دین اور صاف کرین اور آدھ پاؤ سیر قند سفید ڈالکر قوام
شربت کا تیار کرین

شربت انجبار واسطے خون کے دستون کے نافع
اور جس مقام سے کہ خون جاری ہو فورًا بند کرتا ہے اور قوت ماسکہ کو تقویت
بخشتا ہے انجبار کی لکڑی کی چھال اور جڑ اوسکی پانچ تولہ آٹھ ماشہ سات تولہ
کچلین اور ایک رات دن گرم پانی مین بھگوئین بعد اوسکے نرم آگ پر
اوٹاوین اور صاف کرین اور چھاننے کے بعد آدھ سیر شکر مین قوام کرکے
قدر خوراک اوسکی سترہ ماشہ نانخواہ کے عرق مین نوش کرین شربت

ماساریقا یعنی [illegible] جہوٹی موٹی رگین [illegible] آنتون سے [illegible] اور معدہ [illegible] کیموس [illegible] ۱۲

طراثیث[لہ] اور انجبار[لہ] کی جڑ ہر ایک یکتولہ کوٹکر چھانکر ساتھ دو تولہ صندل سفید اور بارہ تولہ
قند سفید کے قوام تیار کرین اور سوا گیارہ ماشہ گوند ببول کا کوٹکر چھانکر جدا نگاہ رکھین
ایکسٹ ان مین دو مرتبہ یہ شربت نوش کرین اور ہر مرتبہ نو ماشہ یا سوا دو ماشہ
گوند ببول کا ملاکر نوش فرماتین **شربت بزوری** پیشاب کو جاری کرتا ہے اور حیض کو
بہاتا ہے اور پتھری کو ٹکرے ٹکرے کرکے نکالتا ہے اور یرقان کو دفع کرتا ہے اور
سُدّہ جگر اور تلی کا کھولتا ہے اور پرانے تپون کو نافع ہے پوست کاسنی کی جڑ کا
غافث کے پھول کاسنی کے بیج خطمی کے بیج ملھٹی بالچھڑ بنفشہ گاوزبان ہر ایک ساڑھے
تیرہ ماشہ سونف خربوزہ کے بیج کدو کے بیج کسوم کے بیج ہر ایک دو تولہ کوٹکر سوا
دو سیر پانی مین ایک رات دن تر کرین اور مویز منقے چھ تولہ ملاکر جوش دین حسب وقت
آدھ پاؤ کم سیر پانی باقی رہے صاف کرکے اور آدھ پاؤ کم سیر شکر سفید اضافہ فرماکر
قوام دیوین **شربت کاکنج** واسطے پرانے زخم اور سوزاک کے مفید ہے
سونف رومی اجمود کے بیج ہر ایک سات ماشہ ہنسراج بنفشہ گاوزبان ہر ایک
ساڑھے ستر ہ ماشہ گوکھرو دو تولہ کاکنج تین تولہ کھیرے ککڑی کے بیج پونے نو تولہ
قند سفید آدھ سیر بدستور شربت تیار کرین **شربت مفاصل** اجمود کی بیج سونف دیسی
سونف رومی اجواین دیسی ماہی زہرہ سورنجان ہر ایک تین تولہ پوست اجمود کی
جڑ کا ہر ایک چھ تولہ پوست کبر کی جڑ کا پوست سونف کی جڑ کا ہر ایک ساڑھے سات تولہ
قند سفید آدھ پاؤ کم سیر **شربت ہندبا** یعنے کاسنی کا شربت سُدّہ کو کھولتا ہے
اور خلطون غلیظ کو قطع کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے پوست کاسنی کی جڑ کا
بھگلا ہوا جوش دیکر صاف کرین بعد اوسکے گلقند آفتابی اوپر اوسکے اضافہ کرین
اور آدھ پاؤ کم سیر قند سفید مین قوام دیکر شربت تیار کرین اور قریب قوام کے
پانی لیمو کا تازہ بقدر ذائقہ اضافہ فرماتین **شربت ہندبا** تپون کو نافع ہے اور سُدّہ
کھولتا ہے اور دل اور معدہ اور جگر کو نافع ہے شکر سفید سوا سیر پانی مین گھولکر
جوش دیوین اور جھاگ اوتارین بعد اوسکے کاسنی مروق یعنے پھاڑی ہوئی

[لہ] طراثیث ایک گھاس ہے سرخ اور سفید پھول ہوتے ہیں اوسکی بیخ [illegible] اور قابض [illegible] شیرین اور سفید بسیم [illegible] ۱۲

[لہ] انجبار ایک گھاس ہے [illegible] سرخ [illegible] پھول [illegible] اور سرخ [illegible] اور مستعمل اسکی بیخ [illegible] جڑ کا ہے ۱۲

چھٹانک کم آدھ سیر اضافہ کرکے قوام دیوین جسوقت قوام ہوجاے قدرے لیمون کا
پانی بھی اضافہ کرین **شربت سنا** تالیف صاحب قرابادین قادری بہتر ہین مسہلات
واسطے معتدل مزاجون کے اور تپ مین بھی دے سکتے ہین اور تینون خلطون کو
باہر نکالتا ہے اور قلیل المقدار ہے اور بدمزہ بھی نہین ہے اور دماغی وغیرہ بیماریون کو
نافع ہے اور باوجود قوت دست لانے کے دل کو تقویت دیتا ہے کاسنی کے بیج
کچلے ہوے چودھ ماشہ گلاب کے پھول گاوزبان کے پھول بنفشہ کے پھول نیلوفر
کے پھول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کھیرے ککڑی کے بیج کوٹے ہوے بوزیدان
سناے مکی گھاس کوڑی سے صاف کی ہوئی چھ تولہ آلوی بخارا اینڈرہ عدد عناب
تیس دانہ لسوڑہ ساٹھ دانہ ترنجبین خراسانی خار وغیرہ سے پاک کی ہوئی چار تولہ
چار ماشہ بطریق مشہور شربت تیار کرین اور جو پانی کے بدلے گلاب اور بید مشک
اور عرق نیلوفر مین جوش دین تو بہتر ہوگا اور جو قند سفید عوض ترنجبین کے کرین
روا ہے اور جو کوئی شخص نزف الدم کا معتاد ہو یعنی خون اوسکے جسم سے کسی راہ سے
جاری رہتا ہو اوس شخص کو ترنجبین نہ دینی چاہیے کہ یہ بالخاصیت مدر دم ہے یعنی
خون کو جاری کرتی ہے اور قدر خوراک اس شربت کی حسب وقت اور مناسب
مزاج راے طبیب پر موقوف ہے **فصل چوتھی اون شربتون کے بیان مین**
جو جلدی بیماریون کو نافع ہین مثل بیماری آتشک اور جذام اور سب طرح کی
پرانی بیماریون سوداوی اور بلغمی کے **شربت عشبہ** واسطے آتشک اور
اور سب طرح کے پرانے اور نئے زخمون اور اصلاح مواد گرم اور اکلہ حلق کے
مفید اور سب بدل ہے عشبہ مغربی چوبچینی ہر ایک چودھ ماشہ آلوے بخارا عناب
ولایتی ہر ایک بارہ دانہ کدو کے بیجون کی گری خربوزہ کے بیجون کی گری
جو چھلے ہوے چھ تولہ سب کو پونے دو سیر پانی مین جوش دین کہ نصف حصہ باقی
رہے شاہترہ اور بنفشہ اضافہ کرین اور پھر جوش دین یہان تک کہ چہارم
سوخت ہوجاتے سترہ تولہ قند سفید بڑھا کر قوام ہوین اور تین تولہ صبح اور

شام کو مناسب عرقون کے ساتھ نوش کرین اور غذا آش جو اور پانی کی جگہ جو بجینی کا عرق اگر موجود ہو تو بہتر ورنہ مناسب عرق بجای پانی پیتے رہین شربت باوسانت کہ زبان اہل فرنگ مین شیشم کو کہتے ہین واسطے اصلاح پرانی زخمون خبیث اور نئے زخمون آتشک ور خارش تر اور داد وغیرہ خونی اور سوداوی بیماریون کے مجرب ہی اور معمول فرنگیان ہی برادہ باونت سرخ یعنی شیشم کا برادہ آدھ سیر چھ سیر خالص پانی مین ایک رات دن تر کرین بعد اوسکے جوش دیکر جسوقت ڈیڑھ سیر پانی باقی رہے اوتار کر صاف کرین اور تین پاو قند سفید ملاکر قوام شربت کا تیار کرین شربت سادہ عبارت اسی سے ہے اور جو چاہین کہ دستون کی راہ مواد کو نکالے تو اس طرح مرتب کرین کہ جسوقت چاشنی قوام کی قریب پہونچے سورنجان مصری تین تولہ نو ماشہ اذخر کی دو تولہ کوٹکر چھانکر داخل کرین اور بعد درست ہونے قوام کے سنا مکی دس تولہ باریک کرکے داخل کرین اور آگ پر سے اوتار کر اور سرد کرکے شیشہ مین نگاہ رکھین اور اگر چاہین کہ خون کو صاف کرے اور خارش وغیرہ کو نفع پہونچاتے چار تولہ شاہترہ کو ملکر ہمراہ اذخر کی ڈالین بعد اوسکے سنا کی نئی اضافہ کرین قدر خوراک چھ تولہ صبح اور چھ تولہ شام اور شربت مرکب ہی دس تولہ ہمراہ جوشاندہ باوسانت کی غذا روٹی اور قلیہ تناول کرین شربت شاہترہ مدبر واسطے نرمی طبع اور نکالنے خلطون بلغمی اور سوداوی اور محترقہ اور تسکین خلطون کے مفید ہے اور خارش تر اور کھجلی خشک کو فائدہ کامل بخشتا ہے کشوث کی بیج ساڑھے دس ماشہ زیرہ گلاب کا زرشک ہر ایک ساڑھے ستره ماشہ بنفشہ کی پھول دو تولہ ہنسراج ملٹھی چھیلی ہوئی بسفایج فستقی سنا مکی گاوزبان زرد ہڑ کابلی ہڑ گٹھلی دور کی ہوئی ہر ایک چھ تولہ املی تخم اور ریشہ سے پاک کی ہوئی ہر ایک پونے نو تولہ آلو بخارا نیلوفر کی پھول تازہ ہر ایک تیس عدد عناب لسوڑہ ہر ایک پچاس عدد جو دوائین کوٹنے کی ہین کوٹین اور شاہترہ کے پانی ساڑھے چار سیر مین ایک رات دن تر کرین پھر جوش دیوین

یہان تک کہ تہائی جلجائے صاف کرکے نگاہ رکھیں قدر خوراک دو تولہ سے
تین تولہ تک ساتھ چھ تولہ ماء الجبن کے اور کبھی لعاب املتاس اور سقمونیا اضافہ
کرین اور موافق قوت کی نسخہ مین افسنتین رومی بھی ساڑھے دس ماشہ داخل کر
شربت کدر واسطے جدری اور حصبہ کہ اقسام چیچک سے ہین اور شری یعنی
پتی اور ماشرا کے نافع ہے اور سب علتون خونی اور حرارت جگر اور معدہ کو
مفید ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے دونون صندل ہر ایک دو تولہ دس ماشہ کیوڑی کی
لکڑی کہ اوسکو چوب کادی کہتے ہین ساڑھے آٹھ ماشہ تینون کو کوٹکر چھانک
کم آدھ سیر سرکہ انگوری پرانے مین تر کرین ایک ہفتہ تک پھر صاف کرین او
سرکہ صاف کو نگاہ رکھیں اور بھیگی ہوئی دواؤن کو ڈیڑھ پاو کم تین سیر پانی مین جوش
کہ چہارم حصہ باقی رہے بعد اوسکے گلاب پانچ تولہ آٹھ ماشہ پانی کھٹے لیمون کا گیارہ تولہ چار ماشہ پانی
کھٹے انار کا پانی پیاس کا پانی انگور خام کا پانی لیمون کا پانی سماق بھیگی ہوئی کا پانی
زرشک بھیگی ہوئی کا عصارہ خرنوب شامی پانی عناب جوش کیے ہوئے کا پانی
مسور جوش کیے ہوئے کا ہر ایک سترہ تولہ قند سفید آدھ پاو اوپر ایک سیر سبکو
ساتھ سرکہ مذکور اور اشیاء نگینہ مذکورہ کے ملائین اور سنگین دیگ مین قوام دیں
بعد اوسکے کافور ریاحی ساڑھے چار ماشہ سونف بالچھڑ ہر ایک ساتھ ماشہ تنبول چینی
ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر اوسمین گوندھین **باب دوسرا** اشیافات مین
دو فصل پر شامل ہے **فصل پہلی** تذکرہ شیافات مطلیہ مین **شیاف ابیض**
واسطے بیماریون گرم اور تحلیل ورمون اور ردع اورام کے نافع ہے نشاستہ
ساڑھے تین ماشہ سفیدہ کاشغری گوند ببول کا کتیرا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
لعاب اسبغول یا مرغ کے انڈے کی سفیدی مین شیاف کرین **شیاف**
ابیض افیونی رمد یعنی ورم ملتحمہ کو نافع ہے سفیدہ کاشغری دھویا ہوا سا
سترہ ماشہ انزروت ساڑھے دس ماشہ کتیرا نشاستہ ہر ایک سات ماشہ افیون
پونے دو ماشہ عورتون کے دودھ یا انڈے کی سفیدی رقیق ملاکر شیاف

شیاف احمر حاد بالچھڑ اور ناخنہ اور سلاق
اور بیاض کو نافع ہے شادنج دھویا ہوا پونے دو تولہ گوندببول کا
ساڑہے سترہ ماشہ زنگار نو ماشہ تانبہ جلایا ہوا پھٹکری
جلی ہوئی ہر ایک سات ماشہ افیون ایلوا ہر ایک یعنے دو ماشہ زعفران
مُرکی یعنی بول ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول **شیاف احمر لین** درد اور گرمی سخت کو
تسکین دیتا ہے اور سرخی اور خارش چشم کو دور کرتا ہے اور دمعہ یعنی ڈھلکہ اور ناخنہ
اور موسرج کو مفید ہے سفیدہ کاشغری نشاستہ شادنج عدسی موتی سنے سوراخ
مونگے کی جڑ نشنگرف رومی ردسنج افیون ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر اور لعاب
پیسکر لعاب بہدانہ مین شیاف تیار کرین **شیاف اسود** ناخنہ اور بیاض اور بقیہ
مادہ رمد کہنہ کو قطع کرتا ہے اور آنکھ پر مواد گرنے نہین دیتا آنکھون مین لگانے کو
اور حلقہ چشم پر طلا کرنے مین کام آتا ہے شب یمانی کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے
چودہ ماشہ رسوت سات ماشہ افیون تین ماشہ سفیدہ کاشغری نیلا تھوتھا خام پوست
عاقرقرحا ہر ایک ایکماشہ پانی مین پیسکر شیاف تیار کرین اور وقت حاجت کے
رات کی پانی مین پیسکر استعمال کرین **شیاف اخضر** خارش تر اور بیاض اور سبل کو
مفید ہے اشق اقلیمیا نقرہ گوند ببول کا سفید سفیدہ کاشغری ہر ایک سات ماشہ
زنگار ساڑھے دس ماشہ اشق اور ببول کے گوند کو تلی کے پانی مین حلکر کے
اور دوائین کوٹکر چھانکر اور اوس مین گوندھکر شیاف کرین **شیاف یاسمین**
آنکھون کی بیماریون کو نافع ہے خواہ طبقون مین آنکھ کے خواہ رطوبتون مین خواہ
گوشہ ہاے چشم مین کوئی بیماری ہو غنچہ گل یاسمین یعنے چنبیلی سرمہ سنگ بصری
توتیا ہارونی زعفران شورہ قلمی مغز تخم سرس برابر وزن کوٹکر چھانکر سنگ سماق
یا شیرہ لیمون مین ایک ہفتہ تک پیسکر شیاف بنائین اور نگاہ رکھین اس کے
پانی مین تیھر پر پیسکر وقت حاجت کے جسد کی سلائی سے آنکھ مین کھنچین اور جو آنکھ مین
پھولی نکلی ہو یا پلکون کے بال گر گئے ہون آب دہن مین پیسکر اور بوقت صبح

جسوقت خواب سے بیدار ہون سلائی سے آنکھ مین لگائین شیاف واسطے

رسولی اور جالہ اور ناخنہ کے مجرب ہے نمک لاہوری چودہ ماشہ لونگ کلاہ دار

مرچ سیاہ گھونگچی سفید پانچ پانچ عدد افیون گلاب کے پھول کوڑی زرد ایک عدد

ٹکڑے سفید چینی کے ایک ماشہ کافور بھیم سینی چار رتی اول گھونگچی کا پوست جلاکر

مثل کوئلہ کے کرین اور سب وا ون کو مثل غبار کے پیسکر علحدہ علحدہ خوب ایک

کرین اور لوہے کے برتن مین ڈالکر نیم کے سونٹے سے جسمین پیسے جزو دن

لیمون کے عرق کے ساتھ خوب گھوٹین پھر شیاف اوسکے بناکر نگاہ رکھین اور

لیمون کے عرق یا خالص پانی مین حاجت کے وقت پیسکر اوپر آنکھ اور اندر

استعمال فرمائین شیاف واسطے رمد یعنے ورم ملتحمہ کے مجرب اور عجیب النفع ہے

دم الاخوین ایلوا اقاقیا شیاف مامیثا زعفران گوند ببول کا کوٹکر چھانکر ہری کاسنی کے

پانی مین شیاف تیار کرین شیاف ورم ملتحمہ گرم اور دمعہ حار یعنے ڈھلکہ گرم

اور اکثر بیماریون آنکھ کے نافع ہے شب یمانی کو لوہے کے برتن مین ڈالکر

آگ پر رکھین کہ پگھجائے اور بھوبجائے پس اوسی حالت مین ملائم آگ پر جوش کرین

اور پانی کھٹے انار کا اوسی برتن مین اسقدر ڈالین کہ شب یمانی کو ڈھک دیوے

بعد اوسکے دھیمی آنچ پر خفیف جوش دین جسوقت کہ پانی جذب ہو جائے اور

قابل گولی بندھنے کے ہو جلد تر نکالکر چینی کے برتن مین نگاہ رکھین اور شیاف

بنائین اور وقت حاجت کے پانی مین پیسکر آنکھ مین کھینچین شیاف غرب

یعنے ناسور واسطے بیماریون کے مجرب اور معمول ہے ایلوا کندر ہر ایک ساڑھے

تین ماشہ انزروت دم الاخوین گلنار سرمہ شب یمانی کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے

ہر ایک پونے دو ماشہ زنگار سات رتی شیاف بنائین اور وقت حاجت کے

پانی مین پیسکر قطور کرین شیاف قایم مقام شیاف مرارات کے ہے

واسطے قطع مواد نزول اور انتشار کے تجربہ کرنے والون کے تجربہ مین آیا ہے

پتہ پہاڑی بکری کا تانبہ کے برتن مین خشک کیا ہوا تین تولہ سکبینج سات ماشہ

فرفیون نوشادر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اندراین کا پھل پونے دو ماشہ ساتھ پانی تلی یا سونف کے شیاف تیار کرین **شیاف کندر** آنکھ کے پرانے زخم کو نافع ہے اور گوشت نیا جماتا ہے اور پھنسیون اور پرانے زخمون کے مواد کو پکاتا ہے کندر تین تولہ اشق انزروت ہر ایک ساڑھے ستر٘ہ ماشہ زعفران ساڑھے ماشہ میتھی کے لعاب مین شیاف تیار کرین اور آنکھ مین ٹپکائین اور جو مطلوب پکانا پرانے زخمون اور پھنسیون کا ہو تو ٹی سے باندھین **شیاف مجربہ** واسطے نزول الماء کی ناگرموتھ کالی مرچ پیپل ہر ایک پانچ ماشہ زعفران تین ماشہ پوست زرد دس ماشہ کالی ہڑ تین ماشہ دھنیہ فرنگ مرگی یعنے بول دو ماشہ مارقیشا یعنے سونا مکھی چار ماشہ تخم سرس پانچ ماشہ تخم کھرنی چار ماشہ سنگ بصری پانچ ماشہ ہاتھی کا ناخن چار ماشہ سفیدی بیٹ کبوتر کی چار ماشہ لونگ ایک ماشہ کوٹکر چھانکر اور باریک کرکے لوہے کے برتن مین ہمراہ بارہ سنگہ کے سینگ کے لیمون کے عرق کے ساتھ تین روز پیسکر شیاف بناکر نگاہ رکھین **شیاف** واسطے کری گوش کے معمول اور منقول ہے دو نمر دارائی تلی اندراین کے پھل کا گودا برابر وزن کوٹکر چھانکر اور گاے کے پتے مین شیاف بناکر وقت حاجت کے روغن بادام تلخ مین پیسکر کان مین ٹپکائین دیگر طرش کو نافع ہے کہ بسبب خلط غلیظ کے ہو اور ثقل سمع کو نیا ہو یا پرانا مفید ہے اور کان کے درد بلغمی اور طنین اور دوی ریحی کو بہت نفع بخشتا ہے فرفیون چار رتی ڈیڑہ چاول کوٹھ ساٹھ رتی جند بید ستر زراوند مدحرج عصارہ افسنتین ہر ایک پونے دو ماشہ اندراین کے پھل کا گودا ساڑھے تین ماشہ جو اکھار ساڑھے دس ماشہ کوٹکر چھانکر اور گاے کے پتہ مین گوندھ کر شیاف بنائین اور وقت حاجت کے اول بخارا جوشاندہ پودینہ اور درمنہ ترکی اور دونا مروا کا لیکر تھوڑا سا اس شیاف مین سے روغن بادام تلخ مین حل کرکے کان مین ٹپکائین دیگر پرانے زخم اور کان کے پیپ کو نافع ہے انزروت چار رتی ڈیڑہ چاول بول کندر نطرون زعفران ہر ایک پونے دو ماشہ بادام تلخ

سوا پانچ ماشہ کوٹکر چھانکر شیاف تیار کرین اور حاجت کے وقت بط کی چربی سے کے روغن میں حل کرکے اور روئی اوسمین آلودہ کرکے کان مین رکھین اور جو پیپ مین بدبو ہووے تو بدون روئی کے کان مین ٹپکائین اور روئی سے کان کو بند رکھین **فصل دویم** شیافات محمولہ قبل اور دُبر مین **شیاف ترنجبین** قبض کو کھولتا ہے اور گرم مزاج والون کو نافع ہے بعد مسہل کے بھی جسوقت کہ قصور عمل مسہل مین ہوا ہو جوا کھار خطمی صابون نمک طعام ہر ایک سات ماشہ ترنجبین ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر شکر سرخ مین گوندھین اور شیاف تیار کرین **شیاف خیار شنبر** قولنج کو کھولتا ہے اور قبض کو دور کرتا ہے اور تپون مین کام آتا ہے اور نہایت سریع الاثر ہے نمک ہندی ساڑھے تین ماشہ بنفشہ سات ماشہ خطمی ساڑہے دس ماشہ سنا مکی العطار بدستور گوندھ کر شیاف تیار کرین اور وقت حاجت کے روغن زیتون مین چرب کرکے مقعد کے اندر رکھین **دیگر** معمول اور کثیر النفع چوہے کی مینگنیان نمک شکر برابر وزن نرم آگ پر بستہ کرین اور مانند چھوارہ کی گٹھلی کے شیاف بنا کر روغن بنفشہ اور گدہی کے دودھ مین چرب کرکے مقعد مین رکھین **دیگر** واسطے قولنج اور خشکی کے جوا کھار ساڑہے تین ماشہ اندراین کے پھل کا گودا ساڑہے چار ماشہ گاؤ پتہ سات ماشہ شہد گرہ بندھی ہوئی مین گوندھین اور روغن بادام چرب کرکے مقعد مین رکھین **دیگر** بلغم کو دستون کی راہ نکالتا ہے سقمونیا ایک ماشہ تین چاول سونٹھ گوگل جند بیدستر اندراین کے پھل کا گودا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گلو بخی سات ماشہ صابون جوا کھار ہر ایک ساڑھے دس ماشہ سبکے چار شیاف تیار کرین اور جو قوی زیادہ اثر منظور ہو تو قدرے نسوت بھی داخل کرین **شیاف قولنج** قولنج کو کھولتا ہے سقمونیا پونے نو ماشہ اندراین کے پھل کا گودا گوگل سکبینج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ شکر سرخ تین تولہ کوٹکر چھانکر شیاف تیار کرین **دیگر** واسطے قولنج ریحی کے تتلی کی تپی تازہ زیرہ اجوائن جوا کھار ہر ایک ہم وزن کوٹکر چھانکر شہد مین گوندھین اور ایک کپڑا نرم اوسمین آلودہ کرین اور

کپڑے کے کنارے پر باندھ کر اندر مقعد کے اوس کپڑے کو پہونچائین اور ڈورا
باہر رکھین ایک گھنٹہ تک پھر باہر کھینچین اور چند مرتبہ اسی دستور سے استعمال کرین
شیاف سورنجان واسطے بواسیر ریحی کے کہ وجع مفاصل اوسکے ساتھ
لاحق ہو بہت نافع ہے سورنجان سواد و ماشہ کوٹکر چھانکر دنبہ کی گھی یا گای کی
گھی مین گوندھ کر اور روئی مین آلودہ کرکے کئی شب بے درپے مقعد کے اندر
رکھین دو شب مین اصلاح پر لاتا ہے احتیاج تیسری رات کی نہوگی مولف فرماتے ہین
بندہ نے اس نسخہ مین دو تین چیزین اور بڑہائی ہین اور اثر اوسکا زیادہ مشاہدہ
کیا ہے گوگل ورق قنب یعنی بھنگ مغز آڑو کی گٹھلی کا پانی گندنا کا **شیاف** واسطے
چھوٹے چھوٹے کیڑون کے جو بچون کے نیچے کی آنتون مین پیدا ہوتے ہون مفید ہے
اندراین کے پھل کا گودا قنطوریون نمک ہندی زردآلو کی گٹھلی کی گسی برابر وزن
کوٹکر چھانکر شیاف تیار کرین **شیاف** شکم کو بند کرتا ہے یعنے دست لاتا ہے اقاقیا
گلنار گوند ببول کا بڑی مائین بلوط زیرہ بھونا ہوا برنج بریان کوٹکر چھانکر مورد کے پانی کے
ساتھ شیاف بنائین **دیگر** استسقاء طبلی کو نافع ہے اور آنتون کے ریاح کو دفع کرتا ہے
تل حرمل سونف دیسی اجمود کے بیج نسوت سفید جوا کھار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
شکر سفید ساڑھے سترہ ماشہ تلی کے پانی مین شیاف تیار کرین **شیاف** واسطے
پیچش کے مفید ہے قشار کندر دم الاخوین اقاقیا افیون مرکی یعنی بول عصارہ
لحیۃ التیس ہر ایک ایکجزو باریک پیسین اور ہری بارتنگ کے پانی مین گوندھ کر
اور شیاف بنا کر خشک کرین اور استعمال فرمائین **شیاف حنظلہ** پیچش سدی مین
معمول ہے خطمی کے بیج جوا کھار اندراین کے پھل کا گودا شکر سرخ کوٹکر شیاف بنائین
شیاف ریلی قبض کو کھولتا ہے جو ہے کی مینگنی شکر سرخ سنا مکی بنفشہ جوا کھار
سبکو برابر وزن نرم کرکے شکر سفید کے قوام مین گوندھین اور شیاف تیار کرین
شیاف عجلی خون بواسیر کو بند کرتا ہے کندر گلنار مازو سرمہ شب یمانی کہ ایک
قسم پھٹکری کی ہے اقاقیا گوند ببول کا برابر وزن شیاف بنائین **ایضاً** خون

بواسیر کو بند کرتا ہے اور قدیمی طبیبون کے مجربات سے ہے لیتم کو سفید کا فتیلہ
بنا کر تین دن سرکہ مین ڈالین بعد اوسکے بھنگ کو نرم پیسکر اوس فتیلہ پر خوب
اور شیاف تیار کرین **باب تیسرا** اون نسخون کے بیان مین ہے جو
شراب موسوم ہین **شراب ریحانی** سوداوی اور بلغمی بیماریون کو نافع
اور معدہ اور دل کو قوت دیتی ہے لونگ سوا پانچ ماشہ اگر خام ساٹ ماشہ
بادرنجبویہ گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کو نگرا اور تھیلی مین باندھ
ہمراہ میٹھے پانی بہ کے کہ آدھ پاؤ کم سیر وزن ہو پتھر کی دیگ مین جوش دین
نصف باقی رہے بعد اوسکے مٹکہ مین ڈالین اور قند سفید اڑھائی پاو
کرکے ساتھ شراب ریحانی کے ڈالکر منہ مٹکہ کا بند کرین اور بیس دن
نیچے رکھین اور صاف کرکے استعمال کرین **باب چوتھا** شمومات مین
شموم ہچکی سخت کو جسکا زمانہ بہت گذرا ہو اور اگرچہ تپ کی حالت مین
مفید ہے **عود العطاس** یعنے چھکنی سونگھین مجرب ہے **حرف الصاد**
ایک باب پر شامل ہے **صبغ** کہ ایک تیزاب مشہور اور حکیم علی گیلانی
منقول ہے اور معمول ہے برص کے سفید داغون کو دور کرتا ہے
مواد کو جلاکر اور زخم کرکے اصلاح پر لاتا ہے مسحوق نیا شورہ پھٹکری
معمول آتشی شیشی مین ٹپکائین کہ تیزاب تیز نکلیگا وقت حاجت کی مرغ
مقام برص پر لگائین چند روز مین عجایب مشاہدہ فرمائینگے **صبغ**
داغون کو رنگین کرتا ہے شورہ مرکی یعنی ابول شب یمانی کہ ایک قسم
کی ہے مجیٹھ کو نگر تیزاب مین نم کرین اور کئی مرتبہ ملین دیگر یہی عمل کرتا
چہارم حصہ چیتہ ایک حصہ کو نگرا اور پانی مین گھسکر طلا کرین دیگر نشان آبلہ
زخم کا ہمرنگ جسم کے کرتا ہے مردار سنگ حو یا ہو انل کی جڑ ہرانی آنا
آنا چاول کا ہڈیان ہرانی گھنی ہوئین خربوزہ کے بیج نکی گری تخم بکاین کو
چھانکر تھی السی شب یمانی ملین اور صبح گیہون کی بھوسی اور گرم

دہوین حرف الضاد المعجمۃ ایک باب پر مشتمل ہے اور وہ سات فصل پر منقسم ہے
فصل اول ان نسخون مین ضماد کے ہے جو سر اور دماغ کی بیماریون سے
متعلق ہین فصل دوسری ان نسخون مین ضماد کے ہے جو انکھ اور ناک
اور کان اور گاد کی بیماریون کو مفید ہین فصل تیسری ان ضمادات مین ہے
جو سینہ اور پہلو کے امراض سے علاقہ رکھتے ہین فصل چوتھی بیان مین ان
ضمادات کے ہے جو دل اور معدہ اور تلی اور جگر اور دونون گردہ اور مثانہ اور رحم اور
مقعد اور روہون قضیب اور فوطون کی بیماریون سے متعلق ہین فصل پانچوین
ضمادات مفاصل یعنے اعضا کے گانٹھون کی بیماریون کو نافع ہین فصل چھٹی
ضمادہای خارش تر اور کھجلی خشک اور خبیث زخمون مین فصل ساتوین
ضمادہاے ضربہ اور سقطہ مین فصل پہلی سر اور دماغ کی بیماریون کے
ضمادات مین ضماد سرسام سوداوی اور درد سر خشک اور خشکی نتھنون اور
خشکی دماغ کو فائدہ تمام کرتا ہے بنفشہ کی پھول نیلوفر کی پھول کدو کے بیجون کی
گری تربوز کے بیجون کی گری ہر ایک یکتولہ گدہی یا بکری کے دودھ مین گھس
کے ضماد کرین ضماد دیگر واسطے سرسام صفراوی اور اختلاط عقل کی گرم تپون
اور گرم بیماریون مین مفید ہے آٹا جو کا تین تولہ بنفشہ کے پھول بھوسی گیہون کی
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ خطمی کے پھول سفید ساڑھے دس ماشہ کوٹکر چھانکر سبز
کاسنی کے پتون اور روغن گل اور سرکہ گوندھکر ضماد کرین تالو کے اوپر
دیگر واسطے سرسام صفراوی کے کہ نفس جوہر دماغ پر عارض ہو تراشہ کدو کی بیج
کی مکوہ کی تپی صندل سفید رسوت کی شاخین بید کی تپی بنفشہ کی تپی نیلوفر
کی اسبغول کی باریک پیسکر اور سرکہ مین ملاکر ضماد کرین دیگر واسطے بچون کی
سرسام کی حالت کہنے مرض کے کام آتا ہے بنفشہ نو ماشہ اگر ہندی عود صلیب
اسطوخودوس ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول مونگ چھیلی ہوئی ایک کف
کوٹکر چھانکر ادہ لڑکے کی مان کے دودھ اور مرغ کے انڈے اور روغن گل مین

گوندھ کر اور کپڑے پر پھیلا کر تالو کے اوپر رکھین دیگر بچون کے سرسام گرم کو نافع
شروع علت مین مستعمل ہوتا ہے اور بچون کے تالو مین گڑھا پڑنے اور چھینک
بھی مفید ہے مرغ کے انڈے کی زردی پانی ہرے خرفہ کا پانی ہری مکوہ کا
لڑکے کی مان کا روغن بنفشہ بادام کوٹنے کی چیزین کوٹکر سبکو اکھٹا کرکے در
اور بشکل مرہم کے بنا کر ضماد کرین مگر اول پیشانی بچہ کی روغن کدو سے چکنی کرلو
ضماد سرسام اور مالیخولیاے سوداوی اور صفراوی کو شروع زمانہ مین
سردی اور تری پہونچانے الاعضا کے مستعمل ہوتا ہی اور آزمایا ہوا ہے بنفشہ
پھول خشک نیلوفر کے پھول خطمی کے پھول گلاب کے پھول کی تپی
جو چھیلے ہوتے بید کی تپی خشخاش سفید کی تپی لڑکے کی مان کا دودھ یا بکری
دودھ اور روغن گل دوائین کوٹنے کی کوٹکر چھانکر ساتھ مغزیات اور ہری تپی
تپھر پر پیسکر دودھ اور روغن آہستہ آہستہ ڈالین کہ بشکل مرہم کے ہو جاتے
اس دوا سے غلاف کرین ضماد منقول حکیم ہادی شیرازی سے واسطے سرسام
بلغمی کے اگر خام عود صلیب چھ رتی سوا دو چاول بنفشہ کے پھول اسطوخودوس
کمادریوس نو نو ماشہ جند بید ستر ساڑھے چار ماشہ ماش دھوئے ہوئے
کف کوٹکر اور روغن گل اور روغن ناردین ہر ایک ساڑھے چار ماشہ عورتون
دودھ اور مرغ کے انڈون کی زردی ایک عدد مین گوندھ کر تالو پر ضماد کرین
ضماد اگر سرسام بلغمی کے سر پر رکھین تو مادہ بلغم کو تحلیل کر دیگا اور جو
شروع علت مین ملین مواد کو اوپر سے نیچے کھینچیگا پیاز جنگلی تازہ تپھر کے ہاون
نرم کوٹین اور سرکہ مین حل کرین اور ضماد بدستور فرمائین دیگر واسطے حرارت
دماغ کے مجرب ہے تراشہ کدو تراشہ خیار پوست خربوزہ کا ہری مکوہ بنفشہ
پھول ہری کاسنی کی تپی کوٹی ہوئی اور اقاقیا پیسا ہوا داخل کرکے تالو پر ضماد
کرین دیگر اسی مرض کو مفید ہے ایلوا زعفران عصارہ اقاقیا چھالیہ گل
لیغنے گیرو شیاف مامیثا صندل سرخ پیسا ہوا ساتھ ہری کاسنی کے پانی

ہری مکوہ کے پانی سے گوندھ کر ضماد کرین **دیگر** اس مرض مین حالت گھٹنے مرض کی کام
آتا ہے عود صلیب چار رتی ڈیڑہ چاول بنفشہ کے پھول ساڑہے چار ماشہ آٹا ماش کا
ایک کف کوٹکر اور لڑکے کی مان کے دودھ اور مرغ کے انڈون کی زردی اور
روغن گل مین گوندھ کر اور کپڑا اوسمین لتھیڑ کر سر پر رکھین اور ساعت بساعت
تبدیل کرتے رہین **ضماد طبری** واسطے درد سر گرم کے کامل الصناعہ سے
منقول ہے افیون ایکجزو مر یعنے بول کاہو کے بیج پوست لُفّاح کی جڑ کا اجواین
خراسانی ہر ایک دو جزو پوست خشخاش کا خطمی سفید آٹا جو کا ہر ایک چودہ ماشہ
کوٹکر چھانکر سرکہ کی شراب مین ضماد کرین **ضماد** درد سر گرم صفراوی کو مفید ہے
افیون ایکجزو خرفہ کی تیی خرفہ کے بیج سفید پھول گلاب کے سرخ پھول گلاب کی
ضماد واسطے درد سر گرم اور مرض دوار کے بہت نافع ہے خطمی سفید آٹا
باقلا کا اسبغول ہر ایک ایکجزو آٹا جو کا دو جزو سبکو سرکہ اور روغن گل مین ملا ئیر کہ
مثل مرہم کے ہو جاتے بدستور ضماد کرین **ضماد** درد سر سخت کو مفید ہے او سوقت
کہ تمامہ جوف دماغ نے ورم قبول کیا ہو زمانہ انتہا اور گھٹنے مرض مین کام آتا ہے
بنفشہ کے پھول نیلوفر کے پھول شیاف مامیثا آٹا مونگ کا آٹا جو کا بابونہ کے
پھول گلاب کے پھول رسوت صندل سفید خطمی کے پھول کوٹکر چھانکر اور
بتھر پر پیسکر ہمراہ پانی ہرے دھنیہ اور لڑکے کی مان کے دودھ کے بعد اوسکے
میٹھے کدو کے بیجون کی گری اور روغن گل اور سرکہ انگوری اور گلاب اخلکر کی
ضماد کرین **دیگر** واسطے بیضہ کے کہ بسبب غلبہ خون کے عارض ہو کام آتا ہے
بعد فصد اور تنقیہ کامل کے شیاف مامیثا پوش در ہندی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
عصارہ ہری کاسنی کا چھ تولہ آٹا جو کا خطمی کے پھول بنفشہ کے پھول ہر ایک
چودھ ماشہ کوٹکر اور عصارہ مین گوندھ کر ضماد کرین **دیگر** واسطے گنج کے کہ بچونکے
سر پر ہوتا ہے نافع ہے کافور دو جو گلنار ہلدی ہر ایک ساڑہے تین ماشہ
گلاب کے پھول سات ماشہ موم سفید پونے نو ماشہ سفیدہ کاشغری ساڑھے تین ماشہ

روغن گل تین تولہ موم کو روغن گل مین پگھلاتین باقی اور دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور آمین
ملاکر ضماد کرین **فصل دوسری** آنکھ اور کان اور ناک اور گلو کی بیماریون کے ضمادون مین
ضماد آنکھ کے مواد کو مفید ہے اور درد سر گرم اور آدھا سیسی کو نافع اور بہت
مجرب ہی صندل سفید پتھر پر پیسکر ایک جزو انزروت باریک پیسا ہوا نصف جزو
مرغ کے انڈے کی سفیدی مین گوندھین اور آنکھ اور کنپٹیون پر ضماد کرین **ضماد**
ناصور چشم کو مفید ہے کنوچہ کے بیج کوٹے ہوئے آٹا گیہون کا دودھ مین گوندھا ہوا
زعفران قدرے ان سبکو لڑکے کی مان کے دودھ یا گدہی کے دودھ مین پکائین
اور ناصور کے اوپر ضماد کرین **ضماد** ماش چباکر باندھنا بہت موثر ہے **ضماد**
عجیب ناصور بستہ کو کھولتا ہے اندک زمانہ مین گیہون کنوچہ کے بیج ...
پانی مین پکاکر اور قدرے دودھ ڈالکر حل کرین کہ مثل مرہم کے ہو جائے پھر
ضماد کرین **دیگر** ناصور چشم ٹوٹے ہوئے کو نافع ہے ہنسراج کو چباکر ضماد کرنا
اور مکوہ کو خوب پیسکر ضماد کرنا سر ناصور کو توڑتا ہے اور جو اس لیپ مین روئی
ملائین تو بہتر ہوگا **ضماد** واسطے ناصور کے مجرب ہے زعفران مرکی یعنی بول
ایلوا برابر وزن پانی مین پیسکر ضماد کرین منقول شفاء الاسقام سے **ضماد** واسطے
ورمون اور پھنسیون گرم اور خشک کو نافع ہے میٹھے کدو کی بیجون کی گری
بیجون کی گری دم الاخوین سفیدہ کاشغری گیرو کوٹکر چھانکر اور روغن مین ...
ہاون کے اندر ملین کہ مثل مرہم کے ہو جائے طلا کرین اور جو مراد پھنسیون
خشک کرنے سے ہو تو بیجون کو بھونین اور توتیا ای کر پانی داخل کرین اور جو
یعنی چکناہٹ زیادہ مطلوب ہو تو روغن گل کے عوض گائے کا دودھ
اضافہ کرین **ضماد** واسطے کان کے درد کے کہ بسبب دھوپ مین چلنے کی یا
چلنے ہواؤن کے عارض ہوا ہو مفید ہے سرکہ تند ساڑھے دس ماشہ تین تولہ
تک موافق زیادتی اور کمی حرارت کی اور روغن گل اور گلاب ہر ایک تین تولہ
بید کے پتے سیب کے پتے بہ کے پتے خرفہ کے پتے سبکو کوٹکر اور لعاب مذکور مین

ملاکر سر کے پیچھے مقام پھوڑون کے ضماد کرین اور جسوقت گرم ہوجاے تبدیل کرین
اور جسوقت مرض قریب گھٹنے کی پہونچے دوائین سرد کم کرین اور روغن بابونہ کی
بھول دفعہ بدفعہ اضافہ فرمائین **ضماد کان** کے ورم کو نافع ہے اگر مواد اوسکا
بشدت گرم ہووے اور درد سر بھی اوسکے سبب سے ہو السی کے بیج خطمی سفید کے
بیج بابونہ کو ٹکر چھانکر شہد کے پانی یا میٹھے کے پانی مین ضماد کرین **ضماد کان** کی ورم کو
دور کرتا ہے آٹا باقلے کا پانی کلم کا پانی ملہٹی کا پکائین کہ گاڑھا ہوجاے قدرے
روغن گل اضافہ کرکے اوسمقام پر رکھین **دیگر** کان کی ورم کو جو باہر کی طرف ہو مفید ہے آٹا
جو کا آٹا باقلہ کا بابونہ بنفشہ خطمی اکلیل الملک روغن بنفشہ اور نیمگرم پانی مین ملاکر ضماد کرین
ضماد کان کے ورم کو کہ بسبب بھنے پانی کے عارض ہو مفید ہے پوست خشخاش کا
اکلیل الملک بابونہ بنفشہ خطمی کی پھول السی آٹا جو کا عورتون کی دودھ مین گوندھ کر پکائین
دیگر کان کے درد کے اکثر قسمون کو نافع ہے خصوصاً جسوقت کہ بسبب ورم
خارجی کی عارض ہو آٹا جو کا ماقلا بابونہ اکلیل الملک بنفشہ خطمی کوٹکر چھانکر روغن بنفشہ
اور نیمگرم پانی مین ملاکر ضماد کرین **دیگر** کان کے ورم کو جو باہر کی جانب ہو دور
کرتا ہے اور سختی کو تحلیل اور درد کو تسکین دیتا ہے خشخاش سفید پیسی ہوئی کو
ساتھ قدرے جو کے گرم شراب مین پکائین اور موم روغن مین کہ بطخ کی چربی
سے بنایا ہو منجمد کرکے وقت حاجت کی ضماد کرین **دیگر** واسطے قلاع اذن کے
نافع ہے کدو کے بیجون کی گری تربوز کے بیجون کی گری پوست کدو جلایا ہوا
دم الاخوین سفیدہ کاشغری سوختہ گلنار فارسی سوختہ توتیا کرمانی کوٹکر چھانکر
اور گدہی کے دودھ مین حل کرکے ہاون کے اندر ٹمین کہ مثل مرہم کے ہوجاوے
بدستور استعمال کرین **دیگر** خناق خونی کو بعد فصد اور تبرید اور حقنہ معتدلہ کے
نافع ہے بارتنگ کاسنی کی آٹا جو کا مسور چھیلی ہوئی خطمی بابونہ بنفشہ کوٹکر اور روغن گلمین
چرب کرکے گلاب مین حل کرین اور گردن کے پیچھے اور حلقوم اور گرداگرد گردن کی
ضماد کرین **دیگر** واسطے خناق کے مجرب ہے ہری دھنیہ کو قیمہ کرین پھر سرکہ تیز

پکائین کہ مہرا ہوجاوے کپڑے پر رکھکر گلہ کے اوپر باندھین اور جو ہری ہاگدہ کی بتون کو بھی اسی طرح عمل کرین تب بھی نافع ہوگا **دیگر** واسطے ریز کے مجرب ہے سنگ مقناطیس ساتھ سرکہ اور نمک اور روغن گل کے پیسکر ملین **دیگر** بواسیر لب کو مفید ہے مسور بابونہ اکلیل الملک خطمی پانی مین پکائین اور کوٹین اور پانچ انڈے کی زردی اور چربی مرغیون کی شامل کرین آول چاہیئے کہ فصد سر رو اور فصد چہار رگ کھولین اور جوشاندہ افتیمون نوش کرین اور جو بواسیر سیاہ ہو تو پچھنے مارین اور جونکین لگائین اور بعد پچھنے مارنے کے سرکہ ملین کہ خون پچھنون کا بند ہوجاتے اور بواسیر لب سرخ ہووے تو پچھنے مارنا اور جونکین لگانا اس قسم مین ممنوع ہے اوس سے پرہیز کرین پس بعد تنقیہ عام کے ہر طرح کی بواسیر لب پر یہ دوا جو اوپر مذکور ہوئی ہے لگائین **ضماد** واسطے تحلیل مواد سر اور دانتون کی کندگی کو نفع پہونچاتا ہے زردآلو اور نمک دونون کو سرکہ مین گوندھ کر نفس ضرس پر رکھین

فصل تیسری سینہ اور پہلو اور عورت کی چھاتیون کی بیماریون کے ضماد مین

ہے **ضماد** واسطے درد سینہ کے نان میدہ خشک کوٹکر چھانکر اور مغاث اور گوگل اور انڈون کی زردی اور زعفران اور خطمی اور روغن گل ملا کر ضماد کرین **دیگر** چھاتیون کے ورم گرم کو ابتدا مین مفید ہے باقلا سکنجبین گائی کا گھی باہم گوندھ کر ضماد کرین **دیگر** لبن منجمد یعنے جمے ہوتے دودھ کو جاری کرتا ہی اور عورت کی چھاتیون کے درد کو تسکین دیتا ہے حرام مغز شراب مین پکا کر لیپ کرین **ضماد** دودھ کو کہ بسبب گرمی اور خشکی کے جم گیا ہو جاری کرتا ہے مونگ ساٹھی کے چاول پانی مین پیسکر اور گرم کر کے ضماد کرین **ضماد** چھاتیون مین دودھ کو زیادہ کرتا ہے تخم بادروج آٹا باقلے کا آٹا جو کا نعناع کہ ایک قسم پودینہ کی ہے اور تیلی کی جڑ بدستور ضماد کرین **ضماد** کہ یہی عمل کرتا ہے تخم بادروج آٹا باقلے کا تین تولہ کوٹکر چھانکر بادروج کے پانی مین ضماد کرین **دیگر** جسوقت عورت کی چھاتیون مین دودھ بستہ ہوکر سڑ جاتے اوس وقت یہ ضماد کام آتا ہے

چھقندر پکائین کہ مہرا ہو جائے اوسکو روئی سے گودہ اور باہت قلے کے آٹے مین کوٹین اور
نل کا تیل داخل کرکے ضماد کرین **ضماد** چھاتیون کے ورم کو مفید ہے اسپغول کو
سکنجبین اور پانی مین پکائین اور لیپ کرین اور جو ورم مین شدت جلن کی ہو تو گودہ
روٹی حواری کا مکوہ کے پانی اور روغن گل مین ملائین اور ضماد کرین **ضماد** عورت کی
چھاتیون کی محافظت کرتا ہے اور بہت بڑہنے اور سست ہونے اور لٹکنے نہین دیتا
زیرہ پیسین اور پانی مین گوندہ کر ضماد کرین اور کپڑا سرکہ مین تر کرکے اوسکے اوپر رکھین
اور سینہ کو مضبوط باندھین تین دن تک بعد گذرنے تین روز کے کھولین **ضماد** بگیر
ذات الجنب کی درد کو تسکین بخشتا ہے آٹا جو کا اکلیل الملک پوست خشخاش کوٹکر
چھانکر پانی مین ضماد کرین **ضماد** ذات الجنب کو تسکین دیتا ہے بنفشہ بابونہ بھوسی
گیہون کی آٹا گیہون کا السی سبکو پکائین کہ مہرا ہو جائے پس نچوڑین اور اوس پانی کو
روغن بنفشہ مین ملا کر پھر آگ پر رکھین کہ گاڑھا ہو جائے بعد اوسکے ضماد کرین اور
بعضے نسخہ مین خطمی کے بیج آٹا میتھی کا آٹا جو کا اضافہ کیا گیا ہے **ضماد**
نفث الدم خون تھوکنے کی بیماری کو مفید ہے اقاقیا لحیۃ التیس کندر بازود سنی
گلنار مر کی یعنی بول زعفران گوند ببول کا گیرو افیون کوٹکر چھانکر بارتنگ کی پانی مین
گولیان بنائین اور نگاہ رکھین پس وقت حاجت کے بارتنگ کی پانی مین پیسکر سینہ پر
ضماد کرین **فصل چوتھی** اون ضمادات مین جو دل اور معدہ اور جگر اور تلی اور
دونون گردہ اور مثانہ اور رحم اور مقعد اور ورمون قضیب اور خصیون کی بیماری کو
نافع ہین **ضماد** حرارت جگر اور دل اور معدہ کو تسکین بخشتا ہی اور وہ بلفظ قیروطی
موسوم ہے موم سفید ساڑھے اٹھ تولہ روغن بنفشہ روغن گل ہر ایک پانچ تولہ آٹھ ماشہ
موم کو روغنون مین پگھلائین کہ سرد ہو جائے بعد اوسکے ہاون مین ڈالکر گلاب
اور خرفہ کے تیون کے پانی مین اور لبستان افروز کے پانی اور ہری دھنیہ کے
پانی اور ہری کاسنی کے پانی اور سرکہ انگوری مین کم کم ڈالکر تر کرین اور کپڑے پر
لگا کر لیپ کرین **ضماد** ریاح اور درد معدہ کو دفع کرتا ہے اور متلی اور اُکائی کو مفید ہے

مغز نان خمیری خشکار نعناع سنبر ہر ایک دو تولہ مصطگی تین ماشہ زعفران ایک ماشہ
مصطگی اور زعفران کو پیسین اور باہم ملا کر کسی کپڑے پر لگائین اور معدہ اور فم معدہ پر
چپکائین ضماد ورمون مرکبہ معدہ اور جگر اور درد معدہ اور جگر کو نافع ہے مُرمکی
بول زعفران شیاف مامیثا بنفشہ کے پھول ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اکلیل الملک
بابونہ خطمی کے بیج خطمی کے پھول آٹا جو کا مکوہ کے بیج ہر ایک تین تولہ کوٹ کر چھان کر
مکوہ کے پانی یا ہرے دھنیہ کے پانی یا خالص پانی مین گوندھ کر ضماد کرین ضماد
دبیلہ معدہ کو دور کرتا ہے افسنتین انگبخر و بابونہ میتھی ہر ایک دو جزو کوٹکر اور تازہ دہی مین
گوندھ کر اور گرم کر کے ضماد کرین ضماد واسطے ورم سخت معدہ کے مفید ہے ناگرموتہ
اذخر چلتیہ ہر ایک سات ماشہ بالچھڑ مصطگی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب کے
پھول ساڑھے سترہ ماشہ بابونہ خطمی آٹا باقلے کا آٹا جو کا ہر ایک دو تولہ بنفشہ آملا
میتھی کا ہر ایک تین تولہ سبکو لعاب السی مین گوندھ کر ضماد کرین وقت خالی ہونے
معدہ کے کھانے سے ضماد واسطے ورم معدہ اور جگر اور تلی سرد اور بلاپکے
سختیون اور درد آدھاسیسی پرانے کے مجرب ہے زوفای تر کو ساتھ چاول
اڑوک اور چربی مرغ ہر ایک تین تولہ کے حلکر کے نیم گرم ضماد کرین ضماد ورم
سخت کو پکاتا ہے خطمی اکلیل الملک بنسلرج مردار سنگ بڑنگ بنگو گوند ببول
چلتیہ یعنے ارزن کنوچہ کے بیج گوگل سلارس بیٹ کبوتر کی بیٹ مرغ کی چربی
عراقی اگر تفتیح یعنے کھولنا سدّون کو مطلوب ہو تو ایلوا بھی داخل کرین ہر ایک
ایک جزو کوٹکر چھانکر بکری کے دودھ یا خالص پانی مین گوندھ کر مقام ورم پر ضماد
کرین ضماد درد معدہ اور جگر اور رودون کے درد کو مفید ہے جانب جسم
اور شکم سے حمول کرین گوگل مصطگی اشق سلارس ہر ایک دو تولہ چار ماشہ
روغن زعفران ساڑھے تین تولہ موم سفید پانچ تولہ زوفای خشک پونے نو تولہ
چربی بطکی پاؤ سیر روغن ناردین بقدر کفایت ضماد واسطے معدہ کے کیڑو نکو
مفید ہے اڑوسے کے پتے نمک کلونجی برابر وزن گائے کی پتہ اور سرکہ مین گوندھ کر

اور ضماد کرین **ضماد کیڑون** کو قتل کرتا ہی تریاق فاروق جو شانده درمنه ترکی کوٹھ تلخ
سنکطرامشیع کہ ایک قسم پودینہ کی ہے حل کرکے شکم پر ملین اور جو گلقند اضافہ کرین تو
اثر قوی ہوگا اور بدلے تریاق کے اگر گلقند ہووے تو روا ہے **ضماد قوی** دست
لانا ہے سُہاگہ تیلیہ مغز جمالگوٹہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سبکو تھوہڑ کے دودھ مین
پیسین اور گرد ناف کے ضماد کرین **ضماد جاورس** دستون کے بند کرنی مین
مجرب ہے جاورس یعنے باجرہ ساڑھے دس ماشہ آٹا جو کا ساڑھے ستره ماشہ
گلاب کی پھول مور دکے پتی کندر کعک ہر ایک تین تولہ ساتھ پانی بہ یا جوشانده
بہ کے گوندھ کر ضماد کرین **ضماد کعک** واسطے دستون گرم اور سنگرہنے اور
تقویت معده کی نافع ہے اور جگر اور آنتون کو مفید ہے کافور پونے دو ماشہ
اقاقیا ماز ورسوت سماق باجره بو داده زعفران مصطگی ہر ایک سات ماشہ
گلاب کی پھول شگوفہ انگور اگر میسر نہو سکے تو عوض اوسکے شاخ انگور اضافہ
کرین **ضماد** اگر مغز ارنڈی کو گاے کی دودھ مین بہت باریک پیسکر نیمگرم باندھین
تو درد قولنج کو فوراً دور کردیگا **ضماد دقیق شعیر** استسقا زقی اور اوس استسقا کو
جسکے ساتھ حرارت ہو مفید ہے آٹا جو کا ناگرموتھ بکری کی مینگنی کتھ جوا کھار گیرو
برابر وزن کوٹکر چھانکر اور سرکہ مین گوندھ کر ضماد کرین **ضماد سنبل** سوء مزاج
سرد جگر کو مفید ہے اون علتون مین جسمین قرص راوند مستعمل ہوتے ہین استعمال
کرین بالچھڑ مصطگی چیتہ اذخر زعفران مُرمکی یعنے بول سبکو برابر وزن لیکر
مصطگی اور مُر کو شراب مین حل کرین اور اور دوائین کوٹکر چھانکر اوسمین گوندھین
اور ضماد کرین اور سرد غذائین ترک فرمائین **ضماد فولاد** واسطے زرد آب کے
مفید ہے لادن ساڑھے تین ماشہ اور بعضون نے سوا پانچ ماشہ لکھا ہی اذخر ماما
بالچھڑ قرومانا کالی مرچ سلیخہ کندر ذکر کوٹھ تلخ عاقرقرحا مصطگی گوگل حب بلسان
اشق مُرمکی یعنے بول ایلوا اسیسا ملیوس زراوند مدحرج زراوند طویل اکلیل الملک
ناگرموتھ لونگ سوسن کی جڑ نیلی روغن بلسان ہر ایک تین تولہ علک البطم

موم سفید ہر ایک پونے نو تولہ جو دوائین کوٹنے کی ہین کوٹکر اور جو پگھلانے کی ہین
پگھلاکر روغن ناردین مین اور کوٹی ہوئی دواؤن مین ملاکر ہاون کے اندر خوب
بھر کوٹین کہ یکذات ہو جائے **ضماد قشاعوس** واسطے استسقا اور ضعف
اور معدہ اور رحم اور سوائے اوسکے مفید ہے گوگل اشق مصطگی ہر ایک
چار ماشہ **ضماد** گرمی جگر اور ذوسنطاریائے کبدی کو نافع ہے گلاب کے پھول
صندل سرخ صندل سفید گلنار لحیۃ التیس گیرو دانہ مویز سبکو برابر وزن کوٹکر
اور گلاب مین گوندھ کر اور ٹیکیہ ضماد کرین **ضماد** واسطے استسقاء زقی کے
نافع گندہک زرد ساڑھے سترہ ماشہ بکری کی مینگنی چھ تولہ گائے کا گوبر
کوٹکر چھانکر ساتھ سکنجبین کے شکم کے اوپر ضماد کرین **ضماد** واسطے استسقاء کے
ساتھ حرارت کے ہو نافع ہے صندل سرخ گلاب کے پھول سرخ چھالیہ ایلوا
گائے کا شیاف مامیثا بابونہ خطمی اکلیل الملک آٹا جو کا گوکھرو ایک ایکجزو کوٹکر چھانکر
مکوہ کے پانی اور کاکنج کے پانی اور کاسنی کے پانی اور بید کے پتون سے
اور قدرے موم اور روغن گل اور روغن سداب مین گوندھین اور خالی معدہ
ضماد کرین **ضماد** معدہ کو قوت دیتا ہے اور سختی کو تحلیل کرتا ہے اور دستون کو
بند کرتا ہے میٹھا چرایتہ اگر ہندی اقاقیا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مصطگی افسنتین
کندر لادن ہر ایک سات ماشہ کعک بغدادی چودہ ماشہ بتازہ پونے دو تولہ
چھوہارہ پچاس عدد موم روغن ناردین مین پگھلایا ہوا دواؤن کو نرم کوٹکر
اور چھوہارون کو شراب مین تر کرین اور بہ کو شراب مین پکائین اور باہم کوٹکر
ضماد کرین **ضماد** واسطے صلابت معدہ کے نافع ہے بابونہ اکلیل الملک ہر ایک
تین ماشہ مر یعنے بول ایلوا مصطگی ہر ایک یکماشہ موم زرد ایک تولہ کو روغن
ناردین مین پگھلاکر اور دواؤن کو نرم کوٹکر اور اوسمین ملاکر ضماد کرین **ضماد**
تلی کے ورم سخت کو نافع ہے السی آٹا جو کا آٹا باقلے کا ہر ایک ساڑھے ستر ماشہ
اکلیل الملک پونے دو تولہ جوا کھار کبر کی جڑ ہر ایک چودہ ماشہ گوگل ساڑھے

چھڑیلا نیلی سوسن کی جڑ بکری کی مینگنی سات ماشہ انجیر سیاہ دس عدد ایک سیر
انجیر کو سرکہ مین بھگووین اور ملین اور باقی دواؤن کو کوٹکر اوسمین گوندھین اور تلی کی
اوپر لیپ کرین ضماد کہ بطریق قرص بناکر نگاہ رکھین اور واسطے تلی کے سختی کی
استعمال فرمائین بہت نافع ہے اور قرص ضماد کے نام سے مشہور ہے پوست
کبر کی جڑ کار وباس تتلی کے پتے نیلی سوسن کی جڑ ہر ایک ایک تولہ جو اکہاڑ
کوٹکر چھانکر اور سرکہ مین قرص بناکر نگاہ رکھین پس وقت حاجت کی ساتھ پانی برگ
جھاؤ یا کسی عصارہ کے عصارات سے اور سرکہ مین پیسکر ضماد کرین ضماد
ورم گرم کو تلی کے نافع ہے برگ اور پھول بید کے جھاؤ کی شاخین پوست
کبر کی جڑ کا شاخین سرو کی ساتھ سرکہ کے ضماد کرین ضماد التماس مکوہ کو پانی مین
پیسکر ضماد کرین ضماد بھوسی گیہون کی آدھ پاو لیکر ایک رات دن سرکہ مین
بھگووین اور خشک کرین اور خوب کوٹین کہ باریک ہو جائے چھلنی مین چھانکر
اشق اصیل قدرے سرکہ خالص مین پگھلا کر ساتھ بھوسی مذکور کے سکنجبین
چھ تولہ مین گوندھین اور کپڑے پر لگاکر مقام تلی پر چپکائین اور ایک ماہ متعدد
رہے رہین تکرار چند روز مین سختی تلی کی دور ہو جائیگی اور ورم اوسکا تحلیل
ہو جائیگا ضماد اشق تلی کی سختی کو مفید ہے گندھک سات ماشہ گوگل اشق
اکہار نمک ہندی ہر ایک چودھ ماشہ چھڑیلا بڑی مائین ہر ایک پونے دو تولہ
... چھ تولہ انجیر دس دانہ سرکہ مین پکائین اور اشق اور گوگل کو اوسمین پگھلائین
اور باقی دواؤنکو کوٹکر چھانکر اضافہ کرین اور تلی پر لیپ اوسکا کرین ضماد واسطے
سختی جگر اور طحال کے ہمیشہ معمول ہے اشق ایک جزو بکری کی مینگنی یا ہرن
کی مینگنی دو جزو سرکہ تند مین پکائین اور کپڑے پر لگاکر تلی اور جگر پر رکھین
ضماد افسنتین تلی کو قوت دیتا ہے افسنتین بالچھڑ بڑی مائین قردمانا شگوفہ
اذخر کبر کی جڑ گلاب کے پھول گوگل نرم کوٹین اور تتلی کے پانی مین ملاکر
... پانی برگ جھاؤ اور سرکہ کی ضماد کرین ضماد دیگر واسطے تلی سخت کو نرم کرتا ہے

راکھ انگور کی لکڑی کی راکھ بکری کی مینگنیون کے برابر وزن سرکہ مین گوندھکر
حمام مین ضماد کرین ضماد مرض ذیابیطس کو مفید ہے پتی بید کی پتی حُنفری کی
حی العالم شاخین بید کی پتی بر کی آٹا جو کا سرکہ روغن گل باہم ملاکر پشت کے اوپر
ضماد کرین اور ران کی جڑ پر بھی رکھین ضماد واسطے اسی مقدمہ کے مجرب ہے
آٹا مسور کا اور گلاب گوندھکر ضماد کرین ضماد ورم سخت کو نافع ہی جس کسی
عضو مین کہ ہو نقل کیا ہے اس نسخہ کو ابو الحسن ربحی نے ابو ماہر سے تراشہ خیار
بید کے پھول خبازی کی پتی ہری اور کاسنی کی پتی ہری دھنیہ کی
سب دواؤن کو سیسہ کے ہاون مین کوٹین اور پانی اوسکا حاصل کرین اور
روغن بنفشہ اور روغن گل یا مہندی کا روغن کہ پھول سے بنایا ہو کم ڈالکر سیسہ کے
دستہ سے خوب پیسین کہ رنگ نیلا ہو جائے قدرے سیسہ علیحدہ لیکر اوسمین ملاوین
اور خوب مخلوط کرین کہ اکذات ہو جائے پس اس دوا کا لیپ کرین اور ایک
کپڑا اوسمین آلودہ کرکے مقام ماؤف پر رکھین جسوقت خشک ہو جائے دوسری بار
اور تیسری بار کپڑا دوا مین تھڑ کر رکھین یہ ترکیب واسطے تحلیل سختیون اور جماد
معدہ کے بعد گذرنے چند عرصہ کے اثر تمام رکھتی ہے ضماد واسطے سختی
معدہ اور جگر کے کہ مرض مراق مین عارض ہوتی ہے مفید ہے اور درد گرمی
معدہ کا دور کرتا ہے پوست بیرون پستہ تین ماشہ زیرہ گلاب کا تین ماشہ اگر بنفشی
ایک ماشہ صندل سفید تین ماشہ کندر مصطگی نبسلوچن ایک ایک ماشہ کوٹکر چھانکر
اور روغن گل بقدر ضرورت مین گوندھکر معدہ پر ضماد کرین اور جو حرارت بہت
تو قدرے کافور اور پانی بہ کا اور پانی میٹھے سیب کا اضافہ کرین یہ نسخہ بہت نافع
ضماد ورم گردہ اور رحم کو دور کرتا ہے اشق گوگل علک البطم تخم سویا ہر ایک ساڑھے
دس ماشہ بابونہ ساڑھے سترہ ماشہ خطمی کے بیج باقلا کا آٹا السی کے بیج ملیٹھی
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ موبیز منقی پونے دو تولہ گوند کی چیزون کو پانی مین
حل کرکے باقی اور دوا مین کوٹکر چھانکر اوسمین گوندھکر ضماد کرین ضماد

واسطے پکانے مواد ورم گردہ کے سویا بابونہ ہر ایک چودھ ماشہ کسوم کے بیج تیتھی
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ خرفہ کے بیج خطمی کے بیج ہر ایک سات ماشہ بدستور
سونف کے پانی مین گوندھ کر ضماد کرین ضماد کہ بعد پکنے مواد کے کام آتا ہے
آٹا جو کا خطمی اکلیل الملک میتھی بنفشہ سویا جوشاندہ گل خیرو مین گوندھین اور ساتھ
روغن بنفشہ بادام کے ضماد کرین ضماد ورم گردہ اور مثانہ کو مفید ہے بابونہ السی کے بیج
بھوسی گیہون کی تل کے تیل مین پکا کر نشستگاہ اور پیڑو پر نیمگرم ضماد کرین ضماد
ورم گرم مثانہ مین بعد ملنے روغن گل اور بابونہ کے کام آتا ہے میدہ کی روٹی کا
گودہ تل دھوتے ہوئے کوٹکر ساتھ عورتون کے دودھ مین اور روغن بنفشہ بادام اور روغن بابونہ کے
ضماد کرین ضماد خون کے پیشاب کو روکتا ہے گیرو گل مختوم گوند ببول کا خرفہ بیج
کیتر اگلاب کے پھول گلنار بارہ سنگہے کے سینگ جلے ہوئے لحیۃ التیس ہر ایک
سات ماشہ مازو ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی سورد کے ضماد کرین ضماد
واسطے اسی مقدمہ کے مجرب ہے اقاقیا رسوت برابر وزن سرکہ مین گوندھ کر ضماد کرین
ضماد پیشاب کو جاری کرتا ہے کسوم کے بیج رطبہ پکائین اور پیڑو پر ضماد کرین
ضماد ورم رحم اور سختی رحم کو منجملہ مجربات کے ہے اونٹنی کا دودھ بھینس کا دودھ
ارنڈی کا تیل تینون کو برابر وزن جوش دین کہ گرہ بندھ جائے آگ پر سے
اوتارین پس سونٹھ اور اجواین ایک ایک تولہ ایک ایک سیر دودھ کے واسطے
کوٹکر چھانکر گرہ بندھی ہوئی دودھ مین ملائین اور حاجت کے وقت نیچے ناف کے
ضماد کرین ضماد رادع کہ ورم گرم اور دبیلہ رحم مین بعد فصد اور ملینین اور قی کے
کام آتا ہے اکلیل الملک کو مہرا پکا کر کوٹین اور مرغ کے انڈون کی زردی اور
روغن ناردین اور روغن زعفران مین گوندھ کر استعمال کرین ضماد واسطے شق
ہونے قبل اور دبر یعنی پھٹنے مقعد اور فرج کے مفید ہے اور پھنسیون کو نافع اور
آگ سے جلے ہوئے عضو کو اچھا کرتا ہے روغن گل سفیدہ کاشغری مردار سنگ
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ موم ساڑھے سترہ ماشہ ضماد افراط خون حیض کو

بند کرتا ہے مسور دھوئی ہوئی پوست انار ترش پتے مورد کے خشک مازو پک
انجیر کو کوٹکر اور سرکہ شراب مین گوندھ کر پیڑو کے اوپر ضماد کرین ضماد واسطے عورات
حاملہ کے مفید ہی حیض کو بند کرتا ہی بڑی مائین پوست انار گلنار انجیر سرکہ مین پکائین
ضماد واسطے ورم فرج اور زخم ذکر اور سب ورمون کے کہ حرارت کی غلبہ سی ہون
نافع ہے پوست خشخاش کو نرم کوٹکر پانی مین جوش دین کہ گہرا ہو جائے پس
روغنگل اور اسبغول کوٹکر داخل کر کے ضماد کرین ضماد واسطے بواسیر اور ورم
مقعد کے بہت مجرب ہے بنفشہ کے پھول بابونہ کے پھول اکلیل الملک میتھی
السی کے بیج خطمی کے بیج ہر ایک دو تولہ خطمی کے پھول گلاب کی پھول ہر ایک
ایک تولہ کوٹکر چھانکر پانی مین پکائین کہ مثل خمیر کے ہو جائے ضماد کرین ضماد
واسطے بواسیر ریحی کے کہ مواد اوس علت کا گردہ کی ریح ہو مفید ہے رائی سونٹھ
برابر وزن گائے کی بچھڑے کی موت مین پیسکر ضماد کرین ضماد واسطے درد بواسیر
مجرب ہی بھنگ گائے کی دودھ مین پکائین کہ گہرا ہو جائے اول بچھالیوبن
پتون کو پیسکر مثل مرہم کے بناکر باندھین ضماد جلن اور ورم مقعد کو نافع ہے
انڈون کی زردی آٹا جو کا روغن گل ضماد واسطے تسکین درد بواسیر کے مہو
سے پتے او سبیج گندنا کے بغیر دھوئی ہوئی دیگ مین ڈالکر دھیمی آنچ پر پکائین کہ
گہرا ہو جائے بعد اوسکے گائے کا گھی یا روغن اخروٹ داخل کر کے بھونین
ہاون مین کوٹین کہ مثل مرہم کے ہو جائے نیمگرم باندھین ضماد پیاز گندنا بکائن
گھی مین بھونکر ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ گوگل ساڑھے تین ماشہ زعفران
دو ماشہ افیون چھ رتی سوا دو چاول ضماد کرین ضماد درد بواسیر کو تسکین دیتا
اور ورمون کو نافع ہے اور خون جاری کرتا ہے پیاز گائے کے گھی مین بھو
او سیر رکھین اور اگر پیاز بھونکر اور ورق کر کے رکھین تو روا ہی
واسطے کھولنے منہ رگون بواسیر کے سریع النفع ہے اور جو پیاز سفید
گائے کی گھی مین کوٹین کہ نرم ہو جائی اور نیمگرم باقی رہنے موضع پر رکھین

ورم کو تسکین اور تحلیل کریگی۔ اور جو مرغ کے انڈون کی زردی بھی اوسمین ملائین تو بہتر ہے
چاہیے کہ پیاز کو چھیلکر کوٹین دیگر واسطے بواسیر اور شقاق مقعد اور سوزش مقعد اور
دستون بواسیری اور بند کرنے خون حیض کے مجرب ہی سفیدہ کاشغری رسوت موم
ہر ایک ایکجزو خطمی کے پھول گوگل ہر ایک دو جزو روغن گل پانچ جزو ساتھ زردی مرغ
انڈی کی استعمال کرین دیگر واسطے خروج مقعد اور ورم کے نافع ہے مسور دھوئی پوست انار
جفت بلوط جوز السرو ہر ایک ایکجزو سبکو آش جو کے پانی مین پکائین کہ مہرا ہو جاتے
روغن گل ملاکر پاؤن مین لگائین کہ مثل مرہم کے ہو جانے ضماد ورم کو پھاڑتا ہی انجیر زرد
جوش دین کہ مہرا ہو جاتے مویز منقی دو تولہ سات ماشہ ملاکر کوٹین کہ مثل مرہم کے
ہو جاتے بعد اوسکے رائی تین ماشہ کوٹکر چھانکر ضماد کرین ضماد اسی معاملہ مین نافع ہے
سہاگہ انگھار صابون ہر ایک ڈیڑھ تولہ کوٹکر چھانکر اور پونے چار تولہ شہد مین ملاکر استعمال کرین
ضماد ورمون کو توڑتا ہے انزروت کنوچہ کے بیج کنیر سفید املی کے چیے کی گری
السی کے بیج روٹی کا خمیر ہر ایک ایکتولہ خمیر مذکور دو تولہ سبکو گاے کی دودھ مین پکائین
مہرا ہو جاتے پس زردی مرغ کی انڈے کی ایک عدد پتہ گاے کا ایکتولہ صابون
ترکی ایک تولہ داخل کرکے مثل مرہم کے تیار کرین ضماد واسطے قوت باہ کے
مفید ہے کنیر سفید کے پھول چودہ ماشہ لونگ آٹھ عدد دارچینی ایکتولہ زعفران جائفل
ہر ایک ایکتولہ گاے کا گھی پاؤ سیر سبکو روغن مذکور مین چالیس پہر کامل کھرل کرین
اور کپڑے پر لیپ کرکے چپٹائین ضماد ورم سرد ذکر کو نافع ہے آٹا جھوراکی گٹھلی کا دو جزو
خطمی ایک جزو سرکہ مین ملاکر ضماد کرین ضماد خصیہ کے ورم کو بعد فصد صافن کے
مفید ہے کانکنج آٹا مسور کا زردی مرغ کے انڈون کی روغن گل بدستور ضماد کرین اور
اگر درد سخت اور کھٹک ہووے تو قدرے پوست خشخاش اور کاہو کی پتی اضافہ کرین
ضماد ورم خصیہ کے آخر زمانہ مین کام آتا ہے کلم کے پتے میتھی پکاکر کوٹین آٹا باقلا کا
مویز منقی زیرہ کرمانی شراب مین پکاکر اکھ چھوارہ کی گٹھلی کی خطمی سفید باہم ملاکر ضماد
کرین ضماد ورم اور خارش خصیہ کو مفید ہے بھنگ پاؤ سیر کو تین سیر پانی مین جوش دین

جسوقت ایک سیر پانی جذب ہووے خصیہ کو اوس پانی سے دھووین اور پھر
اوسکا باندھین ضماد واسطے فتق کی بیماری کے نافع ہے مصطگی انزروت
برگ سرو مر سریش ماہی بلوط برابر وزن کو لیکر اور سریش ماہی مین گوندھکر ضماد
اور مضبوط باندھین اور یہ ضماد بعد پھیر دینے آنت اور خرب کے کہ اپنے مقام
چڑھ جاتین استعمال کرین قیلہ ریحی کو نافع ہے آٹا جو کا ناگرموتھ گیرو زیرہ مورد
کی بنگنی برابر وزن کو لیکر چھانکر مورد کے پانی اور سرکہ مین گوندھکر ضماد کرین
کہ شیخ بوعلی سینا نے کتاب قانون مین اندر بحث ورم گرم خصیہ کے لکھا ہے
باسلیق اور صافن اور شاخین کھیواسنے پنڈلی اور تنقیہ کامل کے نفع بین
زمانہ ابتدا مین ایک کپڑا سرکہ اور گلاب اور بعضے لعابات اور عصارات مین
مقام ورم پر رکھین اور وقت شدت کھنک اور جلن کے عصارہ کاہو کا اور
خشخاش کی بھی اضافہ کرین اور جو مرض کی زیادتی معلوم ہو تو ساتھ پانی
اور پانی کدو اور پانی نل تازہ اور پانی ہری کاسنی اور جو کے آٹے اور باقلے
آٹے اور روغن گل اور قدرے کو گل اور زعفران کے ضماد کرین اور
نے پارہ اور باقلے کا آٹا اور بنفشہ کو لیکر چھانکر ضماد کرنا بھی نفع کرتا ہے اور زمانہ
وقت تحلیل کا ہے بابونہ اور اکلیل الملک اور زیرہ کرمانی اور انڈے کی زردی
اور لعاب السی کا اور تیے کرنب کے اور میتھی ساتھ شہد کے پانی کے بطریق
ضماد کرین اور جو مواد سخت کا سختی کیطرف میلان کرے تو مواد کی پکانی والی چیز
باقلے کے آٹے اور بابونہ اور خطمی کے السی کے لعاب مین استعمال کر
خطمی کی جڑ اور جو کا آٹا اور تخم السی اور اسی طرح جو کا آٹا ساتھ شہد کو اور
تیے کرنب کے ساتھ جو کے آٹے اور زردی مرغ کے انڈے اور روغن گل کی
اور وقت تحلیل کے ضماد زیرہ کرمانی اور مویز کا عجیب النفع ہے ضماد
اور بھر دکو زمانہ ابتدا اور انتہا مین تحلیل کرتا ہے سیح یار وتخنگل موم علک
زیرہ کو کوٹین اور علک اور شمع یعنے موم کو روغن مین پگھلائین اور تمام اجزا

کے اور کپڑے پر لیپ کرکے مقام مرض پر چپاتین اور صفوف اوسکے اوپر
بتین ضماد ورم صرد کو مفید ہے آٹا گیہون کا بغیر چھنا ہوا زیرہ اکلیل الملک بابونہ
گوگل گوندرو غن خیری زردی انڈے کی ملاکر لیپ کرین اور اوپر اوسکے گلقند
اور گرم پانی پیتین اور سینے کا پانی غذا کرین ضماد ورم سخت کو مجرب ہے بھوسی
گیہون کی لیکر خوب باریک کوٹین اور کپڑے مین چھانین اور اشق اور سکنجبین شہد کی ہر
کر موضع مرض پر باندھین ضماد دراکھ چھوہارہ کی دو جزو خطمی ایک جزو کو ٹکر چھانکر
شہد اور سکنجبین مین ملاکر ضماد کرین اور تریرا نیمگرم پانی کا ورم سخت پر بہت نفع ہے
ضماد واسطے نتو ئستر ہ لے کے آٹا باقلے کا انار ترش پوست مرغ کے انڈے کا
برابر وزن دواؤن کو پکاتین اور پوست بیضہ بیسکر اور اوسمین گوندھکر ضماد کرین
ضماد واسطے نتو ئستر ہ کے اجواین پیسین اور انڈے کی سفیدی مین گوندھین
کسی کپڑے پر لگاکر مقام ماؤف پر رکھین اور قوی زیادہ اس سے رکھنا قوابض
کا مانند بول اور جوز السرو اور پوست سرو اور اقاقیا کا ہے ضماد رسولی
رسولی کو جڑ سے او کھاڑتا ہے سجی چونہ سفید جڑونکی بیٹ مین کوٹکر اور
کفایت مین بیسکر رسولی کی جڑ پر ملین اور اوپر اوسکے چار داغ دیوین جسوقت
رسولی کا دفع ہو جائے تو موضع کو گاے کی گھی سے تر کرین اور اوسکے اوپر
چھوٹے پیپل کے پتے کہ نرم ہون باندھین ضماد واسطے توڑنے کے
کھکیاری کے جو بغل مین نکلتی ہے اور توڑنے ورم چھاتیون عورت کے
اور تمام عضو شگافتہ کو بھرتا ہے اور اصلاح پر لاتا ہے نیلہ تھوتھ آدھا جزو
ہلدی رال ہر ایک ایکجزو گوگل دو جزو قند سیاہ یعنے گڑ دو چند سب دواو نکی
چھانکر اور قند سیاہ مین ملاکر نیمگرم باندھین ضماد تھوڑے عرصہ مین ورم سخت کو
کرتا ہے اندر جو کوٹکر چھانکر ہرے دھنیہ کے پانی مین خوب پیسین کہ مثل
کے ہو جائے ضماد کرین نیمگرم یا سرد مجرب ہے ضماد کان کے پیچھے اور
کے نیچے ورم کو جلد پکاتا ہے اور توڑتا ہے تلسی کی پتی یا آرنڈ کے پتی کو ٹکر اور قدرے نمک ملاکر

؎ نتو رسے دو سے بیمعنی
نتو اس سے دو سے بیمعنی
بلندی کی اور ... مرض ہے
ناف اور ... پر مقام اصلی ہو
گر جائیں مقام ...
بلند ہو جاتی ہے

نیم گرم ضماد کرین ضماد سب قسم کے ورمون اور خبازک کو مفید ہے میتھی ہالون دونون
برابر وزن لیکر پانی کے ساتھ لیپ کرین تین دن مین دفع کردیگی اور جو چاہین کہ
پکا دیوے تو قدرے ہلدی بھی اوسمین ملاتین ضماد خبازک آٹا چنے کا لیکر اور نمک
رکھین اور نیم کی پتی باندھین اور برگ نیم تنہا بھی مجرب ہے ضماد داء الثعلب
و داء الحیہ مجرب صاحب تحفہ کندش چینیہ ہر ایک ایکجز ہرتال دو جزو روغن
گوندھ کر ضماد کرین ضماد داخس ابتدا مین کام آتا ہے اسپغول سرکہ مین ملاکر لگا
اور اوسکے اوپر چٹ کپڑے کی آب یخ مین تر کرکے باندھین اور اونکی آب
رکھنا اور رسوت کا لیپ کرنا بھی مجرب ہے ضماد داخس اقاقیا برادہ ہاتھی دانت
سکنجبین مین ملاکر ضماد کرین ضماد داخس ایلوا گلنار مازو شہد مین گوندھ کر ضماد
ضماد ناخن معیوب کو دور کرتا ہے ہرتال سرخ ہرتال زرد گندھک علک البطم
گوندھ کر لیپ کرین اور چند روز باندھے رہین

فصل پانچوین ضمادہای مفاصل

ضماد مفاصل کو تسکین دیتا ہے السی خطمی جو کا آٹا زردی انڈے کی گاو شیر
روغن گل ضماد کرین اگر جوڑون مین سختی ہو اور گرہ پڑ جائے تو یہ لیپ دسکے
نافع ہے پنیر کہنہ ساتھ پانی شوربای الحہ خوک نمک زدہ یا روغن زیتون کے
ضماد کرین کہ نکلتی ہے اون جوڑون مین سے کوئی شے مانند گچ کی مسدد
دیتی ہے ضماد واسطے تعقد مفاصل یعنی گٹھیہ کے مجرب ہے نفل روغن
اور تل دھوتے ہوتے دو نامردا کے پانی مین پیسکر ضماد کرین ضماد واسطے
مفاصل گرم اور سرد اور مرکب کی انتہا و زمانہ مرض اور وقت گھٹنے مرض کے
آتا ہے تخم السی تل میتھی کو ٹکر چھانکر اور شہد مین ملاکر ضماد کرین ضماد واسطے
مجرب ہے اور سختی کو جلد تحلیل کردیتا ہے میتھی کے بیج بادام کی گری مورد کی جڑ
گوگل اور مورد کو تل کے تیل یا مہندی کے تیل یا سوسن کے تیل مین حل کر
اور باقی اور دوائین اوسمین گوندھ کر ضماد کرین ضماد واسطے شدت درد
افیون سا رہے دس ماشہ آٹا جو کا چھ تولہ مکوہ کے پانی مین ضماد کرین

درد مفاصل گرم کو وقت ہیجان کے تسکین دیتا ہے افیون زعفران برابر وزن دودھ مین
پیسکر ساتھ روغن گل کے ضماد کرین اور بعضے موم بھی داخل کرتے ہین دیگر تنقیہ مواد
درد مفاصل کو کہ بعد زوال حرارت اور تسکین درد کے جسوقت کہ مادہ غلیظ باقی رہے
تحلیل کرتا ہے زعفران ساڑھے تین ماشہ آٹا جو کا خطمی بنفشہ خشک ہر ایک سات ماشہ
کوٹکر چھانکر اور کلم کے پانی مین گوندھکر ضماد کرین دیگر واسطے مفاصل کے کہ نزدیک
شدت درد کے کام آتا ہے زعفران پونے دو ماشہ افیون ساڑھے تین ماشہ پوست
لفاح کی جڑ کا سات ماشہ اسبغول آٹا جو کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مغاث ساڑھے
سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر پانی کلم اور حی العالم کے پانی مین گوندھکر ضماد کرین دیگر تشنج کو
نافع ہے موم سفید شور یعنے خنزیر کی چربی مرغ کی چربی گاے کی نلی کا گودا سب
برابر وزن باہم ملائین اور نشاستہ پیسکر چھڑکین اور حرکت دیوین کہ اکذات ہوجاوے
ضماد واسطے تعقد مفاصل کے کام آتا ہے میتھی نصف جزو تل السی کے بیج
ہر ایک ایکجزو خوب باریک پیسکر ضماد کرین **ضماد ہندی** واسطے درد مفاصل
مجرب ہے اور معمول مغز تخم آرنڈ ماش سیاہ میدہ لکڑی پھکر مول کوٹیج دیودار
بنولہ گلتھی تل سیاہ سروالی اٹ سٹ جو چھیلے ہوے تخم سن برابر وزن کوٹکر
چھانکر اور پانی مین پکاکر ضماد کرین **ضماد اسبغول** واسطے ورمون گرم مفاصل
ورم اور قروح کنج ران اور قضیب اور تمام اعضا کے مجرب ہے اسبغول
پوست خشخاش برابر وزن کوٹکر چھانکر پانی مین پکائین کہ مہرا ہوجاوے پس روغن گل
ملاکر استعمال کرین اور اگر تسکین حرارت بھی مطلوب ہو تو اسبغول ناکوفتہ داخلکرین
اسواسطے کہ باطن اوسکا گرم ہے کوٹنے سے اثر اوسکا باہر ظاہر ہوتا ہے اور
ناکوفتہ سردی کا اثر دیتا ہے اور جو پکانا مواد کا منظور ہو تو اسبغول کو کوٹین
ضماد پاپچہ واسطے تسکین ضربان مفاصل اور درد سر ضربانی کے مجرب ہے
افیون ساڑھے تین ماشہ زعفران ساڑھے دس ماشہ روغن گل چھہ تولہ مغز استخوان
تین تولہ **ضماد روث** واسطے درد مفاصل کے کہ قریب تجربے کے ہو[illegible]

گاے کا گھی تازہ عسل لاتی سرکہ ہر ایک ایکجزو مغز ارنڈی تین جزو سبکو باریک پیسکر او
گاے کا گوبر خشک پیسا ہوا اضافہ کرکے نیمگرم استعمال فرمائین — اور گوبر کا ساتھ ر
زیتون سکے نقرس کو نافع ہے اور رکھنا گاے کا گوبر تازہ گرم ساتھ پرانے
واسطے درد زانو اور ورم زانو کے مفید ہے **ضماد** درد اعضا کو کہ بسبب ریاح
کی ہو مجرب ہے اور کزاز کے مرض کو نہایت نافع ہے سونٹھ ساڑھے تین ماشہ
کالی مرچ سات ماشہ بڑی مائین نوسادر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ موم زرد ساڑھے
سورنجان تین تولہ اڑہائی ماشہ روغن اخروٹ چھ تولہ **ضماد** واسطے درد زانو کے
نافع ہے قلعی کو جوش کرین اور کوٹین اور گرم روغنون مین ملاکر استعمال فرمائین
ضماد واسطے درد زانو اور ورم زانو کے مفید ہے بکری کی مینگنیان دو جزو
جو کا ایکجزو سرکہ اور روغن زیتون مین ضماد کرین **ضماد** نقرس گرم نافع ہے
سرکہ مین پکا کر ضماد کرین **ضماد** نقرس کو نافع ہے ہڈیان سوکھی جلائی ہوئین
مسور خشخاش سکے بیج کاہو کے بیج برابر وزن **ضماد** دیگر کہ نہایت مجرب ہے ا
خطمی کے پھول اسپغول آٹا جو کا سورنجان بابونہ مرغ کے انڈے کی زردی اور ر
ملا کر ضماد کرین اور جو قدرے زعفران اور افیون اضافہ کرین تو بہتر ہوگا **ضماد**
گرم اور نقرس کو اخر زمانہ مین مجرب ہے اور بقایاء مواد کو دور کرتا ہے ایلوا زر
مر یعنی بول برابر وزن ساتھ پانی کلم کے اور جو حرارت زیادہ ہو تو کاسنی کے پا
ضماد کرین **ضماد** اول زمانہ عرق النسا اور وجع الورک مین کام آتا ہے کرنب
پکا کر اور کوٹکر ساتھ مرغ کے انڈے کی زردی اور زعفران سکے گوندھکر اس
کرین **فصل چھٹی** خارش تر اور کھجلی خشک در بیان زخم خبیث کی ضماد ان
سے ہے **ضماد** واسطے خارش بدن کی مردار سنگ ایکتولہ پارہ چار ماشہ ساتھ
شاہسفرم چار تولہ اور گاے کا گھی اور گلاب ہر ایک چار تولہ کی کہ روغن کو
چوبیس سیر مین دھویا ہو مثل مرہم سکے بنا کر استعمال کرین اور وقت حاجت
ضماد واسطے خارش اور کھجلی خشک کے مجرب ہے سنار کی زرد ہڑ مردار سنگ

سفیدہ کاشغری برابر وزن روغنگل روغن بنفشہ مین پیسکر رکھین **ضماد** واسطے خارش کے
مجرب ہی جسوقت مکرر ملین گیر و چودہ ماشہ **کافور** زعفران ہر ایک دو ماشہ روغن بادام دو تولہ
سرکہ مین ملاکر ملین **ضماد** خنازیر اور سب رمون کو مفید ہے جو سخت اور لطیٖ التحلیل
ہون نیلی سوسن کی جڑ باریک کرکے اور مرہم داخلیون مین گوندھ کر ضماد کرین **ضماد**
گھوڑے کے سُم جلے ہوئے ساتھ روغن زیتون اور مرہم داخلیون کے لیپ کرین
ضماد سنگ مقناطیس کو ساتھ سرکہ اور نمک اور روغنگل کے پیسکر ملین **ضماد** خنازیر کو
تحلیل کرتا ہے اور توڑتا ہے گیہون پانچ جزو انجیر ایکجزو کوٹکر اونٹ کے پیشاب مین
جوش دین اور وقت جوش دینے کے قدرے جو اکھار ڈالین جسوقت خوب
گھرا ہو جائے لت کرکے ضماد کرین **ضماد** خنازیر کو تحلیل کرتا ہے اور توڑ کر مواد نکالکر
پاک کر دیتا ہے برگ اراک کہ ہندی مین پیلو کہتے ہین اونٹ کے پیشاب مین پیسکر
اور خنازیر پر رکھکر اوپر اوسکے برگ پان باندھین **ضماد** ورم کے درد کو تسکین دیتا ہی
خشخاش کے بیج کوٹین اور دودھ مین پکائین اور پھر کوٹین کہ مثل مرہم کے ہو جائی
بعد اوسکے گلاب کی پھول اور قدرے زعفران اور سبکو روغنگل مین کہ موم اوسمین
گھلایا ہو ملاکر ضماد کرین **ضماد** ورم کو توڑتا ہے مغز بنولہ مغز اخروٹ خمیر ترش
کرنب کی تپی پکائی ہوئی پیاز پکائی ہوئی گدہی کی لید کبوتر کی بیٹ باہم کوٹکر اور اگجا کرکی
ضماد کرین **ضماد** دُملون کے مواد کو پکاتا ہے اور قوی دواؤن سے ہے اور مواد
خنازیر اور سختیون کو تحلیل کرتا ہے برگ خطمی کوٹکر گلاب مین پکائین کہ مثل مرہم کے
ہو جاوے پس مرہم اشق اور مرہم داخلیون ملاکر ورم کے اوپر رکھین اور عجایب
مشاہدہ کرین **ضماد مہیری** کہ معمول اہل ہند ہے اور جراحون کے تجربہ مین
آیا ہے واسطے پکانے ورمون کے اثر تمام رکھتا ہے اور طریق اوسکا یہ ہے کہ چاول
کوٹکر ساتھ جو کے آٹے اور دہی کے پکائین اور جسطرح مقدمہ مین لکھا ہوا ہے
یہ ہے کہ چاول چار تولہ آٹھ ماشہ کوٹین جسطرح فرنی کے واسطے بناتے ہین ایک سیر دہی
مین ملاکر پکائین کہ مثل شیر برنج کے ہو جاتے اور اگر چاول کی جگہ جوار کا آٹا ملائین

تو وہ ہی عمل رکھتا ہے اور اگر قوی زیادہ اثر چاہین تو آٹا میتھی کا اور تخم سن باریک کر کے
اور ایلوا نرم کر کے ہر ایک بقدر حاجت بھی ہمراہ جوار کے آٹے یا چاول کے آٹے کی
دہی مین پکائین مثلاً اگر چار تولہ آٹھ ماشہ جوار کا آٹا ہو تو چودہ ماشہ میتھی کا آٹا اور چودہ ماشہ
تخم سن اور سات ماشہ ایلوا ملائین اور معلوم کرین کہ اسطرح کی مہیری نہایت جلد
مواد کو پکاتی ہے اور بڑھانا اور کم کرنا اور داخل کرنا اور دواؤن کا اوپر رائے تجربہ
کرنے والون کے منحصر ہے یا حکیمون کی رائے پر موقوف ہے یہ نسخہ مجربات اکبری
منقول ہے **فصل ساتوین** ضماد ہائے ضربہ اور سقطہ مین **ضماد** واسطے ضربہ
اور سقطہ کے کہ بعد فصد کے کام آتا ہے میدہ لکڑی گیرو ہلدی دیودار خطمی کی پھول
آٹا مونگ کا مہندی ریوند خطائی تنتریک دو دو تولہ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی اور تل کی تیل کے
پکائین جسوقت مانند حلوا ہو جاتے اوسی سے سینکین اور باندھین **ضماد** واسطے
ضربہ اور سقطہ کے ہلدی دارہلد میدہ لکڑی ہر ایک چودہ ماشہ میدہ گیہون کا ساڑھے
تین تولہ سجی ایک ماشہ تل کا تیل چار تولہ آٹھ ماشہ بدستور سینک کر باندھین اور یہ ضماد
واسطے درد اوس ضربہ کے جو کہنہ ہو گیا ہو بہت مفید ہے **ضماد** مخصوص واسطے
ضربہ اور سقطہ کے کہ سر پر واقع ہو گیرو ایلوا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ آملاش کا
مغاث مورد کی تیی گلاب کی پھول ہر ایک تین تولہ بابونہ کے پھول میٹھا چرائتہ
ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر اور بید کی پتون کے پانی مین گوندھ کر ضماد کرین
ضماد مجرب واسطے ضربہ اور سقطہ کے اور ورم کو دور کرتا ہے اور درد کو تسکین دیتا ہے
محمد زکریا سے منقول ہے اقاقیا ایلوا اماش مغاث گیرو برابر وزن کوٹکر چھانکر اور
پانی برگ مورد تازہ اور بیر مرغ خانگی مین آلودہ کر کے ضماد کرین **ضماد** واسطے درد
اور رض کے مفید ہے ماش چھ تولہ لادن تین تولہ زعفران ساڑھے دس ماشہ
گیرو سات ماشہ ساتھ پانی برگ مورد اور عرق گل یعنی گلاب اور پانی برگ جھاؤ
اور پانی برگ سرو کی گوندھ کر ضماد کرین **ضماد** تیر کو جسم سے جلد نکالتا ہے ماہی جھینگہ
زخم تیر پر باندھین آسانی سے تیر نکل آئیگا **حرف الطاء** دو باب پر شامل ہے

باب پہلا طلاؤن مین پانچ فصلین ہین **فصل پہلی** اون طلاؤن مین ہے جو سر اور
دماغ کی بیماریون کو مفید ہین **فصل دوسری** اون طلاؤن مین ہے جو آنکھ اور کان او
ناک کی بیماریون کو نافع ہین **فصل تیسری** اون طلاؤن مین ہے جو اور اعضا
مانند معدہ اور جگر اور تلی اور عورت کی چھاتیون اور رحم اور خصیہ اور ذکر کی بیماریون
سے متعلق ہین **فصل چوتھی** اطلیہ باہیہ مین یعنے اون طلاؤن مین جو شہوت
جماع کو قوی کرنے والی ہین **فصل پانچوین** اون طلاؤن مین ہے جو بیماریون
جلدی مانند چھیپ اور چھائی اور برص وغیرہ کو اچھا کرتے ہین **باب دوسرا**
طرد مین ہے یعنے تدبیر مین دور کرنے جانورون موذی کے چند فصل پر شامل ہے
فصل پہلی طرد یعنے تدبیر مین دور کرنے سانپ اور بچھو اور کنکھجورہ کے ہے
فصل دوسری طرد یعنے دور کرنے مین پسّو اور مچھر اور بہا اور مکھی اور چیونٹیونکے ہے
فصل تیسری طرد موشان مین یعنے تدبیر مین دور کرنے چوہون کے
فصل پہلی باب اول سے اون طلاؤن کے بیان مین ہے جو سر اور
دماغ کی بیماریون سے متعلق ہین **طلا** منقول حکیم ہادی شیرازی درد سر کو نافع ہے او
نزلہ اور حلق اور سینہ پر اور اور اعضا پر نزلہ گرنے کو مانع ہے رسوت مکی رسوت
ہندی بوشش دربندی عصارہ مامیثا ہر ایک نو ماشہ گوند ببول کا مرکی یعنے بول ام
لاردکی تپی انزروت سفید ہر ایک ساڑہے چار ماشہ افیون زعفران ہر ایک
ورقی سواد وچاول کو نگر چھانکر اور مرغ کے انڈون کی سفیدی مین گوندھ کر قرص
کرین اور وقت حاجت کے مرغ کے انڈون کی سفیدی مین گوندھ کر ایک کاغذ
پر لگا کرین اور اوسپر سوزن سے چھید کرکے دوا لگائین اور وہ کاغذ دوا لگا ہوا
کنپٹیون پر چپکائین **طلا** کہ نام سے لزاق صدغین کے مشہور ہے واسطے
شقیقہ حقیقی یعنے درد نیم سر اور شقیقۃ العین کے مجرب ہے افیون
دو ماشہ مر یعنے بول ساڑھے تین ماشہ کاسنی کے بیج کا ہا کے بیج
رسوت مکی ساڑھے دس ماشہ کو نگر چھانکر اور اسبغول کے لعاب مین گوندھ کر

کپڑے کے ٹکڑون پر لگا کر دونون طرف کنپٹیون پر چیپاٹین طلا درد آدھا سیسی کو نافع ہے
اور واسطے ہر قسم کے درد سر خصوصاً سرد کے لیے مجرب ہے اور بے نظیر بجیبی
صندل سفید پوست ارنڈی کی جڑ کا کوٹکر چھانکر ساٹھی کے چاول دھوئے ہوئے پانی مین
خوب باریک پیسکر ماتھے اور کنپٹیون پر لگاتین طلا درد سر سردسے مادی کو نافع ہے
انجیر کی لکڑی کی راکھ سرکہ مین پیسکر طلا کرین اور اسی طرح ہلدی روغن بادام مین
پیسکر طلا واسطے درد سر کے کہ بسبب ضعف دماغ کے عارض ہو دھنیہ خشک
بیج خشخاش کے بیج چنہ گیہون میٹھے بادام کی گری پستہ کی گری سبکو علیحدہ علیحدہ
ارٹو کی گٹھلی کی گری کدو کے بیجون کی گری کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری
مرکی ہر ایک ایک جزو سبکو پیسین صندل سفید ڈیڑہ جزو صندل سرخ ڈیڑہ جزو
دونون کو گلاب مین پیسکر ملاتین بعد اوسکے گلاب اور عرق بید اور عرق شگوفہ
اور پانی میٹھی بہ کا اور پانی میٹھے سیب کا ہر ایک قدرے حل کرین اور نبات بھی
بھی حل کرین اور طلا فرماتین طلا پوست خشخاش شیاف مامیثا ہر ایک سات
صندل سرخ صندل سفید ہر ایک نو ماشہ نیلوفر بنفشہ کاہو کے بیج پیشانی اور
طلا کرین طلا نزلہ جاری ہونے کو مانع ہے مُرکی یعنے بول ایلوا رسوت گوند
نشاستہ سنگ راتک کتیرا دم الاخوین چھالیہ شیاف مامیثا ہر ایک ساڑہے تین ماشہ
افیون زعفران ایکماشہ تین چاول کوٹکر چھانکر اور مورد کے تیون کے پانی مین
گوندھ کر قرص تیار کرین اور وقت حاجت کی طلا کرین اوپر کاغذ گول کے
او سپر بہت باریک ان دونون کنپٹیون پر اور ایک ٹکڑا تالو پر چیپاٹین طلا
لاتا ہے صندل سرخ صندل سفید نو ماشہ پوست خشخاش ساڑہے دس ماشہ
کی تیی کاہو کی بیج ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ کوٹکر اور کاہو کے پانی مین پیسکر
اور رباگوش پر طلا کرین طلا سرسام صفرا بی اور بتقطی کو نافع ہے بنفشہ بابونہ
چھانکر آٹا جو کا روغن گل اور سرکہ مین مخلوط کرکے ملین اور جو حرارت ہو
طلا سرسام بلغمی کو مفید ہے آدمی کے بال جلاتین اور باریک پیسین

مُشک اصلی اور غیر اصلی
ہوتا ہے اصلی پانی بحر و بر
الا تر سے حاصل ہوتا ہے
اوسکو مشک چینی کہتے
ہین اور جسکو فت مشک
اوسمین ملاتے ہین اوسکو مشک
المسک کہتے ہین اور کام
دوائین بھی حسب حاجت
کرتے ہین اور

لاتین اور پیشانی پر طلا کرین خلطون غلیظ کو دفع کرتا ہے طلا واسطے سرسام بلغمی کے جند بید ستر سات ماشہ جوا کھار ائی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ عاقر قرحا مویزج ہر ایک چودہ ماشہ باریک پیسکر ساتھ پانی تمام کے اور پانی دو نامرو اور قدرے سرکہ شراب یا سرکہ پیاز جنگلی کی طلا کرین طلا سکتہ کو نافع ہے رائی جند بید ستر کوٹکر چھانکر اور پرانے سرکہ مین گوندھ کر سر مخنوق اور مسکوت پر طلا کرین طلا القوہ کو مفید ہے زعفران ایک ماشہ تین چاول ایلوا رسوت مُر یعنے بول ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گلاب مین پیسکر طلا کرین طلا واسطے خدر یعنے سُن ہونے عضو کے نافع ہے عاقر قرحا مویزج باریک کوٹکر سرکہ اور پودینہ کے پانی مین حل کرکے ملین +

فصل دوسری باب اول سے اون طلاؤن کے نسخو نمین ہے

جو آنکھ اور کان اور ناک کی بیماریون سے علاقہ رکھتے ہین طلا رمد یعنے ورم ملتحمہ کو مفید ہے پھٹکری مردارسنگ زیرہ سیاہ دو دو ماشہ ہلدی پوست خشخاش دو دو ماشہ نیلہ تھوتھ افیون برابر نخود کے کوٹکر چھانکر اور پانی مین گوندھکر طلا کرین گرداگرد آنکھ کے طلاء پر سوت پھٹکری بھونی ہوئی افیون تین تین ماشہ کوٹکر چھانکر اور پانی مین گولیان بناکر نگاہ رکھین اور وقت حاجت کے پانی مین پیسکر اور گرم کرکے گرد آنکھ کے طلا کرین طلا بچون کی رمد اور ورم تیج کو بہت مجرب ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے اور درد کو تسکین دیتا ہے افیون کتہ سفید رسوت ہندی ایک ایک جزو شب یمانی کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے چار جزو پانی لیمون کا بیس جزو رات کو بھونکر اور دواؤن کے ساتھ کوٹکر چھانکر لوہے کی کڑاہی مین ڈالین اور لیمون کے پانی مین نرم آگ پر رکھکر لوہے کے دستہ سے آہستہ آہستہ پیسین کہ حل ہوجائے طلا ہر قسم رمد کو معمول ہے ہلدی افیون ہر ایک ایکماشہ لودھ پھٹکری ہر ایک دو ماشہ کوٹکر چھانکر اور پانی مین حلکر کے آنکھ کے اوپر طلا کرین طلا واسطے جمادینے بال بروے کے ہڑ اور مازو کو جلائین اور سرکہ مین ملاکر ملین طلا واسطے شعر زائد کے اشق کو سرکہ مین حل کرکے پلک پر طلا کرین طلا

بعد اوکھاڑنے بال پلک کے طلا کرین زعفران ساڑھے چار ماشہ کافور دورتی
طلا سیپ جھوٹی جلائی ہوئی پیسکر اور قطران مین گوندھ کر بعد اوکھاڑنے پلک کے
طلا کرین طلا اسی مقدمہ کو نافع ہے دم ضفدع سبز یعنے خون مینڈک کا ر
باذریون کی باہم ملاکر طلا کرین طلا اسی معاملہ مین مفید ہے خون کچھوہ کا ز
کرگس پتہ کچھوہ کا طلا کرین طلا قمل اجفان کو نافع ہے شب یمانی کہ ایک قسم
پھٹکری کی ہے ایکجزو سونرج نیم جزو کوٹکر اور روغنگل مین حل کرکے پلکون پر
ملین طلا واسطے بردہ اور شعیرہ اور ثوالیل جفن کے نافع ہے ہینگ
تنہا تنہا سرکہ مین حل کرکے ملین طلا محلل بردہ انزروت علک البطم خانہ مگس
باہم گوندھ کر طلا کرین طلا بردہ کو تحلیل کرتا ہے کندر بول ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ موم پونے دو ماشہ لادن شب یمانی ہر ایک ایکماشہ کوٹکر روغن سوسن
اور زیتون کی گاد مین گوندھ کر طلا کرین طلا زرقہ چشم طفل کو سیاہی سے بدلتا
اور بالون کو بھی سیاہ کرتا ہے بندق کو تالو پر طلا کرین طلا نکسیر کو بند کرتا ہے
آٹا جو کا گیرو مٹی ملتانی آملہ ہر ایک چھ ماشہ کافور افیون ہر ایک ایکماشہ سرکہ اور
پانی تازہ اور پانی برگ بید اور دھنیہ کے پانی مین گوندھ کر پیشانی اور تالو پر طلا
کرین طلا ناسور کو نافع ہے بعد تنقیہ بدن اور سر کی پھلی ٹوٹنے سے استعمال
کرین مامیران زعفران بول سیپ جلی ہوئی الیواسب یا جو ان مین سے حاضر
جنگلی کاسنی کے پانی مین پیسکر طلا کرین طلا نکسیر کے خون کو بند کرتا ہے آٹا جو کا گرد
اقاقیا عصارہ لحیۃ التیس گلنار صندل کافور انڈے اور افیون سرکہ مین گوندھ کر
پیشانی اور سر پر طلا کرین طلا خون نکسیر کا بند کرتا ہے نشاستہ گیرو برابر وزن
سرکہ مین پیسکر سر پر لگائین طلا ہندی مجربات سے ہے واسطے بند کرنے
خون نکسیر کے مٹی ملتانی اور مٹی گوپی چندن دونون کو خالص پانی مین گوندھ کر
تالو پر ملین اوسی دم خون کو بند کر دیگا **فصل تیسری** اون طلاؤن کی
بیان مین ہے جو معدہ اور جگر اور تلی اور عورت کی چھاتیون اور رحم اور خصیہ

ذکر کسی بیماریون سی متعلق ہین طلا واسطے وجع فواد اور معدہ کی نافع ہے عطر گلاب
طلا کرنا بہت مفید ہے طلا واسطے درد معدہ گرم اور سوزش فم معدہ کے نافع ہی اگر ہندی
کند ہصطگی ہبسلوچن ہر ایک ایکماشہ پوست بیرون پستہ زیرہ گلاب کا صندل سفید ہر ایک
تین ماشہ روغن گل ایک تولہ گلاب بقدر حاجت دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور روغن گل مین
ملاکر اور گلاب قدر کفایت مین شامل کرکے معدہ کے منہ پر طلا کرین اور بسحت حرارت عرق کا فور
اور پانی سیب کا اور پانی بہ کا اضافہ کرین طلا واسطے استسقا کے کہ گرمی جگر سے ہو
نافع اور مجرب ہے زعفران ایکماشہ تین چاول مصطگی ساڑھے ستر ہ ماشہ ریوند خطائی
گلر لاکھ دھوئی ہوئی ہر ایک سات ماشہ گلاب کے پھول ساڑھے دس ماشہ شیاف
مامیثا کاسنی کے بیج کشوث کے بیج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اکلیل الملک خطمی کے
پھول خبازی کے پھول بابونہ کے پھول بنفشہ کی پھول ہر ایک ساڑھے ستر ہ ماشہ
کوٹکر چھانکر ہری کاسنی کے پانی اور گلاب مین گوندھ کر شکم اور ہاتھ پاؤن پر طلا کرین
طلا واسطے ضعف جگر اور معدہ کے نافع ہے بنفشہ کے پھول میتھی کا آٹا ہر ایک
دو ماشہ گلاب کے پھول پانچ ماشہ مصطگی بالچھڑ مرکی یعنی بول دو ماشہ بابونہ کے
پھول خطمی کے پھول آٹا جو کا ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر اور لعاب السی مین گوندھ کر
طلا کرین طلا بچون کے شکم کے کیڑون اور کدو دانون کو نافع ہے افسنتین ساڑھے
دس ماشہ آڑو کی پتی تین تولہ پتہ گاے کا ایک عدد حوالی ناف پر طلا کرین طلا
کھانسی کو کہ ورم جگر سے ہو نافع ہے بالچھڑ پونے دو ماشہ ریوند چینی ساڑھے تین ماشہ
صندل سفید بابونہ اکلیل الملک کاسنی کے بیج کشوث کے بیج نیلوفر کی پتی ہر ایک
سات ماشہ گلاب کی پھول آٹا جو کا ہر ایک دو تولہ کوٹکر چھانکر کاسنی اور بید کے پانی مین
طلا کرین طلا قے کو باز رکھتا ہے اقاقیا کندر ناگرموتھ مرکی یعنی بول کعک
جوز السرو مازو گلاب کی پھول آملہ کیر وبلوط باجھرہ چاول مسور گلنار اجواین خراسانی
صندل سماق پانی مورد یا پانی بہ کے شکم پر طلا کرین طلا برائے ورم معدہ کو مفید ہے
موم ساڑھے دس ماشہ بالچھڑ مصطگی ہر ایک ساڑھے ستر ہ ماشہ تخم کرنب گوگل

ہر ایک تین تولہ روغن ناردین چار تولہ ساڑھے چار ماشہ کوٹنگی چیزون کو شراب مین ملاکر
اور موم روغن مین گوندھ کر طلا کرین **طلا** استسقاء زقی کو نافع ہے صعتر ناگرموتھ
بکری کی مینگنیان گیرو جواکھار سرکہ مین پیسکر طلا کرین **طلا** صاحب استسقا کی ہاتھہ پانوں
ورم اور ہر قسم کے ورم نرم کو نافع ہے سرکہ تند روغنگل دونون کو باہم ملا کر طلا کرین
اور اوسکے اوپر مولی کے پتے باندھین **طلا** کدو دانہ کے کیڑون کو دفع کرتا ہے
اور قتل کرکے نکالتا ہے پتہ گائے کا ایک عدد افسنتین ساڑھے دس ماشہ آڑو
کے پتون کے پانی تین تولہ مین پیسکر طلا کرین **طلا** عورت کی چھاتیون کے ورم
مفید ہے گیہون کی روٹی سکھا کر کوٹین اور آٹا جو کا آٹا باقلے کا آٹا تیتھی کا خطمی ہر ایک
ایکجزو زعفران نصف جزو کوٹکر چھانکر مرغ کے انڈون کی زردی مین گوندھین اور
طلا کرین **طلا** عورت کی چھاتیون کے ورم گرم کو بہت نافع ہے کندر قیمولیا روغنگل
مین پیسکر طلا کرین **طلا** عورت کی چھاتیون کو بڑی ہونے نہین دیتا طین الحر
کوٹکر اور شہد مین گوندھ کر طلا کرین **طلا** جو ہر مہینے بعد حیض سے پاک ہونے کے
تین دن ہر شب و روز دو تین بار طلا کرین تو چھاتیون کو لٹکنے نہ دیگا اور حافظ رہیگا
آٹا جو کا پوست انار بڑی مائین سبکو باریک پیسکر اور سرکہ مین ملا کر طلا کرین **طلا**
واسطے پھنسیون کے مفید ہے کافور زعفران ہر ایک دو رتی گیرو گل مختوم ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ اور بعضے نسخہ مین گیرو سات ماشہ لکھا ہوا ہے کوٹکر چھانکر گلاب
اور سرکہ انگوری مین گوندھ کر طلا کرین اور جو پھنسیان تر ہون تو مردار سنگ ساڑھے
تین ماشہ ایلوا دھوبا ہوا ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر روغنگل اور سرکہ شراب مین
طلا واسطے روع ورم گرم خصیہ اور ذکر کے بعد تنقیہ کے کام آتا ہے صندل
گیرو شیاف مامیثا رسوت بوش دربندی کچھوہ کے انڈے آٹا باقلے کا کوٹکر چھانکر
ہری کاسنی کے پانی اور ہرے دھنیہ کے پانی اور ہری مکوہ کے پانی اور سرکہ
مین گوندھ کر طلا کرین **طلا** واسطے ورم کے مفید ہے گاؤ گنج کی تپی جو کا آٹا مسور
باقلے کا آٹا رسوت مکی کوٹکر چھانکر ہری دھنیہ کے پانی اور ہری مکوہ کے پانی مین

گوندھ کر طلا کرین طلا واسطے ورم گرم خصیہ کے نافع ہے جسوقت ورم بزرگ اور سخت ہو
اور رنگ سرخ اور رگین خصیون کی نیلی ہوگئی ہون بابونہ کے پھول اکلیل الملک
خطمی کے پھول شیاف مامیثا رسوت بکی بوش ورہندی ہر ایک دو تولہ صندل سرخ
صندل سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بنفشہ کے پھول سات ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ
پانی کاسنی تازہ اور گلاب کے گوندھ کر طلا کرین طلا معمول اور مجرب ہی گل قیمولیا
مکوہ خشک آٹا جو کا خطمی کے پھول سفید ہر ادھینہ سبکو روغنگل اور مرغ کے انڈیکی
زردی اور سرکہ اور انڈے کے زعفران مین ملا کر طلا کرین طلا خارش قضیب اور
خصیہ کو کہ لسبب مواد صفراوی کے ہو نافع ہے مہندی کی پتی شاہترہ خطمی کے
پھول سفید ایلوا کوٹکر چھانکر اور سرکہ انگوری مین گوندھ کر اور روغنگل داخل کرکے
مثل مرہم بنا کر طلا کرین طلا اس مقدمہ مین نہایت نافع ہے انار ترش ایک عدد کو
قلعی دار برتن مین ہمراہ سرکہ انگوری کے پکاتین کہ مضمحل ہوجاتے پس ہاون مین
ڈالکر مہندی کی پتی اور شاہترہ اور گلنار فارسی اور مردار سنگ جلایا ہوا توتیاء
کرمانی شیاف مامیثا سنارکی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ توتیاء ہندی مٹی کی کوری
رکابی مین بھونی ہوئی پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر اور اوسمین ڈالکر روغنگل ساڑھے
سات تولہ اضافہ کرکے اور مثل مرہم کے بنا کر طلا کرین طلا ابتداء درد اور ورم
خصیہ کو نافع ہے کاکنج پوست خشخاش آٹا جو کا مسور سب برابر وزن ساتھ
مرغ کے انڈے کی زردی اور روغنگل کے طلا کرین طلا بڑے خصیہ کو چھوٹا
کرتا ہے مگر اوسوقت کہ بزرگی اوسکی بر سبیل فربہی کے ہو نہ لسبب ورم کے اول
چاہیے کہ سرب یعنے سیسہ کو لیکر اور اوسکے اوپر ہرے دھینہ کا پانی ٹپکا کر
سرب دوسرا اوسکے اوپر گھسین کہ دونون سیسون کے رگڑنے سے کچھ گھس
پس اوسکو طلا کرین طلا حمل کا مددگار ہے بلسان جاوشیر قضیب پر طلا کرین
اور بعد سوکھنے طلا کے مجامعت فرمائین طلا حمل کو مانع ہے اور اگر حاملہ ہو
تو اسقاط ہوجاتے سداب خشک یعنی تیلی نطرون کہ ایک قسم جو الکھار کی ہی

جب بلسان تخم درخت بلسان کا بقدر گول مرچ کے ہوتا ہے رنگ بھورا اور مزہ تلخ ۱۲

جاوشیر ایک گوند ہے ... فارسی سرخ تیرہ باطن بزرگ اوسکا الجزر سے مشابہ ہے پھول زرد خوشبودار اور تخم سیاہ ہوتا ہے بہتر قسم ... اوسکا زرد ہے ۱۲

دونون کو برابر وزن کوٹکر جانگہری تتلی کے پانی مین گوندھین اور ذکر پر طلا کرین بعد
اوسکے مجامعت فرمائین طلا اگر عورت فرج کے اندر طلا کرے تو مرد عاشق اور دیوانہ
اوسکا ہو جائے پتہ روہو مچھلی کا پیپل اگجا کر کے ہمراہ روغن گاو کے طلا کرین۔
اور اسی طرح مولہ کے گوشت کی تاثیر ہے طلا منزل النسا عورت کی منی جلد
اوتارتا ہے مجرب صاحب گنج باداور دمیعہ سائلہ یعنی سلارس زاک ملے متعارف برابر
وزن کوٹکر اور باہم ملا کر بقدر ڈیڑہ چاول کے فرج کے اندر ملین طلا اسی معاملہ مین
مجرب ہے دانہ چھوٹی الائچی کے سہاگہ لونگ عاقر قرحا کافور چینیہ ہر ایک دو ماشہ
شہد خالص بقدر کفایت گولیان باندھین اور شہد مین گھسکر طلا کرین طلا مجرب
زعفران چار رتی جائفل دو رتی خصیہ بکری کا تین رتی تینون کو خوب پیسکر نگاہ رکھیں
دو گھڑی پہلے جماع سے روغن مین حل کر کے طلا کرین پھر بعد تین چار گھڑی کے
ایک کپڑے پانی سے بھیگے ہوئے کے قضیب کو پاک کرین عورت منزل ہو جائیگی

فصل چوتھی الطلیہ باہیہ مین ہے یعنے وہ طلا جو شہوت جماع کو قوی کرے

طلاء باہی ہونبح عاقر قرحا ککنگنی تین تین ماشہ لونگ بیربہوٹی دارچینی جاوتری
سغات بغدادی دو دو ماشہ جائفل زردی نرگس چار چار ماشہ مشک نافہ عنبر اشہب
ایک ایک ماشہ کوٹھ شیرین دو ماشہ روغن نرگس چھہ ماشہ عطر ناگیسر عطر گلاب اگر ڈالو
روغن راتی نو ماشہ مثل مرہم کے بنا کر طلا کرین طلا مقوی ہے اور تندی شہوت
جماع کی بشدت کرتا ہے پانی پیاز جنگلی کا پانی پیاز نرگس کا دو دو تولہ روغن تیولکا
آٹھ تولہ سبکو جوش کرین کہ روغن باقی رہے صاف کر کے تیہ چڑ دن نرخانگی کا
ساڑھے چار ماشہ اوٹنگن کے بیج عاقر قرحا رائی سرخ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ عنبر
اشہب سوا دو ماشہ سبکو روغن مذکور مین پیسکر طلا کرین طلا واسطے مجلوق کے
مجرب ہے جائفل چھڑیلا ہر ایک چار ماشہ آدمی کے کان کا میل ساڑھے تین ماشہ چربی
خصیہ خوک کی آدہ پاؤ سبکو شراب دو تختہ مین پیسین یہان تک کہ سیر بھر شراب
جذب ہو جائے طلا کہ جو اوپر قضیب کے طلا کرین اور پھر جب کسی عورت سے

کہ مشغول جماع ہون مرد غیراوسپر ہرگز قادر نہو سکیگا کیچوہ بیر بہوٹی برابر وزن پانی مین پیسکر طلا کرین طلا ذکر کو بڑھاتا ہی اور تندی شہوت جماع کی کرتا ہے ایک جونک ناریل کے اندر جسمین پانی اوسکا موجود ہو وسے ڈالکر مقام محفوظ مین رکھین کہ تمام خشک ہوجاوے اور جونک بھی پس اوسمین سے باہر نکالکر اور باریک کرکے طلا کرین قضیب کے موٹا کرنے کے لیے کوئی شی بہتر اس سے نہین ہے اور اگر ناریل مین پانی نہو تو قدرے دودھ ڈالین اور جو قضیب کو خوب ملین کہ سرخ ہوجاوے بعد اوسکے بھینس کا دودھ کہ گندہ اور بدبو ہو ملین نفع بخوبی دیگا اور چند روز استعمال کرین قضیب دراز ہوگا اور ملنا ذکر کا ہمیشہ اور بعد ملنے کے روغن ملنا مادہ منجذبہ کو تحلیل کرتا ہے اور گرم پانی کا نطول کرنا یعنے تریڑا دینا اور زفت طلا کرنا ذکر کو دراز کرتا ہے اور ہر روز خرقہ خشن یعنے کھر کھرے کپڑے سے قضیب کی خوب مالش کرنا اور پانی گرم اوسپر دیر سے گرانا اور بعد اوسکے موم روغن ملنا مفید ہے اور مغز گدہی کا تل کے تیل مین پکاکر طلا کرنا نافع ہے طلا نعوظ لاتا ہے یعنے تندی شہوت کی کرتا ہے اور حالت جماع مین بہت لذت بخشتا ہے شہد اور پتہ خرگوش سفید کا دونون برابر وزن ملاکر لیپ کرین طلا دارچینی کبابچینی عاقرقرحا مویزج ہر ایک وزنے دو ماشہ مشک خالص قدرے کوٹکر چھانکر شہد مین معجون تیار کرین اور وقت حاجت کے ساتھ لعاب دہن کے ذکر پر طلا کرین طلا مجرب ہی پارچہ سفید بافتہ کو آگھ کے دودھ مین سات بار ترکرین اور سکھاوین پھر تھوہڑ کے دودھ مین سات دفع ترکرین بعد اوسکے نیچے درخت جامن کے چقر کرکے چالیس دن تک نگاہ رکھین اوسکے بعد بتی روغن مین جذب کرکے استعمال فرماوین

فصل پانچوین

جلدی بیماریون کے طلاؤن مین ہے مانند گنج سر اور چھاتی اور چھیپ اور برص وغیرہ کے طلاء ہندی واسطے قسمون گنج سر اور سر کے زخم کی خصوصاً بچون کے لیے مجرب ہے کتھ کیلا گیرو نیلا تھوتھا شورہ قلمی ہر ایک ایکجزو مردارسنگ کالی مرچ ہر ایک دو جزو مہندی کی پتی چار جزو کوٹکر چھانکر

اور روغن تلخ مین داغ دیگر ملین طلا محمد زکریا کہتا ہے کہ واسطے سعفہ یعنے گنج سر کی اس
بہتر کوئی دوا نہین ہے سفال شور سوختہ ایکجزو نمک آدھا جزو نرم پیسکر اور سرکہ مین
ملاکر طلا کرین طلا مرداسنگ توتیا پوست انار ترش منہدی مازو روباس و غنگ
ہر ایک ساڑہے تیرہ ماشہ سرکہ پرانا ایک ملعقہ طلا واسطے گنج سر تر کے کہ بچون کے
منہ پر ہوتا ہے کافور چار جو گلنار ہلدی ہر ایک ساڑہے تین ماشہ گلاب کی پھول
سات ماشہ سفیدہ کاشغری ساڑہے دس ماشہ کوٹکر چھانکر پونے نو ماشہ موم اور
روغن تین تولہ مین پگھلائین اور دوائین کوٹکر چھانکر اوسمین ڈالکر ملائین اور طلا کرین
کہ زخم سر اطفال کو نافع ہے اور مجرب گلنار منہدی گوگل مرداسنگ بادام تلخ کی
گری سفیدہ کاشغری ہر ایک ساڑہے تیرہ ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ قدرے سرکہ
اور روغن گل کے ملاکر استعمال کرین طلا زخم تر سر اطفال کو نافع ہے اور مجرب ہے
کہ سر اور روی اور حوالی دہن پر ہوتا ہے خزف بستانی سوختہ نرم کرین اور
ساتھ روغن زیتون اور پانی گندنا کے گوندھ کر طلا کرین طلا واسطے داء الثعلب
اور گنج سر کے کہ رطوبت رکھتا ہو مفید ہے سمندر جھاگ کاغذ حب النار برابر
وزن سبکو جلاکر اور سرکہ مین گوندھ کر طلا کرین طلاء داء الثعلب مجرب ہے
آملہ کو لیمون کی پانی مین خوب جوش دیکر طلا کرین طلا نمک کہ درخت اگمہ پر
ہوتا ہے تل کے تیل مین جلاکر اور پیسکر طلا کرین طلا قمل یعنے جون کو بدن سے
دور کرتا ہے مویزج ہرتال سرخ زراوند طویل ہر ایک ایکجزو روغن زیتون میں
گوندھ کر اعضا کے اوپر طلا کرین اور بعد ایک گھنٹہ کے حمام کی اندر پسینہ جب آئے
تو غسل کرین طلا داء الفیل کو نافع ہے ایلوا اقاقیا مرمکی یعنے بول عصارۂ
لحیۃ التیس شب یمانی برابر وزن کوٹکر چھانکر اور سرکہ مین گوندھ کر طلا کرین اور
اوسکے اوپر ایک پٹی باندھین اور ایڑی سے باندھنا شروع کرین طلا واسطے
درد مفاصل اور ورم اور درد زانو کے مجرب ہے گیرو کاہو کے بیج ہر ایک سات ماشہ
نشاستہ افشابوش دربندی صندل سفید صندل سرخ ہر ایک ساڑہے دس ماشہ

اکلیل الملک خطمی کے پھول گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ آٹا جو کا تین تولہ کوٹکر چھانکر گلاب یا ہری دھنیہ کے پانی مین تر کر کر اور مکو کے پانی مین ملا کر طلا کرین طلا واسطے تقویت عضو اور تسکین درد مفاصل کے عجیب الفعل ہے سفیدہ کاشغری نشاستہ ہر ایک ایکجزو سورنجان مصری دو جزو کافور قیصوری اندکے گلاب مین گوندھ کر طلا کرین طلا واسطے درد مفاصل حار اور درد زانو کے مجرب ہے شیاف مامیثا گیرو صندل سفید صندل سرخ ہر ایک دو ماشہ اکلیل الملک بابونہ بنفشہ ہر ایک تیرہ ماشہ آٹا جو کا کاہو کے بیج پوست بندی رسوت مکی ہر ایک ایکتولہ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی ہرے دھنیہ اور پانی ہری کاسنی کے گوندھ کر طلا کرین طلا درد شدید کو تسکین دیتا ہے صندل سرخ صندل سفید گلاب کے پھول چھالیہ شیاف مامیثا پوست دربندی افیون لفاح کی جڑ برابر وزن کوٹکر چھانکر ہری دھنیہ کے پانی اور ہری مکوہ کے پانی اور گلاب اور قدرے سرکہ مین پیسکر طلا کرین طلا صندل سفید صندل سرخ شیاف مامیثا پوست دربندی رسوت مکی سفیدہ کاشغری کاسنی کے بیج بنسلوچن سفید ہر ایک ایکتولہ کافور چار ماشہ کوٹکر چھانکر اور پانی مین گوندھ کر بصورت نرد بناکر نگاہ رکھین طلا تسکین درد مین بے نظیر ہے میدہ کی روٹی کا گودہ افیون برابر وزن گاے کے دودھ مین ملا کر طلا کرین اور جب نیمگرم ہوجاتے تو اور تبدیل کرین طلا درد نقرس کو تسکین دیتا ہے افیون انڈے کی زردی مین گوندھ کر طلا کرین طلا نقرس مرکب کو مفید ہے لعاب خطمی کے بیجون کا تخم کتان آٹا جو کا سورنجان روغن گل زردی مرغ کے انڈے کی طلا ورم خونی کو تحلیل کرتا ہے یہ طلا اول لگائین صندل سرخ زعفران برابر وزن ہرے دھنیہ کے پانی مین پیسکر طلا کرین طلا مانند اول شیاف مامیثا رسوت ایلوا کاسنی سبز کے پانی مین طلا کرین طلا گیہون کی بھوسی خطمی کے پھول بابونہ گلاب مین پیسکر طلا کرین طلا دملون کو توڑتا ہے اور ورم توڑنے کے معاملہ مین سریع الاثر اور بے نظیر ہے اور نشتر کا کام دیتا ہے چونہ آب ندیدہ پوست درخت ارنب

کہ ہندی میں ترہ کہتے ہین جلاکر اور خاکستر کر کے دونون کو برابر وزن باہم
پیسین اور دُمل کے اوپر جس جگہ کہ توڑنا چاہین رکھین **طلا** ورم اور پھنسیون کو
کہ برسات کے موسم مین بسبب رطوبت کے نکلتی ہین اور اکثر ظاہر ہوتی ہین
نفع دیتا ہے ہلدی کو جلاکر خاکستر کرین اور چونہ گلی دونون کو برابر وزن باریک
پیسکر روغن نیم گرم مین حل کرین اور کپڑے کے ٹکڑے پر رکھکر استعمال فرمائین
طلا شری یعنے پتّی کو مفید ہے کانگنی آٹا جو کا برابر وزن لیکر اور پانی ہری دھنیا
اور سرکہ اور پانی مکوہ مین ملاکر بدن پر طلا کرین **طلا** ارسوت ماذوی سبز صندل اسپند
آٹا جو کا برابر وزن کوٹکر چھانکر ساتھ سرکہ اور گلاب کی طلا کرین **طلاء سرطان**
ابتدا مین کام آتا ہے غبار چکی کا غبار سیسہ گھسے ہوئے کا ساتھ پانی ہرے دھنیہ
یا عصارہ کاہو کے پیسکر طلا کرین **طلاء ثولول** مسّون کو دور کرتا ہی اشنان
فارسی زنگار تانبہ جلا ہوا اندراین کے پھل کا گودا جوا کھار نوسادر سجی چونہ
ہرتال ہر ایک ایکجزو کوٹکر چھانکر اور صابون کے پانی مین گوندھ کر طلا کرین **طلا**
مناسیر کو مفید ہے انزروت نوسادر زنگار صابون کے پانی مین گوندھ کر طلا کرین
طلاء مُہانسہ مجرب ہی زراوند مدحرج مولی کے بیج ہر ایک تین تولہ ابہل
یعنے ہوبیر الکتولہ افسنتین چھہ ماشہ نیلی سوسن کی جڑ چھہ ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ
پانی کے قرص بنائین اور پانی مین پیسکر مُنہ پر ملین **ایضاً** نرکچور پانی مین پیسکر
طلا کرین **ایضاً** مغز گھونگچی سفید اور نمک سنگ پیسکر رات کو چہرہ پر ملین اور صبح کو
دھووین **طلا** واسطے مُہانسون کے کہ عالم جوانی مین چہرہ پر ظاہر ہوتے ہین
نیم کی پتّی سوسن کی جڑ پوست سرس باہم پیسکر طلا کرین **طلا** سمندر جھاگ ایکجزو
بادام تلخ چھیلے ہوتے دو جزو دونون کو نرم کوٹکر رات کو ملین اور صبح کو گرم پانی
دھووین **طلا** واسطے داد کے نافع ہے۔ بابچی دو تولہ پنواڑ کے بیج تین تولہ
کوٹکر چھانکر اور آملہ کے پانی مین گوندھ کر داد کے مقام پر طلا کرین **طلا** واسطے
داد کے مجرب اور بے نظیر ہے سُہاگہ بھونا ہوا کالی مرچ زیرہ سیاہ پوست بانگ جوئی کی جڑ

چارون برابروزن لیمون کے پانی مین خوب پیسکر مقام داد پر طلا کرین تین
دن مین داد کو دور کردیگا طلاء قوبا داد کے لیے مخصوص ہے نیوا کر بیج
سناء بکی آملہ بطریق صندل کے پیسکر ہر ایک ایکتولہ برگ اگ تین عدد سبکو درمیان
کھٹے دہی کے بھگو کر سورج کے نیچے ایکدن رکھین اور مقام داد پر لیپ
کر کے تامل کرین کہ سوکھ جاتے اور جھڑ جاتے دوسرے بار طلا کرین تین دفعہ
اسی طرح لگائین پھر دھو ڈالین طلا واسطے داد کے معمول اور مجرب ہی
باؤبچی گھونگچی سرسون کو ٹھ تخم نیواڑ کو ٹکر چھانکر اور کھٹے دہی مین ملاکر لگائین
طلا مجرب ہی واسطے داد کے انکے سہاگہ سمندر جھاگ پھٹکری نیلہ تھوتھ ہر ایک
ایکماشہ کاغذی لیمون کے پانی مین پیسکر طلا کرین ہر روز چار پانچ مرتبہ ازمایا ہوا ہے
طلا مجرب ہے واسطے خارش کے پھنسیون اور سوکھی کھجلی اور داد کے
کمیلہ مردارسنگ ہر ایک چار تولہ اٹھ ماشہ نیلہ تھوتھ بھونا ہوا چودہ ماشہ کوٹکر چھانکر
برگ پان کے پانی مین کھرل کرین کہ مثل مرہم کے ہوجاتے ملین اور مولف
لکھتے ہین کہ بندہ نے اس نسخہ مین جو مہندی کی پتی اور کتھ سفید اضافہ کیا تو
بہت فائدہ معلوم ہوا علی الخصوص روغن حنا بھی اوسمین شامل کیا گیا تھا
طلا واسطے خارش کے نافع اور مجرب ہے گیرو ایک تولہ کافور دو ماشہ زعفران
دو ماشہ گل کافیسہ کہ دو دو تولہ روغن بادام چار تولہ بدستور گوندھ کر طلا کرین
طلا واسطے خارش کے نافع ہے دہی کھٹا چار تولہ آٹا جو کا دو تولہ رات کو
دہی مین ملاکر رکھین اور صبح کو حمام مین ملین اور بعد دو گھڑی کے غسل کرین
طلا واسطے خارش ذکر اور خصیہ کے کہ مادہ اوسکا صفرا اور بلغم شور ہو مفید ہے
برگ حنا شاہترہ خطمی کے پھول ایلوا کوٹکر چھانکر اور سرکہ انگوری مین گوندھ کر
اور روغن گل مین ملاکر مانند مرہم کے بناکر ملین اور حمام مین جائین طلا صبر کو
مفید ہے بادام تلخ کی گری جو اکھار ہولی کے بیج کوٹین اور متھی کے لعاب مین
ملاکر بعد سینکنے کے گرم پانی سے یا بعد نکلنے کے حمام سے طلا کرین طلا

حکیم علی گیلانی سے واسطے دور کرنے نشان آبلہ کے آٹا جو کا ہڈیان بوسیدہ نل کی جڑ آٹا چاول کا خربوزہ کے بیجون کی گری تخم بکاین کو ٹھ شیرین کو ٹکر چھانکر اور لعاب اِسبغول مین گوندھکر طلا کرین اور صبح اوس پانی سے جسمین بابونہ اور بنفشہ حل کیا ہو دھووین طلا اثر خون اور نیلگونی کو کہ خون مردہ سے ظاہر ہو لسبب ضربہ اور سقطہ کے دور کرتا ہے نطرون سرخ کہ ایک قسم جواکھار کی ہے کوٹین اور پرانے سرکہ مین ملاکر طلا کرین اور ملنا اوس موضع کا ساتھ علک الانباط کے اور دھونا ساتھ نطرون کے اثر نیلگونی کا بالکلیہ دفع کرتا ہے طلا پوست کو جو گردِ ناخنون کے ظاہر ہوتا ہے دور کرتا ہے مصطگی ساڑہے دس ماشہ نمک سات ماشہ مصطکی روغن مین ملائین اور نمک حلکرکے طلا کرین طلا آگ سی جلے ہوئے کو نافع ہے پوست انار کو ٹکر چھانکر کفچہ آہنی مین ڈالین اور پانی اوسپر گراوین اور آگ پر رکھکر جوش دین کہ گاڑھا ہو جائے سرد کرکے اور ہاون مین ڈالکر زردی مرغ کے انڈے کی اوسمین ملائین اور اسقدر پیسین کہ مثل مرہم کے ہو جاتے جلے ہوتے مقام پر طلا کرین طلا واسطے آبلہ اور پھپھولہ کے کہ لسبب سوختگی کے عارض ہوتا ہے مسور دھوئی ہوئی گلاب کی پھول جسقدر چاہین لیکر مسور کو پکائین اور گلاب کی پھولون کو سرکہ مین خوب پیسکر طلا کرین اور ایک کپڑا پانی سرد مین طلا کرین اوسکے اوپر ڈالین اور جو مرغ کے انڈے کی سفیدی روغن گل مین طلا کرین تو نافع ہوگا طلا جھائی کو نافع ہے بنفشہ کی جڑ آدھ پاو حسن یوسف تربوز کے بیجونکی گری انزروت سفید خربوزہ کے بیجون کی گری کرنبہ کھیرے کے بیجونکی گری ہوئی سب سو راخ ہر ایک ساڑہے تین تولہ خطمی کے پھول پاو سیر سیمند جھاؤ آدھ پاو چھالیہ چودھ ماشہ چھوٹی الائچی چودہ ماشہ طلا واسطے جھائی کی نیلی سوسن کی جڑ ایک جزو کتکی سفید ایک جزو نرم کو ٹکر رات کو منہ پر ملین اور صبح اوس پانی سے جسمین بنفشہ اور بابونہ جوش کیا ہو دھووین طلاء برص کتکی سیاہ بازو تکر مین بھگائین اور طلا کرین طلاء کلف واسطے جھائی کے نافع ہے ہوگی کہ جو

خربوزہ کے بیج آٹا باقلا کا سرکہ مین ترکرکے سکھائین اور بادام کی گری کوٹھ کہلا املتاس

کتیرا برابر وزن کوٹکر اور بھینس کے دودھ مین ملاکر چھائی کے اوپر طلا کرین طلا

پوست مرغ کے انڈون کا کوٹکر اور سرکہ مین گوندھ کر طلا کرین **طلا** کلبجن لیموں کے

عرق مین پیسکر طلا کرین **طلا** واسطے چھائی کے مجرب ہے ریوند چینی کوٹکر چھانکر

اور شہد مین گوندھ کر اوپر چہرہ اور نشان آبلہ اور چھائی کے ملین **طلا** نوشادر

خرگوش تازہ اور گرم گرم واسطے دور کرنے چھائی کے مجربات سے لکھا ہے

اور کالی مرچ اور جواکھار کوٹکر اور باریک چھانکر اور مولی کے پانی تازہ مین ملاکر

طلا کرین مفید ہے **طلا** بیٹ چڑون کی اور آٹا جو کا برابر وزن پیسین اور سکہ کے

پانی مین گوندھین اور طلا کرین **طلا** محمود الاثر ہے واسطے آثار چھائی کے

کہ جلد اوسکو دور کرتا ہے تین عدد بیضہ مرغ لیکر سرکہ تند مین چھوڑین کہ نرم

ہو جائین پھر اونکو چھلکون سمیت کوٹین اور آٹا ترمس کا اور آٹا جو کا اور ہڈیان

بوسیدہ میدہ کرکے بقدر حاجت تین تولہ بادام کی گری خربوزہ کے بیج ہر ایک

ساڑھے دس ماشہ زعفران پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر ہمراہ چھلکون مذکورہ کے

اکٹھا کرین اور حاجت کے وقت ہر روز ملین اور پانی سے دھووین مجرب ہے

طلا برص مٹی گوپی چندن لیوین جتنی چاہین اور عرق گندھک آملہ سار مین

سات مرتبہ ترکرکے خشک کرین اور با عرق سنبل کھار مین کہ خنزیر مین کھینچتے ہین

بھی سات مرتبہ ترکرکے سکھائین اور سات مرتبہ عرق کافور مین کہ عرق اوسکا

مثل گندھک کے کھینچتے ہین ترکرکے سکھائین اور جو کافور کا عرق میسر نہووے

تو کافور ڈالین اور وقت طلا کرنے کے پانی لوری کھسا مین پیسکر اوپر برص کے

طلا کرین پے در پے چند روز کے طلا کرنے سے انشاءاللہ تعالے مرض

برص بالکلیہ دفع ہو جائیگا **طلا** مجرب حکیم علی واسطے دفع برص کے چیتہ

مولی کے بیج مجیٹھہ تیلی کے بیج تخم جرجیر یعنے ہالون کندش انزروت جواکھار

پوست کنیر کی جڑ کا ہرتال زرد مویزج شب یمانی کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے

رائی سفید رائی سرخ زراوند طویل جلا ہوا تا نبہ جلا یا ہوا گنگی سیاہ نمک اندرانی کو ٹکر چھانکر اور شراب کے سرکہ مین ملا کر بکر استعمال کرین کہ بہت نافع ہے طلا پوست چیتہ پوست بیخ سر گنڈہ برابر وزن لیموں کے پانی مین پیسکر موضع برص پر طلا کرین آبلہ ظاہر کریگا اور زخم کر دیگا بعد اوسکے روغن سوبا اوپر اوسکے ملین اندک فرصت مین اصلی رنگ پیدا ہوگا **باب دوسرا** طردوات مین یعنی موذی جانورونکی دور کرنیکی تدبیر مین تین فصل پر شامل ہی **فصل پہلی** طرد ناران اور عقارب وغیرہ مین یعنی سانپ بچھو وغیرہ کی دفع کی علاج مین طرد ماران سم بکری کا جلائین۔ اور اسیطرح بارہ سنگہ کی سینگ اور گندھک اور بال آدمی کی سر کی اور زرنیخ اور زرنیخ اور گوگل ۔ اور مکان کے اطراف مین جوشاندہ گوکھرو اور نوسادر کا پانی چھڑکین اور برنجاسف اور سبنھالو شب خوابی کے لباس مین اور بستر کے نیچے رکھین + طرد عقرب بچھو کا دفع کرنا اس طریق پر ہے کہ اگر مولی کے پوست کو بچھو کے اوپر رکھین فوراً مر جاتا ہے ۔ اور پانی مولی کا اور پانی برگ مولی کا بچھو کے اوپر چھڑکین مر جائیگا اور برگ بادرنجبویہ اور پانی اوسکا یہی عمل کرتا ہے ۔ اور پانی دہان روزہ دار کا جسکا مزاج گرم ہو بچھو کو قتل کرتا ہے **فصل دوسری** تدبیر مین پسو دفع کرنے کے ہے اگر اندراین کا پھل پانی مین ڈالکر پانی اوسکا مکان مین چھڑکین سب پسو مر جائینگے یا بھاگ جائینگے اور جوشاندہ علیق بھی یہی اثر رکھتا ہے اور جو خون بکری کا زمین پر ڈالین سب پسو اوس جگہ جمع ہونگے اور اگر چربی کچھوہ کی کسی لکڑی پر طلا کرین پسو بھاگ جائینگے ۔ اور بوی برگ کنیر اور گندھک سے بھی بھاگتے ہین ۔ اور ایک گھاس ہے اوسکو کنکوسہ یعنے حسیسہ الراغیث کہتے ہین بستر کے گرد بچھائین پھر پسو قریب بستر کے نہ آوینگے اور مر جائینگے طرد ارضیہ یعنے خورہ کے دور کرنے کی تدبیر پر ہدہد آگ پر رکھین اوسکی دھونی سے خورہ فرار ہو جائینگے طرد لیشہ پوست صنوبر قلقدلیس کلونجی برگ مورد بارہ سنگہ کا سینگ گوگل گاے کا گوبر جلائین و

اگر جوشاندہ افسنتین یا جوشاندہ تلی یا جوشاندہ ترمس مکان مین چھڑکین پشہ دور ہوجاینگے
طرد ذباب دور کرنے مگس یعنے مکھی کی تدبیر۔ دھونی ہرتال اور دھونی کندر اور
جوشاندہ کنگنی سیاہ سے مکھیان مرجاتی ہین **طرد مور چگان** چیونٹیون کے سوراخ پر
سنگ مقناطیس رکھین سب بھاگ جائینگی۔ اور قطران کا اثر بھی ایسا ہی ہے
اور جو گاے کا پتہ خانہ مورچہ مین ڈالین۔ یا زفت ڈالین سب بھاگ جائینگی
اور اگر دھونی مورچہ کی کرین آور چیونٹیان بھاگ جائینگی **فصل تیسری**
طرد موشان مین ہے یعنے تدبیرین دفع کرنے چوہون کے۔ مردار سنگ
اور کنگنی چوہون کو مارتی ہے۔ اور اجواین خراسانی اور گندھک اور پیاز جنگلی
اور سک اور خبث الحدید اور زعفران یہ سب چیزین چوہون کو قتل کرتی ہین
اور کہتے ہین اگر چوہے کو پکڑ کر خصی کرین اور اولٹا لٹکائین یا پوستا دھاگہ
چھوڑ دین اور چوہے اوسکو دیکھکر بھاگ جائینگے **طرد راسو** تلی کی بو سے نیولہ
بھاگ جاتا ہے **حرف العین** دو باب پر شامل ہے **پہلا باب عرق کی**
نسخون مین ہے تین فصل پر منقسم ہے **فصل پہلی** عرق منشی گوشتی اور غیر
گوشتی مین **فصل دوسری** عرقہاے غیر منشی مین جو اعضا سے متعلق ہین
مانند معدہ اور جگر اور مثانہ **فصل تیسری** اون عرق کے نسخون مین جو شہوت
جماع سے مناسبت رکھتے ہین **باب دوسرا** عطوسات مین دو فصل پر شامل
ہے **فصل پہلی** اون عطوسات مین جو سر اور دماغ کی بیماریون مین مستعمل
ہین **فصل دوسری** اون عطوسات مین جو آنکھ اور ناک اور تالو کی بیماریونکو
مفید ہین **فصل پہلی باب اول سے** عرق منشی گوشتی اور غیر گوشتی مین
عرق زردک یعنے گاجر کا عرق شہوت جماع کو قوت دیتا ہے اور دل کو طاقت
بخشتا ہے اور خفقان کو دفع کرتا ہے گاجرین پاک کرکے شکر سفید ہر ایک دس ماشہ
گوشت نر چڑے دو نگا تین سیر شہد سفید عرق بید مشک ہر ایک دو سیر صندل سفید
دو سیر جائفل جاوتری ہر ایک اڑھائی تولہ عنبر اشہب ایک تولہ گاجرون کو ریزہ ریزہ

کرکے ہمراہ اور دواؤن کے عرق بیدمشک اور دس سیر شراب خالص مین رات دن بھگوویں اور ہوا مین نگاہ رکھیں پھر دیگ مین ڈالکر اور نیچہ لگاکر عرق کھینچین قدر خوراک ایک پیالہ تا ست خوری ہمراہ نبات اور بالنگو کے نوش کرین **عرق مقوی باہ** گاجرون کا پانی ساڑھے سترہ سیر مٹکہ مین ڈالین اور ساڑھے چار سیر گڑ پرانا داخل کرکے دس سیر پوست ببول اور پانچ سیر گل دھاکی اضافہ کرین جسوقت جوش کھاتے مقطر کرین **عرق چوبچینی** حکیم علی سے نزدیکو سونف ہر ایک آدھ پاو کوٹھ چھ تولہ بنفشہ کی جڑ سات تولہ چوبچینی پانچ سیر پوست نیول کی جڑ کا دس سیر ناگرموتھا دارچینی بالچھڑ ہر ایک پاو سیر اجواین خصیۃ الثعلب لونگ ہر ایک سات تولہ مرغ کہ سرخ یا زرد رکھتا ہو ایک قطعہ سب دواؤنکو کچلکر اول مرغ کو خوب دوڑاوین جب خوب تھک جاتے ذبح کرین اور پاک صاف کرکے ہمراہ اور دواؤن کے مع شہد اعلے دس سیر کے مٹکہ کے اندر ڈالین اور پانی گرم اوسکے اوپر اسقدر ڈالین کہ دس اونگل دوا کے اوپر رہے پھر مٹکہ کے منہ کو کھولکر ہلاوین اور ہاتھ سے ملین بعد اوسکے نبات مصری تخمینا پانچ سیر جائفل جاوتری ہر ایک پاو سیر بھنگ بھجی ہوئی اور ہاتھ سے خوب ملی ہوئی ایک سیر شامل کرین بعد اوسکے منہ مٹکہ کا پانی مٹی سے بند کرکے گھوڑے کی لید مین دفن کرین دوسرے دن عرق دان مین ڈالکر ملایم آگ پر رکھیں اور قدرے مشک اور عنبر اور خشخاش اور زعفران گلاب مین پیسکر نیچہ کے منہ پر باندھیں جسوقت عرق تیار ہوجاسے تو چینی یا تانبہ کے برتن مین نگاہ رکھیں کسواسطے کہ شیشہ ٹوٹ جائیگا اور بعد تین دن کے ناشتا تناول کرین قدر خوراک تین تولہ نمک اور ترشی اور جماع سے پرہیز کرین اکتالیس دن تک نوش فرماوین **عرق عنبر** فرحت اور خوشی پیدا کرتا ہے اور باہ کو بڑھاتا ہے گاجرین ترکے ہڈے دور کرین اور ساڑھے بائیس سیر اوسمین سے لیکر پانی مین جوش دین کہ مضمحل ہوجائین پھر ملین اور سوا پانچ سیر قند سیاہ یعنی گڑ اور سوا سیر پوست

درخت ببول کا اور آدھی چھٹانک کم آدھ سیر پوست کابلی ہڑ کا مٹکہ مین ڈالکر گھوڑے کی
لید مین دفن کرین اور تامل کرین کہ جوش کھائے پس صندل سفید گلاب کی پھولونکی
کلیان دارچینی گاوزبان کے پھول پوست ترنج ہر ایک نو تولہ ساڑہے چار ماشہ
داخلکرکے عرق کھینچین دوسری مرتبہ اوس عرق مین ناگرموتھا تیج پات چوبچینی تیرہ تولہ
ساڑہے دس ماشہ سونٹھ کندر ہر ایک ساڑہے چونتیس تولہ داخل کرکے عرق
کھینچین اور اس مرتبہ مشک خالص اور زعفران ہر ایک ساڑہے چار ماشہ عنبر اشہب
پونے نو ماشہ دہن نیچہ پر باندھین عرق چوبچینی باہ کو قوت دیتا ہے اور بدن کو
طاقت بخشتا ہے اور ہاضمہ کو قوی کرتا ہے اور حرارت غریزی کو بھڑکاتا ہے
اور بہت گرم مزاج والون کو دینا نہچاہیے مگر جنکا مزاج گرم نہین ہے بلکہ معتدل ہے
اونکو البتہ یہ عرق نافع ہوگا چوبچینی سوہان سے رگڑی ہوئی برادہ اوسکا سوا سیر
لیوین اور دارچینی اڑھائی سیر بدستور معمول ساتھ گلاب یا پانی اور عرق بیدمشک کے
عرق کھینچین اور گرم مزاج والون کے لیے دارچینی مساوی الوزن چوبچینی کی یا اوس سے
کم داخل کرین اور خالی معدہ پر وقت اوترنے غذا کے معدہ سے بقدر دو فنجان
گرم کرکے نوش کرین بعض اوقات ساتھ مصری سفید بقدر ایک تولہ ساڑہے
دس ماشہ کے شیرین کرکے پیتے ہین عرق جو کہ غذائیت اکی بڑہاتا ہے اور باہ کو قوت
دیتا ہے اور نشاط پیدا کرتا ہے منقول بیاض میر امام الدین سے موصلی سیاہ
موصلی سفید ستاور تالمکھانہ گاوزبان گیلانی ہر ایک پاوسیر گوکھرو چار تولہ پوست
زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا ہر ایک آدھ سیر ناگرموتھ ہر ایک آدھ پاو
سلیخہ آدھ پاو آملہ منقی آدھ سیر برگ فرنجمشک پاوسیر سبکو کچلکر ہمراہ قند سیاہ اور
چھال اور پانی خالص کے مٹی کے برتن مین ڈالکر جسوقت جوش کھائے
بہتہ دیوین اور بھتہ عبارت ہے اس امر سے کہ قدرے چھال اور قند سیاہ
ڈالین کہ جوش کھائے پھر بھتہ دیوین بعد اوسکے دوائین جواب مذکور ہوئی ہین
اضافہ کرکے نکدر عرق کھینچین بہمن سرخ بہمن سفید خصیۃ الثعلب گاوزبانکی پھول

فنجان لغت مین پیالہ کو
کہتے ہین ۱۲

ہر ایک چھہ تولہ افتیمون چار تولہ صندل سفید پاو سیر شقاقل تودری سفید تودری زرد تودری
سرخ ہر ایک چھہ تولہ عشبہ چار تولہ گلاب کے پھول دھینہ ہر ایک پاو سیر نیلوفر کے
پھول آدھ سیر جاپے خطائی پاو سیر چھوٹی الائچی بڑی الائچی ہر ایک چار تولہ تیج پات
پاو سیر عنبر لادن دو دو تولہ عود غرقی دو تولہ بادیان خطائی پاو سیر زعفران ایک تولہ
عنبر اشہب چار تولہ دہن نیچہ پر باندھیں عدد سب دواؤن کے بیالیس ہین عرق قند
موافق گرم مزاجان لطیف الطبع دل اور دماغ اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور خمار
نہین رکھتا قند سیاہ الکمین جہانگیری پوست کیکر سات سیر آب صاف بقدر ضرور
مٹکہ مین ڈالین یہان تک کہ جوش کھاوے بعینہ دیگ عرق یک آتشہ کھینچین پچیس سیر
یا بتیس سیر اور عرق کو ہر چند نرم تر کھینچین عرق دو آتشہ بہتر ہوگا بیس سیر عرق دو آتشہ
خوب تند اور جو نرم تر چاہین چودھ سیر تک لیوین اور عرق یک آتشہ مین یہ دوائین
تین رات دن بھگووین چوتھے روز عرق دو آتشہ کھینچین دوائین یہ ہین لونگ دو تولہ
صندل سفید گلاب مین پیسا ہوا دس تولہ عنبر لادن تین تولہ اگر ایک تولہ نبات سفید
ایک سیر دارچینی تین تولہ گاوزبان ساڑھے دس ماشہ دوائون کو کچلکر اور عرق یک آتشہ
مین ڈالکر تین رات دن چھوڑ دین پھر عرق کھینچین اور صندل سفید دو تولہ مشک
عنبر لادن ایک تولہ پوٹلی مین باندھ کر نیچہ پر باندھین اور جو دو آتشہ تیار کرین اور موسم
گلاب کا ہووے پانچ سیر پتی گلاب کی زردی دور کرکے اور پاکیزہ کپڑے مین لپیٹکر
سر دیگ پر رکھین اور عرق گرم گرم اوسپر ڈالتے رہین بعد چند روز کے کہ تیزی
اوسکی فرو ہو جاوے دو فنجان استعمال کرین عرق نواب مظفر خان واسطے تقویت
باہ اور خفقان کے قند سیاہ ایک من پوست درخت ببول کا بارہ سیر مٹکہ مین
ڈالکر اور پانی اوسپر اضافہ کرکے گھوڑے کی لید مین گاڑ دین جسوقت جوش
کھاوے عرق کھینچین مقدار بیس سیر اوسمین سے اور درونج عقربی اور دانہ
الائچی سفید اور بوزیدان ہر ایک دو تولہ بہمن سفید بہمن سرخ شقاقل کلیجن دارچینی ہر ایک
پانچ تولہ ثعلب مصری دس تولہ ابریشم خام پاو سیر گاوزبان آدھ سیر گلاب عرق

پھون کی کلیان ایک سیر گاجرین پانچ سیر دواؤن کو کچلکر اور گاجرین ورق ورق کر کے اور سبکو ملا کر عرق کھینچین اور وقت عرق کھینچنے کے ایک تولہ عنبر اشہب دہن نیچہ پر باندھین **عرق** بابت میرزا محمد بیگ واسطے درد مفاصل اور ریاح ہاے مخالف کے مجرب ہے کابلی ہڑ بہیڑہ آملہ چھیلا ہوا ہر ایک سوا ساٹ تولہ کالی مرچ پیپل ہلکنی موصلی سفید موصلی سیاہ اسگند ناگوری تخم ہلہل کباب چینی تنتریک پودینہ ہر ایک پاؤ سیر اور سوا پاؤ لونگ اجواین خراسانی اندر جو ہر ایک آدھ پاؤ پوست ببول کا پوست جھڑبیری کا اونٹ کٹارہ بھٹ کٹائی ہر ایک دس سیر قند سیاہ پرانا آٹھ سیر دواؤن مذکورہ کو بڑے مٹکہ مین ڈالکر اور دس سیر پانی گرا کر اس قدر کہ تین حصہ پانی سے بھرا ہوا اور ایک حصہ خالی ہو بعد اوسکے منہ مٹکہ کا گل حکمت کرین اور گھوڑے کی لید مین گاڑین کہ چودہ روز دبا رہے پھر باہر نکالکر بقدر آدھ پاؤ صبح اور پاؤ سیر آخر روز نوش کرین اور شیرین اور ترش چیزون اور سرد سے پرہیز کرین **عرق ماء الحیواۃ** مستخرج مادۃ الحیواۃ سے سنجد نقی گاجرین ہر ایک تیرہ ماشہ شکر سرخ نیم من شاہجہانی صندل سفید برادہ کیا ہوا گلاب کے پھول گاوزبان کے پھول بادرنجبویہ سونف دلیسی دارچینی خبث الحدید کہنہ پوست کابلی ہڑ کا کبابچینی ناگرموتھہ بہار نارنج گل سنجد ہر ایک ایک سیر پوست ببول کا پانچ سیر چاہیے کہ اول گاجرون کو کچلکر یا ورق ورق کر کے ساتھ سنجد کے چار من شاہجہانی پانی مین جوش دین کہ خوب مہرا ہو جاے پس اور دوائین کوٹکر سواے نارنج کے ایک مٹکہ مین ڈالکر چودہ دن تک ہوای سرد مین نیچے زمین کے دفن کرین اور بعد چودہ روز کے زمین سے نکالکر گلاب اور عرق بید مشک اور عرق گاوزبان ہر ایک دس سیر اور برگ نارنج اضافہ کر کے بدستور گلاب کے عرق کھینچین اور چھہ ماشہ عنبر کو پیسکر اور کپڑے مین باندھ کر نیچہ کے منہ پر لٹکائین

فصل دوسری باب اول سے عرقون غیر منشی مین جو اعضا مانند دماغ اور معدہ اور جگر اور مثانہ وغیرہ سے علاقہ رکھتے ہین

عرق ببول خوشبو

سنجد عربی میوہ ہے ایک درخت کا ہے بیر کی بقدر عناب کے دو قسم ہے سرخ اور زرد ... اور سیاہ بھی ہوتا ہے ۱۲

واسطے فالج اور لقوہ اور سب بیماریون امراض دماغی کے مفید ہے دارچینی سیوتی کے
پھول ہر ایک چار سیر جائفل دس۱۰ سیر چھالیہ اگر ہندی ہر ایک آدھ سیر برگ پان خوشبو
پانسو عدد زعفران چار تولہ سبکو کچلکر تعدادی سات صراحی عرق لونگ کا کہ گلاب کی
ساتھ کھینچا ہوا اوسمین ڈالکر دو رات دن تامل کرین بعد اوسکے اوسکا عرق کھینچین اور
عطر اوسکا لیکر نگاہ رکھین اور عرق اوسکا لیکر اور شیشون مین بھر کر علحدہ نگاہ رکھین
صبح کو ایک تولہ ساڑھے دس۱۰ ماشہ اور شام کو ایک تولہ ساڑھے دس۱۰ ماشہ کھائین
اور جو خمار چاہین تو لونگ کے عرق کی جگہ عرق قندی اور عرق خربادا خلکرین **عرق تنباکو**
ایجاد ساخرین ہے واسطے فالج اور لقوہ اور استرخا اور استسقا اور قولنج ریحی اور تحلیل ریح
معدہ اور کھولنے سُدّون جگر اور ماسار یقا اور تحلیل مواد فاسدہ رحم اور کھولنے
سُدّون رحم اور ہضم غذا اور پیدا کرنے بھوک غذا اور دفع دردسر بلغمی اور دردِ
مفاصل بلغمی کے نافع ہے تنباکو زرد اور خشک اڑہائی پاو اور جو تنباکو ہرا ہو وے
تو پونے دو سیر اور اجواین صعتر ہر ایک ایکتولہ ساڑہے دس ماشہ دارچینی لونگ اظفار الطیب
یعنے نکہ جاشا ہر ایک نو ماشہ سبکو دس۱۰ سیر پانی مین ایک رات دن بھگووین پھر عرق
کھینچین ہر صبح اور شام ایک تولہ ساڑھے دس۱۰ ماشہ اوسمین سے نوش کرین +
عرق مُنڈی کہ بہت مشتہی ہے فالج اور لقوہ اور مرگی اور ضعف معدہ اور
ضعف باہ کو مفید ہے اور فساد خون کو نافع مُنڈی مع پھول اور پتی اور شاخ اور
جڑ کے ایک سیر سونف سیر بھر بھنگرہ مع پھول اور پتی اور شاخ اور جڑ کے سیر بھر
دارچینی پیپل جائفل سونٹھ اجواین لونگ ہر ایک چودھ ماشہ عرق کھینچین **عرق عنبر**
معمول واسطے تقویت دماغ اور دل اور اعضاء رئیسہ کے بے نظیر ہے اور واسطے
غشی ہر قسم اور اعادہ قوت کے بہت سریع الاثر ہے چنانچہ بعض عورتین کہ
جاری ہونے خون حیض سے اور بعض مرد بسبب زیادتی نکلنے خون بواسیر کے
بہت ناطاقت ہوگئے تھے مجرد پینے اس عرق کے حالت اصلی اور قوت طبعی
پہونچے اور فواید عجیبہ اور غریبہ اس عرق سے اکثر مشاہدہ ہوئے مشک خالص

ساڑھے چار ماشہ عنبر اشہب مصطگی ہر ایک نو ماشہ نرکچور اگر غرقی کبابہ خنداں چھڑیلا
بالچھڑ بہمن سرخ بہمن سفید شقاقل مصری تیج پات دارچینی زعفران لونگ بوزیدان
گلاب کے پھولوں کی کلیان نبسلوچن سفید بڑی الایچی چھوٹی الایچی علف ہندی
پوست اترج ابریشم کترا ہوا صندل سفید گلاب مین پیسا ہوا برگ ریحان ناگرموتھ
خرفہ دھنیہ خشک کے بیج گاوزبان گیلانی کے پھول سونف رومی درونج عقربی
پوست بیرون پستہ ہر ایک یکتولہ ساڑھے دس ماشہ پانی سیب لاتیی کا تازہ آدھ سیر
پانی کھٹے انار کا ایک سیر عرق بید مشک کا عرق گاوزبان کا عرق بادرنجبویہ کا
ہر ایک اڑھائی سیر گلاب قسم اول پانچ سیر کوٹنے کی دوائین کو ٹکر عرقیات میں
رات کو بھگووین اور صبح کو پانی داخل کرکے عنبر اور مشک نیچہ پر باندھ کر عرق
کھیچین **عرق فواکہ** پانی انار کا پانی سیب کا پانی بہی کا پانی ناشپاتی کا ہر ایک آدھ سیر
پانی میٹھے لیمون کا سوا سیر پانی کدو کا آدھ سیر پانی ترلوز کا سیر بھر پانی ہری کا ہو کا
ڈیڑھ سیر پانی دھنیہ کا سیر بھر پانی گاجرون کا سوا سیر رس گنہ کا سیر بھر گاوزبان
گیلانی نیلوفر کے پھول بادرنجبویہ جو چھیلے ہوئے صندل سفید ہر ایک پاؤ سیر
نبسلوچن سفید چھ تولہ دھنیہ کے بیج سبز اٹھارہ سیر بدستور عرق کھیچیں
عرق شیر مثمر تحتہ دیگر گلاب کی پھول نیلوفر کے پھول گاوزبان کی پتی گاوزبان کی
پھول فرنجمشک کی پتی تخم شربتی پوست بیرون پستہ پوست ترنج صندل سفید
صندل سرخ چھوٹی الایچی بڑی الایچی دھنیہ خشک بادرنجبویہ آملہ پوست ہڑ کا کائی
تخم کاہو ہر ایک چار تولہ خرفہ کے بیج کھیرے ککڑی کے بیج ترلوز کے بیج کدو کے بیج
ہر ایک سات تولہ پانی ترلوز کا پانی کدو کا ایک ایک سیر عرق کیوڑہ کا عرق گلاب کا
آدھ آدھ سیر عرق بید کا عرق شاہترہ کا ایک ایک سیر نبات سفید پاؤ سیر دودھ
بکری کا پندرہ سیر نبسلوچن لاجورد ایک ایک تولہ بدستور عرق کھیچین **عرق چوبچینی**
چوبچینی غرقی چھپن تولہ سوہان کی ہوئی اور گاوزبان کے پھول صندل سفید پستا ہوا
ہر ایک پونے انیس ١٩ تولہ دارچینی سوا گیارہ تولہ بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک پانچ تولہ

سات ماشہ پوست ترنج کا صندل سرخ پیسا ہوا ہر ایک ساڑھے سات تولہ اگر خام
بالچھڑ ہر ایک پونے چار تولہ ریحان تازہ ایک دستہ سیب شیرین پوست اور بیجون سے
پاک اور صاف اور بہ شیرین پوست اور بیجون سے پاک اور صاف ہر ایک پانچ
عنبر اشہب نو ماشہ دواونکو کچلکر عرق بید مشک اور گلاب اور پانی صاف مین
تر کرکے عرق کھینچین اور عنبر کو سر نیچہ پر باندھین **عرق چوبچینی** بیماریون سوداویہ اور
خفقان اور ضعف دل گرم کو بعد تنقیہ کے نہایت نافع ہے اور مقوی اعضا
رئیسہ اور معدہ اور حرارت غریزی ہے اور خون غلیظ کو لطیف اور رقیق کرتا ہے
اور ہاضمہ کو طاقت بخشتا ہے اور بعضے مزاجون مین نہایت مقوی باہ ہے
چوبچینی اعلے عرقی ساڑھے سینتیس ۳۷ تولہ گاؤزبان گیلانی کے پھول نو ماشہ گاؤزبان
دارچینی صندل سفید بادرنجبویہ ہر ایک ساڑھے سات تولہ بہمن سرخ بہمن سفید
بالچھڑ ہر ایک یکتولہ ساڑھے دس ماشہ عرق گاؤزبان اور عرق بید مشک اور
خالص مین دو رات دن بھگووین اور بدستور عرق کھینچین ہر روز دو فنجان کبھی
ساتھ نبات سفید کے شیرین کرکے نوش فرمائین اور کبھی بغیر شیرینی کے تین
عرق سیب سیب پوست سے صاف کیا ہوا سوا سیر برگ پودینہ گلاب کے
پھولون کی پتی ہر ایک ساڑھے آٹھ تولہ اگر ہندی دارچینی لونگ ہر ایک دو تولہ
دس ماشہ زعفران ساڑھے آٹھ تولہ سب دواؤنکو کوٹکر اور باہم ملاکر دیگ مین ڈالین
اور سوا سیر گلاب اوپر ڈالکر مانند گلاب کے کھینچین اور چینی اور کانچ کی برتن مین
نگاہ رکھین اور وقت حاجت کے استعمال کرین اور جو چاہین ایک وزن عرق
ساتھ چار وزن شکر یا قند سفید کے قوام دیکر تیار کرین تو بہتر ہوگا **عرق قند**
نارنج بہار انگور ہر ایک تین چھٹانک بالچھڑ کی جڑ اگر ہندی لادن چھڑیلا بالچھڑ
غلف ہندی صندل سفید تیج پات برگ مورد ہر ایک چھ تولہ سیوتی کے پھول
چنبیلی سفید ہر ایک بارہ تولہ بہار سنجد ریحان نفشتس ہر ایک ڈیڑھ پاؤ مشک عنبر
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ دواون کو ساتھ گلاب اور عرق بہار کے بھگوکر

عرق کھیچین گلاب اور عرق بہار برابر وزن اوس قدر ڈالین کہ دوا اونگل دو انگل
اوپر رہے پوست درخت نیم برگ نیم تخم نیم پوست درخت بکاین برگ بکاین
پوست کچنال کی جڑ کا پوست مولسری کا دودھی خورد برگ بھنگرہ سیاہ پنج پات
برگ جوالنسہ پوست درخت گولر بید کی تپی مہندی کی تپی منڈی شاہترہ
کے بیج سر پھوکہ چرایتہ دھماہہ نیلوفر کے پھول صندل سفید و سرخ گلاب کے پھول
دھنیہ خشک کاسنی کے بیج کاسنی کی جڑ گلو ہر ایک آدھ پاو عناب بجاس عدد
سب دواؤنکو کچلکر آٹھ سیر پانی مین بھگودین بعد اوسکے دیگ مین ڈالکر
بطور گلاب کی عرق کھیچین **عرق** واسطے سب دردون سر دکے مفید ہے
اور بیماریون بلغمی اور رطوبت معدہ اور تنگی سانس اور قولنج اور استسقا
اور فالج کو نافع ہے برگ صعتر سونف دیسی اجواین دیسی زیرہ سفید تخم
خراسانی گلاب کے پھول بوی مادران ہر ایک بیس سیر پانی مین بھگوکر نو سیر عرق
کھیچین **عرق** واسطے ضعف معدہ اور تقویت ہضم اور باہ کے مجرب ہے
مویز منقی دارچینی صندل سفید ہر ایک پونے اونیس تولہ گاوزبان گیلانی
پھول بہمن سفید بہمن سرخ بادرنجبویہ شقاقل مصری ہر ایک سوا گیارہ تولہ
سوربخان مصری گلبچن نرکچور بادرنجبویہ کے بیج تخم بارتنگ لونگ ہر ایک پانچ تولہ
سات ماشہ تخم نعناع خشک چھریلا ہر ایک پونے چار تولہ عنبر اشہب ساڑھے
چار ماشہ عرق بید مشک کا دو شیشہ پانی میٹھی بہی کا پانی میٹھے سیب کا پانی گاجر و نکا
ہر ایک اڑہائی سیر پانی خالص بقدر ضرورت بدستور مقرر عرق کھیچین +
عرق سیوتی کہ بہت خوشبودار اور مقوی ہے اور دل کو طاقت بخشتا ہے
اور دماغ سرد کو اصلاح پر لاتا ہے دارچینی تند اور تیز چودہ ماشہ جائفل
جاوتری ہر ایک سات ماشہ پان سفید ایک سو عدد سیوتی کے پھول ایک سیر
زعفران چار ماشہ بدستور عرق کھیچین **عرق تنبول** واسطے تقویت دل سرد
مزاج والون کے مفید ہے اور گرم مزاج والون کو فرحت بخشتا ہے اور اشتہا اور

معدہ کو قوت دیتا ہے اور درد معدہ کو دور کرتا ہے اور بھوک غذا کی بڑہاتا ہے
اور ریاح غلیظ کو توڑتا ہے مخترع اور معمول والد مولف گاوزبان کے پھول تین تولہ
عرق کھینچین قدر خوراک چودھ ماشہ سے چار تولہ آٹھ ماشہ تک **عرق نانخواہ**
یعنے عرق اجواین کا ہاضم اور مفرح ہے دارچینی اجواین دیسی ہر ایک دو تولہ
گاوزبان آدھ سیر پونے تین سیر پانی مین ایک رات دن تر کرکے عرق کھینچین
واسطے گرمی خون اور احتراق سودا اور خفقان مراقی کے نافع ہے سر پھوکہ
پاو سیر صندل سفید آدھ پاؤ نکوہ خشک آدھ پاؤ عناب ولایتی پانچ دانہ منڈی
آدھ سیر پوست نیم مع برگ آدھ سیر ہڑ زرد پاو سیر چرایتہ آدھ سیر افتیمون
ولایتی آدھ پاو بسفایج فستقی آدھ پاو سبکو بارہ سیر پانی مین بھگوکر بطور گلاب
کے عرق کھینچین قدر خوراک چار تولہ یا آدھ پاو جسوقت مزاج مین گرمی معلوم
ہووے تو شربت انار یا شربت نیلوفر داخل کرین اور دودھ کی چیزون اور
بادی سے پرہیز لازم سمجھین **عرق پان** لونگ برگ گاوزبان اجواین
دیسی ہر ایک دس تولہ دارچینی پانچ تولہ گلاب کے پھول پاو سیر برگ پان
ڈیڑھ سو عدد سیب پاک کیا ہوا تین عدد عرق بید مشک اور گلاب ڈیڑھ سیر
عرق گاوزبان ایک سیر مین بھگوین دوسرے دن ملائم آگ پر دو سیر عرق
کھینچین اور احتیاط رکھین کہ تبدیل پانی مین حرارت زیادہ نہو کہ عرق سوختہ
ہوجاتے بعد اوسکے تین تولہ نبات مصری اور مشک دو ماشہ عنبر تین ماشہ
دہن نیچہ پر باندھین اور بعد تین دن کے استعمال فرمائین اور جو اس عرق کو
ساتھ ایک تولہ پوست انار اور پاو سیر آب انار کے ایکہفتہ نیچے زمین کے
دفن کرین بعد اوسکے صاف کرکے بقدر تین تولہ یا چار تولہ پئین تو سینہ کو
صاف کرتا ہے اور دماغ کو قوت بخشتا ہے **عرق پان** لونگ پاو سیر
گلاب کے پھول لکی تہی گاوزبان ہر ایک ڈیڑھ پاو برگ پان آدھ پاو
دواؤن کو کوٹکر گلاب مین عرق کھینچین **عرق زرشک** جگر کی بیماریونکو

نافع ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور صفراوی مزاج کو نہایت مفید ہے
زرشک پوست ترنج سُماق کاسنی کے بیج آلو بخارا دھنیہ چھیلا ہوا ہر ایک
چھ تولہ بدستور عرق کھینچین قدر خوراک چار تولہ ساڑہے چار ماشہ **عرق افسنتین**
بہترین عرقیات کا ہے واسطے اصحاب استسقا کے افسنتین رومی دہ پاؤ
کم سیر پونے تین سیر گلاب مین عرق کھینچین اور وقت پیاس کے بقدر پیالہ
قہوہ خوری کے نوش کرین **عرق کھیکوار** مجموعہ سے منقول ہے واسطے
استسقاء لحمی اور سختی طحال اور جگر اور معدہ کے نافع ہے کھیکوار ساڑہے چار سیر
سونٹھ پیپل کالی مرچ تخم ترنج الائچی چھوٹی جائفل موتھ مرسی بوتی نمک سنگ
ہر ایک سات تولہ قند سیاہ یعنے گڑ اکتیس ۳۱ سیر پانی تین من شاہجہانی مین عرق
کھینچین **عرق اناناس** واسطے پتھری مثانہ کے مجربات اہل فرنگ سے
ہے چنانچہ حکیم محمد علی نے فتح خان نامی کو کہ نہایت پتھری کا آزار دشوار رکھتا تھا
تیار کر دیا تھا خدا کے حکم سے دو تین دن مین شفا اوسکو حاصل ہوئی اناناس ۴ عدد
ٹکڑے ٹکڑے کرکے پوست جدا کرین سونف سیر بھر پیاز سفید دو سیر وبا بل
دو سیر سب اکٹھا کرکے اور دیگ مین ڈالکر اوسقدر پانی اوسپر ڈالین کہ اوپر
دواؤن کے رہے بطریق مقررہ عرق کھینچین خوراک پاؤ سیر ساتھ قدرے نبات مصری
کی صبح اور شام اسی قدر استعمال فرمائین **عرق** مخترع اور معمول حکیم الملک
واسطے درد پشت اور درد مفاصل اور قوت باہ کے مفید ہے نرلبی پاؤ سیر
ناگرموتھ کلیجن ناگیسر جاوتری آدھ آدھ سیر چوبچینی سیر بھر سنابر کی سیر بھر بیج
پانچ سیر خصیۃ الثعلب دس ۱۰ سیر عرق قندی تین گھڑی سب دواؤنکو کچلکر اوس عرق
مذکور مین ڈالکر بعد بیس دن کے کھینچین اور وقت عرق کھینچنے کے صندل سفید
پوست ترنج تازہ پوست نارنگی تازہ ہر ایک ایک تولہ ساڑہے دس ۱۰ ماشہ زعفران
دارچینی ہر ایک ساڑہے تیرہ ماشہ اگر ہندی عنبر اشہب لونگ مشک نو نو ماشہ
کپڑے مین باندھ کر دہن نیچہ پر لٹکائین **عرق کھیکوار** واسطے سختی معدہ اور جگر اور

معدہ کے مجرب ہے مغز گھیکوار نکالکر آٹھ سیر پوست زرد ہڑ کا آملہ چھیلہ ہوا اجواین دیسی

سونٹھ کالی مرچ بائچی ناگرموتھ سہاگہ تیلیہ کوٹکر اور بڑے گھڑے مین ڈالکر دفن کرین جسوقت

قابل عرق کھینچے کے ہوجائے عرق کھینچین پھر اوس عرق کو دوآتشہ کرین اور استعمال

فرماوین اور بقدر دو تولہ ہر روز پیئین **عرق سلطانی** معدہ کو قوت دیتا ہے اور بھوک

غذا کی بڑہاتا ہے اور کھانا ہضم کرتا ہے سرکہ انگوری ساڑہے چار سیر نعناع خشک

کہ ایک قسم پودینہ کی ہے پوست زرد ترنج کا بادرنجبویہ فرنجمشک اجواین دیسی تیج پات

دارچینی تج ہر ایک اڑہائی سیر لونگ جاوتری اگر ہندی سونف دھنیہ کبابچینی بہارنارنج

چھڑیلا ہر ایک ساڑہے تیرہ ماشہ سب دواؤنکو سرکہ مین داخلکر کے بطریق گلاب کے

عرق کھینچین قدر خوراک چھ تولہ ہمراہ نبات مصری کے نوش کرین **عرق سنبل** نکہ

بہت مقوی ہے اور باہ کو مفید ہے اور تندی شہوت کی نہایت کرتا ہے اور بھوک

غذا کی بڑہاتا ہے سنبل کے پھول سایہ مین سکھا کر برابر اوسکے گلاب کے پھول اور سنبل[?]

گل منہاری اور سبکے برابر چنبیلی کے پھول باہم ملا کر مثل گلاب کی عرق کھینچین بہت

مفید ہے **عرق نوشی** مقوی باہ ہے اور بھونک غذا کی زیادہ کرتا ہے مصطگی

چھ ماشہ عنبر اشہب زعفران دارچینی کالی مرچ پیپل بڑی الایچی درونج عقربی ہر ایک

دو تولہ بالچھڑ لونگ چار چار تولہ بہمن سرخ بہمن سفید تودری سرخ تودری زرد کلونجی

ہر ایک چھ تولہ گاوزبان تشقاقل بادرنجبویہ گوکھرو خصیۃ الثعلب ایک بارہ تولہ مویز منقی

ایک سیر گاجرین چار سیر گوشت بکری کا فربہ دس سیر سبکو کچلکر پانی مین بھگودین اور

بعد ایک گھنٹہ کے عرق کھینچین **عرق کافور** گرم تپون اور دق کو مفید ہے

دھنیہ خشک گاوزبان کے پھول صندل سرخ صندل سفید کاسنی کے بیج کھیرے کے

ککڑی کے بیج کاہو کے بیج کدو کے بیجون کی گری خربوزہ کے بیجون کی گری خرفہ[?] کے

بیج چھیلے ہوئے بنفشہ نیلوفر[?] سفید ہر ایک دس ماشہ گلاب کے پھولون کی

کلیان نیلوفر کے بیج پھول شاہترہ بید مشک تازہ باقلاء تازہ ہر ایک یکتولہ کافور

قیصوری[?] نیمکوفتہ بیس[?] ماشہ کاہو کی ہری تہی[?] کسب بید عبارت تمرہ بید سے ہے

مثل خوشہ کے شاخون اوسکی سے جمتا ہے کدوی تازہ جَو چھیلے ہوئے
کاسنی تازہ سونف دیسی تازہ سیب شیرین بہ شیرین امرود ہر ایک چھٹانک کم سیر
ساتھ گلاب اور عرق بید اور عرق کاسنی اور عرق بید مشک ہر ایک پونے دو سیر
پانی مقدار ضرورت کے حسب دستور عرق کھینچین **عرق ہلیلہ** بابت علی نقی خان
دس سیر کابلی ہڑ کو پانی مین جوش کرین کہ مہرا ہو جاوے پانی اوسکا دور کر کے
ہمراہ آدھ پاؤ کم سیر شکر سرخ کے چینی یا مٹی کے برتن مین کہ موم زدہ ہووے
ڈالکر سر اوسکا مضبوط بند کرین دوسرے دن پانچ سیر اجواین اوسپر ڈالین پھر
دوسرے دن برادہ لوہے کا اڑہائی سیر داخل کرین اور بعد دو دن کے دس انبر
گلے کا دہی داخل کرین دوسرے روز دو سو عدد برگ پان کو ٹکڑے ڈالین اور صبر کرین
اوس وقت تک کہ قابل عرق کھینچنے کے ہو بدستور مقرر تخمیناً پندرہ سیر عرق کھینچین اور
ایک پیالہ اوسمین سے آخر غذا مین نوش کرین **فصل پہلی دوسری باب سے**
عطوساتؑ مین ہے جو سر اور دماغ کی بیماریون کو نافع ہین **عطوس** واسطے
فالج وغیرہ کے مفید ہے فندق ہندی کہ اوسکو ریٹھہ کہتے ہین شیخ الرئیس نے
لکھا ہے کہ یہ عطوسات مجرب سے ہے دیگر فالج اور لقوہ کو مفید ہے کلونجی
جند بید ستر اندراین کے پھل کا گودہ مرچ سفید ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر
چھانکر ساتھ پانی دونا مروا اور ریتلی کے گولیان بنائین اور خشک کر کے وقت
حاجت کی ایک گولی دونا مروا کے پانی مین پیسکر سعوط کرین کہ چھینک لاتا ہی
حرف الغین معجمہ تین باب پر شامل ہے **باب پہلا** غالیہ کے نسخون میں ہے
جو بیماریون سے متعلق ہین اور بعضے نسخہ غالیہ کے ارگجہ کے نسخون مین لکھی
گئی ہین **باب دوسرا** غرغرون مین ہے جو سر اور دماغ سے علاقہ رکھتی ہیں
دو فصل پر شامل ہے **فصل پہلی** غرغرون مین جو سر او دماغ کی بیماریونسے
متعلق ہین **فصل دوسری** اون غرغرون کے بیان مین ہے جو حلق
اور تالو اور دہن سے نسبت رکھتے ہین **باب تیسرا** خسولات مین ہے

ؑ عطوسات جمع عطوس کی ہے اور عطوس چھینک لانے والی دوا کو کہتے ہین ۱۲

اور یہ باب فصل واحد رکھتا ہے کہ ملنا اوسکا تمام بدن پر اکثر جلدی بیماریوں
نفع پہونچاتا ہے باب پہلا ذکر غالیہ مین غالیہ معمول واسطے تقویت
عنبر اشہب ساڑہے تین ماشہ اگر ہندی سات ماشہ صندل سفید مقاصری
دس ماشہ عنبر کو گلاب گرم مین گھلائین اور اگر اور صندل باریک پیسکر
ملائین اور تشمیم کرین یعنے سونگھین غالیہ اسرار الاطباء سے ہے فالج اور
اور خدر اور درد مفاصل اور درد پشت کو مفید ہے اور امر باہ مین عجیب
ہے اور باہ دونون طرف کی برانگیختہ کرتا ہے اور لذت اس حد کو پہونچا
کہ بیان اوسکا ممکن نہین لادن تنبول کباب چینی زعفران مر یعنے بول
فقر الیہود ہر ایک ایک جز دبار یک پیسکر بید مشک کی عرق مین تین دن
بعد اوسکے روغن مین چار روز پکا کر آگ پر سے اوتارین اور قدری عنبر
اور مشک اور پتہ مرغ کا حلکر کے ملائین اور کانچ کے برتن مین رکھکر اور منہ
بند کرکے چالیس دن تک نگاہ رکھین پھر استعمال کرین باب دوسرا
غرغرون مین دو فصل پر شامل ہے فصل پہلی اون غرغرون مین ہے جو
اور دماغ کی بیماریون کو فائدہ بخشتی ہین غرغرہ کہ مرگی کو بعد تنقیہ بدن
نفع دیتا ہے ایارج فیقرا کو اوس پانی مین جسمین صعتر اور عاقرقرحا جوش کیا
حل کرکے اور قدرے ابکامہ اضافہ کرکے حمام مین غرغرہ کرین غرغرہ
مرگی اور فالج اور لقوہ کے نافع ہے اور سر اور دماغ کو غلیظ خلطون سے پاک
کرتا ہے ایارج فیقرا پچھ رائی سونٹھ عاقرقرحا مویزج پودینہ نہری صعتر یعنے
پہاڑی پتھتی پوست کبر کی جڑ کا کوٹکر چھانکر سرکہ یا سکنجبین سادہ یا پیاز کی سکنجبین
حلکر کے غرغرہ کرین دیگر لقوہ کو مفید ہے دو نام واصعتر عاقرقرحا افسنتین
بچھ سب برابر وزن کوٹکر اور کپڑے مین چھانکر اور ساڑہے تین ماشہ
سے لیکر سات پیاز جنگلی کے سکنجبین اور گرم پانی کے غرغرہ کرین دیگر
اور سکتہ اور ثقل زبان کو نافع ہے مویزج رائی سفید سونٹھ عاقرقرحا

فائدہ غالیہ ایک مرکب کا نام ہے اشیاء عطر سے ۱۲

فقر الیہود مثل عنبر کے چربی دریا مین سے نکلتا ہے ۱۲

جو اکھار نیلی سوسن کی جڑ دونا مردابرابر وزن کو ٹکر چھانکر ساڑھے تین ماشہ ساتھ سکنجبین کے
غرغرہ کرین غرغرہ مرض نسیان اور فالج اور مرگی کو دور کرتا ہے نوسادر ساڑھے
تین ماشہ عاقرقرحا مویزج جو اکھار ہر ایک ساڑھے دس ماشہ پوست کبر کی جڑ کا دونا
مروارائی سفید ہر ایک ساڑھے ستر ہ ماشہ شہد مین گوندھین اور ہمراہ آبکامہ کے
غرغرہ کرین اور جو ساڑھے ستر ہ ماشہ ایارج فیقرا اضافہ کرین تو بہتر ہوگا **فصل دوسری**
غرغرون مین ہے جو حلق اور تالو اور دہن کی بیماریون سے متعلق ہین غرغرہ دافع
ابتداء خناق صفراوی اور خونی مین کام آتا ہے عناب مسور مکوہ خشک دھنیہ
چھیلا ہوا کاہو کے بیج کاسنی کے بیج پوست خشخاش پانی مین جوش دیکر اور صاف
کرکے رب توت داخل کرکے غرغرہ کرین دیگر اسی مقدمہ مین نافع ہے گلنار گلاب
کے پھول سماق مسور دھوئی ہوئی جوش دیکر صاف کرین اور بدستور غرغرہ کرین
دیگر گلاب کے پھول صندل سفید چھالیہ نیم کوفتہ ہری مکوہ کے پانی اور ہری دھنیہ
کے پانی مین جوش دیکر اور صاف کرکے شربت شہتوت کا ملاکر غرغرہ کرین غرغرہ
خناق اور درد گلو کو دفع کرتا ہے پوست خشخاش دس عدد مکوہ سبز ایکتولہ گلنار بھی
کڑی ماتین ہر ایک ایک تولہ عناب سات دانہ صندل نو ماشہ رسوت مکی سات ماشہ
دھنیہ خشک ڈیڑھ تولہ مہندی کی پتی سات ماشہ ڈیڑھ سیر پانی مین جوش دین
اور آخر جوش مین عدس مسلم یعنے مسور بھوسی اوتاری ہوئی دو تولہ ڈالین
جسوقت ڈیڑہ پاو باقی رہے صاف کرکے لعاب اسبغول ایکتولہ پانی ہری دھنیہ کا سات تولہ
شیرہ کاہو کے بیجون کا ایک تولہ داخل کرکے اور صاف کرکے غرغرہ کرین +
غرغرہ انتہاے خناق خونی مین کام آتا ہے اور انتہا اس مرض کے تیسرا دن ہے
یا چوتھا دن انجیر زرد مونیز منقے میتھی کے بیج تخم کتوچہ السی کے بیج پانی مین جوش دیکر
اور صاف کرکے ہمراہ دودھ تازہ کے کہ پانی املتاس کا اوسمین حل کیا ہو
غرغرہ کرین غرغرہ واسطے دفع خناق گرم کے نزدیک زمانہ گھٹنے مرض کو
کاسنی کے بیج دھنیہ کے بیج مکوہ بابونہ کے پھول پانی مین جوش دیکر اور صاف کرکے

المتاس داخل کرین اور پھر صاف کرکے غرغرہ فرماوین غرغرہ واسطے تورم
ورم کے مرض خناق مین کام آتا ہے بارتنگ کی تپی احمود کے بیج ملیٹھی خطمی کے بیج
خبازی کی تپی مکوہ بنفشہ کے پھول برگ کرنب اکلیل الملک نیلوفر گاؤ
دودھ مین جوش دیکر اور صاف کرکے املتاس حل کرین اور سکنجبین زعفران
داخل کرکے غرغرہ کرین غرغرہ اس مقدمہ مین نافع ہے السی کے بیج میتھی کے
بیج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ عناب لسوڑہ مویز منقے مسور نیلی سوسن کی
سونف کی جڑ سات ماشہ گلاب کے پھول بنفشہ کے پھول ہر ایک دو تولہ
دونا مروا پودینہ صعتر ہر ایک سات ماشہ مکوہ خشک تین تولہ پانی مین جوش دیکر
صاف کرین اور بڑی الایچی ڈالکر اور صاف کرکے غرغرہ کرین غرغرہ قروح حلق
نافع ہے پھٹکری سیاہ پھٹکری سفید مازو کاغذ جلا ہوا سمندر جھاگ مہندی زعفران
ہر ایک ساڑھے چار ماشہ نمک جلا ہوا نوسادر ہر ایک سوا دو ماشہ کوٹکر چھانکر
سرکہ کے غرغرہ کرین دیگر جونک جو حلق مین لگی ہو اوسکو کھینچتا ہے نمک
یا نوسادر کو سرکہ مین حل کرکے غرغرہ کرین دیگر اس معاملہ مین نافع ہے ترمس اندر
پھل کا گودا سرکہ انگوری جوش دیکر غرغرہ کرین غرغرہ تالو لٹکے ہوئے کو
انار دانہ ترش سماق ہر ایک یکجزو اور بعض نسخہ مین مازو بھی ایکجزو دیکھا گیا ہے
تینون کو کوٹکر چھانکر دودھ تازہ مین ایک رات دن ترکرکے اور صاف کرکے غرغرہ کرین دیگر زبان
ورم سخت کو تحلیل کرتا ہے خرمای ہندی چھ تولہ میتھی کے بیج چونے نو تولہ انجیر
تیس عدد سبکو سوا سیر پانی مین پکاوین کہ نصف باقی رہے صاف کرکے استعمال
فرماوین باب تیسرا غسولات مین ایک فصل پر شامل ہے غسول
اوسکا تمام بدن پر اکثر جلدی بیماریون اور آثار جلدیہ کو نفع دیتا ہے غسول
واسطے مٹانے نشانون جلدیہ اور صفائی رنگ بدن کے آٹا جو کا نو ماشہ
چھ ماشہ سرکہ روغن گل گلاب ہر ایک دو تولہ بدن پر ملین دیگر خشکی اور بھوسی
بدن کی دور کرتا ہے اور رنگ کو صاف اور روشن کرتا ہے اور جلا دیتا ہے

اور خبیث نشانون اور زخمون خبیث کی داغونکو دور کرتا ہی مہندی کی پتی شاہترہ کی پتی
آٹا جو کا آٹا مسور کا رینۂ خطمی پوست انبہ خطمی کے پھول گلچین پوست ترنج گلاب کے
پھول صابون ولاتی ہر ایک دو تولہ چوبچینی چار تولہ کوٹکر چھانکر روغن چوبچینی اور روغن
مہندی اور روغن شاہترہ مین ساتھ زردی مرغ کے انڈے اور لیمون کے
پانی کے تیار کرین اور بدن کو اس دوا سے لتھیڑ کر غسل دیوین حرف الفا
دو باب پر شامل ہے باب پہلا فرزجہ کے نسخو نمین سے ہے جو عورتون کی فرج
کے اندر رکھتے ہین یہ باب پانچ فصلین رکھتا ہے فصل پہلی اون نسخو نمین
فرزجہ کے ہے جو ورمون اور پُرانی زخمون اور خارش رحم اور اختلاج رحم کو
مفید ہین فصل دوسری مُبکرات مین ہے یعنے وہ دوائین جو عورت کی فرج
کو مثل باکرہ بنا دیتی ہین اور وہ دوائین جو فرج کو تنگ کرتی ہین اور خوشبو دیتی
ہین اور سیلان رطوبت رحم کو باز رکھتی ہین فصل تیسری اون نسخون مین
فرزجہ کی ہے جو حمل کو گرا دیتی ہین اور مانع حمل ہین فصل چوتھی فرزجہ
مین جو خون حیض کو بند کرتے ہین اور مددگار حمل ہین فصل پانچوین ان
نسخو نمین فرزجہ کے ہے جو عورت کی منی کو جلد اوتار دیتے ہین باب دوسرا
فتیلہ کے نسخو نمین ہے تین فصلین رکھتا ہے فصل پہلی اون فتیلو نمین
آنکھ کی بیماریون سے علاقہ رکھتی ہین فصل دوسری اون فتیلو نمین ہے
جو کان کی بیماریون سے متعلق ہین فصل تیسری اون نسخو نمین فتیلہ کی ہی
جو اور اعضا کی بیماریون کو مانند پُرانے اور رِستے زخمون تمام بدن کے مفید ہین
اور اون فتیلون مین جو بواسیر اور مرض عذیوطا اور خروج مقعد اور بچون کے
پیٹون کو جو اکثر شکم اطفال مین پڑ جاتے ہین نافع ہین فصل پہلی باب اول
فرزجہ مین جو ورمون اور پُرانے زخمون اور خارش اور اختلاج رحم کو مفید ہین
فرزجہ سختی رحم کی دور کرتا ہے بای بڑنگ چھیلی ہوئی چھ ماشہ چھوہارہ دو تولہ
کی گٹھلی کا مغز دو تولہ بادام چھیلی ہوئی کی گری مویز دانہ باہر نکالی ہوئی دو تولہ

دواؤن کو کوٹکر ساتھ مویز کے تیھر پر پیسکر اور فتیلہ بناکر فرزجہ کرین یعنے عورتکی
فرج مین رکھین **فرزجہ** رحم کے ورم گرم کو بعد رواد ع کے نافع ہے خشخاش
سفید کو کوٹکر اور دودھ مین پکاکر ساتھ روغنگل اور قدرے زعفران اور موم
فرزجہ کرین اور بدستور مرہم داخلیون روغنگل مین حل کرکے اور ہری بار تنگ
بابی اور لڑکے کی مان کے دودھ مین ملاکر فرج کے اندر رکھین **فرزجہ**
ورم گرم کو پکاتا ہے السی کے بیج نشاستہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زعفران
سات ماشہ گلاب کے پھول گوکھرو چودھ ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ میفختج کے
اور روغنگل اور دودھ گدہی کا داخل کرین اور ہاون مین ملین اور ریشم پارہ
آلودہ کرکے فرج مین رکھین **فرزجہ** ورم رحم کو نافع ہے چربی بطکی
پگھلائین اور قدرے ست ملہٹی کا پیسکر اوسمین حل کرین اور استعمال فرزجہ
سخت ورمون کو رحم کے تحلیل کرتا ہے چربی بطکی چربی مرغ کی گودا
ساڑھے دس ماشہ خطمی کے پھول السی کے بیج ہر ایک ساڑھے
ساتھ شہد یا املتاس کے گوندھین **فرزجہ** پرانے زخمون اور سرطان
نافع ہے اور خون کو بند کرتا ہے ٹکڑا سیسہ کا ہاون سیسہ مین ساتھ روغن
ملین کہ گاڑھا ہوجائے استعمال کرین **فرزجہ** واسطے قروح رحم کے اول
استعمال کرین کہ ریم اور کسافت سے پاک ہو بعد اوسکے مازو کے پانی
استعمال کرین یہان تک کہ خشک ہوجائے اور مطلق تری باقی نرہے
جو ہلدی پیسکر اور گاے کی گھی مین ملاکر اور روئی کے شیاف پر ملکر
تو نفع عظیم بخشیگا اور ورم رحم کو بالکلیہ دور کر دیگا مجربات سے ہے
پرانے زخم کو اچھا کرتا ہے خطمی کے پھول کتیرا اسفیدہ مردار سنگ
سفیدہ کاشغری اقاقیا گلنار ہر ایک چوڈھ ماشہ چربی بطکی چربی مرغ
ایک تولہ آٹھ ماشہ چربیون کو روغن مین پگھلاکر اور دوائین پیسکر اوسمین
اور شیاف کرین اور جو لعاب اسبغول اور روغن بنفشہ اور روغنگل

له
سمیٹ کہ مکان رحم ورم ہو جکا ہو
بہت سخت کرین اور سیکی
اطراف مین پہیلتی جاتی ہو
یک بایل یہ نیلگون زنو ہو
۱۲

تو زیادہ تسکین دیگا **فرزجہ** حکہ رحم یعنے رحم کی کھجلی کو کہ عربی مین ابنہ النساء کہتے ہین
نافع ہے تتلی پوست انار نعناع کہ ایک قسم پودینہ کی ہے مسور دھوئی ہوئی گلاب
اور قدرے سرکہ مین پکائین اور ساتھ لشیم پارہ کے فرج کے اندر رکھین **فرزجہ**
زعفران کافور ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول مردارسنگ ایکماشہ تین چاول حب الغار
بونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر اور مرغ کے انڈے کی سفیدی مین گوندھ کر روغن گل مین
پھر گوندھین **فرزجہ** خارش رحم کی دور کرتا ہے سُداب یعنی تتلی پودینہ خشک پوست انار
مسور بنفشہ کے پھول دواؤن کو کوٹکر گلاب در قدرے سرکہ مین گوندھ کر ساتھ لشیم
پارہ کے فرزجہ کرین **فرزجہ** واسطے خارش اور اختلاج یعنے پھڑکنے رحم کے مفید ہے
اور رحم کے زخمون کو نافع ہے نعناع خشک چنبیلی کے پھول نیلوفر کے پھول
سرو کی پتی بیری کی پتی لاجورد برابر وزن روغن زیتون مین گوندھ کر ساڑھے چار ماشہ
اوسمین سے فرج کے اندر رکھین اور ساڑھے چار ماشہ کو ساتھ پانی بابونہ کے
ناف پر ضماد کرین اور پانی اور شراب سے پرہیز لازم ہے اور وقت جاری ہونے
حیض کے استعمال اس دوا کا کرین

فصل دوسری فرزجہ مہکرات یعنے
پاکیزہ کرنیکے دواؤن مین ہے اور وہ دوائین جو فرج کو تنگ کرتی ہین اور خوشبو
دیتی ہین اور رطوبت کو باز رکھتی ہین **فرزجہ** کہ رحم کو قوت دیتا ہے اور فرج کو
تنگ کرتا ہے اور خوشبو دیتا ہے مشک خالص چار رتی ڈیڑھ چاول اگر ہندی پونے دو ماشہ
شگوفہ اذخر ناگرموتھ لونگ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ لشیم پارہ کی
فرج مین رکھین **فرزجہ** کہ فرج کو تنگ کرتا ہے اور جماع کی خواہش پیدا کرتا ہے
شب یمانی کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے پانی مین حل کرین اور کپڑا اوسمین آلودہ
کرکے اور اوسکو پیسی ہوئے مازو اور سلیخہ اور ناگرموتھ مین کہ مثل سرمہ کے
پیسا ہو ملوث کرکے دو گھنٹہ جماع سے پہلے فرزجہ کرین **فرزجہ** کہ فرج کو پاکیزہ
کرتا ہے مازو سبز سُنبل سوراخ پوست کالی مرچ برابر وزن گوندھین اور
شراب مین آلودہ کرکے ساتھ لشیم پارہ کے فرزجہ کرین **دیگر** پتہ خرگوش کا فرج مین

حب الغار غار ایک درخت عظیم ہے بزرگ اوسکا برگ مثل برگ بید کے ہوتا ہے پوست اوسکا نازک سیاہ پہل اوسکا فندق کے برابر بلکہ چھوٹا اوس سے ہوتا ہے ۱۲

رکھنا نہایت تنگ کرتا ہے فرزجہ مشک عنبر اگر ہندی ہر ایک یکماشہ تین چاول
پیسین اور شراب صاف مین جوش دین اور صاف کرین اور ریشم پارہ مین آلودہ
کر کے فرزجہ کرین مجرب ہے فرزجہ قوی الاثر اور سریع النفع اور عجیب الفعل اور
نہایت کامل اور مجرب ہے موینراقاقیا عصارۂ لحیۃ التیس مازو بے سوراخ پوست
ترش اگر ہندی پوست ترنج ہر ایک پونے دو ماشہ سبکو پیسکر اور شراب مین گوندھ
بدستور عمل کرین ایضاً مبکر فرج کو مثل باکرہ کے بناتا ہے پوست آزاد درخت
کہ ہندی مین بکاین کہتے ہین خشک کر کے پیسین اور چھانین اور شیاف
بنا کر فرج کے اندر رکھین نہایت فرج کو تنگ کرتا ہے فرزجہ مجرب ہے تنبہ
کرتا ہے جو کے بیج کوٹین اور باریک کر کے فرزجہ کرین دیگر فرج کو
خشک کرتا ہے اور سیلان رطوبت کو وقت جماع کے نافع ہے جوز السرو
خبث الحدید ہر ایک پونے دو ماشہ مازو چو کے بیج ہر ایک سات
ایک کپڑا لیکر اور جوشاندہ جفت بلوط اور گلنار مین تر کر کے اور اوس دوا مین
آلودہ کر کے فرج کے اندر رکھین دیگر رحم کو قوت دیتا ہے اور سیلان منی
رطوبت کو جذب کرتا ہے مشک رامک زعفران ہر ایک ساڑہے تین
شگوفہ اذخر ناگرموتھ لادن ہر ایک پونے دو ماشہ بڑی مائین مازو گلاب
ہر ایک یکماشہ تین چاول مشک خالص چار جو کوٹکر چھانکر ساتھ قند
گلاب کے گوندھین اور بقدر مخصوص فرج مین رکھین فصل تیسری
فرزجہ کے نسخون مین ہے جو حمل کو گراتے ہین اور مانع حمل ہین فرزجہ
حمل گرتا ہے پنیر خرگوش کا ساتھ نمک اندرانی کے برابر وزن لیکر تیلی
فرزجہ کرین فرزجہ اسقاط حمل کرتا ہے ہلیوا البسکیرہ کی جڑ تیلہ نھوتھ تخم کھرنی
سب پانچ دوائین ہین برابر وزن لیکر اور کوٹکر چھانکر فتیلہ بنائین اور فرج
رکھین دیگر نوسادر پیسا ہوا تین تولہ اشق گرم پانی مین حل کرکے کہ ساڑہے
اشق کا وزن ہو باہم گوندھ کر فرج مین رکھین دیگر مجرب ہے کنگلی سیاہ اند

کندش برابر کوٹکر چھانکر گائے کے پتہ مین فرزجہ کرین **فرزجہ مجرب صاحب**
قادری تنکی ھر یعنے بول ہوہ بیر سونف دیسی کنوچہ کے بیج برابر وزن ساتھ گای
کے تیہ فرزجہ کرین **فرزجہ مانع حمل** ہے مازو تخم مورد برابر وزن کوٹکر چھانکر
اور گرم پانی مین گوندھکر فرزجہ کرین پہلے جماع سے **دیگر** شحم انار شب یمانی
کی کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے جماع سے پہلے فرزجہ کرین **دیگر** بہت نافع ہے
دشواری پیدایش کو اور بچہ زندہ اور مردہ کو رحم سے باہر نکالتا ہے مرکی یعنی بول
جاوشیر کنگی برابر وزن کوٹکر چھانکر بعد حیض سے پاک ہونے کے فرزجہ کرین **فصل چوتھی**
آدن فرزجہ کے نسخون مین ہے جو مددگار حمل ہین اور خون حیض کو بند کرتے ہین
فرزجہ کہ مددگار حمل ہے پنیر مایہ خرگوش کا اور جو موجود نہو وے تو پتہ خرگوش کا
شہد مین گوندھکر ساتھ ابریشم پارہ کے بعد حیض سے پاک ہونے کے فرج مین
رکھین تین رات بعد اوسکے مجامعت کرین **دیگر** اسی مقدمہ کے واسطے مجرب ہے
جند بید ستر ساڑھے چار ماشہ شب یمانی زعفران اندرجو ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
اگر ہندی پوستے دو ماشہ مشک خالص سات رتی کوٹکر چھانکر اور شہد مین گوندھکر
تین رات حیض کے ایام مین فرج مین رکھین چوتھی رات مجامعت کرین **دیگر**
مازو مورد کے بیج برابر وزن گرم پانی مین گوندھکر فرزجہ کرین جماع سے پہلے
دیگر شحم انار شیرین شب یمانی پہلے جماع سے حمول کرنا یعنے فرج کے اندر رکھنا
اور پیشاب اونٹ کا ساتھ شہد اور شراب کے یہی عمل کرتا ہے **دیگر** خون حیض کے
بند کرنے مین مجرب ہے مازو ی سوختہ دم الاخوین برگ مورد گیرو گلاب کی پھول
برابر وزن کپڑے مین چھانکر اور پوست انار ترش کچلکر جوش دین کہ مہرا ہو جاتے
قدرے ابریشم پارہ کو اوسمین ترکرکے اور پیسی ہوئی دواؤن مین سمیٹ کر اندرون
فرج داخل کرین **دیگر** مورد کی پتی مازو جلا ہوا سرمہ نشاستہ ہر ایک ساڑھے
ستر ماشہ گیرو ساڑھے دس ماشہ پھٹکری جلی ہوئی گوند ببول کا بدستور سابق
استعمال کرین **فرزجہ** واسطے تقویت رحم کے بے نظیر ہے اور حیض کو

روکتا ہے مومیائی گوندبول کاگیرو ہر ایک چودھ ماشہ دم الاخوین سات ماشہ کوٹکر چھانکر
فرج کے اندر رکھین **فرزجہ** واسطے اوس عورت کی کہ بچہ پیدا ہونے کے بعد منی
اورخون کا بہنا کچہ باقی ہو نافع ہے مورد کے بیج گلنار مازو سرمہ پوست انار ہر ایک
برابر وزن کوٹکر چھانکر اور پوٹلی مین باندھکر فرج کے اندر رکھین ایک پوٹلی صبح اور ایک
شام اور یہ دوا پیڑو پر لیپ کرین کابچن سرمہ بیج دارچینی مورد کے بیج گلنار مازو ہر ایک
برابر وزن کوٹکر چھانکر اور مورد کے پانی مین گوندھکر اور جند بیدستر اور مشک قدرے روغن مین
حل کرکے اور پیڑو پر ملکر بعد اوسکے لیپ کرین **فرزجہ** مددگار حمل ہے عود یعنی اگر
زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ شب یمانی سات ماشہ کوٹکر چھانکر اور ریشم پر
چھڑک کر فرج مین رکھین اور مجامعت فرماوین **فصل پانچوین فرزجہ منزلات**
یعنی اون نسخون مین فرزجہ کے جو عورت کی منی کو جلد اوتارتے ہین **فرزجہ**
منزل النفا سلارس پھٹکری برابر وزن بقدر رتی یا دو رتی فرج مین رکھین

باب دوسرا فتیلہ کے نسخو مین تین فصل رکہتا ہے **فصل پہلی** اون نسخون
فتیلہ کے ہین جو آنکھ اور ناک کی بیماریون سے متعلق ہین **فتیلہ** ناصور چشم کو مفید ہے
جب نجر کر ریم سے پاک ہوجاتے تو یہ فتیلہ سوراخ مین ناصور کی رکھنا چاہیے انتلی
کی تیی کھٹے انار کے پانی مین پیسکر اور فتیلہ بناکر سوراخ مین رکھین **فتیلہ** ناک کے
لیے مفید ہے ناکر موتھا بالچھڑ ایلوا گلاب کی پھول لونگ کوٹکر چھانکر اور پودینہ کے
پانی مین گوندھکر اور فتیلہ کی شکل بناکر ناک مین رکھین **فتیلہ** ناک کی بدبو دور کرتا ہے
قلقطار لونگ مرکی یعنی بول سوا پانچ ماشہ میٹھا چراہتہ سنک ہر ایک سات ماشہ
کوٹکر چھانکر فتیلہ شراب مین ترکرین اور اوسمین آلودہ کرکے ناک مین رکھین دیگر
واسطے بواسیر ناک کے جوز السرو کوٹکر اور فتیلہ بناکر ناک مین رکھین دیگر اس مقعد
کے لیے نافع ہے کندر ساڑھے تین ماشہ شب یمانی مازو تانبہ کے تیر ہر ایک
چودہ ماشہ قلقدیس پوست زرد لوہ پھٹکری قلقطار مر یعنی بول ہر ایک دو تولہ سرکہ ایک
قسط سکو تانبہ کے برتن مین پکائین جبکہ مثل قوام شہد کے ہوجاتے تو فتیلہ

فتیلہ نکسیر کو بند کرتا ہے غبار چکی کا کندر کی راکھ ایلوا اور مرغ کی سفیدی مین گوندھ کر فتیلہ بنائین اور ناک مین رکھین **دیگر** واسطے بند کرنے نکسیر کے غبار چکی کا خون سیاوشان شب یمانی کہ ایک قسم پہنکری کی ہے پانی مین پیسکر اور فتیلہ پر چھڑک کر ناک مین رکھین **فتیلہ** واسطے بند کرنے نکسیر کے مجرب ہے منقول حکیم سے دقاق کندر دم الاخوین انزروت سفید ایلوا اقاقیا لیئے بول سب دواؤن کو کوٹ کر چھانکر اور کپڑے کی بتی بناکر اور سرکہ انگوری مین تر کرکے اور دوائی مذکورہ چھڑک کر ناک مین رکھین **فصل دوسری**

اون نسخون مین فتیلہ کے ہے جو کان کی بیماریون سے مناسبت رکھتی ہین **فتیلہ** کان کے درد کو نافع ہے فتیلہ کاغذ خطائی کا بناکر اور روغن مرداسنگ پانی مین تر کرکے اور آڑو کی گٹھلی کی گری پیسکر اوس پر چھڑک کے کان مین رکھین **فتیلہ** کہ حکیم ہادی واسطے دردون اور پرانے زخمون اور بہنے رطوبتون اور زردپانی اور پیپ کان کے مجرب لکھتے ہین فتیلہ نیلی خطائی کاغذ کا بناکر شہد اور مرغ کے انڈے مین گوندھ کر انزروت سفید دم الاخوین سفیدہ کاشغری ایلوا برابر وزن کوٹکر چھانکر رات کو کان مین رکھین اور اوسی ہاتھ کی جانب خواب کرین اور جو درد شدید ہو تو افیون جلائین اور راکھ اوسکی ساتھ دواؤن مذکورہ کے اوس فتیلہ پر چھڑکین اور کان مین رکھین اور اوسی ہاتھ کی جانب آرام کرین اور جو حاجت گرمی اور تحلیل کی ہو تو آڑو کی گٹھلی کی گری جلی ہوئی ساتھ مرکی اور بازو کے اضافہ کرکے استعمال فرماتے ہین **فتیلہ** کان کے نئے اور پرانے زخم کو مفید ہے کپڑے کا فتیلہ بناکر اور شہد مین آلودہ کرکے اور قلقطار پیسکر اوس پر چھڑکین اور کان مین رکھین پرانے زخم اور پیپ کو نفع کرتا ہے **فتیلہ** واسطے درد اور پیپ کان کے مجرب ہے کنوچہ کی بیخ انزروت کوٹکر چھانکر اور شہد مین گوندھ کر اور فتیلہ اوسمین تر کرکے کان مین رکھین **فتیلہ** بلوسہ ادویہ خمسہ مین اور شہد مین گوندھ کر کان مین رکھنا کان کو پاک کرتا ہے اور پیپ کو تسکین دیتا ہے اور درد کان کا دور کرتا ہے وہ دوائین خمسہ یہ ہین مر ایلوا دم الاخوین کندر انزروت **فتیلہ** پرانے زخم کو مفید ہے شہد انگبین زرد

بیہ گاسے کا دو جزو باہم ملاتین اور پرانا کپڑا دھویا ہوا فتیلہ بناکر اوسمین آلودہ کرین صبح اور شام

کانمین رکھین **فتیلہ** گوشت زاید کان کا دور کرتا ہے جوز السرو کو خوب باریک پیس

اور ساتھ انجیر کوفتہ کے فتیلہ بناکر کانمین رکھین **فصل تیسری** اون نسخونمین فتیلونکے

کہ ہے جو اور اعضا کو مانند پرانے اور نئے زخمون تمام بدن کے مفید ہین اور

اون فتیلون مین جو بواسیر اور غدیوط اور خروج مقعد اور کرم اطفال سے علاقہ

رکھتے ہین **فتیلہ** پرانے زخمون کو مفید ہے مُردار سنگ گلنار دم الاخوین

عدسی مازوی سبز کو ٹکر چھانکر اور ساتھ موم کے فتیلہ بناکر اندر زخم کے رکھین زخم

پیپ سے پاک اور صاف ہوجائیگا **فتیلہ** پرانے زخمونکو مفید ہے اور جلد خشک

کرتا ہے جوز السرو سنگجراحت مردار سنگ ہر ایک یکجزو کو ٹکر چھانکر اور روغن مین

گوندھ کر فتیلہ بنائین اور زخم کے اندر رکھین **فتیلہ** گوشت زاید کو قطع کرتا ہے اور

زخم کو خشک کرتا ہے ہوچوہ شک مرکی ہر ایک ایکماشہ سفیدہ کاشغری

انزروت ہر ایک اڑہائی ماشہ کو ٹکر اور چھانکر اور شہد مین فتیلہ بناکر رحم کو پاک کرکے

رکھین **فتیلہ** بواسیر ریحی کو مفید ہے گوگل گلنار پوست زرد ٹڑ کا جو اکھارا جوا

دلیسی ہر ایک برابر وزن کو ٹکر چھانکر اور ساتھ پانی گندنا کے فتیلہ بناکر مقعد کے اندر

رکھین اور قدرے اوسمین سے بواسیر پر ملین **فتیلہ** غدیوط کو مفید ہے مازو

شب یمانی کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے گلنار بڑی مائین برابر وزن کو ٹکر چھانکر

اور شہد مین گوندھ کر فتیلہ بناکر اندر مقعد کے جماع سے پہلے رکھین **فتیلہ** کہ

مقعد کے کیڑون کو نافع ہے دانہ چکہ دانہ ہای بڑنگ مغز ناریل مویز منقی گلاب

کے پھول ہر ایک برابر وزن کو ٹکر چھانکر اور فتیلہ بناکر اندر رکھین **حرف القاف**

المعجمہ چار باب پر شامل ہے **باب** پہلا قرصون کے بیان مین ہے تین

فصلین رکھتا ہے **فصل پہلی** اون قرصون کے نسخون مین ہے جو تپون

خالطیہ عفینہ اور دقیہ اور مرکبہ کو فائدہ بخشتے ہین **فصل دوسری** اون قرصونکے

بیانمین ہے جو اعضاء مخصوصہ مانند معدہ اور جگر اور رحم وغیرہ سے مناسبت

رکھتے ہین **فصل تیسری** اون نسخو نمین ہے جو واسطے طلا کے خارج بدن پر
مستعمل ہین **باب دوسرا** قطورات مین ہے دو فصل پر شامل ہے **فصل پہلی**
اون قطورات مین ہے جو آنکھہ اور ناک اور اعضا کو سوای اعضاء تناسل کے
مفید ہین **فصل دوسری** قطورات اعضاء تناسل مین ہے **باب تیسرا**
قیروطی کے نسخو نمین ہے تین فصل پر شامل ہے **فصل پہلی** اون نسخون مین
قیروطی کے ہے جو سر اور دماغ اور پٹھونکو نافع ہے **فصل دوسری** اون نسخو نمین
قیروطی کے ہے جو سینہ اور حجاب کی بیماریون کو مفید ہین **فصل تیسری** اون
نسخو نمین قیروطی کی ہی جو بواسیر مقعد اور رحم کو نافع ہین **باب چوتھا** ذکر مین اون
نسخون کے ہی جو بلفظ قہوہ لکھے جاتے ہین **فصل پہلی باب اول** سی اون قرصون کے
بیانمین ہے جو تپون غلطیہ عفینہ اور دقیہ اور مرکبہ کو مفید ہین **قرص طباشیر ملین**
واسطے تپون صفراوی اور خونی کے نافع ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے اور جوش
خون کو تسکین بخشتا ہے تبسلوچن سفید گلاب کے پھول صندل سفید ہر ایک
پانچ ماشہ میٹھے کدو کے بیجون کی گری ست ملہٹی کا زرشک بہدانہ گوند ببول کا
کتیرا سفید ہر ایک دو ماشہ ترنجبین سوا چار تولہ ساتھہ پانی ترنجبین کے قرص بنائین اور
جو ملین زیادہ چاہین تو ریوند چینی تین ماشہ غاریقون سات ماشہ اضافہ کرین قدر
خوراک ساڑھے چار ماشہ **قرص طباشیر ملین** مجرب ہے واسطے تپون صفراوی
اور غب غیر خالص کو بعد تنقیہ کے کہ گرمی محسوس ہوتی ہو مفید ہے ست ملہٹی کا
سات ماشہ کاہو کے بیج چھیلے ہوئے کھیرے کے بیج میٹھے کدو کے بیجون کی
گری ہر ایک ساڑھے دس ماشہ تبسلوچن گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے
ستر ماشہ ترنجبین خراسانی تین تولہ قرص تیار کرین **قرص کافور** تپ محرقہ اور
تپ دق کو نافع ہے اور واسطے گرم تپون کے سب قسمون کے مفید ہے اور
یرقان کو دور کرتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے اور قرص مبارک کے نام سے
مشہور ہے کافور چھہ رتی سوا دو چاول ست ملہٹی کا ساڑھے چار ماشہ تبسلوچن

[ف] غب غیر خالص وہ تپ ہے
کہ حرارت ہوتی ہے صفرا
سے کہ مخلوط ہوتی ہے ساتھ
رطوبات اخلاطی کے کہ اپنا
دونون مین نہین رہتا استحکام
اخلاط سے ۱۲

کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری ہر ایک پونے نو ماشہ کاہو کے بیج چھیلے ہوئے ایک تولہ کدو کے بیجون کی گری گلاب کے پھول ترنجبین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ

قرص طباشیر کافوری موافق نسخہ شفاء الاسقام واسطے تپون تیز اور دستون قوی اور بیقراری اور پیاس و خون تھوکنے کی بیماریون اور خفقان گرم اور سل اور دق کے نافع ہے چنانچہ اوسکی تعریف مین صاحب شفاء الاسقام لکھتا ہی

ہذا القرص مبارک منجح من الاسہالات التی لم یفلح فیہا سائر الادویۃ وعجز عنہا الاطباء فہو بمنزلۃ الکی فی اخر الادویۃ یعنے یہ قرص مبارک اون دستون کو نافع ہی جو کسی دوا سے سب دواؤن مین سے صحت نپاتے ہون اور طبیب اون معالجہ سے عاجز آگئے ہون پس یہ بمنزلہ داغ دینے کے ہے آخر سب دواؤنکی زعفران پونے دو ماشہ کافور قیصوری ساڑھے تین ماشہ نبسلوچن سفید گوند ببول کا کتیرا نشاستہ ہر ایک سات ماشہ کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری کدو کے بیجونکی گری خرفہ کے بیج ہر ایک چودہ ماشہ گلاب کے پھول ہری ٹوپیون سے صاف کیے ہوئے ست ملٹھی کا ہر ایک پونے دو تولہ کوٹکر چھانکر لعاب اسبغول مین قرص باندھین ہر قرص بقدر پونے نو ماشہ قدر خوراک ایک قرص ہمراہ شربت مناسب کے **قرص انجبار** بابت حاشیہ بازخون کے دستون کو نافع ہے اور زیادتی حیض کو سفید اور نفث الدم کو موثر انجبار کی جڑ چودہ ماشہ گلاب کی پھول گوند ببول کا کہربا خرفہ کے بیج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلنار نشاستہ کتیرو نبسلوچن ست ملٹھی کا ہر ایک سات ماشہ اقاقیا سوا پانچ ماشہ کوٹکر چھانکر مورد کے پانی مین قرص بنائین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ **قرص مروارید** واسطے تپ دائمی اور دق اور بواسیر اور دستون کے نافع ہے صندل ساڑھے تین ماشہ موتی بے سوراخ عصارۃ لحیتہ التیس بارتنگ کے بیج ہر ایک سات ماشہ کدو کے بیجون کی گری کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری خرفہ کے بیج کہربا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کتیرو چودہ ماشہ نبسلوچن گلاب کے پھول ہر ایک پونے دو تولہ ساتھ پانی مورد کے

قرص بنائین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ ہمراہ شربت خشخاش کے اور بعضی
مزاجون مین گدھی کے دودھ کے ساتھ دیتے ہین اور بعضی بیماریون مین ہندسل
کے سرطان جلا ہوا ساڑھے دس ماشہ اضافہ کرتے ہین اور تپ دق مین عفران
پونے دو ماشہ اور کافور ساڑھے تین ماشہ زیادہ کرتے ہین **قرص مبرد** قائم
مقام قرص کافور واسطے اوس آدمی کے جو کافور کی بو سے نفرت رکھتا ہو موضوع
ہوا ہے تپون گرم اور پیاس شدید کو نفع کامل بخشتا ہے موتی بے سوراخ طباشیر
نشاستہ کتیرا الجوین خراسانی سفید ہر ایک نو ماشہ صندل سرخ صندل سفید نیلوفر
دھنیہ خشک گلاب کے پھول چوکے کے بیج کاسنی کے بیج خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے
کدو کے بیجون کی گری تربوز کے بیجون کی گری ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ خشخاش
سفید ڈیڑھ تولہ دوائون کو نرم کوٹکر ساتھ اوس پانی کے جسمین اسبغول ملایا ہو قرص
باندھین اور لعاب اسبغول کے ساتھ کھائین **قرص ورد** تپ مرکب کو کہ صفرا
بلغم پر غالب ہو نافع ہے بالچھڑ ساڑھے دس ماشہ کاسنی کے بیج کھیرے کے بیجون کی
گری ہر ایک چودھ ماشہ ملہٹی پونے دو ماشہ گلاب کے پھول تین تولہ قدر خوراک
ساڑھے چار ماشہ **قرص بنفشہ** غب غیر خالص کو نافع ہے بلغم اور صفرا کو نکالتا
ہے سقمونیا دورقی ست ملہٹی کا شکر سرخ ہر ایک پونے دو ماشہ نسوت سفید
ساڑھے تین ماشہ بنفشہ سبز تازہ سات ماشہ کوٹکر چھانکر قرص بنائین اور گرم پانی
کے ساتھ کھائین سب ایک خوراک ہے اور واسطے تپ کی کہ ساتھ اوسکے
کھانسی بھی ہو اور طپش طبیعت ہو کتیرا ست ملہٹی کا ہر ایک چودہ ماشہ ککڑی کے
بیجون کی گری کاسنی کے بیج خشخاش سفید ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ بنفشہ کے
پھول تین تولہ اضافہ کرین اور اگر چاہین کہ دست قوی لاوے تو سقمونیا بھونی
ہوئی چودہ ماشہ نسوت سفید دو تولہ بڑہائین **قرص خشخاش** صاحب دق اور
دستون کو نافع ہے اور بارہا آزمایا ہوا ہے کافور ساڑھے تین ماشہ گلاب کے
پھول چوکے کے بیج بنسلوچن نشاستہ گوند ببول کا گل قبرسی ہر ایک پونے نو تولہ

خشخاش سفید میٹھے کدو کے بیجون کی گری کھیرے کے بیجون کی گری خربوزہ کے
بیجون کی گری خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے مغز بہدانہ ہر ایک پونے دو تولہ بیجون اور مغزیات کو
بھونین اور کوٹکر چھانکر پانی مین قرص بنائین قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ **قرص** بار دو
تپ اور کھانسی کو دفع کرتا ہے ست ملٹھی کا نشاستہ کتیرا گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
نیلوفر کے پتی ساڑھے چار ماشہ بنسلوچن خرفہ کے بیج خشخاش کے بیج کاہو کے بیج
ہر ایک سات ماشہ کھیرے ککڑی کے بیج کدو کے بیج چھیلے ہوئے ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
کوٹکر چھانکر قرص بنائین قدر خوراک سات ماشہ ساتھ کشنک آب اور شربت بنفشہ کے

قرص خشخاش معمول کافور قیصوری ساڑھے تین ماشہ گلاب کی پھولون کی
کلیان ساڑھے دس ماشہ چوسکے کی بیج بھونے ہوئے گل قرسی بھونے ہوئے
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ خربوزہ کے بیجون کی گری بھونی ہوئی کھیرے کی گری
بھونی ہوئی خشخاش کے بیج سفید بھونے ہوئے میٹھے کدو کے بیجون کی گری
بھونی ہوئی بہدانہ بھونا ہوا ہر ایک پونے دو تولہ کوٹکر چھانکر پانی مین قرص بنائین
قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ ساتھ دہی اور گدہی کی دودھ یا لڑکی کی مان کی دودھ کی

کھائین **قرص طباشیر سلطانی** دق اور سل اور ذبول کو نافع ہے بنسلوچن
سفید گلاب کی پھولونکی کلیان ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ ترنجبین خراسانی تین تولہ کتیرا
گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کاہو کے بیج کاسنی کے بیج ہر ایک چودہ ماشہ
صندل سفید ساڑھے دس ماشہ سرطان جلا ہوا ست ملٹھی کا ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ زعفران کافور قیصوری ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر اور بہدانہ کی
لعاب مین گوندھکر قرص بنائین اور بعضے یا لکھر اور اگر بہیدی بوزن کافور داخل کرتے ہین **قرص**

طباشیر لولوی تپ دق اور سل کو نافع ہے اور خفقان اور جنون کو دور کرتا ہے اور دستون
سفید ہے اور خون تھوکنے کی بیماری اور دستون خونی اور دستون جگری اور دستون کے
کے واسطے مکرر تجربہ مین آیا ہے سوئی اسوراخ بنسلوچن سفید سرطان جلا ہوا خشخاش کے بیج سفید
کاہو کے بیج چھیلے ہوئے خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے کتیرا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ

کہربا شمعی ست ملٹھی کا گلاب کی پھولون کی کلیان ہر ایک سات ماشہ کھیرے ککڑی کی
بیجون کی گری ساڑہی سترہ ماشہ گوند ببول کا مونگی کی جڑ جلی ہوئی ہر ایک ساڑہی تین ماشہ
کافور قیصوری پونے دو ماشہ زعفران ایکماشہ تین چاول ابریشم کترا ہوا ایک ماشہ
تین چاول کوٹکر چھانکر اور بارتنگ کی پانی مین گوندھکر قرص تیار کرین **قرص کافور** واسطے
کھانسی گرم اور تپ دق اور سل کی مفید ہی اور قسم کی تپون کو جنکی ساتھ کھانسی بھی نافع
ہی پس واسطے کھانسی کی شربت دیاقوذا اور شربت خشخاش اور لعاب بہدانہ کی دیوین اور
واسطے دق اور تپون گرم کی ساتھ پانی کھٹے میٹھے انارون اور پانی کدو بھونی ہوئی اور ککڑی
بھونی ہوئی کے دینا چاہیی اور یا ساتھ پانی تربوز اور آشجو کی دیوین — کھیرے ککڑی کی بیجونکی
گری میٹھی کدو کی بیجون کی گری مغز بہدانہ ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ گلاب کی پھول ست ملٹھی کا
بنسلوچن ہر ایک ساڑہی دس ماشہ گوند ببول کا کتیرا سفید نشاستہ ہر ایک سات ماشہ
کافور کی بیج چھلے ہوئی ساڑہی تین ماشہ کافور قیصوری سوا دو ماشہ کوٹکر چھانکر اور اسپغول کی لعاب مین
گوندھکر قرص بنا تین قدر خوراک سات ماشہ ہی **قرص خشخاش** واسطے زخم سینہ اور پھیپڑہ
کی زعفران پونی دو ماشہ ست ملٹھی کا نشاستہ کتیرا ہر ایک سات ماشہ خشخاش سیاہ خشخاش سفید
ہر ایک ساڑہی دس ماشہ گلاب کی پھول گوند ببول ہر ایک دہ ماشہ بنسلوچن ساڑہی تین ماشہ
خالص پانیمین قرص بنا تین قدر خوراک ساڑہی چار ماشہ ڈیڑہ تولہ تک ہی ساتھ شربت خشخاش
کی دیوین دیگر واسطے کھانسی خشک اور سل کی نافع ہی اور نزلہ کو مانع ہی اور اوس کھانسی کو
جو ثابت اور تھوک زرد اور پتلا ہو و کبھی ہوتی ہی نشاستہ کتیرا گوند ببول کا ہر ایک چار تولہ
ساڑہی چار ماشہ خشخاش سفید میٹھے کدو کی بیجون کی گری ککڑی کی بیجون کی گری کاہو اجوائن
خراسانی ہر ایک کو نو تولہ اسپغول کی لعاب مین قرص بنا تین ہر قرص ساڑہی دس ماشہ
قدر خوراک ایک قرص ساتھ شربت خشخاش یا کشک جو کی تناول کرین **قرص سرطان**
سل اور دق اور خون تھوکنی کی بیماری کو نافع ہی ست ملٹھی کا ساڑہی دس ماشہ بنسلوچن
کتیرا شادنج عدسی دھویا ہوا ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ گل مختوم گل ارمنی یعنی گیرو نشاستہ گلاب کی
پھول ہر ایک پونی دو تولہ سرطان جلا ہوا تین تولہ بارتنگ کی پانیمین قرص بنا تین قدر خوراک سات ماشہ

ساتھ پانی کھٹے میٹھے انار کے اور بعضون نے طین قبرسی پونے دو تولہ اضافہ کیا ہے قرص سل کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری تین تولہ خرفہ کے بیج ملہٹی ہر ایک چودہ ماشہ ست ملہٹی کا نبسلوچن سرطان جلا ہوا ہر ایک ساٹ ماشہ نشاستہ کتیرا گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر اور لعاب اسپغول مین گوندھ کر قرص بناوین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ قرص کافور جسوقت کہ سل کے ساتھ تپ ایدہو مفید ہے کافور پونے دو ماشہ کاسنی کے بیج ساڑھے تین ماشہ گلاب کے پھول گوند پھول کا بادام صندل سفید کتیرا نشاستہ ست ملہٹی کا نبسلوچن سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ میٹھے کدو کے بیجون کی گری ککڑی کے بیجون کی گری کھیرے کے بیجون کی گری مغز ہیدانہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ لعاب بہی مین قرص تیار کرین

قرص سرطان اس مقدمہ مین نافع ہے نبسلوچن سفید کتیرا گوند ببول کا نشاستہ خشخاش کے بیج کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری مغز ہیدانہ بادام چھیلے ہوئے گاوزبان کہربا ہر ایک ساٹ ماشہ گلاب کے پھولون کی تپی گل مختوم کیرا اسپغول ہر ایک ساڑھے دس ماشہ ملہٹی چھیلی ہوئی خطمی کے بیج ہر ایک چودہ ماشہ کھیرے کے بیجون کی گری ست ملہٹی کا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سرطان جلا ہوا پونے نو تولہ سبکو سوا اسپغول کے کوٹین اور پھر اسپغول اوسمین ملاوین اور میٹھے انار کے پانی مین گوندھین اور قرص بناکر خشک کرین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ

فصل دوسری

بیماریون مخصوصہ کے قرصون مین ہے معدہ اور جگر اور رحم اور سوا اوسکے قرص مروارید دل اور دماغ اور جگر کو قوت بخشتا ہے اور خفقان گرم اور یرقان کو نافع ہے زعفران پونے دو ماشہ موتی بے سوراخ مونگے کی جڑ سرخ صندل سفید ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گلاب کے پھول ساٹ ماشہ خرفہ کے بیج ساڑھے دس ماشہ کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری میٹھے کدو کے بیجون کی گری ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر اور اسپغول کے لعاب مین گوندھ کر قرص تیار کرین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ ساتھ سکنجبین سادہ کے تناول کرین قرص پستہ معدہ کو قوت دیتا ہے اور بلغمی اور سوداوی کو قطع کرتا ہے اگر خام معدہ لگی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بیرون پستہ گلاب کے پھول ہر ایک چودہ ماشہ مشک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی

قرص بنائین **قرص کافور** درد معدہ کو کہ گرمی سی ہو مفید ہی اور پیاس اور یرقان اور
تپ گرم کو نافع ہی کافور ساڑہی تین ماشہ صندل سفید ست ملہٹی کا ہر ایک سات ماشہ
کاہو کے بیج خرفہ کی بیج کاسنی کی بیج کتیرا نشاستہ ہر ایک ساڑہی دس ماشہ ککڑی کے
بیجون کی گری میٹھے کدو کی بیجون کی گری ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ زرشک بہدانہ
طباشیر گلاب کی پھول ہر ایک دو تولہ کوٹکر اسبغول کی لعاب مین گوندھین قدر خوراک
سات ماشہ ساتھ شہد کی تناول کرین **قرص ورد** واسطے درد معدہ اور بدہضمی اور
تقلب نفس اور تپون بلغمیہ کے نافع ہی مصطگی سوا پانچ ماشہ بالچھڑ سات ماشہ گلاب
کی پھول تین تولہ قدر خوراک ساڑہی دس ماشہ **قرص خشخاش** واسطے دستون
خونی اور صفراوی اور آنتون کی خراش اور بواسیر اور دفع عفونت اور تسکین حرارت
اور آنتون کی درد کی نافع ہے زعفران ایک جو کافور دو جو دم الاخوین چھ جو مصطگی
دو جو پوست خشخاش گل مختوم کتیرا طباشیر گوندببول کا نشاستہ ہر ایک نو رتی ایک
خوراک ہی **قرص طباشیر قابض** خونی دستون کو نافع ہی جنکے ساتھ پیپ بھی ہو
طباشیر نشاستہ گوندببول کا ہر ایک سات ماشہ گلاب کی پھول چوکی کے بیج ہر ایک
ساڑہی سترہ ماشہ لعاب اسبغول مین قرص تیار کرین خوراک ساڑہی چار ماشہ دیگر دستونکو
بند کرتا ہی اور خون کو روکتا ہی اور پیاس بجھاتا ہی اور صفراوی تپون کو نافع ہی زرشک
بیدانہ سماق طباشیر ہر ایک دو تولہ کیرا وجو کی بیج نشاستہ گوندببول کا ہر ایک
تین تولہ گلاب کی پھول چار تولہ ساڑہی چار ماشہ کوٹکر چھانکر قرص بنائین **قرص کہربا**
دستون خونی اور زیادتی خون بواسیر اور خون کی پیشاب کو نافع ہی گلنار اقاقیا
ہر ایک سوا پانچ ماشہ ککڑی کی بیجون کی گری کدو کی بیجون کی گری کتیرا نشاستہ گوند
ببول کا کہربا ہر ایک سا ڑہی دس ماشہ کوٹکر چھانکر اسبغول کی لعاب مین قرص بنائین قدر
خوراک سات ماشہ ساتھ شیرہ تخم خرفہ کی دیگر خون بواسیر کو باز رکھتا ہی کتیرا نشاستہ گل مختوم
ہر ایک پونے دو ماشہ کہربا گوندببول کا ہر ایک ساڑہی دس ماشہ بلوط سات ماشہ کوٹکر
چھانکر بارتنگ کی پانی مین قرص تیار کرین دیگر ذرب اور سب قسم کی دستون کو نافع ہے

آنب کی پرانی گٹھلی کی گری جامن کی پرانی گٹھلی کی گری ہڑ زرد تیل کے تیل مین بھونی ہوئی کہ بھونکر شق ہوگئی ہو سب چیزین برابر وزن لیکر قرص تیار کرین خوراک ساڑہی
چار ماشہ سردپانی کے ساتھ **دیگر** واسطے دستون کی مجرب ہی سماق مازو کنوچہ بیج کچہ
پڑی ماتین افیون ہرایک چار ماشہ اقاقیا دو ماشہ ساتھ پانی جفت بلوط کی قرص بنائین
یہ نسخہ مجربات حکیم گیلانی سی ہے **قرص قابض** مجرب حکیم گیلانی دستون کے
سب قسمون کو مفید ہے اور خون بواسیر اور خون حیض کو بند کرتا ہی اور خون تھوکنے
کی بیماری کے لیے مجرب ہی اور معمول حکیم موصوف اسپر اکثر رہا ہے مورد کی بیج
بھونا ہوا انجبار بھونی ہوئی پوست خشخاش بھونا ہوا ہر ایک ساڑہی تیرہ ماشہ گیر د
ساڑہی چار ماشہ چنے کی برابر قرص بنائین خوراک اوسکی سات گولیان ہین دیگر
خون حیض کو جو بکثرت جاری ہو بند کرتا ہے گیرو دو ماشہ رسوت دو ماشہ گوند ببول
ایک ماشہ سپیاری چھالیہ دو ماشہ پانی مین قرص بنائین ہر قرص بقدر ایکماشہ کے
دو تین قرص کھانا چاہیے — اور گیرو تنہا کھانا دو ماشہ سی بتدریج ساڑہی تین ماشہ تک
بہت مفید ہی غذا روٹی روغنی ہمراہ گوشت مرغ کی **قرص ذات الجنب** ذات الجنب
واسطے نکلنے تھوک بآسانی اور پکانے مواد کے مفید ہے نشاستہ خطمی کی بیج کتیرا
سونف ولیسی ہرایک ساڑہی دس ماشہ بنفشہ ست ملہٹی کا ہرایک تین تولہ اسبغول
کی لعاب اور بہدانہ اور السی کی لعاب مین قرص تیار کرین قدر خوراک ساڑہی دو
ہمراہ شربت بنفشہ کے **قرص ذات الجنب** سونف ولیسی کی بیج السی کی بیج
خبازی کی بیج بنفشہ کے پھول کتیرا النشاستہ خطمی کے پھول سفید
سرخ مغز بہدانہ ترنجبین کو ٹکر چھانکر عناب اور لہسوڑہ کو پانی مین تر کر
اور شیرہ نکال کر املتاس تر کرکے ملین اور صاف کرین اور کوٹی
ہوئی دواؤن کو اوسمین گوندھین اور قرص تیار کرین **قرص زرشک**
واسطے استسقاء لحمی اور طبلی کے تجربہ مین آیا ہے زرشک
بے دانہ تین تولہ گلاب کے پھول ساڑھے دس ماشہ گلمطی کے

بیجون کی گری خربوزہ کے بیجون کی گری ہر ایک ساڑھے دس ماشہ ست ملہٹی کا عصارہ غافث بالچھڑ روباس لاکھ دہوئی ہوئی عصارہ افسنتین شگوفہ اذخر شاہترہ بیج کاسنی کے بیج کشوث کے بیج ریوند خطائی زعفران طباشیر سفید ہر ایک سات ماشہ ترنجبین پونے دو تولہ کوٹکر چھانکر اور پانی مین گوندھ کر قرص تیار کرین اور ہر روز ساڑھے چار ماشہ نو ماشہ تک ساتھ شیرہ سونف رومی اور شربت دینار ڈیڑھ تولہ اور عرق اذخر عرق سونف کا ہر ایک چار تولہ کے تناول کرین **قرص ورد** استسقا کو نافع ہے گلاب کی پھول ساڑھے دس ماشہ اگر بالچھڑ سلیخہ شگوفہ اذخر دار چینی افسنتین ہر ایک ساڑھے تین ماشہ بدستور قرص بناکر ساتھ ماء الاصول کے نوش کرین غنا منا سے منقول ہے **قرص زرشک زرد** واسطے علتون گرم جگر اور پیاس اور حرارت اور زردی رنگ اور فساد مزاج گرم کے بالچھڑ لعوا دو ماشہ ریوند لاکھ اجمود کے بیج ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کاسنی کے بیج خرفہ کے بیج کھیرے ککڑی کے بیج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب کی پھول طباشیر ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ زرشک بے دانہ ہر ایک تین تولہ کوٹکر چھانکر قرص بقدر ساڑھے چار ماشہ کے بنائین قدر خوراک ایک قرص ساتھ سکنجبین اور پانی انار کے **قرص زرشک صغیر** واسطے جگر گرم اور تپ محرقہ کے مفید ہے ریوند چینی بالچھڑ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کاسنی کے بیج خرفہ کے بیج کھیرے ککڑی کے بیج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب کے پھول ساڑھے سترہ ماشہ زرشک بے دانہ ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر لعاب اسپغول مین قرص بنائین **قرص زرشک گرم** درد جگر کو کہ بسبب ردی گرمی ہو نافع ہے لاکھ دھوئی ہوئی ریوند چینی بالچھڑ عصارہ غافث سونف رومی مصطگی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زرشک بے دانہ ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر قرص بنائین اور ہمراہ جوشاندہ بزور کے دیوین **قرص زرشک لولوی** حرارت جگر کو نافع ہے اور مقوی ہے اور عفونت خلطون اور بخارات کو تسکین دیتا ہے

اور دماغ کو اثر سردی کا پہونچاتا ہے کافور چار رتی زعفران چار رتی موتی بے سوراخ
سوا دو ماشہ کاسنی کے بیج کاہو چھلے ہوئے جو کے ستو کے بیج ریوند چینی نبسلوچن لاکھ
دھوئی ہوئی ساڑھے چار ماشہ کھیرے ککڑی کے بیج میٹھے کدو کے بیجون کی گری
ہر ایک سات ماشہ گلاب کے پھول زرشک بہی دانہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹکر
چھانکر لعاب اسبغول مین گوندھین اور قرص بنائین اور سایہ مین سکھائین قدر خوراک
ساڑھے چار ماشہ ساتھ سکنجبین کے تناول کرین **قرص گل** دواے ترلف ہے
جگر اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور رطوبت کو اوسکے پاک کرتی ہے اور سدہ
جگر اور تلی کا کھولتی ہے اور بلغمی تپون کو نفع بخشتی ہے مصطگی نبسلوچن سفید ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ بالچھڑ ساڑھے دس ماشہ ملٹھی دو تولہ گلاب کے پھول تین تولہ کوٹکر چھانکر گلاب مین
قرص تیار کرین **دیگر** اول سے قوی زیادہ ہے یرقان اور سدہ جگر اور تپون مرکب اور
پرانے کو مفید ہے سونف رومی مصطگی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ بالچھڑ سات ماشہ
نبسلوچن ست ملٹھی کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ غافث ساڑھے سترہ ماشہ ترنجبین
گلاب کے پھول تین تین تولہ ترنجبین کو گلاب مین حل کرکے اور دوائین کوٹکر چھانکر
اوسمین گوندھین اور قرص بنائین **قرص گل** سدیدگا ذرونی سے تلی اور جگر کے
سدون کو نافع ہے اور سوداوی اور بلغمی تپون کو مفید ہے گلاب کے پھول ہر ایک تولہ
ست ملٹھی کا ساڑھے سترہ ماشہ بالچھڑ سلیخہ شگوفہ اذخر مکی سینے بول زعفران مصطگی ہر ایک
سات ماشہ دواؤن کو کوٹین اور مر اور زعفران کو سایہ مین بھگو کر اور باقی دواؤن کو
اوسمین گوندھ کر قرص تیار کرین **قرص ابدی** یہ قرص تالیف کیا ہوا جسکا ہے
وہ منسوب ساتھ ابد کے ہے کہ نام اوسکے شہر کا ہے یرقان سدے کو نفع عظیم پہونچاتا
ہے اور سدہ کھولتا ہے اور یرقان کو دفع کرتا ہے جس کے ساتھ تپ ہو موافق
فرماتے ہین کہ اس دوا سے بہتر موثر کوئی دوا دیکھنے مین نہین آئی مجرب اور معمول ہے
کوکب الارض سلارس زعفران ہر ایک ڈیڑھ تولہ اجمود کے بیج پوست اجمود کی جڑ کا
پوست گاجر کی جڑ کا ہر ایک سوا پانچ ماشہ گلاب کے پھول نبسلوچن کشوث کے بیج

کاسنی کے بیج ہر ایک سات ماشہ بادام تلخ مغز پستہ ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ پانی اجمود یا پانی سونف کے قرص بنائین ہر قرص ساڑہے تین ماشہ اور سایہ مین خشک کر کے ساتھ چھہ تولہ سکنجبین بزوری مع شیرہ ہاے سرد کی استعمال کرین **قرص کہربا** گرمی مزاج اور تلی کے ورم اور سب قسم کی زخمون کو مفید ہے

ریوند چینی کشوث کے بیج پوست کبر کی جڑ کا ہر ایک ساڑہے تین ماشہ گلاب کی پہول کاسنی کے بیج ہر ایک سات ماشہ کہیرے ککڑی کے بیج کدو کے بیج ہر ایک ساڑہے دس ماشہ قدر خوراک ساڑہے دس ماشہ ساتھ شربت خشخاش کے تناول کرین **قرص کہربا معتدل** تلی کو بڑہنے نہین دیتا اور ورم اور درد کو تلی کے دور کرتا ہے

ریوند چینی نیلی سوسن کی جڑ ہر ایک ساڑہے تین ماشہ نبسلوچن سوا پانچ ماشہ پوست کبر کی جڑ کا کبر کے پہول کدوی سوختہ ہر ایک سات ماشہ کاسنی کے بیج کشوت کے بیج ہر ایک سات ماشہ کہیرے ککڑی کے بیجون کی گری چھیلی ہوئی ساڑہے دس ماشہ قدر خوراک ساڑہے دس ماشہ ساتھ چھہ تولہ کاسنی کے پانی اور سکنجبین کے دیوین **قرص فنجنکشت** تلی کی سختی کو کہ ساتھ حرارت کے ہو نافع ہے کافور دو رتی لاکھ ریوند چینی ہر ایک سات ماشہ حب الفقد گلاب کی پہول نبسلوچن خرفہ کے بیج خربوزہ کے بیجون کی گری کدو کی بیجونکی گری کاسنی کے بیج ہر ایک پونے دو تولہ قدر خوراک ساڑہے تین ماشہ ساڑہے چار ماشہ تک ہمراہ سکنجبین بزوری کے اور واسطے بچون کے پونے دو ماشہ دیوین **قرص زرشک** گرمی جگر اور تپون گرم کو نافع ہے بالچھڑ پونے دو ماشہ ریوند ساڑہے تین ماشہ گلاب کے پہول سات ماشہ خرفہ کے بیج کاسنی کے بیج کہیرے ککڑی کی بیجون کی گری ہر ایک ساڑہے دس ماشہ عصارۂ زرشک تین تولہ قدر خوراک سات ماشہ ساتھ سکنجبین اور پانی انار کے اور کہانسی ہو پوست ملہٹی کا پونے دو ماشہ گوند ببول کا نشاستہ کتیرا ہر ایک ساڑہے تین ماشہ اضافہ کرین اور ساتھ شربت بنفشہ کے دیوین **قرص کبر** پوست کبر کی جڑ کا چھوئی مائین عصارۂ غافث گلاب کے پہولون کی کلیان ہر ایک ساڑہے تین ماشہ

حب الفقد تخم فنجنکشت
بسبب سنبہالو کے کہنی ہی
اور فقد بمعنی گم کرنے کے
چونکہ یہ تخم نسل کو گم کرتی ہے
لہذا اس نام سے موسوم ہے ۱۲

کاسنی کے بیج چھیلے ہوئے خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے ہر ایک تین تولہ نیلوفر کے پھول
بنفشہ کے پھول کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری کاہو کے بیج چھیلے ہوئے ہر ایک
سات ماشہ زعفران کافور قیصوری ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر ترنجبین تین تولہ کو
گلاب مین حل کرکے اور صاف کرکے قوام دیوین اور باقی دواون کو گوندھ کر قرص
بنائین **قرص سرد** پیشاب کو جو کثرت سے جاری ہو نافع ہے اور سلسل البول کو
مفید ہے ریوند چینی دو ماشہ چھہ چاول صندل سرخ بلوط کے بیج صندل سفید ہر ایک
ساڑھے چار ماشہ کاہو کے بیج پوست سماق خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے خشخاش کے بیج
گوند ببول کا نشاستہ کتیرا ست ملٹھی کا ہر ایک سات ماشہ گیرو گلاب کے پھول
اقاقیا گلنار مسور دھوئی ہوئی طباشیر سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹکر چھانکر
ساتھ لعاب اسبغول کے قرص تیار کرین **قرص سرد** حیض کو کھولتا ہے اگر مزاج
گرم ہو کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری خربوزہ کے بیج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
روناس مشکطرامشیع کہ ایک قسم پودینہ کی ہے دو قو سکبینج سات ماشہ قرص بنائین
قرص ہزور جرب مثانہ کو نافع ہے اجوائن خراسانی ساڑھے تین ماشہ کدو کے
بیجون کی گری خطمی کے بیج میٹھے بادام کی گری کتیرا نشاستہ ست ملٹھی کا خشخاش
سفید کے بیج گیرو اجمود کے بیج ہر ایک سات ماشہ ککڑی کے بیجون کی گری خربوزہ
کے بیجون کی گری ہر ایک سات ماشہ اسبغول کے لعاب مین قرص بنائین
قرص ذیابیطس کافور پونے دو ماشہ اقاقیا گوند ببول کا صندل سرخ صندل
گلنار ہر ایک سات ماشہ دھنیہ کے بیج بھونے ہوئے گلاب کے پھول گیرو ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ طباشیر ست ملٹھی کا ہر ایک تین تولہ خرفہ کے بیج چار تولہ ساڑھے
چار ماشہ کاہو کے بیج چھہ تولہ قرص بنائین تین قرص ساتھ پانی انار ترش یا گلاب کے
دیوین اور دوسرے نسخہ مین وزن گیرو کا سات ماشہ لکھا ہے **قرص کاکنج**
بول اور زخم گردہ اور مثانہ کو مفید ہے خشخاش سفید کے بیج ساڑھے دس ماشہ
گوند ببول کا کتیرا چودھ ماشہ خرفہ کے بیج کھیرے ککڑی کے بیج خطمی خبازی کے بیج مغز

ست ملٹھی کا نشاستہ ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ خربوزہ کے بیجون کی گری ملٹھی کدو کے بیجون کی گری ہر ایک ساڑہے تین ماشہ کا کنج پہاڑی تین تولہ اور بعضے نسخہ مین افیون ساڑہے تین ماشہ بھی اضافہ کی گئی ہے **قرص ماسک البول** گرمی کی سبب سے جو بہت کثرت سے پیشاب جاری ہوا وسکو بند کرتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے بڑی مائین لبان ذکر اقاقیا ہر ایک ساڑہے تین ماشہ کابلی ہڑ کا بھونا ہوا اور گائی کے گھی مین چرب کیا ہوا ساڑہے چار ماشہ دھینہ کے بیج بھونے ہوئے سوا پانچ ماشہ گلنار گیرو گلاب کی پھول مسور سرخ ہر ایک سات ماشہ بلوط کے بیج مورد کے بیج ہر ایک ساڑہے دس ماشہ کوٹکر چھانکر قرص بنائین اور ساتھ رب کی استعمال کرین

فصل تیسری اون قرصون کی بیان مین ہی جو خارج بدن پر بطریق طلا استعمال کیئے جاتے ہین

قرص صندل منقول شرح اسباب و علامات سے درد سر گرم کو نافع ہے جو بسبب غذاؤن اور دواؤن گرم کے حادث ہوتا ہے رسوت نیلوفر کے پھول ماميثا کاہو کے بیج صندل انزروت اقاقیا برابر وزن کوٹکر چھانکر ساتھ پانی ہرے دھینہ کے قرص تیار کرین **قرص مثلث** درد سر اور در دنیمہ سر اور مرض سہر یعنے افراط بیداری کو نافع ہے افیون مصری مر یعنی بول لادن کافور زعفران اجواین خراسانی پوست تفاح کی جڑ کا ہر ایک سات ماشہ کندر انزروت ہر ایک اور بعضے نسخہ مین گیرو ساڑہے سترہ ماشہ لکھا ہے کوٹکر چھانکر اور گلاب مین پیسکر اور کاہو کے پانی مین ملاکر قرص سہ گوشہ تیار کرین اور وقت حاجت کے گلاب یا دھینہ کے پانی یا کاہو کے پتون کے پانی یا سرکہ یا پوست خشخاش کے پانی اور مانند اوسکے اور مناسب چیزون کے ساتھ پیسکر پیشانی اور کنپٹیون پر طلا کرین اور ورد ہر سردمین ساتھ پانی دونا مرد کے استعمال کرین اور یہ قرص ورم گرم پر بھی ضماد کر سکتے ہین **قرص مثلث** مخترع حکیم علی واسطے سب قسمون درد سر کے مفید ہے صندل شیاف ماميثا رسوت ایلوا گوند ببول کا ہر ایک ساڑہے چار ماشہ بوش و ربندی کا ہد کے بیج اسپغول ہر ایک ایک تولہ کافور اجواین خراسانی

گوند درخت سرس کا ہر ایک ۲ تولہ افیون تین تولہ دواؤن کو باریک کوٹین اور ساتھ
پانی دھنیہ تر اور گاہی سے موت سے گوندھ کر قرص بنائین اور سرکہ یا روغن گل مین
طلا کرین **قرص منوم بارد** یعنے قرص نیند لانے والا کاہو کے بیج خشخاش یا قلا
خرفہ کے بیج کا کنج ہر ایک ساڑہے تین ماشہ افیون برابر دو جو کے کوٹکر چھانکر لعاب مین
گوندھین اور قرص بنائین یہ ایک دفعہ کے لگانے کا ہے بخوبی نیند لاتا ہے
اور مزاج اوسکا سرد ہے **قرص منوم** جو اوپر عضو دردناک کی طلا کرین درد کو تسکین
بخشتا ہے اور اوسی وجہ سے واسطے دفع بیخوابی کے مددگار ہے افیون جوان
خراسانی مُر یعنے بول زعفران پوست ترنج کو ٹکر چھانکر قرص بنائین اور پانی مین
حل کرکے کنپٹیون پر طلا کرین واسطے نیند لانے کے اور عضو دردناک پر لیپ کرین
واسطے تسکین درد کے **قرص مثلث مطلق** مسمی بقرص قرحہ عالمگیری قرحہ
سخت سوداوی کو نافع ہے ملک ہندوستان مین یہ قرحہ بہت کثرت سے ہوتا ہے
اور ساتھ نام قرحہ عالمگیری کے مشہور ہے۔ نیلہ تھوتھ مغز بیل کتھ کہ پان کی ساتھ
کھاتے ہین تینون دوائین برابر وزن کوٹکر چھانکر سہ گوشہ قرص بنائین **قرص سعفہ**
امین الدولہ سے منقول ہے واسطے گنج سر اور داد اور ورمون سرد اور درد سر بلغمی
کے نہایت آزمایا ہوا ہے ہلدی بادام تلخ ہر ایک ایکجزو گوگل دو جزو گوگل کو تیز
رات دن سرکہ مین بھگو کر قرص بنائین اور ساتھ پانی کاسنی اور روغن گل اور
سرکہ اور مثل اوسکے اور مناسب چیزون کے ساتھ ضماد کرین **قرص کلف**
جھائی اور برش اور نملہ کو نافع ہے بعد استفراغ مواد کے ساتھ جوشاندہ ہڑ اور
افتیمون اور مارالجبن کے۔ اشق گوگل ہر ایک سات ماشہ نا دریون چودھ ماشہ
راتی سفید تین تولہ گوگل اور اشق کو پانی مین حل کرین اور دوائین اوسمین
گوندھ کر قرص بنائین اور وقت حاجت کے سرکہ مین پیسکر طلا کرین ؛

باب دوسرا قطورات مین ہے دو فصل پر شامل ہے **فصل پہلی**

اون قطورات مین ہے جو آنکھ اور کان اور اعضا سے سواے اعضاے [illegible]

برش نقطہای خورد سیاہ ہوتے ہین اور اکثر منہ پر عارض ہوتے ہین فارسی اوسکی کنجد کک ہے ۱۲

نملہ پھنسیان [illegible] مین حادث ہوتی ہین [illegible] صفرا سے حرارت لطیف سے ۱۲

نا دریون ایک درخت ہے [illegible] سماق سے [illegible] ہوتا ہے ۱۲

متعلق ہین **قطور** واسطے سب قسم کے زخمون اور درد دن کان کے نافع ہی
تنتر سارسے ہے چار ماشہ عصارہ خشخاش گندہ بیروزہ ہر ایک نو ماشہ کندر نطرون ہر ایک
ساڑہے ماشہ زعفران ڈیڑہ تولہ بادام چھیلے ہوئی گری ہبین عدد سبکو کوٹکر سرکہ اور
گلاب مین قرص بناتین واسطے درد کے ساتھ روغن گل کے اور واسطے ثقل کر
سرکہ مین حل کرکے ٹپکاتین **قطور** واسطے کان کے درد کے کہ گرمی سے ہو
سرکہ تین تولہ روغن گل پونے دو تولہ روغن بادام شیرین سارسے ہے سترہ ماشہ نرم آگ پر
پکاتین یہان تک کہ سرکہ جلجاتے اور روغن باقی رہے نیمگرم کان مین ٹپکاتین اور
واسطے کان کے درد کے کہ بسبب حرارت کی ہو افیون سارسے ہے تین ماشہ شیاف ابیض
سرکہ پرانا کہ ہر ایک ساڑہے دس ماشہ روغن گل چودہ ماشہ باہم ملاکر کان مین ٹپکاتین
دیگر پانی مولی کا پانی پیاز کا جوش دیکر کان مین ڈالین دیگر قطرات نعناع تازہ
شہد کے پانی مین ملاکر یہی فعل کرتے ہین اور مومیائی روغن گل مین بھی نافع ہی
واسطے گرانے سامعہ کے دیگر واسطے درد کان کے کہ ساتھ ریم کے ہو مفید ہے
پیشاب بچہ نابالغ کا پوست انار مین گرم کرین اور ٹپکاتین دیگر کان کے پرانے
زخم اور میل کو اوسکے مفید ہے انزروت ایلوا اسمندر جھاگ جو اکھاڑ بیخ الاخوین
کندر مکی زنگار خبث الحدید کوٹکر چھانکر اور سرکہ مین حل کرکے کان مین ٹپکاتین
اور بعد ایک ہفتہ کے ساتھ ماء العسل یعنے شہد کے پانی کے دھووین دیگر
ایک عدد حباحب کہ ایک جانور ہے مانند بڑی مکھی کے جسوقت رات کو اوڑتا ہی
تو مانند آگ کی چنگاری کے چمکتا ہے اوسکو ہندی مین جگنو کہتے ہین پس اوس
جانور کو روغن گل مین پیسکر کان مین ٹپکانا خشک کرتا ہے کان کے پیپ کو
دیگر واسطے بہنے خون کے کان کے اندر سے ایک عدد انار سرکہ مین گوندھین
اور پکاتین کہ مضمحل ہوجاتے پس صاف کرین اور قدرے کان مین ٹپکاتین
دیگر کیڑون کو قتل کرتا ہے خواہ باہر سے کان مین آگئے ہون خواہ اوسی جگہ
پیدا ہوتے ہون تیل آڑو کی گٹھلی کا ہمراہ گائے کے تپہ کے قطور کرین دیگر

طرفہ کو نافع ہی گیرو سرکہ مین گوندھین اور طرفہ صاف کرکی قدری پانی عصی الراعی کا اوسپر
ڈالکر آنکھ مین ٹپکائین دیگر ناخنہ کو دور کرتا ہی مکون یعنی زیرہ چباکر اور روغن تیون مین
ملاکر آنکھ مین ٹپکائین **باب تیسرا قیروطی** یعنے موم روغن کی نسخو نمین چار فصل ہین پہلی
ہی **فصل پہلی** قیروطی مین جو سر اور دماغ اور پٹھونکو مفید ہی **قیروطی** یعنی موم روغن
واسطے سرسام کی مستعمل ہی وقت گھٹنے مرض کی بابونہ سوا دو ماشہ پوست خشخاش ساڑہی چار ماشہ
خطمی کی پھول سفید بنفشہ کی پھول نکوہ ہنسراج ملٹھی بہدانہ ہر ایک نو ماشہ پانی مین جوش دیکر
اور صاف کرکی چربی بکری کی گردہ کی پونی نو تولہ پگھلاکر اور صاف کرکی جوشاندہ مذکور مین
اضافہ کرین پس ان سکو روغن بابونہ نو ماشہ روغن بنفشہ ساڑہی تیرہ ماشہ روغن کدو
پانچ تولہ ساڑہی سات ماشہ مین ڈالکر صاف کرین اور اس قدر جلائین کہ پانی سب
جلجاوی تو بعد اوسکے سفیدہ کاشغری دھویا ہوا ساڑہی چار ماشہ داخل کرکی حل کرین اور
مقام درد اور ورم پر تمریخ کرین **قیروطی** مجرب واسطے جوشش سر کی ایک ترنج مین سوراخ
کرکی نچوڑین کہ بعض رطوبت اوسکی ٹپکی اوسمین برگ چقندر تازہ بھرکر تل کی تیل مین ملایم آگ پر
پکائین کہ ٹھہرا ہو جاوی بعد اوسکی ہاون نرم مین کوٹین دوسری مرتبہ ملایم آگ پر پکاکر قدری
موم سفید اضافہ کرین اور موم روغن بنائین اور جوشش سر پر مالش کرین **قیروطی**
بیبسی کو مفید ہے موم روغن بنفشہ یا روغن کدو اور خبازی کی پتونکی پانی اور خطمی
کی پتونکی پانی اور میتھی کی لعاب اور السی کی لعاب اور مرغ کی انڈیکی سفیدی مین بدستور
موم روغن مرتب کرین **قیروطی** واسطے کزاز اور تمدد امتلائی کی بعد تنقیہ کی کام آتا ہی
واسطے تحلیل بقیہ مادہ عضلات اور پٹھون اور تقویت اعضا کی اثر عظیم بخشتا ہی چربی شیر کی
چربی سرخ بکری کی ہر ایک دو تولہ دس ماشہ عنبر اشہب مومیائی وارکی ساڑہی چار ماشہ
نیلی سوسن کی روغن یا روغن بابونہ پانچ تولہ آٹھ ماشہ مین زراوند مدحرج اقحوان فاشرا کی جڑ
کوٹھ دریائی ہر ایک سترہ ماشہ کو ٹکر چھانکر اور باہم گوندھکر ہاون مین حل کرین
کہ الگذات ہو جاوے **قیروطی** واسطے بردہ اور شعیرہ کے
نافع ہے جاوشیر اشق قنہ راتینج گوند درخت بطم کا سکو گاد مین روغن زیتون

اور سر کو مین حلکرین اور موم روغن مین داخل کر کے مثل مرہم کے بناکر استعمال کرین
قیروطی ناک کی پھنسیون کو مفید ہے موم سفید کو روغن مورد اور روغن گل مین پگہلا کر
اور سرکہ داخل کر کے ہاون کے اندر دستہ سے ملین کہ یکذات ہو جاتے **فصل دوسری**
اون نسخو نمین قیروطی کے ہی جو سینہ اور بیماریون سینہ اور حجاب وغیرہ کو مفید ہے

قیروطی واسطے ذات الجنب کی حکیم ہادی سے منقول ہے بنفشہ کی پھول
مکوہ خشک کھٹی باقلا کا آٹا بابونہ کے پھول کتیرا بہدانہ خطمی کے پھول نیلوفر کے
پھول ہر ایک ساڑھے چار ماشہ سبکو پانی مین پکاکر صاف کرین بعد اوسکے پانی کاکنگ
پانی تراشہ کدو کا پانی برگ کرنب کا ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ اور پانی خیار
اضافہ کر کے روغن کدو اور روغن بنفشہ ہر ایک پونے چار تولہ چربی بکری کے گردہ کی
ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ موم سفید نو ماشہ ملایم آگ پر پکاتین کہ پانی سب جل جاتی
بعد اوسکے مغز بنولہ خربوزہ کے بیجون کی گری تربوز کے بیجون کی گری ککڑی کے
بیجون کی گری میٹھے کدو کے بیجون کی گری ہر ایک ساڑھے چار ماشہ خوب باریک
کر کے سفیدہ کاشغری ملاکر بدستور مرہم تیار کر کے ضماد کرین **دیگر قیروطی** واسطے ذات الجنب
اور شوصہ کو نافع ہے بنفشہ کے پھول اکلیل الملک خطمی کے بیج خطمی کے پھول
جو بیج چھیلے ہوتے پوست خشخاش سبکو کوٹکر اور پانی مین پکاکر صاف کرین بعد اوسکے
روغن بنفشہ موم سفید سفیدہ کاشغری کتیرا کو ٹکر چھانکر اوسمین داخل کرین اور موم روغن
بناکر کتیرا اور سفیدہ کو بعد تیار ہونے کے ملاتین **قیروطی** واسطے سینہ کی جلن
کے ساتھ تپ کی ہو یا بغیر تپ کو مفید ہے موم سفید دھویا ہوا روغن گل مین پگھلاتین
پسین ککڑی کا پانی اور کدو کا پانی اور خرفہ کے پتون کا پانی بقدر حاجت اوسمین ملاتین
اور کف مال کرین کہ اچھی طرح ملجاتے ایک کپڑا اوسمین تر کر کے اور برف سے سرد
کر کے سینہ پر رکھین **قیروطی** واسطے ذات الجنب اور ذات الریہ اور ذات الصدر کے
مجرب ہے موم سفید ساڑھے چار ماشہ کتیرا کوٹا ہوا ساڑھے چار ماشہ روغن بنفشہ ایک تولہ
ساڑھے دس ماشہ اور جو بنفشہ موجود نہو تو روغن کدو مین قیروطی تیار کرین **قیروطی**

ذات الریہ ورم پھیپھڑہ کا ہے ١٢

ذات الجنب کی مواد کو پکاتا ہے بنفشہ بھوسی گیہون کی آٹا جو کا آٹا باقلہ کا آٹا بابونہ
خطمی کے پھول اکلیل الملک کوٹکر چھانکر روغن اور موم مین کہ روغن بنفشہ
اور روغن کدو سے بنایا ہو ملاکر جنب علیل پر ملین اور جو مواد قوی ہو اور گاڑہا اور لزج
ہو یعنے دیر مین پکنے کے قابل ہو تو السی کے بیج میتھی کے بیج اور کرنب کا پانی
کرین قیروطی ذات الجنب ملتہب لینے درد پہلو سوزش ناک کو تسکین دیتا ہے
موم کو روغن بنفشہ مین گھلادین اور ساتھ پانی بید کے پتون اور تراشہ کدو کے
تصفیہ دیکر اور کپڑا ڈوبا ہوا ترکر کے سینہ اور پہلو پر رکھین قیروطی اور واسطے
ذات الجنب اور ذات الصدر کے نافع ہے جسوقت پہلو یا سینہ مین خشکی
اور تپ مین کمی واقع ہوتی ہو پانی تراشہ کدو کا پانی تربوز کا پانی بنفشہ کے پتون
ہر ایک ایک جزو کو ٹکر چھانکر خبازی کے پتون کا پانچ جزو موم سفید اور روغن بنفشہ
بقدر حاجت موم روغن کو آگ پر رکھکر ان پانیون سے ترکرین اور استعمال فرماوین
قیروطی واسطے تسکین حرارت دل اور دفع سوء مزاج گرم دل کے نافع ہے
موم صاف کو روغن گل مین پگھلاتین اور ہاون مین کرکے پانی خرفہ یکدو پانی کگڑی
اور گلاب سے ترکرین اور قدرے صندل اور قدرے کافور داخل کرکے قیروطی
بناتین قیروطی اخضر سوء مزاج خشک کو نفع دیتا ہے موم سفید کو روغن
بنفشہ اور روغن کدو مین پگھلاتین اور کدو کے پانی اور کاہو کے پانی مین کف مال
کرین اور سینہ پر رکھین قیروطی واسطے سختی معدہ کے نافع ہے گلاب کی پھول
سوا دو ماشہ مصطگی ایلوا اٹہا چرائتہ افسنتین عصارہ غافث افتیمون نو رتی موم
اور روغن ناردین مین بدستور مرتب کرین فصل تیسری اون نسخون مین
قیروطی کے ہے جو مقعد اور رحم کی بیماریون کو نافع ہین قیروطی آزمایا ہوا ہے
واسطے ریاح مقعد اور رحم کے منقول جالینوس سے پانی گندنا کا تین تولہ چار ماشہ
سولی کے بیج بھونی ہوئے سات ماشہ گوگل تین ماشہ گلنار افیون عصارہ لحیۃ التیس
ہر ایک دو ماشہ سبکو کوٹکر چھانکر گائے کے گھی آٹھ ماشہ اور مرغابی کی چربی دس ماشہ

ملاکر اور گندنا کے پانی مین دواؤن کو پگھلا کر جوش دین کہ پانی جلجائے بعد اوسکے دوائین کو نگر چھانکر اوسمین ملائین **فصل چوتھی** اون نسخون مین قیروطی کے ہے جو جلدی بیماریون سے علاقہ رکھتے ہین **قیروطی** واسطے پھٹنے ہاتھ پاؤن کی کہ بسبب سردی موسم کے پھٹتے ہون نافع ہے پانی کرنب کا پانی چقندر کا پانی شلغم کا ہر ایک دو تولہ دس ماشہ موم سفید چربی بکری کی گردہ کی روغن بابونہ ہر ایک ایک سیر قیروطی بدستور پکا کر ہاتھ اور پاؤن چرب کرین **قیروطی** واسطے پھٹنے ہاتھ پاؤن اور شق ہوجانے جلد چہرہ اور کھرکھراہٹ کی مفید ہے کتیرا زوفا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ موم سفید ساڑھے دس ماشہ روغن بادام تین تولہ موم کو گرم کر کے ساتھ لعاب کتیرا اور زوفاے تر کے حل کر کے ہاون مین ملین **قیروطی** شق ہونے عضو کو اندمال کرتا ہے اور سبوسہ ہر ادواد کو دور کرتا ہے آزمایا ہوا ہے پانی چقندر کا پانی شلغم کا پانی برگ کرنب کا لعاب خطمی کی پھولونکا پانی بنفشہ کا ہر ایک دو تولہ چار ماشہ موم سفید دو تولہ چار ماشہ روغن گل گیارہ تولہ آٹھ ماشہ بدستور قیروطی یعنے موم روغن بنائین **قیروطی** آتشک کو نافع ہے موم سفید ساڑھے دس ماشہ گاے کا گھی ساڑھے ستره ماشہ چربی بکری کی گردہ کی پونے دو تولہ سیماب یعنے پارہ ڈیڑھ تولہ ساتھ قدرے مہدی کے پانی کی کف مال کرین جسوقت سب دوائین ملکر خوب یکذات ہوجائین تین حصہ کر کے ہر روز ایک حصہ تمام بدن پر ملین **باب چوتھا** اون نسخونکی بیان مین ہے جو بلفظ قہوہ لکھے جاتے ہین **قہوہ مجرب** حکیم حیدر علی سے منقول ہے سنارکی کوٹی ہوئی نو ماشہ دو شیشہ گلاب مین خوب جوش دیکر پیتے ہین کہ طبیعت کو بآسانی ملایم کرتا ہے اور مسہل نیک ہے دو تین دست کھلکر آجاتے ہین اور جو گلاب موجود نہو تو گلاب کی پھولون کی پتی ڈالکر جوش دین کسواسطے کہ پھول مصلح سنا کے ہین **حرف الکاف** پنچ باب پر شامل ہے **باب پہلا** کحل مین دو فصلین ہین **فصل پہلی** اون نسخون مین کحل کے ہے جو مقوی بصر ہین کہ قوت روح کو اور جلا

آنکھ کو دیتے ہین اور روشنی آنکھ کی بڑہاتے ہین **فصل دوسری** اون نسخون مین کحل کے ہے جو آنکھ کی بیماریون کو مفید ہین **باب دوسرا** گلقند کی قسمون مین ایک فصل رکھتا ہے گلقند آفتابی اور ماہتابی اور مسہل اور غیر مسہل مین ہے **باب تیسرا** گلکلانج کی قسمون مین سرد اور گرم اور معتدل ایک فصل پر شامل ہے **باب چوتھا** کماد کے نسخون مین ہے یعنے سینک دینے مین تین فصلین اوسکی ہین **فصل پہلی** اون نسخو نمین کماد کے ہے جو سر اور حجب دماغ کی بیماریون مین مستعمل ہین **فصل دوسری** اون نسخون مین کماد کے ہے جو اور اعضا کی بیماریون سے علاقہ رکھتی ہین مانند ذات الریہ اور قولنج اور درد معدہ سرد ریحی **فصل تیسری** اون نسخون مین کماد کے ہے جو اعضاء تناسل کی بیماریون کو فائدہ دیتے ہین **باب پانچوان** کرلی کی قسمون مین دو فصل رکھتا ہے **فصل پہلی** کہونی مسہل مین **فصل دوسری** کہونی سادہ مین **فصل پہلی باب اول سے** کحل مین ہی جو نگاہ کو طاقت دیتا ہے اور روح باصرہ کو قوت اور آنکھ کو جلا اور روشنی بخشتا ہے **کحل شاہجہان بادشاہ** منقول بیاض والد مولف سے کہ حضرت اعلی خود استعمال فرماتے تھے کافور چار رتی ڈیڑہ چاول زعفران تیجپات مشک خالص ہر ایک ساڑہے چار ماشہ موتی بے سوراخ نو ماشہ میل چاندی گلاتی ہوتی کا میل سونے گلاتے ہوتے کا ہر ایک سوا دو ماشہ سونا مکھی توتیا کرمانی ہر ایک تین تولہ سرمہ اصفہانی ساڑہے چار تولہ اس طریق سے پیسین کہ سرمہ اور موتی اور دونون اقلیمیا یعنے میل سونے چاندی گلگ اور مارقشیشا یعنے سونا مکھی ہر ایک کو علحدہ علحدہ سنگ سماق پر منیہ کے پانی مین کھرل کرین پھر اور دوائین بھی باریک مثل غبار کے پیسکر اور باہم ملاکر کانچ کے برتن مین نگاہ رکھین **کحل الجواہر** سرمہ اصفہانی مدبر یاقوت سرخ یاقوت زرد آبنوس تیجپات توتیا کرمانی گدہی کے دودھ مین بھگویا ہوا اور پیسکر سکھایا ہوا سمندر جھاگ ہر ایک دو ماشہ مامیران چینی ایک ماشہ توتیا ہندی چار رتی کاجل گاے کے گھی کا پانچ ماشہ دھنیہ فرنگ اٹھ میل سونے گلاتے ہوتے کا بدستور

مقرر کرین **کحل** واسطے تقویت بصر کے عجیب الاثر ہے اور آنکھ کی بیماریونکو
نافع سرمہ تدیہ تولہ موتی بے سوراخ دو تولہ مونگے کی جڑ ایک تولہ تین ماشہ مامیران چینی
چھ ماشہ سونے کے ورق چار ماشہ سوائے ورقون کے سبکو باریک کرکے
ہڑکے پانی مین چار روز کھرل کرین پانچوین روز ورق بھی اضافہ کرین اور سنگ سماق
یا حماق پر گلاب ڈالکر کھرل کرین اور کانچ یا چینی یا سونے کے برتن مین نگاہ رکھین
کحل روشنی آنکھ کی زیادہ کرتا ہے اور آنکھ کی سب بیماریون کو دور کرتا ہی مرچ کالی
سولہ عدد چنبیلی کی کلیان پچاس عدد تل کے پھول اسی عدد علیحدہ علیحدہ خوب
پیسین اور گرد و غبار ملنے سی لحاظ رکھین پھر اکٹھا کرکے دو سلائی صبح کے وقت
آنکھ مین لگائین **کحل دیگر** کہ جواہر خان کے گھر مین تیار ہوتا تھا سرمہ جسقدر چاہین
کوئلہ پر رکھکر آگ دیوین کہ خوب ہو بجائے پس سرد کرکے سترہ گلہ بز مین ڈالکر
پکائین بعد اوسکے سترہ کدو ہی تازہ شیرین مین کہ بیج نکالے ہون ڈالکر پکائین
کہ مہرا ہو جائے پھر چالیس دن گلاب مین کھرل کرین اور استعمال فرمائین +
کحل اکبر آنکھ کی صحت کو نگاہ رکھتا ہے اور علت کو اوسکی دور کرتا ہے سرمہ
توتیا سونا مکھی اقلیمیا ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ **کحل مجرب** واسطے مرض حول کی
مجربات شیخ الرئیس سی شیاف مامیثا سات تولہ زعفران افیون خالص ساڑہی تین تولہ
فیلزہرج ایک قرصہ عصارہ اجواین خراسانی سفید پونے دو تولہ گلاب کے
پھولون کی پتی تازہ گیارہ تولہ آٹھ ماشہ گوند ببول کا چودہ تولہ سب اجزا برابر کوٹین
اور چندروز مینہ کے پانی یا اکلیل الملک کی پانی مین ورنہ ہمراہ پانی خالص یا پانی
جوش کیے ہوئے کی خوب باریک پیسین اور بطریق گولی بناکر نگاہ رکھین بوقت
حاجت کی پتھر یا تانبہ یا سیب کی اوپر ساتھ پانی سرد یا ساتھ دودھ عورت یا سفیدی
انڈے کی پیسکر سلائی سے آنکھ مین لگائین آزمایا ہوا ہے اور اسرار الاطبا سے ہے

فصل دوسری اون نسخون مین کحل کے ہی جو آنکھ کی بیماریون کو مفید ہے

کحل شروع نزول مین کام آتا ہے ہر قسم کا نزول اس سے دفع ہو جاتا ہی

صابون لاہوری قسم اول ساڑھے ستُرہ ماشہ رال ساڑھے ستّرہ ماشہ نیلہ تھوتھہ تین ماشہ
ایک تی اول صابون کو ریزہ ریزہ کرکے دیگدان پر رکھین کہ گُھل جاوے بعد اوسکے
رال نیلہ تھوتھہ کو خوب پیسکر اوسمین ڈالین اور لوہے کی میخ سے ہلائین کہ سرمہ کا رنگ
پیدا کرے آگ پر سے اوتارین اور وقت حاجت کی قدرے بقدر ارکنجد کے پانی مین
پیسکر آنکھ مین لگائین ایک وزدرمیان دیگر عمل کرین اور ترشی اور بادی اور تیز
غذا سے احتراز کرین مگر جس دن آنکھ مین لگائین ہوا اور پانی سے بچین کحل دیگر
بعض معتمد طبیبون کی کتابون مین تعریف اسکی بہت لکھی دیکھی ہے ابتداء نزول مین
عجیب لا اثر ہے لیکن ہمیشگی سے بعد مدت کے اثر کرتا ہے بنولہ جلاتے ہوتے
راکھ مینڈک دریائی کی بدستور تیار کرین کحل دیگر والد مولف کے مجربات سے ہے خاصیت
عجیب رکھتا ہے منع نزول اور تحلیل نزول کے پانی مین ہمیشہ معمول ہے اور مولف
نے بھی باضافہ بعض اجزا اسمین تصرف کیا ہے موتی سنے سوراخ سرمہ سونا مکھی
مکلس پوست کابلی ہڑ کا کالی مرچ مشک چاندی کے ورق بدستور سرمہ تیار کرین
کحل سہل الوجود واسطے نزول پانی کے مجرب اور معمول مولف ہے سونف کے
درخت کو کہ بار آور ہووے اور ہنوز تخم اوسکا پختہ نہوا ہو جڑ سے اوکھاڑ کر اور
گھاس اور کوڑی سے پاک کرکے سایہ مین سکھائین جسوقت خوب خشک ہو کر
قابل پیسنے کے ہو جاتے ساتھ جڑ اور پھل اور برگ اور شاخ کے کوٹکر چھانکر نہایت
باریک پیسین اور ہر روز آنکھ مین لگائین اور اگر تازہ درخت سونف کا کوٹکر
شیرہ نکالین اور شیرہ کو چینی کے برتن مین سایہ مین سکھا کر سرمہ کی طرح آنکھ مین
لگائین تب بھی بہتر ہے اور وقت استعمال کے برگ صعتر تازہ یا خشک کا گلقند بنا کر بقدر تحمل
تناول فرمائین کحل ابتداء نزول مین مستعمل ہے پہلے قدح سے مجربات طبری سے
سونا مکھی کہ خاکستر ہو گئی ہو اور کاجل کوزہ کاسنی پیل سوز کے گلائے ہوتے کا
ہر ایک ایک جزو کالی مرچ نیم جزو سبکو باریک پیسکر اور شراب عتیق مین ترکر کے
باریک کرین اور کپڑے مین چھانکر استعمال کرین کحل باسیران جسنی اکثر موتی بدستور ہم

دو جزو مونگا تین جزو سرمہ اصفہانی لونگ کا فور قیصوری زعفران قدری باریک پیسکر آنکھ مین لگاتین چند روز متواتر کحل حکیم گیلانی نے واسطے نزول کو اختراع کیا ہے اور بہت مجرب ہے توتیا کرمانی مازوی سبز برادہ تانبہ کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ سرمہ اقاقیا قلقطار سفیدہ کاشغری تانبہ بنانے والون کی چھت کا کاجل ہر ایک سوا پانچ ماشہ سکو مثل غبار کے پیسکر ہر روز دو بار آنکھ مین کھینچین نافع اور مجرب ہے کحل مرارۃ الثور یعنے کحل بیل کے پتہ کا کہ شیخ الرئیس نے واسطے نفع ابتداء نزول کے تعریف اوسکی بہت لکھی ہے چنانچہ فرماتے ہین ممانیفع من ابتداء نزول الماء ان یوخذ مرارۃ ثور شاب صحیح البدن فیجعل فی اناء النحاس و ترکت قریب من عشرۃ ایام الی سبوعین ثم یوخذ من المر والزعفران المسحوقین ومن المراۃ السلحفات الزبر من دہن بلسان من کلواحد درہمین یخلط الجمیع ویکحل بہ والیضا من النحریق جزء ومن الحلتیت جزء ومن السکبنیج خمس وعشر جزء یتخذ شیاف ویکحل یعنے اون چیزون سے جو ابتداء نزول مین نفع دیتی ہین یہ ہے کہ طلب کیا جا پتہ بیل جوان صحیح البدن کا اور رکھا جاسے تانبہ کے برتن مین اور چھوڑا جاتی دس دن یا چودہ دن تک پھر لیا جاتی مُر اور زعفران کہ دونون پیسے ہوتے ہون اور پتہ کچھوے کا کہ گھلایا ہو روغن بلسان مین ہر ایک ساٹ ماشہ اور ملایا جاتے سکو اور لگایا جاتے آنکھ مین اور نیز کنگی سے ایک جزو ہینگ سے ایکجزو سکبینج کہ ایک گوندھے پندرہ جزو شیاف بنا کر استعمال کرین کحل کہ ایک شخص انفی بمبالغہ تمام رکھتا تھا واسطے نفع اس کحل کے اکثر آنکھ کی بیماریون کے لیے یہان تک کہ نزول کو بھی نافع ہے کالی مرچ نیلہ تھوتھہ ہر ایک دو جزو کوئلہ پرانی لکڑی کے چار جزو نیلہ تھوتھہ نیز سوختہ کھرل مین ڈالکر پیسین اور دو وقت آنکھ مین لگائین کحل دمعہ ڈھلکہ کے مرض کو نہایت مفید ہے ہڑ کو گوندھے ہوتے آٹے مین لپیٹکر اور اینٹ پر رکھکر تنور گرم مین ڈالین کہ اوسکا سرخ ہو جاتے اوسمین سے ہڑ نکالکر اوسکا پوست اوسکا اوتار کر اور قدر ہے زعفران ملا کر باریک پیسین اور استعمال فرمائین اور بعضون نے وزن زعفران کا اس نسخہ مین

چار رتی ڈیڑہ چاول تجویز کیا ہے **کحل دیگر دمعہ** یعنے ڈھلکہ کو مفید ہے توتیا
دس ماشہ سات مرتبہ گلاب مین بجھاوین اور ہڑ زرد ایلوا ہر ایک چار ماشہ کالی ہڑ
بہیل ہر ایک چار رتی بدستور کحل تیار کرین **کحل دمعہ** یہ بھی ڈہلکہ کو نافع ہی
اگر سبب اوسکا حرارت ہو شادنج عدسی دہویا ہوا توتیا دہویا ہوا سونا کھی ہر ایک
ساڑہے تین ماشہ موتی مونگے کی جڑ ہر ایک پونے دو ماشہ شیاف مامیثا ایلوا
ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول **نوع دیگر** خوشبو اور آزمایا ہوا ہے تیج پات مامیران
ہڑ زرد مونگے کی جڑ ہر ایک ساڑہے تین ماشہ مشک چار رتی ڈیڑہ چاول
کحل سلاق کے مرض کو نافع ہے اور آنکھ کی اور بیماریون کو بھی مفید
اور بارہا تجربہ مین آیا ہے نیلہ تھوتھ ساڑہے تین ماشہ جائفل ایک عدد لونگ
چودہ ماشہ پختہ کچی ڈورے مین لپیٹکر مثل گیند کے بنائین اور ڈیڑہ پاو گای کے
گھی مین ترکرکے دو گھنٹہ تامل کرین اور تھوڑی آگ مین گیند مذکور جلائین
اور جلے ہوئے ڈورے کو چھری سے تراشکر روغن باقی ماندہ کو اوس گیند
ملین کہ اچھی طرح ڈورا اوسکا جلجاتے بعد اوسکے سکو سات دن تک ڈھاک
کی لکڑی سے جسمین فلوس جڑے ہوتے ہون کانسے کے ہاون مین حل کرکر
نگاہ رکھین اور ہر روز آنکھ مین لگاتے رہین کہ بہتر اس سے علاج کم دیکھنے مین
آیا ہے **کحل** واسطے سلاق کے بعض تجربہ کرنے والون سے منقول ہے
جرم دلو کہنہ یعنے ڈول کے پرانے چمڑے کو کوئلہ پر جلائین کہ مثل کوئلہ کے
ہوجاے پیسکر اور روئی دھنی ہوئی مین لپیٹکر اور فتیلہ اوسکا بناکر سرسون کا
تیل ڈالکر چراغ مین روشن کرین اور کاجل اوسکا چاقو سے اوتار کر آنکھ مین
لگائین **کحل سبل** شادنج دہویا ہوا تین تولہ پوست رد ہڑ کاسونٹھ ہر ایک پیپل دو ماشہ
مرچ سفید دو تولہ چار ماشہ نوشادر چودہ ماشہ اور انیسون بھی پرانی سبل کو
نافع ہے واسطے تحلیل اوسکے مواد کے **کحل** آزمایا ہوا ہے واسطے سبل
اور بیاض یعنے جالہ وغیرہ کے توتیا قلمی پاو سیر مامیران انزروت سفید توتیا

بارونی ہر ایک چودھ ماشہ لونگ ۳۱ عدد مرچ اٹھ عدد مشک ایک ماشہ
ہلدی دو گرہ چھ ماشہ کے زعفران برابر وزن ہلدی کے کحل احول واسطے
دور کرنے اوس مرض کے مجرب ہی سندروس صاف رنگ کا لیکر پیسین اور
کپڑے پر پھیلا کر فتیلہ بناتین اور چراغ مین تیل ڈالکر روشن کرین اور اوسکے
اوپر تانبہ کا کانسہ اوندھا دین کہ تمام کاجل اوسپر جمے بعد اوسکے مرغ کے پر سے
کاجل سب جمع کرکے قدرے عنبر اور مشک اوسمین ملاتین اور آنکھ مین لگاتین
دیگر واسطے زرقہ کے مفید ہے نشادر عدسی سمندر جھاگ پیپل سونٹھ ہڑ زرد
گوند ببول کا باریک سرمہ کے مانند پیسکر آنکھ مین لگاتین کحل واسطے قوت
بینائی اور آنکھ کی جلا کے مفید ہے سرمہ اصفہانی قسم اول اوسی طرح درست
قطعہ ایک لیموں مین کہ پانی اوسکا نکالا ہو بھر کر اور دوسرا ٹکڑا لیموں کا اوسکے اوپر
رکھکر اوسی لیموں کے پانی مین تر کرین چالیس دن اسی طرح بعد اوسکے کالی مرچ
چند عدد ماميران چینی قسم اول چھ ماشہ ہمراہ سرمہ کے پتھر پر لیموں کے پانی مین
سولہ پہر کامل خوب پیسین اور استعمال فرماتین کحل واسطے غبار چشم کے شورہ
گرہ بست درمیان ببول کے برتن کے چالیس پہر کھرل کرین اور آنکھ مین
لگاتین کحل توتیا بیاض چشم یعنے جالہ کو مفید ہے نوشادر کالی مرچ لونگ بالچھڑ
ہر ایک چھ رتی سواد وچاول ماميران چینی نمک ہندی ہر ایک ایکماشہ تین
چاول نشادر دھویا ہوا موتی بے سوراخ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سمندر
جھاگ سونا مکھی سرگین سوسمار کانچ مونگا سرطان نہری میل سونے گلاتے
ہوئے کا ہر ایک دو ماشہ چھ چاول زنگا توتیا ہندی پوست بیضہ
شتر مرغ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سرمہ اصفہانی ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر اور
کپڑے مین چھانکر صبح اور شام آنکھ مین لگاتین کحل واسطے غبار اور دھند کے
گرہ ہلدی کی درمیان لیموں کاغذی کے رکھین یہان تک کہ لیموں خشک
ہو جاتے اوسمین سے ہلدی نکالکر نگاہ رکھین اور پانی مین پیسکر آنکھ مین کھینچین

کحل واسطے شبکوری یعنے رتوندہ کے مجرب ہے اور مرض سبل اور غبار چشم کو نافع مجربات والد مولف سے اور واسطے قطع ورم ملتحمہ کہنہ اور بیاض یعنے جالے کے موثر ہے نہایت مرچ ایکماشہ بکری کے پتہ مین بھر کر سکھائین اور ہلدی پانی مین لیمون کے بالکر خشک کرین بعد اوسکے کھرنی کے بیجون کی گری سنگ بصری لیمون کے پانی مین چار بار داغ دیکر چنبیلی کی کلیان کہ خام ہون ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹکر چھانکر سنگ سماق پر مثل غبار کے پیسین

کحل ناخنہ بہت آزمایا ہوا ہے نوشادر تین ماشہ شورہ قلمی بارہ ماشہ کالی مرچ ہر ایک بارہ عدد نیلہ تھوتھ دو رتی سرمہ کے مانند پیسکر آنکھ مین لگائین کحل واسطے ناخنہ کے مجرب سرمہ تحفہ سنگ بصری ہر ایک ساڑھے تین ماشہ نبات سفید پھٹکری سفید ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ نمک لاہوری چار رتی سبکو نرم پیسکر صبح اور شب آنکھ مین لگائین کحل ارشاد صاحب کمال کہ عجائب وغرائب سے ہے سنگ بصری کہ پشت اوسکی زرد ہووے بقدر چودہ ماشہ کے لیکر سکورہ کورہ آگ پر رکھین اور سنگ بصری اوسپر ڈالکر جب خوب گرم ہوجائے چار تولہ آٹھ ماشہ گلاب مین تاب دیوین سات مرتبہ اسی طرح کرکر چار گھڑی تک گلاب مین ڈالی رکھین بعد جذب گلاب کے پیسین اور آنکھو مین لگائین واسطے سب قسم کے مواد گرم خارش چشم اور رفع تاریکی یعنی دھند اور نزول یعنے اوترنے پانی اور سب آنکھ کی بیماریون کے مفید اور مجرب ہے

کحل ضعف نگاہ کے واسطے مجرب ہے کہ بسبب سوء مزاج سرد اور تر کے عارض ہو کالی مرچ چودہ ماشہ دارچینی پونے دو ماشہ مجیٹھ سات رتی اجواین ولیسی ساڑھے تین رتی بعد بہت پیسنے کے آنکھ مین لگائین اس نسخہ کی تذکرہ مین داؤد انطاکی نے بہت تعریف لکھی ہے اور مولف نے اس نسخہ مین سرمہ اصفہانی برابر اجزا کے اضافہ کیا ہے اور استعمال کیا تو بہت موثر پایا کحل منسوب بطلیموس کہ خود استعمال کرتا تھا اور سب اصحاب اوسکے

اسی دوا پر اعتقاد رکھتے تھے واسطے تیزی اور روشنی بینائی کی مجرب ہے
توتیاء ہندی دس ۱۰ عدد اقلیمیای ذہبی یعنے میل سونے گلاتے ہوئے کا
تیج پات سرمہ اصفہانی ہر ایک تین جزو سرطان بحری پیپل ہر ایک ایکجزو بعد
پیسنے کے کپڑے مین چھانین بعد اوسکے سونف کے تازہ پانی اور گلاب مین
سات دن تر رکھکر خشک کرین بعد اوسکے گلاب اور انگور خام کے پانی مین
برابر ایک روز اور ایک شب تر رکھین اور چار رتی ڈیڑھ چاول کافور صیفی مین
یعنے شدت موسم گرمی مین اور چار جو مشک خالص شتا مین یعنے شدت موسم
سردی مین ملاکر استعمال کرین کحل مجرب واسطے تیزی بینائی کے شب یمانی
کہ ایک قسم پھٹکری کی ہے بھونی ہوئی پچیس ۲۵ جزو سنگ بصری دھوئی ہوئی
تین جزو توتیاء زعفران دارچینی ہر ایک ایکجزو کوٹکر اور کپڑے مین چھانکر استعمال
کرین کحل جوشش پلک چشم اور سرخی چشم کو نافع ہے سرمہ سیاہ سرمہ سرخ
سرمہ سفید موتی سنلے سوراخ مونگا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سنگ بصری
سات ماشہ خاک جست ساڑھے تین ماشہ جست کو سات مرتبہ پانی سی دھوئین
اور باریک پیسین اور پانی مین ڈالین اور پانی اوپر کا نتھارین تین مرتبہ اسی طرح
کرین یہان تک کہ جست تہ مین بیٹھ جاتے اوسوقت آب زلال اوسکا گرا دین
اور اوسکو خشک کرکے بوزن ایک فلوس کے لیوین اور سنگ بصری کو سات
مرتبہ آگ مین ڈالکر ہر بار کہ آگ سی جدا کرین گلاب مین ڈبووین بعد اوسکے پیسکر باہم ملا
ڈالین دیگر واسطے پلکون کے خارش اور آنکھونکے آشوب کے کہ بوی بغل سے
بہم پہونچتا ہے مجربات والد مولف سے ہے پتہ مچھلی خشک کا ایک دمڑی وزن
شورہ قلمی پاؤ سیر دونونکو پیسکر آنکھ مین لگائین کحل مرض انتشار اہداب کو مجرب ہے
بعد تنقیہ خلطے کے استخوان خرما سوختہ ساڑھے دس ۱۰ ماشہ بالچھڑ رومی سات ماشہ
نرم پیسین اور آنکھ مین لگائین باب دوسرا گلقند آفتابی اور ماہتابی اور مسہل
اور غیر مسہل کی قسمون مین ہے گلقند ملین قلانسی سے منقول واسطے تپ

انتشار الاہداب یعنی گر جانا پلکون کے بالون کا ۱۲ مشتمل ہیں

چوتھیا کے نافع ہے اور بلغم کو نکالتا ہے نسوت سفید سونٹھ بسفایج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر گلقند شہد مین یا گلقند شکر تری مین کہ بوزن تین تولہ کی ہو ڈالکر تیار کرین قوی مزاجون کے لیے ایک خوراک ہی **گلقند نیلوفر** درد سر اور کھانسی کو نافع ہے نیلوفر تازہ کی پتی آدھی چھٹانک کم آدھ سیر قند سفید برابر وزن اوسکے بدستور بناکر دس دن تک سورج کے نیچے رکھین اور ہر روز حرکت دیتے ہین **گلقند گاوزبانی** دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے اور غشی اور ضعف دل کو نافع اور مادہ سوداوی کو دافع گاوزبان کے پھول تازہ آدھ پاو کم سیر پونے دو سیر قند مین بدستور بنائین اور اگر تازہ نہووین تو خشک کو گلاب مین تر کر کے بنائین **گلقند ماہتابی** خفقان اور جگر کو نافع ہے چاندنی کے پھول کہ ہند مین مشہور ہین سو عدد قند ڈیڑھ پاو بدستور بناکر قدرے گلاب چھڑک کر چاند کے نیچے رکھین **باب تیسرا** کلکلانج سرد اور گرم اور معتدل کی قسمون مین ہے **کلکلانج سرد** مرض استسقا کو کہ حرارت سے ہو نافع ہے مازریون مدبر غاریقون مغز بادام پوست زردچوب کا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ ملٹھی چھیلی ہوئی گلاب کے پھول کاسنی کے بیج کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری ست ملٹھی کا ہر ایک سات ماشہ عصارہ افسنتین ساڑھے دس ماشہ سبکو کوٹکر چھانکر اور ترنجبین صاف اور الماس قند سفید ہر ایک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ تینون کو گرم پانی مین حل کر کے آگ پر جوش دین کہ قوام ہو جائے سب دواؤن کو اوسمین گوندھکر تیار کرین قدر خوراک سات ماشہ سے چودہ ماشہ تک غنا ہنا سے منقول ہی **کلکلانج قریب باعتدال** واسطے استسقا اور سوء مزاج گرم تلی اور جگر کی نافع ہے غافث لاکھ ریوند ہر ایک سوا پانچ ماشہ شگوفہ اذخر بالچھڑ تگر فطراسالیون ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کاسنی کے بیج ککڑی کے بیج ہر ایک چودہ ماشہ شہد مین معجون کرین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ **کلکلانج بزوری** استسقا اور تلی اور سردی معدہ اور کھانسی بلغمی اور تنگی سانس اور قولنج اور مرگی اختناق الرحم

اور رسولی بلغمی اور ناصور اور چھیپ اور برص اور پرانی تپ کو نافع ہے اور
پیشاب کو کھولتا ہی کالی مرچ سونٹھ پیپل کی جڑ نمک ہندی نمک اندرانی نمک طبرزد
نمک خمر اندر جو چیتہ چھوٹی الایچی لونگ تج صعتر بای بڑنگ کلونجی حب النیل
زیرہ کرمانی تیج پات اجمود کے بیج دھنیہ خشک ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
کالی ہڑ پوست بہیڑہ کا آملہ چھیلا ہوا ہر ایک دو تولہ املتاس تین تولہ مویز منقی تل کا
تیل ہر ایک چھٹانک کم آدھ سیر نسوت سفید چھٹانک اوپر آدھ سیر شیر آملہ
آدھ پاو کم سیر مویز اور آملہ کو پانچ سیر پانی مین پکائین کہ پونے دو سیر پانی باقی
رہے صاف کرین اور املتاس اوس مین ملائین اور ڈیڑھ پاو کم تین سیر قند اوسمین
ڈالین اور تل کا تیل ملاکر جوش دین کہ قوام ہو جاتے بعد اوسکے اور دواؤن کو
کوٹکر چھانکر اوسمین گوندھین قدر خوراک ساڑھے سترہ ماشہ ہمراہ اوٹنی کے دودھ
یا عرق مکوہ کے

باب چوتھا کماد کے نسخون مین تین فصلین ہین فصل پہلی

اون نسخون مین کماد کے ہی جو بیماریون سے سر اور حجب دماغ کے متعلق ہین
اور درد سر گرم صفراوی کو نافع کماد یعنے سینک صاحب سکتہ کو بعد تنقیہ کے
مفید ہے لونگ جاوتری جایفل کالی مرچ کوٹکر چھانکر اور تھیلی مین بھر کر گرم کرین
اور بدفعات سنکین کماد دماغ کو سردی اور تری پہونچاتا ہے اور بیخوابی کو
دور کرتا ہے اور حرارت اور خشکی دماغ کو نافع ہے بنفشہ نیلوفر کاسنی سبز کاہو
بید کی پتی تراشہ کدو گلاب کے پھولون کی پتی بستان افروز بارتنگ خطمی گھیکوار کے
بیج خشخاش کے بیج پوست خشخاش شگوفہ شاہسفرم جو چھیلے ہوئے سبکو
پانی مین پکائین اور لڑکی کی ماں کا دودھ اور روغن بنفشہ اوسمین ملائیں اور
نکمید کرین یعنے سنکین اور جو چاہین سر اوسکے انجرون پر رکھین اور پانی سے
اوسکے نطول کرین یعنے دھارین کماد سبات سہری کے مرض مین کام
آتا ہے جو چھیلے ہوئے اور کچلے ہوئے پتی نیلوفر کی ہر ایک دہ کنہ یعنے
ساڑھے تین تولہ حی العالم خبازی کی پتی اسپغول کے بیج دو نام دو ہر ایک

ایک تا فرجوش دیگر سنگین اور جو چاہین تو اس دوا کا بپھارا لیوین کماد فالج کو نافع ہی
دو نام رو انمام شیخ ارمنی اجواین دلیسی کی تپی ترنج کے صعتر بر نجاسف مشکطرامشیع
حاشا پودینہ جوش دیگر اور مستر خی پٹھون کو اوسکے انجرون پر رکھین دربانی اوسکا گرم
کرکے اوپر شانہ اور گرد اعضاء مذکورہ کے سینک کرین بعد اوسکے ساتھ جند بید ستر
اور روغن فرفیون یا روغن کلونجی اور روغن کوٹھ کے تمریخ یعنی مالش فرمائین+

فصل دوسری اون نسخون مین کماد کے ہی جو اور اعضا کی بیماریون کو نا
ذات الصدر اور درد معدہ سرد اور ریحی اور قولنج اور سوای اوسکے نافع ہین+
کماد نزدیک شدت درد ذات الجنب کی کہ خون کے غلبہ سے ہو کام آتا ہے
منقول حکیم علی ہادی شیرازی سی آٹا جو کا آٹا باقلا کا بھوسی گیہون کی باجرہ سبکو
لعاب اسبغول اور لعاب خطمی کے پھول اور لعاب بہدانہ اور دودھ تازہ اور
روغن گل کے گوندھین اور ایک روٹی مقدار دو انگل کی بناکر اور توے پر نیم پخت کرکی
مقام درد پر بعد مالش کے ساتھ قیروطی یعنی موم روغن کے جو مذکور ہوتا ہے کماد
کرین یعنی سینکین قیروطی یہ ہے چربی بکری کی گردہ کی موم سفید روغن کدو اور
روغن کدو اور روغن بنفشہ مین پگھلاوین یا روغن گل مین پگھلائین اور صاف کرکے
پس بنفشہ کے پھول خطمی کے پھول تراشہ کدو مکوہ ہٹی چھیلی ہوئی کو ٹکرا وہنسراج
پانی مین پکاکر صاف کرین بعد اوسکے پانی پالک کا اور لعاب بہدانہ اضافہ کرکے
اوچربی اور موم پگھلائے ہوتے مین تر کرین اس طریق پر کہ قدرے آگ پر رکھکر
جلاوین پھر آگ پر سے اوتار کر اور سرد کرکے پھر آگ پر چڑہاوین کہ چند مرتبہ مین
تمام پانی جلجائے کماد حلو یجان واسطے برسام کے مفید ہے بعد فصد اور تنقیہ
معدہ کے آٹا جو کا آٹا باقلہ کا بھوسی گیہون کی ہر ایک ساڑھے تین تولہ گاہی کے
دودھ اور لعاب بہدانہ اور لعاب خطمی سفید اور ہری مکوہ کے پانی اور پوست خشخاش
کے پانی مین اور روغن گل اور روغن کدو مین گوندھ کر اور روٹی دو انگل کی موٹی
بناکر اور توے پر نیم پخت کرکے مقام درد پر سینک کرین کماد درد معدہ ریحی کو

مفید ہے اجواین دیسی زیرہ کرمانی سونف ہر ایک نو ماشہ گلاب کے پھول پیاز جنگلی
کوٹکر چھانکر اور ٹاٹ کے تھیلی مین ڈالکر نیمگرم معدہ پر رکھین کماد کہ یہی اثر رکھتا ہے
اجواین دیسی ساڑھے سترہ ماشہ نمک بھوسی گیہونکی ہر ایک تین تولہ کوٹکر چھانکر
اور کپڑے مین باندھکر تکمید کرین یعنے سینکین کماد تسکین درد معدہ اور درد
جگر اور آنتون کے درد اور گردہ اور تلی کے درد اور سب اعضا کے درد کو واسطے
نافع ہے اور جلد عمل کرتا ہے اور قولنج کو کھولتا ہے بابونہ گلاب کے پھول بالچھڑ
میتھی السی کے بیج تخم سویا بھوسی گیہون کی اکلیل الملک سبکو جوش دین برابر
وزن بعد اوسکے گاے کے مثانہ مین بھر کر کماد فرمائین اور جو اسفنج یعنے ابر مردہ
یا مانند اس دوا مین تر کرکے عضو پر رکھین تو اثر اوسکا قوی ہوگا کماد درد معدہ
اور قولنج ریحی کو مجرب ہے گھڑبچ بائبڑنگ سونٹھ سرسون ہینگ تخم شبت یعنی
سودہ کے بیج نمک سیندھیہ کوٹکر چھانکر ساتھ ماش کے آٹے کے کہ سودہ کے
پتون کے پانی مین گوندھا ہو ملاکر دو اونگل کی موٹی روٹی پکائین لیکن ایک طرف
سے خام رکھین پس جانب خام کو روغن سویا مین چرب کرکے گرم گرم باندھین
کماد سول شکم کو دور کرتا ہے آٹا ماش کا سیر بھر بالچھڑ پاؤ سیر کھانے کا نمک پاؤ سیر
ہینگ چودہ ماشہ سبکو گوندھکر دو روٹیان بنائین ایک وسمین سے توے پر رکھین
جسوقت ایک سمت اوسکی پختہ ہوجائے اوتارین اور خام جانب سے اوپر شکم کی
باندھین پھر دوسری روٹی توے پر رکھین جسوقت پہلی روٹی سرد ہوجاتی جدا کرکے
توے پر رکھین اور دوسری روٹی کو باندھین اسی طرح جب تک درد موقوف
ہووے عمل کرتے رہین یہ نسخہ مجربات اکبری سے منقول ہے کماد حیض کو
جاری کرتا ہے بالچھڑ دارچینی جاوتری جایفل کوٹھ تلخ اقاقیا نیمکوفتہ پانی مین جوش
کرین جبکہ خوب جوش کھاتے گرم گرم مثانہ مین بھر کر موضع ناف پر تکمید کرین
یعنے سینکین کماد واسطے اختلاج یعنے پھڑکنے عضو کے مفید ہے بھوسی
گیہون کی کھانے کا نمک جاوشیر بالچھڑ زیرہ سبز ششتہ گرم مین ڈالکر عضو پھڑکنے

ہوتے کو سنکیین **فصل تیسری** اون نسخون مین کماد کے ہے جو اعضاء تناسل کی
بیماریون کو مفید ہین کماد مجلوق اور تعقد کو کہ باعث ضعف نعوظ یعنے سبب کمی تندی
شہوت کا ہو نافع ہے گھوڑے کی لید تازہ آدھ پاو نمک چار ماشہ بھینس کا دودھ
آدھ پاو تانبہ کے کٹورہ مین حل کر کے اور قدرے گرم کر کے بطریق کماد استعمال
کرین بعد اوسکے گرم گرم اوس مقام پر باندھین چند روز مین نفع تمام بخشتا ہے
کماد مجلوق اور عنین کو حالت اصلی پر لاتا ہے برادہ ہاتھی دانت کا السی کے
بیج کالی تل مغز ارنڈی کا گردہ نر بکری کا سبکو کوٹکر چھانکر اور پوٹلی مین باندھ کر
آگ پر گرم کرین اور اوس پوٹلی سے قضیب کو سنکیین ایک ہفتہ مین حالت
اصلی پر پہونچا دیگا دیگر برادہ ہاتھی دانت کا انبہ ہلدی کھوپرہ کلونجی تل الکنگی
عاقرقرحا کوٹکر چودہ پوٹلی باندھین اور بھینس کے دودھ مین کہ آگ پر گرم کیا
ہووے ڈالکر سنکیٔ یون اسطرح کہ ناف کے نیچے سے قضیب کی جڑ تک
سنکیین بقدر چار پانچ تولہ دودھ اس کام مین صرف اور جذب ہوتا ہے بعد اوسکے
پوٹلی کو کھولکر اور اوسمین کی دوا دودھ مین گھولکر قضیب کے اوپر رات کو باندھین
اور صبح کو کھولین **باب پانچوان** کموبی کے نسخون مین ہے دو فصل پر مشتمل ہے
فصل پہلی کموبی مسہل مین **فصل دوسری** کموبی سادہ مین **فصل پہلی**
کموبی مسہل مین **کموبی** مسہل معمول بالجرّ عود بلسان ہر ایک نو ماشہ دارچینی
سلیخہ حب بلسان ہر ایک نو ماشہ روغن بادام ڈیڑھ تولہ جواکھار تین تولہ کالی مرچ
پونے نو تولہ تتلی کی تپی سونٹھ ہر ایک گیارہ تولہ آٹھ ماشہ زنجبیل مدبر ڈیڑھ پاو نسوت سفید
موصوف بوزن سب دواون کے شہد سہ چند سکے **فصل دوسری** کموبی
سادہ مین مقوی معدہ اور ہاضم طعام ہے اور شہوت کاہی کو دور کرتا ہے
اور احشا کے درد کو کہ بسبب بلغم اور سردی کے ہو نافع ہے اور کھٹے ڈکار کو
مفید اور تینون سرد سوداویہ اور بلغمیہ کو موثر اور موافق مزاج بوڑھون کے
ہی جواکھار تین تولہ زیرہ مدبر تتلی کی تپی خشک کالی مرچ سونٹھ ہر ایک آٹھ تولہ

چار ماشہ کوٹکر چھانکر شہد جھاگ اوتارے ہوتے مین گوندھین مقدار خوراک ایک عفصہ

حرف اللام چار باب پر حاوی ہے **باب پہلا** لبوبات مین دو فصل رکھتا ہی

فصل اول لبوبات ذی اسم گرم اور سردمین **فصل دوسری** لبوبات غیر ذی اسم گرم اور سرد مین **باب دوسرا** لخلخہ کے نسخون مین دو فصلین ہین +

فصل پہلی اون نسخون مین لخلخہ کے ہے جو سر اور دماغ کی بیماریون مین مستعمل ہین **فصل دوسری** اون نسخون مین لخلخہ کے ہے جو دل کو قوت دیتے ہین اور روح غریزی کو بھڑکاتے ہین **باب تیسرا** لطوخات مین دو فصل رکھتا ہے

فصل پہلی اون نسخون مین لطوخات کے ہے جو باطنی بیماریون کو نافع ہے

فصل دوسری اون نسخون مین لطوخات کے ہے جو ظاہری بیماریون کو مفید ہین **باب چوتھا** لعوقات مین ہے ایک فصل رکھتا ہی **فصل پہلی** اون نسخون مین لعوق کے ہے جو سینہ اور حجاب وغیرہ کی بیماریون کو فائدہ بخشے ہین

فصل پہلی باب اول سے لبوبات ذی اسم گرم اور سرد مین ہی **لبوب ابریشم** مخترع بعضے متاخرین گردہ اور باہ کو قوت دیتا ہے اور منی کو کثرت سے پیدا کرتا ہی

مغز بادام مغز حبۃ الخضرا یعنے بن کی گری مغز حب الرشاد مغز حب القلقل مشک بہمن سفید خشخاش کے بیج دارچینی سونٹھ پیپل کبابچینی گنج چاندی کے ورق تخم ہلیون کلیجن ہر ایک چھ ماشہ زعفران ایک تولہ مغز فندق مغز چلغوزہ مغز پستہ تودری سرخ تودری زرد ہر ایک ایکتولہ چھ ماشہ ناریل شقاقل ہر ایک چار تولہ ابریشم کترا ہوا پانچ تولہ ابریشم خام پاوسیر عالمگیری گلاب دہ سیر شہد خالص سہ چند

دواؤن کا **لبوب** گردہ اور مثانہ کو قوت دیتا ہے اور منی زیادہ کرتا ہی اور رنگ چہرہ کا نکھارتا ہے اور مرض نسیان کو دور کرتا ہے بادام کی گری اخروٹ کی گری پستہ کی گری بن کی گری چلغوزہ کی گری حب الزلم کی گری فندق کی گری ناریل کی گری حب القلقل کی گری تودری زرد تودری سرخ خشخاش سفید تل دھوتے ہوئے تخم حرجیر یعنے ہالون پیاز کے بیج شلجم کے بیج تخم سویا بہمن سرخ بہمن سفید سونٹھ پیپل کبابچینی

تج دارچینی شقاقل کلیجن تخم ہلیون سب برابر وزن شہد دو چند دواؤن کا ہموزن
معجون بنائین قدر خوراک ساٹ ماشہ **لبوب افیون** ایجاد کیا گیا ہے واسطے
اوس آدمی سکے جو افیون کی عادت رکھتا تھا اور معہذا باہ اور امساک رکھتا تھا
اور افیون سکے کھانے سے امر مطلوب مین فتور اور قصور پاتا تھا۔ آفیون بہری
چودہ ماشہ زعفران کشمیری پونے دو ماشہ جائفل پانچ عدد مین بھر کر اوپر اوسکی
آٹا گوندھا ہوا لپیٹ کر آدہ سیر گاے کے دودھ مین جوش دین کہ دودھ جذب ہو جائے
بعد اوسکے کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری چار تولہ آٹھ ماشہ بادام کی گری اور
کی گری ساڑہے دس ماشہ مغز پستہ ساڑہے دس ماشہ مغز ناریل ساٹ ماشہ
خشخاش سکے بیج سفید ساڑہے دس ماشہ کاہو کے بیج چھلے ہوتے پونے دو ماشہ
خربوزہ سکے بیجون کی گری چودہ ماشہ خصیۃ الثعلب دارچینی پونے دو ماشہ اندرجو
ساٹ ماشہ سونف رومی ساڑہے تین ماشہ بہمن سفید بہمن سرخ گوند ببول کا
گوند ڈھاک کا زعفران پونے دو ماشہ کتیرا پونے دو ماشہ ذکر بیل کا قند سفید دو چند
سب دواؤن سکے اول قند کا قوام دیگر ذکر بیل کا اور دماغ چڑون کے اوس
قوام مین ڈالکر لعوق تیار کرین قدر خوراک ساڑہی تین ماشہ سے ساٹ ماشہ تک
دیگر مجربات والد مولف سے معاملہ باہ مین قوی تر ہے اور سب نسخون سے
زیادہ مرغوب مصطگی جاوتری اندرجو بالچھڑ زعفران سونٹھ بازو مشک فرنجمشک
پیپل ہر ایک ساڑہے دس ماشہ مٹر خشک مرغے کی خرما ذکر بیل کا سوکھا
کیا ہوا یا عوض اوسکے سقنقور ہر ایک چودہ ماشہ کبابچینی بیج کلیجن لونگ
شقاقل ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید تخم ہلیون تودری سفید
بوزیدان منمات گاجر کے بیج شلجم کے بیج تخم شبت یعنی سودہ کے بیج پیاز کے بیج
گندنا کے بیج ہر ایک پونے دو تولہ بادام کی گری فندق کی گری پستہ کی گری حب الفلفل
کی گری ناریل کی گری بن کی گری اخروٹ کی گری مغز حب انجلک چلغوزہ کی
گری خربوزہ کی بیجونکی گری حب الزلم کی گری تل دھوئی ہوئی خشخاش دماغ چڑے چڑیا کا

خصیۃ الثعلب ہر ایک تین تولہ شہد سفید سہ چند سب دواؤن کے بدستور معجون بنائین دیگر لبوب بارد منقول ذخیرہ سے واسطے نقصان باہ کے کہ بسبب گرمی کے ہو مفید ہے اور صاحبان مزاج معتدل کے لیے نافع سونٹھ کلیجن شقاقل مصری ہر ایک پونے دو ماشہ تودری زرد تودری سرخ گاجر کے بیج ہلیون کے بیج چلغوزہ کی گری ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کتیرا سات ماشہ خربوزہ کے بیجون کی گری ککڑی کے بیجون کی گری کھیرے کے بیجون کی گری خرفہ کے بیج چھیلے ہوتے ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کدو کے بیج ساڑھے سترہ ماشہ میٹھے بادام کی گری خشخاش سفید کے بیج ہر ایک پونے دو تولہ کو ٹکر چھانکر ترنجبین صاف آدھ پاؤ کے سیر قوام دیکر گوندھین قدر خوراک سات ماشہ **فصل دوسری** باب اول سے لبوبات غیر ذی اسم مین کہ سرکار حکیم علی مین تیار ہوا کرتا تھا چاندی کے ورق سونے کے ورق تین تولہ لونگ ہلیون تازہ بہمن سفید اگر غرقی ہر ایک تین تولہ کدو کے بیجون کی گری ککڑی کے بیجون کی گری خربوزہ کے بیجونکی گری بادام کی گری فندق چلغوزہ کی گری پستہ کی گری اخروٹ تازہ کبابچینی تل دھوتے ہوئے دارچینی مصطگی رومی ہر ایک پانچ تولہ زعفران خوشبو بارہ تولہ قرص عنبر پانچ تولہ ترنجبین ساڑھے سات تولہ شقاقل مصری ساڑھے سات تولہ ستاور پندرہ تولہ روغن ناریل تازہ پچیس تولہ شہد سفید خوشبو سہ چند سب دواؤنکی بطریق مشہور قوام دیوین کہ یہ نسخہ معتمد علیہ ہے اور معمول الیہ **باب دوسرا** نسخون مین لخلخہ کے ہے دو فصل پر شامل ہے **فصل پہلی** اون نسخون مین لخلخہ کے ہے جو دماغ کی بیماریون مین مستعمل ہین لخلخہ سرسام گرم صفراوی کو نافع ہے صندل سرخ صندل سفید گلاب مین پیسا ہوا گیرو شیاف مامیثا ر سوت کی [illegible] بنسلوچن سفید پیسا ہوا پانی کاسنی سبز کا پانی دھنیہ سبز کا پانی سیب ولایتی کا پانی میٹھی کا پانی ریحان تازہ کا پانی برگ مورد کا گلاب عرق بید مشک پانی تربوز کا پانی سرکہ انگوری کا دودھ لڑکی کی مان کا روغن بنفشہ روغن گل روغن نیلوفر سب کو جمع کرکے لخلخہ کرین اور وقت گھٹنے مرض کے بنسلوچن کی جگہ عود صلیب داخل کرین

لخلخہ [illegible] نافع وہ اشیا ہیں کہ [illegible] کو اور [illegible] لخلخہ [illegible] مضمون [illegible] گلاب اور [illegible] پانی بید کا اور [illegible]

[illegible]

اور روغن نیلوفر اور پانی مورد کا اور پانی تربوز کا شامل فرمائین لخلخہ واسطے
سرسام صفراوی کے صندل سرخ صندل سفید گلاب مین پیسا ہوا پانی لگڑی
تازہ کا پانی کھیرے کا دھنیہ سبز کافور قیصوری روغن گل روغن بنفشہ ہر ایک دو جزو
سرکہ شراب کا نصف جزو شیشہ کی اندر ڈالکر اور حرکت دیکر سونگھاوین اور جو
زیادہ سردی کی تاثیر منظور ہو تو پانی کاہو تر کا اور پانی ہرے دھینہ کا اور پانی
کدو کا اور قدرے کافور بھی اضافہ کرین **فصل دوسری** اون نسخون مین
لخلخہ کے ہے جو واسطے تقویت دل اور بھڑکانے روح غریزی کے
کام آتے ہین لخلخہ دل کو قوت دیتا ہے اور حرارت کو تسکین بخشتا ہے پانی
سیب ترش کا پانی بہ خام کا پانی کھٹے میٹھے انار کا عرق کیوڑہ گلاب صندل
گلاب مین پیسا ہوا شیشہ مین حرکت دیکر سونگھین دیگر واسطے خفقان سرد
اور توحش سوداوی کے مفید ہے مشک خالص ایک رتی عنبر اشہب
ایک رتی لاڈن دو رتی صندل سرخ عرق بید مشک عرق کیوڑہ مین گھول
کر کے چینی کی صراحی مین ڈالکر اور حرکت دیکر سونگھین دیگر واسطے وجع فواد
کے نافع ہے لادن مصطگی روغن گل نرگس سرکہ انگوری پانی کھٹے میٹھے انار کا
پانی سیب کا سبکو شیشہ مین ڈالکر سونگھین **باب تیسرا لطوخات مین ہے**
دو فصل پر شامل ہے **فصل پہلی** اون لطوخ کے نسخون مین ہے جو باطنی
بیماریون کو کام آتے ہین **لطوخ** درد نیمہ سر کو نافع ہے مُر کی یعنی بول کا ہو
کے بیج ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اجواین خراسانی کتیرا ہر ایک اکہا ماشہ تیز چاول
افیون دو رتی کو ٹکر چھانکر سرکہ مین گوندھین اور کاغذ پر چپٹا کر کنپٹیون پر
لگائین لطوخ واسطے درد آدھاسیسی اور درد سر کے مفید ہے رسوت
ساڑھے دس ماشہ کاسنی کے بیج کاہو کے بیج ہر ایک سات ماشہ مُر یعنی بول
ساڑھے تین ماشہ افیون پوستے دو ماشہ کوٹکر چھانکر اور لعاب سبغول مین
گوندھ کر کاغذ کے دو ٹکڑون پر لگائین اور کنپٹیون پر چپٹائین لطوخ زکام

زکام اور نزلہ علی الدوام کو نافع ہے اور مجرب ہی لادن لوبان مصطگی کندر زفت رومی
بابونہ کے پھول بالچھڑ ہر ایک یکجزو موم سفید روغن گل یا نرگس یا خیری ہر ایک
چار جزو موم کو روغن مین پگھلا کر اور دواؤن کو کوٹکر چھانکر گوندھین اور کپڑے پر ملکر سر پر
باندھین اور دو تین دن باندھے رکھین **فصل دوسری** اون نسخون مین لطوخ کی
ہین جو ظاہری بیماریون کو نافع ہین **لطوخ** واسطے ورم ظاہری کے کام آتا ہی
نشاستہ صندل سفید گیرو اقاقیا لعاب بہدانہ مین گوندھ کر لطوخ کرین **لطوخ** داد
کے واسطے مجرب ہے شاہترہ پنواڑ کے بیج دونون کو روغن گل مین گوندھ کر داد پر
لگائین **باب چوتھا لعوق کے نسخون مین ہے** اور اوسکی ایک
فصل ہے **فصل پہلی** اون نسخون مین لعوق کے ہے جو سینہ اور حجاب وغیرہ
کی بیماریون کو نافع ہین **لعوق بزر خشخاش** واسطے کھانسی کے بے نظیر ہی
ملٹھی ساڑھے سترہ ماشہ خطمی کے بیج بہدانہ ہر ایک دو تولہ چھٹانک آدھ سیر سوے کے
پانی مین تر کرین اور صبح کو جوش دین کہ نصف باقی رہے پینتیس ۳۵ تولہ قند سفید ڈالکر
قوام دیوین اور مغز بہدانہ گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کتیرا چودہ ماشہ
خشخاش سفید خشخاش سیاہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ باریک پیسکر ملائین دیگر
واسطے سل اور درد سینہ اور پھیپڑہ اور کھانسی پرانی کے کہ بسبب نزلون گرم کے
حادث ہو مفید ہے اسپغول خطمی کے بیج خبازی کے بیج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
ملٹھی تین تولہ خشخاش کے بیج سات ماشہ لسوڑہ بیس دانہ سبکو سوای اسپغول
کے کچلکر آدھ پاو اوپر دو سیر سووہ کے پانی مین تر کر کے جوش دین کہ نصف باقی
رہے صاف کر کے قوام دیوین اور وقت آگ پر سے اوتارنے کے گوند
ببول کا کتیرا اسفید ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ باریک پیسکر ملائین **لعوق ثمر گولر**
نزلہ کو نافع ہے جو سینہ اور حلق پر گرتا ہے پھل درخت گولر کا پانی مین جوش دین
پھر اوسکو تبدیل کر کے پھل گولر تازہ درمیان پانی کے ڈالکر پھر جوش دین
کہ مزہ اور قوت اوسکی پانی مین آجائے پس ساتھ شکر کے واسطے گرم مزاجون کے

اور ساتھ شہد کے واسطے بلغمی مزاج والون کے ہموزن داخل کرکے قوام دیوین
قدر خوراک سترہ ماشہ **لعوق** واسطے کھانسی خشک اور نزلہ کے کہ سینہ اور
پھیپھڑہ پر گرتا ہے بسبب حرارت کی خشخاش کے بیج ساڑھے دس ماشہ گوند ببول کا
کتیرا نشاستہ ہر ایک چودہ ماشہ کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری کدو کے بیجونکی
گری خرفہ کے بیج کاہو کے بیج چھیلے ہوئے ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ میٹھے بادام
کی گری تین تولہ سبکو باریک پیسین اور ترنجبین تین چھٹانک تربوز کے پانی مین
حل کرین اور صاف کرکے قوام دیوین بعد اوسکے پیسی ہوئی دواؤنکو اوسمین
گوندھین اور روغن بادام چھ تولہ ملاکر ساڑھے سترہ ماشہ سے ایک تولہ آٹھ ماشہ تک
چاٹین اور جو نزلہ قوی ہو تو خشخاش دو وزن زیادہ کرین **لعوق** نافع واسطے
کھانسی اور تنگی سانس اور اور بیماریون کے مفید ہے پوست خشخاش عناب لالہی
لسوڑہ مویز منقی ملٹھی چھیلی ہوئی سونف بنفشہ نیلی سوسن کی جڑ زوفای خشک
سونف رومی انجیر زرد سبکو برابر وزن کوٹکر چھانکر اور خالص پانی مین جوش دیکر
جسوقت تین پاؤ باقی رہے ملکر صاف کرکے نبات مصری خطمی کے بیج خبازی
بیج السی کے بیج لعاب نکالکر قوام دین بعد اوسکے کتیرا نشاستہ ست ملٹھی کا
مصطکی رومی دارچینی پیسکر اضافہ کرین **لعوق بارد** واسطے تنگی سانس کے
مجرب ہی افتیمون خارقیون سفید ہر ایک ایکتولہ کوٹکر چھانکر اور چھ تولہ شہد سفید
ملاکر ہر روز نو ماشہ ساتھ عرق گاوزبان کے چاٹین **دیگر** واسطے گرم کھانسی مادی
اور غیر مادی کے نافع ہے بابونہ خطمی کے بیج کتیرا گوند ببول کا ککڑی کی بیجون کی گری
مغز بہدانہ اسپغول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ خشخاش سیاہ کے بیج تین تولہ خشخاش
سفید کے بیج ملٹھی ان سبکو پونے دو سیر مینہ کے پانی مین ایک رات دن بھگو
اور جوش دیکر صاف کرین اور شیرہ نکالکر اسپغول اور خطمی کا جدا لعاب لیوین
اور نگاہ رکھین بعد اوسکے گوند ببول کا اور کتیرا علیحدہ پانی مین حل کرین پھر
سبکو اکٹھا کرکے چھٹانک کم آدھ سیر شکر اضافہ کرین اور قوام دیوین **لعوق خشخاش**

واسطے کھانسی اور سل اور خون تھوکنے کی بیماری کے نافع ہے اور واسطے
جاری ہونے خون کے حبس عضو سے کہ ہو مفید ہے اور آنتوں کے زخم کو نہایت موثر
پوست خشخاش بہتر تین چھٹانک آدھ پاو کم سیر پانی مین جوش دین کہ چھٹانک کم
آدھ سیر باقی رہے قند سفید چھٹانک کم آدھ سیر ملاکر قوام دیوین بعد اوسکے
ست ملٹھی کا میٹھے بادام کی گری کدو کے بیجون کی گری ہر ایک ساڑھے ستره ماشه
پیسکر ملائین قدر خوراک تین تولہ دیگر نزلہ رقیق گرم کو نافع ہے میٹھے کدو کی بیجون
کی گری مغز بہدانہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کتیرا گوند ببول کا نشاستہ ہر ایک
چودھ ماشہ خشخاش کے بیج سات ماشہ کوٹکر قوام دیوین لعوق رب السوس
پرانی کھانسی کو نافع ہے اور فضول لزج یعنی چکنے والا سینہ سے دفع کرتا ہے
ست ملٹھی کا کتیرا انار و بادام تلخ کی گری سونف دیسی برابر وزن کوٹکر چھانکر
شہد اور روغن بادام مین گوندھین اور بعضے نسخون مین ککڑی کی بیجونکی گری
بھی لکھی ہوئی ہے لعوق واسطے گرم اور خشک کو نافع ہے گوند ببول کا
کتیرا نشاستہ مغز بہدانہ ہر ایک چودھ ماشہ ست ملٹھی کا شکر سفید ہر ایک چودھ ماشہ
اور بعضے نسخہ مین پونے سولہ ماشہ لکھی ہے خطمی کے بیج خبازی کے بیج ککڑی
کی بیجون کی گری ہر ایک ساڑھے ستره ماشہ بادام چھیلے ہوئے کی گری کو نے
دو تولہ کوٹکر چھانکر علیحدہ رکھین اور ملٹھی پوست اوتاری ہوئی لسوڑہ مویز منقی
ان تینون اجزا کو پانی مین پکائین کہ گاڑھا ہو جاتے ساتھ میفختج کے قوام دیوین
بعد اوسکے دوائین مذکورہ اوسمین گوندھین اور لعوق تیار کرین اور ہمراہ حریرہ
بھوسی گیہون اور باقلا کے آٹے اور قند سفید اور روغن بادام شیرین کے
دیوین اور بعد اوسکے آش جو نوش کرین لعوق سل صاحب سل کی خشک
کھانسی کو مفید ہے اور خشکی سینہ اور سر کی دفع کرتا ہے نشاستہ کتیرا گوند ببول کا
ککڑی کی بیجون کی گری کدو کے بیجون کی گری ہر ایک ساڑھے ستره ماشہ ست
ملٹھی کا خشخاش سفید بہدانہ چھیلا ہوا ہر ایک تین تولہ آٹا باقلا کا خطمی کے بیج

ہر ایک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ میٹھے بادام کی گری مویز منقے ہر ایک چھ تولہ موم کو
روغن بادام مین پکائین اور مغزیات کو کوٹین اور ساتھ مویز کے ملائین بعد اوسکی
خشک دوائین بھی کوٹکر چھانکر اور قدری منفخج داخل کر کے لعوق بنائین اور شکر طبرزد
مقوم مین ملائین تب بھی مناسب ہے **لعوق صبیان** واسطے کھانسی اور
حرارت اور کھر کھراہٹ سینہ اور گلاوی اطفال کے مان کی دودھ یا الاغ کے دودھ
مین ملاکر چٹائین مغز بنولہ گوند ببول کا نشاستہ ہر ایک چودھ ماشہ کوٹکر چھانکر
شہد مین گوندھین **لعوق طباشیر** واسطے کھانسی اور سل اور تپ کی مفید ہے
خطمی کے بیج خبازی کے بیج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ طباشیر چودھ ماشہ کدو
کے بیجون کی گری کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری ہر ایک تین تولہ گوند ببول کا
نشاستہ خشخاش سفید ہر ایک چھ تولہ دواؤن کو کوٹکر جلاب غلیظ القوام اور روغن
بادام یا شہد یا دوشاب انگوری یا شیرہ ترنجبین مین بقدر حاجت گوندھین اور
صاحب تحفہ نے اس نسخہ مین ست ملٹھی کا کتیرا گلاب کے پھول مغز بہدانہ اضافہ کیا ہے
نفع بہت معلوم ہوا **لعوق کشمش** واسطے کھانسی اور کھر کھراہٹ سینہ کی
مفید ہے کشمش کو جوش دین پانی مین اور ایک حصہ اوسمین سے ساتھ نیم حصہ
قند کے آگ پر قوام دیکر لعوق بنائین **لعوق ابریشم** ایجاد کیا ہوا قرشی کا ہے
واسطے خون تھوکنے کی بیماری کی سب قسمون کے نہایت نافع اور مجرب ہے
انجبار دم الاخوین کہربا موسلی کی جڑ طراثیث ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کتیرا
بھونا ہوا گوند ببول کا ابریشم نشاستہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ افیون خالص
سات رتی سب اجزا کو باریک پیسکر اور شربت انار مین ملاکر گوندھین اور بقدر
ساڑھے چار ماشہ کے اوسمین سے چاٹین اور ہمراہ بارتنگ سبز پہاڑی بوٹی
کے کھاوین تو بہت مفید ہوگا مولف فرماتے ہین کہ نحیف نے جو اس لعوق
مین سے صاحب سل کو دیا کہ پیپ اور خون کھنکار مین آتا تھا اور غذا اوس
دونون مین آش جو تجویز کی تو نفع بین کیا **لعوق نزلہ** کہ کوئی دوا بہتر اس سے

واسطے نزلہ اور زکام اور کھانسی گرم کے نہیں ہوتی ہے اور قبض اور خشکی مطلق کو
دور کرتا ہے اور بلغم پختہ کو بسہولت نکالتا ہے اور مفتّحہ سہل اور مجرب ہے کتیرا گوندببول کا
نشاستہ میٹھے کدو کی بیجون کی گری بادام چھیلے ہوئے کی گری ہر ایک دو تولہ نبات سفید
پاو سیر عالمگیری عرق بید مشک ڈیڑھ سیر بدستور قوام دیکر اور دوائین کوٹی چھانی
ہوئی اوسمین ملاکر لعوق بنائین اور جو بید مشک میسر نہو تو پانی تازہ بھی ڈالنا مفید
نہین رکھتا **لعوق** واسطے نزلہ گرم کے بادام چھیلے ہوئے کی گری ساڑھے دو تولہ
کتیرا سفید چودہ ماشہ خشخاش سفید ساڑھے سترہ ماشہ گوندببول کا تین تولہ اسکو کوٹکر
چھانکر اور برابر وزن اوسکے قند سفید اور ہموزن قند کے خرفہ کے بیج بھیگے
ہوئے کوٹکر اور مویز منقے ملاکر لعوق تیار کرین **لعوق** سل اور کھانسی اور نزلہ کو
مفید ہے عناب ولایتی چھ تولہ مویز منقے چالیس دانہ انجیر زرد پانچ دانہ ملٹھی چھیلی ہوئی
چار تولہ خطمی کے بیج دو تولہ خبازی کی بیج دس تولہ بنفشہ کے پھول [illegible] تولہ گاؤزبان کے
پھول چار تولہ زوفا کے پھول ایک تولہ ہنسراج دو تولہ گلقند صابی چار تولہ گوند
ببول کا دو تولہ کتیرا پانچ تولہ شکر تیغال چار تولہ خشخاش کی بیج پانچ تولہ پوست خشخاش
دو تولہ ست ملٹھی کا چار تولہ بہدانہ ساڑھے تین ماشہ شہد خالص آدھ سیر نبات سفید
ڈیڑھ سیر ترنجبین دو تولہ اسبغول کا لعاب چار تولہ نکالکر اوسمین دوائین جوش دیکر
جسوقت دو سیر پانی سے نصف باقی رہے ترنجبین اور نبات مصری اور شہد خالص
داخل کرکے قوام دیوین **لعوق قطنؒ** سینہ کو ملایم کرتا ہے مغز بنولہ مغز بادام
شیرین ہر ایک چودہ ماشہ ملٹھی چھیلی ہوئی ساڑھے سترہ ماشہ زردی چار انڈون کی
روغن بادام اور شہد مین لعوق کرین **لعوق پرسیاوشانؒ** ہنسراج اگر تازہ ہو
تو بہتر ورنہ خشک بقدر صالح جوش دین اور حالت غلیان مین ملٹھی تین تولہ عناب
پچاس دانہ داخل کرکے ملین اور صاف کرین بعد اوسکے قند سفید ستر تولہ
اور شہد خالص چونتیس تولہ اور شکر سفید چونتیس تولہ اضافہ کرکے قوام دیوین اور
بعد آگ پرسے اوتارنے کی ست ملٹھی کا کتیرا گوندببول کا نشاستہ ہر ایک ساڑھے دو ماشہ

پیسکر ملائین اور جو ساڑہی دس ماشہ ہنسراج اور خشک کوٹکر چھانکر داخل کرین تو بہتر ہوگا **لعوق سپستان** واسطے کھانسی اور تنگی سانس کی نہایت مفید ہے

سونف کی جڑ ساڑہی دس ماشہ بہدانہ ہنسراج کتیرا سفید خطمی کی بیج ہر ایک ساڑہی ستره ماشہ خشخاش سفید دو تولہ مویز منقے ملہٹی چھلی ہوئی چار تولہ ساڑہی چار ماشہ جو چھلے ہوئے اور کوٹے ہوئے پونے نو تولہ انجیر زرد دس دانہ عناب بیس دانہ لسوڑہ بچاس دانہ جو دوائین کوٹنے کی ہین کوٹین اور سبکو سوای کتیرا پونے دو سیر پانی مین بھگو دین اور بعد ایک رات دن کی نرم آگ پر جوش کرین اور ملکر چھانین اور قند سفید ستره تولہ ڈالکر گاڑھا کرین کسواسطے کہ اگر قوام اوسکا پتلا رہیگا تو جلد کھٹا ہو جائیگا اور سڑ جائیگا **لعوق سپستان** واسطے مواد سینہ اور کھانسی اور نزلہ کی مجرب ہے منقول بیاض سے لسوڑہ بچاس دانہ عناب بیس دانہ ملہٹی ایک تولہ خطمی کی بیج ہنسراج ایک تولہ خبازی کی بیج چار ماشہ بہدانہ تین ماشہ پوست خشخاش دو تولہ دو سیر پانی مین جوش دین اور مصری ملاکر قوام کرین اور آخر قوام مین جو چھلے ہوئے اور شیره بادام کا اور شیره خشخاش کی بیجون کا ہر ایک ایکتولہ بڑہاوین بعد اوسکے کتیرا گوند ببول کا ست ملہٹی کا ہر ایک تین ماشہ پیسکر اضافہ کرین اور بقدر دو ماشہ منہ مین لیکر لعاب نگلین دن مین چار پانچ مرتبہ وقت خواب چار ماشہ کھائین ؛

لعوق حلیہ گرفتگی آواز اور گرانی آواز کو نرم کرتا ہے اور تھوک کو آسانی سے نکالتا ہے کتیرا ملہٹی نشاستہ مغز چلغوزہ گوند ببول کا ہر ایک سات ماشہ بادام چھیلے ہوئے گری میٹھی ہر ایک چودہ ماشہ السی کے بیج تین تولہ گوندہین اور لعوق بنائین **لعوق لعابات** بستگی آواز کو کہ حرارت سے ہو نافع ہے خشخاش کی بیج تین تولہ پانی انار کا پانی ککڑی کا پانی کدو کا پانی خرفہ کا پانی نیشکر کا یعنے رس گنہ کا ہر ایک ایک تولہ آٹھ ماشہ لعاب اسپغول کا لعاب بہدانہ کا لعاب خطمی کے بیجون کا شیره خرفہ کا شیره ککڑی کی بیجون کا ہر ایک دس تولہ قند سفید چھٹانک کم آدھ سیر بدستور لعوق تیار کرین ؛

لعوق بزرکتان ربو اور کھانسی پرانی کو نافع ہے اور سینہ کو خلطون سے

پاک کرتا ہے السی کے بیج بھونے ہوئے ساڑھے دس ماشہ قرو مانا تین تولہ کوٹکر چھانکر شہد مین گوندھین حرف المیم دس باب پر شامل ہے باب پہلا ماء اللحم کے نسخون مین ہے دو فصلین رکھتا ہے فصل پہلی اون نسخو مین ماء اللحم کے ہے جو دماغ اور دل کو مفید ہین فصل دوسری اون نسخون مین ماء اللحم کے ہی جو شہوت جماع کو قوت دیتے ہین باب دوسرا ماء العسل اور ماء بزور اور ماء الاصول مین تین فصلین رکھتا ہے فصل پہلی ماء العسل اور ماء بزور مین فصل دوسری ماء الاصول مین جو دماغ کی بیماریون سے متعلق ہین فصل تیسری ماء الاصول مین جو معدہ اور جگر کی بیماریون سے علاقہ رکھتی ہین باب تیسرا مرہمون مین ہے اور اوسکی تین فصل ہین فصل پہلی اون مرہمون کے نسخون مین ہے جو آنکھ اور کان کی بیماریون سے متعلق ہین فصل دوسری اون مرہمون مین ہے جو اور اعضا مانند گنج سر اور رحم اور عورت کی چھاتیونکی بیماریون کو نافع ہین فصل تیسری مرہمون آتشک اور نملہ اور خنازیر اور دمون ظاہری مین ہے باب چوتھا اون دواؤن مین ہے جو بلفظ مربی لکھے جاتے ہین دو فصلین ہین فصل پہلی اون مربی کے نسخو مین ہے جو گرم بیماریون کو مفید ہین فصل دوسری اون نسخون مین مربی کے ہی جو معدہ اور جگر اور دل کو قوت بخشتے ہین باب پانچوان مضمضہ یعنی کلی کے نسخو مین ایک فصل ہے جو تالو اور دہن کی بیماریون سے متعلق ہے باب چھٹا مطبوخات کے نسخو مین ہے دو فصل رکھتا ہے فصل پہلی مطبوخات مین جو باطنی بیماریون کو نافع ہین فصل دوسری اون مطبوخات مین ہے جو مفرد اور مرکب تپون کو مفید ہین باب ساتوان معجونون کے نسخون مین ہی چھہ فصلین اوسکی ہین فصل پہلی اون معجون مین ہے جو دماغی بیماریون کو مفید ہین مانند مرگی اور فالج اور لقوہ اور نسیان وغیرہ کے فصل دوسری اون معجونون مین ہے جو معدہ اور جگر اور گردہ اور مثانہ کی بیماریون کو نافع ہین

ف ونانا کردوائی ایپاری کی اور وہ قسم ایک زہرہ کی ہے ۱۲

نملہ پھنسیان ہین کہ جاری ہوتی ہین صفرا تیز لطیف سے ۱۲

مطبوخات جمع مطبوخ کا ہے وہ دوائین ہین جو جوش دیجاتی ہین پانی مین اور اوسکو کہتی ہین اور عرق جوشاندہ کہتے ہین اور اوس سے کہ پکاتا حلوون کا ہے اور علاج کرنا شکم کا ۱۲ بحر الجواہر

معجون کہا جاتا ہے اوس دوا کو جو مرکب ہوا اور شہد یا شکر ملی ہوئی ہو اور مرکب بھی ہوتی ہے اور ہو عجائبی مین سرشتہ ہوتی ہے ۱۲ مصاحب بحر الجواہر

فصل تیسری اعضاء تناسل کی بیماریون کی معجونون مین ہے **فصل چوتھی** معاجین مفاصلہ مین ہے **فصل پانچوین** اون معجونات مین ہے جو جلدی بیماریون سے متعلق ہین مانند نئے اور پرانے زخمون اور اکلہ اور جذام کے **فصل چھٹی** معاجین حمائیہ مین یعنے اون معجونون مین جو ہر قسم کے تپون کو نافع ہین +

باب آٹھوان مفرحات مین ہے تین فصل پر حاوی ہے **فصل پہلی** مفرحات دماغیہ اور قلبیہ مکیف اور غیر مکیف مین **فصل دوسری** مفرحات جگر اور معدہ اور امعاء قابض اور غیر قابض مین **فصل تیسری** مفرحات مفاصلہ اور باہیہ مین ہے

باب نوان مقیئات مین ہے یعنے وہ نسخے جو قے لانے والے ہین دو فصل پر شامل ہے **فصل پہلی** اون مقیئات مین ہے جو دماغی بیماریونکو مفید ہے **فصل دوسری** مقیئات مین ہے جو معدہ وغیرہ کی بیماریونکو نافع ہے **باب دسوان** اون نسخون کی بیان مین ہے جو بلفظ بلح لکھے جاتے ہین +

باب پہلا ماء اللحم کے نسخون مین ہے دو فصل رکھتا ہے **فصل پہلی** اون نسخون مین ماء اللحم کے ہے جو دل اور دماغ کی بیماریون کو نفع دیتے ہین ماء اللحم نافع واسطے تقویت معدہ اور اصحاب دق اور تپ یوم استفراغی کی اور ناقہین اور بیماریون گرم کو نافع ہے جسوقت معدہ اونکا ضعیف ہو واسطے سردی اور تری پہونچانے کے استعمال کیا جاتا ہے گوشت حلوان آدھ پاو کم سیر چوجہ مرغون کے چوجہ تیترون کے ہر ایک سات قطعہ گوشتون کو چربی اور ہڈی سے پاک کرکے چاندی کی دیگ مین ملایم آگ پر کباب نیم خام کرکے سیب شیرین سنجد بہ شیرین کدوی شیرین ککڑی تازہ کاہو کی پتی بیدمشک کے پھول گلاب کی پھولون کی کلیان ہر ایک چھٹانک کم آدھ سیر پودینہ تازہ برگ فرنجمشک ہر ایک اڑہائی پاو سبکو ریزہ ریزہ کرکے اور کباب مذکور مین داخل کرکے ساتھ گلاب اور عرق بیدمشک اور لہسون کے پانی اور پانی سونا بجھائے ہوئے کے عرق کھینچین اور ہر روز پونے نو تولہ اوسمین سے کھائیں

اور جو حرارت غالب ہو تو کافور قیصوری ساڑھے چار ماشہ تخم خرفہ حب سفید دھنیہ کے
بیج چھیلے ہوئے ہر ایک ایکتولہ ساڑھے دس ماشہ اضافہ کرین ماء اللحم گاوزبان
گیلانی کے پھول نیلوفر کے پھول گلاب کے پھول بید مشک کے پھول تازہ تخم خرفہ حب
سفید ہر ایک ایکتولہ صندل سفید سوہان کیا ہوا چار تولہ لونگ دارچینی ہر ایک
چار ماشہ مرغ جوان ایک قطعہ دوا اونکو ساتھ مرغ کی خوب کوٹین کہ مثل مرہم کے ہو جاوے
پھر گلاب اور عرق بید مشک اور خالص پانی مین بقدر حاجت ڈالین دیگر مرغ جوان ایک قطعہ
مصطگی سات ماشہ صندل سفید چار تولہ آٹھ ماشہ دارچینی سات ماشہ چھوٹی الائچی
سبکو ساتھ گوشت کے خوب کوٹین کہ مثل مرہم کے ہو جاتے بعد اوسکے گلاب و
عرق بید مشک مین عرق کھیچین ماء اللحم نسخہ دیگر نافع ہے واسطے ضعف بدن
خصوص دل کے اور ورم رحم اور بند ہونے خون حیض کو مفید ہے اور واسطے
درد رحم کے وقت آنے حیض کے مجرب ہے گوشت بکری کے بچہ کا فربہ آدھ پاو کم سیر
مرغ جوان فربہ تیتر لوہ ہر ایک پانچ قطعہ جانورون کو چربی اور ہڈی سے پاک کرکے
اور ورق ورق تراش کر اور چاندی کی دیگ مین کباب نیم خام کرکے تخم خرفہ حب
سفید دھنیہ کے بیج چھیلے ہوئے گوکھرو ہر ایک نو ماشہ اور بعضون نے وزن اوسکا ایکتولہ
تک لکھا ہے مجیٹھ نو ماشہ گلاب کے پھولون کی کلیان گاوزبان کے پھول ہر ایک دو تولہ
چار تولہ دارچینی چھوٹی الائچی کے دانہ دس رتی داخل کرکے عرق بید مشک کا اور
عرق گاوزبان کا اور عرق مکوہ کا اور عرق نیلوفر کا چار سیر پانی انگور کا آدھ پاو کم سیر
پانی خالص بقدر ضرورت ڈالکر عرق کھیچین بعد اوسکے مکوہ اور بنفشہ کے پھول
ہر ایک نو تولہ سوا چار ماشہ صندل سفید دو تولہ پونے دس ماشہ گاوزبان اڑھائی تولہ
نو ماشہ گلاب کے پھول تازہ آدھ پاو کم سیر سیوتی کے پھول تازہ چھٹانک کم آدھ سیر
داخل کرکے دوسری مرتبہ عرق کھیچین اور وقت عرق کھینچنے کے عنبر اشہب مشک
خالص زعفران ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کپڑے کی تھیلی مین باندھ کر اوس برتن مین
ڈالین جسمین عرق ٹپکتا ہے **فصل دوسری** اون نسخون مین ماء اللحم کے ہے

جو شہوت جماع کو قوی کرتے ہین ماء اللحم کہ حکیم ارشد نے واسطے مرزا طاہر کے
ترتیب دیا تھا حلوان ایک قطعہ مرغ جوان تیتر ہر ایک دو قطعہ چڑے نر خانگی
بیس عدد بالچھڑ تیج پات بہمن سرخ بہمن سفید اگر دارچینی ثعلب شقاقل بوزیدان
کلیجن گوکھرو ہر ایک چار تولہ لونگ دو تولہ گاوزبان چھڑیلا چھ چھ تولہ لکڑی کالی چنہ یعنی
نخود سیاہ ہر ایک چھ ماشہ سیب شیرین تیس عدد پانی گاجر کا
دس سیر عنبر اور مشک ہر ایک چھ ماشہ ماء اللحم دیگر
گوشت مرغ گوشت حلوان ہر ایک بارہ سیر گوشت
ہرن کا سیر بھر گوشت کبوتر کا گوشت نر چڑون کا ہر ایک آدھ سیر چھوہارہ سیر بھر
دارچینی شقاقل ہر ایک سات ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید جائفل جاوتری ہر ایک
ساڑھے تین تولہ مشک عنبر ہر ایک پونے دو ماشہ ماء اللحم مرغ دو قطعہ کبوتر
چار قطعہ چڑے نر خانگی چالیس عدد قطعہ خرما خارک چھ تولہ دارچینی شقاقل ہر ایک سات ماشہ
بہمن سرخ بہمن سفید جائفل جاوتری کلیجن ہر ایک ساڑھے تین ماشہ پانی سیب کا
تین سیر پانی گاجر کا پانچ سیر مشک عنبر ہر ایک دو ماشہ بدستور عرق کھینچین ماء اللحم
کہ نصرت خان ذو واسطے شاہجہان کی ترتیب دیا تھا مرغ جوان پانچ عدد گاجر
پندرہ سیر چڑے نر خانگی سو عدد شقاقل مصری پاؤ سیر سیب سمرقندی پانچ عدد
دارچینی سیر بھر گوشت مین سے ہڈی جدا کر کے بطریق گلاب عرق کھینچین اور
اوسمین سے بقدر پانچ پیالہ قہوہ خوری کی تناول کرین عجائب مشاہدہ کرینگے
ماء اللحم ایام حمل مین واسطے مردمان خانہ رفعت خان کے ترتیب دیا تھا مرغ
جوان ایک عدد لوہ چار عدد تیتر دو عدد گاوزبان دارچینی لونگ چھوٹی الائچی جائفل
صندل سفید دھنیہ خشک کی بیج چھیلے ہوئے برگ ترنج پوست بیرون پستہ بہمن
سفید بہمن سرخ ابریشم کترا درونج زعفران مصطگی ہر ایک تین ماشہ عنبر اشہب یکماشہ
گلاب عرق گاوزبان ہر ایک آدھ سیر بدستور عرق کھینچین باب دوسرا ماء العسل
اور ماء النبیذ ماء الاصول کے نسخون مین ہے تین فصلین ہین فصل پہلی اوائل العسل

مین ہے ماء العسل مستعمل ہے فالج اور لقوہ مین شہد خالص ایک جزو پانی
خالص یا عرق گاوزبان کا یا عرق سونف کا دس جزو جوش دیوین جسوقت
دو تہائی جذب ہوجاتے اور ایک تہائی باقی رہے آگ پر سے اوتارین اور
صاحب قادری نے ایک جزو شہد اور چھ جزو پانی جب آدھا رہجاتے معین
کیا ہے اور اکثر کتابون مین ایکجزو شہد اور دو جزو پانی جب دو ثلث رہجاتے
عمل مین لانے کو لکھا ہے مولف لکھتے ہین کہ اول موافق قانون کے او
معمول ہمارا ہی **فصل دوسری** ماء البزور اور ماء الاصول مین ہے جو دماغ کی بیماریون سے
متعلق ہین **ماء الاصول** اور **ماء البزور** فالج اور استرخا کو نافع ہے سوئہ
کے بیج اجمود کے بیج سونف رومی اجواین دلیسی قردمانا ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ
سبکو پچاس تولہ پانی مین جوش دین کہ سترہ ماشہ باقی رہے صاف کر کے نوش کرین
ماء البزور و ماء الاصول فالج مین مستعمل ہے چودہوین دن تک سونف
رومی سونف دلیسی اجمود کے بیج سوئہ کے بیج اجواین دلیسی قردمانا بادرنجبویہ
اجمود کی جڑ اذخر ملٹھی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ پانی مین بدستور مقرر پکائین
اور صاف کر کے شہد یا گلقند ڈالکر پین **ماء الاصول والبزور** مخترعات
علامی فہامی میر محمد ہادی پدر حکیم معتمد الملک حکیم علویخان مرحوم واسطے پکانے
مواد فالج اور استرخاء بلغمی کے مستعمل ہے چودہوین دن تک نیلی سوسن
کی جڑ فا انیا ہر ایک ساڑہے چار ماشہ سونف دلیسی سونف رومی کشنوث
کے بیج اجمود کے بیج پوست سونف کی جڑ کا پوست کبر کی جڑ کا اجمود کی جڑ اذخر کی جڑ ہر ایک
پونے چار تولہ پچاس تولہ پانی مین جوش دین کہ سترہ تولہ باقی رہے صاف کر کے
شہد خالص جھاگ اوتارا دو تولہ دس ماشہ حلکر کے نیمگرم نوش کرین ماء البزور
بعد گذرنے ہفتہ اول کے مستعمل ہوتا ہے کمافیطوس کمادریوس جاشا اسطوخودوس
قنطوریون دقیق ہر ایک ساڑہے چار ماشہ اضافہ کر کے اور بعوض شہد کے گلقند
شکری یا عسلی اور شربت اصول یا شربت اسطوخودوس یا سکنجبین بزوری

گرم موافق حاجت کی ایک انمین سے بوزن تین تولہ کی داخل کیا ہی اور اگر بعد
استعمال گرم اجزا کے مزاج مین گرمی معلوم ہو یا صفرا معدہ مین متولد ہو تو جوشاندہ
کی اجزا مین ملہٹی پوست کاسنی کی جڑ کا اور افسنتین رومی اور منہبراج ہر ایک تو ماشہ
اضافہ کرین اور گلقند آفتابی یا سکنجبین بزوری سرد حلکر کے نوش کرین **فصل تیسری**
اون نسخون مین ماء الاصول کی ہے جو معدہ اور جگر وغیرہ کی بیماریون مین مستعمل ہین
ماء الاصول واسطے سوء مزاج سرد جگر کے بعد استفراغ مواد کے کام آتا ہی
بالچھڑ اذخر گلاب کی پھول ہر ایک ساڑہے دس ماشہ اجواین دیسی سونف رومی
ہر ایک چودہ ماشہ اجمود کی بیج سونف دیسی ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ پوست
اجمود کی جڑ کا پوست سونف کی جڑ کا ہر ایک تین تولہ پونے دو سیر پانی مین
پکائین کہ نصف باقی رہے ملکر اور پونے نو تولہ سے گیارہ تولہ آٹھ ماشہ تک روغن بادام
شیرین اور تلخ بالمناصفہ مین دیوین ماء البزور ریاح معدہ اور احشا کو نافع ہے
یعنے تحلیل کرتا ہی اور غلیظ خلطونکو گھلاتا ہے اور قولنج اور استسقاء طبلی کو نافع ہی
اجواین دیسی کاشم زیرہ کرمانی صعتر کلونجی ہر ایک ایک کف یعنی سوا دو تولہ
پچاس تولہ پانی مین جوش دین کہ سترہ تولہ پانی باقی رہے صبح اور شام چھ تولہ
اوسمین سی ہمراہ ساڑہی دس ماشہ روغن ارنڈی کی نوش کرین **باب تیسرا**
مرہم کے نسخون مین ہے تین فصل پر شامل ہے **فصل پہلی** اون مرہمون
مین ہی جو آنکھ اور کان اور ناک سی متعلق ہین **مرہم ہوچوہ** واسطے کان
کی پرانے زخم اور بہنے پیپ اور تسکین درد کی معمول اور مجرب ہی انزروت
سفیدہ کاشغری ہر ایک ساڑہے تین ماشہ ہوچوہ سات ماشہ موم سفید ساڑہے
دس ماشہ کنجد یعنے تل تین تولہ مرہم بناکر اور کاغذ خطائی کے فتیلہ پر آلودہ کرکے
ان مین رکھین **مرہم** پرانے اور گرم زخمون کی اصلاح کرتا ہی ہلدی ایکجزو
مردار سنگ دو جزو دونون کو سرکہ اور روغن گل مین پیسین کہ مثل مرہم کی
ہو جاوی **مرہم زنگار** واسطے کان کے ناصور کے زنگار برادہ تانبہ کا ہر ایک چودہ ماشہ

عصارہ گندنا شہد صاف کیا ہوا ہر ایک دو تولہ دس ماشہ باہم گوندھ کر استعمال کرین
مرہم سفرجل یعنے بہی کا مرہم واسطے ناک کی برانے زخمون کے مجرب ہے
وہ زخم جو خشکی کی طرف مائل ہو اور واسطے قروح شقیقہ کے اگر عسیر الاندمال ہوون
یعنی دشواری سے اچھے ہوتے ہون کہ مواد اونکا خالی خبث اور برائے سے
نہو جملہ عجائبات اور خوارق عادات سے ہے موم شمع سفید بنفشہ خشک بہدانہ روغنگل
ہر ایک ساڑھے چار ماشہ بنفشہ کو پانی مین خوب مہرا کرین اور خوب ملین کہ پانی
لعاب دار ہو جائے بعد اوسکے بہدانہ کو لعاب نکالکر شامل کرین اور موم روغن مین
حلکر کے مرہم تیار کرین فصل دوسری اون نسخون مین مرہم کے ہی جو بیماری گو
گنج سے اور رحم اور خصیہ اور بواسیر اور عورت کی چھاتیون کو مفید ہے مرہم سعفہ
یعنے مرہم گنج سر کا بچون کے گنج سر کو نافع ہے اور حکیم ارزانی کا آزمایا ہوا ہے کمیلہ
مہندی مازو مردار سنگ پوست انار ہلدی سب دوا اونکو پیسکر اور موم کو روغنگل
مین پگھلائین اور پیسی ہوئی دوائین اوسمین گوندھین اور قدرے سرکہ اضافہ
کرکے نگاہ رکھین اور بعد مونڈنے سر کے یا بعد کترنے کے ساتھ مقراض کے
استعمال فرمائین مرہم گنج سر کی سب قسمون کو نافع ہے اور مجرب کافوریا حی
چھ رتی ہلدی گلاب کے پھول اقاقیا دھوئی ہوئی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گلناجہ
کاغذ ہر ایک سات ماشہ موم زرد دو تولہ روغنگل تیقہ تولہ دیگر واسطے گنج سر اطفال
کی آزمایا ہوا ہے چاکسو چھیلے ہوئے ساڑھے تیرہ ماشہ تخم سرس ساڑھے تیرہ ماشہ
زرد چوب ساڑھے چار ماشہ مہندی کمیلہ زفت ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ موم خالص
پونے چار تولہ گاے کی تلی کا گودا بقدر حاجت مرہم بناکر استعمال کرین مرہم
ورم اور سختی رحم کو مفید ہے بارہا آزمایا ہوا ہے اور کبھی خطا نہین پاتی موم سفید
ایک تولہ روغن گل چھ ماشہ گاے کی تلی کا گودا ایک تولہ چربی بکری کی گردہ کی
ایک تولہ زردی انڈے کی ایک عدد زعفران بابونہ کندر ہر ایک تین ماشہ اور
بعضے اوقات جو یہ مرہم شیرہ مکوہ سبز مین ملایا گیا تو نہایت مفید پایا مرہم واسطے

ریاح اور سختی رحم کے مفید ہے بابونہ کے پھول سووہ کے بیج دونا مروا پودینہ
جنگلی تتلی کی تیتی اجمود کے بیج سونف زیرہ سیاہ اجواین بوٹی مادران ہر ایک تولہ
نرم کوٹکر اور روغن زیتون پُرانا آدھ سیر موم زرد چار تولہ بدستور مرہم تیار کرکے
استعمال کرین اگر زیتون پُرانا نہو تو روغن چراغ کا ڈالین مرہم واسطے سختی
رحم کے نافع ہے زعفران چھ ماشہ موم زرد ایک تولہ گای کی نلی کا گودا ایک تولہ
روغن زیتون سات تولہ بدستور روغن کی مالش کے استعمال کرین مرہم
ایجاد صاحب قادری ہے واسطے ملائم کرنے اور تحلیل ورمون سخت خصیہ
وغیرہ کے مجرب ہی میتھی السی آٹا جو کا خطمی کے پھول ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
کوٹکر چھانکر شلغم کے پانی یا گرم کلہ کے پانی مین پکائین اور جو قریب پکنے کے
ہوجائے املتاس ساڑھے سترہ ماشہ گرم پانی مین حلکر کے اور چھانکر اضافہ
کرین اور پکائین کہ گاڑھا ہوجائے پس روغن گل یا تل کا تیل یا روغن زیتون
یا روغن آرنڈی بقدر حاجت ملائین اور رکھین مرہم واسطے خیارک کے
کہ ہندی مین اوسکو بدہ کہتے ہین پیشاب بچہ کا کوزہ مین گرم کرین اور صابون
باریک تراش کر اوسمین قدرے نمک داخل کرکے پکائین کہ گاڑھا ہوجاوے
بدہ کے اوپر باندھین چند روز صبح اور شام تازہ کرتے رہین کہ نضج پاکر یعنے
مواد پک کر بلا تکلیف پیپ باہر نکل آوگی اور بعد اوسکے مرہم لگاوین کہ بالکل
اچھا ہوجاویگا مرہم چہار مغز واسطے ناصور کے مجربات سے لکھا ہے
یعنے رال اور مغز چہار مغز یعنے اخروٹ کی گری موم سفید تل کا تیل برابر وزن
مرہم بناکر استعمال فرمائین مرہم بواسیر اور شق ہونے مقعد کا پانی گندنا کا
دو تولہ چار ماشہ گوگل تین تولہ گاے کی نلی کا گودا اور روغن زرد آلو ہر ایک دو تولہ
دس ماشہ گندنا کے پانی مین حل کرکے اور تل کا تیل ملاکر جوش دین کہ پانی جذب
ہوجائے بعد اوسکے گاے کی نلی کا گودا کوٹکر اور نرم کرکے قدرے موم سفید
داخل کرین اور مرہم بنائین دیگر بواسیر کو نافع ہے جو بسبب گرمی کے نہو موم

تل کا تیل چربی بطکی گائی کی تلی کا گودا کوہان شتر گوگل سب برابر وزن گوگل کو
ساتھ پانی تخم السی کے حل کرین اور باقی چیزون کو پگھلا کر اور مخلوط کرکے مرہم
بنائین دیگر واسطے شقاق مقعد کے موم سفید ایک تولہ مہندی تین تولہ روغنگل
چار تولہ موم کو روغنگل مین پگھلا کر مرہم بنائین دیگر واسطے نواصیر کے نافع ہے
اور پرانے زخم کو بھرتا ہی مردارسنگ ہلدی خون سیاوشان پھٹکری سرمہ سپیدا
اگر سرخ ہو بہتر ہے اور بارہ سنگہ کے سینگ جلے ہوئے موم سفید ہر ایک ایکتولہ
روغن زیتون کا چار تولہ بدستور مرہم بنائین **فصل تیسری** مرہمون نملہ اور خنازیر
اور آتشک وغیرہ کے بیان مین ہی مرہم کہ نملہ ستاکلہ اور سب پرانے زخمونکو
جنمین پیپ پڑ گئی ہو اور محتاج خشکی کے ہون مفید ہے مازوی خام تخم مورد
برگ مورد سب دوائین برابر وزن کوٹکر چھانکر موم روغن مین جو موم سفید اور
روغن گل سے بنایا ہو ڈالکر بطریق مرہم تیار کرین مرہم پہلے سے نافع زیادہ ہے
مردارسنگ مجیٹھ ہر ایک ایکجزو پارہ نصف جزو گلنار زرا وند کمیلہ ہر ایک ایکجزو
کوٹکر چھانکر موم کو روغن گل مین ڈالکر مرہم بنائین **مرہم آتشک** مجربات
اور اسرار الطبا سے ہے اور ایک رات دن مین اوسکے دانون کو دفع کردیتا ہی
اور آبلہ اور زخم اوسکے اچھا کرتا ہے نیلہ تھوتھ دھویا ہوا چھ تولہ شنگرف تیز تولہ
چوبچینی ساڑھے سترہ ماشہ اور جو موجود نہو تو بدون چوبچینی بھی موثر ہے ساتھ
انڈون مرغ کی زردی کے کہ نیچے بھوبھل کے ہون بقدر کفایت گوندھ کر
استعمال کرین اول رجو چوبچینی اور پارہ کو ملکر کپڑے مین چھانکر کہ پارہ اوسمین ناپدید ہو جاتے
پھر اوس کپڑے کو جلائین اور راکھ اوسکی سواد وماشہ داخل کرین تو بے نظیر مرہم ہوگا
مرہم لسان الکلب یعنے کتی کی زبان کا مرہم عملہای فرنگ سے ہے
واسطے ناصور کے نہایت مجرب زبان سگ ایک عدد لیکر کوری کا لی
مین جلادین اور کتھ ہندی اور چھالیہ جلائی ہوی ہر ایک دو تولہ چار ماشہ کوڑی
جلائی ہوئی چار تولہ آٹھ ماشہ پرانا گھی گائے کا موم سفید بدستور مرہم بنائین

مرہم ناصور کہ مکرر تجربہ مین آیا ہے کتھ سفید ساڑھے تین ماشہ توتیای سبز چودہ ماشہ کافور بوزن
دو ماشہ موم سفید چھ تولہ تل کا تیل چار تولہ ساڑھے چار ماشہ مرغ کا انڈا ایک عدد پہ
انجیر کے چار عدد روغن مذکور مین بھونکر دور کرین اور موم کو روغن مین پگھلائین بعد
اوسکے اور دواؤن کو پیسکر ملائین اور زردی انڈے کی لت کر کے مرہم بنائین **مرہم سرطان** کہ ایک جزو اوسکا سرطان ہے درد کو ساکن کرتا ہے اور زخم کو صلاح
لاتا ہے صندل سفید ساڑھے تین ماشہ بوسش دربندی اقاقیا ہر ایک سات ماشہ
شیاف ماہیثا موم سفید ہر ایک چودہ ماشہ سرطان یعنی کیکڑا کہ ایک جانور ہے جلایا
ہوا ایک عدد روغن گل بقدر ضرورت **مرہم سرطان** مجرب ہے شنگرف مرچ
کتھ ہلدی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ترپھلہ ساڑھے دس ماشہ برگ بڑ کہ خشک
ہو گیا ہو ساڑھے تین ماشہ جدا جدا پیسکر اور کپڑ مین چھانکر پارہ اور موم سفید ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ گائی گھی بقدر حاجت سبکو اکٹھا کر کے روغن مین مرہم بنائین اور
سرطان اور دُمل پر کپڑی پر لیپ کر کے لگائین **مرہم زنجفر** واسطے تحلیل ورمون
اور سرطان اور خنازیر اور ورم خصیہ اور ورمون سخت کی جو دشواری سے پکتے ہون
نافع ہے مردار سنگ ساڑھے سترہ ماشہ علک البطم پونے دو تولہ شنگرف چھ تولہ کندر
مازو اشق موم سفید ہر ایک تین تولہ روغن زیتون کا یا روغن گل تین چھٹانک مرہم
واسطے تسکین درد اور بھرنے پرانے زخمون کی بہت مفید ہے اسرب یعنی سیسہ
جلا ہوا اور دھویا ہوا مردار سنگ سفیدہ کاشغری افیون جلائی ہوی زعفران گوند
ببول کا موم سفید ایکتولہ روغن گل اور روغن مذکور مین پگھلا کر باقی اور دوائین
کوٹکر چھانکر شامل کرین **مرہم داخلیون** ورمون کو پکاتا ہے اور درد دور کر کے
تسکین بخشتا ہے اور خنازیر اور سب قسم کی سختیون اور سلعہ کو تحلیل کرتا ہے اور
توڑتا ہے روغن زیتون کا پڑا چھیالیس تولہ آٹھ ماشہ مردار سنگ چھ تولہ خطمی
بیج اسبغول کنوچہ کے بیج میتھی السی کے بیج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ دو تولہ
ببون کو رات کو پانی مین بھگووین اور صبح کو گاڑھا لعاب وسکا نکالین اور مر

باریک کرکے اور روغن زیتون مین ڈالکر نرم آگ پر رکھین اور کسی شی مین حرکت دیوین
کہ روغن ساتھ مردارسنگ کی بستہ ہوجاتے ظرف کو آگ پر سے اوتارین اور لعاب اوسمین
ڈالکر جوش دین کہ گاڑھا ہوجائی پس اوتار کر خوب گھوٹین اور جو چاہین کہ اثر اوسکا
بہت قوی ہو تو زفت اور انگوسکی لکڑی کی راکھ مُرکی یعنے بول ہر ایک ساڑھے دتین ماشہ
زنگار لوہے کا جسکو صدا الحدید عربی میں کہتے ہین ساڑھے تین ماشہ باریک کرکے
اضافہ فرمائین مرہم شلجم کافور چینیہ ساڑھے تین ماشہ سفیدہ کاشغری آدھ پاو
تل کا تیل چھہ تولہ شلغم کلان دو عدد شلجم کو کوٹین اور روغن مین جوش کرین کہ
سیاہ ہوجاتے پس صاف کرکے کم کم سفیدہ ڈالکر آگ پر رکھین اور حرکت دیتے رہین کہ قوام
مرہم کا ہوجائے **مرہم اشق** ورم کی سختیون کو تحلیل کرتا ہے اور خنازیر اور سلعہ کو
نہایت نافع ہے کف دریا زراوند طویل گندھک زرد گوگل اشق ہر ایک
ایکجزو بیرانا تیل زیتون کا بارہ جزو سب دواؤنکو سوای گوگل اور اشق اور روغن
زیتون کے حل کرین بعد اوسکے دو جزو موم زرد پگھلا کر اضافہ کرین اور دوائین اوسپر
ڈالکر ملین کہ مثل مرہم ہوجائے پس وقت استعمال کے ایک جزو اس مرہم مین سے روغن گل
ایک جزو روغن زیتون ایکجزو مین ملاکر ضماد کرین **مرہم زرد** معمول اور مجرب ہے
واسطے پاک کرنے میل اور گوشت مردار اور بھرنے گہرے زخم اور اصلاح
سب قسم کے نئے زخمون اور بھرنے سب طرح کی پرانے زخمون کی اجمود
سنگ بصری کتھ سفید منسل نیلہ تھوتھ بھونا ہوا مردارسنگ ہر ایک پانچ ماشہ موم زرد
ایک ماشہ تین چاول تِل کا تیل چار تولہ آٹھ ماشہ بدستور مقرر مرہم تیار کرین اور خالص پانی
سے پانچ چھ دفعہ دھووین **مرہم رال** منقول حکماء ہندی واسطے جاذ گوشت سالم
اور دفع گوشت مُردار کی نافع ہے اور پرانے زخمون کو جو وقت سے قابل بریت کے
ہون مفید ہے اور زخمون آتشک و ناصور کو نہایت موثر ہے کافور قیصوری
رال کتھ ہندی ہر ایک ڈیڑھ تولہ گوگل کر چھانکر موم کو ساتھ گاے کی تازہ گھی کی برابر وزن
سب دواؤن کی ہو لوہے کی برتن مین پگھلا کر اول رال کو ڈالکر دو تین جوش دیویں

پھر کتھ کو بدستور پھر کافور ملائین اور پھر جوش دین اور پرانے زخمون پر تین دن قدر
چھالیہ جلی ہوئی ملاکر استعمال کرین بعد اوسکے تنہا اوس مرہم کو استعمال کرین
مرہم روناسی یعنے مرہم مجیٹھ کا واسطے پرانے زخمون کو نہایت مجرب ہے
اور تاثیر مین کمتر مرہم رال سی نہین ہے اور باعتدال قریب ہی انزروت کتھ
جلایا ہوا پوست درخت کاج روناس یعنے مجیٹھ کتھ ہندی ہر ایک سات ماشہ
مردار سنگ دھویا ہوا ساڑہی تیرہ ماشہ سفیدہ کاشغری دھویا ہوا ساڑہے سترہ ماشہ
موم سفید ایک تولہ ساڑہی دس ماشہ کافور قیصوری تین تولہ روغن گل چھہ تولہ
تیار کرین مرہم ربانی ورم کو پکاتا ہی اور پھوڑتا ہی سفیدہ کاشغری چودہ ماشہ
تیل ساڑہے تین تولہ روغن کو لوہے کی برتن مین گرم کرین یہان تک کہ سیاہ
ہوجائے بعد اوسکے سفیدہ کو سرمہ کرکے تھوڑا تھوڑا چھڑکین اور نیم کے سونٹے سے
خوب ملاوین جسوقت جوش سی تھم جائے تو پھر سفیدہ اوسمین قدری چھڑکین
تمام سفیدہ خرچ ہوجائی اور مثل مرہم کی قوام پیدا کری مرہم ہفت دارو
پکاتا ہی اور زخمون کو نافع ہی کتیرا السی کی بیج کنوچہ بیرشس چوہ گل بابونہ خطمی کے
پھول برابر وزن کوٹکر چھانکر نیم گرم شراب کی ساتھ استعمال کرین مرہم دیگر
گوگل ہر ایک ایکتولہ دو ماشہ رات کو پانی مین ترکرین صبح کو مردار سنگ چودہ ماشہ
لونگ دس عدد کھرل کرین پس پارچہ مستعمل ایک گز اور چار گرہ رنگ دیوین
پانی مین ڈبودین وزن پانی کا اوس قدر چاہیے کہ پارچہ کو
جذب کرے پس اوس کپڑے کو سکھا کر نگاہ رکھین اور ہر طرح کے زخم
چپٹاتین کہ جلد اچھا ہوجائیگا مرہم واسطے پکانے دملون اور سب قسم کی ورم
اور التیام یعنے بھر دینے نئے زخمون اور پرانے زخمون کی جلد اثر کرنی والا ہے
موم خالص رال چربی گاے کی گردہ کی سفیدہ کاشغری ہر ایک چودہ ماشہ
تیل خالص چودہ تولہ ساڑہی دس تولہ تک موم اور رال اور چربی کو روغن مین
گھلاکر اور کپڑے مین چھانکر بعد اوسکے سفیدہ کاشغری داخل کرکے نرم آگ پر جوش دین

کہ سیاہ ہوجاتے ہوہے کے برتن مین پکائین اور نیم کی لکڑی سے حل کرین مرہم گونہ
برج پیپل دار ہلد نسوت کمیلہ ہر ایک چودہ ماشہ میدہ گندم گیارہ تولہ آٹھ ماشہ مسکہ
تیل سرسون کا ہر ایک دو تولہ چار ماشہ دواؤن کو باریک کرکے اور مسکہ ملاکر تیل
مذکور مین طلا کرین مرہم گونہ آزمایا ہوا ہے کتھ باپڑیا جلا ہوا نیلہ تھوتھہ جلا ہوا ہلدی جلی
ہوی سہاگہ جلا ہوا سب برابر وزن کاغذی لیموکے پانی مین حل کرکے طلا کرین
باب چوتھا ان دواؤن کے بیان مین ہے جو بلفظ مربے لکھی جاتی ہین و دو فصل
پر مشتمل ہے فصل پہلی اون نسخون مین مربے کے ہے جو سرد بیماریونکو
نافع ہین فصل دوسری اون نسخونمین مربی کے ہے جو معدہ اور جگر کو قوت دیتے
ہین اور گرم بیماریون مین استعمال کیے جاتے ہین مربای سیر لقوہ اور سرکی سب
بیماریون کو مفید ہے اور معدہ کی رطوبت کو جذب کرتاہے اور کھانا ہضم کرتاہے
لہسن بزرگ دانہ چھیل کر تازہ دودھ مین بھگوین ایک رات دن بعد اوسکے
نکال کر شہد صاف مین جوش دین بعد اوسکے لونگ پیپل جاپھل زعفران ایک ایک
سات ماشہ بڑی الایچی سونٹھ دارچینی ہر ایک چودہ ماشہ کوٹکر چھانکر ڈالیں اور
ملاوین کہ ہموار ہوجاوے باب پانچوان کلی کے نسخون مین ہے ایک
فصل رکھتاہے فصل اون نسخون مین کلی کے ہے جو حلق اور تالو کی بیماریسی
علاقہ رکھتے ہین مضمضہ یعنے نسخہ کلی کا آزمایا ہوا ہے واسطے تسکین دانتونکے
درد کے اور پھیپھڑے کی مواد کو گرنے سے باز رکھتاہے پوست انار بڑی مائین تخم
مورد گلنار پوست خشخاش ہر ایک ایک جزو پوست درخت شہتوت دو جزو
پانی مین جوش دیکر اور سرد کرکے کلی کرین مضمضہ دانتون کے درد کو تسکین
دیتاہے اور ہلتے ہوتے دانتونکو مضبوط کرتاہے اور بہت نافع تجربہ مین آیاہے
چھال کچنال چھال جھربیری چھال ببول بانسہ کتھ سفید سپاری چھالیا گوند جیسا ماندہ
چھال کی چیزین ہر ایک پاؤ پاؤ سیر بعد اوسکے دو دو دوائین چار چار دام خام یعنے
ہر ایک چار تولہ آٹھ ماشہ بعد اوسکے دو دو دوائین دو دو دام خام یعنے ہر ایک دو تولہ چار ماشہ

کوٹکر چھانکر آدھ سیر پانی مین جوش دین جسوقت سیر بھر رہجاتے سرد کرکے نگاہ رکھیں
اور ہر روز چار پانچ مرتبہ قدرے گرم کرکے کلی کرین مضمضہ واسطے تسکین درد دانتون کے
کہ مسوڑہے کی ورم کی ساتھ ہو نافع ہے پوست درخت بڑہ اور پیپل دونون کو جوش دیکر
گرم گرم کلی کرین مضمضہ دیگر پوست درخت کیکر نیم تیز جوش دیکر کلی کرین مضمضہ
دانتون کے درد کو کہ بسبب نزلہ کے عارض ہو نافع ہے مکوہ خشک پوست تخم
اسپند ہر ایک یکتولہ مجیٹھ چھ ماشہ جوش دیکر نیم گرم مکرر کلی کرین مضمضہ دانتونکی
درد کو کہ بسبب گرمی کے ہو یا باعث ورم کے نافع ہے پوست درخت سرس
پوست خشخاش جوش دیکر چند روز مکرر کلی کرین دیگر واسطے دانتون کے درد کو
مفید ہے جس درد مین کہ کوئی دوا اثر نہ کرے پوست درخت سرس کو کچل کر
اور پانی مین جوش دیکر نیم گرم کلی کرین عجیب الاثر ہے **باب چھٹا** مطبوخات
یعنے جوشاندہ کے نسخون مین ہے دو فصلین اوسکی ہین **فصل پہلی** ان
مطبوخات مین ہے جو بیماریون ظاہر و باطن کو مفید ہین **مطبوخ** ہاتم بادن کہ
جوڑون کی درد کو مفید ہے جسکو وجع مفاصل کہتے ہین سونف دیسی سونف
کی جڑ کاسنی کے بیج مکوہ فنطوریون ہر ایک تین ماشہ اجمودہ کی جڑ کبر کا چھلکا سورنجان
ہر ایک تین ماشہ سورنجان میٹھی ہر ایک چھ ماشہ بابونہ کے پھول بادآورد خیار
بیج شاہترہ ہر ایک سات ماشہ مویز منقے بیس دانہ آلو بخارا کے سات دانہ گلاب کے
پھول نو ماشہ گلقند آفتابی بعد سات دن کے بنفشہ ایک تولہ سنا مکی ایک تولہ
اضافہ کرین پھر اوسکے بعد دوسرے دن املتاس اور روغن بادام داخل کرین
پھر سفوف سورنجان مسہل تین دن تک دیوین اور بعد تنقیہ کی معجون سورنجان
کی ہمیشگی کرین بعد اوسکے روغن کی مالش کرین **مطبوخ** یعنے جوشاندہ اوس
ہے واسطے دفع کرنے وجع الورک اور عرق النسا کے مواد کے معمول اوسکا
ہے مصطگی سونف رومی ہر ایک سات ماشہ سونٹھ ساڑہے دس ماشہ
چیتا سورنجان تمیر بن بوزیدان ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ اجمودہ کی جڑ سونف

ف بوزیدان ایک جڑ ہے سفید [illegible]
۱۲

ہر ایک دو تولہ تیتھی مویز منقے ہر ایک سات ماشہ سب دواؤن کو پونے دو سیر
پانی مین جوش دین کہ چہارم باقی رہے صاف کر کے بارہ تولہ ہر روز بقدر تحمل طبیعت
کے نوش کرین **فصل دوسری** اون مطبوخات مین ہے جو مفرد اور مرکب
ہیون کو مفید ہین اور گردہ اور مثانہ کی بیماریون کو نافع **مطبوخ** یعنے جوشاندہ
گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑ کر باہر نکالتا ہے گاؤزبان بکوہ ہنسراج گلاب کی پھولو نکی
کلیان گوکھرو چھلے ہوئے کلتھی بسفایج ہر ایک نو ماشہ کھیرے ککڑی کی بیجو نکی گری
خربوزہ کی بیجون کی گری کسوم کی بیج ہر ایک ایکتولہ سناء مکی ایکتولہ جوش دیکر صاف کرین
املتاس ترنجبین ہر ایک چھ تولہ شربت کشوث چار تولہ حلکر کے دوسری مرتبہ صاف
کرین اور روغن بادام چھ ماشہ ڈالکر نوش کرین **مطبوخ دیگر** اسی مقدمہ مین نافع ہے
عناب سات دانہ لسوڑہ بیس دانہ بنفشہ کے پھول ہنسراج ہر ایک نو ماشہ تیی گاؤزبان
نیلوفر کی پھول کاسنی کے بیج چھلے ہوئی کلتھی ہر ایک سات ماشہ آلو بالو دو تولہ گوکھرو
چھلے ہوئے نو ماشہ سناء مکی سوا تولہ گلاب کی پھول ایک تولہ رات کو گرم پانی مین
تر کر کے صبح کو جوش دیکر املتاس چار تولہ ترنجبین پانچ تولہ حلکر کے دوسری مرتبہ صاف
کرین اور روغن بادام شیرین چار ماشہ ڈالکر نوش کرین واسطے تنقیہ گردہ اور مثانہ
کے اسرار الطباسے ہے **فصل** جو مطبوخات مفرد اور مرکب پتون کو نافع ہین تفصیل انکی
تفصیل لکھی جائیگی **باب ساتوان** معجونات کے نسخون مین ہے چار فصل
رکھتا ہے **فصل پہلی** اون معجونون مین ہے جو دماغ کی
بیماریون کو مانند مرگی اور لقوہ اور فالج کے مفید ہین
معجون صرع یعنے مرگی کی معجون فالج اور لقوہ کو بھی مفید ہے ہمیشگی کے استعمال
سے قرار واقعی اس مرض کو دور کرتی ہے افتیمون اسطوخودوس[1] بسفایج فستقی
عاقرقرحا برابر وزن ساتھ سکنجبین پیاز جنگلی یا مویز کے معجون بناتین **دیگر معجون**
بترتیب اسکا نام ہے کابلی ہڑ زرد ہڑ بہیڑہ آملہ اسطوخودوس ہر ایک سات ماشہ
عود صلیب ساڑھے سترہ ماشہ عاقرقرحا ساڑھے دس ماشہ ہمراہ مویز منقے

[1] اسطوخودوس لغت یونانی ہے عربی مین حافظ الارواح کہتے ہین ایک گھاس ہے برگ اوسکا صعتر کے مشابہ ہے اور اوسکا تخم تیز و خوشبو دار ہوتی ہے اور بعضے کہتے ہین کہ تخم اوسکا نہین ہوتا ہے ۱۲

چھٹانک کم آدہ سیر قوام دیوین قدر خوراک ساڑہے ستر ماشہ **معجون صرع** یعنی مرگی

کی معجون آزمائی ہوئی ہے کابلی ہڑ نسوت سفید سونٹھ اگر مصطکی عود صلیب ہر ایک

ساڑہی تیرہ ماشہ اسطوخودوس ساڑہی چار ماشہ کالی ہڑ آملہ ہر ایک سوا دو تولہ

ڈیڑہ تولہ روغن بادام ایک تولہ ساڑہی دس ماشہ شہد سفید تین وزن سب

بعد چار روز کی استعمال کرین قدر خوراک ساڑہی چار ماشہ **معجون ابن ماسویہ**

واسطے مرگی بلغمی اور سوداوی کے مفید ہے اور جلد اثر بخشتی ہے زعفران ساڑہی

تین ماشہ حب الغار ناگرموتہ سلیخہ اکلیل الملک اظفار الطیب یعنی نکھہ بالچھڑ

ہر ایک سات ماشہ میٹھا چرایتہ دو تولہ ساڑہی سات ماشہ اذخر مکی ساڑہی تین تولہ

دار چینی مویزج علک البطم ہر ایک سات تولہ کوٹ کر چھانکر سہ چند شہد جھاگ اتری

ہوئی مین گوندھین قدر خوراک ساڑہے تین ماشہ **معجون نجاح** ہمیشگی اسکی

مالیخولیا سے نجات بخشتی ہے اور مرگی اور سب دماغ کی بیماریون کو نافع ہے

جو بسبب غلبہ سودا کی عارض ہون اور خون کو سوداسی پاک کرتی ہی اور بلغم

دستون کی راستہ نکالتی ہی اور واسطے اختناق الرحم کے بالخاصیت نفع دیتی

ہی نسوت سفید اسطوخودوس بسفایج افتیمون ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ کابلی

بہیڑہ آملہ سیاہ ہر ایک تین تولہ دو چند شہد صاف کیے ہوئے مین گوندھین قدر

واسطے ہمیشگی کے نو ماشہ سے ساڑہی تیرہ ماشہ تک ہی اور واسطے دستون

ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ سے دو تولہ ساڑہے سات ماشہ تک **معجون اذاراقی** مزاج خراب سرد کی تبدیل کرتی ہے اور واسطے فالج

لقوہ اور مفاصل اور عرق النسا اور سلسل البول اور قطع عادت افیون

مجرب ہی لونگ صندل سفید ہر ایک ساڑہی چار ماشہ چھوٹی الایچی نو ماشہ

پھول ہڑ کچور اسطوخودوس کتیرا ناریل تازہ چلغوزہ کی گری شقاقل ہر ایک

ساڑہی تیرہ ماشہ آملہ منقے کالی ہڑ ہر ایک یکتولہ ساڑہے دس ماشہ اذاراقی

یعنی کچلہ کو دودھ مین بھگو کر اور پوست اوسکا جدا کر کے سوہان سے

کرین اور کوٹین اور کپڑے مین چھانکر سوا دو تولہ لیوین اور سہ چند سب دواؤن کا شہد داخل کرین اور بدستور معجون بناکر ساڑھے چار ماشہ سے نو ماشہ تک ہمیشگی کرین **معجون حب صنوبر** واسطے فالج اور استرخا کے نافع ہے صنوبر بزرگ کچلا ہوا ساتھ شہد صاف کیے ہوئے یا شکر یا مویز منقے تین وزن کی گوندھین قدر خوراک ساڑھے تیرہ ماشہ سے ساڑھے سترہ ماشہ تک ہی **معجون نسیان** دارچینی بہمن سفید بالچھڑ مصطکی زعفران کندر سوسن کی جڑ درونج عقربی ناگرموتھ بہمن سرخ تخم اسطوخودوس کبابچینی تگر ہر ایک دو ماشہ کابلی ہڑ مغز ناریل ہر ایک چار ماشہ ابریشم کترا ہوا بیس ماشہ مویز منقی پندرہ دانہ مغز فندق تین ماشہ پیپل سونٹھ مرچ سفید ہر ایک ایکماشہ نبات سفید چار تولہ آٹھ ماشہ شہد سفید سات ماشہ مین گوندھین **معجون لولتی** حافظہ کو قوت دیتی ہی اور نسیان کو نافع ہے سلیخہ تخم زراوند مدحرج زعفران دارچینی مصطکی رومی ہر ایک سوا دو تولہ کوٹھ تتلی کے بیج مرچ سفید ہر ایک ساڑھے سات تولہ بھلاوان افتیمون ہر ایک تین تولہ غاریقون نو تولہ ایلوا ساڑھے بائیس تولہ شہد دو چند یا سہ چند سب دواؤن کے **معجون ثوم** ثوم لغت عربی ہی یعنے لہسن یہ معجون لہسن کی واسطے سکتہ اور فالج اور رعشہ اور نسیان اور لکنت زبان اور تنگی سانس اور سب بیماریون سرد اور کھانسی رطوبی اور فساد آواز اور تحلیل ریاح اور پکانے مواد شدہ اور تقویت معدہ و جگر اور بند ہونے حیض اور نیک کرنے رنگ بدن اور رنگ چہرہ اور برانگیختہ کرنے قوت شہوت جماع مایوسین کی نہایت مجرب ہی اور واسطے جڑہانے قوت کی نافع ہے اور شیخ قانون مین لکھتا ہی کہ معجون ثوم کہل یعنے ادھیڑ اور شیخ یعنے بوڑہی عمر کی آدمی کے مزاج کی موافق ہی اور کھانا اوسکا موسم سردی مین گرم رکھتا ہی جسم کو اور بے پرواہ رکھتی ہی یہ معجون پہننے پوستین سے اور سردی سی بچاتی ہے اور طبیعت کو نگاہ رکھتی ہی اور مرض چھیپ اور داد اور بلغم خام کو مفید ہے اور گرم مزاجون کو مضر ہی مصلح اوسکی سکنجبین اور شربت عناب ہے اور قوت اوسکی چار برس تک باقی رہتی ہی گرم ہی تیسرے درجہ مین اور خشک ہے

پہلے درجہ مین اور خوراک اوسکی نو ماشہ تک ہے اور جو کچھ شیخ قانون مین لکھتا ہے
یہ ہے کہ حمص شامی یعنی نخود رات کو پانی مین بھگووین یہان تک کہ پانی کالا اور نخود
سفید رہ جاتین صاف کرین پھر توم یعنے لہسن طلب کرین اور ہر ایک دانہ اوسکا
پاک کرکے نخود کے پانی جوش کیے ہوتے مین ڈالکر پکاتین کہ لہسن پک جاتی بعد اوسکے
گاے کا دودھ تازہ اوس قدر کہ اوسکو ڈھک لیوے اور چار اونگل اوپر رہے اوپر
ڈالکر ملایم آگ پر پکاتین کہ لہسن خشک یا قریب خشک ہونے کی پہونچے بعد اوسکے
گاے کا گھی تازہ قدرے اوسمین ملاتین مثلاً دودہ اگر چھٹانک کم آدہ سیر ہووے
تو گاے کا گھی پونے نو تولہ ڈالین اور ملایم آگ پر پکاتین کہ گھی بھی سب جذب
ہو جاتے بعدہ تانبہ کی دیگ مین کوٹین اور اولٹ پلیٹ کرین کہ مثل خمیر کے
ہو جاتے بعد اوسکے شہد سفید صاف اوس قدر کہ چہار اونگل اوپر ٹھہرا رہے
اوسمین ملاکر آگ پر پکاتین کہ گرہ بندہ جاتے یا قریب گرہ بندھنے کے ہوئے
بعد اوسکے اوپر ہر ایک چھٹانک کم آدھ سیر لہسن کی کالی مرچ ساڑہے تیرہ ماشہ
پیپل ایک تولہ ساڑہے دس ماشہ تودری سرخ تودری زرد زیرہ کرمانی کلین
دارچینی ہر ایک پونی چار تولہ کوٹکر چھانکر گوندھین اور دودھ کی برتن مین رکھین اور
بمقدار جوز کے تناول فرماتین اور جو اسحق مولف تذکرہ لکھتا ہے اور صاحب
تحفۃ المومنین نے اوسکو نقل کیا ہے یہ ہے کہ چھٹانک کم آدھ سیر لہسن کو کوٹکر
آدھ پاو اوپر آدھ سیر تازہ دودھ کی جوش دیکر یہان تک کہ دودھ کو جذب کرے
اور آدھ پاو اوپر آدھ سیر شہد مین قوام دین بعد اوسکے زعفران ساڑہے چار
سونٹھ کالی مرچ پیپل لونگ دارچینی کبابچینی جائفل عاقرقرحا کلیجن ہر ایک
رونگل پونے چار تولہ اوسمین گوندھین اور اگر چاہین کہ روغن اوسکا نکالین
قبل اسکے کہ شہد مین جوش کرین اور معجون بناتین پس جو روغن کہ اوس
نکالین ملنا اوسکا اوپر بدن کے واسطے اذیت سرما پھٹنے پاؤن کی ایڑی
دور کرنے نشان زخمون کے مجرب ہے اور طلا کرنا اوسکا اوپر قضیب

واسطے برانگیختہ کرنے باہ کے نہایت نافع ہے اور پونے نو تولہ روغنگل و سیر ڈالین
اور باہم ملاکر آگ پر سے اوتارین اور یہ دوائین کوٹکر چھانکر اوسمین گوندھین اگر خام
زعفران ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ لونگ جائفل جاوتری کالی مرچ مصطکی بڑی الائچی
چھوٹی الائچی کابلی ہڑ دارچینی سونٹھ ہر ایک تین تولہ قدر خوراک برابر اخروٹ کی

معجون حفظ سدید گازرونی سے منقول ہے پوست کابلی ہڑ کا کالی ہڑ
آملہ منقی دارچینی بچ ترکی ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ سونٹھ کالی مرچ پیپل کندر ہر ایک
ساڑہی تین تولہ پوست بہیڑہ کا سعد کوفی یعنی ناگر موتھا مغز پستہ مویز منقی ہر ایک
چار تولہ اٹھ ماشہ دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور مویز کے ساتھ گوندھ کر معجون تیار کرین

معجون مرجان واسطے تقویت معدہ اور منع بخار اور دوار کے مجرب ہی
اور بعض بزرگوارون نے اس نسخہ کی صفت بہت لکھی ہے دھنیہ خشک صندل سفید
گلاب کی پھول سرخ زنگین کاسنی کی بیج ہر ایک چودہ ماشہ گل مختوم بنسلوچن سفید
بہمن سفید مرجان ہر ایک ساٹ ماشہ موتی کہربا مصطکی ہر ایک ساڑہی تین ماشہ
دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور جواہر کو سنگ سماق پر گلاب مین پیسکر ساتھ قند سفید
دوچند شربت سیب شیرین ایک وزن کی قوام دیوین **معجون لبوب**
تالیف حکیم علویخان دماغ کو قوت دیتی ہے اور مرض حمق اور رعونت اور سرد
دماغ کی بیماریونکو نافع ہے عنبر اشہب سونے کے ورق ہر ایک یکتولہ ساڑہے
دس ماشہ ابریشم کترا ہوا اذخر مکی بادرنجبویہ اگر ہندی پوست کابلی ہڑ کا دارچینی کندر
چھوٹی مائین ہر ایک ساڑہے چار ماشہ مغز پستہ مغز ناریل چھیلا ہوا بادام چھیلکر
ہوئے مغز حبۃ الخضر یعنی بُٹ کی گری فندق کی گری چلغوزہ کی گری ہر ایک نو ماشہ
شہد صاف کیا ہوا ساڑہی بائیس تولہ بدستور معجون کرین قدر خوراک ساڑہی چار ماشہ

معجون نوم تالیف علویخان نافع ہے واسطے بیماریون سوداوی اور بلغمی کی
اور تریاق سب قسم کی زہرون کی گاوزبان گیلانی کے پھول تیی بادرنجبویہ کی
ہر ایک نو تولہ ساڑہی چار ماشہ بسفایج فستقی کالی ہڑ پوست کابلی ہڑ کا ملکوہ خشک

ہر ایک چار تولہ ساڑہی دس ماشہ اور بعضون نے وزن ہر ایک کا پانچ تولہ ایکماشہ
لکھا ہی سب دواؤن کو ڈیڑہ پاؤکم چھہ سیر خالص پانی مین جوش دین کہ تہائی باقی رہی
صاف کرین پھر چھٹانک کم آدہ سیر لہسن تازہ پاک کرکے اوس جوشاندہ مین
شامل کرین اور ملایم آگ پر پکائین یہان تک کہ مہرا ہو جاتے بعد اوسکے آدہ
کم سیر گای کا دودہ تازہ دہوکر داخل کرین اور پکائین کہ دودہ سب جلجاتی پھر آدہ پاؤ
کم سیر گای کا گھی ملاکر جوش دین کہ سب گھی جذب ہو جاتے بعد اوسکے شہد صاف
کیا ہوا آدہ پاؤ کم سیر ملاکر ملایم آگ پر پکائین کہ قوام ہو جاتی اوسکے بعد سونٹھ کالی مرچ سفید مرچ
پیپل لونگ سلیخہ کبابچینی کلیجن بہمن سرخ بہمن سفید شقاقل بابونہ کی پھول
دونا مروا ہر ایک ساڑہی چار ماشہ کوٹکر چھانکر اوسمین گوندہین اور بدستور مقرر معجون
بنائین اور چینی کی برتن مین رکھکر جو کی اندر نگاہ رکھین پھر بعد چالیس دن کی ساڑہی
چار ماشہ اوسمین سے تناول کرین معجون واسطے تقویت دماغ اور دفع بخارات
اور منع صعود ابخرون کی مفید ہے یعنی ابخرون کو دماغ کی طرف چڑھنے نہین
دیتی خصوصًا واسطے نزول اور اکثر بیماریون آنکھ کی نافع اور سہلے فطیری بیل
کابلی ہڑ بہیڑہ آملہ کالی مرچ نسوت سفید چھیلی ہوئی ہر ایک ڈیڑھ تولہ جیتہ شکر طبرزد
ہر ایک نو ماشہ کوٹکر چھانکر دوچند شہد صاف کیے ہوتے مین گوندہین اوسیا مرد وزن
سب دواؤن کی قند سفید اور گای کا گھی تازہ قدری ڈالکر قوام دیوین معجون کزنرہ
ابخرہ ان کو دماغ کی طرف چڑھنے سی مانع ہے اور سدر اور دوار کو نافع ہے اور
خفقان اور توحش کو کہ سوداوی ابخرون سی ہو دفع کرتی ہی موتی نے سوراخ
پوست کابلی ہڑ کا دھنیہ کے بیج چھیلے ہوتے شیر آملہ ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ
نسلوچن سفید جوسکے کی بیج گاوزبان کی پھول ہر ایک ساڑہی دس ماشہ پوست
ترنج خشک ساڑہی تین ماشہ نبات سفید سہ چند گلاب معطر عرق بیدمشک کا
پاؤ سیر چاندی کے ورق پورے دو ماشہ بطریق مشہور معجون تیار کرین اور چھ ماشہ
اوسمین سی غذا کرین معجون جالینوس واسطے بیماریون بلغمی اور سوداوی

اور دماغی اور غیر دماغی اور ریاح سدہ جگر اور درد جگر کے نافع ہے اور سردی گردہ
اور مثانہ کی دفع کرتی ہے اور اصلاح حال بدن کی کرتی ہے مرچ سفید جائفل
کوٹھ دریائی بالچھڑ ناگرموتھ کلیجن لونگ دارچینی سلیخہ تگر زعفران مصطکی سب دوائین
برابر وزن شہد صاف کئے ہوئے تین وزن دواؤن مین بدستور معجون کرین *

معجون جاذر دماغ کو قوت دیتی ہے اور پٹھونکو مضبوط کرتی ہی عود صلیب تین ماشہ
دارچینی تین ماشہ مصطکی رومی بوزیدان ہر ایک دو ماشہ سورنجان مصری چار ماشہ شقاقل
کلیجن ہر ایک دو ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید چار ماشہ گاوزبان پتی بادرنجبویہ کی
بالچھڑ چھڑیلا جاوتری ہر ایک دو ماشہ اگر ہندی ایک ماشہ کابلی ہڑ چار ماشہ کوٹ
شیرین دو ماشہ لونگ ڈیڑھ ماشہ چھوٹی الایچی دو ماشہ ثعلب مصری تین ماشہ
پتی فرنجمشک کی ناگرموتھ ہر ایک دو ماشہ زعفران ڈیڑھ ماشہ خشخاش کے بیج
چار ماشہ پیپل کالی مرچ درونج عقربی اندرجو نعنع کہ ایک قسم پودینہ پہاڑی کی ہی
اسطوخودوس تگر تیج پات سلیخہ ہر ایک سات ماشہ نرکچور ایک ماشہ شہد سفید
تین وزن سب دواون کی مشک خالص ایک ماشہ کوٹکر چھانکر بطریق مشہور معجون
بنائین **معجون** بواسیر کو نافع ہے کابلی ہڑ ساڑہی سات تولہ بای برنگ ساڑہی سات تولہ
نسوت سفید ساڑہے بائیس تولہ قند سفید دو وزن سب دواؤن کا بدستور قوام
دیوین اور سات ماشہ سی تین تولہ مویز منقے کے پانی کے ساتھ نوش فرمائین

معجون کاسر الریاح ریح کو توڑتی ہے اور ضعف معدہ کو کہ بسبب ریح کی عارض
ہو نافع ہے اور خون حیض کو جاری کرتی ہے اور درد سر اور قولنج کو مفید ہے
اور دشواری پیشاب کی دفع کرتی ہے اور بادی بیماریونکو نفع بخشتی ہے اور ہاتھ
پاون کی جوڑون کی دردنکو نہایت مفید ہے زیرہ کرمانی مدبر پونے دو تولہ تتلی
مصطکی ہر ایک ساڑہی دس ماشہ لونگ گلاب کی پھول سونف رومی بیج ترکی
اجواین دیسی جوا کھار پوست بیرون پستہ ہر ایک ساڑہی دس ماشہ کوٹکر
چھانکر تین وزن شہد مین گوندھین قدر خوراک اوسکی ساڑہی چار ماشہ لکھی ہوئی ہے

کمی اور زیادتی طبیعت کی رای پر موقوف ہے **فصل دوسری** اون معجونون میں
ہی جو معدہ اور جگر اور گردہ اور مثانہ اور اعضاء تناسل کی بیماریون کو نافع ہین
معجون خون کی سعدی دستون کو بہت مجرب ہی زیرہ کرمانی نو ماشہ طباشیر
نو ماشہ بھنگ کی پتی بھونی ہوئی ایک تولہ چھوٹی الائچی کے دانہ بڑی الائچی
مصطکی رومی خوبانی ثعلب مصری ہر ایک چھ ماشہ اگر ہندی تین ماشہ پوست
بیرون پستہ پوست خشخاش چھ ماشہ کوٹ چھانکر بیل گری کے مربے مین گوندھین اور
اڑہائی ماشہ اوسمین سے تناول کرین **معجون** سب قسم کے دستون کو خصوصاً
بواسیری دستون کو نہایت نافع ہی کہربا گیرو چھ ماشہ اتیس نشاستہ بھونا ہوا
تخم مورد ہر ایک ایکتولہ طباشیر دو تولہ تیواج خطائی دھنیہ کے بیج بھونے ہوئے
ہر ایک ایکتولہ انجبار کی جڑ طراثیث رال ایک تولہ مغز بیل دو تولہ ناگرموتھ
زیرہ سفید سرکہ مین ترکیا ہوا اور بھونا ہوا ہر ایک ایک تولہ کوٹکر چھانکر دو
وزن سب دواؤن کے شربت مورد مین معجون بناتین قدر خوراک چھ
ماشہ **معجون سنگدان** معمول اور مجرب ہے واسطے ضعف معدہ کی اور دست
اور خلفہ کو نافع ہے پوست اندرون سنگدان مرغ دھنیہ کے بیج چھیلے اور بھونے ہوئے
خرفہ بھونا ہوا سماق بھونا ہوا گوند ببول کا بھونا ہوا دانہ مویز کا بھونا ہوا ہر ایک نو ماشہ
پوست خشخاش بوداوہ طباشیر سفید موتی بے سوراخ کہربا شمعی بڑی ماز
گلنار فارسی چوکے کے بیج بھونے ہوئے تخم مورد بھونا ہوا طراثیث بھونی ہوئی
اما سنجد کا خرنوب نبطی خرنوب شامی ہر ایک ساڑہی چار ماشہ شربت زرشک دانے
آب بہی شیرین شربت ریباس قند سفید ہر ایک دس تولہ گلاب پاو سیر معجون
بنائین معجون موافق نسخہ مجموعہ پوست سنگدان مرغ طباشیر سفید ہر ایک ساڑہی چار ماشہ
گلاب کے پھول ساڑہے تیرہ ماشہ شگوفہ اذخر پوست بیرون پستہ اجوائن دیسی
پوست ترنج پوست زردچوب کا ہر ایک ساڑہی چار ماشہ بہمن سفید بہمن سرخ صندل
سفید صندل سرخ صعتر فارسی کہ ایک قسم پودینہ پہاڑی کی ہے دھنیہ بھونا ہوا

تخم مورد ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ شربت فواکہ کے گوندھین قدر خوراک
سات ماشہ ہمراہ گلاب کی **معجون مقل** واسطے بواسیر اور تنگی سانس اور کھانسی اور
درد دون حلق کی نافع ہے کالی ہڑ زرد ہڑ کابلی ہڑ بہیڑہ آملہ مصطکی ہر ایک ساڑہی
دس ماشہ نسوت سفید چھیلی ہوئی ساڑہی سات تولہ گوگل پونے نو تولہ حرف چھ تولہ
کوٹکر چھانکر ساتھ پانی گندنا تازے کی پیسین اور شہد اور قند مین قوام دین اور
سات ماشہ سی پانچ تولہ ساڑہی تین ماشہ تک کھائین **معجون مصطکی** واسطے تقویت
معدہ اور نفخ معدہ کی مجرب ہی مصطکی پیپل سونف دلیسی سونف رومی اجمود کے
بیج کبر کے جڑ زیرہ کرمانی اجواین دلیسی تتلی ہر ایک یکتولہ ساڑہی دس ماشہ پوست
سونف کی جڑ کا اجمود کی بیج کشوث کی بیج ہر ایک ساڑہی تیرہ ماشہ کوٹکر چھانکر دو چند
شہد مین معجون بنائین **معجون خبث الحدید** ضعف معدہ اور مٹی کی بھونک
کو دور کرتی ہے اور بواسیر اور جاری ہونے خون کو جس عضو سے کہ ہو مفید ہے اور
حیض کو جاری کرتی ہے اور شکم کا قبض کرتی ہے اور رنگ چہرہ کا نکھارتی ہی
کالی ہڑ بہیڑہ آملہ بڑی مائین خبث الحدید مدبر بسرکہ بالچھڑ تگر اذخر ناگرموتھ سونٹھ
کالی مرچ اجواین دلیسی کندر سب برابر وزن کوٹین اور پکائین اور ساتھ شہد خالص
کہ آملہ کی پانی مین پکایا ہو گوندھین قدر خوراک ہر روز بقدر یکجوز یعنے دو تولہ اور طریق
مدبر کرنے خبث الحدید کا یہ ہے کہ ریم آہن کو باریک کرکے سرکہ انگوری یا شراب
ریحان مین تر کرین ادنی مرتبہ ایک ہفتہ نہایت سولہ روز اوسی طرح تر رکھین
اور سایہ مین سکھا کر اور لوہے کی برتن مین بھونکر استعمال فرمائین اور جو بعد بریان
کرنے کی روغن بادام یا گای کے گھی مین کہ برابر وزن خبث الحدید کی ہو خوب پیسکر
استعمال کرین تو بہتر ہوگا پس اس صورت مین حاجت ملانے اور کسی روغن کی
بابت شامل شہد کے نہین ہے **معجون فوتنج** کہ بنام معجون قولنج مشہور ہے
فی الواقع قولنج ریحی کو مفید ہے اور جو کہ مواد غلیظ آنتون کے خراش کرتا ہوا
ہو نفع عظیم بخشتی ہی اور درد معدہ ریحی اور بلغمی کو فائدہ بین بخشتی ہی تلی کی

بودینہ خشک کالی مرچ اجواین دیسی کرویا کاشم سونٹھ دارچینی پیپل برابر وزن کوٹکر
چھانکر معجون بنائین **معجون حیات** اکثر بیماریون کو نافع ہے اور تدارک
قصور مسہل کا بھی کرتی ہے اور واسطے رفع قبض دایمی کے بہت خوب ہے اور
درد معدہ اور قولنج کو دور کرتی ہے پوست ہڑ کا بہیڑہ سنا مکی گلقند ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
بنفشہ کے پھول نسوت چھیلی ہوئی سات ماشہ لونگ ساڑھے تین ماشہ کوٹکر چھانکر
ساتھ تین وزن شہد کے معجون تیار کرین ایک تولہ سے تین تولہ تک گرم پانی کے ساتھ
کھائین **معجون مسہل** مرکب محمد ذکریا واسطے قولنج ثقلی اور ریحی کے خصوصًا اگر
ساتھ تپلی کے ہو بہت مفید ہے سونٹھ کالی مرچ پیپل دارچینی ہر ایک دو رتی مصطگی
چار رتی ڈیڑھ چاول سقمونیا پونے دو ماشہ نسوت سفید ساڑھے تین ماشہ شہد
جھاگ اوتارا ہوا اوس قدر کہ دوائین چھنے مین مل سکین بدستور گوندھین
معجون مسہل آزمائی ہوئی ہے سواد غلیظ اور سوداوی کو بخوبی نکالتی ہے اور
پیشاب کو جاری کرتی ہے اور قبض بواسیری کو کھولتی ہے پوست بہیڑہ کا
پوست کالی ہڑ کا دو دو تولہ کباب چینی شگوفہ اذخر گلاب کے پھول گوگل ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ زرد ہڑ کابلی ہڑ اسطوخودوس ہر ایک سات ماشہ سونٹھ نمک سفید
چودہ ماشہ حب النیل زیرہ سیاہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سنا مکی ریوند خطائی
ہر ایک تین تولہ روغن ارنڈی کا چار تولہ ساڑھے چار ماشہ تربد یعنی نسوت چھیلی
ہوئی پونے نو تولہ شہد تین وزن **معجون معمول** بہت نافع ہے بنفشہ
پھول تازہ نیلوفر گلاب کے پھول نسوت چھیلی ہوئی ہر ایک تین تولہ ترنجبین پونے
نو تولہ کشمش شہد ہر ایک سترہ تولہ ترنجبین کو گلاب صاف مین حل کرین
شہد کا قوام دیکر دوائین کوٹکر چھانکر اور روغن بادام مین چرب کرکے گوندھین
قدر خوراک سات ماشہ ساڑھے سترہ ماشہ تک **معجون مقل** بواسیر کو نافع
اور اوس ریح کو جو آنتون کے اندر ہو توڑتی ہے اور ورم مقعد کو جسمین خون
مفید ہے پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا آملہ چھیلا ہوا تخم سپندان تخم گندنا

ہسفرم ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ گوگل تین چھٹانک گوگل کو گندنا کی پانی مین حلکر پر ما
ر دوائین او سمین گوندھین معجون مجربات حکیم علی سی ہے واسطے دستون کے
ت نافع ہے افیون پانچ تولہ شترہ دیطوس چار تولہ اتیس کاکڑا سینگی ناگرموتھ
بل ہر ایک تین تولہ شہد جھاگ لیا ہوا بوزن مجموع بدستور معجون بنائین معجون
ربات حکیم موصوف سی واسطے دفع مواد بلغمی کے کالی مرچ ساڑہی دس ماشہ
نٹھ مصطکی ہر ایک ایک تولہ نسوت چھیلی ہوئی چھٹانک کم آدھ سیر روغن مین
ب کرین اور ساتھ اور دواؤن کی جمع کرکے اور آدھ پاو کم سیر شہد صاف کیے ہوئے
ن گوندھ کر نگاہ رکھین قدر خوراک سات ماشہ ساڑہی سترہ ماشہ تک پانی مین
لکر کی قدری جوش دیکر استعمال کرین معجون خرس کدو دانہ اور اور قسم کے
ے بڑے کیڑون کو قتل کرکے باہر نکالتی ہے اور آزمائی ہوئی ہے ہر خرس
ابرنگ چھیلی ہوئی ہر ایک ساڑہی تین ماشہ نسوت گوگل ہر ایک سات ماشہ
اؤن کو کوٹکر چھانکر شہد مین گوندھین سب ایک خوراک ہی مگر اس دوا کی کھانے
پہلے دودہ تازہ دوہوا کر نوش کرین بقدر چھ تولہ کے بعد گذرنے ایک گھنٹہ کی
ائی مذکورہ ئین اور پہلے دوا سی تین دن پرہیز کرین دیگر واسطے کدو دانو کی
ہی کہ حکیم علی نی تیار کی تھی ایلوا ایارج فیقرا ایارج جالینوس ہر ایک تین تولہ
الترید کمیلہ ہر ایک آدھ سیر اکبری بای برنگ ایک سیر اکبری شہد سفید تین
سب دواؤن کا معجون تالیف حکیم علی گیلانی بآسانی دستون کو جاری کرتی
ر مواد مختلف کو نکالتی ہی اور پیٹون کی مواد کو دور کرتی ہے اور دماغ اور معدہ
ریون کو نافع ہے اور ہاتھ پاؤن کی جوڑون کی علتون کو مفید سونٹھ دو تولہ
سات ماشہ بسفائج فستقی نسوت سفید چھیلی ہوئی بنفشہ کی پھول ہر ایک
شہ افتیمون چھٹانک کم آدھ سیر سنا مکی پچاس تولہ سبکو کوٹکر چھانکر ہمراہ اسکے
ہد اور چھٹانک کم آدھ سیر گلقند اور سوا دو سیر خمیرہ بنفشہ کی گوندھین اور
ن قدر خوراک نو ماشہ سے پونے چار تولہ تک پانی مین حلکرکے اور ایک چھٹنک

لہ
نیا مسفرم فارسی مین
اسکو کہتی ہین معروف
نازبو … ہندی
… مطلق … لہ
اسکی … ہے
… نام معجون کا ہے
… الجواہر …
صاحب … طبیب کا ہے
گروہ نام … ہے
… اسکی …
لیاہ … ایک …
ایارج فیقرا …
ایارج جالینوس …
… دوا

خفیف دیگر اور باریک کپڑے مین چھانکر نوش کرین **معجون استسقاء لحمی** کو نافع
پوست زرد ہڑ کا غاریقون سفید نسوت سفید روغن بادام مین چرب کیا ہوا ہر ایک
تین تولہ سونٹھ چودہ ماشہ نمک ہندی سات ماشہ شہد مین گوندھین قدر خوراک
ساڑھے چار ماشہ **معجون مسک** واسطے درد جگر اور ضعف معدہ اور سردی
کی نافع اور سدہ کھولتی ہے اور ریاح غلیظ کو تحلیل کرتی ہے مشک سلیخہ
تیج پات لاکھ دھوئی ہوئی ریوند خطائی پکھان بید دار چینی ہر ایک سات ماشہ
اجواین دیسی اجمود کی بیج مصطگی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اگر ہندی لونگ
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ دواؤنکو کوٹکر چھانکر اور شہد جھاگ اوتارے ہوئے مین
دیکر گوندھین قدر خوراک ایک باقلا **معجون مازریون** استسقاء زقی کو نہایت
نافع ہے خصوصاً اگر اونٹنی کی دودھ کی ساتھ استعمال کرین ہڑ سات ماشہ آملہ
چودہ ماشہ کالی مرچ ساڑھے سترہ ماشہ مازریون مدبر نسوت سفید چھیلی ہوئی
زرد ہڑ کا ہر ایک سات ماشہ کوٹکر چھانکر شہد جھاگ اوتارے ہوئے مین گوندھین
اور ساڑھے چار ماشہ اوسمین سے اونٹنی کے دودھ کی ساتھ دیوین اور جو لبریز دار
دیوین تو ساڑھے دس ماشہ دینی چاہیے **معجون طلا** دل اور دماغ کو قوت
بخشتی ہے اور خفقان اور غشی کو دور کرتی ہے اور فرحت لاتی ہے اور بدن
طاقت بخشتی ہے اور سب اعضا کو قوت دیتی ہے عنبر اشہب مشک خالص
موتی بے سوراخ یاقوت زمرد ہر ایک ساڑھے چار ماشہ سونے کی ورق
تیرہ ماشہ شہد خالص ساڑھے سات تولہ پانی میٹھی سیب کا پانی میٹھے انار کا
سفید ہر ایک ساڑھے آٹھ تولہ گلاب سترہ تولہ عرق بید مشک عرق گاوزبان
چھٹانک کم آدھ سیر بدستور معجون بنائین **معجون نقرہ مخترع** اور معمول
تقویت باہ کی اور خفقان و غشی کو دور کرتی ہے اور گرم مزاجون کی لیے بے بدل
ہے مشک خالص ایکماشہ عنبر اشہب چار ماشہ کہربا مونگے کی جڑ
موتی بے سوراخ نبسا چین سفید ہر ایک چھ ماشہ ابریشم کترا ہوا ایک تولہ

چھ تولہ رب شیرین سیب کا آدھ پاؤ نبات سفید پاؤ سیر گلاب آدھ سیر مرغ کی انڈی چار عدد جواہر کو گلاب مین پیسین اور ابریشم کترے ہوئے کو اس طرح بھونین کہ سیاہ نہو جاتے اور جل بجائے پھر گلاب مین پیسین اور رب سیب اور نبات مصری اور گلاب کا قوام دیکر عنبر حل کرین اور ورق چاندی کی ایک ایک ڈالکر اس طرح حل کرین کہ تمام ورق خوب ملجائین پس ابریشم اور جواہر اور مشک کو داخلکر کے سفیدی مرغ کی انڈون کی ڈالین اور خوب گھوٹین کہ مثل خمیر کے ہو جاتے اور جو چاہین کہ خوب سفید ہووے تو ابریشم کو بعد بھوننے کی خوب کوٹکر اور کپڑے مین چھانکر ملائین **معجون حیات بخشندہ جان** ہے اور دافع خفقان اور ضعف معدہ اور جگر کو مفید ہے اور ریاح غلیظ کو احشا سے تحلیل کرتی ہی مشک سلیخہ بالچھڑ تیج پات لاکھ ولیوند خطائی پکھان بید رومی ہر ایک سات ماشہ زعفران اجواین دلیسی اجمود کی بیج سونف رومی مصطکی رومی ہر ایک چودہ ماشہ زراوند طویل ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اگر ہندی لونگ قرنفل یعنی بول ہر ایک سے ایانچ ماشہ دواؤن کو کوٹکر چھانکر اور شہد صاف کئے ہوئے مین قوام دیکر گوندھین **معجون فادزہر** مقوی اعضار رئیسہ اور ارواح ثلثہ اور مفرح دل ہے اور بھونک غذا کی پیدا کرتی ہے اور رنج اور غم کو دفع کرتی ہے اور ہمیشگی اوسکی حافظ جسم ہے اور طرح طرح کی بیماریون کو نافع فادزہر حیوانی تین تولہ جدوار نفسجی یعنی نرلسبی بنفشہ کی رنگت کی چار تولہ ساڑھے چار ماشہ زعفران ساڑھے سترہ ماشہ ابریشم جلا ہوا بادرنجبویہ ہر ایک دو تولہ لعل پونے دو تولہ گاوزبان ساڑھے دس ماشہ تبر الشہب سات ماشہ مشک خالص ساڑھے تین ماشہ صندل سفید درونج عقربی ہر ایک چودہ ماشہ آملہ چھیلا ہوا نرکچور ہر ایک سوا پانچ ماشہ گلاب کی پھول دو تولہ چار ماشہ عرق بید مشک وس قدر کہ سب دوائین جتنی ہین گوندھ سکین کوٹکر چھانکر عرق مین گوندھین اور خشک کرکے شربت سیب شیرین مین معجون بنائین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ تک **معجون خفقان**

صفراوی کو دفع کرتی ہی لیموں کے بیج خربوزہ کے بھون کی گرمی ککڑی کی بھونگی سی کدو کے بھون کی گری تربوز کی بھون کی گری کوٹکر چھانکر شربت سیب مین گوندھین اور ساڑہی چار ماشہ لو سمین سی ہمراہ مناسب سرد شربتون کی استعمال کرین +

معجون مقوی باہ شقاقل ثعلب مصری بہمن سرخ بہمن سفید تودری زرد تودری سرخ مصطگی کلیجن ریحان کے بیج ہلیون کی بیج بالنگو کے بیج ہر ایک ایک تولہ آملہ مربٰی بیس عدد چھہ سیر عرق گاوزبان مین جوش دین جسوقت سیر بھر باقی رہی صاف کرکے موتی کے سوراخ ایک تولہ عنبر اشہب چھ ماشہ صندل سفید ایک سیر شربت سیب کا پاو سیر شربت انار کا پاو سیر داخل کرکے قوام دین معجون ہندی مجربات ملا عابد سرہندی کہ اونسے تعریف اسکی واسطے گرم کرنے آلات شہوت جماع اور ہیجان باہ کے بہت لکھی ہے جو لوگ کہ مایل بکیفیات ہین اونکے لیے بہت مرغوب یہ نسخہ ہے ثعلب مصری دو تولہ ساڑہے سات ماشہ دارچینی سورنجی ساڑہے سترہ ماشہ لونگ ساڑہے دس ماشہ نرکچور اونٹنگن کی بیج بالچھڑ ہر ایک سات ماشہ پیاز کے بیج سودہ کے بیج شلجم کے بیج ہر ایک ساڑہے تین ماشہ ناگیسر جاوتری تیج پات ہر ایک سات ماشہ آٹا بھونے اور چھیلے ہوئے نخود کا چودہ ماشہ صندل سفید چودہ ماشہ مغز ناریل تیئیس تولہ چار ماشہ بادام چھیلے ہوئے کی گری ساڑہی دس ماشہ پستہ کی گری سات ماشہ چلغوزہ کی گری ساڑہی دس ماشہ خشخاش سفید دو تولہ چار ماشہ پوست خشخاش ماشہ افیون خالص چھہ ماشہ کافور تین ماشہ بابونہ ساڑہی چار ماشہ چھوہارہ تازہ دو تولہ چار ماشہ زعفران نو ماشہ چھوٹی الایچی بڑی الایچی ہر ایک چودہ ماشہ گای کا گھی بچاس تولہ شکر سفید چھٹانک کم آدہ سیر شہد سفید آدہ پاو کم سیر چھوہارون کو دودھ مین جوش دین کہ بھرا ہوجاتے بعد اوسکے کپڑے مین چھانکر شہد سے قوام دین اور روغن قنب یعنی بھنگ کا تیل بقدر مناسب ملاکر اور دوائین کوٹکر اور باریک کرکے اوس روغن مین چرب کرین اور بقدر مذکور روغن

دواون کو ملائین اور آگ پر سے اوتار کر چینی کے برتن مین نگاہ رکھین اور
بقدر متحمل معجون تناول فرمائین معجون ہندی واسطے قوت شہوت جماع کے
بے نظیر ہے کلیجن لونگ اسگند ناگوری موصلی سیاہ موصلی سفید کبابچینی
خشخاش بھو پھلی کو ٹکر چھانکر اور شہد مین ملا کر بقدر جوزہ یعنے ساڑہے تیرہ ماشہ صبح
اور شام پہلے کھانے سے تناول کرین اور ہمیشگی فرمائین ایک تولہ اضافہ کرین
معجون بند کشا دواسطے تقویت باہ کے عظیم النفع ہے تالمکھانا سپید الکزی
اوٹنگن کے بیج مغز تخم کونچ ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ موصلی سیاہ بہجبند سرخ
ثعلب مصری ہر ایک ساڑہے تین تولہ شقاقل مصری دو تولہ چار ماشہ بسلیخہ جاوتری
سونٹھ موچرس جائفل دارچینی ہر ایک چودہ ماشہ پیپل پونے دو ماشہ دودھ بھینس
کا ایک سیر شہد خالص پاؤ سیر نبات سفید تین پاؤ معجون تیار کرین معجون یلیبہ دانہ
واسطے اعادہ یعنے باہ واسطے پھر آنے گم ہوی شہوت جماع کی مجرب ہے اور
کھانسی اور تنگی سانس کو مفید اور اسرار اطبا سے ہے اور بارہا تجربہ مین آئی ہے
مغز بنولہ چھ تولہ دارچینی اوٹنگن کے بیج لونگ حب الصنوبر ہر ایک چار تولہ ساڑہے
چار ماشہ کائپھل دو تولہ شقاقل سونٹھ ہر ایک تین تولہ کوٹھ السی کی بیج بھونی
ہوئے مصطکی ہر ایک چودہ ماشہ بعد کوٹنے اور چھاننے کے شہد کی قوام مین گوندھین
اور بقدر ساڑہے چار ماشہ کی کھائین جالینوس رح نے اس ترکیب کو واسطے پرانی کھانسی
کی وضع کیا ہے اور افعال اوسکی تعریف سے زاید از روی کمال قوت کی مشاہدہ ہوئے ہین
یہان تک کہ بعض اشخاص نے لکھا ہے کہ یہ معجون ایک آدمی کو جو کھانسی کی
شدت سے برا حال تھا دی گئی تو پرانی کھانسی اور سب تکلیف اوسکی اسی سے
رفع ہو گئی اور باہ کی قوت اس درجہ ہوی کہ ہرگز صبر نکر سکتا تھا معجون صمغ عربی
واسطے تقویت شہوت جماع اور دفع سیلان منی اور گاڑہی کرنے منی کی مجرب ہے
گوند ببول کا آٹا سنگھاڑہ کا آٹا چھوہارہ کا ہر ایک ایک سیر عالمگیری ناریل پستہ کی
گری بادام کی گری چلغوزہ کی گری ہر ایک گیارہ تولہ آٹھ ماشہ چھوٹی الایچی ارجن

سونٹھ ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ لونگ پوست نو ماشہ ہلیل ساڑہے تین ماشہ
نبات سفید برابر وزن سب دواؤن کے شہد خالص دو وزن سب دواؤن کا بدستور
معجون تیار کرین قدر خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک **معجون دیگر** گردہ کو
قوی کرتی ہے اور منی کے بہنے کو بھی نافع ہے اندر جو ساڑہے تین ماشہ تخم بلبوازن
پیاز کے بیج کاہو کے بیج ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ گوکھرو خربوزہ کی بیجونکی گری ہر ایک
تین تولہ تودری سرخ تودری زرد بہمن سرخ بہمن سفید موتی بے سوراخ ہر ایک
ساڑہے تین تولہ کوٹکر چھانکر شہد مین گوندھین قدر خوراک ساڑہے سترہ ماشہ **معجون** ممسک
امساک منی کا کرتی ہے اور شہوت جماع کو قوی کرتی ہے لونگ ڈیڑہ تولہ چھوٹی
الایچی جائفل جاوتری ہر ایک دو تولہ عصارہ سونف کا پانچ تولہ زعفران چھ ماشہ
بادام کی گری سترہ تولہ پانی میٹھی بہی کا پالی انار کا شربت میٹھی سیب کا ہر ایک
پچاس تولہ شہد خالص چھبیس تولہ شکر سفید آدہ پاؤ کم سیر دواؤن کو کوٹکر چھانکر ساتھ
ربوب اور شہد خالص اور شکر کے قوام دیوین اور گلاب سیر بھر اوسمین ملاتین
کہ قوام بخوبی ہو جاوے پھر اور دوائین ملائین اور ساڑہے تین ماشہ یا پونے دو ماشہ عنبر
اشہب اور مشک خالص سے خوشبو دیوین اور جو چاہین تو روغن قنب بقدر
حاجت داخل کرین اور مقدار روغن قنب یعنی بھنگ کی تیل کی واسطے معتدل
مزاجون ضعیف الدماغ کی ساڑہے دس تولہ ہے اور واسطے متوسطین ضعیف الدماغ
کی اور واسطے قوی آدمیون کی مثل اوسکے رواجھی ہے اور یہ نسخہ واسطے
مقدور والی آدمیون کی دوچند دینا چاہیے کہ اونکو عادت کیفیت بہجد اوٹھانیکی
اکثر رہتی اور نہایت مفید ہے اور بالغ النفع اور بارہا آزمائی ہوئی یہ معجون ہی
معجون مقوی بہی واسطے تقویت شہوت جماع کے مجرب ہی خصوصاً
واسطے اون لوگون کے جو عادت افیون کی رکھتے ہون مشک خالص
افیون ہر ایک یکتولہ دو ماشہ موصلی سیاہ موصلی سفید بہوپھلی سات ماشہ
زعفران مصطگی ہر ایک ساڑہے دس ماشہ دارچینی عاقرقرحا ہر ایک چودہ ماشہ

ف تودری تخم ایک گیاہ کا ہے جو تین قسم ہوتا ہے سرخ زرد سفید سرخ قسم کو اصفہان مین تودری گلگون کہتے ہین ۱۲

کلیجن ساڑہی سترہ ماشہ بڑہی الایچی دو عدد اجواین خراسانی پونے دو ماشہ ہر ایک کو
جدا جدا کوٹکر چہانکر شہد مین گوندھین مقدار نیم حبہ سے شروع کرین یعنے اول چار چاول
کھائین بعد اوسکے آٹھ چاول تک پہونچائین اور جو عادت زیادہ افیون کھانیکی ہو
زیادہ بھی مضایقہ نہین ہے **معجون** واسطے اوس آدمی کے جو ازالہ بکر سے عاجز ہو
مشک عنبر ہر ایک ساڑہی چار ماشہ سونٹھ دارچینی خصیۃ الثعلب شقاقل جائفل
اندرجو مصطکی رومی زعفران پیپل بوزیدان گلاب کے پھول بہمن سرخ بہمن سفید بلبولا
کے بیج گاجر کے بیج ہر ایک نو ماشہ حب القلقل ساڑہی دس ماشہ ورق الخیال یعنی بھنگ
نو تولہ ساڑہی چار ماشہ شہد خالص چھٹانک کم آدھ سیر **معجون سمندر سوکھ** اجواین
ساڑہے چار ماشہ اجمود ساڑہے چار ماشہ نرکچور مصطکی لونگ ہر ایک ساڑہی چار ماشہ
زعفران پونے سات ماشہ تخم عشق پیچہ نو ماشہ سمندر سوکھ نو ماشہ بالچھڑ ساڑہی
چار ماشہ مولی کے بیج ساڑہی چار ماشہ پیاز کے بیج گاجر کے بیج پونے سات ماشہ
ہر ایک ساڑہی تیرہ ماشہ السی کے بیج ساڑہی چار ماشہ سبکو کوٹکر چہانکر اور ہموزن
نبات مصری مین ملا کر سفوف کرین اور وقت حاجت کے تناول کرین اثر عظیم رکھتی
ہی اور نہایت مقوی باہ ہی اور جو معجون بنائین تو دو وزن سب دواؤن کا شہد
ڈالکر اور قوام کرکے گوندھین اور ایک وقت اوسمین سے کھائین تین ہفتہ تک
ہمیشگی اوسکی کرین **معجون بزور** مستعمل مولانای جلال الدین منی کو زیادہ کرتی
ہی اور پشت اور گردہ کو قوت دیتی ہے گاجر کے بیج شلجم کے بیج پیاز کے بیج مولی کے
بیج ہلیون کے بیج میتھی کے بیج تخم جرجیر یعنے ہالون حب الصنوبر حب القلقل تودری
سرخ حب الزلم تودری زرد اندرجو شقاقل بہمن بوزیدان کوٹھ شیرین سونٹھ
پیپل حب حلتیت سب دوائین برابر وزن شہد مین معجون بنائین قدر خوراک
ساڑہے دس ماشہ ساتھ دو تولہ دس ماشہ دودھ تازہ یا شراب شیرین کے
معجون جلالی تالیف جلال الدین واسطے مرض سرعت انزال یعنے جلد
اوترنے منی کے مفید ہے اور امساک منی بحد کرتی ہے اور قضیب کو سخت کرتی ہے

حب القلقل فارسی مین انار دانہ دشتی اور ہندی مین کو اپٹہ کہتے ہین اور بعضون نے کہا ہے کہ قلقل کی جڑ کا نام مخاش ہے ۱۲

حب الزلم تخم ایک درخت کا ہے جسکا چہرہ بزرگی کا اور ظاہر زرد باطن سفید و خوش طعم اور لذیذ ہوتا ہے ۱۲

اور نعوظ لاتی ہی اور لذت جماع پیدا کرتی ہی بارہا آزمائی ہوی ہے مشک ایکماشہ
تین چاول عنبر اشہب ساڑہی چار ماشہ زعفران کبابچینی اجواین خراسانی سفید
بالچھڑ اگر خام تج دارچینی مصطکی چھڑیلا ہر ایک نو ماشہ اندرجو جائفل ہر ایک ساڑہی
تیرہ ماشہ مایہ شتر اعرابی خصیۃ الثعلب ہر ایک ڈیڑہ تولہ پوست خشخاش دماغ چڑے
کہ وقت ہیجان کی ذبح کرکے نکالی ہون ایک تولہ ساڑہے وس ماشہ نبات سفید
پونے چار تولہ حب النیل سفید چار سو عدد سب دواؤنکو کوٹکر چھانکر شہد جھاگ
لیے ہوئے مین گوندہین اور روغن بنفشہ اور بادام قدرے داخل کرین اور وقت
حاجت کی ساڑہی چار ماشہ سی نو ماشہ تک تناول کرین غذا قلیہ گوشت اور پیاز
اور کباب **معجون لولوی** تالیف کی ہوئی جالینوس کی سات منفعت رکھتی
ہی قضیب کو سخت کرتی ہے اور اوعیہ منی کو کھولتی ہی اور شہوت جماع کو بڑہاتی
ہی اور پٹھون کو قوت دیتی ہے اور خون مین تغیر عظیم پیدا کرتی ہی اور نعوظ بہت
لاتی ہے اور محبت مرد کی عورت کی دل مین بڑہاتی ہے گوند ببول کا کنیر ابو
دو ماشہ شگوفہ اذخر ناگرموتھ بڑی مائین سلیخہ دارچینی تگر مصطکی ہر ایک سوا دو ماشہ
کالی عشق پینچہ کی جڑ ہر ایک ساڑہی تین ماشہ موتی بے سوراخ مونگے کی جڑ
ہر ایک ساڑہے چار ماشہ سونف رومی بہمن سفید ہر ایک ساڑہی دس ماشہ
کوٹکر چھانکر سبکے برابر شہد جھاگ لیے ہوئے مین گوندہین اور سوتے وقت
اور نزدیک مجامعت کی ساڑہے چار ماشہ اوسمین نسے کھائین **معجون بکیف**
عنبر اشہب ایکماشہ مشک خالص دو ماشہ لونگ بادرنجبویہ افتیمون گاوزبان
گیلانی ہر ایک تین ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید دانہ چھوٹی الائچی کی پیپل جادتری
ہر ایک چار ماشہ دارچینی صورتی پانچ ماشہ زعفران شقاقل کی جڑ لفاح کی جڑ موٹھ
کی جڑ طبہمنک جنگلی نبسلوچن سفید صندل سفید خرفہ کی بیج نیلوفر کے پھول
ککڑی کے بیج خربوزہ کے بیج کدو کے بیجون کی گری تربوز کے بیجون کی گری
ہر ایک چھ ماشہ بادام چھلے ہوئے کی گری مغز ناریل مغز چلغوزہ مغز پستہ

ایک ایکتولہ چاندی کے ورق سونے کے ورق دس دس عدد گلاب پاؤ سیر عرق بید مشک کا پاؤ سیر
شہد خالص بیس تولہ قند سفید چالیس تولہ بدستور قوام کریں **معجون شیخ الرئیس**
قانون سے منقول ہے واسطے تقطیر بول بے ارادہ اور استرخا قوت عضو کے
مفید ہے کابلی ہڑ بھونی ہوئی ساڑھے تین ماشہ بہمن سفید پونے دو ماشہ پودینہ
خشک تخم ہور دستار روس مرکی یعنے بول کندر ناگر موتھ جاوتری ہر ایک ساڑھے
دس ماشہ لونگ پونے دو ماشہ راسن خشک حب المحلب سات ماشہ کوٹکر چھانکر
ساتھ شیر آملہ کے قوام دیویں اور سات ماشہ اوسمین سے کھائیں **معجون شیرۂ انبہ**
یعنے آنب کے شیرہ کی معجون اول شیرین آنب کا شیرہ دو سیر شکر سفید دو سیر
گاے کا دودھ پانچ سیر اکٹھا کرکے ملائم آگ پر پکائیں اور قدرے ملاتی بھی وقت
یکبی کے ڈالیں جسوقت قوام ہو جائے شہد خالص آدھ سیر ملائیں پھر ثعلب
مصری ایکتولہ شقاقل مصری بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک ایکتولہ بسفایج جاوتری
چھ چھ ماشہ دارچینی ایک ایکتولہ جائفل چھ ماشہ دھنیہ کے بیج چھیلے اور بھونے ہوئے
بنسلوچن ایک ایکتولہ کوٹکر چھانکر داخل کریں اور خوب ملائیں بعد اوسکے بادام
کی گری دو تولہ فندق کی گری چار تولہ گوکھرو گگڑی کے بیجوں کی گری خشخاس کے
بیجوں کی گری ایک چار تولہ مغزیات کو پتھر پر پیسکر ملائیں بعد اوسکے مشک خالص دو ماشہ
زعفران ساڑھے تین ماشہ اضافہ کرکے چاندی کے ورق سات ماشہ قوام میں
ڈالیں اور جو چاہیں تو اوسکو صحن چینی میں پھیلا کر اور بطریق لونکے چاقو سے
کاٹکر ورق چپکائیں اور بقدر چار تولہ صبح کو وقت نہار اور بقدر دو تولہ رات کو پہلے
غذا سے تناول کریں **معجون عطائی** منسوب بعطاء اللہ تقطیر بول اور سرعت
انزال کو نافع ہے جفت بلوط شہدانہ یعنے بھنگ کے بیج برابر وزن کوٹکر چھانکر
دو چند شہد میں گوندھیں مگر چاہیے کہ جفت بلوط اور شہدانہ باہم کوٹیں اور پکائیں
اور لبان اور مصطکی باہم کوٹیں قدر خوراک نو ماشہ **معجون کوتوالی** سلسل البول
اور سیلان منی کو باز رکھتی ہے کندر ساڑھے تین ماشہ صندل سرخ صندل سفید

مسور بیٹھا چرائتہ چوسکے بیج گوند ببول کا نبسلوچن سفید ہر ایک سات ماشہ تخم مورد نوماشہ اقاقیا گلنار ہر ایک ساڑہی دس ماشہ کوٹکر چھانکر ساتھ قند سفید یا شہد سکے گوندھیں قدرخوراک ساڑہی سترہ ماشہ **معجون کندر** تقطیر البول یعنے چنک پیشاب کو نافع ہے اور منی کی جلد اوترنے کو مفید اور سیلان منی قوی کو منع کلی کرتی ہے آزمائی ہوئی ہے دارچینی ساڑہی تین ماشہ گوند ببول کا مرجان سونف دلیسی کرویا سونٹھ گاوزبان کی پھول ریحان سکے بیج ہر ایک سات ماشہ کندر صندل صفید گیرو دم الاخوین بادرنجبویہ تودری سرخ تودری زرد ہر ایک نوماشہ خشخاش سفید کے بیج ساڑہے سترہ ماشہ شہد جھاگ اوتارا ہوا تین وزن سب دواؤن کا بدستور معجون کرین **معجون** واسطے دفع احتلام[له] اور بہنے منی کی بلاارادہ بہت نافع اور مجرب ہی خشخاش سفید کی بیج دس تولہ جائفل دارچینی بڑی الائچی ہر ایک پانچتولہ دھنیہ کی بیج دو تولہ اسپغول تین تولہ شہد سفید تین وزن سب دواؤن کا بدستور گوندھین **معجون** واسطے سرعت انزال یعنے جلد اوترنے منی کے نافع ہے اور واسطے امساک کی نہایت مجرب لبان ذکر مصطگی جفت بلوط شہدانہ[۲] کہ ایک قسم گول بیج بھنگ کی ہی قردمانا[۳] ہر ایک ایکتولہ شہد سفید دو وزن سب دواؤن کا بدستور گوندھین **معجون** کہ کثرت پیشاب کو باز رکھتا ہی میٹھے بادام کی گری آدھ سیر مغز دانہ خوبانی پاؤسیر حصینۃ الثعلب یعنے تین ایکسیر تل کالے دھوتے ہوئے آدھ سیر کوٹکر چھانکر ساتھ ایک سیر قند سفید کے قوام دیوین **معجون سنگ سرماہی** واسطے ریگ گردہ اور مثانہ کے مجرب ہی سنگ سرماہی حجر الیہود[۴] ہر ایک سات ماشہ موتی بے سوراخ خربوزہ کے بیجون کی گری ککڑی کے بیجون کی گری آلو بالو[۵] کی گٹھلی کی گری ایک ایک ڈیڑھ تولہ دو قوقا[۶] کنج ہر ایک ساڑہی چار ماشہ تخم ہلیون مغز تخم کلتھی ہر ایک نو ماشہ نبات سفید برابر وزن سب دواؤن کے شربت ہلیون شربت گوکھرو ہر ایک بمقدار عرق بید مشک ہر ایک پاؤسیر عنبر لوبنے دو ماشہ **معجون زجاج** واسطے گردہ کی پتھری کی مجرب ہے مولی کے بیج خربوزہ سکے بیج گوکھرو تخم شبت یعنے سوئے کی بیج اجمود

[له] احتلام بیماری ہے کہ حالت خواب میں منی خارج ہو جاتی ہے اور یہ مرض اوس آدمی کو بہت ہوتا ہے جو دیر میں جماع کرتا ہے اور ضعیف الشہوت ہے ۱۲
[۲] شہدانہ بھنگ ہے ۱۲
[۳] قردمانا کرویا کی پہاڑی ہے ۱۲
[۴] حجر الیہود ایک پتھر ہے بلوطی شکل بادل لیکن ... زرد اور ... سیاہ ... خطوط ... موصوف ہوا ... خطوط ... اور پاؤ ... ۱۲
[۵] ... کے مستعمل ہے ۱۲ ... الو بالو ایک درخت کا پھل ہے ۱۲
[۶] دو قوقا ... تخم ... جنگلی گاجر کا بیج ہے ۱۲

کے بیج حب الرشاد برگ سنار کی مولی ماذریون کلتھی اجواین دلیسی سونف دمی
ہر ایک سات ماشہ خشخاش کے بیج دارچینی قلمی ہر ایک ساڑہی تین ماشہ کانچ جلائی
ہوئی جسکو زجاج محرق عربی مین کہتے ہین پونے دو تولہ شہد خالص گیارہ تولہ آٹھ ماشہ
شکر تری ساڑہی پانچ تولہ دس ماشہ بدستور معمول شربت تیار کرین **معجون سنگ سرماہی**
واسطے گردہ اور مثانہ کے مجرب ہی کسوم کے بیج کی گری آلو بالو کی گٹھلی کی گری ہر ایک
ایکتولہ کلتھی سنگ سرماہی حجر الیہود سونف کے بیج ہر ایک دو تولہ کشوث کے بیج اجمود
کے بیج ہر ایک تین تولہ خربوزہ کے بیجونکی گری پانچتولہ کوٹکر چھانکر ساتھ شہد سفید
آدھ پاو کم سیر کے معجون تیار کرین **معجون** واسطے پتھری گردہ اور مثانہ کے
مجرب ہی منقول شیخ الرئیس سے کانچ جلائی ہوئی بچھو جلایا ہوا کرنب نبطی خاکستر زرنب
سنگ اسفنج خون بھیڑ کا خشک پوست مرغ کے انڈون کا جسمین سے چوجہ نکل آیا ہو
حجر الیہود گوند ببول کا ہر ایک ایکجزو فطراسالیون ساڑہے تین جزو تخم شبت دو جزو گوند آلو بالو کا
حطمی کے بیج مرچ ہر ایک ایک جزو ساتھ جوشاندہ نخود سیاہ اور کشوم کے بیجون کی
معجون حجر الیہود سنگ گردہ اور مثانہ کو ریزہ ریزہ کر کے باہر نکالتی ہی خربوزہ
کے بیجون کی گری کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری کاکنج کے بیجون کی گری کدو کے بیجو لی
کی گری ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ حجر الیہود دوا اون کو نرم کر کے شہد مین
گوندھین قدر خوراک سات ماشہ ساڑہی دس ماشہ تک **معجون حافظ الجنین**
واسطے عورتون حاملہ کے جو حمل گرا دیتی ہون اوس زمانہ مین کہ جب تیسرا مہینہ شروع
ہووے ہر روز ساڑہے چار ماشہ اس معجون سے کھلائین اسقاط حمل کو مانع ہوگی
برادہ ہاتھی دانت کا چھالیہ بارہ سنگہ کے سینگ جلے ہوے ابریشم کترا ہوا ہر ایک
ایک ماشہ موتی مرجان مونگے کی جڑ گلاب کے پھول گیرو دھنیہ خشک عود ہندی یعنی
اگر خام مصطکی نرکچور کبابچینی ہر ایک دو ماشہ کوٹکر چھانکر شہد تیئیس ماشہ او سنیتر ماشہ مین
گوندھکر معجون بنائین اور کافور قیصوری بقدر حاجت ملائین **معجون محیل** اور اہل
تجربہ سے منقول ہی پتہ پہاڑی بکری کا اگر پہاڑی ہو تو بہتر ورنہ بکری اہلی کا پتہ کہ

وہ بکرا کمال جوانی اور مستی کو پہونچا ہو کتیرا ہو نکے کی جڑ دھوئی ہوئی بہمن سرخ بہمن سفید کلیجن رائی ہر ایک پانچ ماشہ درونج حصیۃ الثعلب[۱] موتی بے سوراخ ہر ایک دو ماشہ شہد جھاگ لیے ہوئے مین گوندھین اور تین روز ہر روز ایک ماشہ بقدر تحمل مزاج اور قوت تناول کرین **فصل تیسری** ان معجونون مین ہے جو مفاصل کی بیماریون کو مفید ہین معجون عشبہ اوجاع مفاصل یعنے ہاتھ پاؤن کی گانٹھون کے درد کو نافع ہے اور اعضاء تناسل کے پٹھون کی بیماریون کو مفید ہے اور سب سوداوی بیماریون کو بہت فایدہ بخشتی ہے عشبہ مغربی اٹھائیس تولہ دارچینی سورنجان ہر ایک پونے چار تولہ اگر ہندی اندرجو مصطگی زعفران عاقرقرحا ہر ایک ساڑھے چار ماشہ جدوار یعنے نرلسی بڑی الایچی چھوٹی الایچی لونگ کلیجن سونٹھ بوزیدان تگر بالچھڑ بیج تہر کی کبابچینی پیپل بہمن سفید تیج پات درونج جاوتری جائفل مرچ ہر ایک سات ماشہ عنبر اشہب مشک ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سونے کے ورق دس عدد چاندی کے ورق بیس عدد عشبہ کو سوا پانچ سیر پانی مین جوش دین کہ چار تولہ آٹھ ماشہ باقی رہے صاف کرکے اور دوائین کوٹ کر چھانکر تین وزن شہد صاف کئے ہوئے مین گوندھین قدر خوراک ساڑھے تین ماشہ سات ماشہ تک **معجون المفصل** ابو نصر اندلسی کی تالیف سے ہے واسطے سب قسم کے جوڑون کے دردون کے بعد تنقیہ کامل کے مفید ہے بادام کی گری رائی سنا مکی ہر ایک ایک جزو سورنجان نصف جزو نسوت سفید چتہ اگر ہندی عاقرقرحا ہر ایک چہارم جزو مصطگی نصف جزو کوٹ کر چھانکر ساتھ تین وزن شہد کشمیری کی قوام دیوین اور ساڑھے تیرہ ماشہ اوس سے تناول کرین **معجون** کہ صاحب غنی منی نے مرض مدہ[۲] اور ریاح افرسیہ[۳] وغیرہ کے نفع مین بہت تعریف لکھی ہے بالچھڑ تگر گلاب کے پھول مصطگی رومی دارچینی عود ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ مرکی یعنے بول تین تولہ نرکچور درونج عقربی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اجمود کے بیج حرمل[۴] کے بیج ہر ایک چودہ ماشہ کوٹ کر چھانکر تین وزن شہد مین قوام دیوین اور بقدر ساڑھے دس ماشہ کے نیم گرم پانی کے ساتھ

[۱] حصیۃ الثعلب ایک بوٹی ہے سپید شلغم سورنجان سے مشابہ ہوتی اور اسکا شجر اور ہوا دونون کی ... سے ہوتی ہے ۱۲ ... زوال ... کا مرض ... نفخ ... بشت سے کے ... ۱۲

[۲] ... ریاح افرسیہ معدہ کی قسم سے ... کے سبب ریاح غلیظ سے ... ۱۲

[۳] ... ایک قسم ... ہے ... ۱۲

معجون ہاتھ پاؤن کے جوڑون کے درد کو مفید ہے جو لسبب بلغم کے
عارض ہو اور حیض کو جاری کرتی ہے ماہیزہرج بوزیدان قنطوریون شکاع مشع
فودنہ ہر ایک سات ماشہ خربوزہ کی بیج نلی گری سورنجان گلاب کی پھول ہر ایک
ساڑہے دس ماشہ تسوت چودہ ماشہ کابلی ہڑ آملہ ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ
شہد صاف کیے ہوے مین گوندہین قدر خوراک چودہ ماشہ معجون سورنجان
ہاتھ پاؤن کی جوڑون کے درد کو مفید ہے اور درد عرق النساو نقرس بلغمی و
صفراوی کو نافع اجمود کے بیج سونف دلیسی مرچ سفید صعتر نمک ہندی مہندی
کے پتے سمندر جھاگ ہر ایک ساڑہے تین ماشہ اور بعضون نے وزن اوسکا
سوا پانچ ماشہ بھی لکھا ہے اور بوزیدان ماہی زہرہ بیج کبر جھتیہ کے پھول
ہر ایک سات ماشہ گلاب کی پھول جلجلان سونٹھ سقمونیا ہر ایک ساڑہے دس ماشہ
سورنجان پونے دو تولہ زردہڑ دو تولہ تسوت سفید چار تولہ ساڑہے چار ماشہ
روغن بادام تین تولہ چار ماشہ شہد سفید چھٹانک اوپر آدھ سیر قدر خوراک ایکتولہ
آٹھ ماشہ جس وقت کہ تنقیہ مطلوب ہو اور واسطے ہمیشگی کے ساڑہے دس ماشہ
اور جلجلان کشنیز اور کنجد کو کہتے ہین کہ یہ لغت دونونکو شامل ہے مگر اس جگہہ
جلجان مراد کشنیز یعنے دھنیہ سے ہی معجون عشبہ ہاتھ پاؤن کے جوڑون کے
درد کو مفید ہے اور سرد بیماریون کو نافع اور سب قسم کے درد کو فائدہ بخشی ہے
دارچینی سورنجان شقاقل اندرجو اگر مصطگی عاقرقرحا زعفران ہر ایک نو ماشہ
بڑی الایچی لونگ کلیجن بوزیدان سونٹھ بالچھڑ تگر تیج پات پیپل کبابچینی نرلسی بہمن سفید
درونج عقربی جاوتری جائفل ہر ایک چھہ ماشہ مشک عنبر ہر ایک تین ماشہ سونے کے
ورق دس عدد عشبہ مغربی پندرہ تولہ عشبہ کو کوٹکر داخل دواؤن کے کرین اور
ساڑہے بارہ تولہ چھہ سیر پانیمین جوش دین کہ ڈیڑھ سیر باقی رہے تین وزن
سب دواؤن کا شہد ملا کر قوام دین اور باقی اور دواؤن کو اوسمین گوندہین
قدر خوراک تین ماشہ سے چھہ ماشہ تک معجون عشبہ موافق نسخہ معمولہ شکخانص

سونے کے ورق چھ ماشہ چاندی کے ورق زعفران ہر ایک ساڑہے تین ماشہ
گاوزبان گیلانی ساڑہے چار ماشہ سورنجان بوزیدان ہر ایک پونی سات ماشہ عنبر
اشہب سات ماشہ کہوپار شمعی ابریشم کترا ہوا گلاب کے پہولون کی کلی خشخاش کے
بیج بسفایج سوتی بے سوراخ بادرنجبویہ ہر ایک ساڑہے چار ماشہ خربوزہ کی بیجونکی
گری خصیۃ الثعلب ہر ایک نو ماشہ پوست کابلی ہڑ کا دہنیہ کے بیج چھیلے ہوے
کدو کی بیجونکی گری خربوزہ کی بیجونکی گری ہر ایک ساڑہے دس ماشہ عشبہ مغربی بیس تولہ
عشبہ کو ریزہ ریزہ کرکے رات کو عرق گاوزبان اور عرق شاہترہ اور عرق بکوہ اور
گلاب ہر ایک ایک سیر مین تر کرکے صبح کو جوش دین کہ نصف باقی رہے ملکر
صاف کرین اور قند سفید آدہ سیر اور شہد ولایتی آدہ پاو داخل کرکے قوام
دین بعد اسکے اور دواؤن کو کوٹکر چہانکر شامل کرین اور ساڑہے چار ماشہ سے
پونے سات ماشہ تک تناول کرین **فصل چوتھی** اون معجونون مین جو جلدی
بیماریون کو نافع ہے اور قروح خبیثہ اور نئے زخمون اور آکلہ اور جذام کو مفید ہین
معجون عشبہ معمول اہل فرنگ واسطے پرانے خبیث زخمون کے نافع ہے
اور ناصور اور آکلہ نئے اور پرانے کو مفید ہے اور ہاتہ پاون کی ہڑون کے
دردون کو فائدہ کامل بخشتی ہی اور اعضاء تناسل کو قوت دیتی ہی سونف دیسی
صندل سفید ہر ایک دو تولہ چار ماشہ بسفایج فستقی سنا مکی ہر ایک پونے دو تولہ
عشبہ مغربی چودہ تولہ شہد خالص اٹہائیس تولہ قند سفید ایک سیر دواؤنکو بعد
کوٹنے اور چہاننے کے قوام مین گوندہین قدر خوراک چودہ ماشہ صبح اور چودہ ماشہ
شام ساتہ پانی جوشاندہ عشبہ کے کہ چودہ ماشہ عشبہ کو ساتہ سیر پانی مین خالص جوش دین
جسوقت تہائی پانی جذب ہو جاتے ہمراہ شہد کے تناول کرین اور بیمار کو یہی پانی
پلانا چاہیے اور پانی نہ دیوین اور اگر عشبہ کے ساتہ چودہ ماشہ چوبچینی بھی جوش دیکر
دیوین تو بہت قوی الاثر ہے **معجون عشبہ مسہل** واسطے اصلاح خون
فاسد اور خلطون محترقہ کے نافع ہے سونف دیسی چودہ ماشہ صندل سفید

مکوی تازہ افتیمون ہر ایک چودہ ماشہ ہڑ زرد ہڑ سیاہ ہڑ کابلی شاہترہ بہیڑہ چرائیتہ اسطوخودوس
ہر ایک دو تولہ چار ماشہ سنا مکی چار تولہ آٹھ ماشہ عشبہ مغربی چودہ تولہ قند سفید ایک سیر
شہد خالص پاؤ سیر بدستور متعارف تیار کرین ایضاً واسطے آتشک اور مواد سوختہ کو
نافع ہے اور استسقا کو مفید اور قبض اور نفخ کو دفع کرتی ہے اور خون کو صاف
اور رنگ چہرہ کا سرخ کرتی ہے عشبہ مغربی ساڑھے آٹھ تولہ اتیی سنا مکی کی سونف دیسی
ہر ایک ساڑھے تین تولہ بسفایج شاہترہ چار تولہ آٹھ ماشہ صندل سرخ چودہ ماشہ صندل سفید
ساڑھے آٹھ تولہ شہد صاف کیا ہوا ستر تولہ بدستور قوام دیوین معجون چوبچینی قسم
اول عرقی گلابی رنگ ڈگرہ کرم ناخوردہ پندرہ تولہ لیکر اور ورق ورق تراش کر
خالص پانی مین بھگووین اور صبح کو جوش دیکر جب آدھا پانی رہے قند سفید اور شہد
ولایتی پاؤ سیر داخل کرین اور قوام دیوین بعد اوسکے میٹھے کدو کی بیجون کی گری تربوز
کی بیجون کی گری خربوزہ کی بیجون کی گری ہر ایک نو ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید گاوزبان
کے پھول بادرنجبویہ بسفایج موتی بے سوراخ کہربا لاجورد دھویا ہوا سورنجان
مصری ہر ایک ساڑھے چار ماشہ عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ مشک پونے دو ماشہ چاندی
کے ورق سونے کے ورق ہر ایک پونے دو ماشہ عرق بیدمشک کا عرق گاوزبان کا
گلاب معجون مرض جذام اور سوداوی بیماریون کے دور کرنے مین بہتر معجون نجاح
سی ہے مخترع سید احمد اکبرآبادی بنفشہ ساڑھے ستر ہ ماشہ لونگ دو تولہ سونف دیسی
سونف رومی گاوزبان کابلی ہڑ زرد ہڑ چھوٹی الایچی مشکطرامشیع ہر ایک دو تولہ ماشہ
بسفایج سنا مکی ہر ایک ساڑھے تین تولہ نسوت سفید چھیلی ہوئی تین تولہ ساڑھے نو ماشہ
گلاب کے پھولون کی تیما پودینہ ہر ایک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ پانی آملہ تازہ کا چاسیر
عالمگیری سبکو کوٹکر چھانکر آملہ کے پانی مین بغیر شیرینی کے گوندھین قدر خوراک
سات ماشہ ایک تولہ تک معجون سلاحہ واسطے جذام مستحکم کے بعد تنقیہ کے قوی الاثر
ہے سلاحہ یعنے پیشاب پہاڑی بکری کا ایک جزو بادام چھیلے ہوئے شہد سفید
شکر تری ہر ایک چار جزو گائے کا گھی نصف جزو سبکو باہم ملائین اوسکا نیم کی برتن میں

بقدر ساڑھے چار ماشہ اوسمین سے ساتھ گای کے دودھ کے کہ نیم گرم ہو تناول کرین معجون
مادة الحیواة واسطے نسیان اور بیماریون بلغمی کے نافع ہی چلغوزہ کی گری پوستے
چار تولہ مویز منقی سوا گیارہ تولہ گول مرچ پیپل پونے چار تولہ سونٹھ دارچینی پوست ہیڑہ کا
آملہ گٹھلی سے پاک کیا ہوا چیتہ زراوند مدحرج بابونہ کی جڑ خصیة الثعلب کوٹکر چھانکر تین وزن
سب دواون کی شہد خالص مین قوام دیوین اور باقی اور دوائین ملاکر تیار کرین +
معجون بذر جلی مستعمل اہل ہند جذام مستحکم کے لیے بعد تنقیہ کے مفید ہے کالی ہڑ
چیتہ ہندی ہر ایک تین تولہ پیپل ساڑہی سترہ ماشہ بلبش سفید سوا پانچ ماشہ کوٹکر چھانکر
پرانے گای کے گھی اور شہد مقوم مین گوندھین اور ساڑھے چار ماشہ سی سات ماشہ تک
استعمال کرین اور اگر ہموزن اوسکے دواء المسک معتدل کے ساتھ کھائین تو ضرر
اوسکے سی مطلقاً بیخوف رہین یہ معجون مذکورہ اکثر تجربہ مین آئی ہی معجون معصفر
فساد خون اور سودا اور بلغم اور جوشش سر کو نافع ہے اور سر خبادہ اطفال اور غیر
اطفال کو مفید اور مجرب ہی پوست زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا ہر ایک
ایک ایکتولہ گٹھلی دور کیا ہوا شاہترہ ہر ایک دو تولہ دھنیہ کے بیج گل معصفر یعنے
کسوم کے بیج برم ڈنڈی منہدی کی پتی ہر ایک ایکتولہ گلو زیرہ سفید ہر ایک دو تولہ
صندل سرخ دھماما ایک ایک تولہ شہد سفید دو وزن سب دواون کے کشمش ایک وزن
سب دواؤن کے بدستور معجون بنائین معجون واسطے برص کے پوست کابلی
ہڑ کا کالی ہڑ بسفایج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سونٹھ کندر پیپل دارچینی لالہ کے بیج
جسکو تخم شقایق النعمان کہتے ہین ہر ایک سات ماشہ تسوت سفید اطریلال ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ شہد سفید تین وزن سب دواؤن کا **فصل پانچوین**
معاجین حمایتہ مین ہے یعنے وہ معجونین جو تپون کو مفید ہین معجون ربع
جو تہیا تپ کو مفید ہے اگر روز نوبت دو گھنٹہ پہلے تپ سے مقدار دو تخم دبا
سوا دو ماشہ تناول کرین البتہ تین نوبت مین کہانے سے تپ جاتی رہیگی
افیون تیلی کالی مرچ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ جند بیدستر بہنگ دارچینی کلونجی مرکی بوٹی

سلارس ہر ایک ساڑھے دس ماشہ شہد برابر وزن سب دواؤن کا دیگر زیادہ تین چار
نوبت احتیاج دینی کی نہین ہوتی کہ جو تھیا تپ خدا کے حکم سے دور ہو جاتی ہے قدر
خوراک اسکی بدستور معجون سابق کی ہے سلیخہ ہینگ ہر ایک سات ماشہ کو کم ساڑھے
دس زعفران مرکی قنہ ہر ایک چودہ ماشہ عسل میعہ جند بیدستر ہر ایک دو تولہ تریاق
کہنہ دو تولہ ساڑھے سات ماشہ شہد خالص برابر وزن سب دواؤن کا بدستور معجون
تیار کرین معجون راحت واسطے تپ دق اور درد سر اور بیماریون گرم کے
نافع ہی کافور قیصوری سوا دو ماشہ موتی بے سوراخ یاقوت رمانی بڑی الایچی چھوٹی الایچی کے دانے
طباشیر سفید ہر ایک سوا پانچ ماشہ صندل کھیرے ککڑی کے بیجون کی گری تربوز
کے بیجون کی گری میٹھے کدو کے بیجون کی گری خشخاش سفید کے بیج شاہترہ کے بیج الجبار
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ آملہ چھیلا ہوا امرود کے بیج خرفہ کے بیج گوند ببول کا شک
بے دانہ گلاب کے پھول ست ملٹھی کا ہر ایک چودہ ماشہ ترنجبین پونے دو تولہ
کاسنی کے بیج دھنیہ کے بیج ہر ایک دو تولہ سوا دو ماشہ گلاب عرق بید مشک کا
ہر ایک تیئیس تولہ آٹھ ماشہ پانی میٹھی بہی کا ہر ایک سولہ تولہ چار ماشہ شکر طبرزد ستر تولہ
پانی کدو بلدہ کا پانی تربوز تازہ کا ہر ایک ایکھو پانی عناب کا بیس عدد دوائین خشک کو ٹکر
چھان کر ہمراہ ربوب اور پانیون کے گوندھ کر معجون بنائین قدر خوراک ساڑھے چار ماشہ

باب آٹھوان مفرحات مین ہی تین فصل پر شامل ہے فصل پہلی

اون نسخون مین مفرح کہ ہی جو دماغیہ او رطلیہ کیف و غیر مکیف ہین مفرح بارد یعنی مفرح
سرد خمار کو قطع کرتی ہے اور ہمراہ بعض ربوب کے نفع کرتی ہے اصحاب خفقان
اور ضعف دل کو کافور سوا دو ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید فرنجمشک کے بیج شاہترہ
کے بیج خرفہ کے بیج بادرنجبویہ کے بیج کاسنی کے بیج کاہو کے بیج ککڑی کے بیج ہر ایک
سات ماشہ موتی بے سوراخ مونگے کی جڑ کہربا گاوزبان طباشیر صندل سرخ
صندل سفید چوب کدر یعنے کیوڑہ کی لکڑی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب
کے پھول نیلوفر ہر ایک تین تولہ شکر طبرزد گیارہ تولہ آٹھ ماشہ بدستور معجون بنا کر

مفرح انبر باریس لولوی انبر باریس زرشک کو کہتے ہین پس یہ مفرح خفقان گرم کو نافع ہے اور جسم کو قوت دیتی ہے اور گرم مزاج والون کو موافق ہے زرشک بیدانہ تین تولہ موتی بے سوراخ کہربا شمعی زعفران کافور قیصوری ہر ایک پونے دو ماشہ گلاب کی پھول نیلوفر سفید گاوزبان کے پھول بہمن سفید بہمن سرخ کہ بیچ چھیلے ہوئے صندل سفید ہر ایک ساڑہے تین ماشہ کہیرے ککڑی کی بیجون کی گری میٹھے کدو کی بیجون کی گری ہر ایک چودہ ماشہ خرفہ کے بیج ساڑہے سترہ ماشہ نبات سفید ڈیڑہ پاو پانی میٹھے سیب کا تین چھٹانک عرق بیدمشک گلاب ہر ایک سوا سات تولہ چاندی کی ورق سات ماشہ مشک ایکماشہ عنبر اشہب دو ماشہ بدستور مرتب کرین **مفرح** بابت حکیم محمد تقی لاہوری دل اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور دستون کو بند کرتی ہے اور معمول اور مجرب ہے بڑی مائین چار رتی سونیکے ورق گلنار مورد ہر ایک یکماشہ کافور ڈیڑہ ماشہ مونگے کی جڑ پونے دو ماشہ اگر غرقی مشک خالص گیرو ہر ایک دو ماشہ بادرنجبویہ کہیرے ککڑی کے بیجون کی گری ہر ایک اڑہائی ماشہ یاقوت سرخ لعل بدخشانی چاندی کی ورق ابریشم کترا ہوا سماق گلاب کی پھول کاہو کے بیج دہنیہ کے بیج چھیلے ہوئے ہر ایک تین ماشہ عنبر اشہب تین ماشہ دو رتی موتی بے سوراخ کہربا سنگ یشم سفید بہمن سفید بہمن سرخ ہر ایک ساڑہے سات ماشہ زرشک بیدانہ پندرہ ماشہ شربت انار کا شربت سیب کا شربت بہی کا ہر ایک نو تولہ شہد سفید ساڑہے سترہ تولہ نبات سفید چھٹانک کم آدہ سیر عرق گاوزبان عرق بیدمشک کا عرق کاسنی کا ہر ایک ایک شیشہ لعوق معجون بنائین +

مفرح زمردی واسطے نزلات گرم اور اور بیماریون گرم اور منع بخار سوداوی اور تعدیل مزاج جگر اور اعضاء رئیس کے نہایت مفید ہے مشک کافور ہر ایک سوا دو ماشہ عنبر اشہب ساڑہے چار ماشہ عصارۃ زرشک کاہو کے بیج چھیلے ہوئے گلاب کی پھول تکی تخم کنجد نیلوفر زمرد چاندی کی ورق ہر ایک نو ماشہ تخم بوزیدان بیجون کی گری کہیرے ککڑی کی بیجون کی گری میٹھے کدو کی بیجون کی گل مختوم

یا گل دا غستانی ابریشم بہمن سرخ بہمن سفید پوست نارنج گاوزبان کے پھول فادزہر کانی
طباشیر سفید ہر ایک ایکتولہ ساڑھے دس ماشہ آملہ گلاب مین پلا ہوا خشخاش سفید
خرفہ کے بیج دھنیہ ہر ایک ساڑھے سات تولہ ساتھ شیرہ ترنجبین اور شیرخشت اور شربت
سیب اور مانند اوسکے بقدر آدھ پاؤ کم دو سیر کے گوندھین اور بعضے مزاجون کے واسطے
عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ اضافہ کیا گیا ہے **مفرح معتدل** دل کو قوت دیتی ہے اور
خفقان کو نافع ہے اور فرحت لاتی ہے اور رنگ نیک کرتی ہے اور پیاس کو
بجھاتی ہے مشک پونے دو ماشہ کافور زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ موتی بے سوراخ
عنبر اشہب درونج موسنگے کی جڑ گاوزبان اگر خام ہر ایک سات ماشہ تیج پات برنجور
فرنجمشک کے بیج بادرنجبویہ کے بیج خشخاش سفید بنفشہ گیرو ہر ایک چودہ ماشہ کھیرا کاسنی کے
بیج دھنیہ کے بیج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ افتیمون گلاب کے پھول ہر ایک پونے دو تولہ
صندل سرخ صندل سفید طباشیر ہر ایک چھ تولہ کوٹ کر چھانکر شربت سیب مین
گوندھین **مفرح دیگر** خفقان کی سب قسمون کو نافع ہے شربت فواکہ نو تولہ اگر
ہندی تین تولہ موتی بے سوراخ سونے کے ورق چاندی کے ورق ہر ایک ایکتولہ
عنبر اشہب آٹھ ماشہ فادزہر چار جزو دواؤن کا کوٹنے کی چیزین کوٹکر چھانکر عرق
بید مشک اور عرق گاوزبان مین پیسین اور شربت فواکہ مین معجون بنائین
مفرح طرب افزا فرحت اور نشاط بے انتہا پیدا کرتی ہے اور واسطے دل
اور دماغ کی قوت کی بے نظیر ہے مشک تین ماشہ چاندی کے ورق چار ماشہ
بہمن سرخ بہمن سفید کبابچینی ہر ایک چھ ماشہ خصیۃ الثعلب شقاقل مصری
چھوٹی الائچی جائفل لونگ گلاب کے پھولون کی تیی صندل سفید جاوتری عنبر
ہر ایک یکتولہ بادام چھیلے ہوے کی گری خشخاش کے بیج گلاب ہر ایک پاؤ سیر
روغن جزو اعظم یعنے روغن ورق الخیال کا جسکو ہندی مین بھنگ کہتے ہین
آدھ سیر شہد سفید ایک سیر بدستور معجون تیار کرین اور جو باہ زیادہ اور تقویت
قلب کی منظور ہو تو ہلیون کے بیج تودری زرد تودری سرخ ایک ایک تولہ اضافہ کرنا ہے

اور جو گرمی مزاج کی مانع ہو تو بعضے گرم مزاج والون کے لیے مزید فیہ دوا اونکو گھٹانا چاہیے اور طریق نکالنے روغن جزو اعظم کا یہ ہے کہ ایک بھنگ کو دہ سیر پانی اور دو سیر گای کے دودھ مین رات کو تر کرین اور صبح کو جوش دین کہ اثر بھنگ کا دودھ مین ظاہر ہو پھر صاف کر کے ڈیڑہ پاو گای کا گھی داخل کرین اور پھر ملائم آگ پر جوش دین یہان تک کہ قریب گرہ بندھنے کے پہونچے بعد اوسکے سرد مقام رکھین جسوقت اوپر آئی روغن کو کف دست سے اوٹھاتین جسطرح عطر نکالتے ہین اور طریق دوسرا کہ روغن نصف نکلتا ہے یہ ہے کہ بھنگ کو دودھ مین جوش دیز اور دودھ کو بدستور دہی کے جمائین پھر دہی کو بلوکر چھاچھ اوسکی دور کرین اور مسکہ حاصل کرین کہ وہ ہی روغن جزو اعظم ہے **مفرح دلکشا معتدل** خفقان اور ضعف دل کو دور کرتی ہے اور فرحت کامل پیدا کرتی ہے سونگے کی جڑ کہربا نرکچور درونج ہر ایک ساڑہے تین ماشہ اگر خام بہاڑ ہے چار ماشہ پوست کابلی ہڑ کا بیرون لیستہ پوست ترنج ابریشم خام کترا ہوا موتی بے سوراخ ہر ایک سات ماشہ دھنیہ خشک بنسلوچن ہر ایک ساڑہے دس ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک ساڑہے سترہ ماشہ گاوزبان شاہترہ بادرنجبویہ پانی انار کا پانی بہی کا پانی چوکے پانی زرشک کا ہر ایک تین تولہ قند سفید شربت بنفشہ ہر ایک ساڑہے سینتیس تولہ پہلے نچوڑ ساتہہ قند اور شربت کی قوام دیوین اور دوائین کو کُٹ کر چھانکر اوسمین گوندھین ●

فصل دوسری اون نسخون مین مفرح کے ہے جو معدہ اور آنتون اور جگر کو مفید ہین اور قابض اور غیر قابض ہین **مفرح** تالیف حکیم نظام الدین ملی واسطے ضعف جگر اور سوء القنیہ اور ضعف معدہ اور تنگی سانس کے معمولات اور مجربات سے والد مولف کے ہے زعفران نو ماشہ موتی بے سوراخ یاقوت لعل بدخشی کہربا سونگے کی جڑ ابریشم کترا ہوا زرشک انار دانہ بھونا ہوا زوفا ہر ایک ساڑہے چار ماشہ گاوزبان نعناع خشک بادرنجبویہ ست ملٹھی کا ناگیسر پوست بیرون پوست ترنج بیج بات اگر خام فرنجمشک حب بلسان کاسنی کے بیج ناگرموتھا عود بلسان

مصطگی رومی صندل سفید صندل سرخ بنسلوچن گل مختوم آملہ ریوند چینی سونف رومی
لاکھ دھوئی ہوئی افسنتین اسطوخودوس اجمود کے بیج گلاب کی پھولون کی تیی نرکچور
کشوث کی بیج درونج عقربی بہمن سفید بہمن سرخ خصیتہ الثعلب چھڑیلا بالچھڑ جراتیہ کمافیطوس
کوٹھ تلخ ناردین شگوفہ اذخر عصارہ غافث دونا مروا حاشا اشکاطرا خسیع سونے کے ورق
چاندی کے ورق مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک سوا دو ماشہ ساتھ تین وزن قند
سفید کے گوندھین قدر خوراک ساڑہی چار ماشہ غذا نخوداب مفرح احشا کو قوت
دیتی اور جگری اور خونی دستون کو نافع ہی زعفران آدھا جزو مونگا لعل اگر ہندی
ہر ایک ایکجزو دھنیہ خشک ڈیڑہ جزو عقیق یمنی پوست ترنج مورد کی تیی جگر کی بیج
بھونے ہوئے ریوند چینی زرشک بیدانہ خشخاش بھونی ہوئی سرطان نہری لاکھ
دھوتی ہوئی طراثیث گوند ببول کادم الاخوین ہر ایک دو جزو موتی نے سوراخ
کہربا مونگے کی جڑ ہر ایک تین جزو بہمن سرخ بہمن سفید صندل سرخ صندل سفید
بنسلوچن گل مختوم خرفہ کے بیج بھونے ہوی تخم مورد ہر ایک پانچ جزو کوٹکر چھانکر
ساتھ نبات مصری تین وزن سب دواؤن کی معجون تیار کرین مفرح معتدل
حکیم علی سے منقول ہی واسطے تقویت رحم اور حفظ جنین کے نہایت نافع ہی
یعنے بچہ کو رحم مین نگاہ رکھتی ہے ص مشک خالص سوا دو ماشہ بڑی الائچی
گیہرو کافور دھنیہ کے بیج لاجورد دھویا ہوا گیرو تج بالچھڑ ناکیسر بادرنجبویہ کے بیج عنبر اشہب
چاندی کی ورق سونے کی ورق ہر ایک ساڑہی تین ماشہ لعل بدخشی یاقوت رمانی
ہر ایک ساڑہی چار ماشہ موتی بے سوراخ مونگی کی جڑ کہربا زعفران گاوزبان مصطگی
دارچینی ابریشم خام پوست ترنج بہمن سفید چھڑیلا نرکچور کدو کے بیجون کی گری تخم
خرفہ کے بیج چھلے ہوئے فرنجمشک کی بیج بنسلوچن لکڑی کی بیج کاہو کی بیج چھلے ہوئے
ہر ایک نو ماشہ صندل سفید اگر ہندی گلاب کی پھول درونج عقربی ہر ایک ساڑہی
تیرہ ماشہ شربت جو کے کا ڈیڑہ پاو شہد دو وزن سب داون کا بدستور معجون
تیار کرین قدر خوراک سات ماشہ ساڑہی دس ماشہ تک مفرح بارد یعنی مفرح سرد

دل کو قوت دیتی ہے اور خفقان گرم اور حرارت معدہ کو نافع ہی گلاب کی پھولون کی پتی آملہ چھیلا ہوا دھنیہ خشک خرفہ کے بیج چھیلے ہوے بنسلوچن سفید صندل سفید زرشک نانے دانہ ہر ایک ساڑہے تیرہ ماشہ ابریشم کترا ہوا موتی بے سوراخ کہربا نو ماشہ چاندی کا ورق مشک ہر ایک ساڑہی چار ماشہ عنبر اشہب چار رتی کہیرہ چاول پانی میٹھے سیب کا قند سفید بقدر کفایت دیگر واسطے گرم مزاج والون کی نہایت نافع ہے اور سب طریق پر بہتر دوالمسک دریا قوتی سے ہی اور واسطے خفقان اور نبض اور نا تمیز اور بخار سوداوی سوختہ کی نہایت موثر شیخ الرئیس نے ادویہ قلبیہ مین لکھا ہے زعفران سوا دو ماشہ موتی بے سوراخ مونگے کی جڑ کہربا تخم کدر کہ ہندی مین اوسکو کیوڑہ کہتے ہین سرطان نہری جلایا ہوا ابریشم کترا ہوا ہر ایک ساڑہی چار ماشہ اگر تخم کدر بہم نہ پہونچے تو عوض اوسکے چوب کدر یعنی کیوڑہ کی لکڑی ساڑہی تیرہ ماشہ دانہ الائچی کافور پیسا ہوا دسوان حصہ اوسکا مشک چھٹا حصہ اوسکا عنبر پیسا ہوا پونے سات ماشہ اگر ہندی درونج نرکچور بہمن سفید ہر ایک سات ماشہ صندل نو ماشہ خرفہ کے بیج چھوٹی الائچی بنسلوچن ہر ایک ساڑہی دس ماشہ کاہو کے بیج چھیلے ہوے خربوزہ کے بیج کدو کے بیجون کی گری کہیرے کے بیجون کی گری ہر ایک ساڑہی سترہ ماشہ گاوزبان ایک تولہ ساڑہی دس ماشہ گلاب کی پھول دو تولہ ساتہ پانی سیب اور آب بہ اور رُب انار بقدر کفایت کی معجون بنائین اور صاحب قادری نے اس نسخہ مین تصرف کیا ہے مشک چار رتی ڈیڑہ چاول جبر ایک ماشہ تین چاول زعفران سوا دو ماشہ موتی بے سوراخ جلے ہوے کہربا سرطان نہری جلا ہوا ابریشم کترا ہوا صندل سرخ کافور ہر ایک ساڑہی چار ماشہ اگر ہندی درونج نرکچور بہمن سفید ہر ایک چھ ماشہ صندل سفید ببول بنسلوچن ہر ایک نو ماشہ کاہو کے بیج چھیلے ہوے خربوزہ کے بیجون کی گری کدو کے بیجون کی گری کہیرے ککڑی کے بیجون کی گری خرفہ کے بیج ہر ایک ساڑہی تیرہ ماشہ گاوزبان پونے سولہ ماشہ گلاب کی پھول ایک تولہ ساڑہی دس ماشہ رُب سیب کا رب انار کا رب بہی کا رب ابر وزن قند تین وزن

نسخہ صحیح نافع کی ہی اور ما قد ادویہ آدمی سو مراد سکہ جو بیماری کلسے اور نا مرض اور ہونہ تندرست ہو ۱۲

سب دواؤن کا مفرح بارد گلاب کی پھول بنسلوچن بہمن سفید گاوزبان ہر ایک ساڑہی
تین ماشہ دھنیہ خشک صندل سفید صندل سرخ موتی بے سوراخ مونگے کی جڑ کہربا
ہر ایک پونے دو ماشہ خرفہ کے بیج چھیلے ہوے کہیرے ککڑی کے بیج ہر ایک سات ماشہ
زرشک بی دانہ ساڑہے دس ماشہ چھوٹی الایچی چار رتی ڈیڑہ چاول کونکر جھانکر ترنج
مین گوندھین مفرح معتدل دل کو قوت دیتی ہی اور خفقان کو دافع ہے اور باوجود
ان فائدون کے مقوی باہ بھی ہے اور واسطے صاحبان مراقی اور توحش کی عجیب و
غریب ہی کہربا گاوزبان موتی بے سوراخ دھنیہ کی بیج چھیلے ہوی بہمن سرخ پوست ترنج
گلاب کی پھول خرفہ کے بیج چھیلے ہوے ابریشم جلا ہوا سب دوائین برابر وزن
عسل ہلیلہ مین گوندھین قدر خوراک ساڑہے چار ماشہ **مفرح یاقوتی شیخ الرئیس** له
مولف لکھتے ہین کہ فقیر نے مکرر اس مفرح کو آزمایا ہی واسطے گرم مزاج والون کی نہایت
نافع پایا ہے اور بہمہ وجوہ بہتر دواء المسلک بارد اور یاقوتی بارد سی ہے واسطے ماتھین
اور تپ دق اور خفقان گرم اور دفع بخار سوداوی سوختہ کے خیلے موثر ہی
کاہو کی بیج چھیلے ہوے خربوزہ کے بیجون کی گری میٹھے کدو کے بیجون کی گری
کہیرے ککڑی کے بیجون کی گری خرفہ کے بیج چھیلے ہوے گاوزبان ہر ایک نو ماشہ
موتی بے سوراخ مونگے کی جڑ کہربا سرطان نہری جلا ہوا ابریشم جلا ہوا ہر ایک تین ماشہ
صندل سرخ صندل سفید بنسلوچن دانہ الایچی خورد ہر ایک چھ ماشہ اگر ہندی درونج عقرب
بہمن سفید ہر ایک پانچ ماشہ گلاب کی پھول سوا تولہ زعفران ڈیڑہ ماشہ مشک خالص
ایک ماشہ عنبر اشہب ایکماشہ شربت میٹھے سیب کا شربت میٹھے انار کا شربت میٹھی
بہی کا جہاؤ کی تپی دس تولہ چاندی کے ورق سات ماشہ بدستور معجون بنائین +
مفرح شیخ ابو علی واسطے توحش سوداوی اور مالیخولیا کی سب قسمون اور
فرحت دل اور نشاط اور تقویت اعضائی رئیسہ کے نافع ہے منقول ادویہ
قلبیہ سے موتی نے سوراخ کہربا مونگے کی جڑ ہر ایک پانچ ماشہ ابریشم کترا ہوا سرطان
نہری پانچ ماشہ ڈیڑہ چاول بادرنجبویہ کے بیج ساڑہی دس ماشہ گاوزبان ساڑہی سترہ ماشہ

له شیخ الرئیس ابو علی ہے [illegible] اور وہ بیٹا عبد اللہ
بن سینا البخاری کا ہے اور باپ اسکا [illegible]
[illegible] بلخ سے [illegible] بادشاہ
اور نے بخارا سے [illegible]
نوح بن منصور [illegible]
[illegible] بخارا [illegible]
[illegible] انتقال کیا اور [illegible] بخارا [illegible] ابو علی نے
علم قرآن اور علم ادب وغیرہ [illegible]
شروع کیا علم طب جب [illegible] برس کی عمر تک
تصنیف کیا قانون اور اشارہ [illegible]
کی عمر میں سب علوم سے فارغ ہوئے اور [illegible] تصنیف
[illegible] وفات پائی [illegible]
رمضان کی پہلی تاریخ [illegible]
ہمدان میں ١٢

سونے کے ورق ایک ماشہ تین چاول فرنجمشک کے بیج بادرنجبویہ کے بیج ہر ایک ساڑھے
دس ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید اگر ہندی حجر ارمنی دھویا ہوا لاجورد دھویا ہوا مصطگی
سلیخہ دارچینی زعفران چھوٹی الائچی جائفل بڑی الائچی کبابچینی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ
افتیمون پودینے نو ماشہ اسطوخودوس ساڑھے دس ماشہ عود تر بھی یعنے زرنبی تخم ساڑھے
چار ماشہ اگر بہتر اور تخم زرنبی بہم نہ پہونچے تو زرنجور عوض اوسکے داخل کریں بقدر
نو ماشہ اور درونج رومی نو ماشہ کاسنی کے بیج ساڑھے سترہ ماشہ گگڑی کے بیج نکی گری
چودہ ماشہ ترنجبین تین تولہ گلاب کے پھول چودہ ماشہ مشک خالص نو ماشہ کافور
ساڑھے چار ماشہ عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ شربت تمر ہندی سات ماشہ [illegible]
سات ماشہ شہد سفید تین عدد سب دواؤن کا **مفرح صندلین** [illegible]
کہربا ہر ایک ساڑھے پانچ ماشہ مونگے کی جڑ ساڑھے تین ماشہ یاقوت رمانی لعل بدخشانی
سنگ یشم چاندی کے ورق سونے کے ورق زرنبی زعفران درونج مصطگی ہر ایک
ساڑھے چار ماشہ ریوند چینی مشک خالص ہر ایک سات ماشہ صندل سفید صندل
سرخ ہر ایک پونے دو تولہ کاسنی کے بیج آملہ پاک کیا ہوا دھنیہ کے بیج چھیلے ہوئے
خشخاش سفید پوست بیرون پستہ عنبر اشہب اگر قماری ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
گاوزبان گیلانی کاہو کے بیج پوست ترنج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ زرشک
بیدانہ دو تولہ چار ماشہ بنسلوچن گلاب کے پھول ہر ایک چودہ ماشہ پانی سیب کا
پانی بہی کا پانی میٹھے انار کا ہر ایک دو تولہ چار ماشہ عرق بید کا عرق گاوزبان کا گلاب
ہر ایک تین چھٹانک نبات سفید ایک سیر نبات مصری کو عرقون اور گلاب میں
قوام دیوین اور پانی سیب کا اور پانی بہی کا شامل کرین اور دوائین کوٹ کر چھان کر

فصل تیسری مفرحات مفاصلیہ و باہیہ مین ہے معجون

واسطے جوڑون کی درد اور عرق النسا اور ضعف باہ کو مفید ہے سورنجان شیرین
بوزیدان کلونجی خربوزہ کے بیج کھیرے ککڑی کے بیج جاوتری بہمن سفید بہمن
گاوزبان تودری سرخ تودری زرد تشقاقل ثعلب مصری ستاور برابر وزن کوٹ کر

دو چند مویز منقی مین گوندھین باب نوان مقیات مین ہی یعنے وہ دوائین
جو قے لانے والی ہین دو فصل پر شامل ہے فصل پہلی مقیات دمانغیہ مین
ہی مقیی واسطے لیثرغس یعنے سرسام بلغمی کے مفید ہی۔ پر ایک مرغ کا شہد
مین آلودہ کرین اور خردل یعنے رائی پیسکر ادسپر چھڑکین اور اوس پر کو حلق مین
پھیرین کہ قی بخوبی آوی دیگر مولی کے بیج تخم شبت یعنے سووہ کے بیج دونون کو پانی مین
پکائین اور صاف کرکے داخل کرین اوسمین سکنجبین پیاز جنگلی کی اور قدرے نمک ہندی
اور نوش کرین پھر پر مرغ روغن سوسن مین چرب کرکے اور سر اوسکا رائی کوٹی ہوئی
اور شہد مین آلودہ کرکے بعد اوسکے ایارج فیقرا مین آلودہ کرین اور حلق مین ڈالکر
حرکت دیوین فصل دوسری قے لانے والی دواؤنمین جو معدہ وغیرہ کی
بیماریون مین مستعمل ہین مقیی صفرا اور بلغم کو دفع کرتی ہے نمک نو ماشہ سکنجبین
عسلی پونے چار تولہ پانی مولی کا پندرہ تولہ باہم ملاکر نیمگرم نوش کرین دیگر مختلف
مواد کو جسم سے نکالتا ہی کھیری ککڑی کی بیجون کی گری سرشف یعنے سرسون ہر ایک
چودہ ماشہ نمک ہندی ساڑھے سترہ ماشہ لکڑی سووہ کی تین تولہ مولی ریزہ ریزہ
کی ہوئی چھ تولہ پونے دو سیر پانی مین پکائین کہ تہائی باقی رہی صاف کرکے نیمگرم
نوش کرین اور قے فرماتین باب دسوان اون نسخون مین ہی جو بلفظ ملح
لکھے جاتی ہین ملح سلیمانی ملح عربی مین نمک کو کہتے ہین یعنے سلیمانی نمک
واسطے تخمہ اوٹھ درد معدہ اور نفخ اور سب جوڑون کی درد اور سوای اوسکے اور
طرحکے دردون اور تیزی بینائی اور صاف کرنے رنگ اور دور کرنے مرض نسیان
اور جھائی اور چھیپ کو نافع ہے اور گردہ کو گرم کرتا ہی اور ربو کو دور کرتا ہی اور شہوت
جماع کو بڑھاتا ہی اور منی کو زیادہ کرتا ہی اور زہر کو دفع کرتا ہی اور غم کو دور کرتا ہے
اور قائم مقام تریاق کے ہے بلکہ اوس سے بھی بہتر ہے صیف اور شتا مین استعمال
کیا جاتا ہی یعنے شدت گرمی اور شدت سردی مین کھانا چاہیے نمک جید لہونے
دو سیر کو خوب بھونین پھر اوسکو کوری رکابی مین رکھکر تنور مین ڈالین یہانتک

آگ ندہ کی ٹھنڈی ہو جاوے اسکے بعد نمک ٹھنڈی نوشادر نمک درائی ہر ایک سترہ تولہ اجمود بیج چھہ تولہ
مرچ سیاہ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ مرچ سفید ساڑھے تین تولہ اذخر چار تولہ ساڑھے چار ماشہ
افتیمون بالچھڑ ہینگ زیرہ سیاہ ہر ایک پودینے دو تولہ دارچینی کاشم ملکسوم کی بیچ نکی
گری سونٹھ ملہٹی سونف رومی ہر ایک چودہ ماشہ سبکو علحدہ علحدہ کوٹین بعد وزن
کرکے ساتھ نمک مذکور کے مخلوط کرین اور سبز چینی کی رکابی یا سبز مٹی کی رکابی مین
رکھکر جَو مین دفن کرین جسقدر کہنہ ہوگا بہتر ہوگا پس واسطے تیز کرنے نگاہ کی
ایک ماشہ تین چاول نہار تناول کرین اور واسطے تقویت شہوت جماع کی
آدھی بھونی ہوئی مرغ کی انڈی مین اور واسطے ہضم اور بھونک کی ہمراہ طعام
بقدر حاجت اور واسطے دردون اور ورمون کے چاہیے کہ اول شہد محل درد پر
ملین۔ اوپر سے یہ نمک کھائین۔ اور کاشم عبارت زیرہ پہاڑی سے ہی
اگر بہم نہ پہونچے عوض اوسکے زیرہ دیسی داخل کرین حرف النون دو فصل پر
شامل ہی فصل پہلی نطول کے نسخون مین ہی نطول واسطے سرسام صفراوی کے
نافع ہی بنفشہ کے پھول تراشہ کدوی تر نیلوفر کے پھول خطمی کے پھول مکوہ خشک
جوش دیکر اور صاف کرکے نطول کرین اور اگر بیداری کا غلبہ بہت ہو تو کاہو کے
بیج پوست خشخاش اور قدرے بابونہ داخل کرین نطول واسطے اسی مقدمہ
کی اور مرض سہر یعنے زیادتی غلبہ بیداری کو نافع ہے اور سرسام گرم کو بھی مفید
ہے گلاب کی پھول بنفشہ کے پھول کاہو کے بیج بابونہ کے پھول پوست خشخاش
بقدر حاجت لیکر اور پانی مین جوش دیکر اور صاف کرکے نطول کرین اور پھوک اوسکا
لیپ کرین نطول واسطے سرسام گرم کے گلاب کی پھول نیلوفر کی پھول
کاہو کے بیج جَو چھلے ہوے ہر ایک ایکتولہ پوست خشخاش چھہ ماشہ جوش دیکر
نطول کرین نطول صاحب سکتہ کو مفید ہی دو نام واشبت یعنے سودہ ہی تخم
کی صعتر کہ ایک قسم پودینہ کی ہے اکلیل الملک بابونہ پودینہ نہری تلی چھ ماشہ سبکو برابر
وزن جوش دین اور سرپر نطول کرین نطول تشنج یبسی کو مفید ہی بنفشہ برنجاسف

نیلوفر کے پھول کاہو کی پتی بابونہ سبکو خالص پانی مین پکائین اور سر پر نطول فرمائین

فصل دوسری اون نسخون مین نطول کے سے ہے جو گردہ اور مثانہ اور اعضاء تناسل کی بیماریون کو نافع ہین نطول گردہ کی پتھری کو پارہ پارہ کرکے باہر نکالتا ہے اور پیشاب کو جاری کرتا ہے اکلیل الملک بابونہ گلاب کی پھول خشک ہر ایک تین تولہ پوست خربوزہ خشک ہنسراج کلتھی نیم کوفتہ ہر ایک ۵ تولہ اشنان ملٹھی پوست سونف کی جڑ کا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ برنجاسف بنفشہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کا کنج میتھی ہر ایک چودہ ماشہ دو قو نیلوفر کے پتے ہر ایک نو ماشہ پونے نو سیر پانی مین جوش دین کہ آدھا باقی رہی بدستور نطول کرین اور اوسمین بیٹھین جسوقت باہر نکلین تو تین قطرہ روغن عقرب کی احلیل مین ٹپکائین نطول سوزاک اور پیشاب کی جلن کو نافع ہے برگ یاسمین کوفتہ یعنے چنبیلی کی پتی کو ٹکر اور جوش دیکر بعد نیم گرم ہونے کی قضیب اوسکے اندر رکھین بقدر نیم ساعت بعد اوسکے پیشاب کرین اور تین مرتبہ تکرار اس عمل کی کرین نفع کامل بخشتا ہی اور واسطے سوزش اور تیزی پیشاب کے تربوز مین چھید کرکے اور قضیب اوسکے اندر ڈالکر پیشاب کرنا مفید ہے اور اسی طرح کدو اور ککڑی کے اندر پیشاب کرنا نافع ہے نطول واسطے درد رحم اور سختی رحم کی مفید ہے دونا مروا شیح قیصوم نمام کرنب کی بیج ہبنیاٹ السی کی بیج بابونہ اکلیل الملک پکائین اور نطول کرین اور اوسمین بیٹھین نطول حیض کو جاری کرتا ہی اور ریاح رحم کو تحلیل کرتا ہی اور مددگار حمل ہے کرنب کی پتی ریحان حفنید کے پتے یا لک بنفشہ کی پتی خطمی کی پتی یا رتنگ کی پتی تتلی کی پتی دونا مروا کنوچہ کی پتی ہنسراج مکوہ مشکطر امشیع کہ ایک قسم پودینہ کی ہے خطمی کی بیج خربوزہ کی بیج کچلے ہوی قیصوم کشوث کی بیج ہلیون کی بیج اجمود کی بیج خبازی کی بیج کوٹے ہوئے خطمی کے پھول مسور دہوئی ہوئی قنطوریون دقیق گلاب کی پھول نرگس کی پھول شبت یعنی سووہ زنبیق کے پھول جوش دیکر صاف کرین اور اوسمین آبزن فرمائین یعنی بیٹھین اور بہت نطول کرین باب دوسرا نفوخات مین ہے ایک فصل پر شامل ہے

نفوخ یعنے ناکمین پھونکنی کی دوائیہ نفوخ صاحب سکتہ کو ہوش مین لاتا ہی
جند بید ستر کالی مرچ کندش نقتلی برابر وزن کوٹکر اور چھانکر ناکمین پھوکین اور تمام
بدن کو ساتھ روغن ناردین کے کہ اوسمین فرفیون حل کی ہو چرب کرین نفوخ
صاحب فالج کو مفید ہی اور چھینک لاتا ہے کالی مرچ عاقرقرحا سونٹھ جوا کھار نوسادر
نطرون ایلوا دارچینی مشک جند بید ستر گنگی سفید دونا مروا اسکو برابر وزن کوٹکر
چھانکر ناکمین پھوکین حرف الواو وجور کے نسخون مین ہے
وجور بچون کی مرگی کو نافع ہے صعتر جند بید ستر زیرہ کرمانی برابر وزن کوٹکر اور
تین جو اوسمین سے دودھ مین گھولکر بچونکے حلق مین ٹپکائین وجور بچونکی
سانس کی بیماری کو کہ اس دیار مین ڈبہ اوسکو کہتے ہین نافع اور مجرب ہی جو
ترش مرچ ہر رسوت برابر وزن لیکر پانی مین چھوٹی چھوٹی گولیان بنائین
بقدر گول مرچ کی اور دودھ کے ساتھ دیوین وجور سب طرح کی بچون کی کھانسی کو
نافع ہے اور مجرب پھوکر مول کاکرا سینگی چھوٹی الایچی پوست ترنج جوانسہ کوٹکر چھانکر
اور شہد مین ملاکر بقدر قوت اور عمر کے دیوین وجور بچون کی بلغمی کھانسی کو نافع
ہی موٹھ چھ ماشہ چھوٹی الایچی کاکرا سینگی کوٹکر چھانکر اور شہد مین گوندھکر نگاہ رکھیں
اور وقت حاجت کے بقدر عمر بچون کے دودھ مین گھولکر دیوین حرف الیاء
تحتانی فصل پہلی یاقوتی ہای بارد مین یاقوتی بارد یاقوت سرخ یاقوت
لعل بدخشی عقیق یمنی سنگ یشم سفید موتی بے سوراخ زہر مہرہ خطائی کہربا شمعی
مونگا مونگے کی جڑ ہر ایک چھ ماشہ گلاب اور عرق بید مشک اور عرق گاوزبان
مین خوب پیسکر دھنیہ خشک گاوزبان کے پھول نو ماشہ گلاب کے پھول نیلوفر سفید
صندل سفید گلاب مین پیسا ہوا ابریشم خام کترا ہوا چھ ماشہ خرفہ کے بیج چھیلے ہوئے ایک تولہ
چھانکر پانی میٹھے انار اور پانی میٹھے سیب آدھ آدھ سیر اور عرق بید مشک اور
گلاب پاؤ سیر اور قند سفید آدھ سیر مین قوام دیوین اور چاندی کے ورق ایک تولہ سونے کے
ورق چھ ماشہ عنبر اشہب تین ماشہ اضافہ کرکے بدستور مرتب کرین یاقوتی بارد

سرخ. نورنی زعفران پونے دوماشہ کافور چاندی کی ورق فرنجمشک اگر ہندی
ساڑہی چار ماشہ بادرنجبویہ بہمن سرخ بہمن سفید درونج ابریشم خام پوست بیرون پستہ
ساتماشہ صندل سفید موتی بے سوراخ کہربا ہر ایک ساڑہی دس ماشہ تخم خرفہ
ن کی گری دھنیہ خشک عصارۂ زرشک گیرو شیرہ آملہ گاؤزبان ہر ایک ساڑہی
ماشہ خشخاش کی بیج سفید طباشیر گلاب کی پھول ہر ایک تین تولہ چاندی کی ورق
ماشہ مشک یکماشہ عنبر اشہب دوماشہ شربت سیب کا ایک وزن قند سفید دو وزن
داخل کرکی بدستور مرتب کرین **فصل دوسری یاقوتی ہای معتدل مین ہے**

یاقوتی یاقوت سرخ یاقوت زرد یاقوت نیلا یاقوت سفید ہر ایک ساڑہی چار ماشہ
لعل بدخشی فیروزہ ہر ایک چار ماشہ زمرد دوماشہ عقیق یمنی ساڑہی چار ماشہ سنگ یشم
سبز چار ماشہ سنگ یشم سفید سوادوماشہ موتی بی سوراخ کہربا شمعی لاجورد دھویا ہوا ہر ایک
سوادوماشہ فرنجمشک ساڑہی چار ماشہ ابریشم کترا ہوا لونگ کی تیی ہر ایک چار ماشہ پوست
بیرون ساڑہی چار ماشہ آملہ گٹھلی سے پاک کیا ہوا پوست کابلی ہڑ کا بادرنجبویہ بہیڑہ ہر ایک
پونے نوماشہ نیلوفر کی بھول صندل سفید گلاب کی پھول لونگ ہیپل دارچینی ہر ایک
چار ماشہ گاؤزبان گیلانی بہمن سات ماشہ عصارۂ زرشک ساڑہی تیرہ ماشہ اگر قماری
ساڑہی چار ماشہ پوست ترنج ساڑہی چار ماشہ درونج عقربی گل مختوم ہر ایک ساڑہی چار ماشہ
گیرو سوادوماشہ طباشیر سفید چھ ماشہ عنبر اشہب دارچینی کے پھول ہر ایک
ساڑہی چار ماشہ مشک ترکی ڈیڑہ ماشہ کافور پانچ رتی بڑی الایچی چار ماشہ سونے کی ورق
باتبہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک ساڑہی چار ماشہ شربت میٹھی سیب کا
میٹھی بہی کا پانی کھٹی ترنج کا آدھ پاؤ عرق بیدمشک کا گلاب ہر ایک آدھ سیر
قوام مرتب کرین **یاقوتی معتدل** نسخہ دیگر معمول یاقوت سرخ آٹھ ماشہ
ے سوراخ چھ ماشہ کہربای شمعی تین ماشہ گاؤزبان کی پھول بادرنجبویہ دھنیہ
بلے ہوے ہر ایک یکتولہ میٹھے کدو کے بیجون کی گری تربوز کے بیجون کی
ایک دو تولہ طباشیر سفید دانہ الایچی سفید ہر ایک یکتولہ ابریشم کترا ہوا چھ ماشہ

بہمن سفید ہر ایک یکتولہ خرفہ کے بیج دو تولہ لاجورد دھویا ہوا آٹھ ماشہ صندل سفید یکتولہ عنبر اشہب چار ماشہ زعفران چار رتی مشک خالص سونے کے ورق ہر ایک دو ماشہ چاندی کے ورق چھ ماشہ شربت فواکہ دس تولہ شربت سیب کا آٹھ تولہ نبات سفید آدھ پاو عرق بید مشک کا پاو سیر عرق شاہترہ کا پاو سیر بدستور قوام دیکر بنائیں قوتی واسطے مواد سوداویہ اور ریاح بواسیر اور دور کرنے قبض شکم اور تقویت اعضاء رئیسہ کی مجرم ہی موتی بیسوراخ مونگے کی ابار شمعی ہر ایک نو ماشہ گاوزبان کے پھول آلہ اگنام کاسنی کے بیج صندل سفید نرکچور ہر ایک چھ ماشہ خشخاش سفید گیرو گل مختوم درونج عقربی چھ ماشہ خشخاش کے بیج ترنجبین بالنگو ہر ایک چھ ماشہ ابریشم کترا ہوا ایک تولہ شربت سیب کا شربت عرق بید مشک کا اور گلاب ہر ایک ساڑھے سات تولہ ایک پاو قند سفید پاو سیر بدستور معجون تیار کریں یاقوتی دل کو طاقت بخشتی پیدا کرتی ہے اور خفقان اور سوء فکر کو دور کرتی ہے اور سوزش اور حرارت دل کو بجھاتی ہے اور بھونک غذا کی پیدا کرتی ہے اور رنگ چہرہ کا نکھارتی بیسوراخ مونگے کی جڑ اگر عرقی گاوزبان ہر ایک ایک ماشہ کہربا پانچ ماشہ صندل سفید تبہلو بہمن سفید ہر ایک آٹھ ماشہ برگ فرنجمشک افتیمون پھول ہر ایک چھ ماشہ کاسنی کے بیج دھنیہ کے بیج چھلے ہوئے ہر ایک بارہ نرکچور فرنجمشک کے بیج بادرنجبویہ کے بیج خشخاش کے بیج سفید گیرو بنفشہ کے پھول چار ماشہ درونج عقربی زعفران عنبر اشہب ہر ایک دو ماشہ مشک چار رتی کافور ایک ماشہ دواؤں کو برابر وزن کو ٹکر چھانکر شربت بہی شیرین میں گوندھیں اور

تمام شد

جو کافور قیصوری اوسمیں اضافہ فرمائیں تو نہایت بہتر ہوگا

المنۃ للہ تعالے کہ نسخہ جاندار یعنی قرابادین ذکائی اردو ماہ صفر سنہ ١٢٩٩ ہجری موافق مئی ۱۸۸۲ء میں اختتام کو پہونچا اور مطبع نامی و مشہور جناب منشی نولکشور صاحب سلمہ الواہب میں بحسن وجہ چھپا

سفینۂ مکنون
وماشنہ
سفینہ
تی
نیہ
کہ
[illegible]
کافور
اور
شد
موافق
ب